سہ ماہی

ادبیات

اسلام آباد

امرتا پریتم نمبر

1919-2005

سہ ماہی ادبیات

شمارہ 85/86، اکتوبر 2009 تا مارچ 2010

مدیر اعلیٰ

فخر زمان

مدیر منتظم

ڈاکٹر راشد حمید

مدیر

محمد عاصم بٹ

اکادمی ادبیات پاکستان

ایچ ۸/۱، پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد

ضروری گزارشات

☆ مجلے میں غیر مطبوعہ تحریریں شامل کی جاتی ہیں جن کی اشاعت پر شکریے کے ساتھ اعزازیہ بھی اہلِ قلم کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

☆ شاملِ اشاعت نگارشات کے نفسِ مضمون کی تمام تر ذمہ داری لکھنے والوں پر ہے۔ ان کی آراء کو اکادمی ادبیات پاکستان کی آراء نہ سمجھا جائے۔

☆ نگارشات ان پیج فارمیٹ میں بذریعہ ای میل بھی بھیجی جا سکتی ہیں۔

قیمت

قیمت موجودہ شمارہ: 300 روپے

قیمت فی شمارہ: -/100 روپے (اندرون ملک)، -/40 امریکی ڈالر (بیرون ملک)

سالانہ (۴ شماروں کے لئے): 400 روپے (اندرون ملک)، 160 امریکی ڈالر (بیرون ملک)

(رسالہ اندرون ملک بذریعہ رجسٹری اور بیرون ملک بذریعہ ہوائی ڈاک بھیجا جاتا ہے۔ ڈاک خرچ ادارہ ادا کرے گا۔)

طباعت: طارق شاہد 051 9250585

سرکولیشن: مسعود اقبال 051 9250578

مطبع: ماریہ پرنٹرز، راولپنڈی

اشاعت دوم: مارچ 2010ء

ناشر: اکادمی ادبیات پاکستان، H-8/1، اسلام آباد۔

رابطہ: مدیر اعلیٰ: 0519250570، مدیر منتظم: 051 9250572، مدیر: 051 9250342

E-mail: academy@apollo.net.pk

حرف چند

امرتا پریتم برصغیر کی ان معدودے چند اہل قلم میں سے ایک ہیں جنہوں نے عالمی سطح پر شہرت حاصل کی۔ پنجابی زبان وادب میں امرتا پریتم کا نام نہایت احترام سے لیا جاتا ہے اور وہ بلاشبہ پنجابی کی سب سے معروف ادیبہ قرار دی جاسکتی ہیں۔ ان کی تحریریں دنیا کی بڑی زبانوں میں ترجمہ ہو چکی ہیں' اور ان کے فکر و فن کے اثرات ان کے بعد کی نسلوں میں بھی اپنی جگہ بنا چکے ہیں۔

پنجاب کی دیہی زندگی' اور خاص طور پر ایک عورت کی نظر سے اس منظر نامے کی عکاسی جیسی امرتا پریتم کے ہاں موجود ہے اس کی مثال پنجابی ادب میں کہیں اور نہیں ملتی۔ عورتوں کی سماجی حالت، زار کا بیان ہو، سماج کے کم تر طبقات کے حقوق کی پامالی کی داستان، یا خود اپنی ہڈ بیتی، امرتا پریتم کی تحریر کی بے باکی اور جرات اظہار پڑھنے والے کو اپنی شدت کا اسیر کر لیتی ہے۔ اپنی نظم "آکھاں وارث شاہ نوں" سے ہندوستان اور پاکستان بھر میں شہرت حاصل کرنے والی اس شاعرہ نے ناول اور افسانہ کے میدان میں بھی اپنی فنی عظمت کی گواہی لی اور بطور براڈ کاسٹر اور مدیرہ بھی ان کی خدمات لائق تحسین ہیں۔

"ادبیات" کے موجودہ شمارے میں ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ امرتا پریتم کی شخصیت اور فن کے مختلف گوشوں پر جامع بات کی جائے۔ ہم امروز' احمد سلیم' افضل توصیف، ڈاکٹر سندر سنگھ نور، ڈاکٹر رویل سنگھ اور ڈاکٹر امیہ کنور کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس خصوصی شمارے کی تکمیل میں ہماری معاونت کی۔

امید ہے یہ شمارہ آپ کو پسند آئے گا۔

فخر زمان

آئندہ خصوصی شمارے

درج ذیل موضوعات پر سہ ماہی 'ادبیات' کے آئندہ خصوصی شمارے ترتیب دیے جا رہے ہیں:

- جوش ملیح آبادی نمبر
- پرواسی ادب (بیرون ملک آباد پاکستانی اہل قلم) نمبر
- ن م راشد نمبر
- سعادت حسن منٹو نمبر
- عالمی مزاحمتی ادب نمبر
- غنی خان نمبر
- سوبھو گیان چندانی نمبر
- مجید امجد نمبر

فہرست

امرتا پریتم تاریخ ساز شخصیت	فخر زمان	13

چانن دی پھلکاری

(اردو مضامین)

احمد سلیم	امرتا پریتم، امروز۔۔۔ میں اور نانک مل کے روئے	21
اظہر جاوید	ایک بے چین روح	33
اعزاز احمد آذر	امرتا پریتم۔۔۔ ایک سچی عورت	38
افضال شاہد	امرتا پریتم	44
افضل توصیف	امروز جی۔۔۔۔۔۔	47
ایم خالد فیاض	امرتا کے چند نسوانی کردار	57
پرتو روہیلہ	ایک شام امرتا پریتم کے ساتھ	65
تنویر ظہور	پھولوں کے درمیان امرتا پریتم سے ملاقات	68
حسن عباس رضا	عمر بھر ایک ملاقات چلی جاتی ہے	74
حمید اختر	ساحر اور امرتا پریتم	81
خالد فتح محمد	'ایک لڑکی ایک جام' کا مطالعہ	87
ڈاکٹر سلیم اختر	حقیقت سے حقیقت تک کا سفر	91
رفعت ناہید	امرتا کا سولھواں سال: ایک چور	100
زاہد حسن	زندگی پروف کی غلطیوں سے بھری ہے	103
سلیم پاشا	محبت کی اسیر۔۔۔ امرتا	107
شاہدہ دلاور شاہ	امرتا۔۔۔ ایک تاریخ	113

شبنم شکیل	امرتا پریتم کی زندگی کے رس میں ڈوبی ہوئی باتیں	126
شبہ طراز	امرتا پریتم۔۔۔بس ایک ہاتھ کے فاصلے پر	132
شمع خالد	امرتا پریتم	139
صفرا صدف، ڈاکٹر	تخیل کو وجود بنانے والی ساحرہ	144
صوفیہ بیدار	پریت کی شہزادی	164
طاہرہ اقبال	امرتا پریتم۔۔محبت کا غنائی استعارہ	167
ظفر اقبال	امرتا پریتم ایک زندہ لیجنڈ	171
فرزند علی	ایک ملاقات	175
قاضی جاوید	امروز	178
گوپی چند نارنگ، ڈاکٹر	امرتا پریتم	189
محمد منشا یاد	امرتا پریتم کی یاد میں	190
نبیلہ کیانی	امرتا پریتم	196
نسرین انجم بھٹی	امرتا پریتم مجھے کہاں ملی؟	199

(پنجابی مضامین)

احمد سلیم	درد وچھوڑے دا حال	202
افضل توصیف	میرا تیرا کیہ رشتہ؟	208
امیا کنور، ڈاکٹر	نیاز بوجھی شخصیت	214
بلوندر کور دھیر، ڈاکٹر	امرتا پریتم دی کاوسویدنا	220
پال کور	رسیدی ٹکٹ دا لکھن جگت	226
تمارا کھوجا نیوا	امرتا پریتم وار چنا تمک راہ	233
تمارا کھوجا نیوا	ناول کار امرتا پریتم	251
جسبیر بھلر	تڑکے گھڑے دا پانی	283
جسونت دید	چوچی دس دے جوگی	289
حسین شاد	درد کتھا	298
دیوندر	میں کنا جاندا ہاں	306
دیوندر سنگھ دھالیوال، ڈاکٹر	امرتا پریتم دا پنجابی ناول وچ ستھان	311

سمندر سنگھ نور، ڈاکٹر	امرتا پریتم دا کاوشاستر	315
سجاد حیدر	جان پہچان	326
سدرشن گاسو، ڈاکٹر	وشو بھائی چارے اتے سد بھاونا دی شاعری	336
سرب جیت سنگھ، ڈاکٹر	امرتا پریتم کاوی دے کاوشاستری نکتے	345
سرجیت سنگھ کنجاہی، ڈاکٹر	ناری دی آواز۔۔۔امرتا پریتم	354
سرندر سنگھ کوہلی، ڈاکٹر	امرتا پریتم- 141 کوتاواں	358
سریندر شرما	امرتا پریتم نوں ست سوال	368
فرخندہ لودھی	وجوگ	375
کرانتی پال	امرتا پریتم پنجابی ساہت دا مان	377
کرن دیپ سنگھ کرن، ڈاکٹر	امرتا پریتم نوں پرت ماناں دی سرجک	381
موہن جیت	گیت اکھراں دالی ورن مالا	386

چانن دیاں چھناں

(اردو نظمیں)

احمد لطیف	کون کہے اب وارث شاہ کو	395
افضل احسن رندھاوا	امرتا پریتم کے نام ایک خط	396
دل نواز دل	امرتا پریتم کو یاد کرنے کی بھول	398
زبیر کنجاہی	امرتا پریتم	400
سلطان کھاروی	تیرا نام امر	401
شفیق احمد خان	امرتا پریتم کے لیے	402
عامر سہیل	نذر امرتا پریتم	403
نذیر قیصر	چانن دی پھلکاری	405
نذیر قیصر	امرتا پریتم کے نام	406

(پنجابی نظمیں)

آغا علی مزمل	امرتا پریتم جی دے نال	408

افتخار نسیم	امرتا پریتم واسطے	409
امریک سنگھ	امرتا پریتم	411
امیا کنور، ڈاکٹر	ہیر روح تے رانجھا قلبوت جانیو	413
انوپ ورک	امرتا پریتم دے مان	415
انیل سوہرا، ڈاکٹر	پرنام	417
اوتار جیت	امرتا دے ناں	419
اوم کار سود بھونا	امر۔امرتا	420
امیر اکلی آباشی دلیش	شاعری دیاں لاناں	423
ایم اے رانا	امرتا پریتم	425
بلوندر سنگھ سندھا	امرتا پریتم	427
پال کور	بال امرتا	429
پرمندر جیت	ممتا تے آسیس دا چہرہ۔امرتا پریتم	432
ترلوچن میر	چانن	436
جگ پال	اک شردھانجلی۔۔امرتا پریتم	438
جمیل احمد پال	امرتا پریتم لئی اک نظم	441
دیوراج	توں دسیا.....	443
دیونت	اک صدی اک ندی	445
رجندر سنگھ بھٹی	اٹھ دنیا دے مالکا	447
رخشندہ نوید	ہجراں دی ماری	450
رمیش کمار	دھی وارث دی۔امرتا پریتم	452
سرجیت پاتر	شاعرانہ روح	456
سردول سنگھ اجالا	غزل	458
سریندر کور	ساحر دے جان پچھوں	460
سلیم پاشا	تیرے ناں	462
شائستہ نزہت	اج یاد پیا کوئی آوے	463
صوفیہ بیدار	امرتا لئی	466
ظفر اقبال	تو موئیوں۔۔۔۔	467

ظفر اقبال	لیجیے وارث شاہ اک ہور	468
"	کوئی ویلی ودھا ہے	469
"	اسیں دونویں	470
"	ایس طرح نہیں جاوی دا	471
"	تیری اک بلا ہنگ	472
گربخش سینی	کوتا	473
لکھوندر باجوہ	یک بیت گئے	475
مجنیت کورانبالوی	دیہوں صدی دی لو،	477
من موہن سنگھ راؤ	اک وہ صدی داؤ گو چا امرتا پریتم	481
موہندر کمار مودگل	امرتا نوں	485
موہن جیت	امرتا	487
نائب سنگھ منڈیر	امرتا دے ناں	490
نرمل سنگھ، ڈاکٹر	ستویں دھی	492
نسرین انجم بھٹی	امر کہانی	495
ہربھجن سنگھ رینو	توں بات پائی	497
ہرنیک سنگھ کلیر، ڈاکٹر	غزل	502

فیر تیہنوں یاد کیتا

امروز	امرتا نئی لکھیاں نظماں	505
امروز	تن دن ۔۔ تن کال	522
امروز	دُھپ رنگی	527

کتاب عشق

انتخاب نظم

گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ و انتخاب: احمد سلیم 535

میں جمع تو (ساحر اور امروز کے حوالے سے چند نظمیں)

آکھاں وارث شاہ نوں، امرتا پریتم،	لپی انتر: افضل ساحر، منیر گجر، طاہر سندھو	600
تڑکے گھڑے دا پانی، رب خیر کرے،		
وے پردیسیا، توں نہیں آیا، سفر، اک خط،		
محبت، عمر دی رات، ناگ منی، پنجواں چراغ،		
کفر، بُرکی، انب دا بوٹا، عرض، عشق،		
اک ٹوٹا دھپ دا، دیکھ کبیرا رویا، لفظ، بستی،		
آتم ملن، میرا پتہ، فیملی فوٹو گراف، سٹل لائف،		
امروز چتر کار، وقت، میرے اجنبی دا اک یار،		
پنجویں اداسی، نی مائے،		
او میرے دوست میرے اجنبی، سورج، بلی،		
شکوہ، دوستو،		

انتخاب نثر

کہانیاں
(گورمکھی سے شاہ مکھی میں منتقلی)

آڑوواں تے جامنواں دے راکھے	لپی انتر: جمیل احمد پال	645
کرماں والی	لپی انتر: جمیل احمد پال	652
اک نمبر دا فرق	لپی انتر: جمیل احمد پال	658
پہرا بکی	لپی انتر: افضل راز	[illegible]
بھابھی مورتی	لپی انتر: افضل راز	673
تیاہ دے پڑ دے	لپی انتر: ڈاکٹر شائستہ نزہت	679
اک شہر دی موت	لپی انتر: ڈاکٹر شائستہ نزہت	684
نہ جانے لون رنگ دے	لپی انتر: ڈاکٹر شائستہ نزہت	692
اک زمال اک پچھاپ تے پچھانی	لپی انتر: قمر الزمان	700
انب دلو	لپی انتر: فیصل مقصود	712

(اردو زبان میں ترجمہ)

؟	ترجمہ: میر تنہا یوسفی	720
کہانی در کہانی	ترجمہ: زاہد حسن	728
لینی کا سفر	ترجمہ: قمر الزمان	732
تہہ خانہ	ترجمہ: احمد اعجاز	743
جنگلی بوٹی	ترجمہ: خورشید قائم خانی	749
پانچ برس لمبی سڑک	ترجمہ: خورشید قائم خانی	758
متزا	ترجمہ: علی یاسر	767
سفید دھوتی زری کا کفن	ترجمہ: علی یاسر	770
اجنبی اندھیرا	ترجمہ: حمزہ حسن شیخ	772
مرکی طرف بلا کی	ترجمہ: الیاس بابر	777
ترشول	ترجمہ: الیاس بابر	783

ناول

پنجر	(گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ) قمر الزمان	788

مضامین

جہنم کی آگ		873
لہو ہورو ہیرو ہے	لپی اختر: جمیل احمد پال	876
ہم سب غدار ہیں	گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ احمد سلیم	879
مصور امروز کا فن اور شخصیت	گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ: احمد سلیم	881
سیاہ حاشیہ	ہندی سے اردو زبان میں ترجمہ شبنم شکیل	888
گرہن کتھا	پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: ازہر منیر	891
امروز	پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ علی یاسر	898

خطوط

امرتا پریتم بنام مظہر الاسلام / احمد سلیم		903

نئی جلدیں میریئے

بلونت گارگی	امرت کور سے امرتا پریتم تک	913

احمد سلیم (گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ و انتخاب)	سرخ دھاگے کا رشتہ	926
زاہد حسن	حدیث درد	940

اک ملاقات

آصف فرخی	کتاب عشق کا اگلا ورق	943
سمرا چوہدری / شبنم شکیل	حدیث دل	954

انگریزی تحریریں

Khushwant Singh	Amrita Pritam: Queen of Punjabi Literature
Kartar Singh Duggal	Virgin (English translation of Amrita Pritam's poem)
Ajeet Cour	An Era Vanishes
Fakhar Zaman	Amrita Pritam: A Great Wordsmith ■ Punjab's Literary History
Dr. Fatima Huassain	Amrita Pritam: The Dayen of Punjabi Literature
Hamza Hassan Sheikh	Amrita Pritam: A woman or Aphrodite
Hamza Hassan Sheikh	Amrita Pritam (english translation of Amrita Pritam's poem)
Hamza Hassan Sheikh	You Did'nt Come (english translation ■ Amrita Pritam's poem)

فخر زمان

امرتا پریتم ۔۔۔۔تاریخ ساز شخصیّت

جب میں کالج میں پڑھتا تھا اور پنجابی ادب پڑھنا شروع کیا تو امرتا پریتم کی شاعری کی کتاب ''نویں رُت'' مجھے بہت اچھی لگی۔ دراصل مجھے اس سے انسپریشن ہوئی کہ اپنی ماں بولی میں لکھنا چاہیے۔ اس سے پہلے میں نے پنجابی کے چند صوفی شعراء کو پڑھا ہوا تھا۔ امرتا پریتم کی شاعری نے مجھے بہت متاثر کیا بعد میں نے ان کی بہت سی تحریریں پڑھیں۔ یونیورسٹی کے بعد میں تعلیم کے لیے ملک سے باہر چلا گیا اور جب واپس آیا تو پنجابی کی طرف رجوع کیا۔ اردو اور انگریزی میں تو پہلے ہی لکھتا تھا۔ لیکن اب پنجابی میں بھی لکھنا شروع کیا۔ پہلے پنجابی ریڈیو ڈرامے لکھے' پھر پنجابی میں شاعری شروع کی۔ میری پہلی کتاب ''کنسو دیلے دی'' 1972 میں شائع ہوئی۔ میں نے یہ کتاب امرتا پریتم کو بھیجی۔

جب انڈیا ٹیلی ویژن ''دوردرشن'' پاکستان میں بھی دکھائی دینا شروع ہوا اور انہوں نے بھارتی فلمیں دکھانا شروع کیں تو ہمارے ہاں بھارتی چینل دیکھنے کا اس قدر شوق تھا کہ لوگ گھروں کے اُوپر بڑے بڑے اونچے اینٹینے لگا کر ان پر سلور کی تھالیاں باندھ باندھ کر انڈین چینل کو پکڑنے کی کوشش کرتے تھے۔ دُوردرشن سے نشر ہونے والا پنجابی ادبی پروگرام ''درپن'' جو امرتا پریتم پیش کرتی تھیں' میں بڑی دلچسپی سے دیکھتا تھا۔ ایک شام امرتا پریتم نے میری کتاب ''کنسو دیلے دی'' کی شاعری پر بات شروع کی۔ اور کہا ''یہ بہت اچھی شاعری ہے۔ یہ نظمیں بالکل نئے شعور اور نئے احساس Sensibility کی ہیں۔ اور اب تک ہونے والی شاعری کو ایک نیا ٹرینڈ اور ایک نئی شکل دی ہے۔ اس میں جدیدیت ہے۔ بہت گہری ایمائیت اور سمبولزم ہے۔' انہوں نے مجھے ٹیلی ویژن پروگرام کے ذریعے مبارک باد دی۔

میں نے انہیں خط لکھا اور شکریہ ادا کیا اور کہا ''میرا حوصلہ بہت بڑھا ہے کہ اتنی بڑی شاعرہ اور ادیبہ نے میری شاعری کو اتنا پسند کیا ہے کہ ٹیلی ویژن میں آ کر اس کا خصوصی ذکر کیا ہے''۔ میرے خط کے جواب میں

امرتا جی نے لکھا'' مجھے تمہاری کتاب ملی میں نے پڑھی اور مجھے بہت پسند آئی۔ جو چیز مجھے پسند آئے تو میں اس پر کھل کر اظہار کرتی ہوں''۔

اس کے بعد میری پنجابی شاعری کی دوسری کتاب ''ونگار'' شائع ہوئی پھر میرا ناول ''ست گواچے لوگ'' ہندوستان گیا تو اس کی چرچا میں شامل ڈاکٹر ہربھجن سنگھ' ڈاکٹر عطر سنگھ ایسے سکہ بند نقاد شامل تھے جنہوں نے لکھا کہ ''ست گواچے لوگ'' نے ہماری ناول کی روایت کو بدل دیا ہے۔ اب جو ناول لکھے جائیں گے وہ سب اس ناول کو سامنے رکھ کر لکھے جائیں گے کیوں کہ اس ناول نے ایک نیا موڑ دیا ہے۔ ''ست گواچے لوگ'' امرتا پریتم کو بھی اس قدر پسند آیا کہ انہوں نے ٹی وی پر اس کا بہت ذکر کیا۔ اس کے بارے میں آرٹیکل لکھے۔ پھر میرا دوسرا ناول ''اک مرے بندے دی کہانی'' پھر ''بندی وان'' اور پھر ''بے وطنا'' انہیں بھیجا۔ اس دور میں ہندوستان میں آمد و رفت بند ہوگئی۔ صرف خط و کتابت جاری تھی۔ ڈاک پر سنسر تھا۔ میری کتابوں پر ضیاء حکومت نے ''بین'' لگا رکھا تھا۔

اس لیے جب میں ملک سے باہر ہوتا تو امرتا پریتم کو خط لکھتا اور ٹیلی فون پر ملاقات ہوتی تو وہ بڑی خوشی کا اظہار کرتیں۔ مجھے امرتا پریتم کی تمام تحریریں پڑھنے کے بعد ان کے متعلق پوری جانکاری حاصل ہوگئی۔ خاص طور پر 1976 میں شائع ہونے والی ان کی خودنوشت سوانح عمری ''رسیدی ٹکٹ'' اور پھر 1977 میں سوانح عمری کا دوسرا حصہ ''میں جمع توں''۔

''رسیدی ٹکٹ'' نے ادبی حلقوں میں ہلچل مچادی۔ بہت سارے لوگوں نے اعتراض کیا کہ انہیں بعض باتیں نہیں لکھنا چاہیے تھیں۔ میں سمجھتا ہوں ایسی کوئی بات نہیں۔ دراصل ان کے ہاں منافقت نہیں۔ وہ ہر بات سیدھے پیرائے میں کر دیتی ہیں۔ اپنے دوستوں کے بارے میں' اپنی زندگی کے بارے میں' ادب کے حوالے سے اپنے نظریات کے حوالے سے کسی ڈپلومیسی کے تحت کچھ بھی چھپایا نہیں۔ میں سمجھتا ہوں سچے فنکار کو ایسے ہی بات کرنی چاہیے۔

1947 میں ہندوستان کی تقسیم پر فرقہ وارانہ فسادات میں قتل و غارت گری ہوئی' اس پر امرتا پریتم کو ان کی نظم ''اج آکھاں وارث شاہ نوں کتوں قبراں وچوں بول'' نے پنجابی شاعری میں امر کر دیا۔ پھر 1956 میں ان کی پنجابی شاعری کی کتاب ''سنہیڑے'' پر ساہت اکیڈمی ایوارڈ دیا گیا اور پھر 1969 میں انہیں پدم شری کا ٹائٹل دیا گیا۔ 1973 میں انہیں دہلی یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری دی

گئی۔ امرتا پریتم ورلڈ پیس کانگریس 1973 کے موقع پر ماسکو گئیں۔ اس سے پہلے 1961 میں وہ ماسکو کے رائٹر یونین کی دعوت پر تاشقند' تاجکستان' ازبکستان اور 1966 میں بلغاریہ اور 1967 میں حکومت نے انہیں ماسکو میں ثقافتی تبادلے کے سلسلے میں یوگوسلاویہ ہنگری اور رومانیہ بھیجا تھا۔

اس سب کی تفصیل انہوں نے ''رسیدی ٹکٹ'' میں درج کردی ہے لیکن 1980 میں بلغاریہ میں ملنے والا ایوارڈ بہت ہی اہم تھا۔ 1979 میں بلغاریہ نے اپنے انقلابی شاعر نکولا وانچسا روف کے نام پر پہلی بار ایوارڈ دینا شروع کیا اور دنیا میں روس' امریکہ' اٹلی' پولینڈ اور ہندوستان کے پانچ ادیبوں کو یہ ایوارڈ دینے کے لیے منتخب کیا۔ تو ہندوستان سے صرف ''امرتا پریتم'' کا نام سامنے آیا۔

16 اکتوبر 1980 کو باقاعدہ ایک تقریب میں امرتا پریتم کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔ ایوارڈ کمیٹی کے صدر پنچودان چیف نے اپنی تقریر میں کہا۔ ہم بلغارین ادیب اور سب لوگ خوش ہیں کہ ہندوستان کی ممتاز اور مشہور ادیبہ اور شاعرہ ہماری دوست ہے۔ ہم اپنے ملک بلغاریہ میں امرتا پریتم کی تحریروں کو شائع کرتے ہیں اور پیار کرتے ہیں کیوں کہ امرتا پریتم کی شاعری سماجی شعور اور انسانی بہتری کے لیے جدوجہد کو تسلیم کرتی ہے۔

امرتا پریتم کو آزادی کا نشان (پیتل کا ایک زخمی پرندہ جس کے دونوں پر آسمان کی طرف پھیلے ہوئے ہیں) اور ایوارڈ کی آدھی رقم 1300 ڈالر نقدی کی صورت میں دیا گیا۔ امرتا پریتم کو یہ اعزاز انٹرنیشنل صوفیہ میٹنگ آف رائٹرز میں شامل ہونے کے لیے دیا گیا تھا۔ اس تقریب میں 22 ملکوں کے ادیبوں نے حصہ لیا۔

1983 میں امرتا پریتم کو وشو بھارتی یونیورسٹی اور جبلپور یونیورسٹی نے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگریاں دیں۔ 1986 میں امرتا پریتم راجیہ سبھا کے لیے نامزد ہوئیں۔ یہ 1987 کی بات ہے۔ میں ملک سے باہر بالینڈ میں تھا۔ مجھے پنجابی کی نامور فکشن رائٹر اجیت کور نے دہلی میں ہونے والی دو روزہ ''پنجابی کہانی کانفرنس'' کے لیے دعوت دی۔ میں دہلی پہنچا۔ کانفرنس کے بعد امرتا جی کو فون پر بتایا کہ میں دہلی میں ہوں۔ انہوں نے کہا 'فوراً سیدھے میرے گھر چلے آؤ'۔ میں K-25 حوض خاص ان کے گھر پہنچا اور تین دن اور تین راتیں وہاں گزاریں۔ وہ لمحے میری زندگی کے سنہری لمحات میں شامل ہیں۔ امرتا پریتم سے مختلف حوالوں سے ادب سیاست اور تصوف پر گفتگو ہوئی۔ پنجابی زبان ادب اور ادیبوں کے بارے میں۔ ہندو پاک تعلقات کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا۔ انہیں پاکستان میں فوجی ڈکٹیٹر جنرل ضیاء کے دور میں میری پنجابی کتابوں پر پابندی کا علم تھا۔ جب میں نے انہیں اپنے ناول ''بندی وان'' کی ڈرامائی تشکیل کی ویڈیو دیکھنے کے لیے کہا تو

انہوں نے حیرانی سے پوچھا کہ کتابوں پر پابندی کے باوجود آپ نے اس ناول کو ڈرامے کے رُوپ میں کیسے پیش کیا۔ میں نے انہیں بتایا کہ جب ضیاء الحق نے چادر اور چار دیواری کا احترام کرتے ہوئے چار دیواری کے اندر ادبی ثقافتی اور سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دی اور ہم نے پہلی عالمی پنجابی کانفرنس لاہور 1986 کے موقع پر یہ ڈرامہ گھر کی چار دیواری میں دکھایا تو ایک دوست نے اس ڈرامے کی ویڈیو ریکارڈنگ کر لی۔ یہ ریکارڈنگ گھریلو ویڈیو کیمرے سے کی گئی تھی، اس لیے تکنیکی اعتبار سے کمزور ہے بہر حال ایک دستاویز تو ہے۔

امرتا پریتم نے کہا میں نے ناول ''بندی وان'' پڑھا ہے لہٰذا میں جان سکتی ہوں کہ اس ناول کی ڈرامائی تشکیل کتنے دل گردے والے شخص نے کی ہوگی۔ میری آنکھوں کے سامنے ناول کا ایک ایک کردار درد کی چبھن بن کر آنکھوں سے بہتا گیا۔ ڈرامائی تشکیل ممتاز ادیب احمد سلیم نے کی تھی۔

امرتا پریتم نے ''بندی وان'' کی ڈرامائی تشکیل کی ویڈیو دیکھی تو میں نے محسوس کیا کہ وہ خاصی اُداس ہوگئی تھیں۔

اُردو ادیبوں نے دوسرے دن ''قلم زار'' تنظیم کی طرف سے مجھے استقبالیہ دیا جہاں اُردو کے ادیب قمر رئیس کی صدارت تھی اور مہمانِ خصوصی کے لیے امرتا پریتم سے کہا گیا تھا۔ امرتا پریتم عام طور پر گھر سے نہیں نکلتی تھیں۔ اور ادبی تقریب میں تو وہ بالکل نہیں جاتی تھیں۔ لیکن انہوں نے مہربانی کی کہ مہمانِ خصوصی بننے پر رضامند ہوئیں بلکہ انہوں نے اس تقریب میں میری شاعری اور ناولوں خاص طور پر ''بندی وان'' کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا۔ ''فخر زمان اپنے ناول ''بندی وان'' میں زیڈ کا کردار پیش کرتے ہیں تو زیڈ کہتا ہے، 'کل جو انسان قتل ہوا تھا وہ بھی میں تھا۔ آج جو قتل ہو رہا ہے وہ بھی میں ہوں' آنے والے کل میں جو قتل ہوگا وہ بھی میں ہوں گا۔' میں سمجھتی ہوں کہ اس وقت میرا یہ عالم ہے کہ میں سوچ رہی ہوں کہ وہ زیڈ فخر زمان بھی ہے اور میں بھی۔ مجھے اس وقت فراق گورکھپوری بہت یاد آ رہے ہیں جو اکثر ایک بات سنایا کرتے تھے۔ ادبی تاریخ میں جنت اور جہنم کا مسئلہ اس وقت شروع ہوا جب دنیا والوں نے یہ دیکھا کہ یہ شاعر ادیب ہیں، یہ پتہ نہیں عوام کا دکھ اپنے دلوں میں کیوں بسا لیتے ہیں کہ پھر ساری زندگی تڑپتے رہتے ہیں۔ وہ لوگ جنہیں عوام کے غم سے کوئی سروکار نہیں ہوگا انہوں نے زندگی کو دو نام دیئے ایک جنت جو ان کی اپنی زندگی کے لیے تھی ایک دوزخ جو شاعروں اور ادیبوں کے لیے تھی۔ پھر ایک دفعہ جنت میں ایسی ٹھنڈی ہوا چلی کہ لوگ سردی سے کانپنے لگے۔ انہوں نے سوچا جہنم میں بہت آگ جلتی بجھتی ہے، اس لیے تھوڑی آگ جہنم سے مانگ لی جائے۔ لیکن جب

انہوں نے اہل جنم سے آگ کی فرمائش کی تو جنم سے جواب آیا کہ ادھر فالتو آگ نہیں ہوتی۔ ادھر جو لوگ آتے ہیں وہ اپنی آگ ساتھ لے کر آتے ہیں۔

تو ایسی ہی آگ شاعروں اور ادیبوں کے سینوں میں جلتی ہے۔ یہ آگ کوئی دوسرا انہیں نہیں دے سکتا۔ اس آگ کو حاصل کرنے کے لیے شاعر یا ادیب ہونا ضروری ہے۔ یہ جو آج کی مخفی قوتوں کے اندیشے میں شعور کی آگ فخر زمان کی صورت میں جلتی ہے آج ہم سب بھی اپنی اپنی آگ سینوں میں لے کر ان کی آگ کا استقبال کرنے کے لیے آئے ہیں''۔

میرے لیے یہ بڑے اعزاز کی بات تھی۔ میں تو ویسے ہی امرتا پریتم جیسی بڑی شخصیت کے ساتھ سٹیج پر بیٹھا فخر محسوس کر رہا تھا۔

دہلی میں امروز اور امرتا جی کے ساتھ شہر میں بھی گھوما۔ امرتا پریتم پچھلے پہر آرام کرتی تھیں۔ ہم شام کو بیٹھ جاتے تھے پھر باتیں شروع ہو جاتیں۔ کچھ کتابوں کا ذکر ہوتا۔ میرے اصرار پر وہ کوئی نئی نظم سناتی رشیوں منیوں صوفیوں اور درویشوں کے حوالے سے اپنے تجربات و مشاہدات کا ذکر کرتی تھیں۔ انہوں نے مجھے اپنے بارے میں ایک دو ڈاکومنٹری دکھائیں جو بہت ہی خوبصورت بنی ہوئی تھیں۔ میرا مطلب ہے تین دن میرے لیے اپنے گھر جیسا ماحول تھا۔ بالکل جیسے آپ اپنے Parents کے ساتھ رہ رہے ہوں۔ بالکل اسی طرح امرتا جی دوپہر کا کھانا پکا رہی ہیں روٹیاں بنا رہی ہیں امروز وہیں باورچی خانے میں میز پر روٹیاں رکھ رہا ہے سالن رکھ رہا ہے۔ کبھی امروز چائے بنا رہا ہے۔ کبھی میں ہاتھ بٹا رہا ہوں۔ مطلب یہ کہ بالکل اپنے گھر کے فرد کی طرح میں وہاں رہا۔ مجھے انہوں نے سونے کے لیے جو کمرہ دیا وہ ان کی لائبریری تھی اور جس میں بہت اہم کتابیں تھیں چنانچہ ان دنوں مجھے جو بھی وقت ملتا، میں صبح جلدی اٹھ جاتا اور کتابیں دیکھتا رہتا تھا۔

میں نے کہا آج کل آپ شاعری بہت کم کر رہی ہیں اور آپ نے ہندی میں بھی لکھنا شروع کر دیا ہے۔ آپ کی ہندی میں شاعری'' کاغذ اور کینوس'' شائع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا

''شاعری میں نے ویسے ہی بہت زیادہ نہیں کی۔ جب محسوس کرتی ہوں کہ شاعری کرنی چاہیے تب میں شاعری کرتی ہوں۔ میں کبھی زبردستی یا Conscious Effort نہیں کرتی کہ کوئی نظم لکھوں۔ ہندی کی بہت ریڈرشپ ہے اس لیے ہندی میں لکھنا بھی ضروری ہے۔''

1987 سے اب تک میں کوئی پندرہ بار ان سے مل چکا ہوں۔ 1987 میں انہیں پنجاب یونیورسٹی نے

ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری اور اسی سال فرانس کی حکومت نے بھی انہیں اعزازی ڈگری سے نوازا۔ جبکہ 1989 میں بمبئی کی ایس این ڈی ٹی یونیورسٹی نے بھی انہیں ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی اور 1990 میں پنجابی اکیڈمی دلی نے انہیں وارث شاہ ایوارڈ دیا۔ انہوں نے مجھے ایک کتاب دی جس میں تین ہزار رائٹرز تھے۔ ان میں ''میں'' بھی شامل تھا۔ انہوں نے ایک مضمون لکھا جس میں انہوں نے رائٹرز کے بارے میں اور ان کی تحریروں کے بارے میں لکھا اور اس کے بعد ایک ہندی کی کتاب دی جس میں ایک خاص چیپٹر مجھ پر لکھا تھا۔ دو چار انگریزی میں آرٹیکل بھی میرے بارے میں لکھے۔ یہ سب باتیں میرے لیے بہت ہی بڑی باتیں ہیں۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ امرتا پریتم ایک بہت ہی عمدہ شخصیت تھیں۔ ایک بہت بڑی انسان فراخ دل اور امن کی پرچارک محبت کی پیغامبر اور بہت ہی روشن خیال اور ترقی پسند نظریات کی حامل خاتون تھیں جس نے روایت کی اس طرح پاسداری نہیں کی جس طرح ہمارے ہاں روایتی کھوہ (دلدل) میں لوگ دھنسے ہوئے ہیں اور ساری زندگی ایک غلط اور جھوٹے قسم کے ڈسپلن کے تحت گزارتے ہیں۔

امرتا پریتم نے ساری زندگی ڈسپلن توڑے اور روایات سے بغاوت کی۔ اسی لیے زندگی میں انہیں بڑی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ زندگی میں انہیں امروز کی صورت میں اچھا رفیق دوست اور ہمسفر ملا۔ امروز سے ان کی پہلی ملاقات 1955 میں ہوئی اور دوستی 1960 میں شروع ہوئی اور 1964 میں وہ ایک ہو گئے۔ دونوں نے مل کر ''ناگ منی'' ماہنامہ پنجابی رسالہ نکالا اور اشاعت گھر بنایا۔ ''ناگ منی'' رسالہ 1966 میں شروع ہوا اور اپریل 2004 میں بند ہو گیا۔ ''ناگ منی'' کے حوالے سے میں نے امرتا پریتم اور امروز کو اکٹھے کام کرتے دیکھا۔ میٹر کا انتخاب امرتا کرتیں۔ پروف اور کمپوزنگ امروز کی ذمہ داری تھی۔ یہ چھوٹا سا رسالہ بڑا معیاری اور پاپولر رہا۔ اس رسالے نے اپنا ایک پورا گروپ پیدا کیا جو اعلیٰ ادب تخلیق کر رہا تھا۔

ایک بات اور جو ان میں سب سے اچھی تھی کہ وہ نئے لکھنے والوں کی بے حد حوصلہ افزائی کرتی تھیں۔ جس طرح ایک لکھنے والا ''مافیا'' ہوتا ہے کہ کسی بھی لکھنے والے کی حوصلہ افزائی یہ سمجھ کر نہیں کرنی چاہیے کہ کل کو یہ ہمارے لیے چیلنج نہ بنے۔ اس طرح کا ایسا کوئی رویہ سامنے نہیں آیا۔ وہ بڑی فراخدل تھیں۔ کوئی بھی لکھنے والا چاہے وہ پاکستان میں تھا یا ہندوستان میں تھا یا کہیں دوسرے دیس اور ملک کا اور زبان چاہے کوئی بھی لکھتا تھا۔ اچھا لکھنا ہی ان کی شرط تھی اور کی تعریف اور اس کے متعلق لکھنا وہ اپنی ذمہ داری سمجھتی تھیں۔

اس طرح اچھا لکھنے والوں میں ایک حوصلہ پیدا کیا۔ امرتا پریتم ہمیشہ ایسی تحریروں کی تعریف کرتی

تھیں۔ انہوں نے کبھی ایسا نہیں کیا کہ صرف اپنے نام کے لیے یا شہرت کے لیے ہر کسی کی کتاب کا پیش لفظ ابتدائیہ یا رائے لکھ دی۔

میں نے جب بھی انہیں پاکستان آنے کی دعوت دی انہوں نے کہا میری صحت اجازت نہیں دیتی۔ جب بھی مجھے موقع ملا میں ضرور پاکستان میں آؤں گی۔ میری یہ ہمیشہ حسرت رہی کہ وہ پاکستان آئیں۔ میں جب بھی انہیں فون کرتا اور انہیں معلوم ہوتا کہ میرا فون ہے تو وہ فون ضرور سنتیں اور ہمیشہ پیار سے گفتگو کرتیں۔ میری عادت تھی کہ میں ہفتہ میں ایک بار فون ضرور کرتا تھا۔ چاہے ملک میں ہوں یا ملک سے باہر، ان کی خیریت ضرور دریافت کرتا۔ فون پر ہی وہ مجھے بتاتیں کہ 'میں نے فلاں کتاب پڑھی ہے۔ یہ کتاب پاکستان میں بھی ملتی ہے اسے لے کر پڑھو بڑی زبردست کتاب ہے۔'

مجھے یاد ہے میری مرحومہ بیوی وخوب صورت شاعرہ شائستہ حبیب اور ہمارا بیٹا فرخ جب ہندوستان گئے اور امرتا پریتم سے ملے۔ شائستہ ان سے پہلی بار مل رہی تھی۔ جب کہ انہوں نے اس کی شاعری کو اپنے رسالے میں بہت شائع کیا تھا کیوں کہ انہیں شائستہ کی شاعری بہت پسند تھی۔ انہوں نے شائستہ سے مل کر بہت سی باتیں کیں۔ عورتوں کے حوالے سے Male dominated society کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ شائستہ بہت خوش تھی کیوں کہ ایک بڑی شاعرہ اس کی شاعری کے بارے میں اچھے کلمات کہہ رہی ہیں' ''سورج پر دستک'' اور پھر پنجابی شاعری ''میں کپاہ تے چانی'' امرتا جی نے بیماری کے باوجود امروز سے پوری کتاب کی نظمیں سنیں۔ کیوں کہ امرتا پریتم پنجابی کا شاہ مکھی (فارسی) رسم الخط نہیں پڑھ سکتی تھیں۔

امرتا پریتم اور دیوندر نے مل کر میرا ایک انٹرویو لیا جو ''ناگ منی'' میں شائع کیا۔ امرتا پریتم کی ''آواز کی دنیا'' 1998 میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب ان کی آل انڈیا ریڈیو لاہور اور پھر تقسیم کے بعد آل انڈیا ریڈیو دہلی اور پھر آکاش وانی دہلی سے وابستگی کو بڑے خوبصورت پیرائے میں بیان کرتی ہے۔

فروری 2000 میں غسل خانے میں امرتا پریتم کا غسل خانے میں پاؤں پھسل گیا جس سے ہڈی ٹوٹ گئی۔ 81 سال کی عمر میں ہڈی کا ٹوٹنا بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے۔ دو گھنٹے کا آپریشن پانچ گھنٹے میں مکمل ہوا۔ امرتا پریتم گھر آئیں انہیں امید تھی کہ وہ پھر سے چلنے پھرنے لگیں گی۔ لیکن چند دنوں کے بعد دوبارہ ان کے پاؤں میں پھر سے تکلیف شروع ہوئی اور پھر اس کے بعد امرتا پریتم بستر پر ہی رہیں۔ بدن میں یا ہڈیوں میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ دوبارہ آپریشن ہوتا۔ ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔ اس لیے چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا کچھ بھی

ممکن نہیں رہا۔ میں ان کے سامنے کرسی پر بیٹھ کر ان کی باتیں سنتا وہ بڑی آہستہ آہستہ باتیں کرتی تھیں اور جب میں محسوس کرتا کہ اب انہیں آرام کی ضرورت ہے تو میں واپس آ جاتا۔ ان دنوں ان کی عام طور پر ملاقاتیں بند تھیں۔ لیکن میں جب بھی دہلی جا کر فون کرتا اور انہیں بتاتا تو وہ امروز سے کہتیں "فخر سے کہو ابھی آ جاؤ" یہ ان کی خاص مہربانی تھی۔ ایسے ہی جب بھی میں نے لاہور سے فون کیا اور انہیں معلوم ہوا تو وہ فوراً فون سنتی تھیں۔

ہم نے امرتا پریتم کے لیے ورلڈ پنجابی کانگریس کی طرف سے Life time achievement award 2003 کا اعلان کیا۔ اگرچہ انہیں کسی ایوارڈ کی ضرورت نہیں تھی لیکن ہم نے ایک Gesture دیا۔ ہم نے ان کے لیے ایک شیلڈ بنائی محمود بٹ نے امرتا جی کی تصویر بنائی۔ وہ ہمارے بہت بڑے پینٹر ہیں۔ یہ بہت بڑی تقریب تھی۔ اس میں ہمارے ادیبوں شاعروں اور دانشوروں نے امرتا جی کے لیے لکھ کر بول کر اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر امرتا جی پر ایک ڈاکومنٹری فلم جو کہ باسو بھٹ چاریہ نے بنائی تھی دکھائی گئی۔ اس تقریب کی بڑی ستائش ہوئی کہ انڈیا پاک بلکہ اس وقت دنیا بھر کی سب سے بڑی پنجابی ادبی شخصیت کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ میں نے فون پر اس ایوارڈ کے متعلق امرتا جی کو بتایا تو انہوں نے کہا میں تو تمہارے کہنے پر ہار کر آ جاتی لیکن میں چارپائی سے اٹھ بھی نہیں سکتی۔ مجھے اس ایوارڈ کی دلی خوشی اس لیے ہے کہ مجھے یہ ایوارڈ پاکستان میں دیا جا رہا ہے۔ جہاں میں پیدا ہوئی پلی بڑھی جوان ہوئی شادی ہوئی بچے ہوئے (امرتا جی کے دو بچے بیٹی نیتا اور بیٹا نوراج لاہور میں پیدا ہوئے) پورے اٹھائیس سال وہاں گزارے۔

مجھے ایک ہی حسرت ہمیشہ رہی کہ وہ پاکستان نہیں آ سکیں۔ میں چاہتا تھا کہ وہ پاکستان آئیں اور ان کا اتنا شاندار استقبال ہو کہ لوگ یاد رکھیں کہ جتنی مہان ادیبہ شاعرہ ہیں اتنا ہی عظیم ان کا استقبال ہوا۔ لیکن میرے بار بار اصرار کے باوجود انہوں نے کبھی لاہور آنے کا وعدہ نہیں کیا۔ وہ ہمیشہ کہتیں "اچھا۔۔۔ میں دیکھوں گی طبیعت ہوئی تو آؤں گی۔" لیکن وہ لاہور نہ آ سکیں۔

بس یہ کسک ہمیشہ میرے دل میں ہمیشہ رہے گی۔

چانن دی پھلکاری

چانن دی پھلکاری

چانن دی پھلکاری تو پاون ہے!

اجہ دا اک آلا ہور نی بال دیاں
من دی اپنی گمی دیوالون ہے!

اجہ دا گھا ہوندی کا کر ہے دیندی
درداں والا دریا ہیجا ہست ہے!

ایہہ جو سانوں اک راہ ہیں دسے چلیوں
دل دی بکل جدی چھلکاں وان ہے!

اپنے ولوں سارنی ہوتے منا ہیکے
جالے دی اسے ہوکا تیری کل ہے!

چانن دی پھلکاری تو پاون ہے!

احمد سلیم

امرتا پریتم، امروز۔۔ میں اور نانک مل کے روئے

[illegible] امروز جی نے حوالہ دیا اور آگے بڑھ کر مجھ سے بغل گیر ہو گئے۔ صرف ایک دن پہلے میں دہلی پہنچا تھا اور ہوٹل سے امرتا جی کو فون کیا تھا۔

"تم سیدھے ہمارے ہاں کیوں نہیں آئے؟ راستے میں کہاں اور کیوں اٹک گئے؟"

امرتا جی نے فون پر ناراضی کا اظہار کیا تھا۔

"مجھے سیدھا آپ کے پاس آنا تھا لیکن پاکستان سے روانہ ہوتے وقت کسی نے بتایا کہ آپ انڈیا سے باہر گئی ہوئی ہیں اس لیے سوچا ہوٹل پہنچ کر فون سے پہلے آپ کے بارے میں معلوم کروں گا۔"

"اچھا تو اب سامان لے کر آ جاؤ۔"

اور اب امروز جی ایک ہاتھ سے میرا اٹیچی پکڑے ہوئے تھے دوسرے سے انہوں نے مجھے بغل میں لے رکھا تھا۔ [illegible] کے اندر داخل ہوئے۔ میں تو جیسے کسی نشے سے مدہوش تھا۔ 1969 میں امرتا جی کا پہلا [illegible] تھا اور آج چودہ برس بعد انہیں دیکھنے ملنے اور ان سے باتیں کرنے کا موقع نصیب ہو رہا تھا۔ اس دن کا مجھے چودہ برس سے انتظار تھا۔ آج میں اپنی دیوی کے سامنے تھا۔ امروز جی مجھے بغل گیر ہوتے ہوئے اندر لے گئے۔ مجھے دیوی امرتا جی اٹھتی ہوئیں۔ بڑی اپنائیت سے میرا ہاتھ دبایا۔ مجھے دیکھ کر وہ بہت خوش ہو رہی تھیں۔ وہاں دیوندر بھی بیٹھے تھے۔ دیوندر جن کی کہانیاں میں نے پاکستان میں پنجابی سے اردو میں رسم الخط سے اردو میں شائع کی تھیں۔ سب لوگ قالین پر بیٹھے تھے۔ امرتا جی کی مسند کی تکیہ۔ تکیوں کی چہار دیواری میں اپنے بیڈ پر بیٹھی وہ بہت خوش دکھائی دے رہی تھیں۔ دیوندر کے ہاتھ میں پنجابی ماہنامہ "لہراں" کا امرتا پریتم نمبر تھا۔

"ابھی تمہارے مضمون کا لطف آ گیا۔ ابھی ابھی دیوندر پڑھ کر سنا رہا تھا۔ تم نے کوئی اور [illegible]

رکھا۔ اور اس شمارے میں میرے کلام کا انتخاب بہت خوبصورت ہے' ایک سیاسی نظر کا تخلیقی انتخاب۔''

میں ابھی تک جیسے کسی سحر میں گرفتار تھا۔ اتنے میں امروز گلاسوں میں چائے بنا کر لے آئے۔ میں نے تھوڑا سا حیران ہو کر ادھر ادھر دیکھا' گھر میں کوئی کام کرنے والی دکھائی نہ دی۔ امرتا جی کہنے لگیں۔

''سناؤ سارا شگفتہ کا کیا حال ہے؟''

''بہت برا حال ہے اس کا' چوتھی شادی اور طلاق کے بعد وہ بہت بیمار رہنے لگی ہے۔''

''لیکن اتنے تجربے کس لئے' اسے کہنا ان تجربوں کو چھوڑ کر اپنے لیے جینے کی کوشش کرے۔۔۔''

''لیکن یہ سب چھوڑ وہ ہوش و حواس میں رہ کر نہیں کرتی۔ الیکٹرک شاک لگ لگ کر اس کی ذہنی اور روحانی حالت تباہ ہوئی ہے۔''

یہ سن کر امرتا جی چپ ہو گئیں۔ سارا ماحول چپ ہو گیا۔ کمرہ چپ ہو گیا۔ کتابیں چپ ہو گئیں۔ ہم سب چپ ہو گئے۔ تھوڑی دیر بعد امرتا جی بہت گہری اداسی میں کہنے لگیں۔

''کمبخت بہت بڑھیا شاعرہ ہے۔ خدا اسے سلامت رکھے۔''

امرتا جی نے بہت پیار اور احترام کے ساتھ سارا شگفتہ کی کتاب 'بلدے اکھر' (سلگتے حروف) شائع کی تھی اس وقت یہ کتاب پاکستان نہیں پہنچی تھی اس لیے امرتا جی ایک نسخہ الماری میں سے نکال کر لے آئیں۔ کتاب بہت خوبصورت شائع ہوئی تھی اتنی ہی خوبصورت جتنی خوبصورت کتابیں امرتا جی شائع کرتی تھیں۔ میں دیکھتا ہی رہ گیا۔ امروز کہنے لگے۔

''یہ بلھے شاہ کی محبت کا انداز ہے۔''

''بلھے شاہ؟'' میں نے حیران ہو کر ادھر ادھر دیکھا۔ یہاں بلھے شاہ کا کیا ذکر تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ امرتا جی کے نئی نام ہیں اور ان میں سے ایک نام بلھے شاہ بھی ہے۔ دیوندر کہنے لگے۔

''دوست ہم تو تمہیں دیکھے بغیر ہی عشق کرنے لگ گئے ہیں۔ تمہیں زندگی میں پہلی بار ابھی ابھی ملا ہوں لیکن پیار تجھے برسوں سے کر رہا ہوں۔''

دیوندر کا لہجہ بہت جذباتی ہو گیا ہے۔ دیوندر ہمیشہ سے ایسا ہی ہے میں اسے اس کی کہانیوں کے حوالے سے جانتا تھا۔ اپنی تحریروں میں وہ اتنا ہی اپنا محسوس ہوا تھا۔ گھنٹوں تک ہم سب ایک دوسرے کو دیکھ دیکھ کر سیر ہوتے رہے' چائے پیتے رہے' باتیں کرتے رہے اور پتہ بھی نہ چلا کہ کھڑکی میں سے گزر کر رات

ہمارے پاس آ کر بیٹھ گئی' کھانے کا وقت ہو گیا۔ ہم سب اکٹھے امرتا جی کے ساتھ کچن میں گئے وہ کھانا نکال کر ہمارے سامنے لگانے لگیں۔ امروز جی بھی کچن میں ہاتھ بٹا رہے تھے۔ میں نے دیکھا کہ چپاتی پکانے سے لے کر اپنے رسالے ''ناگ منی'' کے ایڈریس لکھنے تک امرتا' امروز اپنا ہر کام خود کرتے ہیں۔ گھر میں ایک لڑکی نظر آئی لیکن اسے کام کرنے والی نہیں کہا جا سکتا تھا۔ کچھ عرصہ پہلے اس لڑکی کا انٹرویو میں نے ''ناگ منی'' میں پڑھا تھا۔ وہ اس وقت رات کو آ کر روٹیاں پکا جاتی تھی۔ ایک عورت آ کر کپڑے دھوتی تھی۔ اس کے علاوہ اس گھر میں نوکر یا نوکرانی کا کوئی تصور نہیں تھا۔ یہ وہ نتائج تھے جو میں نے اس گھر میں پہلے دن ہی اخذ کر لیے اور پھر اس دن سے لے کر وہاں اپنے پچاس دن قیام تک مجھے اپنے کسی نتیجے پر نظر ثانی نہیں کرنا پڑی لیکن میرے لیے اس گھر میں ابھی بہت ساری ملاقاتیں اور بہت ساری حیرانیاں پڑی تھیں اور وہ سب کچھ اتنا قیمتی' اتنا سرشار کر دینے والا اتنا حیران کن تھا کہ وہ میرے دل میں ہی نہیں' میرے ذہن میں بھی بیٹھ گیا۔ ایک سوچ بن کر' ایک نظم بن کر۔

دوسری صبح ابھی میں سویا ہوا تھا کہ کسی نے آہستہ سے میرے سر کے بالوں کو چھو کر کہا ''احمد سلیم چائے پی لو۔''

میں نے آنکھیں کھولیں۔ امروز چائے کا گلاس لے کر میرے پاس کھڑے تھے۔ ایک لمحے کے لیے مجھے محسوس ہوا جیسا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جن لوگوں کو میں ساری زندگی Idealise کرتا رہا ہوں' وہ مجھے یوں شرمندہ کریں۔

آج دوسرا دن تھا۔ مجھے یاد نہ رہا کہ امروز جی نے کتنی بار مجھے چائے بنا کر پلائی تھی۔ ان انگلیوں کے لمس سے یہ گھر ایک میوزیم بن گیا ہے۔ ایک آرٹ گیلری اور ان آنکھوں کے لمس سے میرے دل کی دنیا آباد ہو گئی ہے۔ یہ کیسی انگلیاں ہیں جو چائے بھی اسی پیار کے ساتھ بناتی ہیں جس پیار سے تصویر بناتی ہیں۔ میں اپنا گلاس اٹھا کر ان کے پیچھے پیچھے امرتا جی کے کمرے میں آ گیا۔ دوسرا گلاس انہوں نے امرتا جی کو پکڑایا اور تیسرے گلاس کے لیے کچن کی طرف چل پڑے۔ ہم تینوں چائے پی رہے تھے اور باتیں کر رہے تھے۔

میں نے کہا ''پاکستان میں کون یقین کرے گا کہ آپ نے مجھے اتنا پیار' اتنی عزت دی تھی'' امروز کہنے لگے ''پیار یقین دلانے کے لیے نہیں ہوتا۔ وہ بس ہوتا ہے' ایک شعور کی طرح' ایک نظر کی طرح۔۔۔۔''

میں نے حیران ہو کر ان کی طرف دیکھا۔ آج تک سنا تھا پیار اندھا ہوتا ہے' اس کی آنکھیں نہیں

رو تھیں۔ اور امروز بھی رہے تھے۔۔۔

پھر میں نے امرتا جی کی طرف دیکھا۔ وہ پاؤں کے گھونگھرو بجاتے ہوئے کہنے لگیں۔

''نظر کا مطلب اندر کی نظر سے ہے۔ تجھے میں نے کل پہلی بار دیکھا۔ لیکن یہ سچ ہے پہلی بار دیکھا ہے؟ پیار کی اپنی ایک نظر ہوتی ہے۔۔۔۔''

بابا جی کے چرنوں میں میں نے اپنے میلے پاؤں اٹھائے اور امروز جی سے پوچھا ''یہاں اندر جی کس طرف ہے؟''

''اندر جی کی یاد ضرورت ہے۔ میلے پاؤں باقی میں ڈال دو۔ پاؤں سے دھونے والی آپ کی تو دوسرے پاؤں سے ساتھ ان کی دھونے کی۔ اندر جی یہاں رات میں لوگوں کا شوق ہے۔''

''کوئی بات نہیں۔ امرتا جی نے کہا ہے تو میں چلتا ہوں۔''

میری بات سن کر امروز جی نے اور چھوٹے بابا اور اندر جی دھانے کے لیے میرے ساتھ چل پڑے۔

اندر جی والے نے رسید بنائی تو میں حیران رہ گیا۔۔۔ ''پورے سو روپے!''

امروز جی ہنس پڑے۔ ''تجھے پتا تھا اندر جی یہاں امیر لوگوں کا شوق ہے۔''

ہم باتیں کرتے ہوئے واپس آ رہے تھے۔ چھوٹی چھوٹی باتیں کوئی فلسفہ نہیں تھا ان میں اس لیے وہ اتنی پیاری اتنی سیدھی اور سچی باتیں تھیں۔

''بندے کو اپنے تمام کام خود کرنے چاہئیں۔ کسی دوسرے بندے سے خدمت لینا برا تو ہے ہی لیکن اس سے علاوہ اپنی کسی بھی نہیں ہوتی۔ لیکن تمہارا یہ حال ہے کہ اپنی دال بھی تم خود نہیں بنا سکتے۔''

واپسی پر میں نے امروز جی سے جو میں وہاں کا پوچھا تھا تو انہوں نے یہ بات کہی تھی۔ ہم گھر واپس آ گئے۔

امرتا جی دو چار دن میں پٹنہ چلی جانے کے لیے چلی جانا تھا۔ کسی اپنی تقریب میں تو اس سے قوالیاں سننے کا کام تھا۔ امروز اور اللہ چلے گئے۔ میں امرتا جی کے پاس بیٹھ گیا۔ پاکستان کے بارے میں اور پاکستانی دوستوں کے بارے میں باتیں ہونے لگیں۔ فخر زمان، مظہر الاسلام، فشا، یا سارا شگفتہ لیکن سارا شگفتہ کے بارے میں امرتا جی بہت باتیں کرتی تھیں۔ میں نے کہا ''آپ نے ایک بات کی تصدیق کرنی ہے۔''

"کون سی بات؟"

"سارا جب ہندوستان آئی تھی تو آپ نے سارا کے بارے میں "ٹائم" میں ایک واقعہ لکھا تھا اس میں کسی ادیب کا ذکر ہے اس کا نام کیا ہے؟"

"بھئی یوں ہوا کہ سارا اردو کے ایک ادیب کے ساتھ بمبئی میں رہتی تھی۔ ایک رات جب ادیب سے دونی پیتے ہوئے تو وہ سارا کے کمرے میں آ گیا۔ سارا بھی اسے دیکھ کر خوش ہوئی اور دونوں باتیں کرنے لگے۔

تھوڑی دیر بعد ادیب نے سارا سے پوچھا "تم نے منٹو کی کہانی "کالی شلوار" پڑھی ہے؟"

"ہاں پڑھی ہے" سارا نے جواب دیا۔

"تم نے اس کی ہیروئن "سلطانہ" کو کیسا پایا؟"

"ہاں وہ بھی پڑھی ہوئی ہے۔"

"یہ کہہ کر وہ تھوڑا سا آگے بڑھا اور بیٹھ کا "آئی لو یو"

سارا یہ کہہ کر تھوڑا سا پیچھے ہٹی اور بیٹھ گئی "میں نے منٹو کی یہ کہانی نہیں پڑھی" ایسی ہے تمہاری شاعرہ سارا شگفتہ۔۔۔۔

ایسا لگتا تھا میں تمام دن سارا شگفتہ کی باتیں سنتا رہوں تو امرتا بھی خوش خوش سنتی رہیں گی۔ باتوں سے دوران وہ اداس ہو رہے تھے "میں چاہتی ہوں اسے یہاں کی ہمیشہ کے لیے بادلوں کو یہاں مزے سے رہے اور شعر لکھے۔"

میں نے کہا "چوتھی شادی اور طلاق سے اس پر قیامت گزری ہے۔ اولی اور بوتی تو یہ سب پتر برداشت نہ کر سکتی۔"

"شریف آدمی امرتا کے تھی۔۔۔۔ ہوا کی نے شاعر سے بیٹے سارا کے متعلق اور اس حادثے کے بارے میں ایک مضمون یوں نہیں لکھ دیتے۔"

میں رضامند ہو گیا لیکن مشکل یہ تھی کہ مجھے اور کسی رسم الخط میں لکھنا نہیں آتا تھا اور امرتا کی وارد پڑھنی نہیں آتی تھی۔ آخر یہ طے پایا کہ پنجابی کے لیے میں فارسی رسم الخط میں لکھوں گا اور پھر امرتا کے سامنے بولتا جاؤں گا اور امرتا کی اسے گورمکھی رسم الخط میں لکھیں گی۔ لیکن یہ سوچ کر مجھے بڑی شرمندگی ہوئی

تھی کہ میں امرتا جی کو ڈکٹیٹ کراؤں گا۔ وہ اتنی سینئر اور عالمی شہرت رکھنے والی شاعرہ ادیبہ اور میں۔۔۔

میری بات سن کر امرتا جی ہنس پڑیں اور کہنے لگیں۔۔۔" کچھ نہیں۔ ناگ منی کے کام ایسے ہی ہوتے ہیں۔"

اس دن کی ڈاک میں پاکستان سے دو چیزیں آئیں۔ ایک پنجابی ماہنامہ "لہراں" کا نیا شمارہ تھا جس کے اداریے میں ایڈیٹر نے امرتا پریتم نمبر کی اشاعت کے بارے میں معذرت خواہی کا انداز اپنایا ہوا تھا اور دوسری چیز لاہور کے ایک اخبار کی کٹنگ تھی۔۔۔ یہ شہباز ملک کا مضمون تھا جس میں اس نے لہراں کے امرتا پریتم نمبر کے حوالے سے مجھے اور امرتا جی کو گالیاں دی تھیں۔ یہ چیزیں دیکھ کر ملک سن کر امرتا جی اداس ہو گئیں۔

اداسی کی بات یہ نہیں کہ گالیاں چھپی ہیں اداسی کی بات یہ ہے کہ شہباز ملک اگر میرے بارے میں ایسا سوچتا ہے تو یہاں مجھے ملنے کیوں آیا تھا؟ اس نے بڑی عزت۔۔۔۔ سے مجھے اپنی کتابیں آٹو گراف کے ساتھ پیش کی تھیں۔ میں نے بڑی عزت سے۔۔۔ "ناگ منی" کے لیے اس کا انٹرویو کیا اور شائع کیا لیکن وہاں واپس جا کر۔۔۔"

مجھے اس دن معلوم ہوا کہ امرتا جی نے شہباز ملک کو میرے لیے "ناگ منی" کی ایک سال کی فائل بھی بھیجی تھی وہ مجھے آج تک نہیں ملی۔

اداسی کے یہ لمحات گہرے اور طویل ہو گئے۔ امرتا جی کا کہنا تھا اگر اختر حسین اختر نے میرے بارے میں نمبر شائع کرنے پچھتانا ہی تھا تو پھر اتنی تگ و دو کی کیا ضرورت تھی۔

انہی دنوں امرتا جی پر فرقہ پرست اور کٹر سکھوں کی طرف سے دائر کیا ہوا ایک مقدمہ بھگت رہی تھیں جو ایک پنجابی اخبار کے ایڈیٹر نے ان کی نظم "ماتا ترپتی کے نو سپنے" اور چند دوسری نظموں پر کیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا تھا کہ امرتا جی نے سکھ دھرم اور گورو نانک جی کی توہین کی ہے۔

یہ سن کر مجھے وہ سارے الزام یاد آ گئے جو یہاں ہمارے اوپر لگائے جاتے ہیں۔ میں نے کہا "سکھ تو ہر جگہ ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی ہیں۔ اس لیے فکر کرنے کی کوئی بات نہیں۔"

بہت گہری اداسی میں امرتا جی اپنی ایک نئی سطر گنگنانے لگیں "میں نے نانک رل کے روئے۔"

میں نے سوچا ایسا مصرعہ لکھنے والی شاعرہ گورو نانک کی توہین کیسے کر سکتی ہے۔

چند دن بعد کی بات ہے پنجابی کے افسانہ نگار اور انگریزی کے اعلیٰ پایہ کے صحافی راج گل کے ساتھ

ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے ادیبوں کا بیان پڑھنے کے لیے دیا جس میں امرتا جی کی بھرپور نمائندگی کی گئی تھی۔ میں نے کہا "ایک بڑے ادیب سے محروم رہ گئے ہیں۔"

"کون سے ادیب سے؟" راج گل نے حیران ہو کر پوچھا۔

"گورونانک جی سے" میں نے بے ساختہ جواب دیا۔

یہ بات جب بعد میں امرتا جی سے کہی تو ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

تیسرے دن کئی لوگوں کے فون آئے جو مجھ سے ملنا چاہتے تھے۔ چند دن میں نے فون لیے تاکہ خود جا کر ان سے ملا جا سکے۔ اس دن دیوندر پھر آ گئے اور ہم سب گھنٹوں باتیں کرتے رہے۔ اس دن دیر تک فیض صاحب کی باتیں ہوتی رہیں۔ وہ ختم ہوئیں تو گھر کی چھوٹی چھوٹی باتیں شروع ہو گئیں۔ کبھی کام کرنے والی چائے بنا کر لے آتی۔ کبھی امرتا جی۔ گھر کے پچھلے حصے میں امرتا جی کا بیٹا نوراج اور بہو رہتے تھے۔ ایک حصے میں ان کی بیٹی کی رہائش تھی۔ امرتا جی ان سب میں اس قدر Involve ہو جاتیں کہ محسوس ہوتا ان کا لکھنے پڑھنے سے کوئی تعلق نہیں۔ بس وہ ایک عام سی عورت ہیں۔ میں نے پہلی بار دیکھا کہ زندگی کی چھوٹی چھوٹی دلچسپیاں، کام اور آرٹ کی خوبصورتی ساتھ ساتھ چل سکتے ہیں۔ وہ اپنے تمام کام خود کرتی تھیں۔ ان کی دلچسپی سے ساتھ لکھتی اور پڑھتی تھیں۔ میں نے کسی ادیب یا شاعر کی تحریروں اور نجی زندگی سے تجربوں والے ادیب سے اتنا قریب کبھی نہیں دیکھا۔ اس دن جب کسی کام کے لیے میں اور امروز بازار جانے کے لیے گھر سے نکلے تو یہی باتیں شروع ہو گئیں۔

میں نے کہا "آرٹ اور زندگی جیسے اس قدر ساتھ ساتھ چل سکتے ہیں۔۔۔!"

"ہمارے آرٹ اور ہماری زندگی میں کوئی فیصلہ نہیں۔ یہ فیصلہ ہے جو زندگی کو اور فنکار کے فن کو علیحدہ علیحدہ خانوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔"

امروز جی کو سننا مجھے بہت اچھا لگنے لگا تھا اس لیے ہر وقت میں ان کے ساتھ ساتھ رہنے کی کوشش کرتا۔ انہوں نے کتنی خوبصورت بات کی تھی۔۔۔ یہ فیصلہ ہے جو زندگی اور آرٹ کو علیحدہ علیحدہ خانوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ بھلا اور کوئی بندہ یہ بات اس طرح کہہ سکتا تھا؟

ایک بار جوت کار کی تحریروں کی بات ہو رہی تھی۔ اس نے اپنی سوانح عمری میں ایک ایکٹرس کا ذکر بڑے مزے لے لے کر کیا تھا۔ ایک آرٹسٹ کے گھر میں ایک تقریب میں ایک ایکٹرس لڑکی نے مصور

سے فرمائش کی کہ اس نے کہہ کی ہوئی ایک پینٹنگ اسے دے دی جائے۔

مصور نے کہا کہ وہ اپنے تمام کپڑے اتار کر جہاں بیٹھی ہے وہاں سے نگی چل کر پینٹنگ تک جائے اور پینٹنگ اتار کے اسی حالت میں اپنی جگہ واپس آ جائے تو پینٹنگ اس کی ہو جائے گی۔ نہ جانے دل کے کس جذبے سے مغلوب ہو کر اس لڑکی نے ایسا ہی کیا اور پینٹنگ حاصل کر لی۔

اس سارے واقعہ و ہونے کا کی نے بڑے مزے لے لے کر مجھے اپنی کتاب میں لکھا۔ میں نے جب امروز سے اس کا ذکر کیا تو وہ ہنسنے لگے۔

کا کی اور امرتا کی تحریروں میں یہی تو فرق ہے۔ کا کی کا کس پتا ہے تو وہ میں بھی ایک عورت کو دیکھ رہا ہے۔ امرتا کا کس پتا ہے تو وہ ایک زندہ عورت وہی کپڑوں میں دھکا چاہتی ہے یہ عمل امرتا کو اس کے دل کا درد اپنی طرف کھینچتا ہے۔"

ایک بار عورت اور مرد کے رشتے کے بارے میں بات ہو رہی تھی۔ میں نے امروز سے بازار جاتے ہوئے باتیں کرتے پوچھا۔

"آپ کے اور امرتا کے رشتے میں یہ جو خوشی یہ جو توازن ہے اس کی وجہ کیا ہے؟"

"ہمارے ہاں میں عورت اور مرد کا رشتہ رات کے بستر کا رشتہ ہے اس لیے اس میں پختگی ہے نہ توازن۔ ہم نے اس رشتے کو دل کا رشتہ بنایا ہے۔ جب تک عورت اور مرد کے درمیان دل کا رشتہ قائم نہیں ہوتا یہ رشتہ مضبوط بنیادوں پر قائم نہیں ہو سکتا۔"

امروز میری چھوٹی چھوٹی ضرورتوں کا خیال رکھتے تھے۔ مجھے لوگوں سے ملتے وقت بھی یہی مدد کرتے تھے۔ مجھے کسی کا فون نمبر کسی کا ایڈریس درکار ہوتا کسی کے گھر جانا ہوتا وہاں پہنچنے کا سوال ہوتا وہ ہر طرح میری مدد کرتے تھے جیسے وہ میرے وجود کا حصہ ہی ہوں۔

ابھی مجھے ان کے گھر آئے چوتھا دن ہی ہوا تھا اور میں نے کئی بندوں سے فون پر بات کر لی تھی۔ ایک دو سے تو مل بھی چکا تھا۔

امرتا کی کا روزانہ کا معمول تھا کہ وہ صبح سویرے اٹھ کر کام کے وقت میں ہی کوئی نہ کوئی خط لکھتی تھیں۔ کام کے وقت سے مراد رات تھی۔ کبھی کبھی خطوط کے جواب لکھتیں۔ ان خطوں میں وہ زیادہ تر اس مقدمے کے بارے میں آتے تھے جو ان کی کتابوں کے بارے میں ان

[illegible] کیا تھا۔ قانونی نوٹس کی انہیں ذرا بھی پروا نہیں تھی لیکن جو اخبار ان کے بارے میں روزانہ کوئی
اچھا تاثر [illegible] بارہ دن [illegible] ہو جاتیں۔ ایک بار اس اخبار نے لکھا کہ امرتا پریتم نے مخصوص [illegible]
سے [illegible] کروایا ہے اور معافی مانگ لی ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ جو لوگ امرتا جی کے قریب سے نہیں
جانتے تھے انہوں نے بھی اخبار سے اس پراپیگنڈا کو سچ جانا۔ ان کی کتابوں سے عام قاری و اخبار کی
[illegible] تھا۔ ایک بار [illegible] آیا [illegible] چھپ جاتی تھی لیکن اس میں ایک [illegible]
[illegible] تھا۔

[illegible] نے بھی آپ کی وفی تحریر پڑھی ہے وہ اس بات پر یقین نہیں کر سکتا کہ آپ معافی
بھی مانگ سکتی ہیں۔ [illegible] سے آگے [illegible] جا سکتا ہے۔" لیکن اس جھوٹ کا پراپیگنڈا
[illegible] میں ہی نہیں پاکستان میں بھی ہو رہا تھا۔

[illegible] امرتا پریتم کے بارے میں شہاب ملک نے ایک اخبار میں کالم [illegible] مخصوص ملک
[illegible] میں [illegible] ہدایت کی [illegible] تھی [illegible] شائع کی تھی

"امرتا پریتم معافی مانگتے ہیں۔"

معافی مانگنے پر [illegible] نے معاف [illegible] ہے۔ "خوشونت سنگھ کا شوقین [illegible] پر [illegible]
[illegible] ہندوستان [illegible] استقبال [illegible] کی تھی [illegible] خوشونت سنگھ ایک [illegible] سے [illegible] تھی۔)

معاف [illegible] خوشونت سنگھ [illegible] کا شوقین [illegible] پر [illegible] تھی [illegible] ایک [illegible]
[illegible] تحریر [illegible] امرتا پریتم کی [illegible] ایک شاعر [illegible] پر [illegible] معافی مانگ
[illegible] معاف [illegible]

اس قسم کا ایک اخبار شہاب ملک [illegible] پاکستان میں بھی آتا [illegible] تھا۔ شہاب ملک کا یہ
معمول تھا کہ وہ امرتا پریتم کی خواہش پر ان کے [illegible] کے علاوہ [illegible] کے جھوٹ [illegible] تھی۔ شاید
[illegible] سے [illegible] آتی تھی۔ وہ امرتا [illegible] کے [illegible] کی طرف [illegible]
[illegible] امرتا پریتم نے [illegible] میں [illegible] آتا تھا۔

[illegible] آپ [illegible] شاید [illegible] کی [illegible] تھیں
[illegible] آپ [illegible] میں [illegible]

میں نے انہیں بتایا'' جب پنجاب یونیورسٹی لاہور میں ایم اے پنجابی کی کلاسیں شروع ہوئیں تو ڈیپارٹمنٹ کے پہلے چیئرمین ڈاکٹر وحید قریشی نے بلھے شاہ کو نصاب میں شامل نہ کیا۔ جب پنجابی کے چند سیانے ادیبوں نے اس بارے میں احتجاج کیا تو انہوں نے کہا کہ اگر بلھے شاہ کو نصاب میں شامل کیا تو نوجوان لڑکے لڑکیوں میں فحاشی پھیلے گی اور خدشہ ہے کہیں وہ بے دین اور ملحد نہ ہو جائیں۔۔

''سن لو بلھے شاہ'' امروز امرتا جی کو کہنے لگے۔

ان دنوں امرتا جی کے خلاف قانونی نوٹس کے بارے میں بے شمار خطوط موصول ہوئے۔ امروز کے نام ایک خط میں ''ناگ منی'' کے ایک قاری پورن سنگھ نے پوچھا تھا۔

''یہ جو اخباروں میں لکھا جا رہا ہے اس کے بارے میں امرتا جی کیسا سوچتی ہیں۔''

مجھے یاد ہے امروز نے ناگ منی میں جواب شائع کیا'' تمہارے طویل خط کے جواب میں بس یہی کہا جا سکتا ہے کہ امرتا اس بات پر حیران ہیں کہ لفظ آدر (عزت) کے معنی ان آدر (بے عزت) کب سے ہو گئے ہیں۔۔۔۔؟''

یہ سب سیاست تھی' گھٹیا سیاست' اسی لیے ناگ منی میں کبھی سیاستدانوں کے انٹرویو شائع نہیں ہوئے۔

ایک سوال کے جواب میں ایک بار امرتا جی نے کہا تھا'' سیاستدانوں کے انٹرویو میں اس لیے نہیں شائع کرتی کہ ان کی فلم میں ''کلوز اپ'' نہیں ہوتا۔''

مجھے دہلی آئے ایک ہفتہ ہو گیا تھا۔ امرتا جی چار پانچ دن کے لیے ایک بین الاقوامی ادبی تقریب کے لیے پیرس جا رہی تھیں اور میں سوچ رہا تھا امرتسر اور جالندھر کا چکر لگا آؤں۔ بھلا امرتسر سے لاہور کا فاصلہ ہی کیا ہے؟ بالکل قریب۔۔ اب تک دہلی میں کتنے ہی لوگوں سے ملاقات ہو چکی تھی' امرتا جی کے گھر کوئی نہ کوئی آیا رہتا تھا۔

دہلی کے نوجوان پنجابی ادیب' ہندی ادیب' بمبئی سے' کلکتے سے' پنجاب سے' پیرس سے' صوفیہ سے' ماسکو' لندن' لاہور اور کراچی سے' دنیا کے تمام شہروں کے تمام راستے یہاں آ کر ایک دوسرے میں مل جاتے تھے اور وہاں ہر موضوع پر گفتگو ہوتی۔ چند لوگ جو وہاں نہیں آتے تھے۔ ان سے امروز جی ساتھ جا کر میری ملاقات کروا آتے تھے۔

بھارت ٹائمز ڈائسر سوئل مان سنگھ پنجابی کے ادیب اور انگریزی کے جرنلسٹ راج گل اور عورتوں کے میگزین ''منوشی'' کی ایڈیٹر مدھو کشور سے امروز خود جا کر مجھے ملوا لائے تھے۔ بلونت گارگی اور اجیت کور دہلی میں نہیں تھیں۔ رشم اور گگن گل سے ملاقات ہو چکی تھی۔

امرتا جی کے پیرس جانے سے پہلے ہی میں نے ''ناگ منی'' کے لیے پاکستان کے پنجابی ادب کا خاص شمارہ ایڈٹ کر دیا تھا۔ مجھے گورمکھی رسم الخط لکھنا نہیں آتا اس لیے امرتا جی نے رشم کو ذمہ داری سونپ دی کہ وہ مجھ سے ڈکٹیشن لے کر مسودہ گورمکھی رسم الخط میں تحریر کر دے۔ جس شام امرتا جی پیرس جا رہی تھیں اس سے ایک رات پہلے رشم میرے ساتھ بیٹھ کر پاکستان کے بارے میں ''ناگ منی'' کے خاص شمارے کے لیے نقشیں فارسی رسم الخط سے گورمکھی رسم الخط میں تبدیل کر رہی تھی۔ جب وہ ثروت سلطانہ کی نظم ''یقین ایک سوالیہ نشان'' کی پہلی لائن ''میں مٹی کو ندھتی ہوں'' لکھ رہی تھی تو کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ ہنستے ہنستے کہنے لگی ''کیا ضرورت ہے اس پاگل پن کی۔۔۔؟''

میں نے کہا ''کمہارن جو ہوئی۔''

رشم نے جب آگے نظم پڑھی تو ایک لائن تھی ''میں سپنے بن رہی ہوں۔۔۔

یہ سطر پڑھ کر وہ اور زور سے ہنستے ہوئے کہنے لگی ''سالی جولاہی سپنے ہی بنتی رہی کسی کا سپنا نہ بنی۔''

نظم کی آخری سطر تک پہنچتے ہوئے بھی رشم نہ رکی۔ امرتا اور امروز دوسرے کمرے میں تھے۔ بعد میں جب انہیں رشم کی ہنسی اور ساری بات کا علم ہوا تو امرتا جی کہنے لگیں۔

''میں نے جب ساحر کو بتایا کہ ایک دن جب امروز تمہاری کتاب ''میں سپنے بنتا ہوں'' کا ٹائٹل بنا رہا تھا تو کہنے لگا ''سالا سپنے بنتا ہے۔ کسی کا سپنا نہیں بنتا'' تب اس وقت ساحر نے ہنس کر کہا ''امروز ٹھیک کہتا ہے۔ میں کبیر کی اولاد میں سے ہوں اس لیے ساری عمر بنتا ہی رہا ہوں۔''

اور امرتا جی کی یہ بات سن کر میں نے کہا ''پھر تو ثروت سے پوچھنا چاہیے کہ ساحر کی طرح وہ بھی کبیر کی اولاد میں سے تو نہیں۔''

اگلی شام امرتا جی پیرس روانہ ہو گئیں اور میں پنجاب کی طرف۔۔۔ جالندھر میں ہر جیت کے گھر ٹھہرا جس کے ساتھ دہلی میں امرتا جی کے گھر ملاقات ہو چکی تھی وہ جالندھر میں ٹی وی پروڈیوسر تھے۔ وہیں سن ہر جیت والد چندی نرجھ سے ملنے آ گئیں۔ میں جس دن دہلی پہنچا اس رات امرتا جی پیرس سے واپس آ رہی تھیں

میں اور امروز انہیں ایئرپورٹ لینے گئے۔ ہم نے گیلری میں سے دیکھا امرتا جی کا ایک بازو بندھا ہوا ہے۔ امروز یہ دیکھ کر پریشان ہو گئے۔ کوئی حادثہ؟

ہاں حادثہ پیش آیا تھا۔ 24 جون کو وہ دہلی پہنچی تھیں۔ 26 جون کی دوپہر وہ دہلی کی ایک سڑک پار کرتے ہوئے گر پڑیں جس سے ان کی دائیں بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ وہ ہسپتال اور ہوٹل میں پڑی درد سے تڑپتی رہیں۔ اسی حالت میں Pain Killer کھلا کر جب اخباری نمائندوں نے امرتا جی کا انٹرویو کیا تو ایک اخباری نمائندے نے اسی ماہ شائع ہوئی ان کی چھ سات نظموں کا ترجمہ دکھا کر کہا۔

"Madame! you are the first person to break the barrier of two cultures "

امرتا جی درد کی گولیاں کھا کر بھی درد سے تڑپ رہی تھیں کہنے لگیں

"I suppose to break the barriers of two cultures, one has to break one's bones ..."



اظہر جاوید

ایک بے چین رُوح۔۔۔۔امرتا پریتم

امرتا پریتم عظیم ادیبہ ہیں۔ امرتا پریتم ممتاز شاعرہ ہیں۔ اپنا پایا ہوا کبھی انکار نہیں کرتا۔ انہیں بہت پہچان ملی۔ انہیں سراہا گیا اور ان کو کئی ایوارڈ بھی ملے۔ ان کی کئی کہانیوں کا ناولوں پر بھارت میں فلمیں بھی بنیں۔ ان کی ایک نظم جو ان کی تعریف کا واسطہ دار بن گئی پاکستان میں سیف الدین سیف نے اپنی فلم "کرتار سنگھ" میں استعمال کی۔

اج آکھاں وارث شاہ نوں

کتھے قبراں وچوں بول

یہ نظم ہندوستان کی تقسیم اور قیام پاکستان کے وقت جو کشت و خون ہوا جس میں ہندو، سکھ اور مسلمان جو ونی ہوئی ہوا۔ پھر ہمارے کتنے ہی شہید ہوئے۔۔۔ امرتا پریتم نے انہی بے ثبات دنوں میں بے کسی اور بے چارگی میں لکھی ہوئی نظم ہے۔۔۔

امرتا پریتم اپنی ساری عظمت کے باوجود تین پشتیوں کے پیچھے رہیں جو ان کی شخصیت کا حصہ تو تھیں مگر اس سے انہیں فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوا یہ میری ذاتی رائے ہے۔۔۔ خدا اور تقدیر چیلنج اسے مانیں یا نہ مانیں۔

امرتا پریتم نے اپنی زندگی اپنی شاعری کا آغاز لاہور سے کیا تھا۔۔۔ شاعری کے ساتھ موسیقی کو بھی شامل کر لیں۔۔۔ یوں وہ ریڈیو سٹیشن پر بھی جانے لگیں۔۔۔ ایک معزز گھرانے کی نہایت خوبصورت لڑکی (خاتون) دنوں میں شہرت اور پھر سارے ملک کا تذکرہ بن گئیں۔۔۔ لڑکی حسین ہو تھوڑی علم ہو اور علم و ادب (فنون لطیفہ) سے بھی تعلق ہو تو وہ موضوع گفتگو بن جاتی ہے اور اس سے (ایک طرف) چاہنے والوں (اور ساتھ ساتھ کام کرنے والے حاسدوں) کا بھی ایک ہجوم اکٹھا ہو جاتا ہے۔ امرتا پریتم اپنی خوش اسلوبی سے نبھتی رہیں لیکن دل تو عورت کا دھڑکتا اور مچلتا ہے۔

ان کی شادی کم عمری ہی میں ہو گئی تھی اور پھر دو بچے بھی پیدا ہو گئے۔ اس عرصے میں جن محبتوں نے شدت اختیار کی اور جن کی حدت نے امرتا پریتم کو بھی بے کل کیا' وہ بے کلی عمر بھر ان کے ساتھ چمٹی رہی۔۔۔ پہلے نمبر پر ساحر لدھیانوی ہیں' جنہوں نے نہ صرف امرتا بلکہ ساحر کی بھی زندگی اتھل پتھل کر دی۔۔۔ انہی دنوں کا ایک نام براڈ کاسٹر ریڈیو کے افسر اور پنجابی لکھاری سجاد حیدر بھی ہے۔۔۔ امرتا بیک وقت ساحر سے اور سجاد حیدر سے کیسے پیار کرتی رہیں اور گھر گرہستی کو بھی (کچھ عرصہ تک) نبھاتے رکھا۔۔۔ یہ دلچسپ سوال اور انوکھی صورت حال ہے۔۔۔

یہ مفروضہ غلط ہے۔۔۔ "عورت صرف ایک دفعہ ہی پیار کرتی ہے۔۔۔!" کیا عورت کے جذبات نہیں ہوتے۔۔۔ کیا اس کی پسند ناپسند نہیں ہوتی' کیا اس کی زندگی میں کمزور (اور دل پذیر) لمحے نہیں آ سکتے۔؟ یہ ساری باتیں فلسفے سے پرکھنے کی نہیں' زندگی میں ڈوب کر جاننے کی ہیں۔

امرتا پریتم کو بظاہر اپنے پتی سے کوئی شکایت نہیں تھی۔۔۔ اس کا واضح ثبوت یہ ہے پریتم سنگھ سے علیحدگی کے باوجود برسوں بعد عمر کے آخری حصے میں جب وہ بیمار ہو گیا' تو امرتا اور ان کے مشترکہ بیٹے نوراج کے کہنے پر وہ امرتا ہی کے گھر پر رہا اور امرتا اس کی دیکھ بھال بھی کرتی رہیں۔۔۔

پتھر دھیں بے چین ہوتی ہیں۔۔۔ وہ خود کو جاننے نہ جاننے' اور کچھ ماننے نہ ماننے میں ساری حیاتی گزار دیتی ہیں۔ پتی ورتا اپنی جگہ۔۔۔ دل کا کہنا اپنی جگہ۔۔۔ ساحر ان کی زندگی ہی نہیں آتما میں بھی رچ بس گیا تھا۔۔۔ لیکن ایک اضطراب تو پھر بھی تھا۔۔۔

"رسیدی ٹکٹ" پڑھنے والے اس کا کھوج لگا سکتے ہیں' اور میری دلیل کی رو میں بہہ سکتے ہیں۔ "رسیدی ٹکٹ" کے دوسرے ایڈیشن میں امرتا نے سجاد حیدر سے بھی گہری محبت کا اظہار کیا ہے۔۔۔ جب میرے پیارے دوست مرحوم کنول مشتاق نے اس کو فارسی لپی (اس طرف کی پنجابی) میں اتارا اور اپنے رسالے "سورج مکھی" میں شائع کیا تو اس میں سے سجاد حیدر والے بہت سے حصے کو چھوڑ دیا۔۔۔ ان دنوں سجاد حیدر زندہ تھے' کنول مشتاق نے پاس داری نبھائی۔۔۔ پھر جب "رسیدی ٹکٹ" کتابی صورت میں چھپی اور ابھی تک چھپتی جا رہی ہے' اس کا وہی پہلا روپ ہے۔۔۔

میں نے جن چیزوں کا ذکر کیا تھا' جنہیں امرتا سارے عمر تاڑتے رہیں اور ان سے انہیں فائدہ بھی پہنچا اور نقصان بھی ہوا۔۔۔ ان کی ایک چیز تو پنجابی زبان کی مصنفہ تھی۔۔۔ پنجابی زبان کی تمام تر وسعت کے

باوجود امرتا کو وہ وسیع حلقہ نہ مل سکا جو سامنے کی زبان اردو میں ہو سکتا تھا۔ ابھی اور وضاحت ضروری ہے۔۔۔ وہ کورا کاغذ میں لکھتی ہیں ان کی بہت سی تخلیقات اس طرف منتقل تو ہوئیں مگر بیشتر کے ساتھ ہندی کلمٹ جیسا سلوک ہوا۔ مجھے ذاتی تجربہ ہے۔۔۔ ان کے جس ناول "پنجر" پر بھارت میں فلم بھی بنی اسی کو مدنظر رکھ کر یونیورسٹی اورنٹل کالج کے پنجابی شعبے کے ایک طالب علم نے ایم اے کا تھیسس لکھا۔۔۔ اس نے ناول کے کئی نقطے غلط لکھے۔۔۔ میں نے وہ تھیسس دیکھا تھا۔۔۔ طالب علم سے پوچھا تو اس نے سچائی سے بتایا کہ ناول پر انگریزی زبان میں ایک تبصرہ پڑھا تھا ظاہر ہے۔۔۔ انگریزی کے سچے اور طرح سے ہو جاتے ہیں اور اصل لفظ اور اس کے باطن کے معانی کچھ اور بن جاتے ہیں۔

امرتا پریتم کی کہانیاں اور ناول اردو زبان میں بھی منتقل ہوئے ہیں مگر کسی خوش بخت اردو نقاد نے ان پر کبھی عمل کر رائے نہیں دی امرتا کو پنجابی لکھاری کہہ کر نظر انداز کر دیا گیا۔۔۔ بھارت میں امرتا پر کتنا کام ہوا وہ مکمل پاکستان میں نہیں پہنچا۔۔۔ یوں امرتا پنجابی کی چھتری کے نیچے ہی بیٹھی رہ گئیں اور ان سے اچھا یا برا وہی سلوک ہوتا رہا جو سیف الدین سیف اور انور مشتاق نے کیا تھا۔۔۔

امرتا کی ایک اور چھتری ساحر تھا۔۔۔ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے رہے مگر شاید ایک دوسرے کو کہہ نہیں سکے یا کہہ بھی تو اس کا اظہار نہیں کر سکے۔۔۔ ساحر محبوبہ میں ممتا بھی تلاش کرتا رہا اور امرتا ایک اور کشمکش میں رہی۔۔۔ یا تو اسے علم ان مرد چاہیے تھا یا سپر انداز محبوب تھے جب ان کا جی چاہے پیار کریں جب چاہیں وہ اپنے خول میں واپس چلی جائیں چاہے محبوب "ہاں۔ ہاں" کرتا رہے مگر کوئی جواب نہیں آنے کا۔

میں نے اپنی کتاب "ناکام محبت۔ ساحر لدھیانوی" میں امرتا پریتم کو ایرانی بلی کہا ہے۔۔۔ ایرانی نسل کی بلی کا معاملہ عجیب ہے۔ وہ چوہے کھاتی نہیں فطری تقاضے کے تحت چوہے کو دبوچتی ہے تھوڑا نوچتی ہے اور ادھ موا کر کے چھوڑ دیتی ہے۔۔۔ خود بھی جگہ سے ہلتی نہیں۔۔۔ چوہے کو گھنگی باندھے دیکھتی رہتی ہے چوہا ذرا سا ہوش میں آ کر بھاگنے لگتا ہے تو بلی اس سے پھر وہی سلوک کرتی ہے۔ امرتا پریتم جیسی اور ایرانی بلی ایسی میری بھی کئی محبوبائیں تھیں اس لیے یہ تجربہ صادق ہے۔

قیام پاکستان کے بعد جب امرتا پریتم دلی میں جا کر آباد ہو گئیں اور کچھ عرصے بعد ساحر لدھیانوی بھی لدھیانہ اور لاہور سے ہوتے ہوئے دلی چلے گئے تو پرانی محبت تازہ دم ہو گئی۔۔۔ ساحر ممبئی چلے گئے۔۔۔ بقول

حمید اختر، فلمی نغمہ نگاری ساحر کا Passion (سب سے بڑی آرزو) تھا۔۔ تھوڑی جدوجہد کے بعد ساحر نہ صرف کامیاب ہو گیا' بلکہ وہ مقام اور مرتبہ پا لیا' جو آج تک پاک و ہند کے کسی نغمہ نگار کو نصیب نہیں ہوا۔۔ ساحر بھی امرتا سے شادی کرنا چاہتے تھے۔ لیکن اس کے لیے کچھ بننا بھی تو ضروری ہوتا ہے۔۔۔ امرتا اپنی جذباتیت میں یہی چاہتی تھیں' ساحر دلی ہی میں رہیں' اس کے سامنے رہیں۔۔ ساحر کا فیصلہ درست تھا۔ یعنی۔۔۔

ہم نے یہ مانا کہ دلی میں رہیں، کھائیں گے کیا

امرتا پریتم نے اس کا اظہار خود ایک اور طریقے سے کیا ہے۔ جب مصور اندرجیت (امروز) ان کی زندگی میں آئے اور کچھ عرصے انہیں ممبئی میں فلموں کے آرٹ ڈائریکٹر کی پیش کش ہوئی' تو وہ بھی بہتر مستقبل کے لیے ممبئی چلے گئے۔۔۔ تب امرتا نے کرب سے لکھا۔۔

''ایک پہلے مجھے چھوڑ کر ممبئی چلا گیا تھا' اب دوسرا بھی اچھے کل کے لیے میرا آج ویران کر گیا ہے۔۔''

امروز واپس آ گئے اور دونوں نے ایک نئی زندگی کا آغاز کیا۔۔ اب اس زندگی میں نہ ساحر تھے نہ سجاد حیدر اور نہ دیوندر ستیارتھی۔۔ (یہ ایک طرفہ عشق کرنے والوں میں سے تھے) رسیدی ٹکٹ کے علاوہ امرتا نے ساحر سے عشق کی کتھا ''اک سی انیتا'' میں بھی لکھی۔ یہاں ساحر سانڈر ہو گیا تھا۔

امرتا پریتم' اب امروز کی چھتری تلے آ گئیں۔۔ یہ عجیب طرح کے کمیٹمنٹ اور سمجھوتے تھے۔۔۔ نہ پیسے ہوتے نہ بیاہ کی باقاعدہ رسم۔۔ لیکن عمر بھر اکٹھے رہے۔۔ میری بھارتی دوست اوما ترلوک نے امرتا امروز کے عنوان سے انگریزی میں ایک کتاب لکھی ہے' جس کا دلی میں اردو ترجمہ بھی چھپ گیا۔۔ اس حوالے سے اور کئی دوسرے ذرائع سے پتا چلا کہ سکھ برادری امرتا پریتم کے اس عمل پر کافی ناراض تھی اور ایک طرح سے ان کا سماجی بائیکاٹ (مقاطعہ) کر رہا تھا۔۔۔ نوراج' جسے امرتا پریتم نے ساحر لدھیانوی سے مشابہ لکھا ہے اور کہا ہے لوگ کہتے ہیں یہ ساحر کا بیٹا ہے۔ نوراج بھی اس 'اطلاع' سے رنجیدہ نہیں ہوتا' خوشی کا اظہار کرتا ہے کہ وہ امرتا اور امروز کے رشتے (غیر سماجی اور غیر مذہبی) کو خوش دلی سے قبول نہیں کرتا۔

ممتاز ادیب حمید اختر نے میری کتاب 'ناکام محبت۔ ساحر لدھیانوی' کے دیباچے میں بھی لکھا اور مجھ سے اعتراف کیا ہے کہ امرتا آخر وقت تک ساحر سے پیار کرتی رہی تھی۔۔ میں سوال کرتا ہوں کیسے۔۔۔ ''اور وہ امروز کو زندگی کا حاصل بنا چکی ہیں اور یہ کہتی ہیں۔'' ساحر ایک خواب تھا۔۔ امروز تعبیر ہے۔۔'' تو پھر یہ پیار

اور عشق تو نہ ہوا تا۔۔۔ ساحر لدھیانوی نے ایک سے زیادہ دفعہ شکست کی کوشش کی تھی۔۔ اپنی ماں کے انتقال کے بعد تو وہ اور بھی تنہا ہو گیا تھا۔

ساحر لدھیانوی کو جب پدم بھوشن ایوارڈ ملا اور وہ اسے وصول کرنے دلی آیا تو امرتا کو فون کیا۔۔۔۔۔

امرتا پریتم کہیں لیکن یوں کہ۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ ساتھ ہے رقیب کو

امروز ساتھ تھے۔۔ اور پھر بہت سا وقت گزارا اور دونوں امرتا اور امروز اٹھ کر چلے آئے امرتا نے رسیدی ٹکٹ میں لکھا ہے۔۔ چند دن بعد ساحر کا فون آیا۔

"تم چلی گئیں میں دیکھتا رہا اور ایک نظم ہو گئی۔۔۔ سن لو۔۔۔"

محفل سے اٹھ جانے والو تم لوگوں پر کیا الزام

تم آباد گھروں کے باسی میں آوارہ اور بدنام

میرے ساتھی خالی جام

مگر۔۔ امروز سے قربت اور اپنی محبت کی نصرت کے باوجود امرتا کے بھیتر کی بے کلی اور اضطراب ختم نہیں ہوا۔۔ شاید ایسی شخصیات کے لیے یہی ہوتے ہیں۔ کشمکش میں رہتے ہیں بے سکون رہتے ہیں اور عظیم اور تخلیق کرتے رہتے ہیں۔۔۔

امرتا پریتم کی نظمیں دیکھیں۔۔۔ میرا آنگن پڑھیں۔۔۔ تو نے کہنے کا در پانی یا اور بھی کئی نظموں میں ایک بے چاری تنہائی اور نارسائی کا احساس نمایاں ملے گا۔

شاید ہی کوئی ایسی تحریر ہو جس میں مکمل آسودگی جھلکتی ہو۔۔۔ اور اچھا ہی ہے ورنہ اتنا اضافی اور تخلیقی اب کیسے ممکن آتا۔۔۔ تاہم امرتا پریتم پر کام کرنے اور بہت زیادہ کام کرنے کی شدید ضرورت ہے۔۔ دیکھیں یہ بھاری پتھر کون اٹھاتا ہے۔۔۔۔؟

اعزاز احمد آذر

امرتا پریتم ۔۔ ایک سچی عورت

فلم کا شو ختم ہوا۔ سینما ہال سے ان گنت شائقین کا ایک جم غفیر باہر کو آیا۔ اچانک ایک چیخ نما آواز فضاؤں میں گونجی "او ۔۔۔ ساحر لدھیانوی" اور اگلے ہی لمحے ساحر بیسیوں لوگوں کے گھیرے میں تھا۔ کوئی ہاتھ ملانا چاہ رہا تھا اور کوئی بات کرنے کا متمنی تھا۔ مگر ان گنت وہ تھے جن کے پاس جو کاغذ تھا سامنے میں تھی وہ آگے بڑھا رہے تھے۔ نوٹ بک، کتاب، کرنسی نوٹ، کاغذ کا ٹکڑا ۔۔۔ اور آوازیں تھیں کہ گڈمڈ ہوئی جا رہی تھیں "آٹوگراف، آٹوگراف، آٹوگراف" ساحر اپنے چاہنے والوں میں گھرا ایک کے بعد دوسرے کو اور جس بھی کاغذ کرنسی نوٹ نوٹ بک ۔۔۔ اس کا ہاتھ لگا وہ مسکراتے ہوئے آٹوگراف دیتے جا رہا تھا۔ مجمع تھا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھتا ہی جا رہا تھا ۔۔۔ یہ کوئی نئی فلم ریلیز ہوئی تھی جس میں ساحر لدھیانوی نے گیت لکھے تھے۔ چاہنے والے اور مداح تھے کہ اپنے گیت نگار سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار اس سے آٹوگراف مانگ مانگ کر کر رہے تھے کہ اچانک اس مجمع میں ایک نرم و نازک ہاتھ آگے بڑھا اور ایک جانی پہچانی سوانی آواز فضا میں گونجی "آٹوگراف" ۔۔۔ اس ہاتھ میں کوئی کرنسی نوٹ، کوئی آٹوگراف بک یا کوئی نوٹ بک نہیں تھی بلکہ ساحر کے سامنے ہاتھ کی ہتھیلی کھلی تھی۔ ساحر نے آواز اور ہتھیلی والی کی سمت دیکھا ۔۔۔ یہ امرتا پریتم تھی جو عجیب جادو اثر نظروں سے ساحر کو دیکھ رہی تھی اور مسکرا رہی تھی۔

ساحر لدھیانوی نے اپنے چین کی جیب کی اندر جانب سے اپنے انگوٹھے و سبابہ انگلی پیار سے ہتھیلی پر رکھی اور اس سے تین انگلیاں تین میلوں سے اوپر انگوٹھا اٹھا دیا ۔۔۔ یہ بیاضب تھی اور یہ عطا تھی ۔۔۔ امرتا پریتم ساحر سے بے پناہ محبت کرتی تھی۔ وہ محبت جسے کوئی محبت کرنے والا ہی سمجھ اور محسوس کر سکتا ہے۔ وہ ساحر لدھیانوی کی محبت میں آخر حد تک ڈوبی ہوئی تھی۔

امرتا پریتم عجیب عورت تھی جس سے محبت کی اس سے شادی نہ ہو سکی۔ جس کے ساتھ شادی کی اس سے

ساتھ محبت اور نباہ دونوں ہی نہ ہو سکے اور جس کے ساتھ آخری دم تک ساتھ رہا اس کے ساتھ نہ محبت کی نہ شادی کی۔ وہ اپنی ذات اپنے آدرش اپنی سوچ اپنے نظریے اور اپنے عشق کے حوالے سے ایک پختہ یقین اور پختہ کار عورت تھی۔ عشق عبادت سمجھ کر یا شاعری ریاضت جان کر کی۔

میں تو ارتھ بان بندھی میلوں ڈوہ دل وچ قین
جو جو کہیں نے میں کتھے لکھاں او وین
کالے میرے کھنگے وانگ ہورلے نہ جان
جیہے جیہے دساں ہور میں میرے ورقے پنے شمان

عشق امرتا پریتم کا ذاتی مسئلہ تھا اس نے اسے کبھی ڈھنڈورا بنانے نہیں دیا مگر اس کی شاعری کا تمام تر حوالہ انسانیت اور اجتماعیت ہے۔ وہ انسان کو ایک فرد کی حیثیت میں بھی اسی جرأت اظہار کا حوالہ مانتی ہے اور مجموعی طور پر انسانی سماج کو بھی قدروں کے اعلیٰ ترین مقام پر سرفراز دیکھنا چاہتی ہے۔ انسانیت سے محبت اس کا دین ہے عشق اس کا مسلک ہے۔ امرتا کا کہنا ہے کہ "مذہب کا نام روحانیت رکھ دینا چاہیے کیوں کہ ملا (ہر مذہب کا اپنا ملا ہوتا ہے) نے مذہب کو انسٹی ٹیوشن بنا دیا ہے۔" اس بات کو کلی طور پر لینے کی بجائے اسے وسیع تر مفہوم میں دیکھا جائے تو عالمی بھائی چارے کی آفاقیت اس فقرے میں سے جھلکتی ہوئی محسوس ہوتی۔ امرتا پریتم کی حیثیت مصورانی (خواہ شاعری ہو یا نثر نگاری) ان پوائنٹ فلائی ہے یعنی "عالمی امن"۔

امرتا پریتم کی زندگی کے ماہ و سال اوائل عمری سے رنگ و خوشبو بدلتی، جھوپ چھاؤں کا شکار رہے۔ کورے رنگ، بادامی آنکھوں اور تیکھے نقوش والی "امرتا" اوائل عمری سے شاعری کر رہی تھی۔ اس کی پیدائش 31 اگست 1919 کو گوجرانوالہ میں ہوئی تھی مگر تھوڑی عرصے کے بعد اس کی ماں کا انتقال ہو گیا سو باپ اپنی اکلوتی بیٹی کو لے کر لاہور (گوالمنڈی) میں آ آباد ہوا۔ یہ انہی دنوں کی بات ہے جب "امرتا" کا پہلا شعری مجموعہ "امرت لہراں" شائع ہوا تھا۔ "امرتا" کے مداحوں میں انارکلی بازار لاہور میں ہوزری کا کاروبار کرنے والے ایک جلد ساز تھے جنہوں نے امرتا کے باپ سے اس کا ہاتھ اپنے بیٹے پریتم سنگھ کے لیے مانگ لیا۔ نتیجتاً امرتا کی شادی کے بعد امرتا پریتم کہلائی اور زندگی بھر ۔۔۔ بلکہ شوہر سے بالآخر علیحدگی کے بعد بھی ۔۔۔ مرتے دم تک اپنے شوہر کا حوالہ ۔۔۔ قائم رکھا۔ اپنے نام کے ساتھ اس کا نام جوڑے رکھا۔ یہی ٹیپ عورت نے شوہر سے علیحدگی اختیار کر لی نام سے وابستگی قائم رکھی۔ وہ اخلاقی طور پر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جاپ وانگ جیوں ساتھ دا ہتھ چھوہ رہی ہووان۔۔

یہ صرف محسوسات سے جہان کی باتیں تھی افسانوی باتیں۔۔۔ افسانوی کرداروں کی باتیں۔۔۔ امرتا جی سے مجھے پہلی بار سگریٹ پینے کی عادت انہی دنوں میں پڑی تھی۔ سگریٹ سلگاتے ہوئے یوں لگتا جیسے وہ میرے پاس ہے وہ سگریٹ کے دھوئیں میں "نمودار" ہوتا تھا۔۔۔

امرتا پریتم کے اندر بسنے والی عشق زار عورت کی داستان تو ختم ہونے والی نہیں ہے وہ جدید سائنسی دور میں بھی محبت کے مجرموں کو مشکل کرنے والی عشق زادی ہے۔ اس کے عشق کا ایک دوسرا روپ امن اور آزادی کے ساتھ عشق ہے۔ یہ اس کی حیاتی کا بہت محترم حوالہ ہے۔ امن اس کی مزدوری اس کا آدرش اس کا نظریہ حیات اور اس کا زندگی بھر کا خواب رہا ہے۔ دنیا بھر میں انسانی سماج کو امن کو پجاری کی صورت میں دیکھنے کے خواہش مند لوگ دنیا کے سارے امن پسند سماج امرتا پریتم کا احترام ہی نہیں کرتے بلکہ اس سے محبت کرتے ہیں۔ اب میں یہاں دانستہ طور پر اس کی نظم "پنجاب دی کہانی" کو موضوع گفتگو نہیں بناؤں گا جس کا ایک ٹکڑا وہ ہے جس میں اس نے تقسیم ہند اور پاکستان کی آزادی کے لمحات میں پنجاب کو خون میں ڈبو دیا۔ وہ اصل نظم نہیں ہے بلکہ ایک طویل نظم کا محض ایک بند ہے

اج آکھاں وارث شاہ نوں

کتھے قبراں وچوں بول

بلکہ میں اس کی نظم "تواریخ" کا حوالہ دینا چاہوں گا اور صرف دو شعر نقل کروں گا ایک درمیان میں سے اور ایک آخری شعر بلکہ پہلا شعر بھی نقل کرتا ہوں تاکہ جب آپ ان شعروں کی پرتیں کھولیں جب تاریخ کے کاغذ اٹھیں جب کتابوں کے اوراق پلٹیں تو جو منظر آپ کی آنکھوں کے سامنے کھلتا جائے وہ ان شعروں کے آئینے میں مزید واضح اور صاف دکھائی دے۔ امرتا نے کہا

ایس چوراں تاریخ دی میری کرماں والی رات

جس دی بکل وچ ہے میری قسمت دی پربھات

میں تواریخ ہاں بند دی میرے ورقے لہولہان

ہنجھو نی ایہہ ہان اج دا ری کھلدی میری جان

چالاں تک جاگن چھیتیاں سپنے نین پرین دی رات

اک پرانا ورق پشاں نوں جے کوئی سن وا ہو

سوویت روس میں امرتا پریتم کو بہت عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا مگر جب سوویت فوجیں چیکوسلواکیا میں داخل ہوئیں تو امرتا بہت دکھی ہوئی۔ اس وقت پراگ شہر کے لوگوں نے حفاظتی نقطہ نگاہ سے اور حفظ ماتقدم کے طور پر اپنے گھروں کے نمبر مٹا دیئے تھے۔ گلیوں سڑکوں کے نام بھی کھرچ ڈالے تھے۔ یہ خاموش احتجاج کا ایک انداز بھی تھا۔ امرتا پریتم عالمی امن اور عالمی بھائی چارے کی داعی امرتا پریتم۔۔۔۔ پراگ شہر کے لوگوں کے ساتھ تھی اس نے لکھا:

"آج میں نے اپنے گھر کا نمبر مٹا دیا ہے

گلی کا نام اور سڑک کا نشان بھی ختم کر ڈالا ہے

اب اگر تم مجھے ڈھونڈنا چاہو

تو ہر دل سے پوچھتے رہو

ہر گلی ہر شہر ہر ملک میں جاؤ

جہاں تمہیں کہیں کوئی آزاد روح مل جائے

سمجھنا

وہی میرا گھر ہے"

یہ مضمون طویل ہوتا جا رہا ہے۔ مجھے قلم کو روکنے میں دقت ہو رہی ہے مگر روکنا تو ہے۔ سو چلئے امرتا پریتم کی گیت نگاری پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ آپ کو تو علم ہے گیت تو ہوتا ہی جذبوں، دھڑکنوں، خوابوں، امنگوں آرزوؤں کا اظہار ہے۔ امرتا کے گیت بھی زیادہ تر اس کے دل کے راز ہیں۔ کبھی اداس، کبھی غمگین، کبھی محبت سے بھرپور اور کبھی جذبات و احساسات کی بھرپور۔ اس کے یہ سارے گیت اس کی آپ بیتی ہیں۔ اسی لیے ان میں واردات کے اثر بھی اور لذت بھی۔ امرتا کے پہلے گیتوں میں کھلے پھولوں، بادلوں، آنچلوں اور قوس قزح کے رنگوں کا ذکر خاصی مقدار میں تھا وہ اس وقت کی انجانے پیار کی ناشناس منزل کا ذکر کر رہی تھی۔ اس نے محبت کی نظمیں لکھی ہیں۔ اسے چونکہ سماج کے ٹھیکیداروں سے چڑ تھی۔ اسے اپنے گھر درشن کے لیے آنے والے بھی اچھے نہیں لگتے تھے اس نے کہا تھا "ہر نیا شاعر ادیب اپنی لعنت سنانے چلا آتا ہے اور سب سے پہلے یہی فقرہ بولتا ہے "میں بس درشن کرنے حاضر ہوا ہوں"۔ اس نے کہا "مجھے اس انکساری سے بھی ڈر آتا

ہے۔۔۔۔۔۔مگر۔۔۔۔۔۔زندگی کا سچا وامرتا پریتم کے ساتھ ہی خاص حوالہ رکھتا ہے۔۔وہ امرت عورت امرتا پریتم ہوئی۔۔امرتا اپنی سچائی اپنی شاعری اپنی نثر نگاری ہر ہر حوالے سے امر ہو گئی۔۔وہ ایک سچی عورت تھی ایک سچی شاعرہ ایک سچی اٹل لکھری کھاری۔۔۔جس نے کہا

"اوے میں تڑکے گھڑے دا پانی

کل تک نہیں رہنا

افضال شاہد

امرتا پریتم

[illegible]

اور صحافتی خدمت کا تذکرہ محض ضمناً کیا جائے۔ سرداروں کو یقیناً آج بھی امرتا پر غصہ آتا ہوگا۔ وہ آج بھی اس بات پر تپے ہوئے ہوں گے کہ امرتا نے ان کی ناک کاٹ دی مگر کاش وہ یہ بھی سوچتے کہ ان کی اس بچی نے اپنی سوچ، عمل اور تخلیق کے ذریعے سارے پنجابیوں کا نام بھی روشن کیا ہے۔ دنیا بھر کے ترقی پسند اور مزاحمتی ادب میں اس کی تخلیقات کی ایک الگ پہچان ہے۔ ہونٹ منہ جس کا ماتھا چوم کر اس کے قلم کو اپنی بندوق سے تشبیہ دیتا ہے، ایوارڈ دینے والے نئے پنجاب کی آواز بنتے ہیں اور جس کی تخلیقات آج بھی پڑھنے والوں کو ایک انجانا سرور اور آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتی ہیں۔ جو آج بھی جنوبی ایشیا کی خواتین کی بڑی آبادی کے حقوق اور جدوجہد کی علمبردار ہے۔ وہ اس خطے میں بسنے والی عورتوں کی آواز اور ان کے تشخص کی پہچان ہے۔

پورا پنجابی ادب اور اردو ادب ہندوستان کی تقسیم کے حوالے سے کئی شاعری میں اس کی ایک نظم "آج آکھاں وارث شاہ نوں" کا بدل نہیں ہو سکا۔ جو آج بھی تاریخ کے اس موڑ پر اپنوں کے ہاتھوں اپنوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف ایک شاہکار صدائے احتجاج ہے تاہم یہ بھی امرتا کے ساتھ زیادتی ہے کہ اسے صرف ایک اسی نظم کے حوالے سے یاد رکھا جائے۔ اس نے اپنی شخصیت کی ساری بے باکی اپنی خودنوشت "رسیدی ٹکٹ" میں سمو دی تھی۔ اس کی شائع ہونے والی کتب کی تعداد سوا سو کے قریب ہے جو بجائے خود ایک خاتون لکھاری کے لیے ایک ریکارڈ ہے۔ اس نے پنجابی اور ہندی میں شاعری کی، کہانیاں لکھیں، ناول تحریر کیے۔ اس کے فن پر لکھنے اور بولنے کے لیے بہت کچھ ہے مگر یاروں نے اسے محدود کر دیا ہے۔ جو کسی طرح بھی اس کے فن کے ساتھ انصاف نہیں ہے۔

امرتا اور اس کے فن کے ساتھ ہونے والی اس ناانصافی کا ازالہ ہی اس وقت ہمارے پیش نظر تھا جب اس کے اس دارِ فانی سے رخصت ہونے کے بعد ورلڈ پنجابی کانگریس نے لاہور میں امرتا کی یاد میں ایک عالمی تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا۔ جس میں بھارت سے آنے والے دانشوروں نے اس پر اطمینان اور مسرت کا اظہار کیا کہ امرتا کی یاد میں اتنی بڑی تقریب بھارت کے کسی بھی شہر میں نہیں ہوئی اور یہ بلاشبہ کانگریس کے چیئرمین فخر زمان اور ان کے ساتھیوں کا اعزاز ہے۔ میری ہمیشہ سے یہ خواہش تھی کہ کبھی میں بھی اس باکمال تخلیق کار سے ملاقات کا شرف حاصل کروں۔ اس کانفرنسوں کے سلسلے میں بھارت جانے کا اعزاز ہو چکا تھا مگر اجازت ہی نہیں آئی تھی۔ جب دبئی کانفرنس کا دعوت نامہ وصول ہوا اور ورلڈ پنجابی کانگریس کا وفد تیار کر لیا گیا تو اس بار خوشی اس بات کی تھی کہ امرتا سے بھی ملاقات ہوگی۔ امرتا جی سے ملنے کے لیے وفد کے

تقریباً تمام اراکین بے چین تھے۔

کانفرنس کی مصروفیات میں سے وقت نکال کر اپنے اپنے طور پر بہت سے ساتھیوں نے K-25 حوض خاص پر حاضری دی۔ میں بھی ان خوش نصیبوں میں شامل تھا۔ خواہش تو یقیناً پوری ہوئی مگر ایک حسرت باقی رہ گئی کہ امرتا کے ساتھ ہمکلام نہ ہو سکا۔ میرے سامنے ایک زندہ لاش پڑی ہوئی تھی۔ بس کبھی کبھی آنکھیں کھول کر پاس بیٹھے ہوئے لوگوں کو دیکھ لیتی۔ امروز اشاروں میں اُسے بتاتا جو ہماری سمجھ سے بہر حال بالاتر تھے۔ وہ کئی برسوں سے اسی طرح بستر پر تھی اور امروز نے اس کے ساتھ تکلم کے لیے اشاروں کی یہ خاص زبان ایجاد کر رکھی تھی۔ امروز نے بتایا کہ بس روح اور جسم کا ایک معمولی سا تعلق باقی ہے نہ جانے کب ٹوٹ جائے اور امرتا ہمیں چھوڑ کر پرلوک سدھار جائے۔ یہ منظر آج بھی ایک تازہ دکھ کی طرح میرے اندر موجود ہے۔ میں نے امرتا کا ہاتھ چھوا۔ جس میں بس ہلکی سی حرارت تھی جو اس بات کا ثبوت تھا کہ سانس کی ڈور ابھی بندھی ہے۔ ہماری دلی سے واپسی کے چند ماہ بعد ہی امرتا کی رحلت کی خبر آ گئی۔ وہ بھی دنیا کے دیگر بہادر لوگوں کی طرح انتہائی سخت جان تھیں۔ جس طرح اس نے زندہ رہنے کے لیے اپنے اصول خود وضع کیے تھے اسی طرح کئی برس تک مسلسل موت کے فرشتے کو بھی خود پر فتح پانے سے روکے رکھا۔ تاہم مجھے تو کبھی وہ رانجھے کی ہیر کبھی مہینوال کی سوہنی اور کبھی مرزے کی صاحباں لگتی ہے۔ جس نے "تو زنجھانا" تو سیکھا تھا مگر اپنے رانجھے، مہینوال اور مرزے کو پانا شاید اس کے نصیب میں نہیں تھا۔

افضل توصیف

امروز جی۔۔۔۔۔

امرتا پریتم کا جیون ساتھی امروز ایک بڑا آرٹسٹ ہے۔ دونوں قریب قریب آدھی صدی ساتھ رہے۔ اس عرصے میں دونوں نے اپنا اپنا کام کیا۔ امرتا نے شاعری کی اور اب بھی۔ امروز نے مصوری کی اور رنگوں کو نئے روپ عطا کرتا رہا۔

کہتے ہیں شاعر پیدا ہوتا ہے اور مصور بنایا جاتا ہے۔ امروز جی نے مجھے بتایا کہ شاعر کی ادائی سے پہلے میں ایک نظم سے پہلے آمد ہو جاتی ہے اور مجھے پتا ہوتا ہے۔ اب تک وہ قلم اٹھا کر اسے لکھ نہیں لیتے۔ نظم جو پہلے شاعر کے ذہن میں بنتی ہے وہ مصور کے ذہن میں چلی جاتی ہے۔

مصور اب شاعر بھی ہے۔ زندگی بھر اپنی بات اپنی زبان میں کہتے ہیں امروز جی نے امرتا جی کی نظموں سے پیار کیا۔ ایک پرندہ دوسرے پرندے کا ساتھ دیتے رہے۔ پنجابی سخن گو کی چھاپ ان کی زندگی پر پڑی ہے۔ دونوں خوبصورت پنجابی تھے اور دھرتی سے بہت قریب رہے۔ امرتا جی کی نظم اس بندھن کو کس طرح بیان کرتی ہے۔ امروز جی نظم سے دیکھتے ہیں۔

پنجاں دریاواں دی جائی
دھرتی دی سرکاری دے
سارے پانیاں تھوں
وقت دی تیز رفتاری دے
اس اوہدی نیں رکھی ہے
اوہدی ہوندی اتھرا اتھرا وچوں
اوہدی ہوندی رہی اے

سن رہی ہے

امرتا پریتم کون تھی، کیسی تھی؟ اگر پوچھو تو..... امروز کہتا ہے

اوہ اِکّو اِکّو ہوتا

تے کوئی ہوتا زندگی

امروز امرتا، امرتا امروز ایک روح دو قالب، نہیں قالب بھی ایک، روح بھی ایک

ثبوت

ہر کوئی کہہ رہا ہے

کہ اوہ نہیں رہی

پر میں کہندا ہاں

کہ اوہ ہے

کوئی ثبوت.....؟

جے اوہ نہ ہوندی

میں وی نہ ہندا

امرتا کون تھی، کیسی تھی اور کیا تھی؟؟؟ ساری بات کوئی نہیں بتا سکتا۔ ہاں مگر امروز کو ٹھیک پتہ ہے وہ کون تھی، کیسی تھی اور کیا تھی۔

امرتا

کدے کدے خوبصورت سوچاں

خوبصورت سریر دی

دھار لیندیاں ہن

آپ نے کیا ہے؟

زندگی سے رنگوں میں

اپنے نفس کا امین

۳۱ اکتوبر ۲۰۰۵ء [illegible] کی رات تھی [illegible] رات میں [illegible] یا تھی۔

رکھیے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اوہدا ناں پنجیا

امرتا میرا ناں،

اوہ کاغذ تے اکھر اکھر ہوگئی

وہ پہلا دن تھا پھر نظم اکثر آنے لگی۔ تیری شکل میں تیری طرح میری طرف دیکھتی رہتی ہے۔ کئی بار وہ میرے ساتھ بات کرتی ہے۔ وہی پرانی بات۔

''میں تینوں فیر ملاں گی''

اوہ تے جاندی نہیں

تے میرے اندر ہی گم ہو جاندی اے

ہو کے آواز نئی۔

ہو کے آواز نئی تاں اوہ آپ وی کہہ گئی اے

امرتا پریتم کی آخری نظم ''میں تینوں فیر ملاں گی'' ۲۰۰۲ء میں شاعرہ کا وقت پورا ہو گیا۔ لیکن اب وہ اس کی عمر امر ہو گئی ہے۔

''وقت دی گل''

جدوں آپاں مل

سی اے شام ہوندی سی

تاں روز شام نوں سندے سان

کئی نظمی شام دے مدھم ہوندے رنگاں دی

بکھرے تھلے

چپ چپ اک دوجے نوں ویکھدے

تردے رہندے تے سنے رہندے

ویلے دا پل پل لنگھدے

فیر اوہ وقت آیا، جدوں

آپنی شام مر جدی ہوگئی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ہر شے چوں لکھدی ہوئی

میرے دل نوں لگ جاندی

امرتا کے چلے جانے کے بعد امروز کو لگا۔ ساری دنیا اس کے دل جیسی ہو گئی ہے۔ امرتا کے بارے میں ہی سوچتی رہتی ہے۔

امروز کی ایک اور نظم ہے۔

سوہنی

تصویراں دی دکان دے باہر

سوہنی دی تصویر ویکھی

میں اوس سوہنی نوں کھلے آیا

اوس تصویراں ویکھدیاں ویکھدیاں

مینوں اوہ سوہنی وسن لگ پئی

جس نے پنجاب دا اک دریا

کچے ہتھاں پار کیتا سی کئی وار

تے اج میں اک ہور سوہنی وارے

سوچ رہیاں۔

امرتا ہری سوہنی سی

اوسے نیں آپنے قلم نال اوتھی صدی

سارا پنجاب پار کیتا

اکا تار

کویتا

من دی ہوب ندا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پولیس نہ کمانڈر نہ کمانڈو

اندر سب ٹھیک ہیا ہوں ٹھیکے دا

ذرا وی کوئینا

ایس دا وی دا ہے ایک وسنیک سپارٹکس اے

تینوں پتا اس

سپارٹکساں نوں وی دست ہیں سدا

اچھا!

تے فیر تسیں کون ہو؟

کیہ کردے ہو ایس دنیا وچ.....؟

میں.....؟

میں ہلیو پنت ہاں

ایس دنیا دا

اس دور کی شاعری میں ایک نوعیت کی ترقی الوتی آئی ہے۔ آرٹسٹ رنگوں کی زبان میں اپنا خیال ظاہر کرتا ہے لیکن جب وہی آرٹسٹ پوئٹری کرے تو اس کے لفظوں کے معنوں میں نئے رنگ آجاتے ہیں۔ ایک نظم ہے۔

سوچاں تردیاں

پتہ نئیں دن دی کدوں رات

زندگی سوچاں وچ تردی تردی

اپنا نال ترگئی.....

سامنے جھواں دی وادی آگئی

سوچاں دی خوب صورت وادی

تھوڑا اے جانے ویلھیا!

پھلاں دے اک رکھ ہیٹھ

اک بزرگ چٹے سفید کپڑے پائیں

دھیان ان اکائیں بیٹھا سی

ہور اے جائے ویکھیاں تاں

عجب نظارا اوس پیا

آتے پاتے ہر پاتے

نئے سارے لکھے ان لکھے کاغذ

تے بہت سارے پورے ادھورے سکیچ ویکھے

زندگی نے رتا وسوچیا

اوہ کیا

جدوں بزرگ نے اکھاں کھولیاں

تاں ہتھ دے اشارے نال بلایا

"ہن بیٹھا کیہ!

اٹھ کے کم کر!"

ایم۔ خالد فیاض

امرتا کے چند نسوانی کردار

میرے پیش نظر اس وقت امرتا پریتم کے جو نسوانی کردار ہیں ان میں ''جندرو'' (کنویں کی بوکی)' ''چھلو'' (چھلک چھلو) ''مس کملا داس'' (کوری ہانڈی) ''بندو'' (تجارت کا سوال) ''شمی'' (شمی) ''ماڈل گرل'' (ماڈل گر) ''کیرتی'' (ایک المیہ) 'دھنو' (دھنو) ''نہال کور'' اور ''ویرو'' (سرد آہ) قابل ذکر ہیں۔

امرتا کے بیشتر نسوانی کردار دھیمے مزاج کے اور اپنی دنیا میں گم یا الجھے ہوئے نظر آتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ حالات اور واقعات کے بہاؤ میں بہتے چلے جاتے ہیں' زمانے کی ہواؤں کا رُخ موڑنے یا رسم و رواج کی دیواروں سے ٹکراتے دکھائی نہیں دیتے۔ ان میں ردِعمل اور تحرک کی وہ جہت مفقود ہے جو ہمیں بالعموم عصمت کے ہاں دکھائی دیتی ہے۔ امرتا کے ان کرداروں میں ایک طرف نسوانی جذباتیت کے عناصر ہیں تو دوسری طرف صبر و تحمل اور برداشت کی قوت ہے۔ امرتا اپنے نسوانی کرداروں کی مختلف جذباتی حالتوں اور صورت حال کی نزاکتوں کا بیانیہ رقم کرتی ہیں' کسی خاص نتیجہ کو اخذ کرنے یا خاص تاثر کو شدت سے ابھارنے کی کوشش نہیں کرتیں اور اسی لیے ان کے ہاں کوئی خاص ڈرامائی صورت حال بھی پیدا نہیں ہوتی۔

''کنویں کی بوکی'' کی ''جندرو'' ایک باہمت عورت ہے جو پہاڑ کی اوٹ میں درختوں کے جنگل میں ایک چھوٹے سے دو منزلہ مکان میں رہتی ہے اور کھیتوں میں کام کرتی ہے۔ بچپن سے ہی وہ باپ کی لاٹھی بن گئی اور پھر ساری زندگی اپنے وجود کو سہارتی رہی۔ اس کی زندگی کنویں کی بوکی کی طرح گزرتی ہے جس میں ایک پیاسا راہ گیر آتا ہے اور اپنے ہاتھوں کی روک اس کے سامنے کرتا ہے تو وہ ساری کی ساری اس میں جا گرتی ہے مگر وہ پیاسا مصور جو وہاں رنگوں سے بھری ہوئی تصویریں بنانے کے لیے آیا تھا' جندرو کو پتھر کی مورت بنا کر اس میں رنگ بھرتے بنا چلا جاتا ہے اور کنویں کی بوکی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خالی رہ جاتی ہے۔ لیکن کنویں کی اس بوکی کو کسی

پر کوئی افسوس نہیں۔ وہ کہتی ہے

''نہیں نہیں کوئی غم نہیں میرا پانی تو کام آیا۔۔۔ اس کی پیاس تو بجھ گئی۔۔۔۔۔۔۔ مجھے کوئی افسوس نہیں ہے اس پر اپنے آپ پر۔۔۔۔۔۔۔''

یوں جندرو صابر و شاکر عورت کے روپ میں سامنے آتی ہے اس میں احتجاج یا رد عمل نہیں ابھرتا وہ مفاہمت پر آمادہ ہے۔ بے شک وہ ایک باہمت اور حوصلہ مند عورت ہے مگر اس کی ساری ہمت اور حوصلہ فطرت سے ٹکرانے میں ہے سماجی ناانصافی سے ٹکر لینے میں نہیں۔ اس کی مزاحمت جس قدر بھی ہے فطرتی مظاہر کے ساتھ ہے سماجی عوامل کے ساتھ نہیں۔ سماجی سطح پر اس نے اپنے آپ کو حالات کے بہاؤ پر چھوڑ رکھا ہے۔

غربت کے ہاتھوں جنسی استحصال کا شکار امرتا کے دو نسوانی کردار قابل ذکر ہیں۔ ایک ''چھمک چھلو'' کی ''چھلو'' اور دوسری ''گوری باندی'' کی ''مس ملاداس''۔ چھلو کا باپ معذور اور ماں سوتیلی ہے۔ وہ نوکریاں بناتی ہے اور گھر سے باہر جا کر لاری والوں یا موٹر والوں کو نوکریاں بیچنے پر مجبور ہے۔ لیکن نوکریاں بیچتے ہوئے اس کا منہ لوسے جیسا بن جاتا ہے اور اس کی سوتیلی ماں کے بقول اسی لیے چھلو زیادہ نوکریاں نہیں بیچتی۔ مگر ''رتنا'' کے بقول اخبار بیچتے ہوئے باتیں کرتے ہوئے چھلو کا منہ لوسے جیسا نہیں رہتا بلکہ کھل اٹھتا ہے۔ پھر آج چھلو سے اس کے باپ نے فرمائش کر رکھی ہے کہ ''چھلو بیٹا۔۔۔ آج پوری تیس نوکریاں بیچنا اور واپسی وقت کسی دکان سے پورا آدھ سیر گوشت لیتی آنا۔۔۔ لہسن پیاز اور سب اور ہری مرچ بھی لیتی آنا۔ تیس تو تیری ماں ابلا ہوا گوشت سامنے رکھ دے گی۔''

اس لیے آج چھلو میں نوکریاں بیچنے کے لیے اس کوشش میں ہوتی ہے کہ اس کا منہ لوسے جیسا نہ بننے پائے۔ اگرچہ رتنا اسے موٹر والوں کے پاس جا کر نوکریاں بیچنے سے منع بھی کرتا ہے اور کہتا ہے ''میں تمہاری نوکریاں خرید لوں گا لیکن چھلو کو یہ بھی گوارا نہیں۔ لہٰذا وہ ایک موٹر والے کے پاس جا کر اپنی نوکریاں دکھانے لگتی ہے لیکن موٹر والے کے دل میں کچھ اور ہے وہ چھلو کو ساری نوکریاں خرید لینے کا جھانسا دے کر موٹر میں سوار کر کے ویرانے میں لے جاتا ہے اور جب چھلو کو ہوش آتا ہے تو وہ ایک درخت کے نیچے پڑی ہوتی ہے اور اس کی جیب میں دس روپے کا نوٹ ہوتا ہے۔ جب وہ لاری میں سوار ہو کر واپس جاتی ہے تو اس کا جی چاہتا ہے کہ ''اچھا ہوا اگر وہ اس چلتی ہوئی لاری سے کود پڑے اور مر جائے اور اس کو سب

[illegible] ہوجاتی ہیں۔ "[illegible] ہوتا ہے جب وہ گلی سے گزرنے پر گوشت کی دکان کے سامنے پہنچتی ہے تو اس کے قدم رک جاتے ہیں۔" [illegible] پھوٹے ہانڈی میں گوشت رکھا اور اس کے ساتھ [illegible] پیاز اور ادرک اور [illegible] مرچ بھی رکھ دی۔" اور جب اس کی ماں "کرتار" ہانڈی میں گوشت بھونتی ہے تو پھوکا باپ "کرتار" سے جتاتے "مجھے آج کھر بہت ہوا اٹھائی دے رہا ہے۔" اور پھر افسانے کا اختتام اس طرح ہوتا ہے

> "پھوکے جلتے ہوئے چولہے کی طرف دیکھا۔ چولہے کا سارا جسم آگ کی طرح جل رہا تھا۔ چولہے کے اوپر ہانڈی رکھی ہوئی تھی۔ پھوکو محسوس ہوا جیسے اس ہانڈی میں اس کی محبوبہ بھونی جا رہی ہے۔
>
> "اچھا بیٹی اب تو کوئی لوکریاں بنانا شروع کر دے۔ میں نے تیرے لیے نئے پتے بھی رکھے ہیں۔" ماں "کرتار" زندگی میں پہلی بار اس سے اتنے پیار سے بولی۔
>
> "مٹی کی ہانڈی پھوکو کے چولہے پر چڑھی ہوئی۔ اس کے ایک ہاتھ میں پتے تھے اور دوسرے ہاتھ میں [illegible] رہی تھی کہ آج چولہے میں وہ پتے نہیں [illegible] لکڑیاں جلتی ہیں اور آج سے [illegible] پہنچنے کے لیے اپنے اخبار [illegible] میں [illegible] ایک معصوم لڑکی کے قتل ہونے کی خبر چھپی ہے۔"

پھوکو اپنی خواہشات کے مقابلے میں اپنی ماں اور باپ کی خواہشات اور ضروریات کے لیے "مٹی کی ہانڈی" [illegible] پر مجبور ہے۔ وہ اس مجبور زندگی سے اتعلق کی بھی ہے اور وابستگی بھی ہے۔ اس کے اندر بغاوت اور [illegible] کا احساس ایک وقت [illegible] ہوتا ہے۔ [illegible] کے سامنے اس کا کوئی [illegible] اپنے پیشے اور مجبوری سے اتعلقی کا اظہار ہے۔ "ضرورت سے احتجاج" کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ لیکن باپ کی فرمائش کو پورا کرنے کے لیے [illegible] کے ساتھ [illegible] کی کوشش کرنا (یعنی اپنی توقعات پورا کرنے کی خواہش) اور اس کے لیے [illegible] جیسے چھوٹے محبوب کی بات کی پرواہ نہ کرنا اس کے ایک طرح سے تعلق [illegible] کا پتہ دیتا ہے۔ [illegible] افسانے کی اختتامیہ سطور اس بات کا اعلامیہ ہیں کہ اب پھوکو کے سامنے کوئی جیسا [illegible] نہیں رہا ہے اور اس ضرورت سے احتجاج سے بھی [illegible] جو ممکن تھا [illegible] چلی [illegible] اندرونی کشمکش یا 'Dilemma' کو [illegible] اور یہی وہ اتعلق ہے جس کی

خبر اخبار میں کبھی شائع نہیں ہوئی۔

مس ملاداس جو ملازمت کرنے پر مجبور ہے اسے اس کا باس دو کی تنخواہ کا لالچ دے کر اپنے ساتھ دوسرے شہر لے جاتا ہے اور جب واپس لوٹتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ مس ملاداس اب "وری باندی" نہیں رہی بلکہ "کالی کلوٹی باندی" یعنی تجربہ (نظم ہو) بن گئی ہے۔ اگرچہ یہ کالکھ مس ملاداس نے اپنے چہرے پر خود نہیں لگائی ایک ظالم نے لگائی تھی مگر اس کے دل میں محبت کا ایسا پانی تھا ہی نہیں کہ جس سے وہ اس وری باندی کی سیاہی کو صاف کر دیتا۔۔۔ اسے دھو ڈالتا۔۔۔ پونچھ لیتا۔۔۔ اسے سنوار لیتا۔۔۔ اور پھر اس کو اپنی مقدس چوکھٹ کی زینت بنا لیتا۔ لہٰذا مس ملاداس غریبی میں چھپا تھک کر خودکشی کر لیتی ہے۔

یہ افسانہ (وری باندی) اگرچہ اپنی تخلیق اور تاثر کے لحاظ سے بڑا تجربہ ہے مگر مس ملاداس کا کردار اپنی حد درجہ انفعالیت کی وجہ سے متاثر نہیں کرتا اور اس میں اس کی مجبوری یہ تھی کہ انہیں معاشرے کی اس فعالیت و شدت سے ابھارنا تھا جو ایسے مردوں کے معاشی اور جنسی استحصال کو نمایاں کر سکے اور اس کے لیے مس ملاداس کے کردار میں انفعالیت سے درجات درجہ ضروری تھا۔

"بندو" عورت کا ایک پرتو ہے۔ وہ شعار عورت کی محبت کرنے والی اور اپنا سب کچھ نچھاور کرنے والی خالص ہندوستانی ناری ہے جو اپنے لیے نہیں صرف اپنے اس مرد کے لیے زندہ رہتی ہے جس سے ایک بار اپنی جان لیتی ہے۔

بندو رمیندر کی محبت میں اپنا گھر بار سب چھوڑ چھاڑ کے آ جاتی ہے اور بطن سے اس کے بچے کی ماں بن جاتی ہے لیکن رمیندر اس کی زندگی جہنم بنا دیتا ہے اور آخر کار اس کی بے رخی کی وجہ سے ہی بندو گھر واپس آ جاتا ہے۔ رمیندر کی وجہ سے وہ اپنا گھر بار چھوڑ کر آتی ہے حتیٰ کہ اس کا بچہ بھی مر جاتا ہے مگر جیسے ہی وہ خوش ہوتی ہے اور اس میں میری خوشی ہے کہنے والی بندو کو تجارت کا سوال بھی نہیں آتا۔ رمیندر اس وقت جب اپنی محبت کی باہوں میں پناہ دیتی ہے جب وہ افلاس بیماری اور کانٹوں سے بھرے ہوئے راہ گزر میں تھک کر بندو کی چوکھٹ پر آن گرتا ہے۔

پورے افسانے میں بندو کی زندگی صرف اور صرف رمیندر سے وابستہ ہے اس کی دنیا اس کا جہان صرف رمیندر ہے۔ یہ رمیندر کی خوشی اسے بڑھا دیتی ہے اور اسی پر نثار ہونے والی ہے۔ یہاں مثالیت اس قدر بڑھی ہوئی ہے کہ حقیقت پسندی کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے۔ جذباتیت اور مثالیت پسندی کا دامن

کردار کی بنت میں کئی سقم چھوڑ جاتا ہے جس کی وجہ سے فنی سطح پر یہ کردار متاثر نہیں کر پاتا۔

''شمی'' ایک مکمل جذباتی کردار ہے جس کا المیہ یہ ہے کہ ''جب میں نے محبت کے حروف پڑھنے شروع کیے تو زندگی نے میرے سامنے دو کتابیں رکھ دیں ایک میں زندگی کا فلسفہ تھا زندگی کا کیا تھا زندگی کا حل تھا دوسری میں دلچسپ کہانیاں تھیں اور چند رنگین و شوخ تصویریں۔ پہلی کتاب مجھے مشکل نظر آئی اور میں نے زندگی کا وہ الف رکھ دیا اور دوسری کتاب کی رنگین تصاویر میں کھو گئی۔ جب دل نے شمی کے شوخ کیے تو مجھے میری کہانیاں تسکین نہ دے سکیں اور پھر جب میں نے پلٹ کر زندگی کے وہ دو پھول چاہا تو زندگی نے وہ میرے ہاتھوں سے چھین لیا'' اور اسی غم میں غلطاں و پیچاں شمی موت کے منہ میں چلی جاتی ہے اور ایک sodo-Tragic تاثر ابھارتی ہے۔

جہاں تک سوال ہے Realistic Approach کا تو وہ امرتا کی ''ماڈل رول'' میں نظر آتی ہے۔ امرتا کی یہ ماڈل رول بہت دور اندیش ہے کیوں کہ اسے ''بہت دور تک دیکھنے کی عادت سی ہوئی ہے۔۔۔'' وہ زمانے کے نشیب و فراز سے بخوبی آگاہ ہے اور سماجی تعلقات کی سطح پر زندگی بسر کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ

''چیتن انسان کی بھی ایک آگ ہوتی ہے لیکن وہ جسم سے ٹکرا کر بجھ جاتی ہے۔ بعد میں سب کچھ ٹھنڈی راکھ بن جاتا ہے۔'' اور کپڑوں کی طرح بدن بھی اتارا جا سکتا ہے۔ لیکن کپڑوں کے بدلنے سے بدن کی سب کے ہاتھ لگ جاتے ہیں۔ صرف جسم تک رہ جاتے ہیں۔ اور جو ہاتھ اس سے آگے ہوتا ہے اس سے دور۔۔۔۔۔۔''

''یرتی'' امرتا کا ایسا نسوانی کردار ہے جو پیش منظر پر زیادہ نمایاں تو نہیں ہوتا مگر اس کے باوجود اپنا گہرا تاثر ابھارنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ یرتی اور شوکار کے درمیان پیدا ہونے والا تعلق وقت اور سماج کی رکاوٹوں کو ساتھ لے کر چلتا ہے۔ اس لیے یہاں جس المیے سے ہم دوچار ہوتے ہیں اس کا منبع داخلی جذبات اور خارجی مجبوریوں کی کشمکش سے ہوتا ہے۔ یرتی کی خوب صورتی یہ ہے کہ وہ پابندیوں کے ساتھ ساتھ آزادیوں سے انحراف کی قوت رکھتی ہے۔ وہ ایک طرف اخلاقی تقاضوں کو سماج کے تقاضوں و بھاتی ہے تو دوسری طرف بچاتے ہوئے تقاضوں سے ہاتھ اٹھا کر اپنے جذبات کا حال بھی سناتی ہے۔ اس کردار کی دوہری دھاری امرتا نے ان الفاظ میں ہوتی ہے۔ لکھتی ہیں

''انسانی رشتوں کی دوہری نزاکت میں بندھی ہوئی کیرتی نے شوکمار کے جلتے خط کے جواب میں ایک ویسا ہی خط لکھ دیا تھا اور رسموں اور روایتوں سے ایک سرد رسم سے تقاضے پر اس نے سرخ دھاگے کا ایک ٹکڑا بھیج دیا تھا۔''

تبدیلی کی خواہاں اور منہ پھٹ اور مردمار قسم کی ''دھنو'' امرتا کے تمام نسوانی کرداروں میں واحد متحرک اور جی دار کردار نظر آتا ہے۔ اس کے ماضی کی حقیقت سے پوری طرح کوئی آگاہ نہیں محض روایتیں مشہور ہیں۔ منہ پھٹ ہونے کی وجہ سے گاؤں بھر میں کسی کو دھنو کے سامنے پھٹکنے کی جرات نہیں۔ وہ جب تک زندہ رہتی ہے اپنے زور بازو پر زندہ رہتی ہے۔ بظاہر اسے کوئی فکر نہیں اور وہ اکثر کہتی ہے کہ ''پلے دھیلی بندھی ہوئی ہے کوئی مشکل بنی تو دھنا لوں گی۔'' لیکن ایک بار جب گاؤں کا ایک نوجوان ''دھنو'' سے کہہ بیٹھتا ہے کہ ''دھیلی تو دھنو یہ لحد کی بھی ہے'' تو دھنو اس کے گریبان میں ہاتھ ڈال کر کہتی ہے ''چلو دھنا لوں۔۔۔ تمہاری ماں کی شلوار میں ہے۔۔۔'' اس کے بعد گاؤں کے کسی مرد کو یہ ہمت نہیں ہوتی کہ وہ دھنو کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھے۔

اصل میں دھنو عورت کی معاشرتی حیثیت اور اس کی مجبوریوں سے بخوبی واقف ہے۔ لہٰذا اس سلسلے میں اس کا فلسفہ بڑا سیدھا سادہ اور دوٹوک ہے۔ کہتی ہے

''عورت کو تو خدا نے شروع ہی سے دھیلی بنایا ہے۔ روپیہ دھیلی تو کوئی کرموں والی ہوتی ہے جسے اپنی مرضی کا مرد مل جائے۔ لیکن ایسی عورت تو کسی نے دیکھی نہ سنی۔ گھر گھر دھیلیاں ہیں۔ بس وہ تین پونیوں، نخرہ یا اور دنیا سے نہ سہیں۔۔۔۔''

دھنو ہماری روایتوں اور بندھنوں کی باغی ہے جس کی وجہ سے اس کی باتوں میں تلخی و تیزی کے ساتھ ساتھ طنز کے نشتر بھی موجود ہیں۔ اس کی بغاوت محض جذباتی نہیں اس کی پوری زندگی کے تجربے کا نتیجہ ہے اسی لیے جب مرتے وقت دھنو سے کہا جاتا ہے کہ وہ توبہ کرلے تاکہ اگلے جہان کا حساب کتاب آسان ہو جائے تو وہ ہنس کر کہتی ہے

''میری فکر یوں کرتی ہو۔ بھگوان کو حساب دینا ہے دے لوں گی۔ یہ دھیلی جو پلے بندھی ہوئی ہے بھگوان سے جوں کی توں لے لینا اور حساب چکتا کر لینا۔''

بغاوت سے بھری ہوئی یہ دھنو تبدیلی پسند ہے اور جب اس کی وصیت سامنے آتی ہے تو وہ باقی سے زیادہ انقلابی صورت میں نظر آتی ہے۔ دھنو اپنی تمام زمین گاؤں کے اسکول کو دے جاتی ہے اور لکھ جاتی ہے کہ

یہ ہی ایک ہی خواہش ہے کہ یہاں بھی چار حرف پڑھ لیں اور ان کی زندگی خوار نہ ہو۔"

امرتا کا افسانہ "سردار" حقیقت نگاری کی ذیل میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ یہاں دو نسوانی کردار "نیبال کور" اور "ویرو" اس طرح آمنے سامنے ہیں کہ جو نہ صرف دو مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں بلکہ انہیں نمایاں بھی کرتے ہیں۔ بظاہر یہ کردار ایک دوسرے کا counter part ہونے کا شائبہ پیدا کرتے ہیں مگر ایک دوسرے سے یہ دونوں اپنی اپنی صورت حال سے مدمقابل ہیں۔

نیبال کور سردار کی چہیتی بیوی ہے۔ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے سردار کو وارث کی فکر لاحق ہوتی ہے تو نیبال کور سردار کی دوسری بیوی ویرو کو تلاش کر کے لاتی ہے اور یوں سردار کے حصے سے نکلنے والی سرداری کو اپنے حصے میں لانے کی کوشش کرتی ہے۔ ویرو کو نیبال اپنی بیٹی اور ہمدرد کی طرح خیال کرتی ہے اس کی ایک ایک بات کا اسی طرح پاس و لحاظ رکھتی ہے جیسے ایک ماں اپنی بیٹی کا رکھتی ہے۔ نیبال کور کا کردار ایسی عورت کا ہے جو ماں کی شکل میں پیش ہوا ہے جس نے نیبال کور سے سردار کو ایک وقار اور متانت بخشی ہے۔

دوسری طرف ویرو اس بات پر نازاں ہے کہ اس کے باپ نے دو ہزار روپے لے کر اسے ایک بوڑھے کھوسٹ (سردار) کے ساتھ باندھ دیا ہے اسی لیے نیبال کور جب بھی ویرو کے چہرے کی طرف دیکھتی تو اس کے دل میں ایک فکر پیدا ہو جاتی۔ ویرو کی کالے بھنوروں جیسی آنکھیں تھیں۔ رنگ کی ذرا سانولی تھی مگر سانولے رنگ میں جوانی سخت آلے کی طرح کندھی ہوئی تھی اس کی باہیں بیلوں کی طرح گول اور سخت تھیں۔ سر سے جسم میں انگلی کا ایک پور بھی نہیں گھستا تھا۔ سردار کو محسوس ہوا کہ سردار سے جو سرداری اس نے لے لی تھی وہ اس نے سرداری کو اپنے حصے میں محفوظ کر لیا تھا۔"

اس اثنا میں ویرو سے پوتا پیدا ہو جاتا ہے اور وہ زچگی کے لیے نیبال کور کے ساتھ اپنے میکے چلی آتی ہے۔ یہاں وہ ایک بیٹے کو جنم دیتی ہے اور ساتھ ہی نیبال کور پر انکشاف کرتی ہے کہ یہ بچہ سردار کا نہیں بلکہ اس کے عاشق کا ہے اور اپنا فیصلہ بھی سنا دیتی ہے کہ اب وہ سردار کے حوالے نہیں جائے گی۔ وہ نیبال کور سے صاف کہہ دیتی ہے کہ اس عاشق کا نام ست نام ہے اور اس عشق کو اس نے کالی رات کا نام دیا ہے۔ سردار (نیبال کور) کہتی ہے کہ یہ خدا (عشق) تو شاید ہی شدت اور اس سے وہ بچتے ہیں تو ویرو کہتی ہے اس لیے وہ اس کی ماں نے سردار کو پیٹ چل کر یا تو اس کی ذمہ داری بالکل جاتی رہتی ہے اس لیے وہ اپنے حق

بتاتا ہے کہ میں اس کی نوکری چھڑاؤں۔ وہ جہاں بھی رہے خوش رہے۔ میں نے ایک دفعہ دیکھ تو لیا جوان بازوؤں کی پکڑ کیسی ہوتی ہے۔۔"

اس طرح اگرچہ ویرو کا باغیانہ رویہ ہمارے سامنے آتا ہے لیکن اگر غور کریں تو یہ بغاوت محض فطری تقاضوں کی تسکین تک محدود رہتی ہے۔ سماجی یا معاشرتی حقوق کی پاسداری اس کا مطمع نظر نہیں۔ ویرو جانتی ہے کہ منشی مدن سنگھ اسے گھر بسا نہیں سکتا اور وہ اس پر مصر بھی نہیں اور نہ وہ اسے اپنا حق سمجھتی ہے۔ بلکہ اس کا خلوص دیکھیے کہ اس منشی کی نوکری کے لیے متفکر ہے۔ دوسری طرف اب وہ سردار کے گھر بھی نہیں جا سکتی اور وہ اس لیے نہیں کہ اسے سردار کا پاس ولحاظ یا پاس ہے بلکہ نیبال کور کا وہ مشفقانہ اور ہمدردانہ رویہ ہے جس نے اسے مجبور کر دیا ہے اور وہ اسے دھوکا نہیں دے سکتی۔ یہاں بھی نیبال کور کے ساتھ ویرو کا خلوص اور سچائی دیکھیے۔۔۔۔ وہ کہتی ہے

"سردارنی! میں دنیا سے جھوٹ بول سکتی ہوں مگر تم سے نہیں۔۔۔ میں سردار کی کسی طرح بھی احسان مند نہیں ہوں۔ مگر میں تمہاری احسان مند ضرور ہوں۔ اگر یہ لڑکا صرف سردار کے آنگن میں ہی جنتا تو مجھے کوئی عذر نہیں تھا مگر میں اسے تمہاری جھولی میں نہیں ڈال سکتی۔ یہ تمہاری جھولی کے قابل نہیں ہے۔۔۔ سچ کہتی ہوں تم سے مجھے اپنے لیے کوئی پچھتاوا نہیں اگر دل میں کوئی پچھتاوا ہے تو صرف تمہارے لیے۔۔۔۔"

اگرچہ امرتا پریتم اردو افسانے کو کوئی بڑا نسوانی کردار تو نہیں دے سکیں مگر چند دلچسپ اور قابل ذکر کردار ضرور تراش سکیں جن کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہیں۔ یہ بھی درست ہے کہ منٹو، بیدی، عصمت اور کرشن چندر کے نسوانی کرداروں کے مقابلے میں یہ کردار زندگی کی ایسی حقیقتوں کی نقاب کشائی نہیں کر سکے جن سے ہم پہلے سے واقف نہ ہوں لیکن اس کے باوجود ان کرداروں کی بنت یہ ضرور بتاتی ہے کہ یہ امرتا پریتم کے خاص نسوانی کردار ہیں۔

پرتو روہیلہ

ایک شام۔۔۔۔امرتا پریتم کے ساتھ

ابتدائی جاڑے تھے مجھے پشاور پوسٹ ہوئے تھوڑا ہی عرصہ ہوا تھا لیکن سب سے اہم اور دلچسپ بات یہ کہ صادقین صاحب ہمارے مہمان تھے اور اپنے دیرینہ اور ایفا نا آشنا وعدوں کی ایفا کی مساعی میں محو تھے۔ ڈرائنگ روم نگار خانہ چین بنا ہوا تھا اور گھر کی ساری ذی روح موجودات فرش پر جھکی اس قرطاس پر نظر جمائے بیٹھی تھی جس پر وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ رہے تھے کہ کسی نے آ کر اطلاع دی کہ ملہوترا صاحب تشریف لائے ہیں۔ اچھا تو گویا ملہوترا صاحب اسلام آباد سے میرے تعاقب میں پشاور بھی پہنچ گئے۔ راجندر ملہوترا صاحب ہر سال بڑی پابندی کے ساتھ انبالہ سے آتے اور انبالہ نرسٹ کے مشاعرے کی پرزور دعوت دیا کرتے لیکن ملازمت کی الجھنوں کے سبب باوجود کوشش کے یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی تھی۔ میں خود اپنے آپ سے شرمندہ تھا کہ ہر سال ان سے وعدہ کر لیتا ہوں لیکن پورا نہیں کر پاتا۔ اسلام آباد پہنچ کر انہوں نے مجھے اپنی آمد کی اطلاع کے ساتھ ہی یہ دھمکی بھی دی تھی کہ اگرچہ میرا ویزا پشاور کا نہیں ہے لیکن میں آپ کا دعوت نامہ بہر صورت ایک بار پھر آپ کو ضرور پہنچاؤں گا جس کا مجھے چنداں یقین نہ تھا۔

لیکن اس بار تو انہوں نے انبالے کے دعوت نامے کے ساتھ ہی دلی کے مشاعرے کا دعوت نامہ بھی نتھی کر دیا تھا اور اس سے بھی بڑھ کر یہ یقین دلایا تھا کہ آپ کے اسلام آباد کے سارے ساتھی بھی آپ کے ساتھ ہوں گے۔ ان ناموں میں سرفہرست فراز کا نام تھا۔ فراز سے پوچھا تو انہوں نے کہا "ہاں میں جا رہا ہوں۔ تم بھی چلو گپ رہے گی۔"

دلی اور فراز اور پھر گزشتہ کئی سالوں کی وعدہ شکنی کی شرمندگی نے ایسا کام کیا کہ یکدم قلندروں کی طرح (دل ہی دل میں) میں نے نعرہ ہُو مارا اور زندگی کی کمند لال قلعے کی فصیل پر پھینک دی۔ ممبر سی بی آر کو ڈرتے ڈرتے فون کیا۔

''ہر ایک پندرہ دن کی چھٹی چاہیے۔ عزیزوں سے ملنے ہندوستان جانا ہے۔ انتہائی ضروری ہے۔ میں نہیں گیا تو گھر کے دوسرے افراد بھی نہ جا سکیں گے''۔ نہ جانے وہ کون سی گھڑی تھی کہ انہوں نے ٹرنک فون پر ہی چھٹی دیدی اور چند دنوں کی بھاگ دوڑ کے بعد میں ثروت، شمیم اکرام الحق، پروین فنا و ایگہ کے راستے انبالے پہنچ گئے۔ فراز اکیلے ایک دن بعد پہنچے۔

انبالے میں دو تین بڑے یادگار اور بقول ایرانیوں کے ماندگار دن گزار کے ہم لوگ دلی پہنچے۔ میں اپنے ایک دوست فرید صدیقی کے ہاں ٹھہرا جب کہ فراز پاکستان کے ایک سفارت کار کے ساتھ۔ یوں تو یہ دلی کا مشاعرہ بھی بجو وہ بڑا ماندگار تھا لیکن اس بارے میں کچھ کہنا مجھے موضوع سے دور کر دے گا اس لیے اپنے بیان کو صرف اس شام پر محدود کرتا ہوں جب میرے میزبان نے امرتا پریتم، امروز اور فراز کو اپنے گھر کھانے پر مدعو کیا۔

کھانے کے مقررہ وقت سے کچھ دیر پہلے ہی خانم میزبان نے مجھے اطلاع دی کہ آج کے کھانے پر فراز کے علاوہ امرتا پریتم اور امروز بھی آ رہے ہیں۔ یہ سن کر میرا اکسائٹ منٹ اس نقطہ عروج پر پہنچ گیا کہ اس کو قابو میں رکھنا مشکل ہو گیا اور میں نے خانم گرامی سے ایسے ایسے بچکانہ سوال کرنا شروع کر دیے کہ انہیں تنگ آ کر کہنا پڑا Patience Patience she will be here within an hour

اس ایک گھنٹے میں امرتا پریتم کی اس شبیہہ نے جو 1952-53 کی ایک عام سی شام میں ایم اے او کالج پشاور کے ہوسٹل کے نیم روشن کمرے میں یکدم میرے ذہن پر چھا گئی تھی۔ کیسے کیسے رنگ بدلے قابل بیان نہیں۔ اس ہی شام زندگی میں پہلی بار میں نے امرتا پریتم کا نام سنا اور پہلی بار اس کی شہرہ آفاق نظم کی تا ابد زندہ رہنے والی لائنوں سے میرے کان آشنا ہوئے جب میرے ہم کلاس نے ''ساوے پتر'' سے لہک لہک کر یہ لائنیں پڑھیں۔

آکھاں وارث شاہ نوں کتھوں قبراں وچوں بول
تے اج کتاب عشق دا کوئی اگلا ورقا پھول
اک روئی سی دھی پنجاب دی تو لکھ لکھ مارے وین
اج لکھاں دھیاں روندیاں تینوں وارث شاہ نوں کہن

یہ لفظ اب ہر لمحہ بدلتا رہا اور ہر گھڑی ذہن کے ہیولے صورت بدلتے رہتے تا آنکہ جب ان کے

آ جانے کی ہمیں اطلاع ملی اور ہم ان کے ڈرائنگ روم میں جہاں فرید صدیقی کے مارے ہوئے ایک شیر کی کھال بھی دیوار پر آویزاں تھی پہنچے تو میں نے دیکھا کہ لمبے بازو اور ڈیل ڈول کی ادھیڑ عمر کی ایک خاتون جن کا چہرہ ہر قسم کے میک اپ سے عاری تھا انتہائی سادی سادگی میں ملبوس صوفے پر بیٹھی تھیں۔ ان کے آدھے سے زیادہ بال سفید تھے۔ ان کے ساتھ امروز ان سے عمر میں بہت کم دبلے پتلے سانولے رنگ کے پینتیس چالیس کے لگ بھگ نظر آتے تھے۔ تعارف کی چھوٹی سی تقریب کی مصروفیت ختم ہی ہوئی تھی کہ برادر مرفراز بھی آ پہنچے اور تقریب مجلس میں جان آ گئی۔ اس کا دوسرا سبب یہ بھی تھا کہ کچھ شربت روح افزا کی بوتل بھی کھول لی گئی اور یہ مرحلہ جو پہلے سے چشتا نسبتاً پرسکون تھا پرجوش آوازوں اور بلند بانگ قہقہوں سے گونجنے لگا۔

کھانے کی یہ تقریب یقیناً دو تین گھنٹے تو جاری رہی ہوگی۔ اس کی کوئی خاص بات تو حافظے میں نہیں البتہ اس کے چند روشن تاثرات آج بھی قائم ہیں۔ پہلی بات امرتا پریتم کی شخصیت سے متعلق ہے۔ اور یہی اس تحریر کا موضوع بھی ہے۔ اس تمام عرصے میں میں نے محسوس کیا کہ وہ گہرے پانیوں کی طرح خاموش و پرسکون تھیں۔ انتہائی سنجیدہ انتہائی متین ایسی شخصیت کہ نفس مطمئنہ حاصل کر چکی ہو۔ باتوں میں بھی کوئی تیزی نہیں کوئی تندی نہیں۔ کسی پر کوئی پوائنٹ اسکور نہیں کرنا۔ دھیمی آواز چھوٹے چھوٹے جملے آہستہ آہستہ باتیں۔ کوئی مجلت کوئی اضطرابی دور دور نہیں۔ مجھے جہاں تک یاد ہے (ممکن ہے غلط ہو) انہوں نے شربت روح افزا بھی نہیں پیا۔ چہرے پر کوثر کی سی طمانیت کہ مسکراہٹ بھی نہ کہی جا سکے لیکن ہم نشین کو یہ اعتماد کہ ہمہ تن میری طرف متوجہ ہیں۔ البتہ امروز نے تو مجھے بڑے واشگاف الفاظ میں بتایا کہ وہ شراب نہیں پیتا۔۔۔ اور اس وجہ سے کہ اچھی نہیں لگتی۔۔

فرید صدیقی کی میزبانی کا دوگونہ سپاس گزار ہوں کہ جہاں انہوں نے مجھے اور میری ہم سر کو اپنے ہاں ٹھہرایا اور مجھے ہندوستان کی ایک عظیم شخصیت سے ملنے کا موقع فراہم کیا وہیں اس تقریب کو یادگار بنانے کے لیے ایک فوٹو گرافر کا بھی انتظام کیا۔ سو یہ ان ہی کے طفیل ہے کہ میں آپ کی خدمت میں یہ تصویر ارسال کر رہا ہوں جہاں ہندوستان و پاکستان کی دو عظیم شخصیتوں کے درمیان میں بھی ایک ادنیٰ عقیدت مند ہم سری کے درپے نظر آ رہا ہوں۔ جب کہ تصویر زبان حال سے کہہ رہی ہے کہ میں حقیقت سے زیادہ دور پا ہوں۔

تنویر ظہور

پھولوں کے درمیان اَمرتا پریتم سے ملاقات

۲۲ تا ۲۵ دسمبر ۲۰۰۰ء کو بھارت کے شہر چندی گڑھ میں عالمی پنجابی کانفرنس ہوئی۔ پاکستان سے ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کا وفد عالمی پنجابی کانگریس کے چیئرمین فخر زمان کی سربراہی میں بھارت گیا۔ ان دنوں بھارت کے ساتھ پاکستان کے حالات خوشگوار نہیں تھے اس لیے سب سے پہلے دلی جا کر پولیس رپورٹ کرانی پڑتی تھی۔ دلی سے ہم چندی گڑھ گئے۔ واپسی پر بھی یہی عمل دہرایا گیا۔ یہ میرا پہلا بھارتی دورہ تھا۔

دلی پہنچ کر امرتا پریتم سے ملاقات نہ کی جائے یہ ناممکن تھا۔ کنول مشتاق سے میں نے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ چوں کہ وہ قبل ازیں دلی جا چکا تھا۔ اُس کی ملاقات امرتا پریتم اور امروز سے ہو چکی تھی جب کہ امروز سے اس کی خط و کتابت بھی رہی۔

کنول مشتاق اور میں رکشہ میں بیٹھ کر ''حوض خاص'' پہنچ گئے۔ کنول مشتاق، امرتا جی کی کوٹھی کا نمبر بھول گیا۔ کوٹھی پر پہنچے تو ہمیں بتایا گیا کہ یہاں امرتا نام کی کوئی خاتون رہائش پذیر نہیں۔ حوض خاص کی آبادی میں ہمیں ایک پوسٹ مین نظر آیا۔ اُس سے امرتا پریتم کی کوٹھی کا نمبر دریافت کیا۔ پوسٹ مین نے کہا ''کیا یہ کسی شخص کا نام ہے'' پوسٹ مین کا جواب سن کر میں سوچنے لگا کہ اتنی نامور شخصیت کے بارے میں پوسٹ مین کہہ رہا ہے ''کیا یہ کسی شخص کا نام ہے؟''

ہم نے کتابوں کی ایک دکان سے معلوم کیا۔ انھوں نے بھی لاعلمی ظاہر کی۔ کنول نے پھر دلی میں کسی کو فون کر کے امرتا پریتم کی کوٹھی کا نمبر دریافت کیا۔ آخر ہم امرتا کی کوٹھی تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ امروز نے دروازہ کھولا۔ اُس نے کنول مشتاق کو پہچان لیا اور ہمیں چھت پر لے گیا۔ امروز نے بتایا کہ سردی کی وجہ سے امرتا اوپر دھوپ میں بیٹھی ہے۔ چھت پر امرتا جی پھولوں کے درمیان ایک چارپائی پر لیٹی تھی۔ ہمیں دیکھ

کر بیٹھ گئیں۔ اُنھوں نے بتایا کہ بیماری کے سبب کنول مشتاق کی امروز سے خط و کتابت رہتی ہے، اس لیے میں نے دیکھا۔ امرتا پریتم نے چارپائی کے قریب میز پر ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی دونوں ادویات رکھی تھیں۔ میں نے دریافت کیا۔ دو مختلف علاج۔۔۔۔ امرتا نے جواب دیا کہ ''ڈاکٹرز دے مشورے نال ہی دونوں قسم دی میڈیسن استعمال کردی ہاں''۔ میز پر کالا انگور بھی پڑا تھا جو ہمیں کھانے کے لیے دیا گیا۔ کنول نے سگریٹ پینے کی اجازت چاہی تو امرتا نے کہا۔ ''اجازت کیوں؟ میں خود وی تے سگریٹ پیندی ہاں''۔ اُنھوں نے میز پر پڑی سگریٹ کی ڈبیا دکھائی۔

میں نے کہا کہ بیماری کے باوجود آپ سگریٹ پیتی ہیں۔ ڈاکٹرز کے منع کرنے کے باوجود پی لیتی ہوں، گو اب کم کر دیے ہیں۔ میں نے اپنی ڈائری امرتا جی کے سامنے رکھ دی اور آٹوگراف کی درخواست کی۔ اُنھوں نے گرمکھی میں لکھا۔

''تو ہی ظہور انی میریاں شبھا چھیاواں۔ امرتا پریتم''

ان دنوں امرتا پریتم کی کتاب ''عشق اللہ حق اللہ'' زیرِ طباعت تھی۔ اس کتاب کے بارے میں اُنھوں نے بتایا کہ کتاب میں روحانی پہلو اجاگر کیا گیا ہے۔ اُنھوں نے اپنی کتاب ''چراغوں کی رات'' کے بارے میں بتایا کہ یہ کتاب ہندی میں چھپ چکی ہے۔ اب پنجابی میں شائع ہوگی جس کا نام رکھا گیا ہے ''چراغاں دی رات''۔ اُنھوں نے مجھے اپنی ایک کتاب ''آواز دی دُنیا والو'' عنایت کی جو گرمکھی میں ہے۔ اس کتاب میں امرتا پریتم نے لاہور اور دلی ریڈیو کے تجربات بیان کیے ہیں۔ ایک کتاب ان کی ''گاؤندا بھارت'' شائع ہوئی جس میں اُنھوں نے بھارت میں مقیم مختلف قوموں کے گیتوں کا پنجابی میں ترجمہ کیا ہے۔

امرتا جی نے بتایا کہ بیماری کے سبب اب میں کہیں نہیں جاتی۔ ۱۹۸۰ء سے قبل میں نے کافی سیاحت کی ہے۔ مختلف علاقوں میں جا کر تقریریں کرتی۔ میری تقریروں کا موضوع ''امن'' ہوتا۔ میں نے اپنی کئی تقریروں کا موضوع پاکستان کے معروف افسانہ نویس مظہر الاسلام کو Quote کیا ہے۔ میں اکثر کہا کرتی ہوں کہ ''اے خدا لکھنے والوں کو سچ لکھنے کی توفیق دے''

امرتا جی نے بتایا کہ اُردو افسانہ نگاروں میں اُنھیں مظہر الاسلام کے علاوہ احمد داؤد کے افسانے پسند ہیں جب کہ پنجابی لکھاریوں اور شاعروں میں افضل توصیف، افضل احسن اندھاوا، فخر زمان اور سارا شگفتہ کو پسند کرتی ہیں۔

امرتا جی نے بتایا کہ افضل توصیف کا فون آیا۔

وہ کہہ رہی تھیں۔ آپ کے لیے کیا لاؤں؟

میرا جواب تھا۔ اپنی کہانیاں اور کالم لے آؤ۔ ''دوسرے آدم کی بیٹی'' یہ کتاب ۲۰۰۰ء میں ہندی میں شائع ہوئی۔ اس کا اُردو ترجمہ ۲۰۰۸ء میں لاہور سے شائع ہوا۔ امرتا نے اپنے رسالے ''ناگ منی'' کا ایک شمارہ ''توصیف نمبر'' بھی شائع کیا۔ امرتا پریتم افضل توصیف کے بجائے اُنھیں ''توصیف'' کہہ کر مخاطب کرتی تھیں۔ امرتا پریتم نے افضل توصیف کے کالموں کے بارے میں لکھا ''اخباروں میں چھپنے والے توصیف کے کالم مصیبت زدہ طاقت کی ایک واحد گواہی ہیں۔ اُس کے کالم کبھی ایک اخبار میں سلسلہ وار آتے ہیں۔ پھر اس اخبار پر پابندی لگ جاتی ہے۔ تو توصیف کوئی دوسرا اخبار تلاشتی ہے۔ لیکن اپنی آواز کو وقت کی ضرورت کے وقت غیر حاضر نہیں ہونے دیتی''

جس روز امرتا جی سے ملاقات کی۔ اُس روز ملکہ ترنم نور جہاں کے انتقال کی خبر سنی۔ میں نے ملکہ ترنم کے بارے میں امرتا سے پوچھا تو اُنھوں نے کہا۔۔۔ ''جب میں لاہور گمٹی بازار میں مقیم تھی تو نور جہاں کا مکان قریب ہی تھا۔ میری اُن سے کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ اُس وقت وہ ''بے بی نور جہاں'' تھی۔ نور جہاں اور لتا منگیشکر کا دور منفرد ہے''

میں نے امرتا جی سے دریافت کی آپ نے اپنی نظم میں وارث شاہ ہی کو کیوں آواز دی؟

امرتا پریتم کا جواب تھا.....

''اُس وقت میں ڈیرہ دُون سے دہلی روزی کی تلاش میں آ رہی تھی۔ اس سفر کے دوران میں نے سڑکوں پر، اسٹیشنوں پر اجڑے ہوئے بے گھر اور تباہ حال لوگ دیکھے۔ رات کی ویرانی میں ریل کے سفر کے دوران مجھے دوڑتے ہوئے درخت انسانی ڈھانچے لگے جو چیخ رہے تھے۔ ریتلے ٹیلے مجھے قبریں لگیں۔ میرے سامنے اس وقت وارث شاہ کے علاوہ کوئی نہیں تھا جسے میں مخاطب کر کے اپنے اندر کا کرب منتقل کر سکتی۔''

جنوری ۲۰۰۱ء کو میں راولپنڈی گیا تو مجھے بتایا گیا۔ پنجابی کے مشہور ادیب افضل پرویز فالج کی وجہ سے سخت علیل ہیں۔ میں ان کی عیادت کو چلا گیا اور ان کا انٹرویو کیا۔

یہ انٹرویو روزنامہ جنگ لاہور میں ۱۲ جنوری ۲۰۰۱ء کو شائع ہوا۔ افضل پرویز نے مجھے بتایا کہ ان کی جب امرتا پریتم سے ملاقات ہوئی تو انھوں نے اپنی مشہور نظم ''آکھاں وارث شاہ نوں'' سنائی۔ امرتا پریتم کی نظم میں یہ شعر نہیں تھا۔

اُٹھ درد منداں دیا دردیا اٹھ تک اپنا پنجاب

اج بیلے لاشاں و چھیاں تے لہودی بھری چناب

افضل پرویز کے بقول یہ شعر ان کا ہے جو امرتا کو ''دان'' کر دیا اور انھوں نے اس شعر کو اپنی نظم میں شامل کر لیا۔ میں نے اس انٹرویو کی فوٹو کاپی دلی میں امروز کو بھجوائی انھیں لکھا کہ امرتا جی سے پوچھ کر لکھیں کہ کیا افضل پرویز کا دعویٰ درست ہے؟ اس کے ساتھ ہی میں نے ایک اور سوال امروز سے پوچھا۔

کہا جاتا ہے کہ آپ نے اپنے مذہب کے حوالے سے رسمیں ادا کیے بغیر امرتا پریتم کے ساتھ شوہر اور بیوی کی حیثیت سے زندگی بسر کر رہے ہیں؟

امروز نے میرے لیٹر کا جواب دیا۔ ملاحظہ کریں

''یاد رہے کہ امروز شاہ مکھی یعنی فارسی سکرپٹ لکھ اور پڑھ لیتے تھے، جب کہ امرتا پریتم شاہ مکھی سکرپٹ پڑھ نہیں سکتی تھیں۔

''تنویر ظہور جی۔ تہاڈے خط دا شکریہ۔''

راجستھان دے کئی پنڈاں وچ عورت تے مرد پنڈ دے سرپنچ کول جاندے ہن تے کہندے ہن کہ اج توں اوہ میرا مرد ہے تے اوہ میری عورت ہے تے سرپنچ کہندا ہے ٹھیک ہے.... تقریباً چالی سال پہلاں اساں وی اک دوجے نوں اپنا مرد تے اپنی عورت آکھیا سی، پر اپنی حاضری وچ بغیر کسے بول دے تے بغیر کسے سرپنچ دے۔

جو بندہ اپنے بول دا اپنے کرم دا تے اپنی سوچ دا ذمے دار ہے، اُس نوں قانون دی کی لوڑ ہے۔

پر صدیاں ہو گئیاں نے نہ کسے قانون نال تے نہ کسے مذہب نال آدمی ذمے دار نہیں ہو پایا۔ نا اپنے بول دا نہ اپنے کرم دا تے نہ اپنی سوچ دا.....''

افضل پرویز جی نے جو وی لکھیا ہے اس دے اوہ آپ ہی ذمے دار تے۔ امرتا اُردو نہیں پڑھ سکدی۔ ''جنگ'' دا کالم کیویں پڑھے گی تے نہ اوہ اہ بول، بول سکدی

اے۔ میرے دھن بھاگ.....! پرویز جی نے اپنے کولوں ہی اہ سب کچھ لکھ لیا اے۔
اپنے آپ نوں خوش کرن لئی۔ امرتا بارے اکثر لوک اپنے کولوں ہی بڑا کجھ لکھ دے
آئے ہن۔ پہلاں اپنے آپ نوں تے فیر پاٹھکاں توں بھلیکھے پان لئی۔ پتہ نہیں اہ
بھلیکھے بازاں دے دن کدوں ختم ہون گے۔
میرے خیال وچ کوئی وی جاگ دا لیکھک نہ بھلیکھے پاوندا اے تے نہ بھلیکھے پالدا
اے۔ قانون تے مذہب آدمی نوں جگاں دی گل تاں کردے ہن پر جگاندے نیں۔
کیوں جو جاگدے آدمی تے حکومت نیں ہو سکدی۔''

امروز

کنول مشتاق جی نوں میرا سلام
تے ہر جاگ دے آدمی نوں میرا سلام

امرتا پریتم پاکستانی شاعرہ سارا شگفتہ کی شاعری کی مداح تھیں سارا شگفتہ کا قیام کراچی میں تھا۔ کراچی قیام کے دوران سارا سے میری بھی چند ملاقاتیں ہوئی تھیں۔

وہ جوانی ہی میں ایک حادثے میں انتقال کر گئی۔

سارا شگفتہ کے بارے میں امرتا پریتم کا کہنا تھا کہ وہ ایک بجھتے ہوئے ستارے کی مانند میرے سامنے آئی تھی۔ کسی بھی ستارے کے ٹوٹنے کے بعد اس کی جو گرم راکھ زمین پر گرتی ہے وہی راکھ میں نے اُس کی نظموں میں محسوس کی ہے۔ میں نے اُس کو لکھا تھا کہ تم اپنی زندگی کے حالات خود اپنے ہاتھوں لکھو، لیکن وہ نہ لکھ سکی۔ میرے پاس اس کی بہت سی نظمیں اور خطوط محفوظ ہیں۔ اب میں ان کو لکھوں گی۔ اس سے بہت سی غلط فہمیاں جو لوگوں کو اُس کی زندگی کے بارے میں ہیں ختم ہو جائیں گی۔

امرتا پریتم کی وفات کے بعد پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف لینگویج آرٹ اینڈ کلچر نے الحمرا ہال میں تعزیتی ریفرنس کیا۔ نظامت شائستہ نزہت اور صدارت منیر نیازی نے کی۔ سٹیج پر ان کے ساتھ سبط الحسن ضیغم، منو بھائی، شہزاد احمد، افضل توصیف، فرخندہ لودھی اور بشریٰ اعجاز تشریف فرما تھیں۔۔۔ اقبال باہو نے امرتا جی کی مشہور نظم ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' ترنم سے سنائی۔ افضل توصیف نے کہا کہ امرتا جی میری دوست ہی نہیں، استاد بھی تھی، میرے کئی اساتذہ ہیں مگر امرتا پریتم کو میں Best Teacher کہتی ہوں۔ میں نے

اُن سے بہت کچھ سیکھا۔ اُن کی نظمیں سنیں اور اُن کے پاس بیٹھ کر اُن کو پڑھا۔ وہ گھنٹوں کے حساب سے گفتگو کرتیں اور اپنی نظمیں سناتیں۔

سبط الحسن ضیغم نے بتایا کہ امرتا کا شعری مجموعہ ''نویں رُت'' کا پہلا ایڈیشن ۱۹۵۶ء میں شائع ہوا۔ یہ کتاب اس طرح فروخت ہوئی جس طرح ہیر وارث شاہ اور سیف الملوک فروخت ہوتی ہیں۔

امرتا کی بائیوگرافی ''رسیدی ٹکٹ'' کے نام سے شائع ہوئی، میں نے اُس نام کی وجہ دریافت کی تو امرتا پریتم نے کہا۔ خشونت سنگھ جی سے ایک دن بات ہوئی تو اُنھوں نے کہا کہ تمھاری زندگی میں دو تین حادثوں کے علاوہ کیا ہے۔ ان کو اگر لکھیں تو ایک ٹکٹ پر لکھا جا سکتا ہے۔ پھر میرے ذہن میں یہ بات بھی آئی کہ ٹکٹ کے سائز تو تبدیل ہوتے رہتے ہیں لیکن ''رسیدی ٹکٹ'' کا سائز کبھی تبدیل نہیں ہوتا۔

میری زندگی میں وقتاً فوقتاً جو حادثے ہوئے تھے میں نے اُنھیں نظم اور افسانے میں منتقل کر دیا تھا۔ ان ہی واقعات و حادثات کو دوبارہ قلم بند کر کے میں نے ان ''رسیدی ٹکٹ'' لگا کر پکا کر دیا ہے۔

☆☆☆☆

حسن عباس رضا

عمر بھر ایک مُلاقات چلی جاتی ہے

میں نے اُن کے ہاتھوں پہ بوسہ دیا، اور رخصت کی اجازت لینے کے لیے اٹھا، مگر انہوں نے دونوں ہاتھوں سے میرا بازو پکڑ لیا،

" نہیں، بیٹا ابھی نہیں، کچھ دیر اور رک جاؤ، ابھی میں نے تم سے بہت سی باتیں کرنی ہیں، اپنے دیس کی باتیں، اپنی جنم بھومی کی باتیں، اپنے پنجاب کی باتیں۔۔۔ ابھی تو میرا دل یادوں کے خزانوں سے بھرا پڑا ہے۔۔۔۔ ابھی نہیں ،، بیٹھ جاؤ، تم دونوں نے مجھے ماضی میں لا کھڑا کر دیا ہے۔"

اُن کی آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے، میں نے کہا، دل تو نہیں چاہتا، مگر ایک کمٹمنٹ ہے، جو جانے کے لیے مجبور کر رہی ہے۔ احمد داؤد نے آگے بڑھ کر انہیں گلے لگایا، اور گلوگیر لہجے میں کہنے لگا، امرتا جی، آپ نے ہمارے دامن میں اتنی محبت، شفقت اور خلوص بھر دیا ہے کہ آنے والے دنوں تک یہ ہمیں سرشار کرتا رہے گا۔ امرتا جی نے ایک بار پھر ہم دونوں کے ہاتھوں پہ بوسہ دیا، سر جھکا کر کہنے لگیں، " اچھا بیٹا، رب راکھا "۔ اس سارے الوداعی منظر کے دوران امروز خاموشی سے ہم تینوں کی باتیں سنتے اور آنکھوں سے گرتے آنسوؤں کو گنتے رہے، اور پھر سر جھکائے وہ ہمیں دروازے تک چھوڑنے آئے۔

امرتا پریتم کے ساتھ یہ ہماری پہلی اور آخری ملاقات تھی۔ دوسری بار میں دلی گیا، تو وقت کی کمی کے باعث صرف فون پر بات ہو سکی، ملاقات نہ ہونے پائی۔ پہلی بار احمد داؤد مرحوم اور میں اردو کانفرنس میں شرکت کے لیے دہلی اور ممبئی گئے تھے، دہلی میں قیام کے دوسرے دن سے ہی ہم نے کوششیں شروع کر دی تھیں کہ امرتا پریتم سے ضرور ملنا ہے، امروز کے ذریعے ان سے ہماری خط و کتابت پہلے سے تھی، وہ ہمارے نام اور کام سے واقف تھیں کیونکہ ان کے میگزین ناگ منی میں احمد داؤد کے افسانے اور میری نظمیں شائع ہو چکی تھیں، یہ تخلیقات امروز نے پاکستانی رسائل سے لی تھیں۔

جس دن ہماری ملاقات طے ہوئی، اس شام کو کانفرنس میں احمد داؤد نے مضمون پڑھنا تھا جب کہ مجھے اختتامی مشاعرے میں شرکت کرنا تھی۔ ناواقفیت کی وجہ سے کافی دیر ٹیکسی ڈرائیور ہمیں گھماتا رہا، بالآخر ہم حوض خاص کے علاقے میں ان کی رہائش پر پہنچنے میں کامیاب ہوئے، امروز نے ہمارا استقبال کیا اور لاؤنج میں لے گئے، امرتا جی صوفے پر بیٹھی تھیں، ناسازی طبع کے باوجود انہوں نے اٹھ کر ہمیں گلے لگایا، اور صوفے پر اپنے ساتھ بٹھالیا۔ حال احوال کے بعد امرتا جی نے کتاب ماضی کھولی، اور پھر ورق کے ورق الٹتے گئے، چند ایک قہقہوں کے سوا، بقیہ وقت آہوں اور آنسوؤں کے جلو میں گزرا، تقریباً تین گھنٹے وہ ہم سے باتیں کرتی رہیں، بچپن، جوانی، برصغیر کی تقسیم، پنجاب کا المیہ، کچھ نظموں کے پس منظر، بیرونی ممالک میں سفر کے احوال۔ بیچ بیچ میں وہ نظموں کی کچھ لائنیں بھی سناتی رہیں، میری فرمائش پر انہوں نے ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' سنائی۔ امروز چائے لے کر آئے تو امرتا جی خود اپنے ہاتھوں سے ہمیں چائے بنا کر دی۔ اس دوران ہم نے امروز کی پینٹنگز بھی دیکھیں۔

پاکستان واپس آنے کے بعد میں نے انہیں دو تین خط لکھے، مگر ایک خط کا جواب آیا، جس میں انہوں نے اپنی خیریت سے آگاہ کیا تھا

۲

اُن کی تمام خط و کتابت امروز کیا کرتے تھے، کیونکہ میرے خیال میں امرتا جی اردو نہیں لکھ سکتی تھیں، بعد ازاں ان سے خط و کتابت کا سلسلہ بھی ٹوٹ گیا، لیکن پہلی ملاقات ہمیشہ دل کے آنگن میں تازہ بتازہ پھول کھلاتی رہی، بقول میرؔ،

عمر بھر ایک ملاقات چلی جاتی ہے

امرتا جی سے میرا پہلا تعارف، ان کی مقبول و معروف سوانح ''رسیدی ٹکٹ'' سے ہوا تھا، اس کے بعد ان کی شاید ہی کوئی تحریر ہو، جو میرے مطالعے سے بچ گئی ہو۔ ان کی کئی نظمیں مجھے زبانی یاد تھیں، جو میں اکثر تنہائی میں خود کو اور محفل میں احباب کو سناتا۔ یوں تو امرتا جی کی لاتعداد ایسی نظمیں ہیں جو جدید پنجابی نظم میں سب سے منفرد دکھائی دیتی ہیں، تاہم کچھ نظموں کی سطریں ایسی ہیں کہ وہ دل اور روح تک اتر جاتی ہیں، ان کی نظموں کے استعارے، علامتیں، اور تشبیہات قاری کو ایک نئے ذائقے سے روشناس کراتی ہیں!

سفنے دا اک تھان بنایا

گز کوں کپڑا پاڑ لیا

تے عمر دی جھولی سیتی۔

۲ عرض کرے دھرتی دی دائی

رات کدے وی بانجھ نہ ہووے،

۳ اک وار اچانک ٹو آیا

تے وقت ازلوں حیران

میرے کمرے وچ کھلوتا رہ گیا

۴ ست رنگ پانی وچ گھلدے

اٹھواں دل وچ گھلدا

ست رنگاں وچ بھیس رنگاواں

اٹھویں رنگ وچ سفنا

۵ بجی اکھ زمیں دی پھڑکی

موت دے کورے کاغذ اُتے

زندگی نے انگوٹھا لایا

۳

چند ماہ پہلے گلزار جی نے مجھے ممبئی سے ایک بہت خوبصورت اور ہمیشہ یاد رہنے والا تحفہ بھیجا، وہ قیمتی تحفہ ہر رات مجھے گلزار اور امرتا جی سے ملاقات کراتا ہے۔ یہ ایک سی ڈی ہے، امرتا جی کی نظموں کو گلزار نے اپنی منفرد آواز میں ریکارڈ کیا، اور ہر نظم سے پہلے امرتا جی کے بارے میں اور نظم کے حوالے سے بہت خوبصورت تبصرہ کیا ہے، جن احباب تک یہ سی ڈی نہیں پہنچی، ان کے لیے چند اقتباسات:

'' امرتا جی نے پنجابی شاعری کے صفحوں پر تقریباً پوری بیسویں صدی چل کے اکیسویں صدی کی دہلیز پار کی تو جسم تھکنے لگا، روح مگر تازہ دم تھی، شاید چلنے کو اُٹھیں، تو امروز نے ہاتھ تھام لیا، جو ایک صدی سے ان کا ہم قدم تھا، مڑ کے دیکھا،،،، ہاتھ ہٹا نہیں تھا، انگلیاں ابھی چھوٹی نہیں تھیں، بولیں، '' میں تینوں فیر ملاں گی''

میں تینوں فیر ملاں گی
کتھے، کس طراں، پتہ نہیں!
شاید تیرے تخیل دی چنگ بن کے
تیرے کینوس تے اُتراں گی
یا خورے تیرے کینوس دے اُتے
اک رہس نئی لکیر بن کے
خاموش تینوں تکدی رہواں گی،
میں تینوں فیر ملاں گی۔۔۔
یا خورے سورج دی لَو بن کے
تیرے رنگاں وچ گھلاں گی
یا رنگاں دیاں بانہواں وچ بیٹھ کے
تیرے کینوس نوں ولاں گی
پر تینوں ضرور ملاں گی
یا خورے اک چشمہ بنی ہوواں گی
تے جیویں جھرنیاں دا پانی اڈدا،
میں پانی دیاں بوندان تیرے پنڈے تے ملاں گی
تے اک ٹھنڈک جنی بن کے
تیری چھاتی دے نال لگاں گی

۴

میں ہور کجھ نہیں جاندی
پر اینا جاندی آں کہ وقت جو وی کرے گا
ایہہ جنم میرے نال ٹُرے گا
ایہہ جسم مُکدا اے، تے سب کجھ مُک جاندا اے

پر چیتیاں دے دھاگے
کائناتی کناں دے ہوندے نیں
میں انہاں کناں نوں
پنتاں گی،
دھاگیاں نوں ولاں گی
تے تینوں فیر ملاں گی۔

بقول گلزار'' امرتا جی کی نجی نظموں میں بھی زمانہ نظر آتا ہے، اُن کا دور دکھائی دیتا ہے، بات کرتے کرتے ایک کائنات کھول کے رکھ دیتی ہیں، لیکن جب کائنات کو سمیٹ کر نجی بات پر آتی ہیں تو کچھ دوستوں کے چہرے نظر آنے لگتے ہیں، اور وہاں وہ گوڑھے، گہرے دنیاوی رشتے بھی دکھائی دینے لگتے ہیں جہاں سماج کے گھاٹ پار کرنے کے لیے بہت سے پُل جلا دینے پڑتے ہیں''!

کل اساں دونہواں نیں
اک پُل جلایا سی
تے اک دریا دے کنڈھیاں وانگوں
نصیب ونڈے،
نصیب ونڈے، تے بدن چھنڈے
تاں اک پنڈے دی ویرانی ایس کنڈھے سی
تے اک پنڈے دی ویرانی اوس کنڈھے
تے فیر رُتاں نے جدوں وی کجھ پھل دتے
تاں ٹوں وی اوہ پنڈے توں توڑ دتے
تے میں وی اوہ رُتاں نوں موڑ دتے
تے جھڑے پتیاں وانگوں
کنے ای ورھے اساں پانی وچ روڑھ دتے

۵

ورھے مکے نیں، پر پانی نہیں مکے
تے وگدے پانیاں وچوں پرچھانویں تاں ویکھے
پر منہ نہیں مکے
تے ایس توں پہلاں
کجھ وتھ تے کھلوتے اسیں مک جایئے
چل کھنگراں جئے پنڈے پانی تے وچھایئے
توں آپنے پنڈے تے پیر رکھیں
تے ادھے دریا نوں لنگھ آویں
میں آپنے پنڈے تے پیر رکھاں گی
تینوں اگوں وی ملاں گی
چل کھنگراں جئے پنڈے پانی تے وچھایئے۔

گلزار کہتے ہیں، ''چند ملاقاتیں یاد ہیں امرتا جی، اور امروز سے، انہیں سوچ میں تو اکثر دیکھا تھا، تھاٹ فُل، نظر آتی تھیں، لیکن اداس کبھی نہیں دیکھا، ہمیشہ بھری ہوئی، دودھ سے بھرے کٹورے کی طرح چھلکتی ہوئی۔۔۔۔لیکن شاعر اپنی اداسی چہرے پہ کہاں لکھتا ہے، وہ تو اپنی نظموں میں بھر دیتا ہے، جیسے پانی میں مٹھی بھر ریت انڈیل دے، وہیں کہیں تہہ میں بیٹھ جاتی ہے وہ اداسی، نظم کی سطح پر بھی نظر نہیں آتی۔ نظم کھڑونچی پر پڑی رہتی ہے، رستے گھڑے کی طرح!''

وے میں تڑکے گھڑے دا پانی
کل تک نئیں رہنا۔۔
ایس پانی دے کن ترھیائے
تریہہ دے ہونٹھاں دانگوں
او میرے ٹھنڈے گھٹ دیا متر!
کہہ دے جو کجھ کہنا،
میں تڑکے گھڑے دا پانی، کل تک نئیں رہنا

اج دا پانی لیکن لاہوے

کل دی تریہہ دا قرضہ

نہ پانی نے کنیں بجھنا

نہ پلے وچ رہنا ، وے میں تڑکے گھڑے دا پانی، کل تک نئیں رہنا

٦

امرتا جی کو ہم سے بچھڑے کئی موسم بیت گئے، مگر ان کی کہانیاں، ان کی نظمیں آج بھی ادبِ عالیہ کے صفحات پر جگمگا رہی ہیں، بیس برس پہلے اُن سے ملاقات آج بھی یادوں کے بام پر جلتے چراغوں کی طرح جگمگا رہی ہے، اور تصور کے منظروں میں آج بھی یوں لگتا ہے کہ وہ ایک بار پھر میرا ہاتھ پکڑ کر کہیں گی، بیٹا، کچھ دیر اور رک جاؤ نا،۔۔۔ وہی آواز، وہی ممتا بھرا میٹھا لہجہ میرے کانوں میں رس گھول رہا ہے۔ امرتا جی، میں تو رک جاؤں، مگر آپ۔۔۔۔۔

زیادہ سے زیادہ دل بچھا دیتے ہیں رستے میں

مگر جس نے بچھڑنا ہو، اُسے روکا نہیں کرتے

☆☆☆☆

حمید اختر

ساحر اور امرتا پریتم

امرتا پریتم کو میں نے 1943 میں پہلی بار دیکھا۔ پریت لڑی رسالہ شائع کرنے والے اور امرتسر اور لاہور کے درمیان انسان دوستی اور محبت کے نام پر "پریت نگر" نامی بستی بسانے والے سردار گوربخش سنگھ اس بستی میں ہر سال ایک ادبی کانفرنس اور مشاعرہ منعقد کیا کرتے تھے۔ یہ ساحر لدھیانوی کے بطور شاعر شہرت حاصل کرنے کا ابتدائی زمانہ تھا۔ اسے اس سالانہ کانفرنس کی دعوت ملی۔ وہ تنہا سفر کرنے سے ہمیشہ گریز کرتا تھا۔ کسی بھی نئی جگہ جانے کے لیے اسے بیساکھی کی ضرورت ہوتی تھی۔ چنانچہ وہ بہت اصرار بلکہ منت ترلے کر کے مجھے بھی اپنے ساتھ پریت نگر لے گیا۔ یہ ہماری دوستی کا ابتدائی زمانہ تھا۔

کانفرنس میں ہم دن بھر تقریریں سنتے رہے مگر ہماری اصل دلچسپی رات کو منعقد ہونے والے مشاعرے سے تھی۔ اس مشاعرے میں سولہ سترہ برس کی امرتا پریتم نے ایک پنجابی نظم سنائی۔ اسے داد بھی بہت ملی مگر بیشتر لوگ اس کی شکل وصورت کے اسیر ہو گئے' ہمارا دوست نہ صرف ان میں شامل تھا بلکہ وہ تو جیسے اس پر فدا ہو گیا۔ اس نے بھی اس مشاعرے میں اپنی نئی نظم "تاج محل" سنائی اور خوب داد پائی۔ یہ ان دونوں کی پہلی تعارفی ملاقات تھی۔ سٹیج پر بیٹھے ہوئے ان دونوں میں کچھ بات چیت بھی ہوئی اور غالباً دونوں نے ایک دوسرے کی نظموں کی تعریف بھی کی۔ اس کے بعد اگلے روز ہم واپس لدھیانہ آ گئے لیکن ساحر کئی روز تک اس نئی شاعرہ کی باتوں کا ذکر کرتا رہا۔ ہمارے لدھیانہ کے اس گروپ میں آرٹسٹ پری کشن' موسیقار جے دیو ورما' پنچھی بادرا' چودھری غلام مرتضیٰ' فیض الحسن چودھری' احمد ریاض اور میں اور میرے بڑے بھائی صفدر علی شامل تھے۔ ساحر کی زبانی ہفتوں امرتا پریتم کا اتنا ذکر ہوا کہ ہم سب یہ سن کر عاجز آ گئے۔ 1945 میں ساحر لدھیانہ گورنمنٹ کالج سے نکالے جانے کے بعد لاہور آ گیا' اس نے دیال سنگھ کالج میں داخلہ لے لیا مگر وہ کالج کم ہی جاتا تھا۔ مکتبہ اُردو لاہور کے چودھری برکت علی اور چودھری نذیر نے اسے ادب لطیف کی ایڈیٹری کی پیش

کش کی جو اس نے فوراً قبول کر لی' اب اس کی سرگرمیوں کا مرکز بھاٹی اور لاہوری دروازوں کے درمیان سرکلر روڈ پر واقع ادبِ لطیف کا دفتر تھا۔ میں ان دنوں بے کار تھا۔ میں بھی لدھیانہ سے لاہور آ گیا اور تقریباً چھ ماہ اسی شہر میں ساحر کے ساتھ قیام پذیر رہا۔ اس دوران کسی ادبی محفل میں امرتا سے اس کی دوسری ملاقات ہوئی اور اسے پتہ چلا کہ اس کی شادی ہو گئی ہے اور وہ انارکلی کی دکان، جس پر جگت سنگھ کواترا کا بورڈ لگا ہوا تھا، کے مالک کے بیٹے سے بیاہی گئی ہے اور اندرون شہر مقیم ہے۔ اس نے ساحر کو اپنے گھر آنے کی دعوت بھی دی۔

اگلے روز ہم اس کے گھر گئے۔ دو گھنٹے کی اس ملاقات میں باتیں بہت کم ہوئیں البتہ دونوں ایک دوسرے کو محبت اور پسندیدگی کی نظروں سے دیکھتے رہے۔ وہاں سے واپسی کے بعد تو ساحر اس ملاقات کی باتیں ہی دہراتا رہا اور دو تین روز بعد پھر اس کے گھر جانے کے لیے تیار ہو گیا۔ جیسا کہ میں نے اوپر لکھا ہے اسے کہیں جانے کے لیے ہمیشہ بیساکھی کی ضرورت ہوتی تھی' مجھ سے جب اس نے ساتھ چلنے کو کہا تو میں نے سختی سے انکار کر دیا' میرا موقف یہ تھا کہ مجھے اس قسم کی افلاطونی محبت سے سخت وحشت ہوتی ہے۔ میں اس بور لاقات کا فالتو کردار بننے کو تیار نہیں ہوں۔ ادبِ لطیف کے دفتر میں اس وقت دیوندر ستیارتھی بیٹھا تھا۔ ساحر بہلا پھسلا کر اسے ساتھ لے گیا' مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ واپسی پر جب میں نے ستیارتھی سے پوچھا کہ ملاقات کیسی رہی تو اس کا جواب تھا ''حمید جی امرتا نے ہمیں اپنے بیڈروم میں بلا لیا' وہاں دیوار کے ساتھ کھونٹی پر اس کی شلوار لٹک رہی تھی' میں نے اپنا کوٹ اس کے اوپر لٹکا دیا' بڑا مزا آیا۔''

چھ مہینوں کے اس قیام لاہور کے دوران ساحر دو چار بار پھر بھی اس کے گھر گیا مگر میں نے ان دونوں کی ان ملاقاتوں میں مخل ہونے سے ہمیشہ اجتناب ہی کیا۔ ساحر وہاں جاتا ضرور رہا مگر وہ اس کے تندرست اور توانا شوہر سے خوف زدہ بھی رہتا تھا۔ جگت سنگھ کواترا کی دکان ادبِ لطیف کے دفتر سے انارکلی میں داخل ہونے والی سڑک کے عین سامنے واقع تھی۔ ہم صبح نظام ہوٹل انارکلی میں ناشتے کے لیے جاتے تو اس دکان کے سامنے سے گزر کر جانا پڑتا تھا۔ ساحر اس راستے کے بجائے ایک دوسرا اور نسبتاً لمبا راستہ اختیار کرتا۔ اسے ہمیشہ یہ ڈر لگا رہتا کہ امرتا کا شوہر اسے پکڑ کر اپنے گھر جانے سے منع کر دے گا۔ چند ماہ بعد ہم دونوں واپس لدھیانہ چلے گئے' مگر امرتا کا ذکر مہینوں ہوتا رہا۔ جنوری 1946 میں ساحر کو فلم ''آزادی کی راہ پر'' کے گانے لکھنے کی پیش کش ہوئی۔ یہ فلم کانگریس کی آزادی کی جدوجہد کے موضوع پر تھی اور اس کے پروڈیوسر ساحر کے ایک کلاس فیلو کلونت رائے تھے۔ کلونت' کٹر کانگریسی تھے' ساحر کی زندگی کا تو مقصد ہی فلمی گانے لکھنا تھا اس نے کبھی بڑا

شاعر بننے کی آرزو نہیں کی' ہمیشہ یہی کہتا تھا کہ وہ فلموں کے لیے ایسے نغمے لکھے گا کہ دُنیا اسے یاد کرے گی۔ فلموں کے لیے گانوں کے ذریعے دولت اور شہرت حاصل کرنے کی اس آرزو کا ایک اور پہلو بھی تھا اس کی وہ محبوبہ جس کی وجہ سے وہ کالج سے نکالا گیا تھا' بمبئی میں مقیم تھی۔

گورنمنٹ کالج سے ساحر ہی نہیں اشیر کور بھی نکالی گئی تھی' کالج کے زمانے میں ان دونوں کی ملاقاتیں ہوتی رہتی تھیں' اشیر کور ہوسٹل میں قیام پذیر تھی' اب دونوں عام طور سے کالج کے اوقات کے بعد ملتے تھے اور کالج کے گیٹ سے ملحقہ دیوار پر براجمان ہوتے تھے' اشیر کور کا تعلق لدھیانہ سے سات آٹھ میل دور واقع ایک قصبے بددوانی کے ایک سکھ زمیندار گھرانے سے تھا' جب وہ کالج سے نکالے جانے کے بعد اپنے گاؤں میں چلی گئی تو ساحر کا ہم سب دوستوں کے ساتھ ہر شام اس دیوار پر جا کر بیٹھنا معمول بن گیا' ہر شام اس ''کند'' پر جانا ایک طرح سے عبادت کی حیثیت اختیار کر گیا اور کسی دن اس فریضے کی ادائیگی میں دیر ہو جاتی تو ہم میں سے کوئی دوست اسے یاد کراتا۔ آج کند (دیوار) پر نہیں جانا' جب ساحر کو بمبئی جانے اور فلم کے گیت لکھنے کی پیش کش ہوئی تو اس کی گفتگو کا موضوع بمبئی میں مقیم اشیر کور ہو گیا۔ وہ برابر اس عزم کا اظہار کرتا کہ وہ فلمی گانوں کے ذریعے شہرت اور دولت حاصل کرلے گا تو ایک روز اس کی یہ محبوبہ ضرور اس سے ملنے آئے گی۔ یہ ایک احمقانہ قسم کی خواہش تھی۔ ساحر کو اشیر کور نے رد نہیں کیا تھا۔ وہ تو اپنا گھر چھوڑ کر اس کے پاس بھی آ گئی تھی' جس روز وہ بددوانی سے لدھیانہ ساحر کے گھر آئی' ہم سب دوستوں نے اس کی اس خواہش کی پذیرائی کی کہ ساحر اس سے شادی کرلے لیکن ساحر خوف زدہ تھا اور شاید بجا طور پر کہ اس شادی کے بعد اشیر کور کے زمیندار والد کے ہاتھوں قتل کر دیا جائے۔ وہ اپنے باپ سے پہلے ہی علیحدگی اختیار کر چکا تھا بلکہ اس کے والد سے اس کی باقاعدہ مقدمہ بازی تھی' وہ سکھ طلباء میں لدھیانہ میں موجود تھے جنہوں نے ان دونوں کی ملاقات کا غلط نقشہ پیش کر کے انہیں کالج سے نکلوا دیا تھا۔ ان سب کی مخالفت مول لینے کی ہمت اس میں نہیں تھی۔ اس نے اشیر کور سے صاف کہہ دیا کہ وہ اس سے شادی نہیں کر سکتا۔ اس لیے اگرچہ وہ رات بھر اس کے ساتھ اس کے کمرے میں رہی مگر اس نے اس سے کسی قسم کا جسمانی تعلق قائم کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اشیر کور واپس گھر تو جا نہیں سکتی تھی' اگلی صبح وہ اپنے بمبئی میں مقیم ایک کزن کے پاس چلی گئی جو شاید اس سے قبل اسے شادی کی پیش کش کر چکا تھا۔ وہاں ان دونوں کی شادی ہو گئی۔

جنوری 1946 میں ہم دونوں بمبئی چلے گئے۔ ساحر نے منت سماجت سے پھر مجھے ساتھ چلنے کے لیے

نہ صرف مجبور کیا بلکہ کلونت رائے کی کمپنی ہندوستان کلامندر سے میرے لیے مکالمہ نویس کی حیثیت سے تقرر نامہ بھی حاصل کرلیا۔ ہم اگست 1947 تک بمبئی میں مقیم رہے۔ اس عرصے میں دوبار چند دنوں کے لیے لدھیانہ بھی آئے۔ اس سارے زمانے میں امرتا کا ذکر اس نے شاید ہی کبھی کیا ہو قیام پاکستان کے بعد لاہور آنے اور چند ماہ کے قیام کے بعد جون 1948 میں واپس ہندوستان جانے کے بعد وہ صحیح معنوں میں کامیاب فلمی نغمہ نگار بن کر شہرت کی بلندیوں پر پہنچا۔ امرتا بھی اس زمانے میں ایک بڑی شاعرہ اور ادیبہ کے طور پر قبول عام کی سند حاصل کر چکی تھیں۔ خاص طور پر اس کی نظم ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' نے تو اسے برصغیر کی معروف ترین شاعرہ بنا دیا تھا۔ وہاں پر ساحر اور اس کے درمیان ملاقاتوں کا جو سلسلہ شروع ہوا' اس کے بارے میں مجھے کچھ زیادہ علم نہیں البتہ امرتا کی کتاب ''رسیدی ٹکٹ'' کی اشاعت کے بعد مجھے بھی یہ معلوم ہوا کہ نہ صرف ان کے درمیان دوستی اور محبت کے رشتے قائم ہو گئے تھے بلکہ خود امرتا ساحر کو اس سے کہیں زیادہ چاہنے لگی تھی۔ ساحر کے پاکستان سے جانے کے بعد برسوں میرا اس سے رابطہ نہ ہو سکا۔ بیس برس تک حکومت پاکستان نے مجھے پاسپورٹ ہی سے محروم رکھا۔ پاسپورٹ ملنے کے بعد ہندوستان جانے کے لیے صحافیوں پر وزارت داخلہ سے اجازت لینے کی پابندی تھی۔ میں نے متعدد بار درخواست دی مگر ہمیشہ انکار کیا گیا۔ ساحر کی والدہ کے انتقال پر میں نے ایک دفعہ پھر درخواست وزارت داخلہ کو بھجوائی اور اس میں یہ بھی لکھا کہ اس کی والدہ نے مجھے بیٹا بنایا ہوا تھا اس لیے میں اس کی تعزیت کے لیے بمبئی جانے کا خواہش مند ہوں۔ اس درخواست کا بھی گھڑا گھڑایا جواب آیا کہ ''چونکہ ساحر سے تمہارا کوئی خونی رشتہ نہیں ہے اس لیے اجازت نہیں مل سکتی۔''

اس کے بعد میں نے اسلام آباد جا کر سیکرٹری داخلہ جناب روئیداد خان سے ملاقات کی جس میں باقاعدہ ان سے سخت لڑائی ہوئی اور بالآخر وہ اجازت دینے پر رضامند ہو گئے۔ دسمبر 1978 میں میری بیوی چھ سالہ بیٹا عمر اور میں بمبئی میں ساحر کی جہازی سائز کی بلڈنگ پر چھائیاں پہنچ گئے۔ ہم نے پندرہ روز اس کے گھر پر اس کے ساتھ قیام کیا۔ دو دوستوں کی یہ ملاقات تیس برس بعد ہوئی۔ دوست بھی ایسے جو جون 1948 سے دن رات ایک ساتھ رہے۔ مگر دولت شہرت اور بے پایاں عزت حاصل کرنے والا یہ ساحر وہ نہیں تھا جو تیس برس قبل مجھ سے جدا ہوا تھا' وہ عارضہ قلب میں مبتلا تھا اور مردم بیزاری کا شکار بھی۔ وہاں اشیر کور کی بات ہوئی اور نہ امرتا پریتم کا ذکر' اس کی ذہنی حالت کچھ ایسی تھی کہ بمبئی پہنچنے سے قبل ہم نے جو چار روز دہلی

میں گزارے اس میں بمبئی کے دوستوں نے مجھے پیغام بھیجا کہ میں ساحر کے ہاں قیام نہ کروں۔ وہ دوستوں کو گالیاں دیتا ہے اور ان کی بے عزتی کرتا ہے۔ میرا جواب تھا کہ مجھے گالی دے گا تو میں بھی یہ عمل دہراؤں گا لیکن میں تو ملنے ہی اس سے آیا ہوں اس لیے میں اس کے پاس ہی ٹھہروں گا۔ رہائش کے متبادل انتظام سے جو کیفی اعظمی اور شبانہ کے گھر کیا گیا ہے مجھے کوئی غرض نہیں۔ اس پندرہ روزہ قیام میں اس نے میرے ساتھ کسی قسم کی زیادتی نہیں کی' میرا اور میری بیوی بچے کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ میرے بیٹے سے پیار کرتا رہا اور میری بیوی کے آرام و آسائش کا ہر طرح خیال رکھا' بلکہ روزانہ جب شام کی محفل میں' میں نے اس کے کسی لفظ کے غلط تلفظ پر ٹوکا تو میری بیوی سخت پریشان ہوئی اور بعد میں علیحدگی میں مجھ سے کہا'' ساحر آپ کی بات کا برا مان سکتا ہے اور یہ کہ اسے کسی بات پر ٹوکنے سے اجتناب کروں۔'' بہر حال پندرہ روز بعد 13 جنوری 1979 کو ہم بمبئی سے واپسی کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ اس کے ایک ڈیڑھ برس بعد وہ یہ دُنیا ہی چھوڑ گیا اس نے مجھ سے لاہور آنے اور پرانے دوستوں سے ملنے کا جو وعدہ کیا تھا وہ بھی پورا نہ ہو سکا۔

1983 میں آمر ضیاء الحق کے زمانے میں مجھے دوسری بار دہلی جانے کا موقع ملا۔ اس دورے کے دوران اپنے قیام دہلی میں' میں نے ایک روز امرتا کو فون کر کے ملنے کی خواہش ظاہر کی' اسے اپنے گھر یا پریت نگر ہونے والی ملاقات تو یاد نہیں تھی مگر ساحر کا قریبی دوست ہونے کا اس کو شبہ تھا' چنانچہ اس نے مجھے اسی شام اپنے گھر آنے اور وہیں رات کا کھانا کھانے کی دعوت دی۔ اس ملاقات میں امرتا' امروز اور میں تین افراد ہی شامل تھے۔ یہ محفل کوئی چار گھنٹے پر محیط تھی۔ شغلِ مے نوشی بھی جاری رہا اور ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات پر باتیں بھی جاری رہیں لیکن ملاقات شروع ہونے کے کوئی ایک گھنٹے بعد امرتا نے اچانک مجھ سے سوال کیا ''1946-47 میں جب ساحر اور آپ بمبئی میں ایک ساتھ رہے تو کیا وہاں ساحر کی اشیر کور سے ملاقات ہوئی تھی؟ میرا جواب تھا کہ اشیر کور بمبئی میں فرار تھی' ساحر اس کا ذکر بھی بہت کرتا تھا مگر نہ تو ہمیں اس کا اتہ پتہ تھا اور نہ ہی ساحر اتنا مشہور ہوا تھا کہ اشیر کور کو اس کے بارے میں علم ہوتا۔ فلم ''آزادی کی راہ پر'' لٹک گئی تھی اور جو فلم تقسیم ہند کے خلاف تھی وہ قیام پاکستان کے بعد ریلیز ہوئی اور فلاپ ہو گئی۔ اس ڈیڑھ سال میں ان دونوں کی کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔ مگر امرتا کی تو جیسے سوئی اس سوال پر اٹک گئی تھی۔ ہر پندرہ منٹ بعد وہ پھر یہی سوال دہراتی'' حمید صاحب ڈیڑھ برس سے زائد عرصہ بمبئی میں رہنے کے بعد یہ کیسے ممکن ہے کہ ساحر اس سے نہ ملا ہو' میں نے بار بار اسے یقین دلایا کہ ہم دونوں دن رات ایک ساتھ رہتے تھے۔ میں دعوے کے ساتھ یہ کہتا

ہوں کہ وہاں ان دونوں کے درمیان ملاقات نہیں ہوئی۔ مگر وہ بار بار یہی سوال دہراتی رہی' حتیٰ کہ میں نے کہا ''اب تو ساحر اس دُنیا میں نہیں ہے اور غالباً اشیر کور بھی نہیں' اس لیے یہ ذکر چھوڑیے اور کوئی اور بات کیجئے' مگر جیسے جیسے اس کا نشہ غالب آتا رہا وہ مجھ سے یہ سوال دہراتی رہی۔ عورت آخر عورت ہوتی ہے' وہ کتنی بڑی شاعرہ اور ادیبہ کیوں نہ بن جائے' اپنے محبوب کے کسی اور کی زُلف کا اسیر ہونا برداشت نہیں کرتی۔

بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ ساحر کی توقع کے عین مطابق جب وہ فلمی نغمہ نگار کے طور پر ہندوستان بھر میں شہرت کی بلندیوں پر پہنچا اور اس کے نام کا ڈنکا بجنے لگا تو اشیر کور نے اسے ڈھونڈ لیا۔ ساحر کا اس کے گھر آنا جانا بھی شروع ہو گیا اور یہ سلسلہ اس روز تک جاری رہا جس روز اس کے شوہر نے ساحر سے کہا ''اشیر کور میری بیوی ہے' یہ تمہارے ساتھ جانا چاہے تو جا سکتی ہے' تم اسے لے جانا چاہو تو لے جاؤ' اگر یہ ممکن نہیں ہے تو مہربانی کر کے ہمارے ہاں آنے جانے کا معاملہ ختم کرو۔'' اس کے بعد ساحر اشیر کور کے گھر کبھی گیا نہ اس سے ملا۔

☆☆☆☆

خالد فتح محمد

'ایک لڑکی ایک جام' کا مطالعہ

اس افسانے کے تین کلیدی اجزا ہیں۔ ایک لڑکی کی دو تصویریں؟ پہلی تصویر میں دیکھنے والوں کو اس کے چہرے سے زیادہ کمر دکھائی گئی تھی اور دوسری تصویر ایسی تھی کہ جس کے بارے میں لوگ کہا کرتے ہیں کہ منہ سے بول اٹھے گی۔ اس تصویر کا نام تھا ''ایک لڑکی ایک جام'' اور راوی نے اسے دیکھ کر مصور سے کہا تھا: ''ایسا جام پینے کے لیے تمہاری ساری عمر بھی کم ہے۔'' دوسرا وہ لڑکی (جس کی تصویریں تھیں) جو چائے کے باغ میں پتیاں چنتی تھی اور اس کا خاندان (ایسے تمام خاندانوں کی طرح) غربت کی دلدل میں دھنسا ہوا تھا۔ تیسرا جز وہ مصور ہے جس نے لڑکی کی تصویر بنائی۔

مصور شہر کا رہنے والا ایک جدید آدمی تھا جسے بوتل سے رغبت تھی اور لڑکیاں لباس کی طرح تھیں جو روزانہ تبدیل کیا جاتا ہے۔ اس نے جب لڑکی کو دیکھا تو اس کے روپ کی چمک اسے چندھیا گئی۔ یہ ایک نئی لڑکی تھی جسے اس کے لیے نیا تجربہ ہونا تھا۔ لیکن ایسے ہوا نہیں۔ دراصل مصور پالم پور کے چائے کے باغات کے نزدیک کانگڑہ کے ایک گاؤں میں کچھ عرصہ کے لیے ٹھہرا ہوا تھا اور یہ تصویریں اس نے ہی بنائی تھیں۔ مصور نے لڑکی کو جب دیکھا تو برسات کے دن تھے۔ نالے کے پانی میں ساتھ والے گاؤں کو جانے والی سڑک بھی ڈوب گئی تھی۔ تین دن کے بعد سڑک دکھائی دی۔ مصور اور لڑکی کی اس سڑک پر مڈبھیڑ ہوئی۔ مصور نے لڑکی سے کہا تھا ''دیکھو نا پانی آخر سوکھ ہی گیا۔ ایک بار تو یوں محسوس ہوا تھا جیسے یہ پانی کبھی سوکھے گا ہی نہیں۔'' لڑکی کے جواب پر امرتا پریتم نے اس کہانی کو تعمیر کیا ہے۔ اگر لڑکی وہ جواب نہ دیتی تو مصور کی سوچ میں تبدیلی نہ آتی اور وہ لڑکی کو ایک جسم ہی سمجھتا۔ لڑکی نے کہا تھا ''یہ بھی کوئی آدمی کے آنسو ہیں جو کبھی نہ سوکھیں۔''

مصور نے کسی وقت یہ بات ایک بنگالی ناول میں پڑھی تھی۔ اَن پڑھ لڑکی کا جواب اسے اس (لڑکی) کے گھر لے گیا۔ یہاں سے افسانے کا دوسرا حصہ شروع ہوتا۔ مصور کے لیے پہلے وہ لڑکی ایک ماڈل تھی۔ وہ اس

کے لیے اتنی غیر اہم تھی کہ اس نے لڑکی کا نام جاننا بھی مناسب نہ سمجھا' وہ اسے ٹونی کہہ کر بلانے لگا۔ مصور لڑکی کے گھر جا کر اس کی بات میں چھپے دُکھ کو سمجھ گیا۔

لڑکی کے گھر میں اس کا باپ تھا' ماں تھی' بھائی اور ایک بھابھی تھی۔ ان کے مشترکہ دُکھ میں اسے آفاقیت نظر آئی۔ وہ جانتا تھا کہ دُکھ سے ہی انسانی تہذیب رقم ہے۔ وہی تحریر اس گھر میں ہر طرف لکھی ہوئی تھی۔ وہاں بے کسی' بے بسی' محرومی اور غربت ہر سو بکھری ہوئی تھی۔ ''ایک جام ایک لڑکی'' والی تصویر کے پس منظر میں چائے کے باغات تھے لیکن ان باغات پر ٹونی اور اس کے خاندان کی غربت اور مجبوری کے بادلوں کا گہرا سایہ پھیلا ہوا تھا۔

زیرِ نظر افسانے کے بیانیہ عمل اور کرداروں کی پیش کش متاثر کن اور دلچسپ ہے۔ یہاں دونوں تصویریں بھی کردار کی حیثیت لے گئی ہیں۔ کہانی کے آغاز میں مصنف نے ان تصویروں کا تعارف کرواتے وقت لکھا ہے ''چائے کے ایک پودے میں آخری کونپل ڈیڑھ پتی پر مشتمل ہوتی ہے۔ ایک پوری پتی اور دوسری اس کے ساتھ جڑی ہوئی چھوٹی سی نازک پتی' اس ڈیڑھ پتی کا رنگ الگ دکھائی دیتا ہے۔ اس آخری کونپل کے نیچے ڈھائی پتیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں' بہت ملائم اور نازک۔۔۔۔ ان پتیوں سے جو چائے بنتی ہے وہ بیش قیمت ہوتی ہے۔''

ایک مشہور مصور کانگڑہ کے ایک غیر معروف گاؤں میں ایک خوبصورت لڑکی کے حسن اور تعقل کا گرویدہ ہو کر اسے حاصل کرنا چاہتا ہے۔ یہاں امرتا پریتم نے کہانی کو دلچسپ بنانے کے لیے روایت کا سہارا لیا ہے۔ کیا ایک تعلیم یافتہ اور مشہور عورت کسی اَن پڑھ' مردانہ حسن سے مالا مال اور ذہین مزدور کے ساتھ اس کے گاؤں میں زندگی گزارنے کا عہد کر لے گی؟ اگر ایسا ممکن ہے تو مہیش نندہ (مصور) کا اس لڑکی کے ساتھ زندگی گزارنے کا عہد کر لینا بھی منطقی ہے۔ وہ جب ٹونی کے گھر جاتا ہے تو اسے پتا چلتا ہے کہ اس علاقے میں لڑکیوں کی قیمت لگتی ہے۔ غریب' مہاجنوں کے مقروض ہوتے ہیں اور اس قرضے کے عوض ان کے پاس لڑکیاں بیچ دی جاتی ہیں۔ ٹونی کے باپ کے سر پر بھی قرضے کا بوجھ تھا۔ تب مہیش نے اس گھر میں اداسی اور بے بسی کے آسیب کو پہچان لیا۔

قرضہ دینے والے مہاجن نے پندرہ سو روپے کے قرضے کے عوض ٹونی کو اس کے باپ سے مانگا ہوا تھا۔ یہاں امرتا پریتم کے پاس کہانی کو آگے بڑھانے کے صرف دو راستے تھے۔ وہ یا تو لڑکی کو مہاجن کے پاس

جانے دیتی۔ اگر وہ ایسے کرتی تو خطے میں جاری ناانصافی کا حصہ بن جاتی اور افسانہ بے مقصد ہو کر رہ جاتا۔ اور اگر ٹونی اس ظلم کے خلاف آواز بلند کر کے مہیش نندہ کے پاس پناہ لے لیتی یا اسے اپنی قیمت ادا کرنے کے لیے کہہ دیتی تو مہیش نندہ اس کے پیسوں کے عوض اس کے جسم کا تقاضا بھی کر سکتا تھا کیوں کہ وہ جانتا تھا کہ ٹونی مہاجن سے خائف تھی۔ وہ اسے پہلے ہی بتا چکی تھی ''بابو! وہ آدمی نہیں شیطان کا بچہ ہے۔ مجھے تو خواب میں بھی اس سے ڈر لگتا ہے۔''

اب کہانی ایک نازک موڑ لیتی ہے۔ کسی وقت مہیش نندہ نے پوچھا تھا ''ٹونی تو چائے کے پودے کی آخری کونپل ہے' بتا یہ چائے کون پیئے گا؟'' مہیش نندہ کو جب خاندان کی پریشان کن صورت حال (Predicament) کا پتا چلا تو اس نے ٹونی سے کہا کہ وہ پندرہ سو روپے کا بندوبست کر دے گا اور نہ وہ اپنے باپ کو بتائے کہ وہ سگائی توڑ دے۔ مہیش کو شاید امید تھی کہ ان پندرہ سو روپوں کے عوض ٹونی ممنوعیت میں اپنے آپ کو مہیش کر دے گی۔ لیکن فکشن تو (Improbables) پر مبنی ہوتا ہے اور سماجی' معاشی اور بعض اوقات نظریاتی اکائی اس کے لیے معنی نہیں رکھتے۔ مہیش نندہ' ٹونی کو عقلی سطح پر اپنے برابر سمجھ چکا تھا۔ شاید اسے ایسی کوئی لڑکی پہلے ملی ہی نہیں تھی جو اس کے عقلی معیار پر پورے اُترتی؟ اس لیے لڑکیاں اسے لباس کی طرح لگا کرتی تھیں۔ ٹونی اس کے معیار پر پورا اترتی تھی لیکن اس نے ابھی تک اس کے ساتھ اپنے رشتے کی نوعیت طے نہیں کی تھی۔

عالمی تناظر اور نظریہ مصنف کے ارادے کو سمت دیتے ہیں۔ دراصل ہوا وہی عالمی تناظر اور نظریے کی تشریح کرتا ہے۔ ''ایک لڑکی ایک جام'' عالمی تناظر میں جبر و استبداد کے خلاف ایک آواز ہے۔ امرتا پریتم نے اس افسانے کا تانا بانا مہارت کے ساتھ بنا ہے۔ ٹونی ایک حساس' ذہین اور خوش کل لڑکی ہے۔ مہیش نندہ اسے جب پندرہ سو روپے کی پیش کش کرتا ہے تو وہ کہتی ہے ''بابو تو مجھ سے بیاہ کرے گا؟'' اور پھر ''ارے بابو میں کوئی بھکارن تھوڑی ہی ہوں۔''

مہیش نندہ نے ٹونی کو اپنی زندگی اور رُوح کی آگ کے متعلق بتایا اور اسے یہ احساس دلایا کہ وہ اس آگ میں جل جائے گی تو اس نے فوراً کہا ''پھونک پھونک کر پی لوں گی۔'' اس جواب نے ٹونی کو مہیش نندہ کی نظر میں ایک نیا مقام دے دیا۔ اسے لگا کہ وہ صرف اسی لڑکی کے ساتھ اپنی زندگی کا سفر طے کر سکے گا۔ اس نے ٹونی کو اپنی زندگی میں آئی لڑکیوں کے متعلق بتایا کہ وہ تو ایک جام کی طرح نہیں' ایک خالی کر کے دوسرا بھر لیا۔ ٹونی یہ سن کو ہنس پڑی'' کیوں بابو تیری پیاس نہیں بجھی؟'' اس مکالمے کے بعد ''ایک لڑکی ایک جام'' اپنے

کلائمکس کی طرف بڑھتا ہے۔ یہ کلائمکس افسانے کے اختتام کے بجائے اگلے مکالمے میں پوشیدہ ہے۔ ''ایک وعدہ کر بابو جب تک میرے من کا پیالہ ختم نہ ہو جائے تو کسی اور پیالے کو ہاتھ نہیں لگائے گا۔'' یہاں مہیش نندہ کو گزری ہوئی زندگی کے کھوکھلے پن کا احساس ہوا۔ اسے تو صرف خالی جام ہی ملے تھے جنہیں وہ بھر بھر کر خالی کرتا رہا۔

اب افسانہ ایک مانوس سے گرد و پیش کی طرف بڑھتا ہے۔ یہ گرد و پیش ہمارے فکشن اور فلم میں عام ہیں۔ زیرِ نظر افسانے کے انجام کو ہم مصنف کی ''فن کارانہ ناکامی'' نہیں کہیں گے کیوں کہ یہ اس کا فن کارانہ ارادہ نہیں تھا' اس کے اس ارادے کی تکمیل میں سماجی مخالفت ایک رکاوٹ تھی۔ سماج کا مستقل جھولتا نقش' یادداشت اور بے مقصد ہدایات فن کار کو بے بس کر دیتے ہیں۔

سماج کی خواہش ہوتی ہے کہ فن کار کے کردار غیر متحرک اور واقعات بنیادی منطق سے عاری ہوں۔ ''ایک لڑکی ایک جام'' کے کردار متحرک اور زندگی کو ایک قدم آگے لے کر جانا چاہتے ہیں۔ اسی لیے مہیش نندہ پندرہ سو روپے کا بندوبست کرنے شہر چلا جاتا ہے۔ جب وہ واپس پہنچتا ہے تو بوڑھے مہاجن نے اپنا سودا ٹوٹنے کی خبر سن کر ٹونی کو دھوکے سے زہر دلوا دیا تھا۔

مہیش نندہ نے ٹونی سے وعدہ کیا تھا کہ جب تک اس (ٹونی) کے من کا پیالہ ختم نہ ہو جائے وہ کسی دوسرے پیالے کو ہاتھ نہیں لگائے گا۔ راوی کے بقول اس نے ایسے ہی کیا۔ سماج نے ٹونی کا بھرا ہوا پیالہ توڑ دیا لیکن مہیش نندہ کا کسی اور پیالے کو نہ تھامنا زندگی سے فرار تھا یا ٹونی سے وفاداری؟

واقعات کو کھولنے کے لیے مصنف نے خود کو راوی بنایا ہے اور ''فلیش بیک'' کی تکنیک کا استعمال کر کے کہانی کو مہارت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ یہ سماج کی ناانصافی پر مبنی ایک روایتی کہانی ہے' ایسی کہانی جس کی صداقت آفاقی ہے!۔

☆☆☆☆

ڈاکٹر سلیم اختر

حقیقت سے حقیقت تک کا سفر

(''رسیدی ٹکٹ'' کا مطالعہ)

''مَیں کے بغیر'' تم'' کے معنی نکلتے ہیں نہ دُنیا کے یہ مَیں کے آگے تم کا سفر ہوتا ہے'' اور تم کے آگے اپنی کائنات کا''

امرتا پریتم

آپ بیتی لکھنے کا کیا محرک ہے؟

سوال آسان، جواب مختلف!

متعدد جوابات میں سے ایک بنیادی بات تو یقیناً واضح ہو جاتی ہے کہ یہ ''مَیں'' کا اظہار ہے۔ مَیں جو کہ ذات وصفات کا آئینہ ہے، یہی آئینہ شخصیت کا عکاس اور استعارہ قرار پاتا ہے، فرد اس آئینہ میں جب اپنا جلوہ دیکھتا ہے تو خود سے معمور ہو جاتا ہے اور پھر خود بینی کے اس عمل میں دُوسروں کو بھی شریک کرنے کی سعی کرتا ہے۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ فرد کے لیے جو آئینہ طلسمِ ہوش افزا ہوتا ہے دوسروں کے لیے DISTORTING MIRROR بھی ثابت ہو سکتا ہے

آپ بیتی کا محرک اگر نرگسیت ہے تو پھر نرگسیت فن کارانہ طریقہ ہے اظہار پاتی ہے (یا ایسا ہونا چاہیے) اسی لیے آپ بیتی میں ''مَیں'' کا راگ دھیمے سُروں میں الاپنا چاہیے ورنہ قاری کی نرگسیت مصنف کی نرگسیت سے متصادم ہوگی اور یوں آپ بیتی میں سے شخصیت کا رس معدوم ہو جائے گا۔

آپ بیتی قلم بند کرنے والا بالعموم دیباچہ میں آپ بیتی کے محرک کے بارے میں تحریر کرتا ہے، مگر کبھی معذرت کے انداز میں تو کبھی دفاع کے اُسلوب میں، کبھی بہانوں کی مانند وہ جواز تراشتا ہے تو کبھی داد طلب ہوتا ہے۔ اُمرتا پریتم نے ایسا کوئی تنقیدی دیباچہ نہ لکھا کتاب کے آخر میں اُس نے یوں لکھا۔

''وہ بھی ایک دن تھا۔۔۔۔۔جب مَیں نے اپنے بارے میں اِس قدر تفصیل کے ساتھ لکھنے کے بجائے سوچا تھا۔۔۔کبھی جب مَیں، اپنی سوانح حیات لکھوں گی، صرف دس سطریں لکھوں گی اور وہ سطریں مَیں نے کاغذ پر لکھ کر رکھ لی تھیں۔وہ سطریں آج بھی میرے سامنے ہیں اور آج بھی وہ اتنی ہی سچی ہیں، جتنی اُس روز لکھتے وقت تھیں۔

میری تحریر، کیا نظم اور کیا نثر، مَیں جانتی ہوں کہ غیر قانونی بچے کی طرح ہے۔

میری دُنیا کی حقیقت نے میرے دل کے خواب سے عشق کیا، اور ان کے وصل ممنوع سے یہ تحریر پیدا ہوئی۔

جانتی ہوں۔۔۔۔ایک غیر قانونی بچے کی قسمت اُس کی قسمت ہے اور اُس کو ساری عمر اپنے اَدبی سماج کی پیشانی کے بل سہنے ہیں۔

دل کا خواب کیا تھا، کون تھا اس کی تشریح میں جانے کی ضرورت نہیں۔وہ کمبخت بہت حسین ہوگا، ذاتی زندگی سے لے کر کل کائنات کی بہتری تک کی باتیں کرتا ہوگا تب ہی حقیقت اپنی اوقات کو بھول کر اس سے عشق کر بیٹھی اور تحریر جو پیدا ہوئی۔۔۔ہمیشہ کچھ کاغذوں میں لاوارث بھٹکتی رہی۔۔۔۔

اور آج بھی میرا یقین ہے۔۔۔۔یہ دس سطریں میری پوری اور طویل سوانح حیات ہے۔۔۔'' (رسیدی ٹکٹ:۱۶۲)

یہ سطریں سچی اور کھری حقیقت نگاری کی مظہر ہیں۔اس سے دوچار ہونے کے لیے ہر اَدیب میں ہمت نہیں ہوگی بالخصوص ہمارے معاشرے کی عورت کے لیے!

وہ ''خالص عورت'' کی ضمنی سرخی کے تحت لکھی ہے۔

''یوں میرے وجود کے اندر کی عورت ہمیشہ میرے اندر کے اَدیب سے ثانوی درجہ پر رہی ہے، کئی بار یہاں تک کہ مَیں اپنے بیچ کی عورت کی اپنے آپ کو یاد دلاتی رہتی ہوں (رسیدی ٹکٹ:۳۲)

مزید لکھتی ہے۔

''اس میرے اندر کی خالص عورت کی خالص اَدیب کے ساتھ کوئی پُرخاش نہیں۔اس

نے خود ہی اس سے پیچھے، اس کے عقب میں کھڑے رہنا قبول کر لیا ہوا ہے۔

(رسیدی ٹکٹ: ۳۳)

''خالص عورت'' کا خالص عورت۔ادیب'' کے لیے جگہ خالی کر دینا در اصل برتر وجود کو تسلیم کرنا ہے۔ایک اور موقع پر بھی امرتا پریتم نے آپ بیتی کے بارے میں اس خیال کا اظہار کیا:

''خود نوشت سوانح حیات کو اکثر چمک دمک بھری یک طرفہ سچائی خیال کیا جاتا ہے۔۔۔۔خود ستائش کا فن کارانہ وسیلہ، لیکن بنیادی سچائی کو ادیب کی اپنی ضرورت مان کر میں کہنا چاہوں گی۔۔۔۔۔یہ حقیقت سے حقیقت تک'' پہنچنے کا عمل ہے۔''

(رسیدی ٹکٹ: ۱۲۷)

یوں دیکھیں تو امرتا پریتم کی جذباتی اور تخلیقی زندگی'' حقیقت سے حقیقت تک پہنچنے کا عمل قرار پاتی ہے۔کام مشکل اس لیے کہ اس میں خسارہ بھی ہے۔وہی بات:

''عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا''

یہ سطریں دیکھیے:

''المیہ یہ نہیں ہوتا کہ آپ اپنے عشق کے ٹھٹھرتے بدن کے لئے ساری عمر گیتوں کے پیراہن سیتے رہیں۔المیہ یہ ہوتا ہے کہ ان پراہنوں کو سینے کے لیے آپ کے پاس خیالوں کا دھاگا ختم ہو جائے اور آپ کی قلمی سوئی کی نوک ٹوٹ جائے

(رسیدی ٹکٹ ص: ۴۲)

غالباً یہ المیہ ہر تخلیق کار کا ہے کہ ہونے اور نہ ہونے کے دو پاٹن بیچ لینا اس کا مقدر ہے اس عمل سے البتہ اعصابی تناؤ بھی در اصل تخلیقی محرک ثابت ہوتا ہے یوں کہ جہلت قلم میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

امرتا پریتم نے'' رسیدی ٹکٹ'' میں غسل آتش کی ضمنی سرخی کے تحت یوں لکھا!۔

Create an idealzed image of yourself and try to resemble it.

''یہ الفاظ کازان زاکس نے اپنی پہلی ملاقات میں اپنی محبوبہ سے کہے تھے۔مجھے یہ کسی نے نہیں کہے۔لیکن میں نے یہ سنے تھے۔اپنے لہو میں سے سنے تھے۔۔۔۔اور پھر اپنے ہونٹوں سے ہی اپنے کانوں کو کئی بار کہتی رہی۔ہر اس بار بھی۔جب ان پر عمل

سے بچھڑ جاتی تھی۔۔۔میں یہ نہیں کہتی کہ ان لفظوں کا طلسم میری پکڑ میں آیا ہے۔۔۔صرف یہ۔۔۔کہ ساری عمر یہ مددگار و معاون رہے ہیں۔ان کا طلسم ہی شائد اسی بات میں ہے کہ اپنی شبیہہ جب بھی اپنے تخیلی وجود سے کچھ مشابہت پکڑنے لگتی ہے۔۔۔۔خیالی وجود۔۔۔۔اور بھی حسین بن کر دور جا کھڑا ہوتا ہے۔صرف یہ کہہ سکتی ہوں کہ ساری عمر اس تک رسائی پانے کے لیے سعی و جہد کرتی رہی ہوں۔

(رسیدی ٹکٹ ص:۸۴)

کیا یہ TO BE OR NOT TO BE کا دائمی DELLIMA ہے یا برتر وجود کی تلاش یا پھر داخلی خلا کو پر کرنے کا ایک انداز۔۔؟

دراصل اس کشمکش سے جو بعض اوقات فرد کو ذہنی ہفت خواں طے کراتی ہے عام شخصیت اور تخلیقی شخصیت میں اس سے امتیاز پیدا ہوتا ہے۔عام فرد سوز نہانی میں جل کر بھسم ہو جاتا ہے۔مگر تخلیق کار رائڈر ہیگرڈ ''SHE'' کی مانند ''عمل آتش'' سے نیا جنم حاصل کرتا ہے۔''رسیدی ٹکٹ'' میں اُمرتا پریتم نے ''ققنوسی نسل'' کے ضمنی عنوان تلے یہ بھی لکھا!

''دُنیا کے سب سچے اُدیب مجھے ققنوسی معلوم ہوتے ہیں، تخلیقی عمل کی آگ میں جلتے، اور پھر اپنی راکھ میں سے تخلیق کی صورت میں پیدا ہوتے!''

(رسیدی ٹکٹ:۱۴۶)

اُمرتا پریتم کی آپ بیتی چھپی تو اچھی خاصی متنازعہ کتاب ثابت ہوئی غالباً ساحر لدھیانوی کے تذکرہ کی وجہ سے؟ اتنا سچ؟ اتنی بولد؟ اتنی جرأت؟ لیکن میں تذکرۂ ساحر کو اُدیبہ کی دیانت داری سمجھتا ہوں۔اپنی ذات سے دیانتداری، اپنے فن سے دیانتداری، اپنے آئیڈیل سے دیانتداری شاید اسی لیے وہ یہ بھی لکھ سکی!

''ساحر ایک خیال۔۔۔ہوا میں چمکتا، شاید میرے اپنے ہی خیالوں کا جادُو''

(رسیدی ٹکٹ:۸۴)

''رسیدی ٹکٹ'' میں اور بھی بہت کچھ ہے اتنا کہ ساحر کا تذکرہ حذف کر دینے کے باوجود بھی کتاب قابل دید اور دلچسپ اور پُر معنی رہتی ہے ملاحظہ ہوں اُمرتا کے ایک گیت کے یہ بول:

''سپنے کا ایک تھان بنوایا

گز بھر کپڑا پھاڑ لیا، اور عمر کی چولی سی لی
آج ہم نے عرش کے گھڑے پر سے
بادل کی ایک چٹنی اُتاری، گھونٹ بھر چاندنی پی
گیتوں کے ساتھ چکا جائیں گے۔
یہ جو ہم نے موت سے گھڑی اُدھار پہ لی (رسیدی ٹکٹ:۱۰۹)

اور اس گیت کے ساتھ ان منہ بولتی سطروں کا بھی اضافہ کر لیں تو بات کہیں سے کہاں تک جا پہنچتی ہے۔

''یہ کتابوں کے نہیں زندگی کے ورق ہیں، لیکن ان کی عبارت صرف اُن کی سمجھ میں پڑتی ہے، جنھوں نے زندگی کے بگولے اپنے بدن پر جھیلے ہیں، اور جو ہاتھوں کی قوت صرف اپنے دلوں سے لیتے ہیں'' (رسیدی ٹکٹ:۱۱۵)

''۔۔۔۔آج یہ جو کچھ اپنے دل کے عمیق ترین گوشوں سے نکال کر کاغذوں کے اوپر رکھ رہی ہوں، یہ صرف اُن کے لیے ہے جو دُنیا کی روایتوں اور اداسیوں کو دروازے سے باہر بٹھا کر، دل کے سچ کو اندر بیٹھ کر جینے کا حوصلہ کر سکتے ہیں''

(رسیدی ٹکٹ:۱۱۶)

آخری اقتباس اس بنا پر قابلِ غور ہے کہ اُمرتا کو عمر بھر معاندانہ تحریروں سے مصلوب کرنے کی کوشش جاری رہیں۔ اُمرتا پریتم اپنی تخلیقات کے برعکس اپنے طرزِ عمل کی وجہ سے متنازعہ ہیں۔ مذہب و مسلک میں حلال و حرام کا تعین اِن احکامات سے ہوتا ہے، جو عملی زندگی میں بعض اوقات تضادات کا باعث بھی بنتے ہیں۔ بندر سے لے کر گائے بلکہ چوہے تک کو پوتر سمجھنے والا اور اہنسا کا قائل ہندو مسلمان کا خون بہاتے وقت ذرا بھی متردّد، پریشان یا پشیمان نہیں ہوتا، ہم مسلمان بھی اس ضمن میں کسی سے کم نہیں، کون سا گناہِ کبیرہ یا صغیرہ ہے جو ہم سے سرزد نہیں ہوتا بلکہ جو گناہ نہ کر سکیں ان کی حسرت کے داد طلب بھی ہوتے ہیں۔ عورتوں پر کتے چھوڑنے والے، اُنھیں زندہ دفن کرنے والے اور ننگی عورتوں کے جلوس نکالنے والے سب کچھ کر گزریں گے بعض سور کا نام بھی نہ لیں گے۔ سکھوں میں شراب جائز لیکن تمباکو نوشی حرام، لہٰذا سموکنگ کرنے والے کا نزاعات کے بھنور میں گھرے رہنا باعث تعجب نہ ہونا چاہیے۔

اُمرتا پریتم کیونکہ منافق نہ تھی اس لیے اس نے ذاتی زندگی کو اخفاء میں رکھنے کے برعکس گفتنی، ناگفتنی

سب کا برملا اعتراف کیا اور یہی باعث خرابی تھا۔ منافق معاشرہ سچائی کو برداشت نہیں کر سکتا ایسے معاشرہ میں زیست کرنے کے لیے جھوٹ پر سچ کے ملمع کی ضرورت ہوتی ہے۔ امرتا پریتم اگر منافق ہوتی تو ساحر سے نہ تو محبت کا اعتراف کرتی اور نہ ہی اس کے سگریٹوں کے ٹوٹوں کو سنبھال کر رکھتے اور سگریٹ پینے کا اعلان کرتی۔

(رسیدی ٹکٹ: ۲۵، ۸۸، ۱۱۸)

امرتا پریتم نے زندگی کو چار حصوں (۱) شعور (۲) لاشعور (۳) دلیری اور (۴) تنہائی میں تقسیم کرتے ہوئے دلیری کے ضمن میں یہ لکھا:

''حال کو ادھڑنے والی اور مستقبل کو سینے والی دلیری، خوابوں کو تاش کے پتوں کی طرح ملا کر اور بانٹ کر کوئی کھیل کھیلنے کی دلیری جس کی کوئی بھی ہار دائمی ہار نہیں ہوتی۔ جس کے پتے پھر سے ملائے جا سکتے ہیں اور جیت کی امید پھر سے باندھی جا سکتی ہے''۔

(رسیدی ٹکٹ: ۴۶)

دلیری کا یہ تصور کتابی کے برعکس ''وارداتی'' ہے اس لیے اپنے اندر واضح کے ساتھ ساتھ بین السطور مفہوم کا بھی حامل ہے اس لیے جب یہ لکھتی ہے تو بات سمجھ میں آ جانی چاہیے۔

''بہت سگریٹ پیتی ہوں اور کبھی کسی کسی دن مجھے وہسکی بھی اچھی لگتی ہے۔ اس کو روز عادت کے طور پر نہیں پی سکتی، لیکن کسی دن اچانک اس کی تیکھی طلب ہوتی ہے۔۔۔۔۔ جانتی ہوں یہ دونوں چیزیں جب کسی عورت کے ساتھ وابستہ ہو کر ایک ذکر بنتی ہیں۔ یہ ذکر عورت کی شخصیت کو سنجیدگی لفظ کے ساتھ نہیں جوڑتا''۔

(رسیدی ٹکٹ: ۱۶۰)

امرتا پریتم کس تیقن سے یہ لکھتی ہیں:

''سچ کی اپنی ایک طاقت ہوتی ہے'' (رسیدی ٹکٹ: ۱۱۸)۔

میرا یہ قیاس ہے کہ اگر سکھ عورت نے مسلمان مرد کی محبت کا اعتراف نہ کیا ہوتا تو شاید اتنی جبینوں پر بل نہ آئے ہوتے اس امر کے باوجود کہ ایک وقت وہ ساحر کے بارے میں یہ بھی کہہ دیتی ہے:

''سالا جولاہا، ساری عمر خواب بنتا ہی رہا، کسی کا خواب نہ بنا'' (رسیدی ٹکٹ: ۸۸)

امرتا پریتم کی ''رسیدی ٹکٹ'' صرف ۱۷۶ صفحات پر مشتمل ہے اس لحاظ سے تو اسے مختصر بلکہ مختصر ترین

آپ بیتی قرار دیا جا سکتا ہے، عمر عزیز کی تصویر اتنے چھوٹے کینوس پر پینٹ کرنا آسان نہیں۔ اس کے لیے کار گر اسلوب کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی امرتا کا سب سے بڑا ہتھیار ہے وہ قرۃ العین حیدر کی مانند تفصیل پسند نہیں اس لیے اشاروں اور کنایوں میں بھید کھولتی ہے۔

کفایت الفاظ کی بناء پر مجھے تو ''رسیدی ٹکٹ'' منیچر جیسی دل کشی کی حامل نظر آتی ہے۔

جہاں تک اس آپ بیتی کی تکنیک کا تعلق ہے تو یہ روایتی انداز میں تحریر نہیں ہوئی۔ واقعات کی ترتیب نہ زمانی ہے نہ مکانی بعض آپ بیتیاں منظم اور مرتب انداز میں لکھی جاتی ہیں۔ پیدائش، والدین، خاندان، تعلیم، ابتدائی اثرات، کیریئر، شادی، بچے، وغیرہ وغیرہ سب کے بارے میں ضروری (اور غیر ضروری) کوائف، معلومات اور تفصیلات ملتی ہیں۔ مگر رسیدی ٹکٹ میں یہ انداز روا نہیں رکھا گیا۔

رسیدی ٹکٹ کو ایک شاعر نے قلم بند کیا مجھے تو یہ طویل نثری نظم محسوس ہوتی ہے ایسی نظم جس نے شعور کی رو کے زیر اثر جنم لیا۔ اس لیے واقعات سے مملو جذبات اور احساسات کے بیان میں مدوجزر جیسا انداز کارفرما ملتا ہے۔ واقعات کے بیان میں منطقی ترتیب کے برعکس تلازم خیال جیسا انداز ملتا ہے۔ اس میں ڈائری بھی ہے، خواب بھی ہے، اس میں دُنیا کے بعض بڑے ملکوں کے دوروں کی روداد بھی ہے اور عالمی سطح کے قد آور اہل قلم سے ملاقاتوں کا احوال بھی ہے اور اُن کی زندگی پر تبصرہ بھی ہے اور اپنے ناولوں، افسانوں اور نظموں کا تذکرہ بھی، ساحر بھی ہے امروز بھی اور بچے بھی۔۔۔۔۔۔ سب کچھ ہے، لیکن اِن سب کے بیان میں صرف اتنے ہی الفاظ خرچ ہوتے ہیں جتنے الفاظ کی ضرورت ہے۔۔۔۔ الفاظ کے استعمال میں اسے کفایت شعار عورت قرار دیا جا سکتا ہے۔ عورت جب تخلیق کار بنی تو یہ دعویٰ کر سکی:

> ''۔۔۔۔۔ زندگی کے ہر اتار چڑھاؤ میں جو سدا ساتھ رہتی تھی۔۔۔۔۔۔ وہ میری قلم تھی۔ چاہے کوئی حادثہ میری اکیلی چھاتی پر گزرتا، چاہے ملک کی تقسیم ایسا لاکھوں لوگوں کو پیش آتا، یہ قلم میرے اعضاء کی مانند میرا حصہ، بدن بن کے رہتی تھی۔ سو صرف یہی زندگی کا فیصلہ تھا۔ باقی سارے شوق گویا کھاد بن کر اس کے رگ و ریشہ میں سما گئے۔
>
> معلوم نہیں، زندگی میں کون سی مہک کی خاطر کیا کیا کھاد بنتا ہے۔۔۔۔ ساحر۔۔۔ کی دوستی بھی، محسوس ہوتا ہے،۔۔۔۔ امروز کی دوستی کے پھول میں کہیں شامل ہے

،چاہے کھاد بن کر اس کو زرخیز بنانے کی صورت میں:

(رسیدی ٹکٹ:۱۳۵)

میں نے جب اپنی آپ بیتی ''نشان جگر سوختہ'' قلم بند کرنے کا ارادہ کیا تو اس الجھن سے دوچار ہوا کہ گفتنی اور ناگفتنی کا کیا تناسب ہو؟ کتاب زیست سے کون سی عبارت حذف کی جائے، کن تصویروں کے لیے ہلکے رنگ استعمال کریں کہاں کنایہ سے کام لیں اور کن امور کو نمایاں تر کیا جائے، واضح رہے کہ میں جھوٹ، ملمع اور مبالغہ کی بات نہیں کر رہا۔

اس نقطہ نظر سے جب ''رسیدی ٹکٹ'' کا مطالعہ کیا تو اسے جھوٹ، ملمع اور مبالغہ سے پاک پایا، امرتا شاعرہ تھی مگر اس نے شاعرانہ اسلوب نہ اپنایا۔ وہ جذباتی عورت ہوگی مگر اس نے آپ بیتی کے چولہے پر جذبات کی ہنڈیا نہ پکائی اور نہ ہی اس میں اُبال پیدا کیا۔ غیر جذباتی نثر میں ذات وصفات کا بیان کیا، ساحر لدھیانوی کی محبت کے اعتراف کی صورت میں امرتا نے ناگفتنی کا بھی تذکرہ کر دیا۔

امرتا پریتم یورپین عورت نہ تھی جسے سب کچھ کہہ دینے کی آزادی حاصل ہے وہ اس معاشرہ کی فرد تھی جس میں ٹیبوز کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توقع کی جاتی ہے مگر امرتا پریتم نے نہ صرف یہ کہ ٹیبوز توڑے بلکہ اس ضمن میں اخفا سے بھی کام نہ لیا یہ بڑی بات ہے اور یہی ''رسیدی ٹکٹ'' کا plus point۔

بقول امرتا پریتم:

''میں صرف دل میں نہیں ٹرنکوں، الماریوں میں بھی کئی چھوٹی چھوٹی چیزیں سنبھال رکھتی ہوں'' (رسیدی ٹکٹ:۱۴۶)

یہاں قلم کار امرتا پریتم نہیں بلکہ ایک عورت سے ملاقات ہوتی ہے، عورت جسے نامساعد حالات میں بھی اپنے عورت ہونے کا احساس ہی نہیں۔۔۔۔ بلکہ جو عورت ہونے پر فخر بھی کر سکتی:

''۔۔۔۔۔جب تک میری نگاہوں میں میری عزت ہے، میرے ناموس پر حرف نہیں آ سکتا''۔۔۔۔میری طرح میری عزت نے بھی ساری عمر کسی پر انحصار نہیں کیا''۔

(رسیدی ٹکٹ:۱۴۴)

وہ مزید لکھتی ہے:

''اپنی ہستی پر فخر ہے۔۔۔اگر پنجاب کی سرزمین پنجاب کی ایک نظم ہے۔۔۔۔تو میں

اس نظم کے معانی ایسی ہوں'' (رسیدی ٹکٹ:۱۴۵)

یہ تعلّی نہیں، عزتِ نفس کا احساس ہے جس کا ''رسیدی ٹکٹ'' میں قدم قدم پر احساس ہوتا ہے۔ یوں دیکھیں تو ''رسیدی ٹکٹ'' اس عورت کے رزمیہ میں تبدیل ہو جاتی ہے جس نے مخالفت، گالی، طنز، استہزا، بہتان کے کانٹوں سے بھری راہ کا انتخاب کیا مگر فخر سے سر بلند کیے کسی فاتح کی مانند تخلیقی سفر جاری رکھا اور کامران بھی رہی۔۔۔۔ اس لیے کہ اس کے پاس تخلیق کار کا ید بیضا اور منور قلم تھا:

''زندگی کے اتار چڑھاؤ میں جو سدا ساتھ رہتی تھی وہ میری قلم تھی

(رسیدی ٹکٹ:۱۳۵)

قلم۔۔۔ جو کبھی پتوار بنتی ہے تو کبھی بادبان کبھی راہنما ستارہ بنتی ہے تو کبھی اندھیرے کو منور کرنے والا چاند، کبھی عصا تو کبھی ضربِ کلیم!

☆☆☆☆

رفعت ناہید

امرتا کا سولھواں سال: ایک چور

امرتا پریتم عشق کے رس میں گوندھ کر بنائی گئی ایک حسین عورت، جو سراپا گداز تھی۔ سرتاپا چاہت، جس کا رواں رواں محبت کے گیت گاتا ہوا، ٹوٹتی، ٹوٹ کر بنتی، بکھرتی، بکھر کے سمٹتی، وہ Bybirth شاعرہ تھی، اس نے بہت لکھا، بے تحاشہ لکھا اور آخری دم تک لکھا، اس میں ہر احساس کو لکھنے کی طاقت تھی، خود اس پر بیتی، پڑھنے والے پر بیت جاتی ہے۔ ایک شفاف عورت جس نے اپنی زندگی کی کتاب یوں کھول کر رکھ دی، کہ جیسے

دیکھو وہ میرے خواب تھے دیکھو یہ میرے زخم ہیں
میں نے تو سب حساب جاں بر سر عام رکھ دیا

جیسے شعر سن کر لڑکیاں دھک سی رہ جاتی تھیں۔

شاید کہانی اس سے بھی پہلے کی ہے، جب امرتا کے باپو سے چوری چوری سولھواں سال اس سے ملنے آیا تھا، نہیں، بلکہ یہ کہانی اس سے بھی پہلے کی ہے جب دس برس کی عمر میں اس کے خوابوں نے ایک صورت بنائی جو بعد میں ساحر بن گیا (بلکہ اور بھی نہیں) کہانی اور بھی پہلے کی ہے جب چار برس کی عمر میں اس کی سگائی پریتم سے ہوئی اور یہ نام اس کی جان سے ایسا جڑا کہ اس کی جان جانے کے بعد بھی جڑا ہوا ہے۔

امرتا کی سوچ میں گداز، لطافت اور پیاری پیاری ہے۔ اس نے ہر اٹھتی ہوئی لڑکی کی طرح اپنی زندگی میں آنے والے شہزادے کی تصویر بہت کم عمری میں ہی بنائی۔ سولھواں برس بقول اس کے اس کی زندگی میں چوروں کی طرح چپکے چپکے، چھپتے چھپاتے آیا تھا۔ اسی آنکھ مچولی میں امرتا نے وہ تصویر اس میٹھے برس کے حوالے کر دی، جو سب سے چوری خوابوں میں اس نے بنائی تھی، وہ سولھواں برس مدتوں اس تصویر میں طرح طرح رنگ بھرتے اس کے ساتھ رہا۔

پھر یہ ہوا کہ امرتا نے یہ سارا پیکر ساحر کی ذات میں ایڈجسٹ کر کے اس کی پوجا پاٹ شروع کر دی۔

ساحر نے امرتا کو کیوں نہیں اپنایا؟ کوئی مجبوری تو بیچ میں تھی نہیں پھر بھی کوئی بات تو ہوگی۔ خیر ساحر نے وہ سنیہڑے پڑھے بغیر واپس کر دیئے، جن میں روتی، کرلاتی، سسکتی، پیار کرتی، پیار مانگتی امرتا تھی، وہ وہ سنیہڑے تھے جن کے لیے 1957 میں امرتا کو اکیڈمی ایوارڈ ملا۔ امرتا نے سوچا، ''خدایا یہ سنیہڑے میں نے کسی انعام کے لیے تو نہ لکھے تھے۔ جس کے لیے لکھے، اس نے نہ پڑھے اب کل عالم بھی پڑھ لے تو مجھے کیا۔'' (ایک تو نہ ملا ساری دنیا ملے بھی تو کیا)''

عشق ترے انگوٹھا لایا، کون حساب چکا دے گا

کا پس منظر بتاتے ہوئے امرتا پریتم خود لکھتی ہے۔

''میں نے ہنس کر ہاتھ کی ہتھیلی اس کے آگے کر دی اور کہا، ''آٹوگراف'' ساحر نے ہاتھ میں پکڑے پین کی سیاہی انگوٹھے پر لگا کر وہ انگوٹھا میری ہتھیلی پر لگا دیا۔ جیسے میری ہتھیلی کے کاغذ پر دستخط کر دیئے۔ اس میرے کاغذ کی عبارت کیا تھی جس کے اوپر اس نے دستخط کئے۔ یہ سب ہواؤں کے حوالے ہے۔

عبارت نہ کبھی اس نے پڑھی، نہ زندگی نے، اس لیے کہہ سکتی ہوں ساحر ایک خیال تھا، ہوا میں چمکتا ہوا۔ شاید میرے اپنے ہی خیالوں کا ایک جادو۔''

خود امرتا کے حسابوں، وہ ساحر کہیں Exist کرتا ہی نہیں تھا۔ کیا یہ واقعی شیز وفرینیا کی کوئی ہلکی سی Wave تھی۔ جس نے اس کی ساری زندگی کو بگولے کی طرح اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ کتنی دراڑیں امرتا کے تن اور من پر آئیں، جب وہ گھر بار ساحر کے لیے چھوڑ کر چلدی تھی۔ چلنے سے پہلے اس نے ساحر کو فون کرنا چاہا، اور بیچ میں آ گیا وہ اخبار جس میں ساحر اپنی نئی دوست سدھا ملہوترا کے ساتھ مسکرا رہا تھا۔ (وہ ساحر اس دنیا میں کہیں آیا ہی نہیں جس کی تم دیوانی ہو۔ اس کے سولہویں سال نے اس کے دل کے کہیں قریب دھڑک کر کہا۔) یہ ایک اور ٹریجڈی ہو گئی۔

ترکے گھڑے کا سارا پانی بہہ چکا تھا۔

پنجابی کے وہ سارے لفظ، فقرے اور لہجے جن کا بدل دنیا کی کسی دوسری زبان میں نہیں، اس

میں سارا رچاؤ امرتا نے بھرا، امرتا نہ ہوتی تو یہ سارے بول جادو نہ بنتے، جادو گر نہ بنتا۔ ساحر بس ساحر ہی رہتا۔

امرتا کی توڑ پھوڑ، ساحر کی بے وفائی، امروز کی پذیرائی ان سب نے مل کر امر امرتا پریتم کو تخلیق کیا۔ پنجاب کا عاشقانہ لب و لہجہ امر ہو گیا، اور پنجابی کو بیتائیں گاتی اپنے ساجن پر نثار ہوتی پنجابنیں امر ہو گئیں۔

اج آکھاں وارث شاہ نوں کہہ کر وہ جھنگ کی ہیر کی سہیلی ہو گئی۔ اگر کبھی میں امرتا کی ہم عمر ہوتی اور امرتا سے ملی ہوتی تو میں ضرور اس کی بڑی گوڑھی سہیلی ہوتی اور امرتا، افضل توصیف کی بجائے مجھے خط میں لکھتی تیرا تن دان دا ملن ہور تریہہ لا گیا۔ تریہہ میں پیاس سے بھی زیادہ پیاس ہے۔ پنجابی کے اکثر لفظ اپنے احساس میں یوں بھیگے ہوئے ہیں کہ ان کا کسی اور زبان میں ترجمہ تو ہو سکتا ہے بدل نہیں ہو سکتا۔ امرتا نے ایسے لفظوں کو ان کے رس سمیت خواب استعمال کیا ہے یا شاید امرتا کے استعمال نے ان میں رس بھرا ہے۔

عمر کی پختگی کے باوجود، وہ سولہواں سال بار بار رائینر رہیگر ڈ کی ''شی'' کی طرح ناآسودگی اور تشنگی کے شعلوں میں نہا کر چمکتا ہوا اس کی عمر کے ہر سال میں اس سے لپٹا رہا۔ اس سے ملنے آتا رہا۔ اور اس نے اس میٹھے برس کو خود سے الگ کرنے کی کوشش بھی نہیں کی۔ سولہ سال کی امرتا، ہر نئے سال میں امرتا پریتم کے بدن میں درازیں کرتی اور اس میں رس بس جاتی تھی۔

اس سولہ برس کی امرتا کو امروز نے سنبھالا جو شاید خود اس سے سولہ برس چھوٹا تھا۔

وہ داستاں تھی کسی اور شاہزادے کی

مرا تھا نام فقط زیب داستاں کے لیے

لیکن امروز زیب داستان نہیں تھا۔ بلکہ وہ خود ایک داستان تھا، امروز وہ شاہزادہ تھا، جس نے سلیپنگ بیوٹی کی آنکھیں چوم کر اس کو سو سال کی تکلیف دہ نیند اور اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ خواب سے جگایا۔ اس کے تمام تر رائس سمیت اس کو دل میں بسایا اور پھر خود اس کے گھر میں رچ بس گیا۔ امرتا کو ہی نہیں اس نے اس کے گھر کو بھی رنگوں سے رنگ دیا۔ امروز کا چاہت بھرا ساتھ زندگی کے آخر تک امرتا کے ساتھ رہا، ایسے کہ جب وہ رخصت ہوئی تو تب بھی وہ سولہ برس کی تھی۔

زاہد حسن

زندگی پروف کی غلطیوں سے بھری ہے!

امرتسر اور لاہور کے درمیان ایک بستی آباد کی گئی، پریت نگر، دُنیا کی یہ بے مثال بستی محبت کی اور امن کی علامت کے طور پر آباد کی گئی تھی۔ یہاں ادیب، شاعر اور فنکار بستے تھے۔ علم کی، ادب کی، فکر کی اور دانش کی منڈلی جما کرتی۔ ایک روایت یہ بھی مشہور ہے کہ 1944ء میں یہاں ایک مشاعرہ ہوا۔ جس میں ساحر موجود تھے اور جہاں امرتا پریتم بھی مدعو تھیں۔ بعضوں کا کہنا یہ ہے کہ امرتا کے یہاں اس طرح کے معرعوں کا آغاز بھی یہیں ہوا تھا:

وے سائیں، تیرے چرخے نے
اج کت لیا کتن والی نوں

محبت کے پگ پہ پاؤں دھرے دانش کا گھڑا سر پہ لیے پنگھٹ اور جانے والی اپنے عہد کی میرا نے اپنی ساری بپتا اپنے ایک سوانحی ناول ''رسیدی ٹکٹ'' میں دل کھول کر بیان کر دی ہے۔

ہمارے جدید ادب میں امرتا پریتم جیسی ادیبہ کی دوسری مثال موجود نہیں۔ اُس نے اپنے آرٹ میں عورت کے وہ سبھی رنگ بکھیر دیے، جو عورت نے اس کے عہد تک دریافت کیے، اُس نے انسان کی بات کی، محبت کی اور امن کی بات کی، دُنیا بھر میں موجود انسانوں کی آزادی کے گیت گائے۔ 1947ء میں جب وہ انھائیس برس کی تھیں، تو انھوں نے برصغیر پاک و ہند کی تقسیم دیکھی، اور اس تقسیم کے نتیجے میں انسانوں کی، عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کی بے توقیری دیکھی تو پنجابی شاعری کے شاہ کو پکارا:

''اج آکھاں وارث شاہ نوں کتے قبراں وچوں بول''

31 اگست 1919ء میں وہ گوجرانوالہ میں پیدا ہوئیں 31 اکتوبر 2005ء میں دہلی میں وفات پا گئیں، لیکن وہ طویل مدت تک لاہور میں رہیں اور یہیں سے ادب، فن، آرٹ اور عشق کے ابتدائی نقوش ان

کی روح اور وجود پر مہکنے شروع ہوئے۔ اُن کے والد کے ملنے والوں میں ساحر بھی شامل تھے۔ ''جب وہ اٹھ کر چلے جاتے تو میں ایش ٹرے میں اُن کی پی گئی سگریٹوں کے بچے ہوئے ٹوٹے سلگا سلگا کر اپنے لبوں سے لگاتی۔ اُنھیں پینے کے جتن کرتی، اور اس امر کا اظہار اُنھوں نے کئی بار کیا ہے۔

اظہار کی اور آزادی کی کئی شکلیں ہیں۔ بے شمار صورتیں ہمیں امرتا پریتم کے یہاں ترتیب و تشکیل پاتی نظر آتی ہیں۔ وہ 14 برس تک آل انڈیا ریڈیو پر ستار بجاتی رہیں۔ کہیں دور اس کی مدھم سی لے آج بھی سنائی دیتی ہے۔

امرتا، چھیاسی برس اور دو ماہ تک زندہ رہیں۔

اُن کی زندگی کے یہ طویل برس محض برس ہی نہیں خود زندگی کا حسن بن کر سامنے آتے ہیں، ان برسوں کے دوران اُنھوں نے سجاد حیدر، ساحر اور امروز جیسی شخصیات کی ذاتوں میں اپنا اور اپنے فن کا جواز ڈھونڈا۔ پریتم سنگھ۔ اوائل عمری میں ہی جن سے ان کی شادی ہوگئی تھی۔ اس سے امرتا کی علیحدگی جلد ہی ہوگئی تھی لیکن اس کا نام امرتا کے اپنے نام میں لفظ ''امر'' کی حیثیت اختیار کر گیا۔

تقسیم کا گھاؤ اتنا گہرا تھا کہ منٹو، بیدی، کرشن چندر اور بعض دوسرے اہم لکھنے والوں کی طرح امرتا کے سینے پر بھی نقش ہو کر رہ گیا تھا۔ اُنھوں نے اسے اپنی شاعری، ناولوں، کہانیوں اور مضامین کا موضوع بنایا۔ ان کا ناول ''پنجر'' اس سلسلے کا ایک اہم اظہار یہ ہے۔ اُنھوں نے اس درد کو یوں سینے سے لگائے رکھا کہ گوجرانوالہ اور لاہور کی آزاد اور خوشبو دار ہواؤں میں سانس لینے والی امرتا پریتم نے لکیر کی دوسری جانب جب پاؤں دھرے تو مر کر نہیں آئیں۔ لیکن اُن کے افکار، اُن کے خیالات اُن پر کون بند باندھ سکتا تھا۔ ایک اُن کا ادبی تخلیقی عمل تھا۔ اپنی گائیکی کے شوق کو اُنھوں نے کلاسیکی اور صوفی شاعری سننے میں تبدیل کر لیا تھا۔ 1944ء سے اُنھوں نے اپنا ادبی رسالہ ''ناگ منی'' شروع کر دیا تھا۔ جس کا ہر شمارہ ایک خاص شمارہ ہوتا۔ یہ ایک ہی موضوع ایک ہی جذبے کی تفہیم ہوتا۔ جس میں تخلیقات کا انتخاب امرتا پریتم کرتیں صفحہ بہ صفحہ السٹریشنز امروز کی ہوتیں یوں پڑھنے والے بصری حظ بھی اٹھاتے۔ وہ عظیم شاعرہ تھیں، اُن کی نظم میں اپنے عہد کی ساری روح سمٹ آتی ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ ایک بڑا لکھنے والا ہی روح عصر ہوتا ہے۔ جس سے زمانے اپنے زندہ ہونے کی شناخت طلب کرتے ہیں امرتا پریتم کی ذات آپ اپنے زمانے کی شناخت ہے۔

امرتا دیس دیس پھریں، کئی ملکوں کے ادب کا ترجمہ کیا۔ خود اُن کی اپنی تخلیقات کے تراجم چونتیس

زبانوں میں ہوئے۔ اُن کے معروف ناولوں میں 'پنجر، چک نمبر چھتی، اور ڈاکٹر دیو، کے علاوہ آہلنا، اشوکا، اک سوال، بلاوا، بند دروازہ، رنگ دا پتہ، اک سی انیتا، دھرتی ساگر تے سپیاں، دلی دیاں گلیاں، ایکتا تے ایریل، جلاوطن یاتری، جیب کترے، اک رابونا، پکی حویلی، اگ دی لکیر، کچی سڑک، کوئی نہیں جاندا، اوہناں دی کہانی، اک خالی جگہ، تیرھواں سورج، انجادن، کورے کاغذ، ہروت دا زندگی نامہ اور نندرا دھانہ رکھنی۔

''نویں رت'' امرتا کا وہ شعری مجموعہ ہے۔ جسے جدید پنجابی شعری ادب میں ایک تخصیص حاصل ہے۔ پاکستان میں اسے پہلی بار پنجابی کے نامور کہانی کار اور ڈرامہ نگار سجاد حیدر نے پیپلز پبلشنگ ہاؤس سے چھپوایا۔ اب تک اس کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں لوک شاعری، کلاسیکیت اور صوفیانہ شعری روایت اس شعری مجموعے کی نظموں کے رنگ و آہنگ میں ڈھلی ہے۔ اس کے علاوہ ٹھنڈیاں کرناں، امرت لہراں، جیوندا جیون، تریل دھوتے پھل، او گیتا والیا، بدلاں دے پلے وچ تھوڑی لالی، نکی جیہی سوغات، لوک پیڑ، پتھر گیتے، لمیاں واناں، میں تو راج باں ہندی، سرگھی ویلا سنیہڑے، اشوکا چیتے، کستوری، ناگ منی اور کاغذ تے کینوس اُن کے شعری مجموعے ہیں، اسی طرح چھبی درھے بعد، کنجیاں، آخری خط، گوجریاں پریاں، چانن دا ہوکا، جنگلی بوٹی اور اجنبی ان کی کہانیوں کے مجموعے ہیں۔ آپ بیتی ''رسیدی ٹکٹ'' کے علاوہ، میرا کمرہ اور بڑے لکھنے والوں کے انٹرویوز پر مشتمل اُن کی کتابیں ہیں۔ ہندی، اُردو، انگریزی، گجراتی، مراٹھی، کنڑ، ملیالم، اڑیا، اسامی، بنگلہ، سندھی، رُوسی، بلغارین، پولش، سرب، سپینش، فرنچ، تامل، تیلگو، کوکنی، ازبک، چیک، مقدونین، ہنگیرین، رومانین، یوکرئین، البانین عربی، ڈینش، چینی، جاپانی، ویت نامی، جرمن اور ناروجین وہ زبانیں ہیں جن میں امرتا کی ناولیں، شاعری اور کہانیاں چھپ چکی ہیں۔ ہندوستان میں سب سے اہم ''پدم شری ایوارڈ'' سمیت کوئی اہم ایوارڈ نہیں جو انھیں نہیں ملا، اُن کی ادبی خدمات کا بیرونی دُنیا میں بھی اعتراف کیا گیا ہے اور دُنیا بھر کی اہم یونیورسٹیوں سے اُنھیں اعزازی ڈگریاں مل چکی ہیں ایک سو کے قریب کتابیں تخلیق کرنے والی امرتا پریتم کی شخصیت ہمارے لیے کسی معجزے سے کم حیثیت نہیں رکھتی، جو انسانوں سے ہی نہیں، دھرتی اور دھرتی دیوتا سے بھی سوال کرتی ہے۔

''دھرتی.....ات سندر کتاب

چن سورج دی جلد والی

پر خدایا، بھکھ، ننگ، ہم تے غلامی

ایہی تیری عبارت ہے

یاں پروف دیاں غلطیاں؟

پروف کی غلطیاں تو دکھائی دے جاتی ہیں اور درست بھی کی جا سکتی ہیں لیکن زندگی؟ زندگی، امرتا کے یہاں درد قرار پاتی ہے۔ جسے وہ کہتی ہیں میں نے سگریٹ کی طرح پیا ہے اور کتاب عشق جسے وہ عمر بھر رقم کرتی رہیں۔ کتاب زندگی کی وہی تفسیر تھی جسے بنی آدم اپنے روز اول سے اپنے پلو کی پوٹلی بنائے اس میں باندھے اپنی آیندہ نسلوں میں منتقل کرتا چلا جا رہا ہے۔ بس صرف اتنا ہوتا ہے کہ کسی کے یہاں اس کی دھج منفرد اور اس کا نکھار اور طرح کا ہوتا ہے امرتا پریتم نے بھی امن کے اور محبت کے اس گیت کو نیا آہنگ، نیا ڈھنگ اور نیا اسلوب دیا۔ وہ اسلوب جو ہمارے عہد، ہمارے عہد کے انسان کا اسلوب قرار پایا ہے۔ وہ جو کہہ رہی ہیں۔

چانن دی پھلکاری تو پا کون بھرے؟

انبر دا اک آلا سورج بال گیا

من دی اچی ممٹی دیوا کون دھرے؟

لیکن کسی نہ کسی کو تو من کی اس اونچی ممٹی پر چراغ دھرنا ہی ہے۔ شاید وہ امرتا پریتم ہی ہوں گی۔

☆☆☆☆☆

سلیم پاشا

محبت کی اسیر۔۔امرتا

امرتا پریتم، ادب میں ایک معتبر اور جانا پہچانا نام، ایسی شمع جس کی روشنی سے ایک زمانہ، ایک عہد اور ایک نسل منور ہوئی۔ اس نے ہجرت کا زہر چکھا۔ ذاتی زندگی میں ازدواجی ناآسودگی کو بھی سہا۔ باقی زندگی ایک ایسے ہمدرد دوست کے ساتھ گذاری جس کے لئے اس نے کسی قانونی یا سماجی ضابطے یا سند کو ضروری نہیں سمجھا تو پھر اسے سماج کی باتیں بھی لامحالہ سننا پڑیں۔ ایک حساس اور خوبصورت ذہن کا جب ان وارداتوں سے گذر ہوتا ہے تو لامحالہ بہت توانا اور متاثر کن ادب تخلیق ہوتا ہے۔ امرتا نے اس آگ میں جل کر جو کندن بنایا ہے اس کو سارے اہل نظر نے پڑھا اور حد سے زیادہ سراہا بھی۔

لیکن آج جو ہمارا موضوع سخن ہے وہ امرتا پریتم کی ادبی سرگرمیاں نہیں ہیں بلکہ اس کی تخلیقی قوت کو بڑھاوا دینے والے محرکات یعنی امرتا کی ذاتی زندگی میں آنے والے تین مرد ہیں۔ یہ تینوں مرد ایک دوجے سے مختلف بھی ہیں اور منفرد بھی۔ تینوں کا امرتا سے رشتہ یا تعلق بھی جدا جدا طرز کا ہے۔ اپنے اپنے حصے کے کرداروں کو نبھاتے یہ مرد امرتا کو کس مقام پہ لاتے ہیں اس کیلئے ہمیں ان میں سے ہر ایک کی شخصیت پر نظر ڈالنا ہوگی۔

سب سے پہلے امرتا کی ذاتی زندگی میں جس مرد کی آمد ہوتی ہے، وہ اس کا دھرم پتی پریتم سنگھ ہے۔ یہ وہ نام ہے جس نے امرتا کے نام میں پریتم کے لفظ کا اضافہ کیا۔ اور یہی وہ صاحب جن سے امرتا پہلی بار اپنے گھر کی چاردیواری کے اندر کسی اور مرد سے متعارف ہوتی ہے۔ اس کے والد نے امرتا کی شادی نوعمری میں ہی کرنے کی کوشش میں ایک ایسے گھر کو ڈھونڈا جو کہ کاروباری اور کھاتا پیتا ہے لہور انارکلی میں اس خاندان کی کپڑے کی دوکانیں ہیں گھر میں نوکر چاکر ہیں اور لکشمی دیوی اس گھر پر عاشق ہے۔ امرتا کے والد نے رشتہ طے کرتے ہوئے خواتین والی مخصوص کھوج نہیں کی جو کہ عورتوں کا خاصہ ہوتی ہے خصوصاً رشتے طے کرتے

وقت جو سن گن محلوں گلیوں کی سیاست میں لی جاتی ہے وہ امرتا کے والد سے نہ تو ہوئی اور نہ ہو سکتی تھی کیونکہ وہ تو ٹھہرے ایک بھگت اور اللہ لوک انسان۔

پریتم سنگھ ایک نکھٹو، بیکار اور آوارہ قسم کے انسان اپنے تو کیا خاندان بھر میں مشہور تھے۔ پنجابی میں ایسے بندے کیلئے ایک محاورہ بولا جاتا ہے کہ اس نے ''کدی لکھ بھن کے دہرا نہ کیتا'' یعنی عملی زندگی میں فارغ قسم کا شخص۔ گھر والے اس کی نالائقیوں سے نالاں تھے اور جلد از جلد اس سے چھٹکارے کا سوچتے تھے۔ والدین کو بھی وہی اولاد پیاری لگتی ہے جو ان کے لئے مفید ہو یعنی کام کاج کر کے ان کا ہاتھ بٹائے یا کما کر لائے۔ بڑا بیٹا چونکہ والد کے ساتھ برابر کا ساتھ دے رہا تھا اسلئے وہ گھر باہر کی آنکھوں کا تارا تھا۔ پریتم کیلئے گھر والوں نے ایک ایسی لڑکی کا رشتہ تلاش کیا جو غریب خاندان سے ہو اور ان کے سامنے کبھی سر نہ اٹھا سکے۔ سو جلدی جلدی جھٹ منگنی اور پٹ بیاہ کر کے پریتم سنگھ کے باپ نے بیٹے کو انارکلی میں کپڑے کی ایک دوکان بنا دی اور خلا اپنے گھر سے علیحدہ کرتے ہوئے یہ آواز بھی لگا دی کہ جاؤ بیٹا جا کر کماؤ اور کھاؤ۔ پھر پلٹ کر اس نئے جوڑے کی خبر ہی نہ لی کہ جیتے بھی ہیں کہ نہیں۔

امرتا ان دنوں ریڈیو پر کام کرتی تھی اور بحیثیت اچھی شاعرہ اپنے آپ کو منوا چکی تھی۔ پریتم سنگھ کا اپنی بیوی سے تعلق صرف بستر تک کا تھا یعنی رات کا رشتہ۔ دن کے اجالے میں ان کی دوستی کبھی بھی گہری نہ ہو سکی۔ کہنے کو میاں بیوی تھے مگر گھر داری کا پریتم سنگھ کے اندر کوئی خیال تک نہ تھا۔ روزانہ صبح امرتا اپنے خاوند کو دروازے تک اسلئے نہیں چھوڑنے آتی تھی کہ محبت بھرے انداز میں رخصت کر سکے بلکہ شوہر صاحب اپنی بیوی کو اس دن کے کھانے پکانے کا خرچہ دس روپے کا نوٹ دوکان پر جانے سے پہلے دروازے پر دیا کرتے تھے۔ ایک روز اپنی بیوی کو موصوف کہتے ہیں'' آج تو اتوار ہے چھٹی کا دن'' امرتا نے کہا ٹھیک ہے پھر رات کو کھانے سے بھی چھٹی کر لینا۔

پریتم سنگھ نے جو بھی کاروبار کیا، اس میں کوئی خاص پیش رفت نہ ہو سکی یا وہ اس طرح پھل پھول نہ سکا جس سے گھر میں خوشحالی آتی۔ لے دے کے زندگی میں ایک فلیٹ خرید پایا جس کی قسطیں بعد میں امرتا نے اپنی کمائی سے اتاری تھی۔ امرتا اس کے قرض اتارتے اتارتے اتنا تھک گئی کہ تنگ آ کر اس نے ایک دن پریتم سنگھ کو بھی اپنی زندگی سے اتار دیا۔ پریتم سنگھ کا سب سے بڑا نقص اس کی اپنی ذہنی اپروچ تھی جس سے امرتا جیسی بلند پایہ عورت کا نبھاہ نہ ہونا لازمی بات تھی۔ کہاں ایک بہت بڑی ادیبہ اور قلم کار جو بولے تو ایک ایک

لفظ موتی، اور کہاں ایک دوسرے تیسرے درجے کا کم عقل اور کم فہم دوکاندار جس کی سوچ کا دائرہ اس کی دوکان اور بیکار قسم کے دوستوں سے کبھی آگے تک گیا ہی نہیں۔ امرتا جسے ہندوستان کی طاقتور وزیر اعظم کا قرب حاصل ہے اور وہ اس ہستی کو راجیہ سبھا کی ممبر بنانے میں فخر محسوس کرتی ہے۔ پریتم سنگھ اس خوبصورت ذہن کی مالک بیوی کے لائق ہرگز نہیں ہے۔

اب یہاں ایک دوسرے مرد کی آمد ہوتی ہے جو امرتا کے آس پاس ہی کہیں رہتا، چلتا پھرتا اور دیکھتا رہتا درویش سا انسان ہے جس کا وجود رب نے پیار کی مٹی سے گوندھ کر بنایا ہے۔ یہ وہ شخص ہے جو امرتا کو دل ہی دل میں چاہتا ہے، اس کو دکھ اور مصیبت میں بڑے حالات سے لڑتے ہوئے بھی دیکھتا ہے۔ وہ امرتا کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھتے ہوئے محسوس کرتا ہے اور خود کلامی میں اپنے حالات کو بہتر کرتے ہوئے امرتا کے مصائب کو کم کرنے کا سوچتا رہتا ہے۔ یہ صاحب مشہور آرٹسٹ امروز ہیں اور اپنے فن سے دنیا کو حسین دیکھنا چاہتے ہیں۔ شمع دہلی رسالے میں بطور آرٹسٹ کام کرتے ہیں اور مبلغ تین سو روپے تنخواہ پاتے ہیں۔

امرتا جلد ہی ان کے وجود کو محسوس کر لیتی ہے اور ان کیساتھ مل کر اپنے دکھ سکھ کو شیئر کرنے لگ جاتی ہے۔ یہ سلسلہ رفاقت امروز کی کھولی سے نکل کر امرتا کے گھر تک آ جاتا ہے۔ امروز ایک بھلا مانس انسان اب امرتا کے بچوں میں گھل مل جاتا ہے اور پھر امرتا کے ساتھ ساتھ اس کے بچوں کی ڈیوٹیاں بھی اپنا لیتا ہے۔ ان کو سکول لیجانا اور واپس لانا امروز کے روزمرہ کا معمول، اور جس کے بچے ہیں پریتم سنگھ وہ ان ذمہ داریوں سے بے نیاز۔ شوہر کی بے غرضی اور پھر اس کے قرضوں کا بھار امرتا کو جب شل کر دیتا ہے تو وہ اس کو گھر سے نکل جانے کا بول دیتی ہے۔ پریتم سنگھ نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ ایک مشرقی بیوی اپنے شوہر کو گھر سے نکلنے کا کہے گی۔ امرتا نہ تو باقی کچھ عورتوں کی طرح اللہ میاں کی گائے تھی اور نہ کوئی معمولی عقل فہم والی ہستی۔ اس نے جو کچھ کیا، بہت سوچ سمجھ کر اور مناسب موقعے پر کیا۔ چونکہ موجودہ مکان امرتا کی ذاتی کمائی سے تعمیر کیا ہوا تھا سو اسے نکلتے ہی بنی۔ پھر اپنے فلیٹ میں جا کر رہنے لگا اور جب اس کا آخری وقت آیا تو امرتا کا بیٹا نوراج اپنے باپ کی ہمدردی میں ماں سے لڑنے لگا۔ امرتا چپکے سے جا کر پریتم سنگھ کو اپنے گھر میں لے آئی اور پھر قانون اور دھرم سے بالاتر ہو کر ایک طلاق یافتہ بیوی نے سابق شوہر کے کی تیمارداری کر کے اس کے آخری سفر کو آسان کیا۔

امروز اور پریتم سنگھ کے درمیان ایک تیسرا مرد بھی ہے جو امرتا کی سانسوں اور سوچوں کا محور بھی ہے

اور محبوب بھی۔ اس کا تعلق اس دین سے ہے جس کو ہندوستانی اپنی رسوئی میں جگہ نہیں دیتے اور جس کے اس انسانی حق کو واگذار کروانے کیلئے امرتا اپنی نانی سے جھگڑتی ہے کہ ان کے برتن ہمارے برتنوں سے الگ کیوں ہیں۔ یہ وہی شخص ہے جس کے پریم میں بندھی امرتا موٹر سائیکل کے پیچھے بیٹھی امروز کی کمر پر انگلیوں سے اس کا نام لکھتی رہتی ہے۔ جس کے سنگ بیٹھ کر گھنٹوں باتیں کرتی رہتی ہے اور اس کے پیے ہوئے سگریٹ کے ٹکڑوں کو سوغات سمجھ کر سمیٹ لیتی ہے پھر اس کے جانے کے بعد ان بچے ہوئے ٹکڑوں کو عشق کی آگ میں سلگا کر اپنی پریت کو منور کرتی ہے۔ یہ وہی شخص ہے جس سے اس کی سوچوں کی اڑان اور خیالوں کی بلندی ہم رقاب ہوتی ہے۔ جو تخیل کی اسی معراج پر اسے بانہیں کھولے ملتا ہے جہاں وہ خود پہنچی ہوتی ہے۔ ہاں یہ شخص ساحر لدھیانوی ہے، جس نے رومانوی شاعری میں اپنا لوہا منوالیا ہوا ہے۔ جو مشاعروں کی جان ہے۔ جو فلمی شاعری میں لوگوں کی زبان پر مچلتا ہے۔ یہی وہ شخص ہے جو امرتا کے لفظوں کو عشق، ہجر اور وصل کی لذتوں سے آشنا کرتا ہے۔

امروز سدا کا خدمت گذار اور ملوک انسان، میں نے پوچھا ساحر سے آپ کو کوئی حسد وغیرہ تو نہیں، امروز بولے "حسد کیسا، میں تو امرتا سے پیار کرتا ہوں اور اس سے بھی جس سے امرتا پیار کرتی ہے۔ مجھے خوشی ہوتی تھی جب یہ دونوں اکٹھے بیٹھے باتیں کر رہے ہوتے تھے۔ میں ان کو چائے پانی لا کر دیتا نبل سیوا کرتا اور ان کی باتیں سنتا تھا۔ اصل میں دو چیزیں ہیں پاشا جی پہلی بات عشق کے حوالے سے ہے اور وہ یہ کہ عشق کبھی مکمل نہیں ہوتا۔ یہ چلتا رہے یا ادھورا رہے تو اس کی تپش بندے کو عام انسان سے بھگت یا پتہ نہیں کیا بنا دیتی ہے۔ بندہ اپنی ذات کو چھوڑ کر بھی سوچنا شروع کرتا ہے۔ اس کا سفر، اس کا راستہ اور اس کی منزلیں سب کچھ بدل جاتا ہے۔ شاید ان دونوں کے دل میں بھی کوئی ایسی ہی بات تھی جس کی بنا پر وہ بات کو آگے نہ بڑھا پائے۔ لیکن میرے خیال میں امرتا کا ذہن ساحر کے حوالے سے کلیئر تھا، وہ ساحر کے ساتھ زندگی کی شروعات چاہتی تھی مگر جہاں تک تعلق ہے ساحر کا تو اس میں گھر بسانے کا جذبہ تھا ہی نہیں تھا، یا اس نے کبھی اس زاویے سے اپنی زندگی کو دیکھا ہی نہیں تھا۔ یہ بات اس کے دوستوں کو بھی پتہ تھی کہ ساحر صاحب امرتا کے ساتھ سنبدھ رکھتے ہیں لیکن وہ اس معاملے کو بس گفتگو اور ملنے جلنے کی حد تک رکھنے میں راضی تھے۔ آپ اسے دل لگی بھی کہہ سکتے ہیں۔ ایک بار تو یہ بھی ہوا کہ ساحر کے دوستوں نے مل کر اسے اور امرتا کو ایک کمرے میں ہی بند کر دیا۔ شاید وہ بات کو کسی نتیجے تک پہنچے ہوئے دیکھنا چاہتے تھے۔ مگر بات وہیں کی وہیں رہی اور کچھ بھی نہ

ہوا، امروز نے اپنی بات مکمل کرتے ہوئے کہا۔ آپ نے امرتا کو سب سے پہلے کہاں دیکھا تھا؟ میں نے پوچھا۔ امروز بولے، میں بہت چھوٹا تھا لہور میں پڑھتا تھا تب میں نے امرتا کی تصویر اپنے گھر کے ایک فریم میں لگی دیکھی تھی۔ میرے باپو کو امرتا کی شاعری بہت پسند تھی اور اس نے یہ تصویر پریت لڑی رسالے میں سے کاٹ کر لگائی ہوئی تھی۔ جس میں امرتا کی کویتائیں چھپتی تھیں۔ پھر دہلی میں اتفاق سے میرا فلیٹ امرتا کے گھر کے پاس ہی تھا، یوں اسے روزانہ دیکھنے اور محسوس کرنے کا موقع مل گیا۔

امروز جی! امرتا پریتم کی زندگی میں آنے والے تیسرے مرد آپ ہیں اور حقیقت میں آپ ہی وہ شخص ہیں جس کے ساتھ امرتا جی نے زندگی کا سب سے لمبا سفر طے کیا ہے۔ کیا کبھی ایسا نہیں لگتا کہ باقی کے دو مرد ایکسٹرا کا رول ادا کر رہے تھے اور اصل میں اس فلم کے ہیرو آپ تھے؟

واہ پاشا جی کیا خوب کہی آپ نے، یہ بات سن کر تو مجھے بھی اب کچھ ایسا ہی محسوس ہونے لگا ہے۔ لیکن حقیقت کچھ اور ہے جو یہ کہ انسان جو چاہتا ہے وہ اسے کم ہی ملتا ہے اور جس کی تمنا نہ ہو وہ اس کے آگے پیچھے ہی رہتی ہے، نظروں کے آس پاس اور اکثر پیروں میں۔ امروز جی اب یوں تو نہ کہیں امرتا نے آپ کے ساتھ کو بہت دفعہ اپنی خود نوشت میں سراہا ہے۔ نہیں پاشا جی آپ بات کو کسی اور طرف لے گئے میں نے یہ نہیں کہا کہ امرتا نے مجھے سویکار نہیں کیا، وہ تو فخر کرتی تھی کہ رب بندے کو پورے جنم میں صرف ایک جوانی دیتا ہے اور مجھے تو امروز کی شکل میں دوسری جوانی بھی دی ہے، یہ پیار نہیں تو کیا ہے۔ اب آپ امرتا کے بعد کیا محسوس کرتے ہیں کیا اب بھی اس سے وہی چاہت ہے؟ کیوں نہیں امروز بولے میں تو امرتا کی یادوں کی دیپ جائے اس کے گھر میں بیٹھا ہوں اور امرتا مجھ سے جدا نہیں ہوئی، وہ اب بھی میرے پاس ہی ہے، روزانہ مجھ سے ملتی ہے، باتیں کرتی ہے اور میرے ساتھ ساتھ دور تک پیدل چلتی ہے۔ ہم آج بھی سنسان سی سڑک پر چلتے ہوئے تھک کر فٹ پاتھ پہ بیٹھ جاتے ہیں اور کھوکھے سے چائے لے کر پیتے ہیں۔ وہ مجھ سے جدا نہیں۔ کسی بھی وقت، کسی بھی لمحے کو بھی، ہم دونوں ایک ساتھ ہیں۔ ایک ساتھ ہیں۔۔۔۔۔

ابھی ہم نے امرتا پریتم کی زندگی میں آنے والے تینوں مردوں کے ذاتی کرداروں پر بہت تھوڑی سی نظر ڈالی، یقیناً تشنگی رہ جاتی ہے اگر ہم ان پر سیر حاصل بحث نہیں کرتے۔ مگر یہاں ہمارا مقصود امرتا جی کی ادبی زندگی کا احاطہ کرنا نہیں تھا بلکہ عنوان کے آس پاس رہتے ہوئے امرتا کی ذاتی زندگی میں آنے والے مردوں کے کرداروں کا ہلکا سا تعارف تھا، جنہوں نے اپنے عہد کی بڑی ادیبہ کی داخلی اور خارجی حیثیت کو متاثر

لیا۔ جہاں تک میری رائے کا تعلق ہے تو ان تینوں میں سے میرا ووٹ بھی امروزی کی طرف ہے جو اپنے آپ کو منفی کر کے کسی اور کیلئے جینے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔ جو دکھ سکھ میں برابر کا ساتھی بنتا ہے بنا کسی رشتے کے بغیر کسی تعلق کے۔

☆☆☆☆

شاہدہ دلاور شاہ

امرتا۔۔۔۔ایک تاریخ

جب برصغیر کی سرزمین کے باسی بڑی سرعت سے کمیونزم کی جانب متوجہ ہو رہے تھے اور استعماری ذہنیت انہیں خالصتاً مذہبیت کی طرف دھکیل دینے کے لیے کوشاں تھی۔ ان کا مقصد مُلا ازم اور شدہ ہندوازم کا گھیرا برصغیر کے گرد بڑھانا تھا۔ ان ہتھکنڈوں سے آنے والے وقت میں اس خطے پر گرفت کرنا ان کا مطمع نظر تھا۔ اس شدید ہیجانی دور میں 31 راگست 1919 کے دن نند سادھو (کرتار سنگھ) اور راج بی بی کے گھر ننھی کلی امرت کور کے نام سے کھلی۔ کرتار سنگھ گوجرانوالہ کے اعلیٰ مذہبی گھرانے سے تعلق رکھتا تھا۔ وہ اپنے وقت کا شاعر بھی تھا۔ راج بی بی ایک سکول ٹیچر تھیں۔ ابھی امرتا گیارہ سال کی تھیں کہ راج بی بی ملک عدم کوچ کر گئیں۔ کرتار کی ایک اور بڑی بہن تھیں جو سادھن ہو گئیں۔ امرت کور' امرت سے امرتا ہو گئی باپ نے اپنا تخلص ہتکاری رکھ لیا۔ ہتکاری بھی پنج کھنڈ بھسوڑ کے سکول میں ٹیچنگ کرتا تھا۔ وہ لکھاری تھا۔ رات کو لکھتا صبح سکول جاتا اور واپسی پر آ کر سو جاتا۔ گوجرانوالہ کے بعد لاہور میں وہ ایک کالج میں بھی پڑھاتا رہا اور ساہت پرچے ''رنجیت نگارا'' کا ایڈیٹر بھی رہا۔ گھر میں پنجابی کا خوب راج تھا۔ وہ سنسکرت' برج بھاشا اور پنجابی میں شاعری کرتا۔ امرتا پریتم ادبی ماحول میں پلی بڑھی اور 1933 میں اس نے گیانی کا امتحان پاس کیا۔ ماں باپ کی اکلوتی اولاد ہونے کی وجہ سے بہت لاڈلی تھی مگر زندگی کے سمندر میں اسے کچھ انتہائی کڑوے گھونٹ بھی پینے پڑے۔ ابھی چار سال کی تھی کہ منگنی ہو گئی۔ یہ وہ عمر تھی کہ جب بچے کو زمانے کی اونچ نیچ کا بالکل پتہ نہیں ہوتا۔ ماں راج بی بی نے تو بہت سوچ سمجھ کر یہ رشتہ طے کیا وہ اپنا تجربہ نہیں دھرانا چاہتی تھی۔ امرتا پریتم کی ماں ضلع گجرات کے گاؤں مانگا کی رہائشی تھی' اس کی شادی دنے سنے کی تھی' جس سے شادی ہوئی وہ فوج میں بھرتی ہو کر ایسا گیا کہ پھر وہاں واپس نہ آیا۔ راجن بی بی گوجرانوالہ میں اپنے بھائی کے گھر چلی گئی وہاں اس نے سکول ٹیچنگ بھی کی۔ ایک دن دیال سنگھ کے ڈیرے پر گئی وہاں دیالو جی کے بیٹے نند جی نے راجن بی بی کو اپنا دل جانی

بنالیا۔ دیال جی نے دونوں کا ملاپ کروادیا۔ نند جی نے اپنا نام کرتار سنگھ اور تخلص پوکھ رکھ لیا۔ دس سال کے بعد اللہ نے ایک بیٹی عطا کی جس کا نام پوکھ کا ترجمہ کر کے امرت کور اور بعد میں امرتا کر دیا۔ جب ماں مر گئی تو باپ بھی تارک الدنیا ہو گیا۔ امرتا پریتم بغاوتوں کے دور میں پیدا ہوئی اس کے ضمیر میں ماحول اور ارد گرد کی آب و ہوا رچی بسی ہوئی تھی۔

امرتا پریتم نے اپنی زندگی میں پہلی بغاوت تب کی جب ابھی گیارہ سال کی تھی تب ماں کی مرگ کے بعد گھر میں نانی کا طوطی بولتا تھا۔ جب ابھی ماں حیات تھی تب گھر کے کچن میں تین گلاس الماری میں الگ تھلگ رکھے ہوئے تھے یہ باقی برتنوں سے الگ رکھے ہوئے گلاس تب الماری میں سے نکالے جاتے تھے جب باپو جی کے کچھ مسلمان دوست ان کو ملنے کے لیے گھر آتے تھے ان کو لسی یا شربت پلانا ہوتا تھا۔ جب دوست چلے جاتے پھر یہ برتن اگلے مسلمان لوگوں کے انتظار تک الماری میں سے جھانکتے رہتے۔ امرتا نے بغاوت کی کہ اگر ان گلاسوں میں ڈال کر دودھ نانی نہیں دے گی تو وہ دودھ نہیں پیئے گی۔ اس بات کا پتہ جب باپو جی کو لگا تو انہوں نے برتنوں کی تفریق کا قلع قمع کر دیا۔ نانی اس حقیقت سے غافل تھی کہ یہی بچی کل کو ان گلاسوں میں شربت پینے والوں کے سپوت سے عشق کرے گی۔ امرتا پریتم نے باپ کی شاعری پڑھتے پڑھتے خود بھی شاعری لکھنا شروع کر دی اور ساتھ ساتھ قافیہ ردیف کی درستگی کے لیے اصلاح بھی لیتی رہی۔ ذات پات کی تمیز عروج پر تھی جب بھگت سنگھ کو پھانسی دی گئی تو امرتا پریتم ابھی بچپنے کی دہلیز پر تھی۔ اس کے دیو چاچا کو سرکاری سکول سے اس لیے چھٹی کروادی گئی کہ وہ اپنے طالب علموں کو پھانسی کی واردات بتاتے ہوئے رو پڑا تھا۔

اولین ادوار میں امرتا پریتم کی شاعری کو شوقیہ سمجھتے ہوئے حقارت کی نظر سے دیکھا۔ جب امرتا اپنی عمر کے 17 ویں سال میں داخل ہوئی تو یہ سال اس پر بہت بھاری تھا۔ یہی سال اس کی شادی کا سال تھا اور یہی وہ مبارک سال تھا جس میں اس کی کتاب ''امرت لہراں'' چھپ کر منظر عام پر آئی۔ باپ سنسکرت، برج بھاشا اور پنجابی میں شاعری کرتا تھا اسے ایک مارجن یہ بھی تھا کہ وہ ''رنجیت نگارا'' کا ایڈیٹر تھا اور رنجیت نگارا میں چھپنے والی تحریریں ہر جگہ پڑھی جاتی تھیں۔ باپ سے ہی امرتا نے گورمکھی سیکھی۔ 1933 میں امرتا پریتم نے گیانی کا امتحان پاس کیا۔

1936 میں وہ اپنے پتی کے ساتھ لاہور کا رُخ کرتی ہے۔ 1930 سے لے کر 1940 تک لاہور شہر مذہب و ملت سے آزاد شہر تھا۔ جہاں ہر رنگ نسل اور مذہب کے لوگ آزادی سے رہتے تھے۔ معاشرتی

ملن اور ہم آہنگی بھی عروج پر تھی۔ 1935 میں اس کی کتاب ''ٹھنڈیاں کرناں'' منظر عام پر آئی۔ یہ کتاب اتنی سراہی گئی کہ امرتا کو اس نے شہرت کے ساتویں آسمان پر پہنچا دیا۔

لاہور میں آ کر امرتا پریتم ایک بڑے ادبی حلقے کا حصہ بنی اور گربخش سنگھ کے پنجابی رسالے ''پریت لڑی'' سے تعلق جوڑ لیا' امرتا ہر فن مولا خاتون تھیں' موسیقی اور رقص میں قدم رکھا تو باقاعدہ ٹریننگ لی اور آل انڈیا ریڈیو لاہور میں فوک گانے گا کر لوگوں کے دلوں میں جگہ بنالی۔

امرتا پریتم کی ازدواجی زندگی کچھ زیادہ خوشگوار نہیں تھی یہی وجہ تھی کہ شادی زیادہ عرصہ قائم نہ رہ سکی اور یہ کاغذی بندھن کچے دھاگے کی طرح ٹوٹ گیا۔

امرتا محبت کو انسانیت کی معراج سمجھتی تھی' ساحر لدھیانوی کی محبت میں گرفتار ہوئی تو دل و جان سے اسے چاہنے لگی۔ امرتا سچے جذبوں کے ساتھ ساحر کے سحر میں گرفتار تھی۔ اس پاکیزہ محبت میں تاریخ دانوں کو وہی محبت کا دوام دکھائی دیتا ہے جو عشقیہ داستانوں اور لوک قصوں میں ہوتا ہے۔ ساحر تنہائی پسند اور امرتا روشن خیال تھی۔ اس نے عورت کی آزادی کا علم اٹھایا۔ ساحر سے محبت بھی کی تو ڈنکے کی چوٹ پر۔

لاہور ریڈیو اسٹیشن پر 1946 میں امرتا نے ستار بھی بجایا اور ہر ماہ ریڈیو والے اسے ستار بجانے کے لیے بلا لیتے۔ اس نے 1946 تک آل انڈیا ریڈیو کے لاہور سٹیشن کے لیے نظمیں' گیت فیچر اور کہانیاں لکھیں۔ پاکستان بننے کے بعد انڈیا روانہ ہوئی پھر آل انڈیا ریڈیو کی لکھاری اور اناؤنسر بن گئی۔

امرتا پریتم سیکولر ذہن رکھنے والی اور مضبوط اعصاب کی عورت تھی مگر اس کے باوجود وہ ہندوستان میں ہمیشہ بائیں بازو کی تنظیموں اور مختلف گروہوں اور مختلف رائٹرز کی تنقید کا نشانہ بنتی تھی۔ اپنی موت سے تقریباً بیس بائیس سال قبل ہی اس نے گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔ اس نے بیشتر وحدت الوجود' مذہب' تعویز گنڈوں اور ہندو کہانیوں سے جڑی ہوئی تحریریں لکھیں۔ وہ خواب' اس کی حقیقت' روحانیت' ربی وجود کو بہت ماننے والی تھی۔ امرتا کی فکر پر رابعہ بصری اور منصور حلاج کی سوچ کے اثرات تھے۔ اس کے علاوہ وہ اوشو (رجنیش) کی کتابوں اور فلسفے سے بڑا قریبی تعلق رکھتی تھی۔ وہ کہا کرتی کہ اگر تمہیں گوتم بدھ کو سمجھنا ہو تو پہلے اوشو (راجنیش) کو پڑھنا لازم ہے۔ بہت سے پاکستانیوں پنجابی ادیبوں کی تحریروں اور شاعروں کی تخلیقات کو ہندی اور گرومکھی میں ترجمہ کرایا۔ اس نے ''ناگ منی'' پرچہ بیس بائیس سال ایڈٹ کیا۔ اور جب سے امروز کے ایکسچینز اس میں سجنے لگے تو وہ پاکستان' ہندوستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں بھی مشہور ہوا۔ انڈو پاک کے رشتوں میں کئی بار تناؤ

آیا۔ سرحد کے دونوں جانب بسنے والے ادیبوں اور شاعروں کے لیے محترم رویہ رکھتی تھی۔ دونوں ممالک کے بدلتے ہوئے سیاسی اور سماجی رشتوں کے تقدس پر خوشی کا اظہار کرتی۔ پاکستان سے جو جتھے بھارت (دہلی) جاتے چاہے وہ کسی زبان سے بھی تعلق رکھتے ہوں امرتا پریتم سے ملاقات کرنا اپنی خوش بختی سمجھتے تھے۔ اس کے حلقہء احباب میں سے ساحر لدھیانوی' راجندر سنگھ بیدی' دیوندر ستیارتھی' کرشن چندر' عصمت چغتائی' افضل توصیف وغیرہ تھے۔ اس کے دولت کدے میں شاہ حسین' بلھے شاہ' وارث شاہ' بابا فرید' رابندر ناتھ ٹیگور' ساحر' فیض احمد فیض' احمد راہی وغیرہ کی تصاویر لگی ہوئی تھیں جو کہ امروز کی کاوش تھی' بات صرف یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ اس کا کمرہ بلھے شاہ اور سلطان باہو کے مزارات کی چادروں سے بھی مزین تھا۔ مدھم مدھم روشنی میں ان چادروں سے اٹھنے والی مہک میں صوفیا کا رنگ ہر طرف بکھرا محسوس ہوتا' اس کی کتب کی تعداد سینکڑوں تھی۔

وہ سچی اور کھری عورت تھی۔ ادب کی باریکیوں کو بنظر غائر پرکھنے کا فن جانتی تھی ایک مرتبہ کسی نے ان سے نظم اور نثر کی تفریق کا سوال پوچھا تو کہنے لگی کہ بظاہر نظم اور نثر میں تو کوئی خاص تفریق دکھائی نہیں دیتی مگر شاعری جمی ہوئی برف کے ٹکڑوں کی مانند ہوتی ہے جو ایک ہی نقطے پر کھڑی رہتی ہے جبکہ پگھلی ہوئی برف کو ہم نثر کہیں گے جسے اپنے پھیلاؤ کے لیے بڑے کینوس کی ضرورت ہوتی ہے۔ شاعری کو اکٹھا دیکھنا ہو تو اس کو ایک لفظ میں سمیٹ سکتے ہیں جبکہ نظم کو بہت زیادہ پھیلاؤ چاہیے۔

امرتا پریتم نے بچپن سے ہی لکھنے پڑھنے کا عمل شروع کر دیا تھا۔ وہ چھوٹی عمر میں ڈائری بھی لکھا کرتی تھی اور ڈائری لکھ کر چھپا دیا کرتی تھی۔ جب اسے کسی کے دیکھ لینے کا ڈر ہوتا تھا تب وہ اسے تالے میں بند کر کے رکھ دیا کرتی اور وہ بھی الماری کے اندرونی دراز میں تاکہ اگر کوئی تالا کھول کر دیکھ بھی لے تب بھی اسے ڈائری دکھائی نہ دے جب حد سے زیادہ الماری پر قفل گری کی گئی تو الماری دوسروں کی نظروں میں آ گئی پھر وہی ہوا جس کا ڈر تھا۔۔۔ قفل کھولا گیا۔۔۔ ڈائری پڑھی گئی۔۔۔ پھر ڈائری کے کینوس پر بکھرے ہوئے کئی حصوں کے بارے میں پوچھ گچھ کی گئی۔۔۔ امرتا نے غصے میں آ کر ڈائری تار تار کر دی اور پھر کبھی ڈائری نہ لکھی۔ کچھ عرصہ بعد یہ پاگل پن برا لگا۔ خود پر غصہ کھا کر پھر سے ڈائری لکھنا شروع کر دی۔۔۔ ڈائری لکھی گئی اور پھر چوری ہو گئی پھر یوں ہوا کہ امرتا نے ڈائری کی بجائے شاعری اور گیت منظر عام پر لانا شروع کر دیئے اس کی شاعری کا جادو اس کے گیتوں اور نظموں میں اور اس کا احساس افسانوں کی زینت بنا۔ اس کی تحریروں اور شاعری میں تڑپ' کرب' کسک' نغمگی' رنگینی' مٹھاس' پیار اور شیرینی یک مشت موجود ہیں اور یہ

سب صفات اس کے من کی سچائی کی توسط سے ہیں۔ وہ ہمارے کئی قد کاٹھ والے مصنفین کی طرح چوری چھپے سگریٹ نوشی نہیں کرتی تھی۔ اس کی تحریر ہی اس کی اصل اولاد تھیں۔ اس نے ایک لاوارث بچے کو پالا۔ جس زمانے میں امرتا پریتم کے ہم عصر اور کالج کے دوست' پروفیسر' سرکاری آفیسر ڈائریکٹر اور جج وغیرہ بنے بیٹھے تھے۔ انہی دنوں لوگوں نے امرتا پریتم کو تپتی دھوپ میں بسوں کا انتظار کرتے ہوئے سڑک کنارے دیکھا۔ اس زندگی کے دُکھ' غم اور رشک رواں یوں تو شاعری میں جگہ جگہ ملتے ہیں اسی طرح کی ایک زیرِ نظم میں اس نے سچ کا دروازہ کھولا ہے

میں تیری سیج تے جد پیر دھریا سی
میں اک نہیں ساں۔۔۔۔۔۔دو ساں
اک سالم دیا ہی تے اک سالم کاری
سو تیرے بھوگ دی خاطر
میں اوس کنواری نوں ختم کرنا ای
میں قتل کیتا سی
ایہہ قتل جو قانوناً جائز ہندے ہن
صرف اوہناں دی ذلت ناجائز ہندی ہے
تے میں اوس ذات دا زہر پیتا سی
تے فیر پربھات ویلے
اک لہو وچ بھجے میں اپنے ہتھ ویکھے سن
ہتھ دھوتے سن
بالکل اوس طرحاں
جیوں ہی میں شیشے سامنے ہوئی
اوہ سامنے کھلوتی سی
اوہی' جو اپنی جاچ
میں راتیں قتل کیتی سی

اوہ خدایا

کیہہ سچ دا ہنیر ا بہت گاڑھا سی؟

میں کنھوں قتل کرنا سی

تے کنھوں قتل کر بیٹھی۔۔۔(کُماری)

بات صرف عام دکھوں پر آ کر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ عورت ہونے کے ناطے اس معاشرے میں عورت ذات پر ہونے والے ظلم و بربریت کے خلاف بھی آواز حق بلند کی۔ وہ نام نہاد بندشوں کے خلاف بھی مزاحمت کرتی رہی۔ کہتی ہے:۔

اج میں اپنے گھر دا نمبر مٹایا ہے

تے گلی دے متھے لگا گلی دا ناؤں ہٹیا ہے

تے ہر سڑک دی دشاداں ناؤں پونجھ دیتا ہے

پر جے تسیں مینوں ضرور لبھنا ہے

تاں ہر دیش دے ہر شہر دے ہر گلی دا بوہا ٹھکورو

ایہہ اک سراپ ہے اک ور ہے

تے جتھے وی ستنتر روح دی جھلک پوے

سمجھنا اوہ میرا گھر ہے (میرا پتا)

وہ بہادر، بے باک، باکردار اور باغیانہ کردار کی مالک تھی۔ اگرچہ وہ اپنی تحریروں میں ڈیموکریسی، پراگ اور ڈکٹیٹر شپ اور اس طرح کے موضوعات کا تذکرہ کرتی رہے مگر اس سب کے باوجود اس کے پیش نظر یہ بات رہتی ہے کہ وہ ایک عورت ہے اور زندگی کو زندگی سے جوڑنے والی عورت ساری عمر خود ٹوٹتی رہی۔ اس کی ساری شاعری انسانیت کی شاعری تھی مگر ساری شاعری میں یوں لگتا ہے کہ عورت کے لیے، عورت نام ہے محبت کا، گویا اس کی ساری شاعری محبت کے نام تھی

اک کولی دھپ دی

میں ڈیک لا کے پی لواں

تے اخ ٹوٹا دھپ دا

میں ککھ دے وچ پایواں (سیال)

کدے کدے میں اُٹھ۔۔۔سوچاں۔۔۔

ککھ دی لال ندی نوں پاڑاں

اپنا دستخط آپ چھپاواں

اس قرضے توں مکر جانواں (اک گھٹناء)

وہ سماج کی اینٹوں کو ترتیب سے جوڑ کر ایک خوبصورت عمارت بنانے میں لگی رہی

سامراج اک ناواں شاہی بونا

ہر آدم دی ذات خلل دے وانگ اُگی

حاکم دا حکم اونا ہے

اوہ جنا دی کرلوے

تے پر جادی پیڑ اونی ہے

اوہ جنی دی جرلوے (دیکھ کبیرا رویا)

وہ سماج کا دکھ ذاتی سمجھتی تھی۔نجی حادثے تو ثانوی حیثیت رکھتے تھے اس کی نظر میں جو روز نجانے اس کی ذات پر کتنے وارد ہوتے مگر بیرونی حادثے ہی دراصل اس کے حواس پر طاری تھے سب سے بڑا سانحہ ملکی تقسیم کا سانحہ تھا۔ جہاں انسانی لہو سے سرسبز و شاداب سرزمین رنگین ہو رہی تھی وہاں امرتا کا قلم بھی اسی خون کے آنسو رو رہا تھا اس کے کانپتے ہوئے ہاتھوں کی پوروں میں پکڑا قلم دکھ کے گھونٹ پی کر لفظ اوراق پر اتارتا رہا۔ایک نظم ''اک گرجے دی موم بتی'' لکھتی ہے

اک گرجے دی موم بتی

روز چھاتی دی اگ نوں پیراں وچ بال کے میں

گرجے توں باہر جاندی ہاں

تے جگدیاں بجھدیاں اکھاں چوں گزر کے میں

اکھراں دے حسن تک پہنچ جاندی ہاں

پر اکھراں دے حسن۔۔کاغذ دی اجازت

جد کے کاغذ چوں باہر آؤندا ہے' دھرتی بدن چھوہندا ہے

تاں دھرتی دے لہو وچ بھخدا ہے۔۔۔۔

او میرے اج دے مسیحا! توں نہیں لبھدا کتے

تے میں تمنا ندی جہی' صرف گولیاں تے

بندوقاں دی آواز سُندی

اوس گرجے وچ پرت آؤندی ہاں جو حالے

وی کسے دیس وچ نہیں بنیا۔۔۔۔۔

امرتا پریتم آج کے دور میں پیار محبت اور دوستی کی ایک عمدہ مثال تھی۔ ذات باری تعالیٰ نے جہاں اسے عزت' دولت' شہرت اور فکری آسمان کی بلندیوں تک پہنچایا۔ وہاں وہ اتنی ہی عاجز اور دوسروں کا خیال رکھنے والی تھی۔ اگرچہ وہ پارلیمنٹ کی ممبر تک بھی رہی وہ چاہتی تو اپنے گھر میں پارلیمنٹیرین کی طرح نوکروں کی قطاریں لگا سکتی تھی مگر شائستگی اور قرینے سے گزر بسر کرنے والی امرتا نے اپنے گھر میں ایک بھی نوکر نہ رکھا اپنے سارے کام بلکہ امروز جو اس کا پرانا ساتھی اور عمر کے آخری دنوں تک کا دوست تھا' کے ساتھ کام کرنا خود پسند کرتی تھی۔ وہ مشرقی پنجاب میں تھی مگر اس کا خوبصورت دل مغربی پنجاب میں دھڑکتا تھا۔ مغربی پنجاب سے جانے والے احباب اور جویندگان علم کو مل کر وارث' بلھے' شاہ حسین' سلطان باہو اور خواجہ فرید کی دھرتی اور رہائشیوں کا حال پوچھتی اور باتیں کرتے کرتے سرحد کراس کر کے پاکستان کی دھرتی میں آ بستی۔ سب دکھ سکھ اپنی آنکھوں میں بھر لیتی۔ اگر ماں دھرتی سے محبت کا گُر کسی نے سیکھا ہو تو اس عظیم ہستی سے سیکھے جس کا نام امرتا پریتم ہے۔ اس کی ہر تحریر لوگوں کے دلوں کی دھڑکن ہوتی' وہ لفظ صفحہ قرطاس پر انڈیلتی تو وہ موتیوں کے ہار بنتے جاتے وہ تصنع بناوٹ کو قریب نہ پھٹکنے دیتی۔ اس کی ڈکشن انتہائی رسیلی تھی۔ امرتا پریتم پنجاب سرزمین کا وہ لیجنڈ ہے جسے پنجاب دیش بھی بھلا نہیں پائے گا۔

امرتا کے دور اور تحریر میں اس وقت نکھار پیدا ہوا جب پارٹیشن کے وقت اس نے اپنی آنکھوں سے ظلم کی ہولی دیکھی۔ انصاف مانگتے ہوئے چہرے' لاہور سے دہلی جاتی ہوئی ٹرین میں یہ منظر اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کانوں میں چیخ و پکار اور باہر کا سناٹا وقت کی کالی تاریخ کی مانند لگ رہا تھا۔ گاڑی کی کانوں میں شاں شاں کرتی ہوئی آواز شائد امرتا کے دور کو لپیٹ رہی تھی۔ گاڑی کے پیچھے بھاگتے ہوئے شجر سانپ

بھیڑیے محسوس ہو رہے تھے۔ اسی حزن میں اس نے ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' لکھی۔ وہ سوچتی رہی کہ وارث شاہ کتنا عظیم ہے جس نے ہیرو کے دکھ کو گیت سنگیت کا رنگ دیا۔ امرتا کو بھی اپنا دکھ شیئر کرنے کے لیے وارث شاہ ہی دردی اور ہمدرد انسان لگا۔ چند دنوں میں یہ نظم جنگل میں آگ کی طرح پہنچتے پہنچتے پاکستان بھی آ گئی جس کو فیض احمد فیض نے اپنے 'دیباچے' میں بھی شامل کیا۔ جہاں امرتا پریتم کی اس نظم کو بہت سراہا گیا وہاں اس بے چاری کو اس کے عوض بہت دُکھ بھی ملے۔ خاص طور پر کئی سکھوں نے اسے مذہبی خانے میں رکھ کر تولا اور کہا کہ امرتا کو وارث شاہ کی بجائے گرونانک نظر کیوں نہ آیا اور اس نے وارث کو پکارنے کی بجائے گروجی نانک سے التجا کیوں نہ کی۔ سارے سکھ بھائیوں نے مخالفت نہیں کی بس انتہا پسند سکھ گروہ کی طرف سے ہی یہ ردِعمل سامنے آیا جو ویسے بھی امرتا کی شاعری کو پورنوگرافی کہتا ہے۔ انتہا پسند سکھوں کے ساتھ کمیونسٹوں کی مخالفتوں کا بھی امرتا کو سامنا کرنا پڑا۔ کمیونسٹوں کا موقف تھا کہ امرتا کو وارث کی بجائے لینن اور سٹالن دکھائی کیوں نہیں دیئے۔ اس نظم کے ردِعمل پر بہت سے تنگ نظر شاعروں نے بھی اپنا کردار ادا کیا۔ خداداد صلاحیتوں سے مالا مال امرتا پریتم نے صرف اکیس (21) برس کی عمر میں پنجر ناول تحریر کر کے اپنے ساحر سے عشق اور استقلال کی دھومیں مچا دیں۔ بے اختیاری میں لکھے ہوئے لفظوں کے پھولوں سے میڈیا نے بھی خوشبو چرائی اور ہر جگہ اس کی مہک پھیل گئی۔ بات صرف یہیں تک نہیں تھی امرتا کی ساحر کے لیے لکھی گئی وہ نظم ''تیریاں یاداں بہت دیر ہوئی جلاوطن ہوئیاں'' بھی امر ہو گئی۔

امرتا کی ساحر کے بارے میں نظموں کی ایک کتاب "Sunehra" (سنیہڑے) ہے جو 1955 میں شائع ہوئی۔ امرتا نے پنجابی لٹریچر کو پہلی بار Jnanpith Award اپنی نظموں کے مجموعے کاغذ تے کینوس کی وجہ سے دلوایا۔ اس کے بعد یہ ایوارڈ بزل ورما اور معروف ناول نگار گردیال سنگھ کو مجموعی طور پر ملا تھا۔ امرتا کو انعام ملنے کے بعد پوچھا گیا کہ کیا وہ اس ایوارڈ پر خوش ہے تو اس نے ایک مصرع پڑھ کر اپنا جواب مکمل کیا کہ

''مان سچے عشق دا اے ہنر دا دعویٰ نہیں''

امرتا جہاں عزت' شہرت' دولت اور محبتیں سمیٹتی رہی وہاں ایوارڈز بھی چل چل کر اس کی جھولی میں آتے گئے اسے Cyriland Methodious Award بلغاریہ سے ملا اور اس کے علاوہ Ordre des Arts Las Letters فرانس سے دیا گیا۔ دہلی گورنمنٹ نے بھی اسے ملیلیم کی شاعرہ کے خطاب سے نوازا اور پھر اسی خطاب کو پنجاب اکیڈمی لاہور پاکستان نے اسے عطا کیا۔ پاکستانی پنجابی لکھاریوں کے اس خطاب پر وہ

انتہائی خوش تھی جس میں لکھا ہوا تھا کہ

"You are the true daughter of Waris Shah and the waris of our Waris"

1976 میں 'رسیدی ٹکٹ' پہلی بار شائع ہوئی۔ سچ اور حقیقتوں پر مبنی اس تحریر میں وہ تمام اجزاء شامل ہیں جو اسے Dom Morees کی سوانح حیات My sons Father کے برابر لا کھڑا کرتی ہے۔ یہی وہ تحریر تھی جسے Stephen Spender نے کلاسیک کا درجہ دیا۔ امرتا پریتم نے Revenue Stamp کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کا نام 'رسیدی ٹکٹ' رکھا۔۔

امرتا نے اپنی والہانہ محبت کے مہیب صدمے سہے نہ صرف خود امر ہوئی بلکہ اپنے ساحر کو بھی امر کر گئی۔ امرتا پریتم کے لکھنے لکھانے کا عمل تقریباً ستر بہتر سال تک جاری رہا وہ 83 سال کے دھانے پر ایک دن اپنے گھر میں گرنے سے چوٹ کھا گئی یہیں سے اس کی ادبی مصروفیات کا اختتام ہونا شروع ہو گیا۔ دیوالی کی سہ پہر کو 31 اکتوبر 2005 کو وہ مشرقی و مغربی پنجاب کے محبت کرنے والے پنجابیوں کو تنہا روتا دھوتا چھوڑ گئی اسی خزاں رسیدہ شام میں پنجاب ادب پر خزاں مسکراتی رہی۔ اور پنجابیوں کے دل پر ''چپ'' کے قفل پڑ گئے۔ جیسا کہ محبت کی دیوی اپنی نظم میں کہتی ہے

من دی ایس گھڑونجی اُتے
سوچاں والی گاگر خالی
چپ میری تریہائی بیٹھی
ہوٹھاں اتے چھپ پھیر دی
دو حرفاں دا پانی لبھے ۔۔۔۔
عشق میرے نے کھوہ کھٹایا
وہنوں جیس طرح کیہیاں وجن
راتاں جیکر کئی گنیتیاں
ور ہے جیس طرح پتھر لٹے
پانی اجے کتے نہ لبھے ۔۔۔۔
من دی ایس گھڑونجی اتے

گاگر بیٹھی موڈھی ہو کے
سبھ کجھ سکے بول نہ سکے
جیبھ کسے طرح مڑی اکڑی
ہوٹھ کس طرح چپ کھڑے ہے۔۔۔
سکھناں دلوں موہنہ موڑ کے
اک بنے اکو سا بیٹھا
کلا کھوہ جگالی کردا
مٹی چتھے پتھر چبے۔۔۔۔۔

امرتا محبتوں کو صرف لازوال احساس سمجھتی ہی نہیں اپنے کردار سے جتاتی بھی ہے اور اسی محبت کے رشتے کو اپنی نظم ''رشتے'' میں یوں پرو دیتی ہے۔۔۔۔

باپ ویر دوست تے خاوند
کسے لفظ دا کوئی نہیں رشتا
انج جدوں میں تینوں تکیا
سارے اکھر گوڑھے ہو گئے

وہ اس مذہب سے تعلق رکھنے والی ہستی تھی جس کا پہلا سبق مخلوقِ خدا کو خوش رکھنا ہوتا ہے بندے کا دکھ وہ نہیں دیکھ سکتی بات یہیں تک نہیں رہ جاتی جس مٹی سے وہ جڑا ہوتا ہے وہ اس مٹی کو بھی مقدس مان کر پوجتی ہے اس پر آنچ آنے سے پہلے ہی اسے فکر لاحق ہوتی ہے وہ شعوری طور پر کوئی پیشین گوئی نہیں کرتی بلکہ پیشین گوئی اس سے سرزد ہو جاتی ہے۔ اپنی نظم ''رب خیر کرے'' میں کہتی ہے

رب خیر کرے میرے ویڑھے دی
کہ جس تھاں رانجھن ڈیرا کیتا
اوتھے دھمک سنیندی کھیڑے دی۔۔۔
اج چارے کنڈھاں دین دھائیاں
کہ اج ملکی دی بکی وچوں

دودھ دیاں بوناں کیہنے چرائیاں نیں---

رب خیر کرے میرے ویڑھے دی---

اج بنیلے دیاں مجھیں روٹیاں

کہ اج ایس میری دوہنی دے وچ

کس نے لہو دیاں دھاراں چوئیاں

رب خیر کرے میرے ویڑھے دی---

اج ہر اک بستہ پچھن آیا

کہ اج میرے مدرسے وچوں

سدا اکھر کیہنے چھپایا

رب خیر کرے میرے ویڑھے دی---

مار دھاڑ، قتل و غارت، آپا دھاپی اور حقوق کی کھینچا تانی کے دور میں پروان چڑھنے والی نرم نازک اور حساس پرسنیلٹی اگرچہ ماحول پر سوتی کڑھتی رہی مگر گھپ اندھیروں میں روشنی کی کرن دیکھنے والی مکمل طور پر تاریکیوں سے مایوس نہ ہوئی بلکہ جینے کے لیے حبس زدہ معاشرے میں نئی راہیں اور نئے موسم تلاشنے کا عزم کرتی ہے اپنی نظم ''نویں رت'' میں کہتی ہے-----

دور پیا کوئی گاوے

دھوئیں نال دھوانکھی دھرتی

کولے چانن دا اک پوچا

کون پیا کوئی گاوے

دور پیا کوئی گاوے

علم و ادب کے میدان میں اس نے مندرجہ ذیل کامیابیاں سمیٹ کر نہ صرف شہرت کمائی بلکہ پنجابی ادب کا دامن بھی رنگا رنگ تحریروں اور اصناف سے بھر گئی۔

☆ 1956 میں ساہت اکیڈمی ایوارڈ حاصل کیا

☆ 1966 سے لے کر 2002 تک ناگ منی رسالہ نکالتی رہی

☆ 1969 میں پدم شری ایوارڈ لیا

☆ 1973 میں دہلی یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری لی

☆ 1979 میں واپت سارو ایوارڈ حاصل کیا

☆ 1983 میں بھارتی گیان پیٹھ ایوارڈ حاصل کیا

☆ 1983 میں ہی جودھ پور یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری ملی

☆ 1983 میں وشنو بھارتی یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری حاصل کی

☆ 1986 میں پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری لی

☆ 1987 میں حکومت فرانس کی طرف سے ڈگری لی

☆ 1989 میں ایس این ڈی ٹی بمبئی یونیورسٹی کی طرف سے بھی اعزازی ڈگری حاصل کی

☆ 1990 میں پنجابی اکادمی کی طرف سے وارث شاہ ایوارڈ حاصل کیا

اس کے علاوہ بہت سے اعزازات اور ایوارڈ اور انعامات حاصل کیے

☆☆☆☆

شبنم شکیل

امرتا پریتم کی زندگی کے رس میں ڈوبی ہوئی باتیں

"پنجتر کتابوں کی مصنف وہ جینئس عورت کہ جس کے ہاں تخلیقی اظہار کے وفور کی ایسی شدت ہے کہ کم کم دیکھنے میں آتی ہے جس کی نثر اور شاعری آپس میں اس طرح گھل مل گئی ہیں جیسے پانی میں رنگ۔ جو حرف کی عظمت کی اتنی قائل ہے کہ لفظوں کو سچے موتیوں کا درجہ دیتی ہے۔ ایسی شاندار خاتون سے ملنے کی تمنا عرصہ دراز سے دل میں تھی۔ آخر کار میری یہ تمنا پوری ہوئی اور بہت خوبصورت انداز میں ہوئی۔ وہ یوں کہ 1989 میں Tourism کے حوالے سے پاکستان سے ایک وفد سید یوسف رضا گیلانی صاحب کی قیادت میں کہ جو اس وقت ٹورازم کے وزیر تھے انڈیا کے ایک Festival میں شرکت کے لیے دہلی گیا۔ شکیل ایڈیشنل سیکرٹری ٹورازم تھے۔ چنانچہ مجھے بھی مدعو کیا گیا۔ دہلی میں پہلی رات وہاں کے ٹورازم والوں نے تاج محل ہوٹل میں بہت ہی خوبصورت ثقافتی پروگرام کا اہتمام کیا ہوا تھا۔ اس کے بعد کھانا تھا۔ کھانے پر دہلی کے بہت سے معززین کو مدعو کیا گیا تھا۔ جس میں شاعر و ادیب' موسیقار' ڈانسرز لڑکیاں' لڑکے' وزراء' امراء اور بیوروکریٹس سب شامل تھے۔ غرض یہ کہ ایک رنگ و بو کا طوفان تھا کہ جو کسی خواب کا منظر لگ رہا تھا مگر آپ سے کیا کہوں میری سوئی تو ایک ہی جگہ اٹکی ہوئی تھی۔

''ذہن بار بار یاد دلاتا مجھے امرتا جی کا پتا کرنا ہے'' اچانک اپنی پلیٹ پکڑے ہوئے کنور مہندر سنگھ میرے پاس آ کر کھڑے ہو گئے۔ نور جہاں ثروت نے میرا اُن سے تعارف کرایا میں نے تھوڑی سی گفتگو کے بعد ہی اپنی بے تابی کا اظہار کر دیا۔ وہ بہت ہنسے۔ بولے'' لے اپنی جنی گل سی۔ میں تاں امرتا دا جیٹھ آں۔ میں فون کراں گا اوہنوں' کل 11 بجے جا کے مل لے توں۔'' پھر میرے بشاش چہرے کو دیکھ کر اور بھی ہنسے۔ مجھے تمام پتا وغیرہ سمجھایا۔ دوسرے دن گیارہ بجے جب میں امرتا پریتم سے ملنے کے لیے 25' حوض خاص دہلی والی چٹ مضبوطی سے ہاتھ میں پکڑ کر ان کے گھر کی طرف رواں تھی تو ظاہر ہے میرے ذہن نے ان کا ایک پیکر پہلے سے تراش رکھا تھا۔ یہ پیکر ان کی شاعری' افسانے اور سوانح عمری پڑھ کر اور ان کے مداحوں سے ان کی باتیں سن کر

خود بخود بن گیا تھا۔ میں سوچ رہی تھی کہ میں آج ایک ایسی خوبصورت خاتون سے ملنے جا رہی ہوں جس کا ظاہر اور باطن ایک سا ہے۔ جو لوگوں کے دل میں جھانکنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ جس کا دل انسان دوستی کے جذبے سے لبالب بھرا ہوا ہے۔ جو جسمانی طور پر کمزور اور نازک سہی لیکن ذہنی طور پر ایک ایسے مضبوط قلعے کی مانند ہے کہ جسے طاقت کے زور پر فتح کرنا تقریباً ناممکن ہے جو ایک طرف معاشرے کی فرسودہ روایات سے باغی ہو کر زندگی گزارنے کا ڈھنگ جانتی ہے اور تن تنہا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتی ہے اور دوسری طرف تتلیوں کے پروں جیسا نرم و نازک دل رکھنے والی ہے کہ جو مذہب کے نام پر کشت و خون ہوتا دیکھ کر تڑپ اُٹھتی ہے اور بے اختیار کہہ اُٹھتی ہے۔

اج آکھاں وارث شاہ نوں کتے قبراں وچوں بول
تے اج کتابِ عشق دا کوئی اگلا ورقا پھول

اُٹھ درد منداں دیا درویا اُٹھ دیکھ اپنا پنجاب
اج بیلے لاشاں وچھیاں تے لہو دی بھری چناب

اک روئی دھی پنجاب دی توں لکھ لکھ مارے بین
اج لکھاں دھیاں روندیاں تینوں وارث شاہ نوں کہن

اج سارے کیدو بن گئے حسن عشق دے چور
اج کتھوں لیایئے لبھ کے وارث شاہ اِک ہور

جب عشق کی بات کرتی ہے تو ایک صوفی کی طرح کہتی ہے

''سپنے جیکن کئی بھٹیاں
ہر ایک بھٹی اگ جھوکدا میرا عشق مجوری کردا''

گاڑی دہلی کے ایک نسبتاً خاموش علاقے میں ایک کوٹھی کے آگے آ کر رُکی اور سبز بیلوں سے لدی ہوئی دیواروں نے مجھے اپنی زبان میں خوش آمدید کہا۔ میں نے کال بیل کی۔ ایک چھوٹی بچی نے دروازہ کھولا اور

مجھے گھر کی اوپر کی منزل پر لے گئی۔ سادہ سا ڈرائنگ روم جس سے نفاست جھلک رہی تھی میرے سامنے تھے۔ مجھے ایک لمحہ بھی انتظار نہیں کرنا پڑا۔ دبلی پتلی نازک سی امرتا جی سوتی شلوار قمیص میں ملبوس میرے سامنے کھڑی تھیں۔ انتہائی شفیق چہرہ جیسے ماں کا چہرہ ہو۔ میں نے اپنا تعارف کروایا۔ اپنا پہلا مجموعہ جو دو برس پہلے شائع ہوا تھا ان کی نذر کیا ساتھ ہی کہا میں انڈیا فقط آپ سے ملنے آئی ہوں۔

وہ ذرا مسکرائیں بولیں۔ ''پاکستان کے لوگ بھی مجھے بہت پیار کرتے ہیں اور یہ بات مجھے بہت اچھی لگتی ہے۔ دیکھو نا ابھی کراچی سے نزہت صدیقی ملنے آئی تھی فخر زمان بھی آئے ہوئے تھے میرے ہاں ہی ٹھہرے۔ تم لوگوں کی وجہ سے وہاں کی کتابیں پڑھ لیتی ہوں۔ اچھا بتاؤ کیا تم بھی کراچی کی رہنے والی ہو۔ ''جی نہیں میں ''لاہورن'' ہوں''۔ ''تو اب تک اُردو کیوں بول رہی تھیں''۔ انہوں نے پنجابی میں سوال کیا۔ میں چپ رہی۔ ''اچھا یہ بتاؤ کیا پنجابی میں لکھتی بھی ہو؟''۔ ''کبھی کبھی۔ مگر بہت مشکل لگتا ہے۔ دراصل شروع سے گھر میں تمام رسالے اور کتابیں اُردو کی ہی آتی تھیں۔ وہ پڑھتی تھی۔ بس اس طرح۔۔۔۔'' مجھے کچھ سوجھ نہیں رہا تھا۔ وہ ایک دم سنجیدہ لہجے میں بولیں۔ ''اپنی مادری زبان سے بس بولنے کی حد تک دوستی ہے ہماری۔ اب یہاں دیکھو۔ انڈیا میں ہندی کو کتنی اہمیت حاصل ہے۔ سب سکولوں میں لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ اس زبان کی نشوونما کے لیے ہر قسم کی شعوری کوشش ہو رہی ہے حکومتی سطح پر۔ مگر پنجابی جو یہاں لاکھوں کی زبان ہے اس کے لیے کچھ نہیں ہو رہا۔ مجھے افسوس ہوتا ہے انہی باتوں پر۔ اچھا یہ بتاؤ کبھی مظہر الاسلام سے باتیں ہوئیں اس موضوع پر۔ کیا کہتا ہے وہ؟ پکا پنجابی ہے۔ بہت پیارا انسان ہے۔ کیسی خوبصورت کہانیاں لکھتا ہے۔ منشا یاد کی کہانیاں بھی میں شوق سے پڑھتی ہوں۔ کتنا خلوص ہے اس کی تحریروں میں ہاں احمد داؤد بھی اچھا لکھنے والوں میں ہے۔ سب کو میرا پیار دینا۔ مظہر سے کہنا کبھی آ کر مجھے ملے''۔ ''جی ضرور کہہ دوں گی'' میں نے جواب دیا۔ (واپس آ کر میں نے مظہر کو ان کا پیغام دیا تھا۔ اس نے کہا ''شبنم یہ ایک عجیب بات ہے کہ میں بھی امرتا جی کو بطور انسان اور بطور شاعرہ ادیبہ بہت پسند کرتا ہوں۔ لیکن آج تک ہم دونوں کی ملاقات نہیں ہوئی۔''

میں نے اسلام آباد کے ایک دو ادیبوں کا نام لیا اور پوچھا آپ نے انہیں پڑھا؟ خالدہ حسین کا نام خاص طور پر اس وقت ذہن میں آ رہا ہے۔ بولیں ''کتابیں نہیں ملتیں بس کوئی بھیج دے یا جب کوئی ملنے آئے۔ تو درشن ہو جاتے ہیں وہاں کی کتابوں کے''۔ پھر کہا ''تم مجھے وہاں سے کتابیں بھجوا دو۔ تمہارے لیے آسان

ہوگا کیونکہ ٹورازم کے سلسلے میں سرکاری لوگ یہاں آتے جاتے رہتے ہیں''۔ میں نے وعدہ کیا اور کسی حد تک نبھایا بھی۔ ''شبنم ویسے کتابوں پر یاد آیا کہ میری سب کتابیں پاکستان میں بغیر میری اجازت کے چھپ رہی ہیں۔ بغیر مجھے دکھائے ہوئے۔ کتنی غلط بات ہے۔ جب وہاں کی چھپی ہوئی اپنی اتنی کتابیں دیکھتی ہوں تو ایک طرف تو خوشی ہوتی ہے کہ وہاں بھی لوگ مجھے بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ دوسری طرف بہت رنج ہوتا ہے۔ ان میں سے کتنی چیزیں خواہ مخواہ کاٹ دی گئیں ہیں۔ کئی جگہ تو عبارت بالکل بے ربط ہو کر رہ گئی ہے۔ پھر میری نظموں کا غلط ملط ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس طرح تو سارا مفہوم ہی ختم ہو جاتا ہے نظم کا۔ کچھ ہونا چاہیے نا اس سلسلے میں؟'' ان کے لہجے میں دکھ تھا۔ ''امرتا جی'' میں نے کہا۔ ''پاکستانی مصنفوں کی کتابیں بھی انڈیا میں بغیر اجازت کے چھپتی ہیں اور یہی حال ان کا بھی کیا جا رہا ہے۔''

''ٹھیک کہتی ہو تم مگر کہاں رہ گیا وہ کاپی رائٹ ایکٹ۔ جو کسی کا دل چاہے چھاپ لے۔ نہ مصنف کی اجازت نہ پیسہ نہ دھیلا۔ خیر اتنا کرو۔ میری جو کتاب تمہیں وہاں نظر آئے مجھے فوراً بھیجو۔ کہیں راستے میں ہی تو نہیں رہ جائیں گی۔ کتابوں کا تبادلہ بہت ضروری ہے۔ بہت ضروری ہے'' انہوں نے دو تین مرتبہ دہرایا۔

''آج کل کیا لکھ رہی ہیں؟'' میں نے سوال کیا۔

''خواب جو انوکھے ہوتے ہیں ان پر ایک کتاب ''لال دھاگے کا رشتہ'' نام رکھا ہے اس کا۔ کتاب ایک جاپانی بدھسٹ فلاسفر کے نظریات پر ہے جس نے کہا تھا کہ جس طرح بچے کا ماں سے رشتہ اٹوٹ ہے اسی طرح انسان لامکاں سے جڑا ہوا ہے۔

شبنم میں خود کئی مرتبہ ایسے خواب دیکھتی ہوں کہ جس میں میرے پچھلے جنم کا تجربہ نظر آتا ہے۔ خوابوں سے انسان کا کیا رشتہ ہے۔ بس یہی یہ کتاب بتائے گی۔ بہت دلچسپ چیز ہے۔ جیسے ہی لال دھاگے کا رشتہ وہاں شائع ہوئی میں نے فوراً ٹورازم والوں سے کہہ کر منگوالی واقعی بلاشبہ یہ ایک انوکھی کتاب ہے''۔

''امرتا جی اور کیا لکھ رہی ہیں؟''

''نظم اور نثر پر تحقیقی کام بھی کر رہی ہوں اگر درمیان میں اتنی بیمار نہ ہو جاتی تو کتاب مکمل ہو جاتی ہے۔ مگر لال دھاگے کا رشتہ مجھے خود اپیل کر رہی ہے اس سے میری ذہنی تسکین ہوتی ہے''۔

''امرتا جی یہ بتائیں ادیب کی اپنی تسکین زیادہ اہم ہے یا قاری کی؟''

وہ بولیں۔ ''قاری اہم ہے بہت اہم ہے۔ یہ ایک خوشگوار تجربہ ہے کہ اگر قاری کو آپ کی بات کا ابلاغ

ہو۔ مگر مصنف کی اپنی تسکین کو میں زیادہ اہمیت دیتی ہوں۔ دیکھو اگر ادیب محض قاری کے لیے لکھ رہا ہے تو دولت، شہرت، طاقت، سب کچھ ادیب کو ملتا ہے۔ لیکن اگر وہ یہ سب کچھ سنبھال نہ پائے تو خود اس کا بُت چکنا چور ہو جاتا ہے۔ عام طور پر لوگ اپنی ظاہری یا خارجی شبیہہ کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ میرا معاملہ دوسرا ہے میں اپنی باطنی شبیہہ کی قائل ہوں۔ کئی دفعہ اس باطنی یا اندرونی شبیہہ کے حوالے سے مجھ پر افسردگی طاری ہو جاتی ہے۔ کیونکہ وہ اعلیٰ انسانی معیار پر پوری اترتی محسوس نہیں ہوتی۔ مگر پھر میرے اندر سے ہی کوئی طاقت مجھے سنبھال لیتی ہے۔ یہ بحث ذرا لمبی ہو جائے گی۔ اور کوئی بات کرتے ہیں۔ کیوں؟'' انہوں نے میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا: ''جی نہیں۔ مجھے اس بحث سے دلچسپی ہے۔ دراصل میں تو اسی سلسلے میں آپ سے دو تین سوال کرنا چاہتی تھی۔ مگر میں ڈر رہی تھی کہ پتا نہیں آپ مجھے اتنا وقت دیں گی یا نہیں''۔ میں نے غور کیا کہ میرے اس جملے پر ان کی آنکھوں میں ایک چمک سی آئی وہ بولیں: ''بات وقت کی نہیں ہے۔ میری صحت کی ہے۔ ابھی طبیعت پوری طرح بحال نہیں ہوئی۔ مگر تم ذرا اپنے سوال دکھاؤ''۔ میں نے پرس میں سے کاغذ نکال کر ان کی طرف بڑھایا۔

''ارے یہ تو تمہاری اور میری دونوں کی مشکل حل ہو گئی۔ تمہیں پتا ہے ابھی ابھی سمترا چوہدری نے مجھ پر بہت خوبصورت مضمون لکھا ہے۔ وہ تقریباً میرا انٹرویو ہی سمجھو۔ اس میں تمہیں اپنے تینوں سوالوں کے جواب مل جائیں گے''۔ وہ اُٹھیں اور اندر جا کر بہت سے اخباروں اور رسالوں کے تراشے اُٹھا لائیں۔ ''سمترا کا مضمون' یہ سارا شگفتہ پر میرا مضمون ہے ہاں یہ منٹو پر ہے۔ اس کو ہری شرما نے انگریزی میں ترجمہ کیا تھا۔ اور بہت سے ہندی سکرپٹ میں میرے مضامین ہیں سب رکھ لو۔ سب رکھ لو''۔ میں نے جلدی سے سارا خزانہ سمیٹ کر اپنی گود میں رکھ لیا۔ اچانک وہ قہقہہ لگا کر ہنسیں اور بولیں ''ہندی سکرپٹ تم کیسے پڑھو گی؟ انہیں چھوڑ جاؤ''۔

''امرتا جی شکیل صاحب کی بڑی بہن شاہدہ حبیب پنجاب یونیورسٹی میں ہندی کی کلاسز لیتی ہیں۔ بڑی لائق فائق ہیں۔ وہ پڑھیں گی میں لکھ لوں گی''۔ وہ مطمئن ہو گئیں۔

امروز چائے لے کر آ گئے تھے۔ ''کس قدر خوش مزاج اور مہمان نواز انسان ہیں۔'' میں نے سوچا پھر ان کی خوش مزاجی کو دیکھتے ہوئے فوراً ایک فرمائش کی۔ میری ایک تصویر بنا دیں امرتا جی کے ساتھ۔'' میں اتنا ایکسپرٹ نہیں ہوں اس معاملے میں اگر کوئی سر پیر نہ آیا تصویر میں تو مجھے الزام نہ دینا۔'' وہ ہنسے۔ بہر حال انہوں نے تین چار تصویریں بنا دیں۔

فون کی گھنٹی بجی۔ امرتا فون پر بات کرتے ہوئے بہت خوش لگ رہی تھیں۔ ''جانتی ہو کس کا فون تھا۔''
وہ ہنستے ہوئے بولیں۔ ''نچلی منزل سے بچوں کا۔ میں اوپر کی منزل میں ہوتی ہوں۔ بچے نچلی میں۔ ویسے ہی فون کرتے رہتے ہیں''۔ وہ ہنسیں۔'' ہاں سنو۔ میں نے تمہیں جو ہندی سکرپٹ دیئے ہیں ان کا ترجمہ بہت اچھا کروانا۔ بہت کم اچھے تراجم دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ترجمہ کرنے والے معیار برقرار نہیں رکھتے۔ ایسے ایسے ترجمے پڑھنے کو ملتے ہیں کہ بس کیا کہوں۔ جب تک Original کتاب سامنے نہ ہو۔ ترجمے کا سر پیر ہی سمجھ میں نہیں آتا۔''
''آپ بالکل بے فکر ہو جائیں سب آپ کو بھجواؤں گی۔''
''اچھا ایک سوال کا جواب مختصر سا ابھی دے دیں''۔ میں نے ذرا منت کرتے ہوئے کہا۔ ''آج کل جو ادب ہمارے ہاں اور آپ کے ہاں تخلیق ہو رہا ہے آپ اس سے کس حد تک مطمئن ہیں؟'' ایسے لگا جیسے کسی نے ان کی کسی دکھتی رگ کو چھیڑ دیا۔ ان کے چہرے کا رنگ بدلا۔ پھر انہوں نے اپنے آپ کو سنبھالا اور بولیں۔ ''صرف ادب ہی کی کیا بات کرتی ہو۔ تجارتی سوچ کے اس دور میں فن کے نام پر نچلی سطح کی سوچ کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ مگر خیر دونوں طرف چپ چاپ بیٹھ کر کام کرنے والے موجود ہیں۔ پھر کبھی اس پر بھی تفصیل سے بات کریں گے ابھی تو تم کو بھی ایک تقریب میں پہنچنا ہے'' انہوں نے مجھے تسلی دی۔
''آپ پاکستان آئیں تو پھر ہی ممکن ہے۔'' میں نے درخواست کی۔ ''آؤں گی ٹھہرا کتوبر میں ذرا موسم اچھا ہو اور میری اپنی طبیعت بھی ٹھیک ہو۔''
واپسی پر میں سوچ رہی تھی۔ امرتا نے زندگی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا ہے۔ وہ جانتی ہے کہ زندگی کبھی شیریں ہوتی ہے کبھی تلخ مگر بے ذائقہ کبھی نہیں ہوتی۔ امرتا کی باتیں بھی ایسی ہی ہیں زندگی کے رس میں ڈوبی ہوئی۔

☆☆☆☆

شبہ طراز

امرتا پریتم۔۔۔بس ایک ہاتھ کے فاصلے پر

'اس وقت میں اپنے بک شیلف کے سامنے کھڑی ہوں اور سارا سے مخاطب ہوں۔۔۔ دیکھو دوست، اس وقت میرے کتنے ہی عظیم دوست، وشٹھ رشی، اور دیدویاس سے لے کر بان بھٹ، کالی داس، سلطان باہو، وارث، سیلو، چیخوف، غالب، کازان زاکس، آئین رینڈ، ساحر، فراق اور فیض تک تیرے پاس بیٹھے ہیں۔۔۔ بس ایک ہاتھ کا فاصلہ ہے، یہ طے ہو جائے گا تو میں تم سب سے بہت باتیں کروں گی۔۔۔ بک شیلف کے سامنے کھڑی ہو کر نہیں، تم سب دوستوں کے ساتھ بک شیلف میں بیٹھ کر۔۔۔۔''

امرتا پریتم

اور پھر۔۔۔ یہ ایک ہاتھ کا فاصلہ ختم ہو گیا۔ وہ اب اپنے دوستوں کے ساتھ بک شیلف میں بیٹھی ہے۔ وہ سب اپنے مشترکہ غموں پر ہنس رہے ہیں، ایک دوسرے سے سوال جواب کر رہے ہیں۔ اُن سب کے تخلیق کردہ کردار قطاروں میں مؤدب کھڑے ہیں۔ ایک میلہ سا لگا ہے۔

ہلکے ہلکے شور اور بحث کی آوازیں رفتہ رفتہ اونچی ہو رہی ہیں۔ میں کان لگا کر سُن رہی ہوں۔ امرتا کے افسانوں کی عورتیں آپس میں بحث کر رہی ہیں۔ ''کیتکی'' دعویٰ کر رہی ہے کہ وہ امرتا کی بہترین تخلیق ہے۔ وہ کہہ رہی ہے کہ میں نے ایک عورت، جو میری سہیلی تھی، کے پیار میں اپنی زندگی کی قربانی دی ہے اور عورت کو ایک عظیم درجہ عطا کیا ہے، جس نے اپنی سہیلی کی ادھوری زندگی کو پورا کیا۔ غلط روایات کی بھینٹ چڑھ جانے والی مظلوم عورت کی موت کے بعد اُس کی زندگی کو پورا کرنا بالکل نیا تجربہ تھا اور اُس میں بقول کیتکی کے، وہ کامیاب رہی ہے۔

جب کہ ''ایک ہوک'' کی نہال کور اور ''اندھیرے کا کمنڈل'' کی ودھیا اور مس رائے کا کہنا تھا کہ یہ قربانیاں تو اُنہوں نے بھی دی ہیں۔ ودھیا اور مس رائے کا جواز یوں اور بھی ٹھیک تھا کہ اُن دونوں نے تو اپنی

اپنی زندگی ہی میں ایک دوسرے کی ادھوری زندگی کو پورا کیا تھا۔۔۔اُن کا کہنا تھا کہ ''کرماں والی'' کا کردار زیادہ مضبوط اور یاد رہ جانے والا کردار ہے۔ ''کرماں والی'' جو تقدس کا ٹیکہ لگائے منافقت کی اُس گندی، جنس زدہ زندگی سے نکل آئی تھی جہاں پاکیزگی کی کوئی قیمت نہیں تھی۔ وہ تنہا زندگی گزارنے کو اس بات پر فوقیت دیتی تھی کہ اُس کا جیون ساتھی اُس کے ساتھ جھوٹی زندگی گزارے۔۔۔

چھبیلی نائن نے درمیان میں لقمہ دیا کہ یہ کون سی بڑی بات ہے۔ امرتا کی تخلیق کردہ عورتوں میں سے بیشتر اسی دُکھ سے ہو کر گزری ہیں۔ جندو، مرکی عرف بلاتی، جندرو، مسز کپور، سب اسی دُکھ میں مبتلا تھیں ۔۔۔دہری زندگی کے دُکھ میں۔۔۔لیکن سب نے اس دُکھ کو سہا اور امر ہو گئیں۔۔

''گلیری'' جو ایک مرد کے دل سے نہ بھلائی جانے والی کامیاب محبت تھی، بولی کہ مجھے تو وہ عورتیں زیادہ جان دار محسوس ہوتی ہیں جنہوں نے کسی اور کو چاہتے ہوئے بھی اپنے جیون ساتھی سے بے وفائی نہیں کی ۔۔۔جو اپنے اپنے دلوں میں خاموش محبت کو دفن کر کے بظاہر ایک جیون جیتی رہیں لیکن اپنی عزت کو داغ دار نہیں کیا۔۔۔مثلاً بھابی مورنی اور تاپی۔۔۔اور۔۔۔یا پھر وہ ''گلیانا'' کتنی مظلوم تھی جو دنیا کے مردانہ نظام کی بھینٹ چڑھ گئی۔ اُس نے تو ابھی محبت کے زینے پر قدم بھی نہ رکھا تھا۔ وہ تو صرف آزادی سے دنیا دیکھنے اور دنیا میں گھومنے کی تمنا لئے نکلی تھی۔ وہ اپنی زندگی خود بسر کرنا چاہتی تھی۔۔اور مرد سے یہ برداشت نہ ہوا کہ کوئی عورت اُس کی مدد کے بغیر، اُس کو اپنے جسم کا بھتہ دیے بنا یوں بے خوف پھر سکے۔۔۔۔سو وہ مردانہ درندگی کا شکار ہو گئی۔ کتنا زندہ رہ جانے والا کردار تھی ''گلیانا'' اور اسی طرح ''چھمک چھلو'' کی چھلو جو بچاری دہری درندگی کا شکار ہوئی۔۔ایک طرف سوتیلی ماں کا ظلم اور دوسری طرف ایک انسانی درندے کا۔۔اور بیچ میں پستی بے چاری چھلو۔۔۔ایک چھلو ہی کیا کتنی لڑکیاں اس اس نام نہاد تہذیبی معاشرے میں ہوس کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں اور امرتا بار بار پیدا نہیں ہوتی۔۔۔جو قلم اُٹھائے۔ پھر ''کوکلی'' جیسا کردار جو سماج کے منہ پر ایک طمانچہ ہے جہاں لڑکی کو جذبات سے الگ نکال کر دیکھا جاتا ہے، جہاں صرف اُس کے کنوارے جسم کی وقعت ہے جس پر فتح کے جھنڈے گاڑنا مردانگی۔۔۔اور کتنی کوکلیاں روز فتح ہوتی ہیں، کتنی آرزوئیں روز مرتی ہیں، کتنے درد روز جنم لیتے ہیں۔

گلیری جوش اور جذبے سے بولے ہی جا رہی تھی کہ راج کور سردارنی کی گونج دار آواز نے ایک لمحے کے لئے خاموشی طاری کر دی۔ اُس کا رعب اور دبدبہ ویسے ہی ماحول کو سنجیدہ بنانے کے لئے کافی ہوتا تھا۔

اُس نے ''تہہ خانے'' کی ''گایا'' اور ''سات پونیاں سنتر مڈھے'' کی ''شکنتلا'' کے حق میں آواز بلند کی۔ اُس نے کہا کہ یہ دونوں کردار ہر جنم میں پیدا ہوتے ہیں اس لئے ان کو کسی جنم میں بھی نکالا یا بھلایا نہیں جا سکتا۔ یہ محبت کی معراج پر پہنچ جانے والے آفاقی کردار ہیں۔ یہ نام بدل بدل کر دنیا میں آتے ہیں۔ کبھی محبت کو پا لیتے ہیں اور کبھی نہ پانے کی خلش دل میں لئے لئے اگلے جنم میں دوبارہ آنے کے لئے چلے جاتے ہیں۔ پڑھنے والوں کے دلوں میں ایک درد اور کسک جگا کر۔۔۔ یہ نہ بھولنے والے کردار ہیں۔

کرداروں کی بحث زوروں پر جاری تھی۔ ہلکی آوازیں تیز ہو چلی تھیں، ویسے بھی عورتیں بحث کرتی ہوں تو لڑائی کا گمان ہوتا ہے۔ ہاتھ چلا چلا کر وہ اتنے زور زور سے چیختی ہیں کہ توبہ ہی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ اس وقت بھی نرملا، ویرو، سیما، پارو، دیپو، پھول متی، سون متی، فرکی، شیاملی، دھنو اور انگوری سب اپنی اپنی ہانک رہی تھیں، اپنے اپنے پسند کے کرداروں کے بارے میں رائے دے رہی تھیں کہ اچانک ان کرداروں کو چپ کروانے کے لئے ''سارا'' اپنی ''آنکھوں'' سے باہر نکلی اور اپنے تجریدی لفظوں کو ترتیب دیتے ہوئے کہنے لگی ۔۔۔ عورت ازل کی آنت سے اُگلی ہوئی وہ کہانی ہے جسے لکھتے لکھتے آسمان شفق تک پھیل گیا اور جھوٹ اور گناہ کے اندھیرے نے رات کی کالک کی بغل مار لی۔۔۔ عورت کی کہانی کبھی ''پانچ برس لمبی سڑک'' پر چلتے چلتے بوڑھی ہو گئی کبھی ''ایک ضبط شدہ کتاب'' میں ایک دوسرے کے کندھے پر سر ٹکا کر روئی تو کبھی کسی بے کار شے کی طرح ''ایک اندھیرے کونے'' میں غیر محسوس طریقے پر اپنی موجودگی کا احساس دلاتی رہی۔۔۔ وہ زندگی کے ساتھ تھی، وہ موت کے ساتھ ہے۔ وہ اپنے ہونے کو ثابت کر کر کے ہاری نہیں ہے صرف اُس کے نام بدلے ہیں۔۔۔ ہاں، اُس کے رہنے کے مقام بدل جاتے ہیں۔۔۔ کبھی وہ مندر سے نکالی جاتی ہے تو کبھی مسجد سے۔۔۔ کبھی وہ دل میں بسائی جاتی ہے تو کبھی صرف آنکھوں میں۔۔۔ کبھی اُس سے گھر سجایا جاتا ہے تو کبھی محفل۔۔۔ کبھی وہ بہت سستی مل جاتی ہے تو کبھی اُس کی قیمت چکانا مشکل ہو جاتا ہے۔ سارا امرتا کی کہانی ''گروز گنگا'' سے ایک اقتباس سنانے لگی:

''یوں محسوس ہوتا ہے جیسے دل کا مندر بھی بدری ناتھ کے مندر کی طرح بڑی دور ہے۔ اپنے دل کا مندر بھی اور کسی دوسرے کے دل کا مندر بھی۔ کوسوں کے کوس چلنے پڑتے ہیں، دھوپیں کاٹنی پڑتی ہیں، سردیاں برداشت کرنی پڑتی ہیں، چڑھائیوں میں سانس ٹوٹتا ہے، اترائیوں میں گھٹنے ٹوٹتے ہیں۔ اور کئی دفعہ تھوڑی سی روٹی کے لئے بھی ترسنا پڑتا ہے۔۔۔ لیکن اس مندر میں روحانی دیدار ہوتے ہیں۔ یہ انسانی دل کا مزاج ہے،

کہ اُس کو دیدار کی تمنا ہے۔اس پیاس کی تکمیل کے لئے وہ راستے کی تمام تکالیف برداشت کرتا ہے۔۔۔۔''

(گروڑ گنگا)

پھر سارا نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور اپنی بات جاری رکھتے ہوئے بولی، ''کبھی وہ ''کالی مائی'' ہوتی ہے تو کبھی ''سانولی مائی''، کبھی ''الک نندہ'' کہلائی جانے لگتی ہے تو کبھی ''بھیل گنگا''، کبھی کرم ناشا، کبھی دھارا، نمو دھارا، ونڈو دھارا، رام گنگا، دشتو گنگا اور آکاش گنگا۔۔۔۔آخر وقت اور زندگی کی دھارا میں بہتے بہتے وہ ''گروڑ گنگا'' بن جاتی ہے، جہاں سے اگر ایک پتھر بھی نکال کر اُس کی پوجا کی جائے تو سانپ کا ڈر نہیں رہتا ۔۔۔اور محبت کے ناگ سے ڈسے جانے کے بعد دل پہ اور کسی چیز کا زہر اثر ہی نہیں کرتا۔۔۔ سچی اور پاکیزہ محبت کا زہر زندگی کے کچے پکے راستوں میں ایسی دھند بھری غیر مرئی نیلاہٹیں بکھیر دیتا ہے کہ پل بھر کا سفر صدیوں پر محیط ہو جاتا ہے ۔۔۔اس نیلی روشنی میں سے کرداروں کے جگنو سمیٹنے والے قلم کار صرف بک شیلفوں میں ہی نہیں لوگوں کے دلوں میں بیٹھ رہتے ہیں۔''

سارا نے اپنا پھیلا ہوا سانس سمیٹا اور اپنی ''آنکھوں'' میں واپس اُتر گئی۔۔۔بک شیلف میں ایک سکوت طاری ہو گیا۔۔۔ساحر امرتا کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا۔۔۔بولا۔۔۔حاصل کر لینا ہی تو سب کچھ نہیں امرتا۔۔۔حاصل نہ کر کے ''گروڑ گنگا'' بن جانا ہی زندگی کا اصل ہے۔۔۔دل جیتنا جسم جیتنے سے کہیں زیادہ خوش کن ہے۔۔۔

مجھے اپنی کہی ہوئی بات یاد آ رہی ہے ''نہ مٹنے والی پیاس کا نشہ مل جانے والی شراب سے زیادہ ہے۔۔۔۔

اور میں سوچ رہی ہوں کہ امرتا پریتم کے کردار زیادہ مضبوط تھے یا اُس کی شخصیت۔۔۔اُس کے کردار پوری کہانی اس کی شخصیت کے گرد گھومتے رہتے تھے۔مجھے لگتا ہے امرتا ہر کہانی میں خود داخل ہوتی تھی۔ کرداروں کے ساتھ گھل مل جاتی تھی۔وہ باہر کھڑے ہو کر اُن کا جائزہ نہیں لیتی تھی بلکہ اُن سے دوستی کر کے اُن کی کہانیوں میں شامل ہو جاتی تھی۔مثال کے طور پر چند اقتباسات دیکھیے:

'' میں اور کیتکی ابھی ایک دوسری کی واقف نہیں ہوئیں تھیں کہ میری مسکراہٹ نے اُس کی مسکراہٹ کے ساتھ دوستی کر لی۔۔۔۔'' (کیتکی)

'' اس کا منہ دیکھ کر اگر کسی نے ٹوکری خریدنی بھی ہو، تب بھی نہیں خریدتا۔ذرا ہنس کر کسی سے بات

کرے تو اگلا ایک کی جگہ دو خرید لے۔۔۔ یہ کوزے جیسا منہ بنا کر کھڑی رہتی ہے۔۔۔" ماں کرتارو کے سارے بول چھلو کے کانوں میں بلسنیوں جیسا درد کرنے لگے۔۔۔

(چھمک چھلو)

"۔۔۔۔ دروازے سے باہر مشعلیں جل رہی تھیں۔
ہوا میں تلی ہوئی مچھلی کی اور تاڑی کی بُو تھی
ڈھولوں کی آواز سے کئی گیت جاگ رہے تھے۔
کوکلی کی آنکھوں میں کئی رنگ چمک رہے تھے۔"

(کوکلی)

"کوکلی مچھیروں کے گھر پیدا ہوئی تھی
اور آج مچھیروں کے گھر بیاہی تھی
لیکن کوکلی کو محسوس ہوا۔۔۔۔۔
وہ ایک لڑکی نہیں، ایک مچھلی ہے
یہ سہاگ کی سیج نہیں، ایک جال ہے
اور اب وہ بیاہ کی کنڈی میں پھنسی ہوئی ہے۔۔۔۔۔"

(کوکلی)

"میں اپنا نام لکھ دیتی ہوں کرماں والیے!۔۔۔ میں نے نہ جانے کتنی لڑکیوں کے نوٹوں پر اپنا نام لکھا ہوگا، لیکن آج میرا جی چاہتا ہے کہ تُو میرے نوٹ پہ اپنا نام لکھ دے!۔۔۔ کہانی کار بڑا نہیں ہوتا، بڑا تو وہ ہے، جس نے کہانی خود اپنے جسم پر جھیلی ہے۔"

(کرماں والی)

"جندرو بھی ایک دیئے کی طرح جل اٹھی۔
ایک لمحے کے لئے محسوس ہوا جیسے جندرو کی آنکھیں بجھ گئیں تھیں۔ شاید اُسے تیل کے ختم ہونے کا اندیشہ یاد آیا ہو۔ لیکن دوسرے لمحے اپنے دیے میں اپنا ہی تیل ڈالتے ہوئے کہنے لگی" جب اُس نے گھر بسایا تو سچ مچ میں گھر میں دیے کی طرح جل اٹھی تھی۔۔۔" (رام جی کے کنویں کی بوکی)

'' وہ جس روش بنگلے میں رہتا تھا، اس کا ایک اندھیرا کونہ بھی تھا۔ جس کو کچھ معلوم نہیں تھا اس کو وہ کونہ دکھائی نہیں دیتا تھا، اور جس کو معلوم تھا وہ کبھی اس کونے کی طرف دیکھتا نہیں تھا۔ اس لئے چاہے پچیس برس ہو گئے تھے، لوگوں کو اس بنگلے اور اس کونے کی کہانی معلوم نہیں تھی۔''

(ایک اندھیرا کونہ)

''میرا نام یورنس ہے۔ ایک دن تم نے پانی پینے سے پہلے بتایا تھا۔

میرا نام گایا ہے۔ میں نے تمہارے ہاتھ سے پانی کا خالی کٹورہ پکڑتے ہوئے کہا تھا۔

اور مجھے محسوس ہوا تھا۔۔۔ تمہارے آنے کے وقت'' کچھ'' ہمیشہ پانی کے کٹورے کی طرح بھرا ہوتا تھا اور تمہارے جانے کے بعد وہ ہمیشہ خالی کٹورے کی طرح ہو جاتا تھا۔ اور اس سے بھی زیادہ۔۔۔ تمہارے خشک حلق جیسا ہو جاتا تھا۔'' (تہہ خانہ)

''حیران کن بات تو یہ تھی کہ زندگی نے گلیانہ کو پیدا کیا تھا، لیکن اُس کو پیدا کر کے بالکل بھول گئی تھی۔ لیکن میں حیران نہیں تھی، کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ زندگی کی یادداشت عام طور پر کھو جاتی ہے۔ میں نے گلیانا کو بتایا کہ ہمارے دیس میں ایک بوٹی پائی جاتی ہے، جسے برہمی بوٹی کہا جاتا ہے۔ ہماری پرانی کتابوں میں لکھا ہے کہ برہمی بوٹی اگر کوئی کچھ دن پی لے تو اُس کی کھوئی ہوئی یادداشت لوٹ آتی ہے اور میرا خیال ہے۔۔ کہ زندگی کو برہمی بوٹی رگڑ کر پینی چاہیے۔'' (گلیانا)

امرتا کرداروں کا درد اوڑھ لیتی تھی، کردار اُس کے نظریات کی پناہ گاہ میں آ جاتے تھے۔ خود امرتا کی زندگی ایک نظریہ تھی، ایک اصول تھی۔ اُس کی شخصیت، اُس کے کرداروں کی بُنت اور اُس کی زندگی کی فضا میں کوئی تضاد نہیں تھا۔ سکھ خاندان میں پیدا ہونے والی اور روایتوں کے شکنجے سے آزاد ہو کر ایک خود مختار روح کی طرح زندگی بسر کرنے والی ''امرتا'' اُس وقت کے نقاد کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج تھی۔ اُسے ٹوکنے، اُسے روکنے، اُسے بجھا دینے، اُسے مٹا دینے کی ہر کوشش کو اُس کے لکھے لفظوں نے مات دی۔ وقت کی عدالت میں اُس کے سارے کردار، ساری عورتیں اُسے اپنے جلو میں لئے ہوئے ہیں۔۔۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بک شیلف میں ہے۔۔۔ دلوں میں ہے،۔۔۔ اور میں۔۔۔ اپنے بک شیلف کے سامنے کھڑی ہوں۔۔۔ اور امرتا سے مخاطب ہوں۔۔۔

''امرتا۔۔۔! تم نے عورت کو جسم کے سوا جانا ہے۔ تم نے صحیح معنوں میں اُس کے جذبات کو سمجھا

ہے۔تم اُس کے دل میں اندر تک اُتری ہو،اُس کے جسم کی تنہا راہ داریوں میں اُس کے ساتھ دوڑی ہو۔تم نے ویسے تو ہر طبقے کی عورت کے لئے لکھا ہے لیکن اُن مجبور اور اَن پڑھ عورتوں کے دلوں کی دھڑکن بن کر دھڑکی ہو جنہیں سماج عورت تو کیا انسان بھی تسلیم کرتے ہوئے کنجوسی دکھاتا ہے۔تم نے عورت کا ہر روپ دکھایا ہے اور ہر ہر روپ میں اُس کی محبت کو اُجاگر کیا ہے تم نے اُس کی روح کی پرستش کی بھی ہے اور کروائی بھی ہے۔تم نے محبت کو عورت میں اس طرح گوندھ دیا ہے کہ کتنی بھی واجدہ تبسم اور عصمت چغتائی آئیں۔۔۔عورت کی تضحیک کریں۔۔۔اُس کے جذبات کو غلط رنگ دے کر پیش کریں۔۔۔وہ تمہاری دلائی ہوئی عزت ،توقیر اور بہادری اُس سے چھین نہیں سکتیں۔نقاد اسی لئے ابھی تک تمہارے کرداروں کی بات کرتے ہوئے ڈرتا ہے۔اس سے ان کرداروں کی آنکھوں میں نہیں جھانکا جاتا۔۔۔وہ آنکھوں کی سچائی کا سامنا نہیں کر پاتا۔۔۔وہ تمہاری زندگی میں تمہاری آنکھوں سے ڈرتا رہا اور اب تمہارے کرداروں سے ڈرتا ہے اسی لئے وہ تمہاری" محبت کے تسلیم کردہ جرم" کو High Light کرتا رہا،حالانکہ محبت کے اس Triangle میں تم تینوں اپنی اپنی جگہ بہت عظیم ہو۔۔۔تم۔۔ساحر۔۔۔اور امروز۔۔۔اور مجھے اپنا یہ بک شیلف بہت عزیز ہے جس میں تم ہو،ساحر ہے،سارا ہے۔۔دارث ہے،باہو ہے چیخوف ہے۔۔۔مہک ہے،توانائی ہے۔۔۔روشنی ہے اور۔۔۔اور زندگی ہے۔۔۔!!

☆☆☆☆

شمع خالد

امرتا پریتم

گلاب لہجے جھرنوں سے پاکیزہ الفاظ کو شاعری میں پرونے والی شاعرہ امرتا پریتم سے میرا گہرا ناطہ ہے۔ اُس نے جس مٹی سے جنم لیا۔ وہ مٹی پانچ دریاؤں کی سرزمین پنجاب کی مٹی ہے۔ وہ بھی پنجاب کی بیٹی' میں نے بھی یہاں جنم لیا۔ اُس نے بچپن کے ابتدائی دن جس زمین پر کھیل کود کر گزارے میں بھی اُس کے پاؤں کے نشان ڈھونڈتی وہاں سے گزرتی رہی۔ لیکن وہ سچ اور انصاف کو اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھتی تھی۔ میں سمجھوتوں اور خاموشی کو اوڑھے زندگی گزارتی رہی۔ جب اُس نے سارہ شگفتہ کی موت کا نوحہ فضا میں بکھیرا تو میری جیسی ایک عظمیٰ گوہر سلطانہ کی زندگی اور موت کا تمسخر اُڑایا۔۔۔ تو میں نے امرتا کو خط لکھا۔ اور داد دی۔ تو اُس نے جواب دیا۔ ''میرے خیال میں جو سچ لکھ اور پڑھ نہیں سکتا۔ وہ کیسے شاعر اور ادیب ہو سکتا ہے''۔ تو میں نے دل میں شرمندگی محسوس کرتے ہوئے سوچا۔۔ ہم تو بھٹو کی پھانسی دینے والے کے بلاوے پر بھاگے چلے گئے تھے۔ وہ 1947 کی ہجرت میں کٹ مرنے والوں کے لیے تڑپ اُٹھتی ہے۔ اور ہم لال مسجد اور ڈرون حملوں میں مرنے والوں کے لیے دو کلمات احتجاج کے بلند نہیں کر سکتے۔ پھر ہم اپنی مٹی کا قرض کیسے ادا کر سکتے ہیں۔ 31 راگست 1919 میں' میں گوجرانوالہ میں سکھ گھرانے میں پیدا ہونے والی خاتون عورتوں کے لیے ایک لائٹ ہاؤس کی حیثیت رکھتی ہے لیکن ہمارے گھروں میں ایسے باغی خیالات لیکر پیدا ہونے والی سارہ شگفتہ کو ٹرین کے نیچے کود کر جان دینی پڑتی ہے کہ اپنی مرضی اور من مانی کی زندگی گزارنا صرف مردوں کا حق ہے۔ عورت اگر سوچ بھی لے تو اُسے اپنے خیالات کو آب زم زم سے دھو کر پاک کرنا پڑتا ہے۔

رسیدی ٹکٹ میں وہ اپنے بارے میں لکھتی ہیں۔ ''جب میں 11 سال کی تھی تو میری ماں بیمار پڑ گئی۔ ایک ہفتے کے اندر اندر وہ ہلدی کی طرح زرد ہو گئی۔ سہیلیاں اور رشتہ دار خواتین اُس کے گرد بیٹھی ہیں کہ ماں نے پوچھا میری بنا کدھر ہے۔ اُس کی سہیلی پریتم کور نے میرا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں جب دیا تو اُس پر غشی طاری

ہوگئی۔ ایک عورت نے مجھے کہا ماں کے لیے دعا کرو۔ شاید اُسے ترس آ جائے۔ میں نے اپنے ہاتھ جوڑے آنکھیں بند کرتے ہوئے خدا سے التجا کی خدایا میری ماں کو مرنے نہ دینا۔۔۔ میں آہستہ آہستہ دعا پڑھتی رہی۔ ماں خاموشی سے چلی گئی۔ میں نے رونے کی آوازیں سنیں تو جلدی سے آنکھیں کھول کر دیکھا سب رو رہے تھے۔ میں سوچ رہی تھی خدا بچوں کی دعا ضرور سنتا ہے۔ پر یہ سب کیوں ہوش گنوا رہے ہیں اور اچانک مجھے محسوس ہوا ماں جا چکی ہے۔ خدا کسی کی نہیں سنتا بچوں کی بھی نہیں۔۔۔

میں نے اُس دن سے عبادت کرنی چھوڑ دی۔ ابو مجھے سالوں سے جس عبادت کی تربیت دے رہے تھے۔ میں نے اُسے چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا۔ خدا یہاں نہیں ہے۔ یہ میرا پختہ یقین تھا''۔۔۔

رسیدی ٹکٹ میں نے برسوں پہلے پڑھی تھی۔ لیکن میں آج بھی امرتا کی اُس کیفیت کو محسوس کر سکتی ہوں جو ماں کے آخری وقت اُس کے اندر چل رہی تھی۔ ایک معصوم گیارہ سالہ ذہین لڑکی جسے آنکھ کھولتے ہی خدا کی وحدانیت کا درس دیا گیا۔ سونے سے پہلے کی عبادت اس لیے کی جاتی تھی کہ چاروں طرف سے خدا بڑے وسوسے اور بڑی چیزوں سے پناہ میں رکھ سکے۔ اُس وقت بھی امرتا ایک جذبے کی کھڑکی راجن کے خواب کے لیے کھلی رکھتی تھی۔

امرتا نے زندگی بھر جدوجہد کی۔ 16 سال کی عمر میں اُس کی شادی پریتم سنگھ کے ساتھ ہوگئی جس کے ساتھ منگنی بچپن میں ہی ہوگئی تھی۔ پریتم سنگھ اگرچہ ایک ادیب اور ایک رسالے کا ایڈیٹر بھی تھا جسے امرتا اپنے ساتھ چلتا ایک سایہ ہی سمجھتی تھی۔ میں نے اس دور میں جو بھی لکھا وہ سب اُس سائے سے متاثر ہو کر لکھا۔ وہ جس نے میرے جسم اور خون کا خراج لیا تھا۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا میری سوچ توانا ہوتی چلی گئی اور میرے اندر ایک پرندے جیسی آزادی کا جذبہ بیدار ہوتا گیا۔ جی ہاں 1960 میں امرتا نے اس سائے سے نجات حاصل کر لی۔ جس نے اُسے دو بچے اور اپنا نام پریتم دیا تھا۔ اسے چھوڑتے ہوئے امرتا کو اپنے اور پرائے دونوں کی تنقید برداشت کرنا پڑی ہوگی۔ وہ خود کہتی ہیں کہ وہ واقعہ جتنا تیس سال پہلے تکلیف دہ تھا آج بھی ہے۔

وہ لکھتی ہیں میں ابھی اپنے Teens سے باہر نہیں نکلی تھی کہ مجھے وہ چہرہ نظر آیا جس کے خواب میں دیکھتی تھی۔ جس کے بارے میں میں نے 'آخری خط' میں جس آگ میں جھلستی رہی تھی وہ سب میں نے اس میں لکھ دیا۔۔۔ جس پر انہیں (1957 میں اکیڈمی ایوارڈ دیا گیا)۔ وہ کہتی ہیں خدایا میں نے یہ ایوارڈ کے لیے

نہیں بلکہ اُس کے لیے لکھا تھا جو بچپن سے میرے خوابوں میں بسا ہے۔ اگر یہ اُس نے نہیں پڑھا جس کے لیے لکھا ہے تو پوری دُنیا پڑھ لے۔ مجھے کیا فرق پڑتا ہے۔ لکھتی ہیں ۔ ''ایوارڈ کی خبر کے بعد ایک Reporter فوٹو گرافر کے ساتھ میرا انٹرویو لینے کے لیے آیا تو میں نے ایک کاغذ پر ساحر ساحر ساحر لکھ کر بھر دیا۔۔۔۔ دوسرے دن تمام اخباروں میں اس کا تذکرہ تھا''۔

امرتا اسے لیلیٰ مجنوں کے پیار کی طرح سمجھتی تھیں۔ وہ بُت جسے وہ بچپن سے من مندر میں بٹھائے پوجا کر رہی تھیں۔ آج اُسے سب کے سامنے بیان کر بیٹھی تھیں۔ ایک ناول میں دل دیاں گلاں لکھ کر انہوں نے ساحر سے محبت کی سند چاہی۔ لیکن ساحر کی محبت امرتا کے نصیب میں نہ تھی۔ جب وہ ملے تو ساحر کی زندگی میں کوئی دوسری عورت آ چکی تھی۔ ہاں امروز آج بھی ہمیشہ کی طرح اُس کے ساتھ کھڑا تھا۔ اُس وقت بھی جب ساحر نے دُنیا سے منہ موڑ لیا تھا۔ وہ اپنی محبت کے جنازے پر امروز کے کاندھے سے لگی روتی رہی۔

And each man kills the thing he loves.
By all let this be heard
Some do it with a bitter look
Some with a flattering word
The coward does it with a kiss
The brave man with a sword

ساحر کی محبت تو نہ ملی لیکن سجاد جیسا دوست اور امروز جیسا چاہنے والا امرتا کے نصیب میں تھا۔ امروز جس نے زندگی کے چالیس سال امرتا کے پہلو میں گزار دیئے' محبت بھی ایک عجب تکون ہے جسے آپ چاہو وہ نہیں ملتا۔۔۔ لیکن جو ملتا ہے اُس سے محبت نہیں ہوتی۔۔۔ ہم جیسی عام عورت ہوتی تو محبوب کی تصویر کو سینے میں چھپا کر صرف اس کے گن گاتی جو اُسے چاہ رہا تھا۔۔۔ امرتا رسیدی ٹکٹ میں لکھتی ہیں کہ ساحر مجھے ٹیلی فون پر اپنی غزلیں سنایا کرتا تھا۔ ایک رات گیارہ بجے' وہ میرے ساتھی خالی جام' کرتا تھا۔ اُسی رات امروز بمبئی میں ایک میٹنگ کے سلسلے میں گیا ہوا تھا۔ اور وہاں بیمار ہو گیا۔ ساحر نے اپنا ڈاکٹر امروز کی دیکھ بھال کے لیے بھجوا دیا۔۔۔ یہ محبت کی تکون ہی تو تھی جو امرتا کے لیے ڈھال بنی ہوئی تھی۔

امرتا پریتم نے لگ بھگ 100 کے قریب افسانے' ناول اور شاعری کی کتابیں لکھیں۔ اُن کی کتابوں کے تراجم انگریزی' ہندی' فرانسیسی میں ہوئے۔ 16 سال کی عمر میں پہلی کتاب امرت لہریں لکھی جو 1939 جیسی کتابیں لکھ کر ادب میں اپنا لازوال حصہ ڈال دیا۔۔۔ امرتا کی بہت ساری کہانیوں اور ناولوں کو

فلمی قالب میں بھی ڈھالا گیا جن میں ''پنجر'' فلم ہمیشہ یاد رکھی جانے والی ہے۔

بزرگانِ دین سے انہیں دلی عقیدت تھی۔ پاکستان کے ادیب جب بھی اس ادیبہ کو ہدیہ پیش کرنا چاہتے وہ کسی نہ کسی مزار کی چادر ہوا کرتی۔ وارث شاہ' بلھے شاہ سے اُسے بے حد عقیدت تھی۔ وہ وارث شاہ سے کہتی ہیں۔ سچ انصاف اور آزادی کے لیے اُٹھو۔ اپنی قبر کی گہرائی سے اُٹھ کر کاغذ کا ایک ٹکڑا پڑھو۔ تمہارے پنجاب کی بیٹی رو رہی ہے۔ اپنے پنجاب کی حالت دیکھو۔ امرتا کی اس چیخ نے تمام پنجاب تمام پاکستان بلکہ تمام دُنیا کے اُن دلوں میں اپنے غم کی انی پرودی جو دوسروں کے بارے میں نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ ''اج اکھاں وارث شاہ نوں'' ایک ایسی پکار ایک ایسا احتجاج بن گئی ہے جو ہمیشہ فضا میں لوگوں سے ہونی والی بے انصافی پر بین کرتی رہے گی۔

اگر کوئی امرتا کے حوالے سے مختصر لکھنا چاہے تو اسے ادب کی جون آف آرک کہہ سکتا ہے یہ جس نے ہجرت کا دکھ لیا اور عورتوں کی بے بسی پر احتجاج کیا ہے۔ آغاز میں اُس کی نظموں میں عام لڑکی کے خواب اور چاہنے اور چاہے جانے کی خواہش دکھائی دیتی ہے۔ یہ ساری شاعری لڑکپن کی پہچان تھی جوں جوں وہ وقت کی بھٹی میں کندن بنتی گئی تحریروں میں وہ پروگریسو Progressive ادیبہ کے طور پر پہچان بناتی ہیں۔

امرتا کو پنجاب کا پہلا رتن ایوارڈ لینے کا اعزاز بھی حاصل ہے اور پہلی ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ لینے والی پہلی خاتون بھی مانی جاتی ہے۔

بھارتیہ جنتا ایوارڈ جسے بھارت کا سب سے بڑا ایوارڈ کہا جاتا ہے وہ بھی امرتا کے حصہ میں آیا۔ 1977 میں ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری بھی انہیں بہت ساری یونیورسٹیوں نے پیش کی۔ اس کے علاوہ بہت سارے عالمی ایوارڈ بھی۔ بلغاریہ اور فرانس کے ایوارڈ بھی اُن کے حصے میں آئے۔

وہ 2004 تک لکھتی رہیں۔ پھر آہستہ آہستہ موت نے اپنے ہاتھ اُن کی طرف بڑھانے شروع کیے۔ امروز کی محبت' نیوراج بیٹے کی اور الکا بہو کی نگہداشت اور بیٹی کی توجہ بھی اس جانکنی کے عالم میں بے بسی سے انہیں تک رہی تھی۔ خاتون جس نے زندگی کی ہر مشکل کو بہادری' سچائی کی لگن اور انصاف کی طاقت کے زور پر سہا تھا۔ وہ موت سے ہارتی جا رہی تھی۔ 31 اکتوبر 2005 کو امروز کے ہاتھ کو تھامتے ہوئے یہ کہتی ہوئی مر گئی کہ میں آئندہ جنم میں صرف اور صرف تمہارا ساتھ چاہوں گی۔

امروز کی چالیس سالہ بے لوث محبت' خلوص' عقیدت کو جواب مل گیا تھا۔ وہ ہاتھ جو برش اس لیے اُٹھاتا

تھا کہ امرتا کی کتاب کو خوب سے خوب رنگ اور انگ دے سکے۔ جو سانس اس لیے لیتا تھا کہ امرتا اس فضا میں سانس لے رہی ہے۔ اُسے یہ عہد یہ وعدہ زندہ رہنے کی نوید دے کر چلا گیا کہ اگلے جنم میں صرف اور صرف میں اور امرتا ہوں گے۔ کوئی اور محبت کی تکون نہیں۔۔۔

☆☆☆☆

ڈاکٹر صغرا صدف

تخیل کو وجود بنانے والی ساحرہ

میں 2007ء میں امریکہ کے شہر ڈیلس گئی تو پہلے ہی دن کھانے پر ایک پنجابی رائٹر جسویر سے میری دوستی ہوگئی۔ اس نے لنچ کے بعد میرا سامان اُٹھایا اور اپنے گھر لے گئی۔ اس کا گھر بہت خوب صورت تھا۔ گھر کی پچھلی سمت شیشے کی دیواریں تھیں اور دیواروں کے باہر وسیع و عریض خاموش پارک۔ اتنے بڑے گھر میں وہ اکیلی رہتی تھی۔ اس کا اکلوتا بیٹا کسی دوسرے شہر کی یونیورسٹی میں پڑھ رہا تھا۔ آج کل اس کے گھر کینیڈا سے اس کی خالہ اوتار آئی ہوئی تھی۔ جو امرتا پریتم کی بہترین دوست تھی۔ اوتار بہت خوبصورت اور ہنس مکھ تھی۔ روزانہ یوگا اور واک کرتیں تھیں اسی لئے بہت ایکٹو تھی لیکن اس کی شخصیت کی سب سے بڑی خوبی اس کی بشاشت تھی۔ ہر وقت ہنستی مسکراتی اوتار بچوں کی طرح سیر و تفریح، کھانوں کے پروگرام بناتی بہت اچھی لگتی تھی۔ میں دو دن اس خوبصورت خاندان کے ساتھ رہی مگر بے شمار خوبصورت یادیں اور اپنائیت کا احساس لئے واپس آئی۔

جسویر مجھے اپنا گھر دکھانے سب سے پہلے ایک ایسے کمرے میں لے گئی جہاں اس نے کہا کہ جوتے اُتار کر اندر آنا یہ مندر ہے۔ میں کچھ حیران ہوئی کہ جسویر بہت لبرل اور سیکولر سوچ کی مالک تھی۔ بہر حال مندر کے اندر داخل ہونے پر پتہ چلا کہ یہاں کوئی بھگوان ہے نہ مذہبی پوجا پاٹھ کا اہتمام بلکہ بڑے سلیقے قرینے سے کچھ اشیاء رکھی ہوئی ہیں۔ مثلاً ایک پرانی چوکی پر ایک پرانی چپلوں کا ایک جوڑا رکھا ہوا تھا۔ جسویر نے بتایا یہ تمام چیزیں امرتا پریتم کی ہیں۔ اور وہ میرے لئے بہت مقدس ہستی ہیں اس لیے میں نے اس کمرے کو مندر کا نام دے رکھا ہے۔

اوتار، جسویر سے امرتا کی بے شمار باتیں ہوئیں، بلکہ بیشتر وقت ہم اوتار سے امرتا کی باتیں سنتے رہتے تھے۔ امرتا اور امروز بھی زیر بحث رہے۔ میں نے جسویر کو بتایا کہ میں کبھی امرتا پریتم سے تو نہ مل سکی لیکن امروز سے ملنے کو بہت دل چاہتا ہے۔ ایک لمحے کی دیر تھی جسویر نے ایک نمبر ملایا اور فون میرے ہاتھ میں دیتے ہوئے کہنے لگی ''امروز نال گل کر'' (امروز صاحب سے بات کرو)۔ ایک دم خوشی سے میرے ہاتھ پاؤں پھول

گئے۔ انہوں نے بہت محبت سے بات کی اور دعوت دی کہ میں جب بھی انڈیا آؤں دہلی ان کے گھر ضرور آؤں۔

امرتا پریتم کے لئے پہلے بھی میرے دل میں محبت کے احساسات تھے۔ اب عقیدت بھی شامل ہوگئی تھی۔ کئی بار سوچا امرتا پریتم پر کچھ لکھوں لیکن عقیدت کا احساس مجھے اس کی ذات کی کوٹھڑی میں داخل ہی نہیں ہونے دیتا تھا۔ میں کافی عرصہ باہر ہاتھ باندھے کھڑی رہی۔ پھر ایک دن بڑی ہمت کر کے میں نے دروازہ کھٹکھٹایا، پتہ چلا دروازہ تو کھلا ہوا ہے۔ ایسے در تو کسی کے لئے کبھی بھی بند نہیں ہوتے میں ناحق باہر سے خالی ہاتھ لوٹ جاتی رہی۔ بہت سی سیڑھیاں تھیں۔ ہر سیڑھی پر علم کے خزانے کا ایک صندوق رکھا تھا۔ شرط یہی تھی کہ امرتا سے ملاقات کے لئے اس خزانے کو پھلانگ کر اوپر نہیں جانا بلکہ اس کا لفظ لفظ دل میں اتار کر آگے بڑھنا ہے۔ شرط بہت اچھی تھی۔ بھلا کون خزانے کو نہ کہہ کر ٹھکرائے گا۔ میں نے بھی خزانہ لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا پہلے صندوق شاعری کے زرو جواہر سے بھرے ہوئے تھے۔ ایک ایک لفظ نگینے کی طرح چمکتا اور دمکتا محسوس ہوتا تھا۔ میری آنکھیں چکا چوند ہوگئیں اور میں لفظوں کو دل میں اتار نہ سکی۔ عجیب صورتحال تھی۔ میں نے محسوس کیا وہ لفظوں کی ساحرہ ہے۔ ہر شے کو منفرد نقطہ نظر سے دیکھتی ہے۔ جذبوں، خیالوں اور سوچوں کو بھی مادی رنگ میں سامنے لا کھڑی کرتی ہے۔ کس لفظ کے کیا معنی ہیں، کیا مفہوم ہیں۔ انہیں کس رنگ میں پڑھوں کس طرح دیکھوں یہ سب جاننے کے لئے میں نے امرتا سے دوستی کرنے کی سوچی اور کئی روز امرتا پریتم کو ساتھ ساتھ لئے پھری۔ کبھی اپنے بیگ میں کبھی ساتھ والی سیٹ پر اُسے بٹھائے میں منتظر رہی کہ کبھی تو وہ کھلے گی مجھ سے دل کی بات کرے گی۔ میں نے اس سے دوستی کرنے کے لئے اس کی پسند ناپسند اور مزاج کے بارے میں معلومات حاصل کرنا شروع کر دیں۔ سید اختر حسین کا امرتا پریتم نمبر پڑھا۔ احمد سلیم کے طویل مضامین پڑھے۔ دیگر دوستوں کے تاثرات پڑھے مگر بات نہ بنی۔ پھر چھوٹے سے رسیدی ٹکٹ نے میرا مسئلہ حل کر دیا۔ رسیدی ٹکٹ جیسے اس سارے خزانے کی کنجی تھی۔ ابتدائی صفات پڑھتے ہی ساری اجنبیت کی دیواریں گرنا شروع ہوگئیں۔ کیونکہ اب امرتا نے مجھ سے بات کرنا شروع کر دی تھی۔ وہ تو میری اپنی ہی نکلی بہت کہرے مراسم تھے ہمارے زمین کے مٹی کے محبت کے۔ ایک ہی مٹی سے ہمارا خمیر اٹھا تھا۔ اس کی والدہ راج بی بی مانگہ ضلع گجرات کی تھیں یعنی امرتا کا ننھیال گجرات میری سرزمین تھا۔ وہ گجرات جو علم و ادب اور محبت کی سرزمین ہے۔ اُسی سے امرتا بھی جڑی ہوئی تھی۔ علم و ادب اور عشق و محبت اسے ننھیال میں بھی ملے تھے اور اس کی سرشت بھی انہی کی

مرکب تھی۔ یوں سونے پر سہاگہ ہو گیا۔ امرتا کی والدہ کا بیاہ گوجرانوالہ میں ہوا لیکن تھوڑی دیر بعد ہی شوہر فوج میں کام آ گیا۔ یوں دل کا دل سے رابطہ ہوا نہ وہ شوہر کے رنگ میں رنگ سکی۔ شاید قدرت نے کسی اور شخص کے دل کو اس کے حُسن کے چراغ سے روشن کرنا تھا۔ راج بی بی کا بھائی بھی فوت ہو چکا تھا۔ بیوہ بھابی اور راج بی بی دونوں سکول میں پڑھاتی تھیں۔ جب تنہائی اور دکھ کی بہتات ہو اور کوئی دنیاوی آسرا نہ ہو تو انسان اُن دیکھے خدا کا سہارا تلاش کر کے خود میں حوصلہ پیدا کرتا ہے۔ یہ نند بھابی بھی سکول جانے سے قبل اکثر سنت دیال کے ڈیرے پر گھڑی بھر کے لئے ماتھا ٹیکنے رُک جاتیں۔ ان دنوں وہاں ایک نوجوان نند راج اپنے گھر بار اور مال و دولت کو تج کے اور عیش و عشرت کے پیرہن اتار کر گیروے کپڑے پہن کر سادھو بن بیٹھا تھا۔ ہر وقت آنکھیں بند کئے گیان کی دنیا میں کھویا رہتا تھا۔ ایک دن بارش کی وجہ سے راج بی بی اور ان کی بھابی کو مجبوراً وہاں رُکنا پڑ گیا۔ کی فرمائش پر شعر پڑھتے ہوئے نند سادھو نے آنکھیں کھولیں تو سامنے راج بی بی بیٹھی ہوئی تھی اس سے آنکھیں کیا چار ہوئیں گیان اور دھیان کی دنیا تہس نہس ہو گئی۔ محبت نے نند سادھو کے اپنی تحویل میں لے لیا کہ اس نے گیروا چولا اتار کر چاہت کا لباس زیب تن کر لیا اور راج بی بی کے ساتھ ایک نئے سفر پر روانہ ہو گیا۔ امرتا راج بی بی اور نند سادھو کی اکلوتی اولاد ہے۔ والد بھی شعر کہتے تھے امرتا کی پیدائش پر انہوں نے اپنے تخلص بیراگ کو تجسیم کر کے وجود عطا کیا اور امرت نام رکھا۔ امرتا کا وجود محبت کے احساس سے بنا تھا۔ اس لیے وہ نفرت، بغض اور بے انصافی کی فضا برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ انسان اپنے وجود اپنے دل اور ذہن سے بغاوت نہیں کر سکتا۔ اس کا ذہن صاف تھا دل صاف تھا۔ اسے حقیقت کا علم تھا کہ یہ دنیا ایک خالق کی تخلیق ہے اور تمام مخلوق ایک خاندان کی طرح ہے۔ اس نے محسوس کر لیا کہ خالق تو انسان کے اندر بستا ہے اور ہر شخص اس سے منفرد تعلق جوڑتا ہے۔ امرتا کو بھی ہر جگہ وہ دکھائی دیتا تھا۔

صدق سی کجھ انج دا

جتھے وی سر جھکا لیا دہلیز جاپی اوس دی

ناموں یا کاموں سے فرق نہیں پڑتا دل کے اس سبق کو اس نے کبھی فراموش نہ کیا۔ اور ساری عمر مذہب کے نام پر جھوٹ اور نفرت کی دیواروں کو مسمار کرتی رہی۔

شعور کی آنکھ کھولتے ہی اس نے دیکھا کہ اردگرد تو عجیب کھیل جاری ہے۔ مخلوق کئی خانوں میں منقسم ہے۔ 12 سال کی عمر میں اس نے جو علم بغاوت بلند کیا اسے تاحیات سربلند رکھا۔ بغاوت کا سلسلہ اس نے گھر سے

شروع کیا۔ اس کی نانی اس کے والد کے مسلمان دوستوں کے کھانے پینے کے لئے برتن الگ رکھتی تھی کم عمر امرتا کے لئے یہ قطعی ناقابلِ قبول تھا۔ اس نے ہڑتال کردی اور ان ہی گلاسوں میں پانی پی کر رہی۔ کٹ منٹ پر قائم رہنا اس نے بچپن سے ہی سیکھ لیا تھا۔ وہ ساری عمر انحراف کے راستے پر چل کر خود کو بھی منواتی رہی اور معاشرے کے بنائے ہوئے رسم و رواج کو بھی ٹھکراتی رہی جو انسان کی تذلیل کرتے ہیں۔ اس کی زندگی کا بہترین حصہ لاہور میں گزرا۔ لاہور کی علمی ادبی فضا نے اس کے جوہر کو خوب سنوارا۔ اسے فوٹو گرافی کا شوق تھا۔ رقص سے محبت تھی۔ لاہور میں تارا چوہدری سے اس نے باقاعدہ رقص کی تعلیم حاصل کی۔ ستار بجانے کا شوق ہوا تو باقاعدہ ماسٹر رام رکھا اور سراج احمد سے ستار سیکھا۔ لاہور لارنس گارڈن کے عقبی باغ میں ٹینس سیکھی۔ تقسیم کے وقت درد سے دل بجھنے لگا تو بابا گرونانک یا کسی اور ہندوستانی ادیب شاعر کی بجائے وارث شاہ کا نام لے کر روئی۔

اس نے محبت کی تو ایک مسلمان شاعر سے جو بالکل حسین نہیں تھا۔ مگر امرتا کو وہ پوری دنیا میں خوبرو دکھائی دیتا تھا۔ وہ کبھی اپنے فیصلوں سے پیچھے ہٹی نہ پچھتائی۔ اندر جیت اس کی زندگی میں آیا تو اس نے اسے امروز کا نام کا دیا۔ برسوں لوگ امروز کو مسلمان سمجھتے رہے۔ اور شاید یہی امرتا چاہتی تھی۔ سکھ مت میں سگریٹ پینا گناہ کے مترادف سمجھا جاتا ہے امرتا نے نہ صرف سگریٹ پیا بلکہ بہت ساری نظموں سے اعلانیہ اس کا اظہار بھی کیا ایک اپنے نام کے ساتھ اپنی مختصر داستان رقم کی وہ بھی سگریٹ کی مثال دے کر۔ ہمیشہ سچ لکھ کر اس نے مروجہ نظام سے بغاوت کی۔

چھوٹی عمر میں والدہ کے فوت ہو جانے کی وجہ سے امرتا شدید تنہائی کا شکار ہوگئی۔ مگر اس تنہائی میں اس نے ایک ساتھی کی شبیہ تراش لی۔ جو اس کی باتیں سنتا تھا۔۔ اور وہ اس سے اپنے دل کا حال کہہ سکتی تھی کیونکہ وہ اس جیسے خیالات رکھتا تھا۔ یہیں سے اس نے تخیل کو وجود عطا کرنے کی مشق کرنا شروع کر دی تھی۔ ذات کے اندھیرے قلعہ میں قید نے اسے انگلیوں سے ٹٹولنے اور محسوس کرنے کی عادت ڈال دی اور وہ ساری عمر یہی کرتی رہی۔ امرتا نے جب لکھنا شروع کیا تھا اس وقت پنجابی ادب پر تصوف کا رنگ غالب تھا۔ ہر جذبے ہر خیال کو حقیقی معنوں میں دیکھا جاتا تھا۔ مجاز کا رنگ زیادہ پسندیدہ نہیں تھا۔ امرتا نے مجاز کو ہی اصل سمجھا کیونکہ مجاز کا تعلق بدن سے ہے وجود سے ہے۔ اور انسان اس بدن کے ذریعے ہی تمام احساسات سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ روحانی تجربہ بھی بدن کے بغیر ممکن نہیں۔ محبت دو جسموں کو ایک کرتی ہے۔ تو روحانی تجربہ ممکن ہوتا ہے۔

روحانیت کو بدن سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ مٹی کا بدن کئی تقاضے رکھتا ہے۔ خون میں اُگنے والے جذبے اپنا اظہار چاہتے ہیں انہیں خوشبو کی طرح پھیلنا اچھا لگتا ہے۔ اس نے کائنات کی ہر شے کو جسم عطا کیا جس کو چھوا جا سکے۔ جس کو محسوس کیا جا سکے وہ خود لکھتی ہے

''میرے لئے غیر جسمی کچھ نہیں ہر شے کا وجود گوشت پوست کی طرح ہے جس کو ہاتھ سے چھو سکتی ہوں۔'' (ص 114 رسیدی ٹکٹ)

پتھر کے دیوتا سے امرتا کو شکوہ ہے کہ وہ آنکھیں بند کئے صدیوں سے میٹھی نیند سو رہا ہے۔ حسین دوشیزائیں سولہ سنگھار کئے اس کے در پہ آتی ہیں۔ اس کے قدموں پر اپنا ماتھا رکھتی ہیں۔ اپنے سانس نچھاور کرتی ہیں۔ مگر ان کی سانسوں کی خوشبو، ان کے لمس کی گرمی سے اس پتھر پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ وہ کبھی ان کا جواب نہیں دیتا۔ جبکہ محبت جواب مانگتی ہے۔ محبت دو طرفہ ہوتی ہے۔ امرتا ایسی محبت اور پوجا کے خلاف ہے جہاں دوسرا فریق احساسات سے عاری ہو۔ اسکے دل میں حرارت پیدا نہ ہو۔ اس کے احساسات میں طوفان نہ اٹھے اس کے لہو میں جذبے نہ اُگیں۔ اس کی خواہشیں رقص نہ کریں۔ وہ وجود کو اہمیت دیتی ہے لیکن انسان اور جانور میں فرق بھی اسے معلوم ہے۔ بدن جب تک محبت کے رنگ میں پوری طرح بھیگ نہ جائیں ان کے درمیان ہر رشتہ جھوٹا ہوتا ہے۔ بھلے وہ دنیاوی حوالے سے جائز ہی کیوں نہ ہو۔ ''ویوپار'' نظم میں امرتا نے اسی طرف اشارہ کیا ہے کہ جسموں کے بیوپار کے کئی بازار ہیں ایسی شادی بھی ایک بیوپار ہے جس میں فریقین کے درمیان محبت نہ ہو۔

ویوپار

جسماں دا ویوپار
تکڑی دے دو چھابیاں وانگر اک مرد اک نار
روز تولدے ماس روز وِیچدے لہو
تے آخر کارے وٹ لیندے نیں
لہو مٹی دے بنے بنے سکے دو ترے چار
مہنگے مہنگے نقشاں پچھے کدے کدے کوئی قدر دان آ
لمبی چوڑی، داج، دوری، دی بولی دیندے تار

دنیا مادہ پر یقین رکھتی ہے جو احساس سے عاری ہے، اسلیئے امرتا اُسے ''ماس دا شجرہ'' کہہ کر پکارتی ہے جہاں سپنا، پھل پھول نہیں سکتا۔

دنیا نرے ماس دا شجرہ ، سُپنا بے اولادا وے

ایس دنیا نوں کہہ کجھ کہیے جیہڑی ایس موت تے ہسے

''گرچہ ہر شے گوشت پوست کی ہے لیکن اس میں سپنا اور احساس بھی ہونا چاہیے وہ سپنے کی موت برداشت نہیں کرتی۔'' کیونکہ سپنا، احساس اور خواب سے جُڑا ہوا ہے اور احساس اور خواب کے بغیر انسانی جسم صرف مادی شے بن جاتا ہے۔ لیکن جسم کو مادہ نہیں بننا چاہیے کیونکہ اس مادی جسم کو روح، سانس، خوشبو اور آہ نے کس کے باندھا ہوا ہے اور یہ گرہ کسی سے نہیں کھلتی۔

گنڈھ

ہوٹھاں دا کپڑا پاٹ گیا

پر گنڈھ نہیں کھلدی ساہواں دی

ایہہ گنڈھ ساڈیاں روحاں دی

ایہہ گنڈھ ہے دو خوشبواں دی

ایہہ گنڈھ ہے تتے ہوکیاں دی

ایہہ گنڈھ ٹھنڈیاں آہواں دی

ایہہ گنڈھ جسم دے نیر سے دی

ایہہ گنڈھ جسم دے چانن دی

ایہہ گنڈھ ہے دو عرضویاں دی

ایہہ گنڈھ ہے دو درگاہواں دی.....

یعنی دو وجود جب ایک ہوتے ہیں تو ان کی روحیں، خوشبوئیں، احساسات، اچھائی برائی، سب ایک ہو جاتے ہیں۔

امرتا کو اپنے دیرینہ دوست سے شکوہ ہے کہ وہ دل کے باغوں میں اُگنے والی ہری چائے کی پتیوں کی طرح

باتوں کو فوراً توڑ کر اور چھپا کر خشک ہونے کے لئے رکھ دیتا ہے تو دل کا نگر اداس ہو جاتا ہے اور اس کی حرارت دھیمی ہو کر بجھنے لگتی ہے۔ امرتا کو یقین ہے کہ جذبوں کی بجھی لکڑیوں کو پھونک مار کر جلایا جائے تو عشق کی حرارت بول پڑے گی اور میرے جسم کی دیگچی میں دل کا پانی کھول اُٹھے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے یہ پوٹلی تو کھولو، خشک کی ہوئی پتیوں کو نکال کر برتن میں ڈالو اور گرم گرم گھونٹ ہم دونوں پی کر دیکھیں ورنہ عمر گزارنی مشکل ہے۔ عشق کی یاد میں سارا بدن وتری مٹی کی طرح ملائم ہو جاتا ہے۔ اور لفظ اس مٹی میں بیج کی طرح گرتے تو پھول بن کر کھلتے ہیں تو وجود مہک مہک جاتا ہے۔ وہ تمام کائنات کو جادو کے عمل سے دل کے صحن میں لے آتی ہے۔ وہ اس سے باتیں کرتی ہے۔ زمین آسمان، سورج چاند ستارے، پھول درخت پہاڑ وجود رکھتے ہیں۔ مگر امرتا نے انہیں احساس اور زبان بھی عطا کر دی ہے۔ وہ سب اس سے باتیں کرتے ہیں۔ بلکہ نظر نہ آنے والی چیزیں بھی مجسم ہو کر سامنے آتی ہیں۔

عشق پچھیندا اوس نی جندے کیکن دسنہ گزارے؟
جند کہے "میں سپنے تیرے مہندی نال شنگارے"

عشق پچھیندا اوس نی جندے کیکن نین روندے؟
جند کہے "میں لکھاں تارے زُلف تیری وچ گندے"

جہاں وہ تجسیم کے فن میں ماہر ہے۔ وہاں وہ تحلیل کرنا بھی جانتی ہے۔

گھول کے سورج اساں
دھرتی نوں ڈوہا دے لیا
تاریاں دے نال کوٹھا
گگن دا لنیا اساں

سپنے کو گھونسلہ کہنا بھی امرتا کا کمال ہے

سُپنیاں دے آلنے وچ رات بھر کوئی رہ گیا
گل سی نروان دی پر جسم خاکی کہہ گیا

دھرتی اور آسمان بھی ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں

ہونٹھ کجھ اسمان دے ہلدے پئے
کول ہو کے سُن ذرا اج دھریئے
رات دی بھٹھی توں کس نے بالیا
کھولدی ہے دیگ سورج دی کیویں
بات ہے دنیا دی دنیا والیو
دیگ وچ پھر بلھنا ہے عشق نے

تاثر میں شدت پیدا ہوگئی ہے

رات میری جاگدی تیرا خیال سوں گیا
سورج دا رُکھ کھڑا سی کرناں کسے نے توڑیاں
تے چن دا گوٹا کسے نے انبر توں اج اُدھیڑیا
کیوں کسے دی نیند توں سُپنے بلاوا دے گئے
تارے کھلوتے رہ گئے انبر نے یوہا ڈھو لیا

✱

جس رات دے ہونٹھاں نے کدے سُپنے دا متھا چُمیا
سوچاں دے پیریں چھنکدی اک جانجھر جیہی اوس رات دی

✱

ہجر دی اس رات وچ کجھ روشنی آوندی پئی
پھیر بتی یاد دی کجھ ہور اُچی ہو گئی

✱

اج اساں انبر دے گھڑیوں
بدل دی اک چلمی لاہی
گھٹ چانی پیتی
ڈاڈھی اُچی کندھ وقت دی

انبر عاشق اوندھی پائی

بیٹھا دھند وا کھڑا پیوے

پورب دی اج منجی خالی

کوئی سویر بہن نہ آئی

احساسات کی دنیا وسیع ہے مگر امرتا کیلئے کائنات ایک مکان میں سمٹ گئی ہے، کبھی وہ چاند سورج کا گولہ پکڑ کر کھیلتی ہے، کبھی سورج مکھن کا پیڑا بن جاتا ہے اور کبھی چوکی پر رکھے آسمان سے گر کر چکنا چور ہو جاتا ہے اور اس کے کنکر جذبوں کی آنکھوں کو لہولہان کر دیتے ہیں۔

اچن چیتی پاوانٹا

انبر دی ایس چونکی اتوں

ڈگ پیا شیشے دا سورج

روح امرتا کے نزدیک ایک آگ کا نام ہے۔ جو پتھر وجود میں حرارت پیدا کرتی ہے۔ انسان کی ہستی ذہن، دل اور روح کی ہم آہنگی کا نام ہے۔

سوچاں دے سر ہتھاں نوں دھوتا

متھے دا دیوا میں تلیاں تے دھریا

تے روح دی اگ چھوہائی

اسے سورج روشنی زندگی اور امن سے پیار ہے، مگر اس کا سورج بادلوں کے محل میں گہری نیند سو رہا ہے جہاں نہ کھڑکی ہے نہ دروازہ ہے نہ سیڑھی اندھیرا اس کے سینے میں صلیب کی طرح چبھتا ہے لیکن وہ بے شمار دکھوں کے باوجود کبھی زندگی کو نہ نہیں کرتی، ہمیشہ کوئی نہ کوئی جواز تلاش کر کے زندگی کو ہاں کہتی ہے اور اس کے ساتھ چل پڑتی ہے۔ غور کیا جائے تو وہ تمام عمر سچ اور جھوٹ کے درمیان گوشۂ عافیت تلاش کرتی رہی۔ منافقت کے دور میں ایسی جگہ جو سچے انسان کے لیے رہنے کے قابل ہو۔

چل! چھناں دے سر تے اک چھت پائیے!

دیکھ! اوہ سامنے، پرانہہ، اودھر

بچ اتے جھوٹھ دے وچکار کجھ جگہ خالی ہے

حقیقت کا بیان امرتا پر ختم ہے۔ خوف تو اس کی سرشت میں ہی نہ تھا اور کسی بھی سچے انسان کی خوف سے دوستی نہیں ہو سکتی۔ مگر عورت ہوتے ہوئے اس نے خواہ مخواہ کی دکھاوے کی چادر نہیں اوڑھی بلکہ ایک مکمل انسان کی طرح تمام دکھ سکھ خوشیاں غم انسانی فطرت کی خوبیاں خامیاں اور دل کی خواہشیں لئے کھڑی ہے۔ اس کی شاعری تو ایک بازار ہے جس میں اس کی حیاتی کا ہر روپ موجود ہے۔ جو اس کے دل پر بیتتی ہے۔ جو اس کی روح اور دل محسوس کرتے ہیں جو اس کا بدن جھیلتا ہے سب رقم کر دیا ہے۔ اور سب کو بتا دیا ہے کہ یہ غم اس معاشرے میں ایک انسان کا نہیں ساری دنیا کا ہے، کبھی وہ دنیا کی نمائندگی کرتی ہے اور کبھی تمام دنیا اس کے غم میں شریک ہو جاتی ہے۔ ہر محاذ پر دونوں کا دکھ ایک رہتا ہے۔

ویکھ لفظاں دا کھڑاک نہ کریے!

کہ تیری عمر دے کئے ہی ورھے، میرے بدن وچ ستے پئے

اوہ جاگ اٹھے تاں لیکن کہاں گی

کہ کسے جان والے نوں، پچھوں وی واج نہیں ماری دی

کسی پرانے دوست سے ملاقات کا احوال لکھتے ہوئے جو کئی بار بلانے پر نہیں آیا امرتا خوشی سے نہال ہو گئی ہے۔ اس کے ہونٹ گملے بن گئے ہیں جن میں خوبصورت پھول کھلتے ہیں۔ امرتا شیشے کی صراحی میں خیالوں اور نظروں کی شراب بھر کر جام بناتی ہے اور سب پیتے ہیں۔ اسے وہ گھڑی بھی یاد ہے جب اس کے محبوب کی اچانک آمد پر کمرے میں وقت حیران کھڑا رہ گیا تھا اور اپنی غلطی کا احساس ہونے پر اس نے گھبرا کر کھڑکی سے چھلانگ لگا دی تھی تو اس کے گھٹنوں سے جو خون نکلا وہ آج تک امرتا کی یاد کی کھڑکی میں جما ہوا ہے۔

پر اوس دن وقت نے جد باری چوں چھال ماری سی

تے اوس دے گوڈیاں وچوں جو لہو سمیا سی

اوہ لہو

میری باری دے تھلے اجے تک جمیا ہویا ایہہ

اسی طرح کبھی کبھی کوئی پرانی ملاقات بھی تجسیم ہو کر اس کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے تو بہت حیرانی ہوتی ہے۔

ڈیڑھ گھنٹے دی ملاقات

اج سامنے اوس چوک وچ اک سنتری وانگوں کھڑی

تے میریاں سوچاں دا لانگھا اوس ہتھ دے کے روک دتا ہے

جانے خدا میں کیہ آکھیا سی تے جانے خدا تو کیہ سُنیا ہے

مرد اور عورت کی محبت کی حیوانی سطح کا رومانس جس میں بدن کا لہو بدن کی بُو سونگھتا، جنگلی جانور کی طرح چنگھاڑتا اپنے دانتوں اور پنجوں سے کھال اُدھیڑتا ہے اور پھر اک دن پالتو کتے کی طرح شریانوں میں بیٹھ کر دُم ہلاتا ہے۔

''مَیں'' بنا میرا جنم

پُن دی تھالی وچ اپرادھ دا اک سِکن اے

ماس دے وچ قید ہویا ماس دا اِک چھن اے

گوشت پوست کے وجود کا سب سے بڑا سرمایا محبت کا جذبہ ہے وہ وصل کے لمحات کو کس خوبصورتی سے تجسیم کرتی ہے۔

اج ماگھ دی راتے میں ندیئے پیر پایا

بڑی ککری راتے ایہہ ندی کوسی سی

گل انہوئی.....

پانی نوں انگ لایا تاں ندی دودھ دی ہوئی

کوئی ندی کراماتی، میں دودھ وچ نہاتی

ایس تکونڈی ایہہ کیہی ندی؟ کیہا سُپنا؟

تے ندی وچ چن تر داسی

میں تلی اُتے چن دھریا، گھٹ بھریا

تے ندی دا پانی میری رت وچ گھلدا پیا

تے اوہی چانن میری لکھ وچ ہلدا پیا.....

دنیا میں کئی دیواریں راستہ روکے کھڑی رہتی ہیں دیوار کے ساتھ سائے اور چھت کا ساتھ بھی ہے مگر زیادہ تر رکاوٹ ہی مفہوم لیا جاتا ہے پتھر، لوہے، چندن کی دیوار کی طرح گوشت کی دیوار ہے.....

تے اک ماس دی ایہہ کندھ سی، ہن دی ہے

تے ایہدے پچھوں سپیاں دا نیلا رنگ وِسدا سی

ہن دی وسدا ہے

اوہ چھاتی دے ترانہ نال کندھ نوں بھندی رہی

پر ماس دی ایہہ کندھ ... محبت دی کندھ

کدے وی کھلدی نہیں

*

دھڑ ایک درخت ہے جس پر گوشت کے پھول کھلتے ہیں

دھرتی دیاں ٹاہنیاں اُتے

روز ماس دے پھل کھڑ دے نیں، ماس دے پھل جھڑ دے نیں.....

پر اک پھل کیہا کو کھڑیا، پر اک پھل کیہا کو جھڑیا

دھرتی انج کدے نہ ہنسی، دھرتی انج کدے نہ روئی

کہیو جیہی ایس دی خوشبوئی، پھل مویا پر مہک نہ موئی.....

وجود ایک حقیقت ہے، گوشت پوست مادہ ہے مگر وہ پتھر کی طرح ساکت نہیں بلکہ ہر لمحہ اس میں آگ کی بھٹی جلتی رہتی ہے۔ جبکہ پتھروں میں نہ آگ ہے نہ لمس ہے۔

پتھر دے دیوتا، پتھر دے پجاری

وصل انگ نہ چھوہندا

تے برہا بھنگ نہ ہوندا

پر پتھراں دی نگری کوئی اگ نہ پالے

چھاتیاں دے چلھے کوئی اگ نہ بالے

متھیاں دی بھٹی کوئی اگ نہ سیکے

امرتا جب بھی تن کی بات کرتی ہے من کو بھی ساتھ رکھتی ہے۔ تن اور من کے تقاضے مختلف نہیں

نی مائے

نی مائے! اوس کیہڑیاں رُتاں، میرے متھے وچ پھل کھڑیا

میرے تن دی تے من دی مٹی، گلابی جیہا رنگ چڑھیا

تن من پر جب بہار رُت آتی ہے تو ماتھے پہ پھول کھلتا ہے۔ تن من کی مٹی گلابی ہو جاتی ہے۔ ہر طرف جھانجھر کی مدھر آواز سماعتوں میں رس گھولتی ہے اور رقص خون میں شامل ہو کر پورے وجود کو محبت کی ایسی لے عطا کرتا ہے کہ انسان جو قدم اٹھاتا ہے، جھومتا ہے۔ بغیر محبت کے جنسی رشتہ بھی مکینکی زندگی کا حصہ بن کے رہ جاتا ہے۔ انسان بے شمار کاموں میں اُلجھ کر اس جذبے سے بھی لاتعلق ہو جاتا ہے اور لمحاتی تعلق باقی رہ جاتا ہے۔ جسم کو کاموں کی فیکٹری کہتے ہوئے امرتا لکھتی ہے۔

میں اپنے مردنوں ملدی

جیویں پیلیاں چوں اک گاجر

جاں مولی نوں توڑ کے

کوئی بھلکھ نوں اک ٹھلھ پاندا اے

اگرچہ امرتا ہر شے کو کنکریٹ حالت میں دیکھتی ہے۔ مگر کبھی کبھی ٹھوس چیزیں بھی خیال بن جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ وجود بھی وہم اور سایہ محسوس ہونے لگتا ہے۔

میں چھاواں دے اندر ڈولدی اک چھاں ساں

تے شاید توں وی اک خاکی جیہا سایہ

نظم ''وشواس'' میں امرتا نے خیال، جذبے اور احساس کی طرح افواہ کو بھی ایک مادی وجود اور زندگی کی حرارت بخش دی ہے۔ وہ حرکت کرتی ہے، دیواروں کو ٹکریں مارتی ہے، سوراخوں اور سرنگوں میں گزرگاہ تلاش کرتی ہے، تاکہ امرتا تک پہنچ سکے مگر امرتا نے کانوں میں عشق کی روئی ٹھونس کر بیرونی دنیا سے رابطہ ختم کر رکھا ہے۔

اک افواہ بڑی کالی

اک چام چٹھ وانگوں میرے کمرے چ آئی ہے

کندھاں نوں ٹکراں ماردی

تے کُھڈ اں موریاں تے سرنگاں لبھدی

پراکھاں دیاں کالیاں گلیاں

میں ہتھاں نال ڈھک لئیاں ہن

تے تیرے عشق دا میں کناں چ زواں دے لیا ہے

امرتا کا جسم "میں" جو "تو" سے مل کر وجود بنتا ہے۔ "میں" پانی کا روپ ہے اور "تو" آگ جو روشن بھی کرتی ہے حرارت بھی بخشتی ہے زندگی کی علامت ہے اور من سے خیال غیر کا سارا مواد جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔

امرتا جب میں اور تو کی بات کرتی ہے تو صدیوں پرانے یونانی فلسفے کی یاد تازہ ہو جاتی ہے کہ شروع میں مرد اور عورت ایک وجود کا حصہ تھے اور بعد ازاں ایک دیوتا نے ان کی کسی غلطی کی وجہ سے انہیں کاٹ کر علیحدہ کر دیا۔ اس لئے دونوں ایک دوسرے کی طرف غیر شعوری اور غیر اختیاری کشش رکھتے ہیں۔ کیونکہ دونوں کے ایک دوسرے میں ضم ہونے سے ہستی کی تکمیل ہوتی ہے۔

ایہہ میں دی مٹی دی تریہہ سی

کہ اوس نے توں دا دریا پیتا،

ایہہ میں دی مٹی دا ہبرا سپنا

کہ توں دا جنگل اوس لبھ لیتا

ایہہ میں دی مٹی دی واشنا

تے توں دے انبر دا عشق سی

کہ توں دا نیلا جیہا سپنا

مٹی دی سیج تے سُتا!

دو الگ جسموں میں قید انسان تمام عمر ایک دوسرے کو آوازیں دیتے رہتے ہیں۔ جب دو جسم ایک وجود بن جاتے ہیں تو پتھروں کی سیج بھی پھولوں میں بدل جاتی ہے۔ آنکھیں ہونٹ، انگلیاں، پوٹے دو بدنوں کے اکھر بن جاتے ہیں۔ جو محبت کی داستان لکھتے ہیں

ایہہ میرا تے تیرا میل سی

اسیں پتھراں دی سیج تے سُتے،

تے اکھاں، ہونٹھ، انگلاں، پوتے

میرے تے تیرے بدن دے اکھر بنے

''میں'' اور ''تو'' کی دوستی اور ''میں'' کو ''تو'' کی پہچان ہی اصل حقیقت ہے۔ یہی محبت ہے۔ یہی عبادت ہے یہی ریاضت ہے۔ ''میں'' اور ''تو'' کے ملاپ سے قبل دو جسم جذبوں، احساسات سے عاری تھے۔ روح سے بے خبر تھے۔ روحانی ترقی بھی دو کی ایک میں ضم ہونے سے ممکن ہوتی ہے۔

میں نے جدتوں نوں پہنیاں

تاں دووییں ہی پنڈے انتر دھیان سن،

انگ پھلاں دی طرح گندھے گئے

تے روح دی درگاہ تے ارپے گئے.....

ویسے تو ''میں'' کے تصور میں ''تو'' کا تصور پیدائشی ہوتا ہے مگر جب جسم کو اپنے ہونے کا احساس ہوتا ہے اس کے احساس میں پھول کھلنے کا موسم آتا ہے، لفظ سے ذہن روشناس ہوتا ہے اور لب ادائیگی کا ہنر جانتا ہے۔ تو اس کی نظر کے سامنے سب سے پہلے ''تو'' کا اکھر لہراتا ہے۔

میں دی جدت مولی سی

ماس دے بوٹے نوں بور آیا سی

پون کنیں مہک بجھی سی

توں دا اکھر لہلہایا سی.....

امرتا کی نظم ''پل'' دو جسموں کے ملاپ نہیں روح اور جسم کے ایک ہونے کی طرف اشارہ کرتی ہے بلکہ جسم یہاں روح کے تابع ہے۔

تے ایس توں پہلاں

کہ کجھ وتھ تے کھلو تے اسیں مک جایئے

چل! کھنگر اں جیہے پنڈے پانی تے وچھایئے!

توں اپنے پنڈے تے پیر رکھیں،

تے ادھے دریا نوں لنگ آویں!

میں اپنے پنڈے تے پیر رکھاں گی

..... تینوں اگوں دی ملاں گی.....

یعنی بدن تو کنکر پتھر کی طرح ناکارہ ہے۔ اس لئے اس بدن کو کشتی بنا کر چلیں تو محبوب سے ملن ممکن ہوتا ہے۔ یہاں بدن مقصد نہیں مقصد کے حصول کا ذریعہ ہے۔ یہاں امرتا بدن سے آگے کسی منزل کی بات کرتی نظر آتی ہے۔

میری سیج حاضر ہے.....

پر جنتی تے قمیض وانگن

توں اپنا بدن دی اتار دے

پرانہہ موڑھے تے رکھ دے

کوئی خاص گل نہیں.....

ایہہ اپنے اپنے دیس دا رواج ہے!

انسان کا وجود روحانی اور مادی حیثیت رکھتا ہے۔ ان دونوں کو ساتھ لے کر چلنے سے ہی وجود مطمئن ہو سکتا ہے۔ خالص مادی یا خالص روحانی دونوں غیر انسانی ہیں۔ مادہ حقیقت ہے اور روح مادہ کے اندر ہے تو حقیقت ہے ورنہ ہمیں اس کا ادراک ہے نہ شعور، جسم اور روح الگ الگ تو نہیں، ان دونوں کے ملاپ سے ہی وجود بنتا ہے۔ اس لئے جب جسم کی بات کی جاتی ہے تو روح کو دیس نکالا نہیں مل جاتا بلکہ اس میں روح بھی شامل ہوتی ہے روح کے بغیر تو جسم صرف مٹی کا پتلا رہ جاتا ہے۔ ہاں روح اور جسم کی دوستی کی مختلف سطحیں ہیں۔ امرتا کے نزدیک بھی جسم سے مراد ایسا مکمل وجود ہے جہاں روح اور بدن ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر چلتے ہوں۔ ان میں مکمل ہم آہنگی ہو۔ لیکن روح کی بات کرنا جسم کے تقاضوں سے دستبردار نہیں ہونا ہے۔

امرتا پریتم ایک ہستی کا نام ہے۔ لیکن اس کا دل ایک ایسا محل ہے جس میں سسّی سوہنی، پورن، سندراں اور ہیر نے بسیرا کیا ہوا ہے۔ اس نے ان سب کے خیالات بُن کر حیاتی کا جوڑا بنایا ہے۔ اور جب بھی وہ یہ لباس زیب تن کرتی ہے تو وہ سب اسکے محسوسات میں در آتی ہیں۔ چوکڑی مار کر بیٹھ جاتی ہیں۔ اپنی اپنی بولنے لگتی ہیں۔ اور امرتا قلم بن کر لکھنے بیٹھ جاتی ہے۔

خدا نے جب انسان کی تخلیق کی تو آگ، پانی، مٹی اور ہوا کے مرکب میں اپنی روح ڈال کر زندگی بخشی۔

اب امرتا کا کمال دیکھیے روح کا یہ قصہ کس طرح تجسیم کر کے بیان کرتی ہے اور رب کے روحانی وجود کو بھی لفظوں کے چولے پہنا دیتی ہے۔ درخت انسانی جسم ہے اور رب روح ہے۔

رب جی! توں میرے رُکھ تے آ کے
اک دن منت منی
تے چولے تالوں پاڑ کے کُنی
رُکھ دی نا بنی بنھی

خدا نے اس جہان میں ہر انسان کو مختلف ذمہ داریاں سونپی تھیں امرتا کے ذمے سچ لفظ لکھنا تھے۔ وہ اس نے لکھے اگرچہ اس کے عوض اسے کبھی اپنی سوچوں کی سولی پر لٹکنا پڑا، کبھی زمانے کی مخالفت سہنی پڑی مگر وہ سرخرو ہے اب خدا اپنی روح کو واپس بلا لے۔

آؤ رب جی رُکھ نالوں
ہن ٹاکی کھولن آؤ
تے روح دا اک اخیری اکھر
اپنی جھولی پاؤ

وصال کے بعد خیال اس کے ذہن میں نہیں کوکھ میں پیدا ہوتے ہیں اور وہ انہیں اولاد کی طرح جنم دیتی ہے۔

کہ اک اخیری سپنا
میری کُکھ وچ آیا
تے بیاسی دناں تک
میری کُکھ وچ بیٹھا رہیا

لفظوں کو برتنے انہیں نئے مفہوم دینے، خیال کو جسم کا لباس پہنانے کے ہنر جاننے والی امرتا کہتی ہے کہ میرا وجود تو چپ کا درخت ہے اور میں نے اس درخت سے ارادتاً کوئی لفظ نہیں توڑا مگر جو خود بخود جھڑ کر میری جھولی میں آ گرے میں انہیں جمع کرتی رہی۔ اس کے کان کوئی آواز نہیں سنتے مگر جو حرف اس کے لہو میں بولتے ہیں وہ صرف انہیں سنتی ہے کیونکہ وہ سچے حرف ہوتے ہیں۔ اس نے اپنے روزمرہ حالات کو ذات کی

کھڈی پر بُن کر کہانی بنائی ہے اور ذات کے درخت سے جھڑنے والے لفظوں کو امرتا نے انگلیوں کا لمس، دل کا درد اور لہو کی حرارت عطا کر کے زندہ کر دیا ہے اور زندہ لفظ کبھی نہیں مرتے۔

نہیں چپ دے ایس رُکھ توں
میں اکھر نہیں توڑے
ایہہ تاں جوڑ کھ نالوں جھڑے سی
میں اوہی اکھر چُنے ہن

امرتا گوشت کے بدن کو ایش ٹرے کہتی ہے جس میں وجدان اور الہام بھی راکھ بن کر گرتے ہیں۔

تے میں آوم ..... اخیر وچ بندا ماس دی اک ایش ٹرے
الہام دے دھوئیں توں لے کے سگریٹ دی راکھ تک

کائنات کا سارا قصہ ''میں'' اور ''تو'' کا قصہ ہے، ''میں'' کے ساتھ ''تو'' کا تصور وابستہ بھی ہے اور لازم و ملزوم بھی۔ ''میں'' کے جسم میں ''تو'' سانس کی طرح رہتا ہے۔

میں دی جو سوچاں بیتیاں
اونہاں دی راکھ جھاڑی سی
تُسی وی جھاڑ سکدے او

امرتا کے لئے سوچ سگریٹ کی طرح ہے۔ وہ سوچ کو سگریٹ کی طرح پیتی ہے یا یوں کہنا چاہیے کہ اس کا من، احساس اور جذبہ سگریٹ کی طرح سُلگ سُلگ کر راکھ بنتا ہے۔ لیکن یہ راکھ بہت قیمتی ہے اسی لیے امرتا اسے نظم کے صندوق میں سنبھال دیتی ہے۔ نظم ''اگ دی بات میں'' امرتا نے جسم میں جان کی صورت سلگنے والی سگریٹ کی بات کی ہے۔ جو محبوب نے سُلگائی تھی۔ سگریٹ جل گئی مگر عشق کی مہک محبوب کی سانسوں اور ہوا میں ہمیشہ کے لیے رچ گئی۔ امرتا کو زندگی کی پرواہ نہیں عشق کی آگ کی پرواہ ہے۔ کیونکہ عشق کی آگ جلتی رہنی چاہیے۔

اگ دی اِک بات ہے تو ہیں ایہہ بات پائی سی
اوہی سگریٹ چند دی جو توں کدے سُلگائی سی

ایس میرے جسم اندر ساہ تیرا چلدا رہیا
دھرتی گواہی دے گی دھواں نکلدا رہیا

دیکھ نوٹا آخری انگلاں دے وچوں چھڈ دے
سیک میرے عشق دا پوٹا نہ تیرا چھوہ لوے

راکھ کب بنتی ہے پتے کب گرتے ہیں درد کے سگریٹ سے جھڑنے والی راکھ نظموں کی صورت کب اختیار کر جاتی ہے۔ جب وجود ریاضت اور تپسیا کی بھٹی میں جل کر نئی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

اک دردی
جو سگریٹ دی طرح میں چپ چاپ پیتا ہے
صرف کجھ نظماں ہن
جو سگریٹ دے نالوں میں راکھ دا نکن جھاڑیاں.....

اس نے اپنے پورے وجود کو قلم بنالیا تھا۔ یا اس کے دل میں اتنے جذبے اتنے احساسات تھے کہ ان کو رقم کرتے کرتے پورا وجود قلم میں ڈھل گیا تھا لیکن اس نے کبھی اپنے فن اور ہنر پر مان نہ کیا۔ اگر مان کیا تو سچ لکھنے پر۔ اسے فخر تھا تو صرف اس بات پر کہ وہ عشق کی ہر آزمائش میں سرخرو ہے۔

اسے ناز تھا اپنی انفرادی سوچ اور مسلک پر کہ وہ چھاؤں بھرے رستوں پر چلنے کی بجائے کانٹوں پر چل کر نئی راہیں بناتی رہی۔ زندگی میں بے شمار مخالفتوں کا سامنا کرنے والی حساس امرتا مر کر امرت ہو گئی کیونکہ علم و ادب سے محبت کرنے والوں نے اسے دل کے تاج محل میں سجالیا اور اس دنیا میں دل کے تاج محل سے اعلیٰ کوئی جگہ نہیں۔ اپنے محبوب کو اس نے اپنے گیتوں کا حصہ بنا کر ذات کا حصہ بنالیا۔ اس کی باتیں اس کی شاعری اس کی زندگی الگ نہیں۔

مان سچے عشق دا ہے، ہنر دا دعویٰ نہیں
قلم دے ایس بھیت نوں کوئی علم والا پائے گا

عشق دی دہلیز تے سجدہ کرے گا جد کوئی

یاد پھر دہلیز نوں میرا زمانہ آئے گا.....

امرتا پریتم امن کی دیوی ہے اس کی شاعری امن کا عہد نامہ ہے۔ کائنات ایک ہے، سب لوگ انسان ہونے کے ناطے ایک ہیں اس لئے سب کے لئے اس کی پابندی ضروری ہے۔ اپنی نظم عہد نامہ میں لکھتی ہے کہ زبانی باتیں بہت ہو چکیں۔ اب قلم میں عمل کی سیاہی بھر کر اس عہد نامے پر دستخط کرنا ہوں گے۔ یہ نظم اقوامِ عالم سے خطاب ہے۔ جس میں علم اور قلم کی قدر کرتے ہوئے ہر طبقہ فکر کے لوگوں سے دستخط کی استدعا کی گئی ہے۔

امن دا ایہہ عہد نامہ، آؤ دنیا والیو دستخط کرو!

کاغذ ہے ایہہ تقدیر دا، تے قلم ہے تدبیر دی
اَج قلم دے وچ عمل دی سیاہی بھرو! دستخط کرو

وہ چاہتی ہے کہ ساری دنیا کے لوگ ایک رشتے میں بندھ جائیں۔ انسانیت کے رشتے میں رواداری کے رشتے میں۔ بھلے ان کے دلوں میں محبت کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر نہ ہوں۔ تمام گلے شکوے رکھتے ہوئے چھوٹی بڑی غلط فہمیاں ناراضگیاں ہوتے ہوئے وہ فیملی فوٹو گراف میں تو اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ کتنی معصوم خواہش ہے۔

اسیں وے سارے..... ہندو تے مسلمان، گورے تے کالے، عربی تے یہودی،
چینک تے روسی، امریکی تے ویت نامی
تے پرانہہ..... بیٹھ موڑ کے بیٹھے ہوئے چینی بھرا
ایس طرح اک تصویر تے کھچا سکدے ہاں
تے جدوں فوٹو گرافر کہے گا..... ناؤ پلیز سمائل!
اسیں سارے اکو وار مسکراواں گے.....

کاش ایسا ہو سکے۔

☆☆☆☆

صوفیہ بیدار

پریت کی شہزادی

کبھی کبھی وقت کی سخاوت اسیر لمحوں کو جنم دیتی ہے انہی لبریز لمحوں میں سچائی کی افزائش ہوتی ہے جوان کی دھڑکنوں کا ''ست'' پی لیتے ہی ''امر'' ہو جاتے ہیں۔۔۔ وقت کا ساحر انگلیوں میں جادو بھر دیتا ہے پوروں سے رس ٹپکتا ہے۔۔۔ سورج کہتا ہے میں ''امروز'' ہوں اور مجھے امشب میں ڈھلنا ہے مگر پورے یقین اور وقار کے ساتھ۔۔۔

امرتا جب پریت کی گلی سے گزرتی ہے تو ''بنیروں'' سے جھانکتی آنکھیں نسوانی سرگوشیاں اور ٹاٹ کے پردوں سے لگی بندی کا جل گہنے گجرے میں اسیر مخلوق کو اپنا ''حق'' یاد آ جاتا ہے وہ اس برصغیر کی اسیر عورت کو پاؤں کی ''اڈی'' مار کر جگا جاتی ہے جو صرف درد کی منتقلی اپنی بیٹی کو کرنے پر مامور ہے۔

پنجاب کے سینے پر چلتی ٹرین بے کاری کا روگ آتے جاتے جنکشن ویران سٹیشن اندھیرے راستوں کا سفر اور دھرتی کی ''تریڑ'' سے پھوٹتی آواز

اج آکھاں وارث شاہ نوں کتھوں قبراں وچوں بول
تے اج کتاب عشق دا کوئی اگلا ورقا پھول

اتنا ظلم کرنے والے مردوں نے نہیں ڈھایا جتنا وارث نے عورت کو مکمل انسان سمجھ کر اس کے ''اقرار'' کو جگہ دے کر کیا ہے کھونٹے سے بندھی مخلوق رسی تو تڑوا بیٹھی مگر بے سمت راستوں پہ مخالف ہواؤں سے نبرد آزما ہے دل نفرت کو پی جاتے ہیں مگر محبت برداشت کرنا بہت مشکل ہے۔ نفرت وجود کو جوڑ کر کھڑا رہنے کا حوصلہ دیتی ہے مگر محبت میں بدن سیال ہو جاتے ہیں وارث جب پنجاب کی عورت کو اس کی مرضی کا ''بر'' بخشتا ہے تو آنکھیں پگھل جاتی ہیں امرتا کی پکار اس سچ پر مہر ثبت کرتی ہے کہ پنجاب کی عورت جب بھی حق مانگے گی تو کسی ظفر ان پر دھان سے نہیں صرف اور صرف وارث شاہ سے وہ کہتی ہے۔

اک چپ چن تے مُٹھ کوتارے

ساڈا امل بیٹھے اسمان۔۔۔

یہ فلسفہ ذات کے اجارہ داروں سے دراز ہوتا ہوا ایوانوں کی حاکیت تلک طمانچہ ہے ہماری زندگیوں کے آسمان پر چند رشتوں کے ستارے اور مقدر کا چاند حکمرانی کرتا ہے شکیب نے کہا تھا

گلے ملا نہ کبھی چاند بخت ایسا تھا

گوجرانوالہ سے دہلی تلک یہی نارسائی اسے بھی لاحق تھی ایک عورت جو گھر بساتی ہے جس کی کوکھ آباد ہوتی ہے جس کے آنگن میں قلقاریاں گونجتی ہیں جو انگلیوں میں قلم تھام کر بھی چولہے کی آگ کو سلگائے رکھتی ہے جو محبت کا بھرم بھی نبھاتی ہے اور کرم دھرم پر بھی پورا اُترتی ہے جو سوچتی ہے جو کھوجتی ہے بچے خاوند دوست' یار' عاشق بنتے ٹوٹتے کاغذی رشتے محبت کی پسپائی' دوستی کی فتح' اور ہاتھوں کی کاوش۔۔۔کیسی بھری بھری عورت ہے امرتا کتنی لبریز۔۔۔کینوس پر پنجاب کے نقشے سے امرتا کا سراپا اُبھرتا ہے جو نہ ہندو ہے نہ مسلم نہ سکھ نہ عیسائی جو صرف عورت ہے مکمل عورت۔۔۔

اس کے قلم کی سچائی اس کی زندگی کی سچائی سے جڑی ہوئی ہے اس نے دکھ سہنے قبول کیے مگر دروغ گوئی کا نوالہ نہیں چکھا زندگی کو جیسا سوچا ویسا ہی برتا۔ زندگی سے اپنا حق مانگا تو اس کی پوری قیمت ادا کی۔۔۔

لمحہ آخر کو سامنے رکھ کر ہر ہر لمحے کا شہد کشید کیا کہتی ہے

وے میں تڑکے گھڑے دا پانی

کل تک نہیں رہنا۔۔۔

چناب میں ڈوبتے چاند اور کچے گھڑے کی خوشبو عشق کی معراج ہے۔۔۔یہ دفینے فنکار کے فن کو اُجالتے ہیں امرتا کو تیرنا آتا ہے تو ڈوبنا بھی آتا ہے اس نے اپنی ذات کے منکشف لمحوں کی کھڑکیاں کبھی بند نہیں کیں۔۔۔

اپنی نظم خالی جگہ میں آخری حصہ ہے

میں کنا ہی چر

پنڈ دے میہنہ وچ گلدا ہار

پھر عمراں دے موہ نوں

اک زہر وانگ پی کے

اہدے کمہدے ہتھ نے میرا ہتھ کڑیا

چل چھناں دے سر تے ایک چھٹ پایئے

اودیکھ پراں۔۔۔سامنے اوتھے۔۔۔

سچ اتے جھوٹھ دے وچکار۔۔۔کچھ جگہ

خالی اے۔۔۔۔

انہی دو انتہاؤں کے بیچ زندگی بنتی ہے اطراف میں ابنارملٹی abnormality ہے مگر توازن سے عدم توازن تک کا سفر فن کا سفر ہے اپنی نظم ''جان والے'' میں کہتی ہے

میری ٹُٹ رہی آواز

کیوں ہے تیری مہر میری منت دی محتاج

وفانوں کہہ اج واسطہ پانا پوے گا؟

شاید مشکل ہی ملدا اے وفا دا صلہ

کنے ارغوانی سال

میں انجانیاں ہنگال سُٹے

صوفیا نے اسی ''رائیگانی'' کو قلمبند کیا ہے مگر اس احساس کے ساتھ کہیں بھی احساسِ زیاں نہیں ہے بلکہ جب شاہ حسین کہتے ہیں ''ایویں گئی وہائے'' اوپس پردہ یہی بے لطف بے بساط بسر کی گئی ساعتیں ہیں۔۔۔بشر وقت بسر نہیں کرتا بلکہ وقت بندے کو ''برت'' لیتا ہے انسانوں کی طویل پروئی ہوئی تسبیح کے دانے خاموش رہتے ہیں۔ وقت کا لمس ایک ایک موتی ''کیرتا'' رہتا ہے اس طویل چپ میں ارتعاش تب پیدا ہوتا ہے جب کوئی کوئی موتی بغاوت کر کے ڈوری کو چھوڑتا ہوا چھن سے احتجاج کرتا ہے۔۔۔امرتا بھی انہی باغی موتیوں میں سے ایک ہے۔

☆☆☆☆

طاہرہ اقبال

امرتا پریتم ـــــ محبت کا غنائی اِستعارہ

کالجوں، اسکولوں میں منعقد ہونے والے پنجابی ناکروں کے آغاز یا اختتام پر امرتا پریتم کی یہ نظم اک لازمہ سا ہو گئی ہے۔

''اَج آکھاں وارث شاہ نوں کِتے قبراں وچوں بول''

یہ اشعار اتنے تواتر اور اتنی مدت سے تقریروں کی زینت بنتے چلے آ رہے ہیں کہ لگتا ہے آخر ایک روز وارث شاہ تنگ آ کر قبراں وچوں بول ہی پڑیں گے۔ وارث شاہ کو بولنے پر مجبور کرنے والی امرتا پریتم کہتی ہیں کہ اُن کی زندگی کے حالات و واقعات تو بس رسیدی ٹکٹ جتنی وسعت اور تنوع رکھتے ہیں لیکن اُن کی تخلیقی زندگی کی جہتیں اُسی قدر وسیع اور ہمہ گیر ہیں، لیکن میری وسعتِ نگاہ اُن کی ایک جہت افسانہ نگاری تک ہی محدود ہے۔

امرتا ایک شاعرہ ہیں۔ شاید اسی لیے اُن کا افسانہ بھی اِکسدا بہار گیت ہے لیکن طربیہ نہیں غنائیہ ہے۔ ایسا غنائیہ جو سماعتوں میں رس گھولتا اور دِل و رُوح میں اسرار بھری آسودگی اُنڈیلتا ہے۔ چونکہ وہ اپنے اطوارِ زندگی اور فطرت میں عجب ہم آہنگی رکھتی تھیں۔ اس لیے اُن کی تخلیق کی آنچ جبلتوں، جذبوں اور فطرتوں کو آئینہ سا نکھار دیتی ہے۔ اُس کی تخلیق سچ کی مٹھاس ہے جس کی کڑواہٹ وہ محبت کے دو بول سے چن لینے کا فن جانتی ہے۔ یہ تلخیاں سٹی کی وہ ہوک ہیں، جو سندر کے وجود میں پارو کی یاد بن کر سدا بجتی رہتی ہے۔ ''وے میں بھل گئی موڑ تے آ کے اِک سیٹی مار متراں'' اُس نے افسانہ دِل والی بولی میں لکھا ہے۔ یہ حکایتِ دِل ہر افسانے کا مرکزی نقطہ ہے۔ سماج ظالم ہے۔ رسوم و رواج کی جکڑ بندیاں اور معاشرتی ناانصافیاں کڑی ہیں۔ جس کی سیاہ روی کوری ہانڈی کو سیاہ بھوتنی بنا دیتے ہیں لیکن اُس کے کورے بدن کی کالک کو نرم ہاتھوں سے

کھرچ مانجھ کر صاف کرنے والا منکا بہر حال موجود رہتا ہے، جو کہتا ہے ''اب میں اسے دھو کر ہانڈی بنالوں گا۔ ماں جواب دیتی ہے مگر اُس کو جادو کیا ہوا ہے۔ ابھی میں اس کا جادو اُتاروں گا۔ جادو کہاں ہے۔ صرف کالک تھوپی ہوئی ہے۔ میں ساری کالک اُتار دوں گا۔'' منکے کے جواب میں امرتا کا فلسفہ حیات پوشیدہ ہے۔

امرتا کے افسانے میں محبت نارسا نہیں ہے اور دل کی حاکمیت کے سامنے ہر طاقت پسپا ہے لیکن نہ وہ عمر بھر کے ساتھ کی پابند ہے اور نہ ہی جسمانی قربت کی خواہش مند۔ وہ تو پل بھر میں دولت دل سے سیر ہوتی اور پھر سدا اسی سحر میں مقید رہتی ہے۔ کیونکہ یہ دل والا جام ہے، جس سے من کبھی بھرتا ہی نہیں نت نئے جام پینے کا عادی مصور سمیش نندا ایک بار اس دل والے جام کو لبوں سے لگاتا ہے تو پھر عمر بھر وہ ختم ہونے کو ہی نہیں آتا۔ کیونکہ ''ایک لڑکی ایک جام'' کی ٹونی نے کہا تھا۔

''ایک بار جام بھر لو اور جب تک میرے دل کا یہ جام ختم نہ ہو جائے۔ تب تک کسی اور جام سے اپنے ہونٹ نہ لگانا۔''

سمیش نندا کہتا ہے:

''مجھے یوں محسوس ہوا کہ میں نے اب تک جتنے جام پیئے تھے وہ اجسام کے جام تھے۔ دل کے جام نہیں تھے اگر کوئی ایسا ہوتا تو پھر جب تک اُس کی شراب ختم نہ ہو جاتی تب تک میں کسی دوسرے جام سے منہ نہ لگا سکتا۔ شاید دل کے جام کی شراب کبھی ختم نہ ہوتی۔''

یہ دل کے جام کی تاثیر ہی ہے کہ امرتا کے ہاں اک مثبت عمل اک راست رویہ منفی حالات اور کرداروں میں بھی جاری رہتا ہے۔ اس جذبہ محبت کو اُبھارنے استوار کرنے اور پھر امر کر دینے والی ذات بالعموم عورت کی ذات ہے۔ جس کے اندر سے اُمڈتا چھلکتا یہ من کا بھرا پیالہ جنس مخالف کو ایسا ذائقہ عطا کرتا ہے کہ پھر عمر بھر اس الوہی ذائقے کو نہ بھلا پاتا ہے اور نہ ہی ہل من مزید کی طلب کرتا ہے۔ کیا زندگی اتنی ہی محبت بھری اتنی ہی شانت ہے، جتنی امرتا پیش کرتی ہیں۔

تجھ سے بھی حسین ہیں غم روزگار کے

جیسے فلسفے کا کہیں گزر کیوں نہیں ہوتا۔ امرتا کا ماحول اور معاشرہ بھی تو یہی کھٹور سماج ہے۔ جیسا ہمارا اُس کے گرد بسنے والے انسان بھی تو ایسے ہی دوغلے اور بددیانت ہیں جیسے ہمارے گرد لیکن فرق یہ ہے کہ امرتا

ان خرابیوں کو دست پناہ سے چن چن کر نہیں دکھاتیں۔ معاشرے کے ناسور دھوپ میں ڈال کر اُن کی سڑاند سے نفرت پیدا نہیں کرتیں۔ ہم جن کو زخموں کو چھپتے اور ان کی غلاظتیں دکھا دکھا کر داد چاہتے ہیں کہ کیسے بدبودار زخموں کی ہم نے چیر پھاڑ کی ہے۔ امرتا کا رویہ ان کے لیے بھی ماں دھرتی جیسی پوشیدگی اور شفقت کا ہے جو اپنے تھوڑ جیسے بچے کو بھی اپنی کوکھ میں رکھ لیتی ہے۔ امرتا اگر کوئی منفی کردار دکھاتی بھی ہے تو اس کے مقابل کھڑے معصوم شانت اور مثبت کردار کا رنگ اتنا چوکھا ہوتا ہے کہ برائی کی سیاہ سطح اُبھرنے نہیں پاتی۔ اُس پر کئی لال گلابی پھول کھل آتے ہیں۔ امرتا اچھے برے کا موازنہ نہیں کرتی نہ اچھائی کے پلڑے میں اپنا وزن ڈالتی ہے۔ نہ برائی سے نفرت پیدا کرنے کو موازنے کی تکنیک اپناتی ہے۔ وہ تو بس دل والا راگ چھیڑ دیتی ہے۔ جس کی تاثیر اور آہنگ میں سب پایاب ہوتا چلا جاتا ہے۔'' یہاں انھوں نے ایک دوسرے کو ڈھونڈا تھا۔ انھیں لگا جیسے ہر ایک پتھر آج دیوتا بن آ گیا ہے اور اُنھوں نے پھولوں سے بھری مٹھیاں چاروں طرف بکھیر دیں جو کچھ انھوں نے ایک دوسرے سے حاصل کیا تھا تو نہ اُس سے مزید حاصل کیا جا سکتا تھا اور نہ ہی حاصل کیا ہوا گم ہو سکتا تھا۔ اس لیے پھر راج اور الگ کبھی نہ ملے۔'' امرتا کا بنیادی فلسفہ اثبات اور استغنا کا ہے۔ زیادہ کی ہوس اور حصول کی خواہش پر اس جذبے یا فلسفے کی پاسداری مقدم ہے۔ اس لیے تو اس کی محرومیاں بھی حزنیہ جیسا مزا دیتی ہیں۔ مجھے کبھی لگتا ہے کہ امرتا کی کہانی وہ تعویذ ہے جسے محبت کرنے والے منڈھا کر گلے میں پہن سکتے ہیں یہ تعویذ چھوٹی سی پڑیا میں سما سکتا ہے اور پوری زندگی کو خود میں سمو سکتا ہے۔ کبھی خیال آتا ہے کہ منفی رویوں کے خلاف کہیں غصہ کہیں جھنجھلاہٹ کیوں نہیں اُبھرتی؟ نہ مصنفہ میں نہ متاثرہ کرداروں میں ''ہیرے کی کنی کی جندو اس کا جواب دیتی ہے۔ اپنی موت کے محرک پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

''تم کہتی تھیں نا کہ تمہارا بیٹا ہیرے کی کنی ہے۔ میں نے وہی ہیرے کی کنی کھالی ہے۔''

ہیرے کی کنی نگلتے ہوئے نہ جندو کے لبوں پر شکوہ ہے اور نہ ہی مصنفہ اعصاب شکن کرب ناک منظر چینٹ کرتی ہے۔ امرتا کے ہاں ہر زہر کا تریاق محبت ہے۔ یہ محبت نہ مشتعل ہوتی ہے نہ انتقام پر اُترتی ہے۔ امرتا کے حوصلے اور بڑے دل پر بعض اوقات تو حیرت ہوتی ہے وہ سب کچھ خود میں سمو لیتی ہے اور بس۔ ایک ہی احساس کشید کرتی ہے۔ احساسِ محبت۔

کیونکہ امرتا کا بنیادی فلسفہ اثبات، محبت اور استغنا کا فلسفہ ہے۔ وہ حادثے کی شدت یا واقعات کی پیچیدگی میں نہیں اُلجھتی بلکہ روزمرہ کے معمولات اور بنیادی انسانی فطرتوں اور جذبوں سے وہ افسانے کا

تار و پود بناتی ہے۔ نہ تو منٹو کی طرح لرزا دینے والے انجام سے حیرت زدہ کرتی ہے نہ بیدی کی طرح تلخی حیات کو گھول کر افسردہ بناتی ہے، نہ عصمت کی طرح اندر کے راز باہر نکال کر انسانی جبلتوں سے ہمیں شرمسار کرتی ہے۔ نہ علامتوں کا پردہ اور نہ ایمائتوں کا اسرار۔ اُس کی ہر کہانی محبت کے راست رویوں کی کہانی ہے لیکن کسی کا انجام وصل نہیں ہے جس سے جسمانی ملاپ ہے۔ اُس سے دِل نہیں ملتا اور جس کے سنگ دِل دھڑکتا ہے وہاں بدن کبھی مخل نہیں ہوتا۔ یہ فلسفہ امرتا کے افسانوں کی مضبوط اکائی ہے۔ عموماً ہیروئین اور کبھی کبھی ہیرو جہاں جسمانی طور پر رہتے بستے ہیں وہاں اپنے فرائض پر قربان ہیں لیکن چپکے چپکے اک من مندر الگ بسا رکھا ہے اور اسی من مندر کی حکایت ہی کہانی کا اصل تھیم ہے۔ من مندر کی اقلیم وسیع سہی لیکن تنوع نہیں رکھتی یہ کمی امرتا اپنے خوبصورت اسلوب سے پوری کرتی ہیں۔ لفظوں کو ایسے چنتی اور افسانے میں پروتی ہے جیسے موسیقی میں لرک جو افسانے کی تکنیک پر بجتے ہیں۔ یہ ایسی مصنفہ ہے جو لفظوں کی بندش میں کھلتی ہے۔ چھوٹے چھوٹے جملوں میں بڑے بڑے فلسفے اور دانش کے اسرار بھر دیتی ہے۔ اس کے فن کی کلید یہی دانش افروز نپے تلے جملے ہیں۔ واضح صاف لیکن پر تاثیر اور منفرد کہ نوکِ دِل سے لکھے گئے ہیں۔ مندر کی پجارن کے اشلوک کہ برہا کی ماری کے گیت۔ لیکن غزل کے عاشق جیسی بے صبری اور کم ہمتی ہرگز نہیں ہے۔

امرتا اک الگ طرزِ حیات اور منفرد طرزِ بیان کی افسانہ نگار ہے۔ طرزِ حیات میں اُس کا طرزِ اگر محبت، استغنا اور متاعِ سرمایۂ دِل ہے تو طرزِ بیان میں انھی زمینوں کے خدوخال نکھارنے کو ایسی کشیدہ کاری اور مصوری کہ لفظوں کے دِل بھی دھڑکنے لگیں۔

امرتا معمولی مٹی کو خدا بنا دینے کا فن جانتی ہے۔ بس اسی فلسفے کو اُس نے رُخ اور زاویے بدل بدل کر لکھا ہے۔ ایسے ہی جیسے کوئی مغنیہ محبت کا کوئی گیت الاپتی ہے تو سماعتیں مسحور اور دِل مسرور ہو جاتے ہیں۔ امرتا کا افسانہ بھی اسی سحر اور طمانیت سے بھرا ہے۔

☆☆☆☆

ظفر اقبال

امرتا پریتم' ایک زندہ لیجنڈ

نقاد' شاعر اور میرے ایک کرم فرما ڈاکٹر سید شبیہ الحسن نے ایک سوالنامہ پچھلے دنوں بھیجا تھا جس میں مضافاتی ادیبوں کی کارگزاری کے بارے میں پوچھا گیا تھا' نیز یہ بھی کہ کیا میں اس اصطلاح سے اتفاق کرتا ہوں۔ ظاہر ہے کہ میں اُن سے اتفاق نہیں کر سکتا کیوں کہ یہ براہ راست ادیبوں کو خانوں میں بانٹنے والی بات ہے جس سے یہ بھی شبہ گزرتا ہے کہ آپ مضافات میں رہنے والے ادیبوں کو شہری ادیبوں کے مقابلے میں ''پینڈو'' ادیب سمجھتے ہیں جو کہ بعض ادیبوں کے نزدیک اشتعال انگیز بھی ہو سکتا ہے۔

اگرچہ اس سے پہلے بھی ادیبوں کو تقسیم کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں مثلاً پاکستانی ادب اور بھارتی ادب کا نام دے کر۔ کارِ خیر سرانجام دیا گیا ہے حتیٰ کہ ہمارے دوست ڈاکٹر انیس ناگی نے تو ''پاکستانی اُردو ادب کی تاریخ'' کے نام سے پوری ایک کتاب لکھ ماری جس پر ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے ایک محفل میں ان کے ساتھ ہاتھ ملانے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ آپ ایک متعصب ادیب ہیں۔ اس کتاب میں زبان و بیان اور صرف و نحو کی کم و بیش 150 غلطیاں تھیں جن کی میں نے مثالیں دے دے کر نشاندہی کی تھی اور مجھے کہنا پڑا کہ ڈاکٹر انیس ناگی کو کم از کم اُردو تو سیکھ لینی چاہیے!

واضح رہے کہ ادب کا تعلق ملک یا علاقے سے نہیں بلکہ اس زبان سے ہوتا ہے جس میں وہ تخلیق کیا گیا ہو۔ چنانچہ اُردو ادب خواہ بھارت' پاکستان یا دنیا کے کسی بھی ایسے علاقے میں تخلیق کیا گیا ہو جہاں یہ زبان بولی' پڑھی یا لکھی جاتی ہو' وہ اُردو ادب ہی کہلائے گا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ خود اُردو ایسی زبان ہے جس نے یہ تفریق اور تقسیم ختم کر دی ہے کہ اس میں ہر زبان کے الفاظ کو اپنے اندر سمونے کی اہلیت اور پوری پوری گنجائش موجود ہے کیوں کہ اس کی ابتداء اور ہیئت کذائی ہی ایسی ہے۔ حتیٰ کہ انگریزی کو چھوڑ کر دنیا بھر میں اسے

رابطے کی غالباً سب سے بڑی زبان ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔

چنانچہ اس حوالے سے شمس الرحمٰن فاروقی، ڈاکٹر گوپی چند نارنگ، قرۃ العین حیدر، بلونت سنگھ، کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی کو بھارتی ادیب نہیں کہا جا سکتا جبکہ فیض احمد فیض، منیر نیازی، منٹو، شوکت صدیقی اور انتظار حسین کو پاکستانی ادیب کہنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ ان کی بنیاد ایک ہے اور وہ اُردو زبان ہے۔ ادب کی کوئی سرحدیں نہیں ہوتیں، نہ ہی اسے مختلف علاقوں اور زمینوں میں محدود کیا جا سکتا ہے۔ اور دنیا جس تیزی سے سمٹ رہی ہے اس حساب سے تو یہ امتیازات ویسے بھی باقی نہیں رہ سکتے۔

بلکہ اکادمی ادبیات نے تو اس سے بھی دو قدم آگے جا کر یہ انقلابی اقدام اُٹھایا ہے کہ پنجابی کی ایک ادیبہ کو یہ اعزاز دیا ہے بلکہ یہ اعزاز خود بھی حاصل کیا ہے کہ امرتا پریتم نمبر نکالنے کا کارنامہ سرانجام دیا ہے حالاں کہ ''ادبیات'' میں صرف اُردو کی تحریریں جگہ پاتی ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوتا ہے کہ علاقائی زبانوں کے تراجم شائع کر دیے جاتے ہیں جنہیں فخر زمان بجا طور پر قومی زبانیں قرار دیتے ہیں۔ اس کا ایک جواز یہ بھی رہا کہ پنجابی پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کی بھی زبان ہے اور مشرقی پنجاب کی بھی۔

جہاں تک ''مضافاتی'' ادیبوں کا تعلق ہے تو آخر اُن ادیبوں کو کیا نام دیا جائے گا جنہوں نے اپنی ابتدا تو کسی مضافاتی علاقے سے کی اور اپنے ادب کا بیشتر حصہ بھی وہیں تخلیق کیا لیکن بعد میں بڑے یا مرکزی شہروں میں شفٹ ہو گئے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہوا کہ ان کا وہ ادب مضافاتی شمار ہو گا جو مضافات میں تخلیق کیا گیا اور بعد ازاں یعنی شہروں میں آ کر تخلیق ہونے والا ادب مضافاتی نہیں رہے گا اور شہری قرار پائے گا اور ایسا ادیب بھی آدھا تیتر اور آدھا بٹیر بن کر رہ جائے گا۔

شروع شروع میں میرا تعارف امرتا پریتم کے ساتھ اس حوالے سے ہوا تھا کہ اس وقت کے مشہور شاعر ساحر لدھیانوی اس کے عشق میں مبتلا ہو کر اس کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہونا چاہتے تھے۔ ادھر ہمارے ایک مقبول پنجابی شاعر احمد راہی کا بھی یہی حال تھا جنہوں نے اپنی وہ خوبصورت نظم لکھی جس کا پہلا مصرع یہ تھا۔

اک لغراں جیہی مٹیار کوئی جیدھا منڈیاں ورگا ناں

لیکن افسوس کہ اس نے مصور امروز کے ساتھ گھر بسا لیا اور یہ دونوں دیکھتے کے دیکھتے ہی رہ گئے۔ بالکل اسی طرح جیسے ایک زمانے میں منیر نیازی قرۃ العین حیدر کے ساتھ شادی کرنا چاہتے تھے لیکن مرحومہ نے پوری

زندگی کنوارپن میں گزار دی۔

قرۃ العین حیدر کے بارے میں مختلف افسانے مشہور ہیں کہ مثلاً وہ تند مزاج تھیں اور ہما وشما سے ملنے سے انکار کر دیتی تھیں جبکہ بعض ادیبوں کے نزدیک وہ انتہائی ملنسار واقع ہوئی تھیں۔ وہ اپنی زندگی میں پاکستان بھی آئیں اور ریڈیو کے علاوہ مختلف جگہوں پر ملازمت بھی کی اور یہاں ان کا مستقل قیام کا ارادہ بھی تھا جو انہیں بعد میں تبدیل کرنا پڑا اور وہ واپس بھارت سدھار گئیں۔ بہرحال امرتا پریتم کے بعد وہ بھارت کی دوسری خاتون تھیں جنہیں بے پناہ عزت اور شہرت نصیب ہوئی۔

میں گورمکھی سکرپٹ نہیں پڑھ سکتا' اس لیے امرتا کی بعض شاہ مکھی میں اتاری گئی تحریریں ہی میری نظر سے گزری ہیں۔ زبردست اور انقلابی شاعرہ تو وہ تھیں ہی' انہوں نے فنِ افسانہ نگاری کو بھی نقطۂ کمال تک پہنچا دیا۔ واضح رہے کہ وہ کوئی ایسی شدت پسند انقلابی یا مزاحمتی شاعرہ نہیں تھیں بلکہ ان کی شاعری میں وہ لوچ' تاثیر اور تازگی بھی دستیاب ہے جس کی مثال صرف فیض احمد فیض سے دی جا سکتی ہے جبکہ سرکاری اور عوامی دونوں سطحوں پر ان کے فن کا دل کھول کر اعتراف کیا گیا۔ انہیں بلاشبہ ایک زندہ لیجنڈ کا درجہ حاصل تھا' اور رہے گا۔ حتیٰ کہ ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' جیسی لازوال نظم ہی انہیں تادیر زندہ رکھنے کے لیے کافی ہے۔

اگرچہ بلونت سنگھ' کرتار سنگھ دگل اور راجندر سنگھ بیدی بھی پنجابی ہیں لیکن ہمارا دل ان کے لیے اس طرح نہیں دھڑکتا جس طرح امرتا پریتم کے لیے دھڑکتا ہے کیوں کہ وہ پنجابی زبان کی شاعرہ ہے اور زبان کا رشتہ بہت گہرا ہوتا ہے۔ راجندر سنگھ بیدی کے بزرگ تو قبل از تقسیم ضلع اوکاڑہ میں آباد تھے جہاں چک بیدیاں کے نام سے ان لوگوں کا گاؤں اب بھی موجود ہے۔ پھر اہلِ پنجاب کے ساتھ ہمارے اور رشتے بھی ہیں۔ مثلاً ہماری ثقافت' ہمارے گیت اور بولیاں تک ایک ہیں' نیز سکھ طبقہ ہماری ہی طرح سے توحید پرست بھی ہے۔

ہمارے ایک بزرگ اور ایک قومی روزنامہ کے ایڈیٹر نے اگلے روز کہا تھا کہ بہت جلد بنگلہ دیش پاکستان سے آملے گا۔ بنگلہ دیش کا تو میں کہہ نہیں سکتا البتہ مشرقی پنجاب زیادہ دیر تک مغربی پنجاب کے بغیر شاید ہی رہ سکے کیوں کہ ثقافتی اشتراک کے علاوہ سکھوں کے مقدس مقامات جن میں ننکانہ صاحب بطور خاص شامل ہے، مغربی پنجاب میں واقع ہیں۔ میں خود ذاتی طور پر کنفیڈریشن کے نظریے میں یقین رکھتا ہوں اور بھارت' پاکستان' بنگلہ دیش' ایران' افغانستان اور ترکی وغیرہ کی یکجائی کا حامی ہوں لیکن خیر یہ ایک الگ بحث ہے۔

چناں چہ امرتا پریتم کے ساتھ ہماری ادبی جڑت کی بڑی وجہ ماں بولی بھی ہے جو دونوں جگہوں پر مشترک

ہے۔ یہ دونوں حصے جذباتی طور پر مزید قریب ہو سکتے تھے لیکن گورمکھی رسم الخط ہمیشہ سے اس کے آڑے چلا آ رہا ہے جب کہ اہل مشرقی پنجاب کے لوگوں کے لیے شاہ مکھی رسم الخط اتنا ہی آسان ہے جتنا مشکل ہم لوگوں کے لیے گورمکھی سکرپٹ ہے کیوں کہ اُردو کے ساتھ معمولی شناسائی رکھنے والا شاہ مکھی کے حوالے سے کسی دقت کا شکار نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ اس سلسلے میں کچھ کام ہوا ہے لیکن کوئی ٹھوس نتیجہ اب تک برآمد نہیں ہو سکا ہے۔

اگر یہ مرحلہ کسی نہ کسی طرح سے سر ہو جائے تو مشرقی پنجاب کا پنجابی ادب کم و بیش سارے کا سارا اہل مغربی پنجاب کی دسترس میں آ سکتا ہے جس سے ہر قسم کی دوریوں میں خاطر خواہ کمی واقع ہو سکتی ہے اور یہ دونوں خطے الگ الگ رہتے ہوئے بھی ذہنی اور ادبی لیکچول سطح پر ایک دوسرے کے زیادہ قریب آ سکتے ہیں۔

امرتا پریتم سرحد پار سے غالباً واحد ادیبہ ہیں جن کی وفات پر ہمارے ہاں بھی پورا سوگ منایا گیا جیسے واقعی کوئی اپنا مر گیا ہو۔ ورلڈ پنجابی کانگریس کی طرف سے لاہور میں منعقدہ ادبی ریفرنس اس سلسلے کی سب سے زوردار تقریب تھی۔ انگریزی، اُردو اور پنجابی اخبارات و رسائل نے کھل کر انہیں نذرانہ محبت پیش کیا۔ مضمون باندھے گئے، کالم لکھے گئے اور ان کی یاد میں نظمیں لکھی گئیں۔ اپنائیت کا یہ ایک بہت بڑا مظاہرہ تھا۔

امرتا ایک عجیب اور عظیم خاتون تھیں۔ پروفیسر افضل توصیف ایک جگہ لکھتی ہیں کہ طویل علالت کے آخری دنوں میں ایک نوجوان کہیں سے انہیں ملنے کے لیے آیا۔ امرتا نے اُسے اندر بلا لیا، بٹھایا، نام پتہ اور حال چال پوچھا اور بولیں:

''کیسے آنا ہوا؟''

''مجھے آپ سے محبت ہو گئی ہے۔'' نوجوان نے جواب دیا۔ یہ سن کر امرتا بیڈ پر سے اُٹھیں، اس کے پاس آ کر کرسی پر بیٹھ گئیں اور بولیں۔ ''مجھے بھی تم سے محبت ہو گئی ہے''۔

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ
افسوس تم کو میر سے صحبت نہیں رہی

''برکی'' جیسی نظم اور ''رسیدی ٹکٹ'' جیسا افسانہ لکھنے والی امرتا پریتم اب بھی ہمارے درمیان موجود ہیں۔ ایسے لازوال لوگ مر کر بھی مرا نہیں کرتے بلکہ اپنے محبت کرنے والوں کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں۔

رفتید ولے نہ از دل ما

فرزند علی

ایک ملاقات

ستمبر 1965 کی جنگ جو پنجاب کی سرحد پر اچانک پھوٹ پڑی تھی عام لوگوں کو اپنا گھر بار مال اسباب سب چھوڑ چھاڑ کر نکلنا پڑا تھا۔ جنگی علاقے سے دور کہیں پناہ ڈھونڈتے پھر رہے تھے۔ جنگ کے بارے میں خبریں بہت خوفناک آ رہی تھیں۔ دونوں طرف کے لوگ مر رہے تھے۔ اپاہج ہو رہے تھے۔ کئی اپنوں سے بچھڑ گئے تھے۔

اُن سرحدی علاقوں کے لوگوں میں سے کچھ ہمارے گاؤں میں بھی اپنے رشتے داروں کے ہاں پناہ لیے ہوئے تھے۔ اُن پناہ گزینوں میں ایک بابا سراجدین بھی تھا جس نے 1947 کی قتل و غارت اور توہین انسانیت اپنی آنکھوں سے دیکھی ہوئی تھی اور آج تک خوفزدہ سا دکھائی دیتا تھا جب سراجدین سے میری ملاقات ہوئی تو وہ درد بھری آواز میں

''اج آکھاں وارث شاہ نوں کتے قبراں وچوں بول''

بول رہا تھا۔ میں نے پہلی بار یہ نظم سُنی تو میرے دل میں اترتی چلی گئی۔ پھر بابا سراجدین کی زبان سے نظم کی ادائیگی ۔۔۔ ایک ایک لفظ کے معنی واضح ہوتے چلے گئے۔ جنگ ختم ہوگئی ۔۔ بابا سراجدین اپنے کنبے کے ساتھ واپس چلا گیا۔ لیکن میرے لیے درد کی کسک چھوڑ گیا ۔۔۔ جب بھی میں بابا سراج سے سنی ہوئی نظم جو مجھے ازبر ہو چکی تھی دہراتا تو میری عجیب کیفیت ہو جاتی۔

نظم کے خالق کو میں ملنا چاہتا تھا۔ مگر نہ تو بابا سراج کو نظم کے خالق کے بارے میں معلوم تھا اور نہ مجھے ۔۔۔ شاعر سے ملاقات کا شوق میرے اندر پلتا رہا۔ بہت عرصے بعد معلوم ہوا کہ نظم کا خالق مرد نہیں عورت ہے امرتا پریتم ۔۔ جو اسی پنجاب کے رہنے والی تھی اور اب دلی میں ہے۔

میرے لیے حیرانی کی بات تھی کہ ایک عورت نے اس سطح کی نظم کہی ہے۔ یہ عورت نہیں پنجاب کی رُوح ہے جو صدیوں سے زخمی ہے لٹ رہی ہے اور بین کر رہی ہے۔۔۔ امرتا پریتم جی کے لیے میرے دل میں اور بھی احترام پیدا ہوا اور ملنے کا اشتیاق بڑھ گیا۔

بُلھے شاہ نے بھی پنجاب کے لٹنے اور بربادی پر بین کیے تھے

ورکھلا حشر عذاب دا
بُرا حال ہویا پنجاب دا
ڈرباویے دوزخ ماریا
سانوں آل یار پیاریا

پنجاب کے وارث شاہ نے ہیر (جو پنجاب کی رُوح ہے) کو علامت بنا کر پنجاب کے دکھ درد کو ایسے بیان کیا کہ اہل درد کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ امرتا پریتم جی نے جو وارث شاہ کو پکارتے وقت "بین" ڈالے ہیں۔ اس سے اُس نے اپنے آپ کو پنجاب کی سچی بیٹی ثابت کر دیا۔

بُلھے شاہ اور وارث شاہ کی طرح پنجاب کے دکھ درد پر آپ بھی روئی ہے اور اہل درد کو بھی تڑپایا ہے۔

پنجاب کی اس سچی بیٹی کو ملنے کے لیے میں بے تاب ہوں لیکن کوئی چارہ نہیں۔ دلی جاؤں تو جاؤں کس طرح۔۔۔ آخر مارچ 1985 کو مجھے اپنے دو دوستوں کے ساتھ دلی جانے کا موقع مل ہی گیا۔۔

اواخر عمر کا شوق اب پکی عمر میں پورا ہونے جا رہا تھا۔۔۔ میرے دوست تو دلی دیکھنے اور سیر و تفریح کرنے جا رہے تھے مگر میں پنجاب کی سچی بیٹی کے درشن کرنے۔

امرتا پریتم کی میں اور تحریریں بھی پڑھ چکا تھا جو ادھر اُردو میں چھپتی رہتی تھیں۔ دلی پہنچتے ہی میں امرتا پریتم جی سے ملنے کے لیے بے چین تھا۔ مگر دوستوں نے سمجھایا کہ پہلے ضروری قانونی تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ تھانے جا کر اپنی آمد درج کروانا ہوگی۔ سب سے پہلے کہیں ٹھہرنے کا انتظام کرنا ہوگا۔۔۔ اگلے دن تھانے میں اپنی آمد درج کروائی اور دوستوں نے سیر و تفریح کا پروگرام بنا لیا لیکن میری حالت تو۔۔۔ پیر مہر علی شاہ والی تھی

اج سک ملن دی دھیری اے

امرتا پریتم جی کو فون کیا اور کہا میں لاہور سے آیا ہوں اور آپ کے درشن کے لیے دلی پہنچا

ہوں۔۔۔مسکراتی آواز میں جواب ملا۔۔''آ جاؤ۔۔۔میں گھر ای آں'' اجازت ملتے ہی میں نے دیر بھی نہ لگائی اور حوض خاص پہنچ گیا۔امرتا پریتم جی بہت محبت سے ملیں۔امروز سے تعارف کروایا۔۔باتیں شروع ہوتیں تو پھر ہوتی چلی گئیں۔زبان وادب کے بارے میں لاہور کے بارے میں۔۔باتوں باتوں میں ابھی میں نے کہا۔۔۔کہ پنجاب کی دھرتی صدیوں سے بیرونی حملہ آوروں کے پاؤں تلے ہے جو میں حملہ آور آیا اُس نے پنجاب کی رُوح کو کچلنے ختم کرنے کی کوشش کی ہے پنجاب کی زمین زخم زخم ہوئی مگر اس کی رُوح ابھی زندہ ہے جس کا ثبوت آپ کی نظم ہے جس میں امرتا پریتم ہی پنجاب کی زخمی رُوح ''بین'' ڈال رہی ہے۔

میری اس بات پر امرتا پریتم نے چند لمحے مجھے غور سے دیکھا اور کہا:

''ہائیں وے توں کون ایں اپنا پورا تعارف تے کروا ایہہ گل کتھوں کڈھ لیایا ایں۔''

پھر میں نے اپنا تعارف استاد دامن کے حوالے سے کروایا۔۔۔تو امرتا جی استاد دامن کے بارے میں باتیں کرنے لگیں۔اُن کے کہنے کے مطابق استاد دامن عشق درگاہ کے شاعر تھے۔۔۔استاد دامن کے بارے میں انہوں نے بہت سوال کیے اُن کی زندگی کے بارے میں بہت پوچھا۔

پنجابی کے دوسرے ادیبوں سے زیادہ باتیں استاد دامن کے بارے میں ہی ہوتی رہیں۔اس دوران جو امرتا پریتم جی کی طرف سے خلوص محبت اور مسکراہٹیں مجھے ملیں' میں ان سے متاثر ہوا۔۔۔میرے دوستوں کے تو کئی اور پروگرام تھے۔۔۔وہ آگرہ جانا چاہتے تھے مگر میرا دل تو دل کے حوض خاص میں ہی رہنے کو کر رہا تھا۔۔امرتا پریتم جی نے بہت اصرار اور مان سے کہا کہ

''توں ایتھے ای رہیو میرے کول' مہینہ دو مہینے'' ویزہ بڑھا لیتے ہیں۔استاد دامن کے بارے میں تفصیل کے ساتھ مجھے لکھ کر دے۔میں استاد دامن کے بارے میں بہت کچھ اپنے رسالے ''ناگ منی'' میں چھاپنا چاہتی ہوں۔

افسوس میں ایسا نہ کر سکا۔مجھے فیکٹری سے صرف پندرہ دن کی چھٹی ملی تھی۔میں ان کے پاس نہ رکنے پر بار بار معافی مانگ رہا تھا۔۔۔اور پھر دوبارہ آ کر زیادہ دن رہنے کا وعدہ کر کے آیا۔شائد میری قسمت میں دوبارہ جانا نہیں تھا میں نہ جا سکا مگر اُن کی باتوں سے مجھے استاد دامن کے بارے میں ایک ناول لکھنے کا حوصلہ ملا جو ''بھبل'' کے رُوپ میں چھپا تو میں نے بہت معذرت کے ساتھ امرتا پریتم کو ناول بھیج کر لکھا۔

شرمندہ ہوں دوبارہ نہیں آ سکا۔۔مگر اداس ہوں صرف ایک ملاقات ہی ہو سکتی ہے پنجاب کی سچی بیٹی

آج بہت یاد آتی ہے۔

قاضی جاوید

امروز

سارک ادیبوں اور ادب کی فاؤنڈیشن کی طرف سے تصوف اور اس کے فلسفہ اور شاعری کے موضوع پر منعقدہ سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس 20 مارچ 2006 کو نئی دہلی کے انٹرنیشنل سنٹر کے لان میں شام کی چائے کے ساتھ ختم ہوگئی تھی۔ دوسرے دن پاکستان اور بنگلہ دیش کے مندوبین ریل کے ذریعے سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے مزار شریف پر حاضری دینے کے لیے اجمیر شریف جانے والے تھے۔ ایران' افغانستان' ترکی' ازبکستان اور اٹلی وغیرہ سے آنے والوں کو شاید اس دورے میں دلچسپی نہ تھی۔ خیر' میں نے سوچا کہ اجمیر میں وہی تکلیف دہ مناظر ہوں گے جو میں نے گزشتہ شام دہلی میں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ کے اندر اور باہر دیکھے تھے۔ اس لیے وہاں نہ جانا ہی بہتر ہوگا۔

یہ درگاہ نئی دہلی کی بستی نظام الدین میں واقع ہے۔ یہ درجنوں تنگ و تاریک ٹیڑھی میڑھی اور بے حد غلیظ گلیوں پر مشتمل مسلم اکثریت کی آبادی ہے جس کے کم و بیش سبھی مکین بھکاری ہیں۔ ایسی بستی میں حضرت امیر خسروؒ اور مرزا غالب سمیت کئی ممتاز ہستیاں پیوند خاک ہیں۔

آٹھ صدیوں سے پورے ہندوستان سے ان علاقوں سے بھی جو اب پاکستان اور بنگلہ دیش میں شامل ہیں' ہر روز سینکڑوں لوگ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ پر آتے ہیں۔ ان میں مسلمان ہوتے ہیں اور ہندو بھی اور وہ ہزاروں لاکھوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں۔ یہ ساری رقم کہاں جاتی ہے؟

درگاہ کے سجادہ نشینوں' متولیوں اور کارندوں نے ان صدیوں میں یہاں کوئی ادارہ نہیں بنایا' کوئی شائستہ بندوبست نہیں کیا' زندگی میں کوئی خوبصورتی' کوئی ترتیب اور کوئی تہذیب پیدا نہیں کی۔ بس بھیک منگے پیدا کیے ہیں جو ہر آنے جانے والوں کو اپنی لغو فریادوں اور دعاؤں سے گھیر لیتے ہیں۔

اس بستی کو جنوبی ایشیاء کی مثالی بستی ہونا چاہیے تھا مگر آپ اس کو ہمارے خطے کی سب سے گندی بستیوں میں شمار کر سکتے ہیں۔ وہاں کے مکین بھی نہ صرف ذہنی اعتبار سے بلکہ شکل وصورت' لباس' رہن سہن اور گفتگو کے لحاظ سے بھی تاریک صدیوں کے شہری محسوس ہوتے ہیں۔ تو کیا یہ ہے وہ کلچر جو تصوف نے پیدا کیا ہے؟

اس قسم کے خیالات ذہن میں آ رہے تھے۔ میں نے سگریٹ سلگایا اور راج گھاٹ کے انٹرنیشنل گیسٹ ہاؤس کے لاؤنج میں رکھے ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔ ڈنر کے بعد ہم لوگ یہاں پہنچے۔ مادام افضل توصیف پانی کی بوتل کی تلاش میں وہیں آ گئیں۔

''آپ صبح اجمیر جا رہی ہیں؟'' میں نے ان سے پوچھا۔ گزشتہ روز سے وہ مجاوروں سے خوش نہ تھیں۔ ہوا یہ کہ درگاہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے سجادہ نشین خواجہ حسن نظامی ثانی صاحب نے تصوف کانفرنس کے مندوبین کو رات کے کھانے پر مدعو کیا تھا۔ کھانے سے پہلے 'خواجہ ہال' میں صوفیانہ موسیقی کا پروگرام ہوا اور پھر ہم کو درگاہ پر لے جایا گیا۔ جب ہم وہاں پہنچے تو معلوم ہوا کہ خواتین کو حضرت نظام الدین اولیاءؒ اور امیر خسروؒ کے مزار کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت نہیں۔ باقی خواتین تو یہ جان کر چپ رہیں اور باہر سے ہی دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیے لیکن مادام افضل توصیف کو آپ جانتے ہیں۔ وہ بے انصافی اور اونچ نیچ کے خلاف احتجاج کیے بغیر بغیر نہیں رہتیں۔

''نہیں۔۔۔ میں اجمیر شریف نہیں جاؤں گی'' مادام نے جواب دیا۔

''میرا ارادہ بھی نہیں ہے'' میں نے ان کو بتایا۔

میں تو کل صبح امرتا جی کی تعزیت کے لیے ان کے گھر جاؤں گی اور شاید ایک دن وہیں رہوں گی۔

مجھے معلوم تھا کہ امرتا پریتم پاکستانی ادیبوں میں سب سے زیادہ افضل توصیف کو چاہتی تھیں۔ لہٰذا ممکن نہ تھا کہ وہ دہلی آئیں اور امرتا پریتم کی تعزیت کے لیے نہ جائیں۔ کل دوپہر کو پٹیالہ یونیورسٹی کے رجسٹرار مادام افضل توصیف سے ملنے آئے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ مادام کے پاس امرتا پریتم کے جو خطوط' تصاویر اور دوسری چیزیں ہیں' وہ ان کی یونیورسٹی میں قائم ہونے والے 'امرتا پریتم میوزیم' کے لیے دے دی جائیں۔ ایسا ہی میوزیم امرتسر کی گورونانک یونیورسٹی بھی بنا رہی ہے۔ اس نے بھی اس سلسلے میں مادام افضل توصیف سے رابطہ کر رکھا ہے۔ یوں وہ الجھن میں تھیں کہ امرتا پریتم کی امانتیں کس کو سونپیں۔

''امرتا جی کے گھر! تو کیا آپ دس پندرہ منٹوں کے لیے مجھے ساتھ نہ لے جائیں گی؟''

دوسرے روز ہم گیسٹ ہاؤس سے صبح دس بجے نکلے۔ یہ گیسٹ ہاؤس مہاتما گاندھی کی سمادھی کے چاروں طرف پھیلے ہوئے وسیع و عریض پارک میں واقع ہے۔ پارک کے اس حصے کو "گاندھی درشن" کہتے ہیں۔ وہاں مہاتما گاندھی کی یادگاروں کے لیے ایک میوزم بھی بنا ہوا ہے۔ جونہی ہم باہر آئے تو معلوم ہوا کہ پارک کا گیٹ بند ہے۔ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم خالدہ ضیاء مہاتما گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانے آئی ہوئی تھیں اور سکیورٹی کے تقاضوں کے تحت گیٹ بند تھے۔ خیر، یہ مرحلہ دس پندرہ منٹوں میں طے ہوا اور ہم رکشہ لے کر نئی دہلی کے متوسط طبقے کی بستی 'حوض خاص' K-25 کی طرف روانہ ہوئے۔

یہ درختوں اور بیلوں میں چھپا ہوا ایک اُداس سا گھر تھا۔ گیٹ سے گزر کر جب میں نے گھنٹی بجائی تو القاء نے دروازہ کھولا اور مادام سے لپٹ کر رونے لگیں۔

پھر انہوں نے میری طرف دیکھا۔

"آیئے۔۔۔۔ اندر آ جایئے" میزبان نے دعوت دی۔

"قاضی صاحب" مادام نے کہا "یہ امرتا جی کی بہو ہیں۔۔۔ القاء"۔

"بہت پیارا نام ہے۔ روسی ہے شاید" میں نے کہا "اس گھر کے سب لوگ ہمارے جانے پہچانے کردار ہیں۔ میں پہلی بار یہاں آیا ہوں۔ لیکن مجھے معلوم تھا کہ ہم نے بالائی منزل پر جانا ہے۔ امروز ہم کو وہیں ملیں گے۔"

امروز یہ باتیں سُن رہے تھے۔

"ہاں! میں آپ کا انتظار کر رہا تھا" امروز نے خوش دلی سے کہا۔ معلوم ہوا کہ مادام نے ان کو مطلع کر دیا تھا۔

ہم راہداری میں کھڑکی کے ساتھ لگی کھانے کی میز کے گرد بیٹھ گئے۔ امروز نے بتایا کہ امرتا پریتم ہمیشہ اس میز پر کھانا کھایا کرتی تھیں۔ بے تکلف دوستوں سے باتیں بھی یہیں ہوا کرتی تھیں۔

"خوب! بے تکلف دوستوں کا اعزاز ہم کو بھی مل گیا۔" میں نے دل ہی دل میں کہا اور امروز کی طرف دیکھا۔ وہ مصور جس نے پنجابی ادب کی ہزار سالہ تاریخ کی سب سے بڑی شاعرہ کے ساتھ چالیس پینتالیس سال گزارے۔ اس کی سینکڑوں تصویریں بنائیں اور اپنا تعلق یوں نبھایا کہ جہاں امرتا کا نام آتا ہے وہاں اس کا بھی نام لیا جاتا ہے۔

پنجابی کرتا (کانفرنس میں شرکت کرنے والے بنگلہ دیش کے پروفیسر ڈاکٹر مصطفیٰ زمان عباسی نے ہم کو بتایا کہ بنگال میں کرتے کو "پنجابی" کہتے ہیں) پتلون اور جوگرز پہنے ہوئے امروز تھوڑی دیر کے بعد مجھے بتانے لگے تھے کہ وہ زندگی کے 80 سال گزار چکے ہیں۔ (وہ امرتا پریتم سے چھ سال چھوٹے تھے) دیکھنے میں وہ 65 سے زیادہ نہیں لگتے تھے۔ سادہ، شائستہ، مہذب اور سراپا محبت اور ہاں بے حد منکسر المزاج بھی۔

انہوں نے خود ہی بات شروع کی

"بچپن میں کوئی میرا نام پوچھتا تو میں جواب میں 'لوک گیت' بتاتا۔ اصل میں لوک گیت کسی کا نہیں ہوتا، مگر سب کا ہوتا ہے۔ ابھی میں دس سال کا ہی تھا کہ والدہ فوت ہو گئیں (امرتا گیارہ سال کی عمر میں والدہ کی شفقت سے محروم ہوئی تھی) مجھے ماں کی تلاش تھی۔ مجھے امرتا مل گئی۔ ہم دونوں مل کر گھنٹوں آوارہ گردی کرتے، سارا وقت اکٹھے گزارتے۔ بہت سا سمے بیت گیا۔ تب ایک روز اس نے مجھے کہا کہ ہم دن بھر اکٹھے رہتے ہیں، کیوں نہ اکٹھے ہی رہیں۔ بھلا مجھے کیا اعتراض تھا۔ ہم اکٹھے رہنے لگے۔ ان دنوں امرتا اپنے پہلے خاوند سے الگ ہو چکی تھی۔ اصل میں وہ لاہور میں قیام کے زمانے سے ہی اس سے نالاں تھی اور طلاق مانگتی تھی۔ ایف سی کالج کا پروفیسر لطیف اس کا دوست تھا۔ امرتا اس کو سب باتیں بتایا کرتی تھی۔ اس نے مشورہ دیا کہ اس سماج میں عورت کا اکیلے رہنا آسان نہیں۔ لہٰذا پہلے کوئی سہارا ڈھونڈو، پھر طلاق لو۔ امرتا نے ساحر (لدھیانوی) کا سہارا لینا چاہا لیکن وہ کمزور آدمی تھا۔ امرتا کو آگے بڑھتا دیکھ کر پیچھے ہٹ گیا۔"

امروز کو معلوم تھا کہ جو کوئی ان سے ملنے آتا ہے، وہ ان کی اور امرتا کی زندگی کے حالات میں دلچسپی رکھتا ہے اور جاننا چاہتا ہے کہ انہوں نے امرتا پریتم کے ساتھ لگ بھگ نصف صدی کا عرصہ کیونکر گزارا تھا۔

القاء نے مشروبات سے ہماری تواضع کی تھی۔ وہ میز سے خالی گلاس اٹھانے لگیں تو میں نے گھڑی کی طرف دیکھا۔ مجھے یہاں آئے ہوئے تیس منٹ گزر چکے تھے۔

"خدایا!" میں نے کہا "مجھے اجازت لینی چاہیے۔"

مادام افضل توصیف سے میں نے پندرہ منٹ ٹھہرنے کی بات کی تھی۔

"قاضی جاوید" امروز نے کہا "کھانے سے پہلے آپ نہیں جا سکتے۔"

"ہاں بھائی صاحب یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کھانے کے بغیر چلے جائیں۔ میں بنا رہی ہوں۔ بس تھوڑی دیر میں تیار ہو جائے گا" یہ القاء کی آواز تھی۔

دونوں کے لہجے میں خلوص تھا' اپنائیت اور محبت تھی مگر میرے پاس اس شہر میں رہنے کے لیے صرف دو تین دن تھے اور یہ شہر بہت بڑا تھا۔ بہت کچھ تھا وہاں دیکھنے کے لیے۔ میرا ارادہ تھا کہ یہاں سے اُٹھوں اور ٹیکسی لے کر سیدھا پرانے شہر کی کسی گلی کی نکڑ پر اتر جاؤں اور پھر شام تک آوارہ گردی کروں۔ دِلّی کی گلیاں دیکھوں۔۔۔ان کوچوں سے گزروں جو میر صاحب کو اوراق مصور دکھتے تھے اور دوپہر کا کھانا جامع مسجد کے سامنے والی گلی میں واقع 'کریم ہوٹل' میں کھاؤں جس کی دھوم تھی۔ دوسرے دن دوپہر کا کھانا گجرات کے ڈاکٹر اظہر محمود اور پنجاب یونیورسٹی کے ڈاکٹر محمد سعید خواجہ کے ساتھ میں نے اسی ہوٹل میں کھایا۔ مگر وہ اپنی شہرت کے برعکس بس یونہی سا تھا۔ البتہ اس سے اگلی رات احسان اکبر' احمد سعید ہمدانی اور میں نے جامع مسجد کے دروازے کے سامنے کباب کھائے جو واقعی مزیدار تھے۔ خیر' پروگرام اب الٹ پلٹ گیا۔ میں ان نیک روحوں کی بات کیسے ٹالتا۔ مادام نے بھی اب ان کی تائید کی تھی۔

امروز نے دوبارہ بات شروع کی:

''میں فیصل آباد میں پیدا ہوا تھا اور لاہور کے میوسکول آف آرٹس میں تعلیم پائی تھی۔ تقسیم ہند کے بعد میرا خاندان امرتسر کے ایک نواحی گاؤں میں آباد ہو گیا۔ یہ گاؤں امرتسر سے پانچ سات میل کے فاصلے پر ہے۔ جب میں اور امرتا مل کر رہنے لگے تو میں نے اپنے ماں باپ سے اس بارے میں کوئی بات نہ کی تھی۔ میرے حصے میں جو آبائی زمین آئی' وہ میں نے اپنے بھائیوں کو دے دی تھی۔۔۔وہ خوش تھے۔ ماں باپ کی تو بات ہی اور ہے۔''

امروز نے کھڑکی سے باہر جھانکا۔ نیچے صحن میں لگی ہوئی بوگن ویلیا کی دو بیلوں کی شاخیں سامنے کی دیوار سے لپٹی ہوئی تھیں۔ مارچ کے تیسرے ہفتے میں دہلی میں گرمی کا ہلکا سا احساس ہونے لگا تھا۔ وہاں کا درجہ حرارت عموماً لاہور سے زیادہ رہتا ہے۔ (مثلاً 14 اپریل کو لاہور میں درجہ حرارت 12 اور 34 درجے سینٹی گریڈ تھا جبکہ دہلی میں 22 اور 37 تھا)

''میرے گھر والے امرتا سے نہ ملے تھے'' امروز نے بات جاری رکھی'' تین چار سال گزر گئے۔ پھر ہم دونوں ایک مشاعرے میں شرکت کی غرض سے امرتسر گئے تو میں نے امرتا سے کہا کہ چلو ہم ان لوگوں سے مل آئیں۔ ہم گئے تو وہ سب خوش ہوئے۔ امرتا سب کے دل کو بھائی تھی اور میں تو تھا ہی ان کا لاڈلا۔۔۔میری دادی زندہ تھی۔ وہ اوروں سے زیادہ خوش ہوئی۔ کہنے لگی کہ امروز جو کرتا ہے' اچھا کرتا ہے۔''

ہم دنوں ۔۔۔۔ مادام اور میں ۔۔۔ یہ باتیں دلچسپی سے سُن رہے تھے۔ یہ سیدھی سیدھی باتیں تھیں اور سچی بھی۔ القاء اب باورچی خانے میں تھیں اور باورچی خانہ میرے پیچھے تھا۔ سنگترے، کیلے اور کالے انگور رکھے تھے (جی ہاں مارچ میں امرتسر اور دہلی میں ہر جگہ انگور دستیاب تھا مگر سرحد کے اس پار پھل نہ تو لاہور کی طرح بہتات سے ہوتا ہے اور نہ ہی لاہور جیسا خوش رنگ اور خوش ذائقہ)۔ میں نے دو سنگترے اُٹھائے۔ ایک مادام کو پیش کیا اور دوسرے کو چھیلنے لگا۔ کمرے میں سٹینڈ پر آویزاں درجنوں تصاویر پر میں نے نگاہ دوڑائی اور پھر کھڑکی سے باہر بوگن ویلیا کی بیلوں کو دیکھنے لگا جو سرسبز تھیں مگر ان پر پھول نہ تھے۔

''یہ گھر'' امروز نے موضوع بدلا۔ ہم نے 1962 میں بنایا تھا۔ اس سال امرتا کی ایک کتاب پر ساہتیا اکادمی کی طرف سے چھ ہزار روپے کا انعام ملا تھا (مجھے خوشونت سنگھ یاد آئے ۔۔۔۔ وہ امرتا کے پرانے دوست ہیں، امرتا کی وفات پر انہوں نے اپنے ایک مختصر مضمون میں لکھا تھا کہ ''امرتا پریتم نے یہ انعام زبردستی حاصل کیا تھا۔ قصہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ انعام کا فیصلہ کرنے والی کمیٹی کی رکن تھیں۔ کمیٹی کے اجلاس میں ان کی کتاب کی حمایت اور مخالفت کرنے والے ارکان کی تعداد برابر تھی۔ اس پر امرتا نے اپنا ووٹ اپنی کتاب کے حق میں دے کر انعام حاصل کر لیا تھا)

''انعام کی رقم ملی تو ہم نے یہ پلاٹ خرید لیا'' امروز ہم کو بتا رہے تھے'' پھر ایک ایک پیسہ جوڑ کر مکان بنانے میں جت گئے۔''

''یہ اچھا گھر ہے۔ آبادی بھی صاف ستھری ہے۔''

"And the neighbours must be proud of the residents of this house."

''نہیں جی! فخر کہاں کرتے ہیں! پہلے یہاں اور قسم کے لوگ رہتے تھے اور یہ جگہ بھی کبھی ویران تھی بلکہ سامنے پرانا کنواں بھی تھا۔ اب چاروں طرف لوگ ہی لوگ ہیں اور سب نو دولتیے ہیں۔ ان کو بھلا ادب اور مصوری سے کیا دلچسپی۔ ہم پر ناک منہ چڑھاتے ہیں۔ بعض تو اتنے بدتمیز ہیں کہ کوڑا ہمارے گیٹ کے آگے پھینک جاتے ہیں۔''

''مکان کی ایک منزل بن گئی تھی۔ ہم یہاں رہنے لگے۔ ہمارے دونوں بچے سکول میں پڑھتے تھے۔ میں ان کو سکوٹر پر لے جاتا۔ یہیں ایک ہفتے میں دو بار چالان ہو گیا کیوں کہ سکوٹر پر صرف ایک بچے کو بٹھانے کی اجازت ہے۔ آخر تنگ آ کر میں نے امرتا سے کہا کہ کیوں نہ ہم موٹر خرید لیں۔ موٹر دس ہزار روپے میں آتی

تھی۔ پانچ ہزار اس نے ڈالے پانچ ہزار میں نے۔ پر ہم دونوں نے یہ رقم بڑی مشکل سے اکٹھی کی تھی۔''

زندگی کے سفر میں آہستہ آہستہ آگے بڑھنے کے نمایاں مرحلوں کو امروز دل جمعی کے ساتھ بیان کر رہے تھے۔ ظاہر ہے کہ جب محبوب شریکِ حیات 80 سال کی عمر میں اکیلا چھوڑ جائے تو وہ ناسٹلجیا میں جیئے گا۔

مادام افضل توصیف نے گزشتہ روز پٹیالہ یونیورسٹی کے رجسٹرار سے ہونے والی ملاقات کا ذکر کیا اور بتایا کہ پٹیالہ اور امرتسر دونوں شہروں کی یونیورسٹیاں ان سے امرتا پریتم کے خطوط' تصاویر اور دوسری اشیاء مانگ رہی ہیں' وہ کس کو دیں' کس کو مایوس کریں۔ امروز کی رائے یہ تھی کہ وہ ایک یونیورسٹی کو اصل چیزیں دے دیں اور دوسری کو نقل فراہم کر دیں۔''

''بس یہی ایک طریقہ ہے دونوں سے نپٹنے کا۔'' انہوں نے کہا تھا۔۔۔ میں نے تائید کر دی۔

امروز اُٹھ کر دوسرے کمرے میں گئے اور امرتا کی ایک فریم شدہ تصویر لے کر آئے جس پر ان کی مشہور نظم ''اج آکھاں وارث شاہ نوں'' گورمکھی سکرپٹ میں لکھی ہوئی تھی۔ مادام شاید یہ سکرپٹ پڑھ لیتی ہیں۔ میں اس معاملے میں بالکل کورا ہوں۔ نظم کے چند مصرے امروز نے پڑھ کر سنائے۔

''واہ کیا نظم ہے'' میں نے کہا۔۔۔۔ ''اس نے اپنے خالق کو ابدیت بخش دی ہے۔''

''ہاں! لیکن اس پر اعتراض بھی بہت ہوئے ہیں'' امروز دوبارہ ماضی کی طرف بھاگ رہے تھے۔ ''بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ امرتا نے اس میں صرف چناب کی بات کی ہے' بیاس کا نام کیوں نہیں۔ وہ بھی تو لہو رنگ ہوئی تھی۔ چناب کا نام لے کر امرتا نے غیر مسلموں کے ساتھ ہونے والے ظلم کی دہائی دی ہے۔ مسلمانوں کے ساتھ ہونے والا ظلم بھلا دیا ہے۔ خیر' یہ لوگوں کی باتیں ہیں۔ ویسے میں آپ کو بتاؤں کہ کئی سکھ بھی اس نظم سے خوش نہیں۔ وہ سوال کرتے ہیں کہ امرتا نے ظلم کی دہائی دینے کے لیے وارث شاہ کو کیوں پکارا ہے۔ گورونانک جی کو آواز کیوں نہیں دی؟''

''لوگ کسی بات سے مطمئن نہیں ہوتے۔ یہ نظم جیسی ہے' لاجواب ہے'' مادام نے رائے دی۔

''امرتا کہتی تھی کہ اب یہ نظم اس کی نہیں رہی' پنجاب کے لوگوں کی ہو گئی ہے۔ بمبئی کے ایک ڈائریکٹر نے امرتا کے ایک ناول پر فلم بنائی تھی۔ ایک دن اس نے فون پر امرتا سے یہ نظم بھی فلم میں شامل کرنے کی اجازت طلب کی اور یہ بھی پوچھا کہ وہ اس کا کتنا معاوضہ لیں گی۔ امرتا نے جواب دیا کہ یہ نظم اب اس کی نہیں رہی' سب کی ہو گئی ہے۔ اور جو شے سب کی ہو' اس کا معاوضہ نہیں ہوا کرتا۔ اس فلم میں زہرہ نگاہ کی ایک نظم بھی شامل

ہے۔ اس کے لیے ڈائریکٹر نے زہرہ نگاہ سے رابطہ کیا اور معاوضے کی بات کی۔ زہرہ نگاہ نے جواب دیا کہ یہ فلم امرتا جی کے ناول پر بن رہی ہے۔ میں اس میں اپنی نظم کا کوئی معاوضہ نہ لوں گی۔''

سکھوں کی بات پھر سے ہونے لگی۔ میں نے کہا کہ سکھ امرتا جی پر فخر کرتے ہیں۔ یہ معمولی بات نہیں کہ پنجاب کی دو یونیورسٹیاں ان کی یادگار بنا رہی ہیں اور ان کے کام کو محفوظ کر رہی ہیں۔ ہمارے ہاں تو کسی کو مثال کے طور پر فیض صاحب کی کوئی شے محفوظ کرنے کی توفیق نہیں ہوئی۔

''ٹھیک ہے' سکھ امرتا پر فخر کرتے ہیں'' امروز نے جواب دیا۔ وہ خود بھی سونے سکھ ہیں۔

''پہلے لڑتے بھی تھے۔ چالیس سال پہلے جب بابا نانک کا پانچ سو سالہ جنم دن منایا گیا تو انہوں نے امرتا سے اس موقع کے لیے نظم لکھنے کو کہا۔ امرتا نے جواب دیا کہ وہ آرڈر پر نظم نہیں لکھ سکتی مگر پھر ایک واقعہ ہو گیا۔ اصل میں ان دنوں ہمارا بیٹا (نوراج جس کو گھر میں شیلی کہتے ہیں) بروڈہ گیا ہوا تھا اور اس نے اپنی خیریت کی اطلاع نہ دی تھی۔ امرتا سخت پریشان تھی۔ بار بار بروڈہ فون کر رہی تھی۔ وہ تین دن اسی الجھن میں گزر گئے۔ پھر ایک رات نوراج کا فون آ گیا۔ 'ماں' کا لفظ سنتے ہی وہ اچھل پڑی۔ بعد میں کہنے لگی کہ مجھے اپنے بیٹے کا اس قدر خیال ہے تو نانک کی ماں کو کتنا ہوگا۔''

''تب اس نے نو حصوں پر مشتمل نظم لکھی جس میں بابا نانک کے Concieve ہونے سے لے کر ان کی والدہ کے دردِ زہ تک کی کیفیات بیان ہوئی ہیں مگر سکھوں نے اس نظم کو پسند نہ کیا۔''

''شاید وہ اس نظم کو غیر ضروری طور پر شوخ یا گستاخ سمجھ رہے ہوں گے'' میں نے بات بڑھائی۔

امروز نے بات جاری رکھی۔

''پرانے خیال کے سکھ اب بھی اس سے خوش نہیں ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ امرتا سگریٹ پیتی اور بال کٹواتی تھی۔''

مادام نے یاد دلایا کہ امرتا جی کے والد کے ساتھ بھی ایک مرتبہ اس قسم کا واقعہ پیش آیا تھا۔

''ہاں'' امروز کو نیا موضوع مل گیا۔ ''وہ مشہور واقعہ ہے۔ اصل میں امرتا کے پتا جی سکھ مبلغ تھے اور سلائیڈوں کے ذریعے بابا نانک کی زندگی اور فکر کی تعلیمات بتایا کرتے تھے۔ ایک روز وہ ننھی امرتا کو ساتھ لے کر ایک گوردوارے میں گئے اور سلائیڈیں دکھا رہے تھے کہ ایک وہاں آ نکلا۔ اس کو بڑا غصہ آیا۔ چلا کر کہنے لگا ''بند کر یہ تماشا۔۔۔ یہ سینما یہاں نہیں چلے گا'' اس پر امرتا کے باپ نے اپنا سامان سمیٹا اور وہاں سے

آ گئے۔ اس کے بعد نہ کبھی وہ کسی گوردوارے گئے اور نہ ہی تبلیغ کی۔ وہ کہتے تھے کہ ''ان کم بختوں کو کوئی تعلیم نہیں دے سکتا۔''

القا پلیٹیں اٹھائے آئیں اور میز پر رکھنے لگیں۔ کھانا اب سرد ہونے کو تھا۔ ایک بج چکا تھا۔ کھانے کے فوراً بعد میزبان سے رخصت مانگنا مجھے کبھی اچھا نہیں لگا۔ لیکن آج میرا ارادہ یہی تھا۔ اس لیے میں نے گفتگو کا رُخ انجام کی طرف موڑنا چاہا۔ مادام افضل توصیف بظاہر اطمینان سے بیٹھی تھیں لیکن مجھ کو معلوم تھا کہ ان کے دل میں اس گھرانے کے مستقبل کے بارے میں کئی وسوسے ہیں۔ وہ کئی باتیں کہنا چاہتی تھیں اور کئی باتیں سننا چاہتی تھیں مگر فی الحال خاموش تھیں۔

''اب امرتا جی نہیں رہیں تو آپ کو کیا لگتا ہے؟'' میں نے اس مصور سے پوچھ لیا جس نے زندگی اس شاعرہ کے لیے وقف کر رکھی تھی اور اب امرتا کی وفات کے ساڑھے چار ماہ بعد ان کی یادوں کے ہجوم سے نکلنے کی راہ نہ پا سکا تھا۔

''کوئی تبدیلی نہیں آئی۔۔۔ لگتا ہے کہ وہ یہیں ہے۔۔۔ پہلے کی طرح۔''

''گویا ان کی Physical Presence ضروری نہ تھی؟''

''نہیں۔۔۔ یہ بات نہیں۔۔ مجھے لگتا ہے کہ وہ اب بھی یہیں ہے۔''

القاء میز پر چھریاں کانٹے رکھ رہی تھیں۔ انہوں نے اپنے سسر کی بات کی توثیق کی۔ ''ہمیں تو لگتا ہی نہیں کہ وہ چلی گئی ہیں۔۔ وہ یہیں ہیں جی۔۔ ہمارے پاس۔''

''بالکل'' امروز نے لقمہ دیا ''اس نے کہا تھا کہ مجھے مرنے کے بعد نہلانا مت۔ نہ ہی کوئی مذہبی رسم ادا کرنا۔ وہ ہر وقت پاک صاف رہتی تھیں۔ بھلا اس کو نہلانے کی کیا ضرورت تھی۔ ہم نے ایسے ہی کیا۔ دوست پوچھتے تھے کہ اس کی بعد از مرگ رسوم کب ادا ہوں گی۔ میں ان کو جواب دیتا کہ زندگی میں وہ کونسی رسوم ادا کرتی تھیں جواب ہم اس کی رسمیں ادا کریں گے۔ اس کی موت پر جلسے ہوئے۔ میں نے وہاں کہہ دیا کہ جلسے میں کوئی افسوس نہ کرے گا۔''

اس موقع پر مادام افضل توصیف نے امروز کو امرتا کی وصیت یاد دلائی اور پوچھا کہ آیا اس پر عمل ہوا ہے یا نہیں۔ امرتا نے وصیت یہ کی تھی کہ جب اس کا کریا کرم ہو تو اس کا قلم بھی ساتھ رکھ دیا جائے۔ امروز کو یہ بات یاد نہ رہی تھی۔ گویا اس پر عمل نہیں ہوا تھا لیکن القاء نے مداخلت کی اور بتایا کہ اس کو یہ وصیت یاد تھی اور جب

امرتا کے مردہ جسم کو گھر سے لیجانے لگے تھے تو اس نے اپنے بیٹے کے ذریعے قلم ڈیڈ باڈی کے ساتھ رکھوا دیا تھا۔

القاء سوپ لے کر آئی تھیں۔ سبزیوں کا سوپ جو گلاسوں میں پیش کیا گیا۔

''آج کل کیا مصروفیات ہیں؟'' میں نے امروز سے پوچھا۔

''جب سے امرتا گئی ہے' میں نے نظمیں کہنا شروع کر دی ہیں۔ بہت سی نظمیں ہو گئی ہیں۔ ان کا ایک مجموعہ پریس میں ہے۔ میں نے اس کا عنوان 'جشن جاری ہے' رکھا ہے۔''

''خوب! آپ شاعر ہو گئے۔ کتاب کب آ رہی ہے۔۔۔ کیا دو تین مہینوں میں؟''

''نہیں مہاراج۔۔۔ بس ایک دو ہفتوں میں آ جائے گی۔''

ہم تینوں سوپ پینے لگے۔ پھر القاء نے کھانا چن دیا۔ دال' سبزی' رائتہ اور دہلی کی چھوٹی چھوٹی روٹیاں' میٹھے کا دہی۔

امروز کو اپنی نظموں سے بڑی دلچسپی تھی۔ انہوں نے دو تین نظمیں سنائیں۔ وہ بار بار کہہ رہے تھے کہ ''امرتا کو خبر نہیں کہ میں شاعر بن گیا ہوں۔ ان کے لہجے میں ولولہ تھا اور تاسف بھی۔''

''تو کیا پینٹنگ کا قصہ تمام ہوا؟''

''نہیں۔۔۔ نہیں'' امروز نے جواب دیا ''ہاں پہلے سا جوش نہیں۔ بہت سال ہوئے امرتا نے ایک بار کہا تھا کہ امروز تم عورتوں کی تصویریں بناتے ہو' لیکن صرف ان کے بدن کا حسن دکھاتے ہو۔ Woman with mind تم نے کبھی پینٹ نہیں کی۔ اس کے بعد سے میری تصویروں میں نسوانی جسم کا حسن ہے تو سہی لیکن Mind زیادہ اہم ہو گیا ہے۔''

مادام نے اور میں نے کھانے کی تعریف کی۔

امروز کہنے لگے کہ امرتا پریتم ہمیشہ خود کھانا پکایا کرتی تھیں۔ گھر میں کوئی ملازم نہ تھا۔ البتہ 'شادی' سے پہلے انہوں نے خود کبھی نہ پکایا تھا۔ بعد میں انہوں نے ہم کو ایک تصویر دکھائی جس میں امرتا نے پہلی بار کھانا پکایا تھا اور دونوں مل کر کھا رہے تھے۔ ان کو ماضی کا ایک واقعہ بھی یاد آ گیا۔ دونوں بمبئی کے تاج محل ہوٹل کی ایک دعوت میں شریک تھے۔ کھانا جاری تھا۔ ایک کے بعد دوسرا کورس شروع ہو رہا تھا۔ ہم بور ہو گئے۔ میں نے امرتا سے کہا کہ آؤ گھر چلیں اور بھنڈیاں کھائیں۔ وہ اٹھ کر باہر آ گئی۔

کھانے سے فارغ ہوئے تو امروز ہم کو امرتا کے کمرے میں لے گئے۔ یہ کارنر میں بنا ہوا چھوٹا سا کمرہ تھا۔ دس فٹ لمبائی چوڑائی کے اس کمرے میں پرانے طرز کا ایک پلنگ تھا۔ ایک صوفہ اور دیوار میں ایک الماری تھی جس میں چند کتابیں رکھی ہوئی تھیں۔ دوسری طرف ایک کھڑکی تھی۔

مادام افضل توصیف کے لیے یہ ایک ہیجانی لمحہ تھا۔ وہ اس کمرے میں کئی بار سارے پنجابیوں کے دل پر راج کرنے والی امرتا پریتم سے مل چکی تھیں۔ وہ امرتا جو خود مادام کی زبردست مداح تھیں۔ انہوں نے مادام پر ایک کتاب بھی لکھی تھی۔

مادام کی جذباتی کیفیت کو بھانپتے ہوئے میں نے کمرے میں زیادہ ٹھہرنا مناسب نہ سمجھا۔ ان کو لے کر ملحقہ ڈرائنگ روم میں آ گیا جو گھر کے دوسرے کمروں کی طرح امرتا کی تصویروں سے اٹا پڑا تھا۔

''امروز جی! بے حد شکریہ اس محبت اور مہربانی کا جو آپ نے دی۔ میں اب رخصت چاہتا ہوں۔''

''مہربانی آپ نے کی جو یہاں تک چلے آئے ہیں لیکن ایک منٹ رکیے۔ میں آپ کو اپنی چند نظمیں دینا چاہتا ہوں۔''

وہ دوسرے کمرے میں گئے اور پانچ منٹ بعد لوٹے تو ان کے ہاتھ میں ایک کاغذ تھا جس پر اُردو میں چار پانچ نظمیں لکھیں تھیں۔ انہوں نے یہ کاغذ میری طرف بڑھایا۔

یہ نظمیں ہیں جو میں نے 30 اکتوبر 2005 کو امرتا کی وفات کی شام لکھی تھیں۔

اس انمول یادگار کے لیے میں نے امروز کا شکریہ ادا کیا اور الوداعی مصافحہ کے لیے ہاتھ آگے بڑھایا۔ مگر امروز مجھے وہیں سے رخصت کرنے پر آمادہ نہ تھے۔ ''میں آپ کو نیچے تک چھوڑ کر آؤں'' انہوں نے کہا۔

میں نے القاء اور مادام کو خدا حافظ کہا۔ مادام ابھی وہیں ٹھہرنے والی تھیں۔

میں امروز کو زحمت نہیں دینا چاہتا تھا مگر وہ مانے نہیں۔ ہم دوسری منزل سے نیچے آئے۔ میں نے مصافحہ کے لیے دوبارہ ہاتھ بڑھایا۔ انہوں نے ہاتھ پکڑ لیا اور ہم چلتے ہوئے گیٹ سے باہر آ گئے پھر ہم چلتے ہوئے تقریباً دو سو میٹر کے فاصلے پر شاہراہ پر پہنچے جہاں سے مجھے رکشہ یا ٹیکسی مل سکتی تھی۔

''آپ کہاں جائیں گے؟''

''اب تین بجنے کو ہیں۔ اس لیے راج گھاٹ کے گیسٹ ہاؤس جاؤں گا۔''

رکشے میں بیٹھنے سے پہلے ہم گلے ملے۔

''یہ ملاقات'' میں نے امروز سے کہا۔۔۔۔''مجھے یاد رہے گی۔''

ڈاکٹر گوپی چند نارنگ

امرتا پریتم

امرتا پریتم اعلیٰ صلاحیتوں کی حامل ادیبہ ہیں اور انھوں نے اپنی زندگی ہی میں ایک لیجنڈ کی حیثیت اختیار کر لی تھی۔ خاص طور پر تقسیم ہند پر اپنی نظم 'اج آکھاں وارث شاہ نوں تو قبراں وچوں بول' کی اشاعت کے بعد وہ ادب کے آسمان پر ایک ستارہ بن کر چمکیں۔ یہ نظم تقسیم کے فسادات میں ہونے والے خون خرابے میں عورتوں کی حالت زار کی عکاسی کرتی ہے۔ اصل میں امرتا نے وارث شاہ اور دوسرے عظیم پنجابی شاعروں کی روح سے خطاب کیا کہ انھوں نے رومانی داستانوں کے ہیروؤں کی تکلیف کو محسوس کیا اور اس پر غم و غصے کا اظہار کیا لیکن یہاں تو ایک پوری نسل انسانی ذبح کر دی گئی۔ انھیں چاہیے کہ وہ اپنی قبروں سے باہر آئیں اور پنجاب کی مظلوم بیٹیوں کی فریاد سنیں۔ یہ نظم انڈیا کی تقریباً سبھی زبانوں میں ترجمہ ہوئی اور راتوں رات کلاسیک کا درجہ حاصل کر گئی۔ امرتا پریتم کا ایک کے بعد دوسرا مجموعہ شائع ہوتا رہا اور وہ ایک ثقافتی علامت کی حیثیت اختیار کر گئیں۔

امرتا ایک سادہ اور منکسر المزاج انسان تھیں، بہت شائستہ اور دبلی پتلی، لیکن اندر سے شخصیت بہت مضبوط اور دلیر۔ انھوں نے ایک ساتھ بہت سے محاذوں پر جنگ لڑی اور کسی بھی جگہ اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انھوں نے شاعری اور نثر دونوں ہی میدانوں میں بہت لکھا اور اپنے رسالے 'ناگ منی' سے پنجابی لکھاریوں کی ایک نسل کو متاثر کیا۔ عورتوں اور مظلوم طبقات کے لیے جنگ کرنے والی امرتا پریتم نے جس بہادری اور نڈری سے ساحر لدھیانوی کے ساتھ اپنے عشق کا اعتراف کیا، وہ ایشیائی عورت کی آزادی اور آزاد ارادے کے حوالے سے ان کے حوصلے اور بلند ہمتی کی دلیل ہے۔ وہ اب ہم میں نہیں ہیں لیکن ان کی روایت باقی رہے گی۔

☆☆☆☆

محمد منشا یاد

امرتا پریتم کی یاد میں

اکتوبر ۰۵ء کی آخری شام پنجابی کی مہان شاعرہ امرتا پریتم کی زندگی کی بھی آخری شام تھی۔

امرتا پریتم صرف پنجابی کی شاعرہ اور ادیبہ نہیں تھیں ان کی تقریباً ساری کتابیں اُردو، ہندی اور دنیا کی بہت سی زبانوں میں ترجمہ ہوتی رہیں اور وہ ایسی شاعرہ تھیں کہ ان کی نظمیں دوسری زبانوں میں ترجمہ ہو کر بھی اپنا تاثر برقرار رکھتی ہیں۔ دنیا بھر میں انہیں احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ پاکستان میں بھی ایسا کون سا پڑھا لکھا اور صاحب ذوق شخص ہوگا جو امرتا پریتم کے نام، مقام اور ان کے وارث شاہ کو مخاطب کر کے کہے ہوئے اشعار سے ناواقف ہو۔ سن سینتالیس کی تقسیم کے فرقہ وارانہ فسادات پر ہر شاعر، ادیب اور حساس تخلیق کار نے اپنے رنج اور دکھ کا اظہار کیا مگر امرتا پریتم کا انداز اور لہجہ سب سے جدا تھا۔ ان کی درد بھری آواز ہر دل میں اتر گئی اور ہمیشہ کے لئے امر ہو گئی۔ ان کی اس طویل اور مشہور نظم کا عنوان ''تواریخ'' اور ذیلی عنوان ''پنجاب دی کہانی'' تھا اور یہ ان کے مجموعہ نویں رت میں شامل تھی اور اس کا وہ ٹکڑا جہاں وہ وارث شاہ کو مخاطب کرتی ہیں تاثر کے اعتبار سے دنیا بھر کی پرتاثیر شاعری کے ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔

گلیوں مٹے گیت پھر تر کلیوں نئی تند

ترنجنوں ٹٹیاں سہیلیاں چرخے گھوکر بند

سنے تیج دے ہیڑیاں لڈن دتیاں روہڑ

سنے ڈالیاں پینگ اج پیلاں دتیاں توڑ

جتھے وجدی سی پھوک پیار دی اوہ ونجھلی گئی گواچ

رانجھے دے سب ویر اج بھل گئے اسدی جاچ

دھرتی تے لہو وسیا قبراں پیاں چون

پریت دیاں شہزادیاں اج وچ مزاراں رون

اج سبھے کیدو بن گئے حسن عشق دے چور

اج کتھوں لیائیے لبھ کے وارث شاہ اک ہور

اج آکھاں وارث شاہ نوں کتوں قبراں وچوں بول

تے اج کتاب عشق دا کوئی اگلا ورقا پھول

اک روئی سی دھی پنجاب دی، توں لکھ لکھ مارے وین

آج لکھاں دھیاں روندیاں، تینوں وارث شاہ نوں کہن

اٹھ دردمنداں دے دردیا، اٹھ تک اپنا پنجاب

اج بیلے لاشاں وچھیاں تے لہو دی بھری چناب

امرتا پریتم پر ہندو اور سکھ شاعروں اور گروؤں کو مخاطب کرنے کی بجائے ایک مسلمان شاعر سید وارث شاہ کو مخاطب کرنے پر اعتراضات بھی کئے گئے۔ مگر امرتا پریتم نے ہمیشہ وہی کیا جسے سچ سمجھا۔ ان کے قلم میں بڑی جرأت تھی اور انہوں نے سچ کے سوا کبھی کچھ نہ لکھا۔ وہ ذاتی زندگی اور رویوں میں بھی سچائی سے کبھی دور نہ ہوئی تھیں۔ جب انہوں نے محسوس کیا کہ ان کی اوائل عمری کی شادی انہیں کوئی خوشی نہیں دے رہی تو انہوں نے نہایت دوستانہ طریقے پر اپنے شوہر کو علیحدگی پر آمادہ کرلیا اور ایک مقررہ تاریخ پر دونوں ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔ امروز ان کی زندگی میں آیا اور وہ سماج کے روایتی بندھنوں سے آزاد رہ کر زندگی بھر ایک دوسرے کا ساتھ دیتے رہے۔ انہوں نے ساحر سے محبت کی مگر کبھی اس کے اعتراف میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کی۔ نہ ہی امروز یا کسی اور سے کچھ چھپایا۔ ایک بار ان کے بیٹے نوراج نے جب اس کی عمر تیرہ برس کی تھی پوچھا۔

''ماما ایک بات پوچھوں، سچ سچ بتا دو گی؟''

''ہاں''

''کیا میں ساحر انکل کا بیٹا ہوں''

''نہیں''

''اگر ہوں تو بتا دیجئے۔ مجھے ساحر انکل اچھے لگتے ہیں''

''ہاں بیٹا۔ مجھے بھی اچھے لگتے ہیں۔ لیکن اگر یہ سچ ہوتا تو میں تم کو ضرور بتا دیتی''

امرتا کہتی ہیں کہ سچ کی اپنی ایک طاقت ہوتی ہے۔ میرے بچے کو یقین آ گیا۔

ساحر لدھیانوی سے ان کی محبت کے بارے میں بہت سی غلط فہمیاں پھیلائی گئیں مگر سچ وہی تھا جو امرتا نے خود بیان کیا ہے۔ رسیدی ٹکٹ میں ایک جگہ وہ لکھتی ہیں:

''لاہور میں جب کبھی ساحر ملنے کے لئے آیا کرتا تھا تو گویا میری ہی خاموشی میں نکلا، خاموشی کا ٹکڑا، کرسی پر بیٹھتا تھا اور چلا جاتا تھا وہ چپ چاپ صرف سگریٹ پیتا رہتا تھا۔ قریب آدھا سگریٹ پی کر راکھ دانی میں بجھا دیتا اور پھر نیا سگریٹ جلا لیتا اور اس کے جانے کے بعد صرف سگریٹوں کے بڑے بڑے ٹکڑے کمرے میں رہ جاتے تھے۔ کبھی ایک بار۔۔۔ اس کے ہاتھوں کا لمس لینا چاہتی تھی لیکن میرے سامنے میرے ہی رواجی بندھنوں کا فاصلہ تھا جو طے نہیں ہوتا تھا''

ملک کی تقسیم سے پہلے جب امرتا لاہور میں ریڈیو پر ملازم تھیں تو ان کے اور معروف ڈراما نگار اور براڈ کاسٹر سجاد حیدر کے بارے میں بھی بہت سی غلط فہمیاں پھیلائی گئیں۔ لیکن ان کی دوستی ہر طرح کی آلائشوں سے پاک صاف تھی۔ وہ سجاد حیدر کو ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد کرتی تھیں۔ ان کے بارے میں وہ کہتی ہیں:

''دونوں ہاتھوں سے تلخیاں بانٹتی ہوئی سب ملاقاتوں میں صرف سجاد کی اس قسم کی ملاقات تھی جو پہلی تھی اور جس کے ساتھ دوستی لفظ آنکھوں کے سامنے جھلملا جاتا تھا۔ جب لاہور میں تھی تو اکثر ملاقات ہوتی تھی۔ کسی ملاقات کے دوران ہونٹوں پر کوئی شوخ لفظ نہیں آیا تھا۔ وہ ملنے آتا تھا تو ایک ادب اس کے ساتھ سیڑھیاں چڑھتا تھا۔ ایک مرتبہ لاہور کی کسی دعوت میں سجاد کے ایک دوست کی بیوی نے مٹھائی بانٹتے وقت سجاد کو بار بار امرتی پیش کی۔ سجاد نے دو ایک مرتبہ تو ہنس کر بات ٹال دی مگر پھر سنجیدہ ہو کر کہنے لگا ''بھابی اس کے نام پر آج تو آپ نے مجھ سے مذاق کیا ہے پھر کبھی نہ کرنا تجھے معلوم نہیں کہ میری محبت میں اس کے لئے پرستش بھی شامل ہے''

امرتا پریتم نے اپنی نظموں، افسانوں اور ناولوں میں زندگی اور معاشرت کی سچی تصویریں پیش کی ہیں۔ ان کا اسلوب نہایت دلکش اور شاندار تھا۔ ان کی فکر روشن تھی اور وہ زندگی کی ترقی پسندانہ اقدار پر یقین رکھتی تھیں۔ ان کی تحریروں میں رنگ، نسل اور عقیدے سے بالاتر ہو کر انسانی معاملات اور خاص طور اپنے عصر کی عورت کے مسائل اور دکھوں کی ترجمانی کی گئی۔ ان کی نظموں میں گیتوں کی مٹھاس اور گیتوں میں غزل کا سا

حسن اور سوز ہوتا۔ اور ان کی نثر بھی شاعرانہ اور پر تاثیر تھی۔ ان کے ناولوں اور افسانوں کے دنیا کی ہر زبان اور اردو میں بھی تراجم ہو چکے ہیں۔ بعض ناولوں پر فلمیں بھی بنیں۔ برصغیر کی تقسیم اور فسادات کے پس منظر میں لکھے ہوئے ان کے ناول ''پنجر'' پر بنی فلم نے حالیہ برسوں میں بڑی کامیابی اور شہرت حاصل کی۔ ان کی کتابوں کی تعداد ایک سو سے زیادہ ہے۔ وہ دہلی سے ایک بہت معیاری پنجابی رسالہ ''ناگ منی'' نکالتی تھیں اور پاکستانی ادیبوں کی تحریروں کو اس میں خاص طور پر شائع کرتی رہتی تھیں حالانکہ یہ بہت محنت طلب اور مشکل کام تھا کیوں کہ وہ خود شاہ مکھی یعنی اردو رسم الخط لکھ پڑھ نہیں سکتی تھیں۔ غالباً امروز پڑھتے جاتے تھے اور وہ ساتھ ساتھ پنجابی گورمکھی میں ترجمہ کرتی جاتی تھیں۔ انہیں بہت سے قومی اور بین الاقوامی ادبی ایوارڈز ملے اور ایک صوبائی زبان پنجابی میں لکھنے کے باوجود ان کا شمار دنیا کے بڑے ادیبوں اور شاعروں میں ہوتا تھا۔

امرتا پریتم ایک کشادہ نظر اور فراخ دل لکھاری تھیں۔ اپنے جونیئرز سے ان کا رویہ ہمیشہ دوستانہ اور مخلصانہ رہا۔ پاکستان کے بہت سے ادیبوں اور شاعروں کو جن سے وہ شفقت اور محبت روا رکھتی تھیں اور جن میں حوصلہ افزائی کے لفظوں کا دان پن کرتی رہتی تھیں، ان کی رحلت، اپنا ذاتی دکھ محسوس ہوا۔ میں بھی ان کے سوگواروں میں شامل ہوں۔ میرے ساتھ بھی وہ بہت شفقت برتتی تھیں۔ 1980ء میں جب میرے افسانوں کا دوسرا مجموعہ ''ماس اور مٹی'' شائع ہوا۔ تو میں نے منیر احمد شیخ کے ذریعے جو ان دنوں دہلی میں پاکستان سفارت خانے میں متعین تھے انہیں اپنی کتاب بھجوائی۔ ایک تو میری کتاب اردو میں تھی دوسرے پتہ چلا تھا وہ اردو رسم الخط نہیں پڑھ سکتیں مجھے خط کی رسید کی بھی توقع نہ تھی مگر کچھ دنوں بعد ان کا بہت ہی خوبصورت اور حوصلہ افزائی کا خط آیا۔ پھر کچھ دنوں بعد انہوں نے میرے بہت سے افسانوں کا پنجابی میں ترجمہ کر کے ناگ منی کا ماس اور مٹی نمبر شائع کر دیا۔ ان کے ساتھ ان کا لکھا ہوا دیباچہ بھی شامل تھا جو ہمیشہ میرے لئے حوصلہ افزائی اور تخلیقی توانائی کا منبع رہا ہے۔ انہوں نے لکھا:

''محمد منشا یاد کی کہانیاں جاگتے ہوئے باشعور ذہن کی کہانیاں ہیں اس لئے ان کہانیوں نے اچیت (سوئے ہوئے، لاشعوری) من کے طے شدہ وقت کو الٹ کر رکھ دیا ہے۔ اور اپنے لئے چڑھتے سورج کی لالی کا وقت مقرر کیا ہے۔ تاکہ انسان کے لئے جو کچھ بھی دن کی روشنی میں ممنوع ہے وہ اسکے چھپے ہوئے اسباب کی جڑیں تلاش کر سکے۔ خواہ وہ ہدایتوں اور روایتوں کی قابل پرستش جڑیں ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ کہانیاں ایک سان ہیں جن کے لفظ لفظ پر چڑھ کر انسان کی نظر تیکھی ہوتی ہے میں محمد منشا یاد کی کہانیاں پڑھتے

والے قارئین کی نظر کو سان مبارک کہنا چاہتی ہوں''

اس کے بعد بھی وہ اکثر میری کہانیوں کو گورمکھی پنجابی میں ترجمہ کر کے ناگ منی میں چھاپتی اور ہندوستان کے ادبی حلقوں میں مجھے متعارف کرتی رہیں۔ میری ان سے پہلی ملاقات 30 دسمبر 1987ء کو حوض خاص دہلی میں ان کی رہائش گاہ پر ہوئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ میں ان کے مخالفین کی دعوت پر ایک کانفرنس میں شرکت کی غرض سے دہلی گیا تھا۔ کانفرنس کے اگلے روز میں نے انہیں فون کیا تو وہ بہت خوش ہوئیں اور بولیں۔ میں نے تمہاری آمد کے بارے میں اخبار میں پڑھا اور صبح سے انتظار کر رہی ہوں مجھے یقین تھا تم کانفرنس سے فارغ ہو کر مجھے فون کرو گے اور اس وقت مجھے ملنے آ رہے ہو گے۔ فوراً آؤ میں انتظار کر رہی ہوں۔ میں ان کے گھر پہنچا تو وہ اتنی محبت اور خلوص سے ملیں اور اتنے کھلے دل سے میری کہانیوں کی تعریف کی کہ میں آج تک سرشار ہوں۔ ان کے ساتھ اتاری ہوئی تصویریں، ان کے اپنے دستخطوں کے ساتھ دی ہوئی کتابیں، ان کی نظموں اور گیتوں کے کچھ ریکارڈز اور ان کے شفقت و محبت سے کہے ہوئے الفاظ میری زندگی کی نہایت قیمتی متاع ہیں۔

میں نے امرتا پریتم کی تحریروں سے بھی بہت کچھ سیکھا ہے۔ میں جب کبھی زندگی میں پریشان ہوتا ہوں یا کسی ناکامی سے دوچار ہوتا ہوں تو رسیدی ٹکٹ کی یہ سطریں میری ہمت بڑھاتی ہیں۔ آپ بھی سن لیجئے شائد آپ کے بھی کام آئیں۔ لکھتی ہیں:

''ان دنوں دل کی عجیب حالت تھی۔ تنہائی کا شکار تھی۔ جب پہلی مارچ 1961ء کو ویت نام سے مجھے ہو چی منہ کی تار آئی۔ تو دل کی رو کچھ بدلی۔ ساتھ ہی ایک وہ انگریزی فلم یاد آنے لگی جس میں ملکہ الزبتھ ایک حسین نوجوان کو دل ہی دل میں پیار کرتی ہے۔ اس کو جب بحری جہاز دے کر ایک فرض سونپتی ہے، تو دور سے دوربین کے ذریعے جاتے ہوئے جہاز کو دیکھ کر پریشان ہو اٹھتی ہے۔ دیکھتی ہے کہ اس نوجوان کی محبوبہ بھی جہاز پر اس کے ہمراہ ہے۔ وہ دونوں ڈیک پر کھڑے ہیں۔ اس وقت ملکہ کو پریشان اور آزردہ دیکھ کر اس کا ایک خیر خواہ کہتا ہے۔ ''میڈم! لک اے بٹ ہائر'' اوپر اس نوجوان اور اس کی محبوبہ کے سروں سے اوپر، ملکہ کی حکومت کا پرچم لہرا رہا ہے ۔۔۔۔ اور میں اپنے آپ کو خود ہی کہتی ۔ ''امرتا! لک اے بٹ ہائر'' اور میں زندگی کی ساری شکستوں اور پریشانیوں سے اوپر دیکھنے کی کوشش کرنے لگتی۔ جہاں میری تحریر تھی ، میری نظمیں، کہانیاں، میرے ناول۔''

میں سمجھتا ہوں امرتا مری نہیں۔ اس نے صرف اپنا پتہ تبدیل کیا ہے۔ جو اس نے اپنی ایک نظم ''اپنا پتہ'' میں پہلے ہی بتا رکھا تھا:

''آج میں نے اپنے گھر کا نمبر مٹایا ہے
اور گلی کے ماتھے پر لگا گلی کا نام ہٹایا ہے
اور ہر سڑک کی سمت کا نام پونچھ دیا ہے
لیکن اگر آپ نے مجھے پانا ہے
تو ہر دیس کی، ہر گلی کا در کھٹکھٹاؤ
اور جہاں بھی، آزاد روح کی جھلک پڑے
سمجھنا وہ میرا گھر ہے''

☆☆☆☆

نبیلہ کیانی

اَمرتا پریتم

اسکر وائلڈ نے لکھا کہ اگر دُنیا کے نقشے پر Utopia نہ ہو تو دُنیا کا نقشہ جغرافیے والوں کے لیے ہوگا مگر فن کاروں اور فلاسفروں کے لیے بے کار ہے۔ Utopia ہی تو ہے جس کے حصول کے لیے انسان کی جدوجہد ہے اور جب اس جزیرے پر پہنچ جاتا ہے تو نئے Utopias کی تلاش میں اپنے بادبان کھول کر پھر سے عزمِ سفر ہوتا ہے۔

اَمرتا پریتم نے زندگی یوں بسر کی کہ جیسے یہ پنجاب میں رہنے والی ایک خاتون کی دُکھ بھری داستان نہ ہو بلکہ کسی بھی انسان کے لیے زندگی کا خواب ہو، زندگی بسر کرنے کا ڈھنگ ہو اور مستقبل کا Vision ہو۔

کچھ دن پہلے ایک دوست نے جو کھٹمنڈو سے ہو کر آیا تھا، بتایا کہ وہاں بدھسٹ (Bhuddist Painters کا ایک ایسا گروپ ہے جو اپنی پینٹنگ بنا کر دریا میں بہا دیتے ہیں تو تخلیق کا ایک ڈھنگ یہ بھی ہے کہ اپنے آپ کو مکمل طور پر معاشرتی اور روایتی آنکھ کے جبر اور خوف سے آزاد کر لیا جائے۔ لوگ کیا کہیں گے کہ فارمولا بڑے آرٹ اور ادب کی تخلیق میں بہت بڑی روکاوٹ ہے اور پولیس کا خوف تو ادب اور آرٹ کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکتا ہے۔

اَمرتا پریتم نے اپنی زندگی اور فن دونوں کو ان دونوں جبر سے آزاد کرنے کی جرأت کی اور زندگی بھی شاندار بسر کی اور بڑا ادب بھی تخلیق کیا۔

بڑے ادب کی ایک بڑی Dimansion اس کا مستقبل سے ہم آہنگ ہونا بھی ہے اور مستقبل سے ہم آہنگ ہونے کے لیے ادیب کو کچھ پُر اُمید بھی رہنا ہے اور اُمید کے لیے کچھ ایسی قدریں اور اصول دریافت کرنے ہوتے ہیں جو قاری کو بھی مایوسی کی تاریکی سے نکالے اور اور ہم عصر احساس بھی خوف اور نامرادی کی جکڑ سے نکلے۔

اَمرتا پریتم نے اپنی شاعری اور فکشن میں سوچ کی ہر اُس روایت کو جو معاشرتی طور پر کتنی ہی Glorified کیوں نہ ہو پیش کیا جو انسان کی آنکھ کو دُکھ اور غم کے آنسوؤں سے بھر دیتا ہے۔ اُنھوں نے وارث شاہ کو بھی عظیم شاعر اسی لیے کہا کہ پنجاب کی ایک بیٹی روئی تو اُنھوں نے ایک ضخیم کتاب اُس کی آہ و بکا پر تحریر کر دی اور ثابت کر دیا کہ یہ شاعر و ادیب ہیں جو آنسوؤں کے محقق ہیں جو آنسوؤں کی تحقیق اور تفتیش میں مصروف ہیں اور یہ فن کار ہی ہے جو ایک فرد کے دُکھ سے بھی لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ وقت کے گال پر آنسو کا ایک قطرہ گرا تو اس نے تاج محل جیسا شاہکار تخلیق کیا۔ تخلیق کار یہی ثابت کر رہے ہیں کہ آنسوؤں کی تخلیقی طاقت بے انت ہے اور تاریخ اس کی گواہ ہے۔

برصغیر کے معاشرے میں شاید فرد کے دُکھ سے لاتعلقی پائی جاتی ہو لیکن برصغیر کے فنکار میں بے حس لاتعلقی نہیں ہے۔ اسی لیے اَمرتا پریتم نے فکشن بھی لکھا چناں چہ ناول ہو یا افسانہ فرد کے بارے میں ہے افراد کے بارے میں نہیں۔

اَمرتا پریتم برصغیر کی وہ نمائندہ لکھاری ہیں جہاں ہمیشہ یہ کوشش کی گئی کہ نئے سوچنے کے ڈھنگ دریافت کیے جائیں۔ جہاں جینے کو ہر دم نئی امنگوں اور نئے خوابوں نے معنی دیے۔ جہاں گوتم بدھ نے باقاعدہ سوچنے کے نئے ڈھنگ دریافت کرنے کے اُسلوب بتائے۔ جہاں Ideology کا لفظ گھڑا ہی نہیں گیا۔ شاید اس لفظ کی پیدا کی ہوئی گھٹن سے برصغیر کے ذہن نے اپنے آپ کو آزاد رکھا۔

پنجاب محبت کرنے والوں کی دھرتی ہے اور محبت وہ جذبہ ہے جو انسان کو آزادی سے جینے کا حق دیتا ہے محبت یہ نہیں دیکھتی کہ اُس کو کسی کی تائید حاصل ہے یا نہیں۔ محبت صرف حسن کی دریافت کا نام ہے۔ حسن کی تخلیق کا نام ہے اور اپنی دریافت اور تخلیق سے پُر اعتماد رشتے کا نام ہے۔ اَمرتا پریتم نے ایسے کردار تخلیق کیے جو حسن کی دریافت اور تخلیق کے اس عمل میں سرگرم عمل ہیں اور اسی لیے اُنھوں نے عظیم کرداروں کی ایک Gallaxy تخلیق کی۔

دُنیا میں ہر جگہ یہ کوشش رہی ہے کہ عورتیں اور بچے ظلم کی چکی میں پسنے نہ پائیں۔ اُن کے دُکھ میں کمی کی جا سکے اَمرتا پریتم اپنے فکشن میں اس کوشش کا حصہ نظر آتی ہیں۔ وہ ایسی دُنیا کا خواب دیکھتی نظر آتی ہیں جہاں آنسوؤں کو ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جہاں گھروں سے آہ و بکا کی آوازیں نہیں اُٹھ رہی ہیں بلکہ امن و شانتی سے رہنے کے سلیقے سکھائے جا رہے ہیں۔ جہاں انساں کی بہتری کے لیے تخلیقی کاوشیں ہو رہی

ہیں۔

اَمرتا پریتم کے افسانوں اور ناولوں میں ایسی خواتین کی Gallaxy ہے جو علم دوست ہیں۔ امن اور آسودگی کے لیے کوشاں ہیں، جو اس دُنیا کی تخلیق میں مصروف ہیں جہاں انسان اُن روکاوٹوں کی شناخت کر رہا ہے۔ جو امن، محبت اور تخلیق کی راہ میں حائل ہیں، جو قدرت کی شاہکار تخلیق انسان کے دماغ کو ضائع کر دیتی ہیں اور پوری زندگی کو بے ثمر کر دیتی ہیں اور اُن کے کردار دُنیا سے رخصت ہوتے وقت صرف احساس زیاں لے کر جاتے ہیں اور زیاں کا احساس اَمرتا پریتم کے چند کرداروں کو اس وقت زیادہ محسوس ہوتا ہے جب وہ چاہنے کے باوجود اپنے علم اور عقل کی روشنی میں اپنی ہی زندگی کو ترتیب نہیں دے سکتے اور ایسے معاشرتی ماحول میں سانس لینے پر مجبور ہیں جو اُنھیں مایوسی کے اندھیرے اپنانے پر مجبور کر رہا ہے۔ اَمرتا پریتم نے ایسے ماحول کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا ہے جو انسانوں کو مجبور کر رہا ہے کہ مایوسی کو عادت سمجھ کر اپنا لو۔ اُنھوں نے مایوسی کو انسانی ذہن کی عادت نہیں بننے دیا۔ انسان کا یہ اعتماد کہ وہ چاہے تو بہت کچھ بدل سکتا ہے۔ اس کا تبدیلی اور ارتقاء کے صدیوں پرانے قانون پر اعتماد اس کے فہم و بصیرت کا حصہ ہے اور یہ فہم و بصیرت اَمرتا پریتم کی اپنی شخصیت کا حصہ بھی ہے اور ان کے افسانے اور ناول کے اکثر کردار کا بھی۔

امرتا پریتم نے اپنی خود نوشت سوانح عمری ''رسیدی ٹکٹ'' میں بھی اپنے قاری کو یہی پیغام دیا کہ اس دھرتی پر وہ سب کچھ موجود ہے جو نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن فرد بھی خالی ہاتھ نہیں ہے وہ بھی اپنی ذہانت کی توہین کا بدلہ لے سکتا ہے۔ وہ خوابوں اور امنگوں کو تخلیق کر سکتا ہے۔ اُنھیں حقیقت میں بدل سکتا ہے۔ وہ ایک سنگ تراش کی طرح پتھروں کو بھی طاقتِ اظہار دے سکتا ہے وہ ایک موسیقار کی طرح اردگرد بہتی ہوا کا ایک گھونٹ منہ میں رکھ کر باہر نکالے تو وہ گیت ہوتی ہے۔ لفظوں اور آہنگ کا شاہکار۔ عام سے چلنے پھرنے میں وہ آہنگ اور ترتیب شامل کرے تو انگنت رقص وجود پا جاتے ہیں اور رنگا رنگ رنگوں کی ترتیب بدل دیے تو وہ شاہکار پینٹنگ ہوتی ہے اور انسان کے ذہن کی یہ قوت و صلاحیت کہ وہ اُن چاہ بدل سکتا ہے اپنے اندر کا بھی اور اپنے اردگرد کا بھی، اسی پر امرتا پریتم کا اعتماد ہے اور یہی ان کی نوید اُمید ہے۔

☆☆☆☆☆

نسرین انجم بھٹی

امرتا پریتم مجھے کہاں ملی؟

دراصل امرتا پریتم کو امرتا پریتم کے سامنے لانا بہت مشکل کام ہے خصوصاً ہم جیسے لوگوں کے لئے جنہوں نے تاریخ کو پڑھا ہے، دیکھا نہیں جھیلا نہیں، برتا نہیں۔ لیکن ہاں ہم بھی تین مارشل لاؤں اور بہت سی قربانیوں کے بعد جھیلنے والوں میں تو ہیں نا۔ امرتا پریتم سرحدوں کی تقسیم سے بھی تقسیم نہیں ہوتی بلکہ ہوتی جاتی ہے؛ شخصیتوں کے درمیان ایسے اچرج فارمولے بھی ہوتے ہیں جو ہو ہی نہیں چکتے۔ امرتا پریتم پاکستان بننے کے بعد اس کے اندر وارث شاہ کے حوالے سے بھی زندہ ہوئی تھی اب وہ مرنے کے بعد بھی ہمارے اندر دوبارہ زندہ ہو رہی ہے، بڑے عجیب طریقے سے۔ شائید ملکوں کی تاریخوں میں جب عورت جاتی زندہ ہوتی ہے تو امرتا پریتم، امرتا شیر گل اور سروجنی نائڈو، عطیہ فیضی اور اینا مونکا جیسی عورتیں پھر پھر زندہ ہوتی ہیں۔ امرتا پریتم دراصل ہندوستان ہے، پنجاب ہے، راوی ہے، گوجرانوالہ ہے۔ کچا صحن ہے صحن میں کھڑی دھریک ہے، چرخہ ہے ہاتھ میں چبھی چھلتر ہے، ٹوٹی ہوئی چوڑی ہے، آل مال تھال ہے، کیا کیا نہیں ہے؟ بڑے روپوں والی امرتا پریتم مجھ سے جڑتی ہے اپنی اونچائی کی وجہ سے بھی اور اپنی آواز کی اونچائی کی وجہ سے بھی۔ وہ ایک اونچی آواز ہے جو سب عورتوں کی طرف سے بولتی ہے اور للکارتی ہے تو جنرل ڈائر کو نہیں، وارث شاہ کو جو اس کے لئے متعلقہ Relevent ہے۔ دراصل بات ساری Relevence کی ہوتی ہے۔

امرتا پریتم سے میں نہیں ملی؛ جو لوگ ان سے ملے ہیں میں ان سے ملی ہوں، میں تو چی گویرا سے بھی نہیں ملی اور اس ماں سے بھی نہیں ملی جس نے ذوالفقار علی بھٹو جیسے سورج بیٹے کو جنم دیا مگر یہ لوگ اپنی آواز اور ارادوں کے ساتھ میرے من کے اندر رہتے ہیں؛ اگر شوکار بنالوی نصرت فتح علی میں سما سکتا ہے تو یہ سب لوگ کیوں مجھ میں نہیں سما سکتے؟

امرتا پریتم مجھے بہت پہلے ریڈیو لاہور کے سٹوڈیوز میں موسیقی کے ایک پروگرام میں ستار بجاتی ہوئی

سارا سارا دن اوہ چلھے کول بہہ کے روٹیاں کیہ پکاؤندی جویں من دیاں دلیلاں ویلدی رہندی۔ کدے کدے اوہدا دل بہتا ای اودر جاندا۔ اوہ چلھا توڑ چھڈ دی۔ اوہدیاں نشانیاں نوں گل نال لاندی، روندی تے کاوندی..... فیر اوسے طرح دوویں نشانیاں دھرتی دے حوالے کر دیندی۔ اُتے نواں چلھا اوہناں دی راکھی بٹھا دیندی۔

ایہ بھابھی دی کہانی کیہ مُکی' اوہدے ساہ مُک گئے۔ اوہنوں لہو دی اک ہور الٹی آئی تے اوہدی جان دا پنجر اُلٹ گیا۔

جنا چر بھابھی جان دے پنجرے وچ قید سی' اوہنے موتی دی مندری اپنی انگل وچ نہیں سی پائی۔ فیر بھابھی دی روح آزاد ہو گئی۔ میں چلھے نوں پُٹیا تے مندری کدھ کے موئی ہوئی دیاں انگلیاں وچ پا دتی۔

میں ای اوہنوں نھوایا سی۔ میں ای اوہدے اُتے کفن پایا سی۔ ایس لئی مینوں ڈر نہیں سی کہ کوئی اوہدے ہتھ وچ پئی ہوئی مندری اُتوں اوہدے موتی داناں پڑھ لوے گا تے جدوں تک لوکاں نے اوہدے

پھل چگنے سن۔ اودوں تک اوہدی مندری اُتوں اوہدے موتی داناں مٹ جانا سی۔

چھانی اجے میں اوسے طرحاں چلھے بیٹھاں رہن دتی اے۔ اگلے مہینے میری ماں نے ہردوار جانا اے۔ تے میں اپنے گھر والے نوں منالیا کہ میں وی چار دن ماں نال ہو آواں گی۔ نالے بھابھی دے پھل پروا آواں گی تے فیر اُوں توں سمجھای گئی ہوویں گی۔ چھانی میں کسے طرحاں ٹرنک وچ پا کے لے جاواں گی تے اوہدے پھل چھانی وچ پا کے پروا آواں گی۔

میرے سہیلیے میرے انگ سہیلیے! اج تینوں نہ لکھاں تاں ہور کس نوں لکھاں؟ میں اپنیاں یاداں نوں وی اج پھرول پھرول کے دیکھیا اے۔ اک سوہارو مال اوہناں دے بیٹھاں سانبھیا ہویا۔ بھاویں کوئی بنتی ہووے تے بھاویں کوئی روپو تے بھاویں کون! کس نے اپنے من دیاں تہاں وچ کوئی رومال یاں کوئی چھاپ نہیں دبی ہندی۔

اسیں نکر مشاں جھوریاں کسے نوں محبت کردیاں آں جنم توں ای بھٹھیاریاں ہو جاندیاں آں۔ دل دی بھٹھی اُتے اپنے ساہواں نوں دانیاں وانگ بھندیاں آں تے یاداں دی چھانی وچوں ورھیاں دی ریت چھاندیاں ہاں.....

تیری بنتی.....اک بھٹھیاری

(لپی انتر۔ قمرالزمان)

☆☆☆☆

امرتا پریتم

اَنب دا بُور

اوہدا ناں کسے نہیں سی دھریا۔ جمی، تاں اوہدی دادی اوہنوں جھولی وچ پا کے لڈیا ندی سی۔ ایہہ تاں ویراں والی آئی اے، اک ویر پہلوں بھیج دتا، ہُن اک اپنے نال لیاوے گی..... پر ایہہ ناں، ویراں والی کسے دے مونہہ نہیں سی چڑھیا.....

اوہ کجھ پلھر گئی تاں کسے دے مونہہ نکلیاں سی۔ "ہائے گڈی سوہنی نکلی اے، پتلی چھمک ورگی۔" تے باسے باسے وچ اوہدا ناں چھمک پے گیا سی، جو ساریاں دے مونہہ چڑھ گیا.....

پنڈ وچ کڑیاں دا اک سکول سی۔ پرائمری تک، پر جدوں چھمک دا ویلا آیا، اوہ سکول دسویں تک ہو گیا سی۔ سکول دی پڑھائی تاں دسویں تک ہو گئی سی، پر اہدا امتحان نال لگدے شہر وچ جا کے دینا ہوندا سی۔ پر ایہہ گل، می چھمک لئی اوکھی نہیں سی بنی، اوہدوں تک چھمک دی ماسی اُراں دا گھر شہر وچ بن گیا سی، جتھے اوہناں لوکاں دا کاروبار سی، اناج منڈی وچ۔

امتحان وچ دس ویہہ دن رہندے سن، جدوں چھمک دی ماسی آپ پنڈ آ کے چھمک نوں لے گئی سی۔ اوہدا کہنا سی کہ شہر دے کسے سکول دے ماسٹر نوں دس دن لا کے چھمک دیاں کتاباں پکیاں کروا دیوے گی.....

ایہہ مارچ دے دس دن سن۔ امتحان سراں تے سن ایس لئی تھیر آپچھمن پچھان تے وی اوہ ماسٹر نہیں سی بھاویہ دے کول دس پندرھاں دن ویلے وہن ایس لئی ماسی دے پتر بیر نے ای بندوبست کیتا، اپنے کالج دے دناں والے دوست ربی نوں آکھیا کہ اوہدی بھین واسطے اوہدا پندرھاں ویہہ دن ویلا کڈھے.....

بیر نے کالج وچ چھڈ دتا سی، اوہدے چاچے دی موت نے بیر دے پیونوں بہت اکلیاں کر دتا سی کہ اوہنوں اپنے کم کار لئی بیر دی لوڑ وی سی۔ پر ربی نے کالج دی پورا کر لیا سی تے اگوں وی نالے نوکری کر دا

سی، نالے اگلی پڑھائی، بیر نال اوہدا بہن اٹھن بنیا ہویا سی۔ ایس لئی بیر نے اوہدے کولوں روز دے دو گھنٹے منگ لیے چھمک واسطے۔

ربی آیا، کمرے وچ پیر دھر دیاں ای، اوہدیاں اکھاں جویں باہر دل ویکھن دی تھاں اندر ول اتر آئیاں۔ اوہدے اندر اک جھولا جیہا سی تے اوہنوں جاپیا ایس ویلے جھولا باہر اوہدے سامنے کھلوتا ہویا سی.....

چھمک دے گل وچ پائی ہوئی قمیض، اک واری تاں ربی دیاں اکھاں اگے اک رکھ وانگ دسن لگ پئی تے اوہدے کناں دیاں پتلی تاردیاں والیاں، جویں رکھ دے پتیاں وانگ جھولدیاں ہون.....

بیر آکھ رہیا سی "ربی" ایہہ میری بھین اے چھمک ..... چھمک نے دووئیں ہتھ جوڑ کے نمستے جیہی کیتی سی، پر ربی چپ جیہا کرسی تے بہہ گیا تے اوہنوں گھڑی لگی اپنے آپ وچ سنبھلن لئی.....

گنت دی گنتی منتی وچوں لنگھدیاں پتا نہیں کہڑے ویلے دو گھنٹے لنگھ گئے اوہدوں لگا جدوں ماسی نے کمرے وچ آ کے چاہ دی رکھی تے کجھ مٹھی مٹھیائی کھان واسطے.....

کھادا ان کھادا جیہا کر کے ربی اوتھوں اپنے گھر آ گیا تاں جاندیاں ای الماری وچ اپنے کاغذ پھرولن لگا، بڑی کاہلی نال.....

کجھ کاغذ ہتھ آئے تے اوہ غور نال اوہناں نوں ویکھن لگا۔ ربی نوں آرٹ دا کجھ پتا نہیں سی، پر اک سفنا سی، جو کئی وار آوندی سی تے ربی اوہنوں ویکھدیاں ای تریہہ جاندا ہوندا سی۔ اک واری اوہنے اپنے سفنے نوں لکیراں وچ اتاریا تے پھیر کئی واری اتاریا، پر ہر واری اوہنوں جاپدا سی کہ اوہ چنگی طرح کاغذاں تے نہیں اتردا.....

اک سفنا سی جو پتا نہیں مڑ مڑ کے کیوں آوندا سی، وسدا سی کہ دور اک انہاں وا رکھا اے، اوہ کجھ نیڑے جاندا سی تاں اوتھے رکھ کوئی نہیں سی ہوندا، اوہدی تھاں اک کڑی کھلوتی ہوئی دسدی سی.....اوہ ہور نیڑے جاندا سی تاں اوتھے کڑی کوئی نہیں سی ہوندی، پر اوتھے اوہ رکھ ضرور ہوندا سی جو دوروں دی دسیا ہوندا سی.....

ربی ہمیشہ، جدوں وی سفنا آوندا، کجھ گھابر کے جاگدا سی تے ایسے سفنے نوں اوہ کئی وار کاغذ تے اتارن لئی بہندا سی، پر ول طرح کجھ بندا نہیں سی.....اوہ کڑی کدے دوروں دی اوہدے ول ویکھ رہی ہوندی، کدے اوہ پٹھ ولوں دسدی، جہدی رکھ دی ٹاہن نوں ہتھ پیا ہوندا تے کدے رکھ دی نہیں سی ہوندا، صرف اوہ

ہوندی سی۔

ایہہ چھمک نوں پڑھان والے پندرھاں ویہہ دن ربی واسطے قیامت جیہے ہو گئے.....

ویلا لنگھنا سی، لنگھ گیا، ربی نے نہ کجھ چھمک نوں دسیا، نہ اپنے دوست بیرنوں۔ چپ دا چپ رہ گیا سی.....

امتحان ہو گیا تے چھمک دے پرتن دا ویلا وی، صرف اوس دن ربی نے کہیا ''چھمک توں اگے کالج وچ کیوں نہیں پڑھدی؟''

چھمک چپ رہی، پھیر کہن لگی ''جی تے کردا اے، پر انج ہونا نہیں.....

''کیوں؟'' ربی نے انج پچھیا، جویں اوہدی آواز وچ کجھ لاچاری ہووے، ایہہ پچھن دی.....

چھمک پہلوں چپ رہی، پھیر کہن لگی ''پھیر میرے بھرا دا ویاہ کس طرح ہووے گا.....''

گل کجھ اٹ پٹی سی، جس توں ربی نوں ہاسا وی آیا تے عجیب جیہی اوکھتا وی.....

ماسی کمرے وچ چاہ پانی رکھدی پئی سی، اوہدے نال اوہدی دھی لالی وی سی اوہ بھاویں چھمک دے ہان دی نہیں سی، چھوٹی سی، پر اوہنوں چھمک نال اجیہا پیار ہو گیا سی کہ اوہدا وی جی کردا سی، چھمک اتھے، اوہناں دے گھر رہ کے اگوں پڑھن لگ پوے۔ ایس لئی لالی چھیتی نال چھمک دے کول آ کے کہن لگی ''ربی بھائی دی گل من لے دیدی! تینوں کالج بڑا اچنگا لگے گا.....

چھمک چپ سی، کولوں دی ماسی کہن لگی ''ربی پتر! گل ایہہ دے کہ چھمک دے بھرا دا ویاہ تاں ای ہووے گا جے دچھمک دا ہووے گا تاں۔ ساڈے پاسے ونے سنے دے ویاہ ہوندے نیں جہڑے گھر دی کڑی لیاوندے ہاں، اوس گھر اپنی کڑی دینی پیندی اے.....

جتھے گل چلی ہوئی، اوہ مساں چھمک دے امتحاناں تک اڈیکن دی اے، ہن جاندیاں ای، دو دناں دی وتھ تے چھمک دا ویاہ وی ہون والا اے تے اوہدے وی.....

ربی دی اکھاں سامنے نہ رکھ رہیا، نہ کڑی، صرف اک انھیر جیہا دسن لگ پیا.....

ماسی نے اگے ہو کے چھمک دے اتھرو پونجھے، کہن لگی ''روندی کیوں ایں؟ جے تیرا کجھ لگدا اچنگا، ہویا، تاں اوہنوں منا لویں اگوں پڑھن واسطے۔ داخلے تاں جولائی وچ ہوندے نیں، بس پھیرے لے کے آ جائیں.....

پھیرے، ایہہ لفظ سی، جو ربی دے کناں نال ٹکرایا تاں پھر اوہنوں کجھ سنائی نہیں دتا۔ اوہ اٹھ کے کمرے وچوں چلا گیا.....

چھمک دا گھر سکناں نال بھر گیا، جیہڑے دن ایس گھر دے لوکاں نے انگلیاں دے گھر جنج بنھ کے جانا سی، اوس توں چوتھے دن، انگلیاں نے جنج بنھ کے اوہناں دے گھر آونا سی.....

چھمک دے بھرانوں سہرا بجھا۔ اوہ گھوڑی چڑھیا، چھمک نے واگ پھڑی، پھیر بھرا ڈولی لے کے آیا۔ اوہنے بھابی دے مونہ گرابیاں دتیاں، پر چھمک نوں جاپدا رہیا جویں اوہ کجھ دی نہیں سی کردی پئی، صرف سبھ کجھ ہوندا ویکھدی پئی سی.....

چھمک نوں مہندی لگی، ونٹاں نے نہویا گیا، کناریاں والے کپڑے اوہدے دوالے جھلمل کرن لگ پئے۔ تے شیشہ اوہدے سامنے دھریا گیا تاں اوہنوں جاپیا اوہ او پتا نہیں کون سی، جو شیشے وچوں وسدی پئی سی پر اوہ نہیں سی، کتے نہیں سی.....

ایہہ پتا نہیں کیہو جیہا واء ورولا سی، جیہنے چھمک دے پیراں ہتھوں دھرتی گوا دتی تے اکھاں اگوں اسمان وی.....

جیہڑے پنڈ اوہ ویاہی آئی سی، چار دن پاکے جدوں اوہ پنڈ دیاں کڑیاں نال باہر کھیتاں، پیلیاں ول جان لگی تاں کسی دے نیڑے جا کے اوہدے سر توں جیہا چکر آیا، اوہ اوتھے ای اک رکھ ہیٹھاں بہہ گئی.....

اوہدے نال دیاں تنے کڑیاں اوہنوں باہوں پھڑ کے رکھ ہیٹھوں اٹھان لگ پیاں "چھیتی اٹھ چھیتی! پر ایہہ کسی تے چل کے بہنیاں واں اتھے نہیں، اتھے کڑیاں نہیں بہندیاں.....

چھمک نے حیران جیہاں اکھاں نال کڑیاں ول ویکھیا۔ اک جنی بولی "ایہہ رکھ سراپیا ہویا اے، ایہدے ہیٹھاں پنڈ دی کوئی کڑی نہیں بہندی.....کھلوندی ہوئی نہیں.....

"کیوں؟" چھمک نے پچھیا۔ پر اگوں کوئی گل کڑیاں نوں پتا نہیں سی۔ کہن لگیاں "بس اینا ای کہندے نیں کہ ایہہ رکھ سراپیا ہویا اے، اینہوں بور پیندا اے پر پھل نہیں پیندا۔ ایسے لئی کسے کڑی نوں اتھے نہیں آون دیندے.....

چھمک نے رکھ دے جھڑ دے بور نوں تلیاں تے رکھیا تے تلیاں وچ ملدی نوں کڑیاں نے زوری اوتھوں اٹھا لیا۔

چھمک اٹھدی، جاگدی تاں اوہدا کوجی کردا، اوس رُکھ ہیٹھاں جان لئی.....

کجھ دن سپ گئے تاں اکلی جیرا کرن لگ پئی، اوس رُکھ ہیٹھاں جان دا.....

اوہنوں آپ پتہ نہیں سی لگدا کہ اوہنوں کہہ ہوندا جاندا سی.....

کدی اکھاں اگے رلی دا جھولا جیہا آوندا پر اوہدے دل نظر بھر کے ویکھنا وی اوہدے وس نہیں سی تے جھولے نوں منع کرنا وی اوہدے وس نہیں سی۔

ہولی ہولی اکلیاں نوں جاپن لگا کہ چھمک بہت سوہنی سی، خبرے ایس لئی شریکاں وچوں کسے نے کجھ کر دتا سی.....اوہ اٹھدی بہندی اپنی سرت وچ نہیں سی جاپدی۔

گھر دی وڈی وڈیری نے کسے سیانے نوں وی پچھیا تے پچھ کے چار منگل وار دریا تے وی جاندی رہی، شبوتا ناریل دریا وچ پان لئی، پر چھمک دی حالت اوسے طرح رہی.....

اک دن چھمک اکلی جا کے کسی والے رُکھ ہیٹھاں بیٹھی ہوئی سی کہ پنڈ دا اک بزرگ لاٹھی ٹیکدا کولوں لنگھیا۔ نیڑے آیا، تاں بولیا "دھیے! ایس رُکھ ہیٹھاں نہ بہو! ایس رُکھ اتے کسے دی روح رہندی اے۔"

چھمک کجھ دیر اوس بزرگ ول ویکھدی رہی، پھیر اٹھ کے، اوہدے پیر چھوہ کے پچھن لگی "بابا! اینتھے کہیدی روح اے؟ مینوں وی ایہو جاپدا اے کہ کوئی مینوں اینتھے زوری بلا وندا اے....."

بزرگ نے کہیا "دھیے! اک گل کہندے نین، پتہ نہیں کدوں دی اے، تکی ویکھی تاں میں وی نہیں پر سنی سی کہ ایس پنڈ اک کڑی ہوندی سی، راجی، جیہنوں نال دے پنڈ والے پورن نال وھراں دی لگ گئی سی۔ راجی دے بھراواں نے پورن نوں کہیا کہ وہ شہر جا کے کمائی کرے، پنڈ وچ پکا گھر پاوے تاں اوہ راجی اوہدے نال ویاہ دین گے.....

چھمک دا جویں ساہ رکدا پیا سی.....

بزرگ نے کہیا "اوس ویلے ایہو رُکھ سی جتھے راجی آکھلوتی تے اوہنے پورن نوں کہیا "اینتھوں پنڈ دا وڑا راہ وسدا اے، جیہڑا شہر ول جاندا اے، اوہ ایسے رُکھ ہیٹھاں بہہ کے اوہدا راہ ویکھدی رہوے گی، جدوں تک اوہ مڑ دا نہیں..... پر اوس شوہدے نے کتھوں مڑنا سی اوہنوں تاں راجی دے بھراواں نے شہر دے راہ پئے ہوئے نوں مروا دتا سی۔ راجی وی پاگل ہو گئی تے رُکھ وی.....ایسے لئی رُکھ نوں پھل نہیں پیندا ہن.....راجی مردی نے آکھیا سی جدوں پورن آ جائے گا، رُکھ نوں پھل پے

جائے گا....."

بزرگ نے اپنیاں گلیاں اکھاں پونجھیاں تے کہیا" ایس لئی دھیے توں ایس رُکھ ہیٹھاں نہ آیا کر! ایہہ سراپیا ہویا اے....."

اوس ویلے چھمک نے شہر دل جاندے راہ نوں ویکھیاں تے کہن لگی" سراپیا ہویا نہیں! ورا گیاں ہویا اے.....

بزرگ، چھمک دے موہنہ دل ویکھن لگ پیا.....

گل شہر تک وی پہنچی، چھمک دی ماسی تک، کہ چھمک جدوں وی دیا ہی اے، ول نہیں۔ اوہ چھمک نوں ویکھن لئی جانا چاہندی سی پر گھر وچوں جان نہیں سی ہو رہیا۔ ایس لئی اوہدی دھی لالی کہن لگی" ماں! مینوں جان دے میرا چھمک دیدی نوں ملن واسطے بڑا جیا کردا اے....."

ربی نوں پتہ لگا کہ لالی، چھمک کول جان والی اے، تاں اوہنے اک دن لالی دے سکول جا کے لالی نوں کیہا" جے میں تینوں اک خط دیواں توں چھمک نوں دے دیویں گی، اکلی نوم جدوں کول کوئی نہ ہووے....."

لالی ہن کجھ سیانی ہو گئی سی، زندگی دے بھیت اوہدے اگے وی کسے کسے اکھر وانگ اگھڑ دے پئے سن۔ کہن لگی" ربی بھائی! تساں چھمک نوں پنڈ کیوں جان دتا سی اتھے اوہ کالج وچ پڑھدی تاں....."

ربی اجے وی کجھ دلیلاں وچ سی کہ اوہ چھمک نوں اپنے سفنے دی گلدے کہ نہ تے ایسے بے چینی وچ اوہنے صرف چار سطراں لکھیاں سن، چھمک ول، لالی کول آوی گیا سی پر اجے وی دلیلاں وچ سی کہ ہن ایہہ گل چھمک نوں دساں کہ نہ؟ کاہدے لئی دساں؟ پر کجھ سی جو اوہدے کولوں نابر ہو کے آکھدا سی۔ اک واری اوہنوں تے دس دیاں، جہنوں کئی واری ویکھنا داں.....

لالی نے اوہدے ہتھوں خط پھڑ لیا، ربی نے کیہا کجھ نہیں پر عاجز جیہاں اکھیاں نال لالی ول ویکھیا.....

لالی پنڈ آئی پر چھمک اپنے پیکے گھر نہیں سی۔ ماں نے وی روکے دسیا۔ کہندے نیں کڑی ول نہیں، کئی واری سد بھیجیا اے پر آوندی وی نہیں۔ کہندے نیں کسی والے رُکھ ہیٹھاں جا کے کلی بہہ رہندی اے.....خورے اوہنوں کسے نے کجھ کر دتا اے.....

لالی نے کیہا" ماسی! مینوں اوتھے اپڑا دے، میں تاں اوہنوں ملن آئی ہاں، مل کے جاواں گی....."

چھمک دی ماں نے کجھ مٹھی مٹھیائی دی تو کریاں وچ پائی تے اپنے اتباری کاسے نال لالی نوں چھمک والے پنڈ بھیج دتا.....

لالی چھمک دے ہان دی نہیں سی پر چھمک نوں لگا جویں کوئی ڈاڈھا اپنا ملیاں ہووے۔ مڑ مڑ کے اوہدے موہنہ ول تکدی رہی۔ کدے ماسی دا حال پچھدی، کدے پیر دا تے پھیر چپ جیہی ہو کے اوہدے ول تکن لگ پیندی.....

دوجی تر کال چھمک، لالی نوں لے کے اوسے کسی والے رکھ ہیٹھاں چلی گئی۔ جتھے لالی نے ای اوہدی چپ توڑی۔ پچھیا "توں ہور کسے دا حال نہیں پچھنا؟"

چھمک نے کیہا کجھ نہیں پر لالی دے موہنہ ول تکن لگ پئی۔ لالی نے ای اس کے کہیا "دیدی! ربی بھائی دا حال نہیں پچھنا؟"

چھمک ساری دی ساری اپنے دل وانگ دھڑکن لگ پئی.....

"ایہہ لے، ربی بھاجی نے تینوں اک خط بھیجیا۔" لالی نے کہیا تاں چھمک دے ہتھ خط پھڑ دیاں کنبن لگ پئے..... چار کو سطراں سن "جدوں توں میں ہوش سنبھالیا اے، سفنے وچ مینوں اک رکھ دسدا اے، پھیر ویلھدا ہاں کہ او تھے رکھ کوئی نہیں ہوندا، او تھے توں ہوندی ایں..... نیڑے جاندا آن تاں توں کدھرے نہیں ہوندی، صرف اک رکھ ہوندا اے....."

تے ایہناں چار سطراں دے ہیٹھاں اک سطر سی۔ "میں ایس سفنے دا بھیت نہیں پایا۔ جے تینوں کجھ پتا لگے تاں دسیں۔"

چھمک سرت وچ نہیں رہی، لالی مساں جیہی اوہنوں تھم کے گھر لیائی تے چھمک ساری رات منجی اتے انج پئی رہی جویں اوہدے وچ جان نہ ہووے.....

لالی نے اوہ خط جیہا سانبھ لیا پر بڑی گھابر گئی سی۔ گھر دیاں نے لالی نوں حوصلا دتا۔ "توں فکر نہ کر کڑیے۔ ایہدا تے روز دا ایہو حال اے..... کئی سیانیاں نوں وی پچھ پیٹھی آں، خورے انہوں کوئی اوہر ہو گئی اے....."

اگلے دن لالی نے پرتا سی، چھمک وی کجھ سرت وچ سی، لالی نوں کہن لگی "خط دا جواب نہیں لے کے جانا؟"

''ہاں لیکے جانا اے.....'' لالی نے کہیا تے اوہنوں رون آ گیا

چھمک نے کاغذ لے کے دو سطراں لکھیاں۔

''میں حالے وی اوس رُکھ ہیٹھاں کھلوتی آں پچھلے جنم توں کھلوتی ہوئی آں.....

بس ایس رُکھ نوں بور پیندا اے پھل نہیں پیندا.....''

(پی ٹی وی: فیصل مقصود)

☆☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: میر تنہا یوسفی

بُو

گھوڑی ہنہنائی تو گلیری بھاگ کر کمرے سے باہر آئی۔ اس نے آواز پہچان لی تھی۔ یہ اس کے میکے کی گھوڑی تھی۔ گلیری نے گھوڑی کی گردن کے ساتھ اپنا سر لگایا جیسے وہ گھوڑی کی گردن نہیں میکے کا دروازہ ہو۔

گلیری کا میکا چھپ شہر جبکہ سسرالی گاؤں لکڑ منڈی اور کھجار کی راہ میں ایک اونچی اور ہموار جگہ پر تھا۔ تجارت سے کچھ ایک میل آگے نکل آنے پر پہاڑی کا ایک ایسا موڑ آتا تھا جہاں کھڑے ہونے سے بہت دور اور بہت نیچے بستا چھپ شہر تھا۔ کبھی کبھی جب گلیری اُداس ہو جاتی وہ مائک کو ساتھ لے کر اس موڑ پر آ کھڑی ہوتی جہاں سے اسے چھپ شہر کے گھر روشن نقطوں جیسے لگتے اور پھر یہ روشن نقطے اس کے من میں ایک رونق لگا دیتے۔

وہ سال میں بس ایک بار میکے جاتی، اسوج کے مہینے میں۔ ان دنوں وہاں چگان کا میلہ لگتا تھا جس کے لئے اس کے ماں باپ اسے بلاوا بھیجتے تھے۔ ایسا بلاوا صرف گلیری کو نہیں آتا تھا بلکہ گلیری کی تمام سہیلیوں کے میکے اپنی اپنی بیٹیوں کو بلوا لیا کرتے تھے۔ سب سہیلیاں جب ایک دوسرے کو گلے مل لیتیں تو سارے سال کے بھی موسموں کے دکھ سکھ کی باتیں کر لیتیں۔ پھر وہ اپنے میکے شہر کی گلیوں میں ہرنیوں کی طرح کلانچیں بھرتیں۔ تجربہ کار اور شادی شدہ، دو دو تین تین بچوں کی مائیں اپنے بڑے بچوں کو ان کے دادا دادی کے پاس چھوڑ آتیں اور گود والوں کو آتے ہی ننھیال کے حوالے کر دیتیں، میلے کے لئے نئے کپڑے سلواتیں، ابرق لگوا کر چنریاں رنگواتیں اور پھر میلے سے کانچ کی چوڑیاں اور خوبصورت چاندی کی بالیاں خریدتیں، اور پھر میلے سے خریدے ہوئے صابن کی خوبصورت ٹکیوں سے اپنے جسموں کو یوں مل مل کر دھوتیں جیسے وہ اپنے کھوئے کنوارے جوبن کی خوشبو کو ایک بار پھر سے سونگھنا چاہتی ہوں۔

گلیری کئی دنوں سے آج کے دن کے انتظار میں تھی۔ جب اسوج کا آسمان ساون بھادوں کے مہینوں سے ہاتھ پاؤں دھو کر نکھر بیٹھا ہوتا، تو گلیری جیسی سسرال بیٹھی لڑکیاں ہر روز مویشیوں کو چارا دانہ ڈال،

ساس سسر کے لئے دال چاول پکا کر ہاتھ پاؤں دھو کر، بن سنور کر بیٹھ جاتیں کہ آج نہیں تو کل، کل نہیں تو پرسوں، ان کے میکے سے کوئی نہ کوئی انہیں لینے آتا ہی ہوگا۔

آج جب گلیری کے سسرال کے دروازے پر اس کے میکے کی گھوڑی ہنہنائی، گلیری خوشی سے پھولے نہ سمائی۔ گھوڑی لے کر آئے نوکر نتھو کو گلیری نے بیٹھنے کے لئے چوکی دی۔

گلیری کو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں تھی۔ خود سے اس کے چہرے کا رنگ سب کچھ کہہ رہا تھا۔ مانک نے تمباکو کا ایک لمبا کش کھینچا پھر پتہ نہیں اس سے تمباکو کا نشہ نہ سہا گیا یا گلیری کے چہرے کا رنگ، اس نے آنکھیں بند کر لیں۔

''اس بار تو میلے میں آؤ گے ناں! چاہے صرف ایک دن کے لئے ہی سہی'' گلیری نے مانک کے پاس بیٹھ کر بڑے لاڈ سے کہا۔ مانک کے ہاتھ کانپے اور اس نے ہاتھ میں پکڑی چلم کو پرے رکھ دیا۔

''بولتے کیوں نہیں؟'' گلیری نے کہا، اُس کی آواز میں جذبے کی گرمی تھی۔

''ایک بات کہوں گلیری!''

''مجھے پتہ ہے تم نے کیا کہنا ہے! بھلا یہ بات تمہیں کہنی چاہیے؟ سال بھر میں ایک بار تو میں میکے جاتی ہوں، پھر تم کیوں منع کرتے ہو؟''

''پہلے تو کبھی نہیں روکا۔''

''تو پھر اس بار کیوں روکتے ہو؟''

''اس بار..... اس بار.....'' مانک نے اک آہ بھری۔

''تمہاری ماں تو مجھے منع نہیں کرتی، پھر تم کیوں.....؟'' گلیری کی آواز میں بچوں کی سی ضد تھی۔

''میری ماں.....'' مانک نے منہ بند کر لیا جیسے بات کو دانتوں تلے سختی سے دبا لیا ہو۔

دوسرے دن گلیری منہ اندھیرے ہی بن ٹھن کر تیار ہو گئی۔ گلیری کا نہ کوئی بڑا بچہ تھا نہ ہی گود والا۔ اس نے نہ کسی کو دھیال چھوڑنا تھا اور نہ ہی کسی کو ننھیال لے جانا تھا۔

نتھو نے گھوڑی پر کاٹھی کسی اور گلیری کے ساس سسر نے گلیری کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھ کر الوداع کہا۔

''چل دو کوس میں بھی تیرے ساتھ چلوں گا.....'' مانک نے کہا تو گلیری نے خوش ہو کر مانک کی

بانسری اپنی بغل میں رکھ لی۔

کھجار گزر گیا، اگلا ایک اور کوس بھی طے ہو گیا، پھر چنبے کی ڈھلان شروع ہو گئی۔ گلیری نے بغل میں سے بانسری نکالی اور مانک کے ہاتھ میں تھما دی۔

سامنے تیز اترائی تھی جس پر سے پاؤں جیسے پھسلتے جاتے تھے۔ گلیری نے مانک کا ہاتھ پکڑا اور پھر رک کر بولی: ''بجاتے کیوں نہیں بانسری؟''

سوچیں بھی جیسے راہ کی ڈھلوان پر پڑی ہوئی تھیں کہ مانک کا من پھسلتا جاتا تھا۔ گلیری نے جب اس کا ہاتھ پکڑا، مانک نے ٹھٹھک کر اس کو دیکھا۔

''بجاتے کیوں نہیں بانسری؟'' گلیری نے پھر کہا۔

مانک نے بانسری کو لبوں سے لگایا، پھونک ماری لیکن اس میں سے کچھ ایسی آواز نکلی جیسے بانسری کی زبان پر آبلے پڑ گئے ہوں۔

''نہ گلیری! میں پھر تجھے کہتا ہوں، نہ جا اس بار..... نہ جا.....!'' مانک نے ہاتھ میں تھامی بانسری گلیری کو دے دی۔

''مگر کوئی بات بھی تو ہو..... چلو! تم میلے کے دن آ جانا! میں تمہارے ساتھ ہی لوٹ آؤں گی، وہاں نہیں رکوں گی..... پکی بات!''

مانک نے کچھ نہ کہا، اس نے گلیری کے چہرے کو یوں دیکھا جیسے وہ کہنا چاہتا ہو ''گلیری! یہ بات پکی نہیں ہے..... یہ بہت کچی ہے..... بہت کچی.....'' پر مانک نے کچھ نہ کہا جیسے اسے کچھ کہنے کا ڈھب نہ آتا ہو۔

گلیری اور مانک سڑک سے پرے ہٹ کر ایک پتھر کے ساتھ کمر ٹکا کر کھڑے تھے۔ نتھو نے وہاں سے دس قدم آگے گھوڑی کھڑی کی ہوئی تھی مگر مانک کا من کہیں بھی نہیں کھڑا تھا۔

مانک کا من گھومتا، پھسلتا، سات برس پیچھے پہنچ گیا۔ ایسے ہی دن تھے، مانک اپنے یاروں بیلیوں کے ساتھ مل کر اسی راہ سے گزرتا چنگان کا میلہ دیکھنے سڑک تک گیا تھا۔

میلے میں لوگ کانچ کی چوڑیوں سے لے کر گائے بکریوں تک کی خرید و فروخت میں مگن تھے اور اسی میلے میں مانک نے گلیری کو دیکھا تھا اور گلیری نے مانک کو، اور پھر مانک نے گلیری کا دل خرید لیا تھا اور گلیری

نے مانک کا۔

مناسب وقت دیکھ کر وہ ایک دوسرے سے ملے تھے "تم تو کی کا دودھ بھرا ٹھلا ہو" مانک نے کہا تھا اور گلیری کا ہاتھ پکڑ لیا تھا۔

"پر کچے بھٹوں کو تو ڈنگر منہ مارتے ہیں" گلیری نے ہاتھ چھڑا لیا تھا اور پھر ہنس کر مانک سے کہا تھا "انسان تو بھٹا بھون کر کھاتے ہیں۔ اگر ہمت ہے تو میرے باپ سے میرا رشتہ مانگ لو!"

مانک کے رشتہ داروں میں جب بھی کوئی بیاہ ہوتا، لڑکے والے، لڑکی کی قیمت ادا کرتے۔ مانک ڈرتا تھا کہ نہ جانے گلیری کا باپ کتنی رقم طلب کرے۔

مگر گلیری کا باپ سیر شکم شخص تھا اور کسی دور کے شہر کمائی کر چکا تھا۔ اس نے دل میں طے کر رکھا تھا کہ اس نے بیٹی سے پیسا نہیں کمانا، جہاں بھی کوئی اچھا گھر دیکھے گا، بیٹی کو بیاہ دے گا۔

مانک نے گلیری کے چہرے کو یوں دیکھا جیسے اس کے دل کی زبان پر آبلے پڑ گئے ہوں۔

گھوڑی ہنہنائی، گلیری کو اگلی مسافت یاد آئی تو وہ چلنے کو تیار ہوتے مانک سے کہنے لگی "آگے جا کر نیلے پھولوں والا جنگل آتا ہے، کوئی دو میل لمبا ..... تمہیں پتہ ہے ناں اس جنگل سے گزرتے ہوئے کان بہرے ہو جاتے ہیں!"

"ہاں" مانک نے آہستگی سے کہا۔

"مجھے یوں محسوس ہو رہا ہے جیسے ہم اسی جنگل میں سے گزر رہے ہیں۔ تمہیں میری کوئی بات سنائی ہی نہیں دے رہی....."

"سچ کہتی ہے گلیری! مجھے تیری کوئی بات سنائی نہیں دے رہی" مانک نے ایک لمبی آہ بھری۔ دونوں نے ایک دوسرے کے چہرے کو دیکھا مگر دونوں سے ایک دوسرے کی بات نہ سمجھی گئی۔

"میں جاؤں اب؟..... تم اب لوٹ جاؤ! بہت دور تک آ گئے ہو....." گلیری نے ہولے سے کہا۔

"تو اتنی دور تک چلتی ہوئی آئی ہے، اب گھوڑی پر بیٹھ جانا!" مانک نے بھی ویسے ہی دھیرے سے کہا۔

"یہ لو! پکڑو اپنی بانسری!"

''تو اسے ساتھ ہی لے جا''

''میلے والے دن آ کر بجاؤ گے؟'' گلیری ہنس پڑی، اس کی آنکھوں میں دھوپ چمک رہی تھی۔

مانک نے رخ پھیر لیا، شاید اس کی آنکھوں میں بادل اتر آئے تھے۔

گلیری میکے کی راہ چل پڑی اور مانک اپنے گھر کو لوٹ گیا۔

''ماں.....'' گھر پہنچ کر مانک یوں چارپائی پر گر پڑا جیسے وہ بہت مشکلوں سے چارپائی تک پہنچا ہو۔

''بڑی دیر لگا دی؟'' ماں نے کہا ''مجھے لگا تو اسے پہنچانے ساتھ ہی چلا گیا ہے''

''نہیں ماں پہنچا کر نہیں آیا..... آدھے میں ہی چھوڑ آیا ہوں'' مانک کا گلا بھر آیا۔

''عورتوں جیسا رونا کیوں ہے؟ مرد بن مرد!'' ماں نے اک غصے سے کہا۔

مانک کا جی چاہا وہ ماں سے کہے ''مگر تم تو عورت ذات ہو! ایک بار ہی سہی، عورتوں کی طرح روئی کیوں نہیں؟'' پھر مانک کو گلیری کی بات یاد آئی ''ہم نیلے پھولوں والے اس جنگل سے گزر رہے ہیں جہاں سب کے کان بہرے ہو جاتے ہیں'' تو مانک کو محسوس ہوا کہ آج کسی کو بھی اس کی بات سنائی نہیں دے رہی، اور نہ ہی خود اسے کسی کی بات سنائی دے رہی ہے۔ ساری دنیا جیسے نیلے پھولوں والا ایک جنگل ہے اور سب کے کان بہرے ہو چکے ہیں۔

سات برس ہو گئے تھے مگر گلیری کو امید نہیں لگی تھی اور ماں کہتی تھی کہ اب آٹھواں سال نہیں چڑھنے دینا۔ وہ اندر ہی اندر پانچ سو روپے دے کر مانک کے دوسرے بیاہ کی بات پکی کر چکی تھی۔ وہ صرف اس انتظار میں تھی کہ گلیری میکے جائے اور وہ نئی دلہن گھر لائے۔

پھر مانک کو محسوس ہوا کہ اس کے بھیتر، دل کا ماس سو گیا ہے۔ گلیری کی محبت اس کے دل میں چٹکیاں بھرتی ہے مگر اس کے دل پہ کچھ اثر نہیں ہو رہا۔ نئی دلہن کی کوکھ سے جنم لینے والے بچے کی ہنسی اس کے دل میں گدگدی کر رہی ہے مگر اس کے دل پر کچھ اثر نہیں ہو رہا..... اس کے دل کا ماس ہو گیا ہے.....

ساتویں دن مانک کے گھر اس کی نئی دلہن بیٹھی ہوئی تھی۔ مانک کے سارے انگ جاگتے تھے صرف اک دل تھا جس کا ماس سویا ہوا تھا۔ دل کے سوئے ہوئے ماس کو اس کے انگ ہر جگہ لے گئے تھے، نئے سسرال

بھی، نئی دلہن کی سیج پر بھی.....

مانک منہ اندھیرے اپنے کھیت میں بیٹھا تمباکو پی رہا تھا جب اس کا ایک پرانا دوست وہاں سے گزرا۔

''اتنی سویرے کدھر جا رہا ہے بھوانی؟''

بھوانی ایک منٹ کو ٹھٹھکا، پھر رک گیا۔ حالانکہ اس نے کندھے پر چھوٹی سی ایک گٹھڑی اٹھائی ہوئی تھی پھر بھی ہولے سے کہنے لگا ''کہیں نہیں''

''کہیں تو جا رہا ہے۔ آ! بیٹھ تمباکو پی لے'' مانک نے آواز دی۔

بھوانی آ کر بیٹھ گیا اور مانک کے ہاتھ سے چلم لے کر پیتا ہوا کہنے لگا ''چنبے جا رہا ہوں..... آج میلہ ہے ناں!''

میلے کے لفظ نے دل میں پتہ نہیں کیسی سوئی چبھوئی، مانک کو لگا اس کے اندر، کہیں ایک شدید درد اٹھا ہے۔

''آج میلہ ہے؟'' مانک کے منہ سے نکلا۔

''آج کے دن ہی تو ہوتا ہے ہر سال.....'' بھوانی نے کہا اور پھر مانک کی طرف یوں دیکھا جیسے وہ کہہ رہا ہو ''تو بھول گیا ہے اس میلے کو.....؟ سات سال پہلے جب تو میلے گیا تھا میں ہی تو تیرے ساتھ تھا..... تو نے تو اس میلے میں محبت کی تھی.....''

بھوانی نے کچھ نہ کہا مگر مانک کو کچھ ایسا محسوس ہوا جیسے اس نے سب کچھ سن لیا ہو، اور یوں اسے بھوانی پر غصہ آیا کہ وہ اسے یہ سب کچھ کیوں سنا رہا ہے۔ بھوانی مانک کی چلم اسے پکڑا کر اٹھ گیا۔ اس کی پشت پر لٹکی ہوئی چھوٹی سی گٹھڑی میں سے اس کی بانسری کا سرا باہر نکلا ہوا تھا۔ بھوانی چلتا گیا، مانک اسے پیچھے سے دیکھتا رہا۔ پشت پر لٹکی ہوئی اس چھوٹی سی گٹھڑی کو دیکھتا رہا، گٹھڑی سے جھانکتے ہوئے بانسری کے سرے کو دیکھتا رہا۔

''بھوانی اور بھوانی کی بانسری میلے کو جا رہے ہیں'' مانک کو اپنی بانسری یاد آئی ''میری بانسری بھی میلے گئی ہوئی ہے'' مانک کو وہ دن یاد آیا جب اس نے میکے جاتی گلیری کو اپنی بانسری دیتے ہوئے کہا تھا ''تو اس کو ساتھ ہی لے جا'' اور پھر مانک کو خیال آیا ''اور میں؟'' مانک کا جی چاہا کہ وہ بانسری کے پیچھے پیچھے دوڑ

پڑے۔

وہ اپنی بانسری کے پیچھے پیچھے دوڑ پڑے جو اس سے پہلے میلے میں چلی گئی تھی۔ مانک نے چلم پھینک دی اور بھوانی کے پیچھے دوڑا..... پھر مانک کی ٹانگیں کانپنے لگیں اور وہ وہیں کا وہیں بیٹھ گیا۔

اگلے دن سہ پہر کا وقت تھا جب مانک اپنے کھیت میں بیٹھا تھا اور دور سے آتا بھوانی نظر آیا تھا۔ مانک نے اپنا منہ پرے کر لیا۔ اس کا جی چاہا کہ اسے نہ تو بھوانی کا چہرہ ہی نظر آئے اور نہ ہی اس کی پشت۔ اس بھوانی کو دیکھ کر اسے میلہ، یاد آ جاتا تھا اور وہ میلہ اس کے دل کے سوئے ہوئے ماس کو جگا دیتا تھا اور پھر جب وہ ماس جاگ جاتا تھا تو اس میں شدید درد اٹھتا تھا۔

مانک نے منہ موڑ لیا مگر بھوانی گھوم کر مانک کے سامنے آ بیٹھا۔ بھوانی کا چہرہ کچھ یوں تھا جیسے کسی نے دہکتے ہوئے کوئلے پر ابھی ابھی پانی ڈالا ہو اور اس کے سکے کا رنگ اب لال کے بجائے کالا ہو۔ مانک نے خوف زدہ ہو کر بھوانی کے چہرے کو دیکھا۔

''گلیری مر گئی۔''

''گلیری مر گئی؟''

''وہ تیرے بیاہ کی خبر سن، مٹی کا تیل ڈال، جل کر مری''

''مٹی کا تیل؟''

اس کے بعد مانک نہیں بولا، پہلے بھوانی ڈرا، پھر مانک کے ماں باپ ڈر گئے اور پھر مانک کی نئی بیوی ڈر گئی کہ نہ جانے مانک کو کیا ہو گیا ہے۔ وہ نہ کسی سے بولتا اور نہ ہی کسی کو پہچانتا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

ایک دن گزرا۔ کئی دن گزر گئے۔ مانک وقت پر کھانا کھاتا، کھیتوں میں کام بھی کرتا مگر سب کے چہروں کو یوں دیکھتا جیسے وہ کسی کو بھی نہیں پہچانتا۔

''میں اس کی بیوی کس بات کی ہوں میں تو بس اس سے بیاہے جانے کی مجرم ہوں'' نئی دلہن دن رات رونے میں جٹ گئی۔

بیاہے جانے کا یہ جرم اگلے مہینے مانک کی نئی بیوی اور مانک کی ماں کی آس بن گئی۔ مانک کی بیوی کا پاؤں بھاری ہو چکا تھا۔

ماں نے مانک کو اکیلے بٹھا کر یہ بات سمجھائی مگر مانک ماں کا چہرہ یوں دیکھتا رہا جیسے اسے بات سمجھ

نہ آئی ہو۔

یہ بات چاہے مانک کو سمجھ نہ آئی مگر یہ بات تھی بہت بڑی۔ ماں نے نئی بہو کو حوصلہ دیا کہ تو ہمت سے یہ وقت کاٹ لے، جس دن تیرا بچہ مانک کی جھولی میں ڈالوں گی، مانک کی ساری حسنیں لوٹ آئیں گی۔

اور پھر وہ وقت کٹ گیا۔ مانک کے گھر بیٹا پیدا ہوا۔ ماں نے نومولود کو نہلایا، دھلایا اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر مانک کی جھولی میں ڈال دیا۔ مانک جھولی میں رکھے ہوئے بچے کو دیکھتا رہا، دیکھتا رہا اور پھر چیخ کر کہنے لگا "اسے پرے ہٹاؤ، مجھے اس میں سے مٹی کے تیل کی بو آتی ہے۔"

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: زاہد حسن

کہانی در کہانی

نرملا جب بچی تھی، دُودھ پینے کے لیے ایک پیالہ اس کے لیے رکھا جاتا تھا۔ سفید پیالا تھا، بس اُس کے نچلے حصے میں ہرے رنگ کی پھول پتیاں کاڑھی ہوئی تھیں۔ نمی جب دُودھ کے گلاس سے منہ موڑ لیتی تب ہی اُس کی ماں نے دُودھ کے گلاس کی جگہ یہ پیالہ رکھ دیا تھا۔ اور نرملا کو لالچ دیا تھا کہ اگر وہ سارا دُودھ پی لے گی تو پیالے میں اُسے خوبصورت پھول پتے نظر آئیں گے۔ یہ پھول پتے دیکھنے کی خواہش میں نمی نے سارا دُودھ پی لیا تھا۔ ماں اور نمی دونوں کو یہ پیالہ راس آ گیا تھا۔ نمی کی پھول پتے دیکھنے کی آرزو میں کمی آتی چلی گئی۔

اور پھر جب نمی نرملا بن گئی۔ دُودھ پینے سے چائے پینے کی اُس کی عمر آ گئی تھی تو اُسے لگا کہ جیسے کوئی ہریاول اُس پیالے کی نچلی تہہ میں اُگی ہوئی تھی اور اس کی جوانی اُس چہرے کو ڈھونڈنے لگی تھی، جس کے ہونٹ اُس کے دِل کے بھرے ہوئے پیالے کو ایک ہی گھونٹ میں پی لیں گے اور اس کی ہریالی کا جادو ڈھونڈ لیں گے اور پھر وہ وقت بھی آ گیا کہ نرملا کو یقین ہو چلا کہ اس کے بھرے ہوئے دِل کے پیالے کو پینے والا کوئی نہیں اور پھر جب اُس نے اپنے دِل کے پیالے کو خود ہی گھونٹ گھونٹ کر کے پی لیا تو اسے لگا کہ ایک نچلی ہریاول کا ٹکڑا وہاں نہیں لگا ہوا تھا بلکہ قید ہوا ہوا تھا اور اُسے اس قید سے کوئی چھڑوا نہیں سکتا تھا اور نرملا جب نمی ہوا کرتی تھی، تب وہ تاروں کو نہیں دیکھا کرتی تھی بلکہ تاروں میں سے اپنے لیے تارا چنا کرتی تھی۔ سب سے بڑا تارا اور سب سے چمکتا ہوا تارا اور پھر جب وہ نرملا سے نمی بن گئی تب وہ مردوں میں سے اس مرد کا چہرہ ڈھونڈنے لگی تھی جو سب سے پیارا ہو اور سب سے چمکدار اور پھر وہ وقت آ چلا کہ جب نرملا کو محسوس ہونے لگا کہ اصل میں اُس کا اپنا تصور ہی وہ تارا تھا جو ستاروں بھرے آسمان پر سب سے بڑا تھا اور سب سے چمکدار بھی۔

نرملا جب بچی ہوا کرتی تھی، تب وہ سورج کی دھوپ کو سینکا نہیں کرتی تھی، گھونٹ بھر کے ہی لیا کرتی تھی اور جس دن بڑے بادل آ جایا کرتے تھے۔ سورج نہیں نظر آتا تھا۔ اُس کا جی چاہتا تھا کہ وہ سورج کو ایک خط لکھے اور پھر جب اُسے خط لکھنا آیا تو اسے پتہ چلا تھا کہ سورج کو خط نہیں لکھا جا سکتا تھا تب اُسے ایک ایسے چہرے کی تلاش ہوئی جو سورج سا ہو اور جب وہ اسے خط لکھے تو اسے لگے کہ اس نے سورج کو خط لکھا ہے۔ گلی سے پرے گھر کی چھت پر ایک لڑکا چھٹی والے دن میز پر کتابیں دھرے گھنٹوں پڑھا کرتا تھا۔ نمی کو وہ بہت خوب صورت لگتا تھا۔ وہ کبھی کبھار چھٹی والے دن پتنگ بھی اُڑایا کرتا تھا۔ ایک دن پتنگ اڑاتے میں وہ لگاتار نمی کو دیکھتا رہا اور پھر اُس نے ڈور کو ٹھکا مار کے نمی کے کندھوں پر پھینک دیا تھا۔ نمی نے آہستہ سے اسے پکڑ لیا اور پنسل کے ساتھ ایک مختصر سا خط لکھا "تم ہر روز وقت پر چھت پر ایسے آیا کرو جیسے سورج آیا کرتا ہے" اور پھر دونوں کناروں سے پکڑے پتنگ کو اڑا دیا۔ لڑکے نے ڈور کھینچ لی اور پتنگ پر لکھا ہوا نمی کا سندیسہ پڑھ کے اُسے جواب میں ایک خط لکھا۔ اُس نے کاغذ کو پتنگ کے کنارے سے باندھا اور پتنگ کو اڑا دیا اور اسے لا نمی کے کندھوں پر پھینکا۔ نمی نے خط کھول لیا اور اسے لے اپنے کمرے میں جا کر پڑھنے لگی۔ خط نمی کے ہاتھوں سے گر پڑا۔ اس لڑکے کو خط لکھ کے نمی کو لگا تھا کہ اس نے سورج کو خط لکھا تھا لیکن اُس خط کا جواب پڑھ کے نمی کو لگا تھا کہ سورج کا پتہ غلط درج ہو گیا تھا کیوں کہ جواب میں جو خط آیا تھا وہ سورج کا نہیں تھا، وہ سکول جاتی لڑکیوں کے پیچھے جانے والے عام لڑکوں میں سے ایک لڑکے کا خط تھا۔ نمی نے وہ خط پھاڑ دیا اور تب سے وہ گھر کی چھت پر اس وقت تک نہ گئی جس وقت تک اسے احساس ہوتا کہ اس دوسری چھت پر کوئی ہوگا.... اور پھر وہ وقت آ چلا کہ جب نرملا کو یقین آ گیا کہ کسی رومانٹک کہانی کا ہیرو "کہانی میں سے اُٹھا کر اپنے ساتھ والی کرسی پر نہیں بٹھایا جا سکتا۔

لیکن جوانی کی عمر وہ عمر ہوا کرتی ہے جب ماضی زیادہ دور نہیں رہ جایا کرتا۔ انسان لحظہ بھر ٹھہر کے اُس کے بارے میں سوچنے لگتا ہے، تب وہ اچانک خاموشی سے اس کے قریب سے گزر کے آگے جا ٹھہرتا ہے۔ اور پھر مستقبل بن کے اس کے سامنے آن کھڑا ہوتا ہے۔ نرملا کے ساتھ ایسا ہی ہوا تھا۔

نرملا کے کالج کا ایک پروفیسر تھا۔ نرملا نے آنکھوں میں عزت بھر کے اس کی طرف دیکھا تھا لیکن پھر جب اُس نے اپنے نام کے ساتھ نرملا کا نام جوڑ کے بہت شوخ سی باتیں پھیلانا شروع کر دی تھیں تب نرملا اس کے لیے اپنے من میں رکھی عزت کے بارے میں سوچ کر حیران رہ گئی تھی۔

اور ایک دن کسی نے نرملا پر منتوں، سماجتوں کا اتنا بوجھ ڈال دیا تھا کہ اُسے اپنا آپ ٹوٹتا ہوا محسوس ہوا کہ اس کی وہ منتیں، سماجتیں خوف بننے لگی تھیں اور نرملا ان منتوں، سماجتوں کے خوف کا بھید جاننے کے لیے بالکل تنہا ہو کے رہ گئی تھی۔

تب نرملا کو محسوس ہوا تھا کہ عورت کو جیتنے میں یا پھر سمجھنے میں کسی مرد کی دلچسپی نہیں تھی۔ مرد کی دلچسپی محض عورت کو کھو دینے میں ہوتی ہے۔

ایک عمر ہوتی ہے، جب مرد اپنے آپ کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن پھر وہ وقت آ جاتا ہے کہ جب اُسے خوشی کا جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ وہ اُداسی کا سچ بولنے لگتا ہے۔ نرملا بھی اپنے آپ کے ساتھ اُداسی کا سچ بولنے لگی تھی اور اس لیے اُس نے اپنے من کی ساری تلاش چھوڑ کے اپنی ماں کے کہنے پر چپ چپ بیاہ کروا لیا تھا۔ اُسے لگا تھا کہ مردوں کی شکلیں علیحدہ علیحدہ ہوتی ہیں۔ سوچنے اور بولنے کا طریقہ کار سبھی کا ایک ہی جیسا ہوتا ہے اور پھر جب یہ ہی ایک جیسا ہوتا ہے تو پھر اوپر سے چہرہ کتنا ہی کوئی مختلف ہو.....

اور نرملا کے ہر احساس کو اپنے لیے قبر کھودنے کا ڈھنگ آ گیا تھا۔ اُداسی جو منہ پر لٹکتی رہا کرتی تھی۔ نرملا کو احساس کی اُس لاش کی طرح رکھتی تھی جسے کوئی قبر میں ڈالنا بھول جائے۔ نرملا کو یہ اچھا نہیں تھا لگتا، اس لیے اُس کے چہرے پر بکھری اُداسی بھی کسی نے نہیں دیکھی تھی اور اُس کے ہر احساس نے یہ ڈھنگ سیکھ لیا تھا کہ وہ جب بھی مر جاتا اپنے لیے ایک قبر کھود لیا کرتا اور اپنی لاش کو اس میں چھپا لیتا۔

نرملا نے تمام عمر کسی کو خط نہ لکھا۔ وہ جب بھی لکھنا چاہتی لکھ نہ سکتی۔ تب اُسے محسوس ہوتا کہ وہ خط مر گیا تھا وہ ایک کاپی میں نظمیں لکھنے لگ پڑی تھی۔ ہر نظم جیسے ایک قبر تھی۔ جس میں وہ ہر مردہ خط دبا دیا کرتی تھی۔ برسوں پر برس بیت گئے۔ نرملا نے اپنی نظم کبھی کسی کو نہیں دکھائی تھی اور اپنی کہانی کبھی اپنے آپ کو بھی نہیں سنائی تھی، لیکن آج انیس (۱۹) برس کا بیٹا اس کے پاس کھڑا تھا۔

''کیشو! تیجی تمھاری دوست لڑکی ہے؟''

''دوست نہیں کہہ سکتا محض واقف ہے.....''

''آج پھر اس کا خط آیا ہے پچھلے ہفتے بھی آیا تھا.....''

''میں نے جواب نہیں دیا۔''

''کیوں؟''

''جواب دینے کا کیا فائدہ؟''

''ایک بار تم نے کہا تھا کہ وہ تمھیں اچھی لگتی ہے۔''

''کہا تھا.....لیکن ممی لگتا ہے کوئی لڑکی میرے دوست نہیں بن سکتی۔ سبھی کی شکلیں مختلف ہوتی ہیں لیکن سب کے سوچنے، بولنے کا طریقہ ایک ہی جیسا ہوتا ہے.....میں نے اُسے ایک خط لکھا تھا لگتا ہے اُسے سمجھ ہی نہیں آیا۔ آپ کو سناؤں؟ میں نے اسے لکھا تھا کہ تجھے خط لکھنا ایسے ہی ہے جیسے کوئی اپنے گھر میں داخل ہو رہا ہو اور جہاں دروازہ کھٹکھٹانے کی بھی اُسے ضرورت نہ ہو، میرے کمرے میں اس وقت بیتھوون کا سنگیت بج رہا ہے اور میرے من میں ایک خواہش نرم نرم پیروں سے رقص کرتی ہے.....اور جواب میں اُسے جو خط لکھا وہ محض موسم کا حال تھا جیسے اُسی دروازے سے پلٹ آیا ہوں۔ وہ میرا گھر نہیں کوئی بیگانہ گھر ہوگا۔ اس طرح کسی کو خط لکھ کر کسی کو کھو دینے سے تو بہتر تھا میں کوئی نظم ہی لکھ لیتا.....''

''کیشور.....نظم'' نرملا کے گلے میں سے اُس کی آواز یوں لڑکھڑا کر نکلی جیسے اُسے کہیں بڑی شدید چوٹ لگی ہو یا بہت پرانا درد جاگ اُٹھا ہو.....''

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: قمر الزمان

کینی دا سفر

اخبار میں خبر ضرور چھپی ہے لیکن پولیس کی تحقیقات اور ڈاکٹر کی رپورٹ کے باوجود، یہ خبر غلط ہے.....

عنوان اور خبر کے بیچ جو کچھ ہوتا ہے، کسی نے بھی آنکھوں سے نہیں دیکھا ہوتا، اس لئے ہر خبر کو لوگوں کا قیاس کہا جا سکتا ہے اور کچھ نہیں۔ اور قیاس اکثر غلط ہوتا ہے۔

کینی اور اس کی خبر کے بیچ جو کچھ ہوا ہے میں اس کے پل پل کا گواہ ہوں..... کیونکہ جن دنوں وہ کسی اور سے باتیں نہیں کرتی تھی، ان دنوں وہ دیر تک میرے سامنے بیٹھ کر مجھ سے باتیں کرتی تھی۔ میرا مطلب ہے---- اپنے آپ سے باتیں کرتی تھی۔ اور ایسے دن اس کی زندگی میں بہت ہی کم آئے جن دنوں اس نے کسی اور سے باتیں کی ہوں۔ اس لئے میں کہہ سکتا ہوں کہ اخبار میں کینی کی جو خبر چھپی ہے، وہ خبر غلط ہے۔ میں یہ حلفیہ بیان کرتا ہوں----

میں: کینی کے کمرے میں لگا ہوا کینی کے قد کے برابر آئینہ۔

میں نے کینی کا بچپن نہیں دیکھا، ابھرتی جوانی بھی نہیں۔ میں نے پہلی بار جب اسے دیکھا تھا وہ بھرپور جوان تھی اور اس کے فن کی شہرت عروج پر تھی۔ مگر اس کے جنم کے بارے اور اس کے شروع کے دنوں کے بارے میں میری جانکاری فقط اتنی تھی جتنی کہ وہ میرے سامنے بیٹھ کر نئے پرانے خطوط کو پڑھتی اور پھر بہت سی سوچیں اپنے ماتھے میں بھر کر وہ مجھ میں اپنا آپ دیکھا کرتی تھی۔

اس کی ماں ایک پولش ڈاکٹر تھی اور اس کا باپ ہندوستانی---- بنگالی میوزیشن۔ کبھی اس کی ماں ہندوستان آئی ہوگی، اس کے باپ سے شادی کر کے پھر ہندوستان ہی رہ گئی ہوگی۔ انہوں نے مل کر کوئی گھر بنایا ہوگا---- مگر جن دنوں کی بات میں کر رہا ہوں ان دنوں اس کا باپ ہندوستان میں تھا، مگر اس کی ماں

واپس پولینڈ جا چکی تھی۔ کبھی کبھی اس کی ماں کا خط آتا تھا، اور وہ اس خط کو میرے پاس بیٹھ کر دیر تک پڑھتی رہتی تھی۔ ایسے کئی خط میرے دیکھے ہوئے تھے۔ ان خطوط میں ایک طویل خط مجھے بہت یاد ہے، ''میری کینی! تجھے جب بھی خط لکھتی ہوں، ہمیشہ لکھتی ہوں'' ''میری کینی'' اور یہ لفظ 'میری' لکھتے وقت میں ہمیشہ سوچ میں پڑ جاتی ہوں یہ پولینڈ میرے بچپن سے ہی مجھے 'میرا' لگا کرتا تھا۔ پھر ایک وقت آیا جب ہندوستان، حقیقتاً میرا نہ ہوتے ہوئے، مجھے میرا لگنے لگا ---- اور پھر وہ وقت آیا جب ہندوستان میرے لئے میرا نہیں رہا۔ میں نے سوچا تھا ہندوستان نہ سہی، مگر پولینڈ ضرور میرے لئے میرا رہے گا۔ کتنی عجیب بات ہے کہ اسے بھی میرا کہنے کے لئے مجھ میں کچھ نہیں رہا۔ اس لئے تمہیں، جسے بلاشبہ میں نے اپنے بطن سے جنم دیا ہے ---- جب 'میری' کہتی ہوں، تب سوچ میں پڑ جاتی ہوں ---- سوچتی ہوں ---- اس دنیا میں کوئی بھی ایسا نہ ہوتا جسے اپنے جیتے جی، ہمیشہ 'میرا' کہہ سکتی تو کم از کم ایسا ضرور ہونا چاہیے جسے ''میرا اپنا آپ'' کہہ سکوں۔ مجھے یہ بھی نصیب نہیں ہوا۔ اگر مجھے تھوڑا سا بھی نصیب ہو جاتا تو میں ہندوستان سے کبھی واپس نہ آتی، تمہیں ہمیشہ اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتی، مگر جس کی خاطر میرا یہ اپنا میرا نہیں رہا، اسے روز وہاں ایک اجنبی، اور اجنبی، مزید اجنبی ہوتے ہوئے دیکھتے رہنا میرے لئے بہت مشکل تھا۔ پولینڈ واپس آ گئی ہوں، اس لئے نہیں کہ یہ ''میرا'' ہے، صرف اس لئے کہ یہ اس سے دور ہے۔ تو نے کئی بار مجھے لکھا ہے کہ میں زندگی میں دوبارہ کچھ دیکھنے کی امید کیوں نہیں کرتی؟ میرے پاس ابھی عمر، شکل، ہنر، شہرت، پیسہ، سب کچھ ہے لیکن ایک چیز بہت حد تک ختم ہو گئی ہے کینی! من کی امنگ ختم ہو گئی ہے۔ تیرے باپ نے وہاں کوئی اور عورت ڈھونڈ لی ہے، ٹھیک ہے، اس کی امنگ باقی ہو گی لیکن مجھ سے میری ساری امنگ خرچ ہو گئی ہے۔ ایک ہی بار خرچ ہو گئی ہے۔ میں مذہبی عورت نہیں۔ صرف یہ کہہ سکتی ہوں کہ میں ایک فضول خرچ عورت تھی، من کی ساری دولت ایک ہی بار خرچ کر ڈالی، اپنے پاس کچھ بھی نہیں رکھا۔ لوگ کہتے ہیں کہ بارشوں کے یہ دن صرف انسان کی بے مقصد زندگی میں آتے ہیں؟ یہ بڑے بھیانک دن ہوتے ہیں اگر کوئی میری بات سن لے تو میں کہوں کہ ان دنوں کے لئے اپنے دل میں امنگ باقی رکھنی چاہیے۔ دل کی دھڑکن بچا کر رکھنی چاہیے۔ اور دل کی دھڑکن کو تیز کرنے والا عشق بچا کر رکھنا چاہیے۔ عشق نہیں تو عشق کی امید ضرور بچا کر رکھنی چاہیے۔ لیکن میں کسی کو کیا کہہ سکتی ہوں ---- اپنی یہ بات میں نے خود بھی نہیں سنی ---- تمہاری بدنصیب ماں''

مجھے پتہ ہے کہ یہ خط کینی نے ایک بار نہیں کئی بار پڑھا تھا اور اس کے گلابی چہرے میں جو رنگ کئی بار

لکھا تھا، وہ اپنی ماں کے لئے ترس کا رنگ تھا، کسی گہرے درد کا رنگ نہیں تھا۔ اور جواب میں اس نے اپنی ماں کو جو خط لکھا تھا وہ انتہائی سادہ خط تھا کیوں کہ اس کو اپنی ماں کے خط کی زیادہ سمجھ نہیں آئی تھی۔ جو حادثہ اس کی ماں کی زندگی میں ہوا تھا۔ اسی طرح کا حادثہ اس کی اپنی زندگی میں بھی ہوا تھا۔ اس نے پچھلے دنوں شادی کی تھی۔ اور شادی کے بعد اسے پتہ چلا کہ اس کے شوہر کو اس سے زیادہ دلچسپی کسی اور عورت میں تھی۔ اور وہ اپنے شوہر سے الگ ہو کر علیحدہ رہنے لگی تھی۔ لیکن پھر بھی اس کو اپنی ماں کے خط کی سمجھ نہیں آئی تھی۔ لیکن کینی نے لکھا تھا کہ اس کے دن کے چین اور رات کی نیند میں اس حادثے کا کوئی عمل دخل نہیں تھا۔ وہ ہنستی تھی، روتی تھی تو جھانجھر کی ناچ کا فن اس کے جسم کے ایک ایک انگ میں چمک اٹھتا تھا۔

اس خط کے جواب میں کینی کو اس کی ماں کا جو خط آیا تھا وہ بہت مختصر تھا۔ صرف اتنا کہ اس کی ماں کو اپنی بیٹی کے دل کی حالت پر رشک آ رہا تھا۔

کینی اس مختصر خط کو اپنے ہاتھ میں لئے بہت دیر میرے سامنے بیٹھی رہی تھی اور پھر مسکرا کر اس نے میری طرف ---- اپنے حسین نقوش والے گورے گلابی چہرے کی طرف ---- دیکھا تھا، اور پھر آہستہ سے اس کے ہونٹ کپکپائے تھے۔ "میں شاید اپنی ماں پر نہیں گئی۔ اپنی ماں جیسا من مجھے ورثے میں نہیں ملا۔"

میں یہ بتا چکا ہوں کہ میں نے کینی کو جب دیکھا تھا، اس کی جوانی جوبن پر تھی۔ اور اس کے فن کی شہرت اپنے عروج پر تھی۔ اس لئے یہ ایک دن کی بات نہیں، روزانہ کا معمول ہے۔ میں دیکھتا تھا کہ دن بھر بیسیوں خط کینی کو آتے تھے، اس کے فن کی، اس کے حسن کی تعریفوں سے بھرے ہوئے۔ لیکن جس سستی اور بے دلی سے کینی ان خطوط کو پڑھتی تھی، وہ مجھے معلوم ہے۔ ان خطوط میں کچھ سیاہی کی جگہ خون سے لکھے ہوتے تھے۔ اور مجھے یاد ہے کہ کینی خون کی صورت سے گھبرا کر اپنے ہاتھ آنکھوں پر رکھ کر بیٹھ جاتی تھی۔ کینی اکثر خطوط کے جواب نہیں دیتی تھی۔ لیکن کچھ ایسے سنجیدہ خط بھی ہوتے تھے، جن کا جواب کینی مٹھاس بھرے لہجے کے ساتھ لکھ دیا کرتی تھی۔

پھر کچھ دنوں بعد میں نے کینی کے چہرے پر واضح فرق دیکھا اس کے بعد کینی کو ایک ہی لگن میں دیکھتا آیا تھا، وہ دو گھنٹے رقص کا ریاض میرے سامنے کرتی تھی ---- اور پھر میں نے دیکھا وہ میرے سامنے بڑی گہری سوچوں میں گم رہنے لگی تھی۔ جیسے ریاض کرتے ہوئے اس کا جسم تھک جاتا ہو۔ شاید یہ تھکاوٹ نہیں اکتاہٹ ہوا کرتی تھی۔ ایک دن مجھے پتہ چلا کہ وہ کیا سوچتی تھی ---- اس نے میرے سامنے کھڑے ہو

کر دیر تک اپنی آنکھوں میں دیکھا (میں یہ کہنا بھول گیا تھا کہ اس کی آنکھیں بہت خوبصورت تھیں، بڑی بڑی، کالی بنگالی آنکھیں) پھر ایک گہرا سانس بھر کر وہ اپنی ماں کو خط لکھنے بیٹھ گئی۔ خط لکھ کر لفافے میں ڈالنے کے بجائے اس نے وہ خط سامنے رکھ لیا اور پاس پڑے ہوئے گدے کے ساتھ ٹیک لگا کر دیر تک اپنے لکھے ہوئے خط کو پڑھتی رہی----"ماں! کبھی تو نے مجھے لکھا تھا کہ تجھے مجھ پر رشک آتا ہے۔ ایک عجیب اکتاہٹ، نمی کی طرح مجھ میں سرایت کر گئی ہے۔ میرے کمرے میں ایک سرخ رنگ کا قالین بچھا ہوا ہے---- گہرے سرخ رنگ کا----اور مجھے لگتا ہے کہ میرے خیال کا سارا رنگ میرے ماتھے سے اترتا ہے، میرے ہونٹوں میں سے اترتا ہوا، میرے دل میں اترتا ہے، پھر اترتا اترتا میرے پیروں سے اترتا، اصل میں میرے پیروں کے نیچے آ گیا ہے اور روز پیروں میں مسلا جاتا ہے۔ میری عمر مجھے بھوسے جیسی لگنے لگی ہے۔ باہر سے عمر کہیں نظر نہیں آتی اور نہ ہی اندر سے کہیں----اور کھوئے ہوئے رنگوں کے ساتھ ان کی علامات بھی کھوئی ہوئی محسوس ہونے لگتی ہیں۔ ماں! کیا رنگ حقیقت میں کھو گیا ہے؟ یا کہیں گہری نیند سو گیا ہے؟ کبھی ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے میرے اندر اس کی موجودگی کہیں ضرور رہتی ہے---- کچھ بوجھ سا میرے ماتھے میں پڑا ہوا لگتا ہے۔ زندگی میں لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے، روز پڑتا ہے، میں ایک مشہور رقاصہ ہوں، اس لئے عام عورت کی زندگی کی طرح کبھی کوئی 'وہ' نہیں ملا جسے دیکھ کر میرے من کا یہ رنگ جاگ جائے۔ شاید میرے اندر کوئی رنگ نہیں۔ مجھے صرف اس کا شک ہے۔ زندگی سے جی بھر گیا ہے لیکن ایک درد کو ترس گئی ہوں ماں! جس درد کو جھیلتے جھیلتے تیری عمر رائیگاں گئی ہے، میں اس درد کو ترس گئی ہوں۔ میری عمر بھی رائیگاں گئی ہے، لیکن اپنے ہی ہاتھوں سے، کاش! کہیں یہ کسی درد سے بتا سکتی!"

اس خط کے جواب میں کینی کو ماں کی طرف سے جو خط موصول ہوا وہ بہت مختصر سا تھا۔ لیکن بڑے خوف سے بھرا ہوا تھا۔ لکھا تھا: "کینی! میں نے زندگی میں کبھی کسی خدا سے دعا نہیں کی۔ تیرا خط پڑھ کر میں دعا کر رہی ہوں کہ جو مقدر تو اپنے لئے مانگ رہی ہے، کہیں یہ مقدر تجھے مل نہ جائے۔"

یہ خط پڑھ کر کینی کا منہ دیکھنے والا تھا۔ بڑا معصوم لیکن زندگی کی تشنگی سے بلکتا ہوا----اور جلدی سے میرے سامنے کھڑے ہو کر، اس نے اپنا ماتھا مجھ میں نظر آنے والے اپنے ماتھے سے جوڑ کر کہا۔ "اے خدا! میری دعا سننا میری ماں کی نہیں۔"

مجھے کیا معلوم کہ اس دن میں نے کینی کا جو بچوں جیسا بھولا چہرہ دیکھا، وہ چہرہ پھر کبھی مجھے دیکھنا

نصیب نہیں ہوگا۔ یہ ایسے تھا جیسے کسی بچے نے آگ کے سرخ شعلے دیکھ کر اپنے دونوں بازو اس کی طرف بڑھا دیے ہوں۔ اور ادھر سے رب نے لاڈ سے آگ کے وہ سرخ شعلے اس بچے کے ہاتھوں میں تھما دیے ہوں۔

ایک دن جب کینی نیم خوابیدہ اٹھ کر بیرونی کمرے میں آئی۔ وہاں، جہاں میں تھا میرے سامنے کھڑی ہو کر اس نے اپنی نیند سے بوجھل آنکھوں کو دیکھا۔ اس کی آنکھیں گھٹی گھٹی تھیں---- نظر آ رہا تھا کہ رات وہ اچھی طرح نہیں سوئی تھی۔ اور نظر آ رہا تھا رات کو اس کی نیند میں جس چہرے کے خیال نے خلل ڈالا تھا، وہ وہی تھا جسے کل رات کو اس نے پہلی بار دیکھا تھا۔ کل رات کو رقص سے واپسی پر، جو اسے گھر چھوڑنے آ گیا تھا، وہ کچھ دیر اندر آ کر کمرے میں بیٹھا تھا، اس لئے میں نے بھی دیکھ لیا تھا۔ یہاں سے اٹھ کر ایک بار وہ باورچی خانے میں گیا تھا اور پھر پانی کے دو گلاس لا کر ایک اس نے خود پینا شروع کر دیا تھا اور ایک اس نے بڑی بے تکلفی سے کینی کے سامنے رکھ دیا تھا۔ گھر کینی کا تھا، پانی کینی کو پوچھنا چاہیے تھا اور لے کر آنا چاہیے تھا، لیکن کینی کی جگہ جب اس، باہر سے آنے والے نے---- پانی کا گلاس لا کر کینی کے سامنے رکھ دیا، تب کینی کچھ پریشان سی ہو کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔ وہ بالکل پریشان نہیں تھا، اس کے برعکس اس نے پانی کا گلاس رکھتے ہوئے کہا تھا "مجھے پیاس لگی ہوئی تھی اس لئے میں نے سوچا کہ آپ کو بھی پیاس لگی ہوگی۔" کینی نے کچھ نہ کہا، پانی پی لیا تھا۔ لیکن جب وہ چلا گیا تھا تو کینی پھر پریشان سی ہو گئی تھی۔ پھر وہ اندر والے کمرے میں سونے کے لئے چلی گئی تھی۔ آج صبح وہ جب اٹھ کر آئی تو اس کی آنکھوں میں رات کی بے چین نیند کی سیاہی تھی۔ وہ میرے سامنے کھڑی ہو کر اپنی آنکھوں کی طرف دیکھتی رہی۔ پھر اس نے خود ہی رات والے الفاظ کو ہونٹوں میں دہرایا "مجھے پیاس لگی ہوئی تھی اس لئے میں نے سوچا کہ آپ کو بھی پیاس لگی ہوگی" ایک بار کینی کے ماتھے پر ہلکی سی سلوٹ پڑ گئی---- جیسے وہ سوچ رہی ہو---- اس کی پیاس سے اپنی پیاس ملانے والا وہ کون ہوتا تھا؟ لیکن وہ مسکرائی۔ اس کے ہونٹ نہیں اس کے ماتھے کی سلوٹ مسکرائی۔ اور جو بات اس نے رات کو جواب میں نہیں کہی تھی، اب اکیلے کھڑے ہو کر کہی "تجھے جب بھی پیاس لگے گی تو پانی کا گلاس پیئے گا، کیا تجھے ہر بار یاد آ جائے گا کہ مجھے بھی پیاس لگی ہوئی ہوگی .....؟"

اس کے بعد وہ کئی بار کینی سے ملنے کے لئے آیا۔ پہلے دن مجھے اس کا نام پتہ معلوم نہ ہو سکا۔ لیکن دوسرے دن معلوم ہو گیا تھا کیونکہ نوکرانی نے جب اندر آ کر کہا تھا کہ کوئی جاوید صاحب ملنے کے لئے آئے ہیں۔ اس وقت میرے پاس بیٹھ کر کتاب پڑھتے ہوئے کینی چونک گئی تھی۔ اور پھر اندر آنے والا وہی تھا جو میں

نے اس سے پچھلے دن دیکھا تھا۔ دو دن نہیں گزرے تھے کہ میں نے اسے پھر دیکھا، اور پھر دیکھا۔ کینی جب ایک بار اکیلی میرے سامنے کھڑی ہوئی، تب اس کے چہرے پر ڈوبتے چڑھتے رنگ کو دیکھ کر میرا ماتھا ٹھنکا----اس کا ماتھا بھی ضرور ٹھنکا ہوگا! میں حیران تھا کہ آج تک اس نے اپنے کسی بھی جاننے والے کو اپنے گھر آنے کی ڈھیل نہیں دی تھی، لیکن یہ 'کوئی' کس طرح کا تھا جس کے سامنے کینی سے کوئی بہانہ نہیں بنایا جا رہا تھا۔

اور پھر اس دن میرا ماتھا مزید ٹھنکا، جس دن اس نے کینی کو بتایا کہ وہ پندرہ دنوں کے لئے شہر سے باہر جا رہا تھا اور اس کے جانے کے بعد کینی نے بے چین ہو کر انتظار کے دن انگلیوں پر گننے شروع کئے۔ ''مائی گاڈ، اٹ ہیز ہیپنڈ'' کینی نے میرے سامنے کھڑے ہو کر ایک بار کہا اور پھر حیران ہو کر ہنس پڑی۔ اس کی ہنسی اس شہد جیسی تھی جس کی مٹھاس میں شہد کی مکھی کا ڈنگ بھی ملا ہوا تھا۔

''اری کینی.....'' پتہ نہیں میں نے کہا کہ اس نے، اس کے ہونٹ اصل میں میرے ساتھ لگے ہوئے تھے۔ اپنے ہی ہونٹوں پر کسی کے ہونٹوں کے پیار کو اپنے پچھتاوے میں دہرا کر دیکھ رہے تھے----وہ ابھی باہر سے آئی تھی وہ اسے چھوڑ کر گیا تھا---- یہ پچھلے سال کے کسی مہینے کی بات ہے----اس نے باہر سے آتے ہی کمرے کا دروازہ بند کر کے، سب سے پہلے جو بات کی تھی، وہ میرے سامنے کھڑے ہو کر، خود کو دیکھا تھا، اپنے آپ کو آواز دی تھی، اور پھر پیار سے اپنے ہونٹوں سے ہونٹ مس کیے اور آنکھیں بند کر لی تھیں۔

اپنے آپ کو ہی آواز دینے کی عادت اسے اسی دن پڑی تھی۔ اس سے اگلے تین سو پینسٹھ دنوں میں اس نے کوئی تین ہزار پینسٹھ بار اپنے آپ کو آوازیں دی ہوں گی۔ اس طرح جیسے اس کا اپنا آپ اس سے جدا ہو رہا ہو۔ پرایا ہو رہا تھا اور پرائے ہوتے ہوئے خود کو کبھی چین سے دیکھتی اور کبھی بے چینی سے۔ ایک دن اس نے انتہائی کھولتے ہوئے غصے میں اپنے آپ کو دیکھا۔ پہلی شام وہ آیا تھا تو کینی نے اسے جھولی پھیلا کر کہا تھا کہ وہ اپنے دفتر میں اب اس سیکرٹری لڑکی کو نہ رکھے، جس سے پہلے بھی کوئی اس کے مراسم تھے۔ اور کینی نے اسے بڑے نرم لہجے میں کہا تھا کہ اس سے ملنے سے پہلے اس کا جو کچھ بھی کسی لڑکی سے رشتہ تھا، اس کا کوئی شکوہ وہ اس سے کبھی نہیں کرے گی۔ لیکن اب ان کو بیتے ہوئے کی یاد دلانے والی کوئی چیز خواہ مخواہ سامنے نہیں رکھنی چاہیے۔ اس نے کینی کی مانگ کو بڑی بے پروائی سے جھٹلا دیا تھا اور کہا تھا کہ اس لڑکی کے بغیر اس کے دفتر کے کام کا بڑا حرج ہوگا۔ اس کے سامنے تو نہیں مگر اس کے جانے بعد کینی بہت روئی تھی۔ اس رات وہ اپنے اندر

والے کمرے میں اپنے پلنگ پر سونے کے لئے بھی نہیں گئی تھی۔ باہر قالین پر ہی الٹی پڑی پڑی سو گئی۔ صبح اٹھ کر اس نے نوکرانی سے خاص طور پر کہا کہ آج خواہ کسی کا فون بھی آئے وہ اسے بلانے اندر نہیں آئے گی۔ فون باہر والے برآمدے میں تھا۔ لیکن دوپہر کے بعد وہ خود ہی دروازے کے پاس کھڑی ہو کر فون کی آواز کا انتظار کرنے لگی تھی۔ یہ وہ دن تھا جب اس نے رات کے وقت بہت کھولتے غصے میں میرے سامنے کھڑی ہو کر، اپنے آپ کو دیکھا تھا۔ اس دن وہ اپنے آپ سے بہت ناراض تھی۔

اس کا یہ غصہ تیسرے دن اتر گیا۔ تیسرے دن وہ آیا اور اس نے آتے ہی کینی سے کہا کہ آج اس نے اپنے دفتر کی سیکرٹری کو دو ماہ کی پیشگی تنخواہ دے کر فارغ کر دیا تھا۔ اس کے بعد اس نے کینی سے وعدہ بھی کیا کہ وہ کوئی لڑکی ---- سیکرٹری اب اپنے دفتر میں نہیں رکھے گا۔

لیکن غصہ شاید بدلے کا بخار تھا، عجیب سے بدلے کا بخار، اب وہ کینی سے جاوید کو چڑھ گیا۔ بات یہ ہوئی تھی کہ کینی کو انگلینڈ کے ایک کلب کی طرف سے دعوت نامہ آیا تھا۔ کینی کے لئے ہندوستان سے باہر جانے کا یہ پہلا موقع تھا اور کینی خوش تھی۔ کچھ اسے یہ امید تھی کہ وہ انگلینڈ سے آسانی سے پولینڈ جا سکے گی اور اپنی ماں سے مل سکے گی۔ لیکن جب کینی نے پاسپورٹ کے لئے فارم بھرا تو فارم کی خانہ پری کے لئے اسے اس کے شوہر کا نام بھی لکھنا پڑا۔ بلاشبہ وہ کئی سال سے اکیلی رہ رہی تھی لیکن اس نے ابھی تک طلاق نہیں لی تھی۔ اس لئے اس فارم کی خانہ پری کے لئے اسے اس آدمی کا نام اس میں لکھنا پڑا تھا، جس کے ساتھ کبھی اس کی شادی ہوئی تھی اور جاوید نے جب یہ فارم پڑھا تو فارم میں نام دیکھ کر وہ لال پیلا ہوا۔ ''میں یہ نام بالکل برداشت نہیں کر سکتا'' اور اس نے غصے میں آ کر فارم پھاڑ دیا۔

کینی اور فارم لا سکتی تھی۔ پُر کر سکتی تھی، لیکن اس نے ایسا کچھ نہیں کیا۔ کینی کے قدم ایک نازک موڑ پر آ کر رک گئے تھے۔ اسے معلوم تھا کہ اگر وہ جاوید کی غیر حاضری میں مزید فارم لائے گی، بھرے گی، اور پاسپورٹ بنوا کر انگلینڈ چلی جائے گی تو جاوید کو وہ ہمیشہ کے لئے کھو دے گی۔ اس کا سوچتا ہوا چہرہ میں سارا دن دیکھتا تھا، اور دیکھتا تھا کیا ہے ایک لمحے وہ جاوید کو کھونے کا حوصلا اکٹھا کرتی تھی، تو دوسرے لمحے ریت کے بنے محل کی طرح اس کی ہمت جواب دے جاتی تھی۔

وہ انگلینڈ نہیں گئی تھی۔ جاوید کبھی بھی اس روٹھی خوشی کو نہیں مناتا تھا۔ لیکن زیادہ دفع یہ کینی کو منانی پڑتی تھی۔ اور پھر ہوتے ہوتے یہ بات صرف کینی کے لئے ہی رہ گئی تھی۔ باہر والے دروازے اور باہر والی

سڑک تک دوڑتے ہوئے، اور ناراض ہو کر جانے والے جاوید کو منا کر لاتے ہوئے، میں نے کینی کو کئی بار دیکھا۔ ایک دن کینی روئے جا رہی تھی۔ اتنا کہ وہ پاس سے اٹھ کر جاتے ہوئے جاوید کو کچھ نہ کہہ سکی۔ جاوید چلا گیا۔ کینی روتے روتے بھی اس کے واپس آتے پاؤں کی آواز کا انتظار کرتی رہی۔ شاید اس کا خیال تھا کہ جاوید اسے ایسے روتے ہوئے چھوڑ کر نہیں جا سکے گا۔ دروازے سے واپس آ جائے گا۔ باہر والی سڑک سے واپس آ جائے گا لیکن جاوید نہیں آیا۔ کینی کی وہ رات اس کی عمر پر بھاری ہو گئی تھی۔ یہ شادی وہ رات جب کینی کا اپنا آپ، اپنی ہی نظروں میں ہلکا ہوتا گیا۔ دوسرے دن جب خود ہی اس نے جاوید کو فون کرنے کی پہل کی، اور پھر جاوید جب آیا، اس نے کل رات والی بات ہنسی میں ٹال دی اور کینی نے چپ چاپ وہ بات ٹل جانے دی، پھر جب اس نے جاوید کو منانے کا کوئی اور موقع خالی نہ جانے دیا اور پھر..... اور پھر.....

ان تین سو پینسٹھ دنوں میں کینی نے کوئی تین ہزار پینسٹھ بار میرے سامنے کھڑے ہو کر کینی کو آوازیں دیں۔ "اری کینی!..... وہ کبھی بے چینی سے آواز دیتی اور کبھی ترس سے، کبھی پیار سے، کبھی نفرت سے.....

ان دنوں میں کینی نے اپنی ماں کو کئی خط لکھے، لیکن کوئی خط ڈاک کی نظر نہیں کیا۔ جس لمحے وہ خط لکھتی، اگلے ہی لمحے اس کے دل کا موسم بدل جاتا اور وہ خط اسے بے معنی لگنے لگتا۔ موسم دل کے اختیار میں نہیں تھا دل موسم کے اختیار میں تھا۔ جاوید اسے خوش ملتا وہ خوش ہو جاتی ایک تار کی طرح وہ کسی رہتی، کانپتی رہتی۔ جاوید کا جی کرتا تو وہ اس تار میں سے سوئے ہوئے گیت جگا لیتا۔ جاوید کا دل کرتا وہ اس تار میں سے بلکتے ہوئے سر نکال لیتا۔

کینی کو جاوید سے کوئی شکوہ نہیں تھا۔ اس نے کینی کو وہ خوشی دی تھی، جو کینی کو کوئی اور نہیں دے سکا۔ اس نے کینی کو وہ درد دیا تھا، جو کینی کو کوئی نہیں دے سکا۔ وہ خوشی کو منکے کی طرح سنبھالتی پھرتی، سانپ کی طرح اکیلی بیٹھ کر اس سے کھیلتی۔

کینی کو سکیچنگ کا شوق تھا، ایک بار اس نے ایک بڑی خوبصورت کاپی پر جاوید کا ایک سکیچ بنایا۔ جاوید کو دکھایا۔ جاوید کو اچھا لگا اور دوسرے صفحے پر اس نے اپنی پنسل سے کینی کا سکیچ بنا دیا۔ جاوید کی ڈرائنگ کینی سے بھی زیادہ اچھی تھی۔ پھر اس کاپی پر انہوں نے کئی سکیچ بنائے۔ ایک بار وہ پانچ دنوں کے لئے پہاڑ پر گئے تھے، وہاں انہوں نے پہاڑی جھرنوں کے کئی سکیچ بنائے۔ پھر اپنی پسند کی نظمیں چنیں اور اس کاپی میں لکھیں

اس کاپی کو وہ اپنی بیٹی کہتے تھے۔ اس کا نام انہوں نے عطیہ رکھا ہوا تھا۔ اس عطیہ کو وہ پیار سے آتی بلاتے تھے اور قسمت والے خوش لمحوں میں جاوید کینی کو ''آتی۔ ماں'' کہہ کر پکارتا تھا اور کینی جاوید کو ''آتی۔ پا'' کہہ کر۔

اداس راتوں میں کینی کو ایک بھیانک خواب آتا تھا ایک دن اس نے میرے پاس بیٹھ کر جاوید کو بتایا تھا کہ وہ جب اداس ہوتی تھی تو رات خواب میں ان کی بیٹی مر جاتی تھی---- آتی کا ورق ورق پھٹ جاتا تھا ان کی بیٹی کا ایک ایک حصہ کٹ جاتا تھا۔

خوشی کو آئے دن روٹھنے کی عادت پڑ گئی تھی اور کینی کو آئے دن منانے کی، لیکن ایک دن ایسا بھی آ گیا کہ کینی اسے مناتے مناتے آپ ہی روٹھ گئی۔ کسی سے نہیں اپنے آپ سے۔ جاوید کے پاس ان دنوں میں کوئی اس کے دور کے رشتہ داروں کی بھابھی آ کر رہنے لگ پڑی تھی۔ جاوید کے اس بھائی سے اس بھابھی کو طلاق لئے کئی سال ہو چکے تھے یہ بھابھی کینی کو اچھی نہ لگی۔ ایک بار جاوید اس کو کینی کے گھر ساتھ لایا تھا۔ اور اس بھابھی نے ایک عجیب سے انداز میں جاوید کی تعریف کرتے ہوئے اسے کہا تھا، ''یو آر سمائل از بانٹنگ''---- اور اس دن اس نے کینی ہی کے گھر کینی کی موجودگی کو آنکھوں سے اوجھل کر کے دیکھا تھا کینی کو اگر کوئی دعویٰ تھا تو جاوید پر اسے کسی تیسرے سے کوئی شکوہ نہیں تھا اور اس دن کینی اس بات سے زخمی ہو گئی تھی کہ جاوید کو اس بھابھی کے کسی رویے سے کوئی شکایت نہ تھی۔ اور اب یہی بھابھی جاوید کے پاس رہنے کے لئے آ گئی تھی۔ ''اس نے مجھے کیوں نہیں بتایا..... مجھ سے یہ بات کس لئے چھپالی.....'' کینی کا پرانا زخم ہرا ہو گیا کیونکہ آج اچانک اسے یہ بات جاوید کے نوکر سے معلوم ہوئی تھی۔ اور پھر جب کینی نے جاوید کو فون کیا تو جاوید نے ہنس کر کینی کو برا بھلا کہنا شروع کر دیا۔ ''ایسے ہی نہ بولتی جایا کر---- یہ میں نے تجھے اس لئے نہیں بتایا تھا کہ تجھے خواہ مخواہ تکلیف ہو گی''

''ایسے ہی نہ بولتی جایا کر.....'' کینی نے میرے سامنے کھڑے ہو کر کئی بار یہ الفاظ اپنے آپ سے کہے۔ اس کی آنکھیں بھر آتی تھیں اور یہ الفاظ اس کے ہونٹوں میں بار بار سسکیاں لے رہے تھے، ''کینی..... تو میری بات کیوں نہیں سنتی..... تم ایسے ہی بولے جاتی ہو----'' اور پھر کینی اپنے آپ کو چپ کراتے کراتے حواس کھو بیٹھی۔ جاوید وہاں نہیں تھا، لیکن وہ کمرے میں کھڑی جاوید سے باتیں کرنے لگی ''تم سمجھتے کیوں نہیں---- میں ایسے ہی بول رہی ہوں؟ کبھی کسی کو ویسے ہی درد ہوتا ہے؟ چھاتیوں میں سے رونا ایسے ہی آتا ہے؟ تو میرے ساتھ ٹھیک سے نہیں بولتا، میری آدھی جان نکل جاتی ہے، کبھی کسی کی آدھی

جان ایسے ہی نکل جاتی ہے؟.....

اور حواس باختہ کینی چپ ہونے کے بجائے مزید بولتی گئی۔ پھر اس نے جاوید کو فون کیا----اس کی آواز آنسوؤں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ جاوید کو اس کی آنسوؤں میں ڈوبی آواز سن کر ہمیشہ ہی غصہ آجاتا تھا، آج بھی آگیا اور اس نے ایک ہی لفظ کہہ کر فون بند کر دیا۔ یہ لفظ اس کے کانوں میں گھونج اٹھا۔ کینی نے چونک کر دونوں ہاتھ کانوں پر رکھ لئے اور پھر بلک کر میرے سامنے کھڑی ہوگئی۔ اس کی آنکھوں میں سرخ ڈورے پڑ گئے تھے۔ ان آنکھوں سے وہ اپنی آنکھوں کو دیکھ کر چیخ پڑی۔ ''شٹ اپ..... کینی شٹ اپ.....''

یہ جاوید کا کہا ہوا لفظ تھا، کینی نے حکماً مان لیا اور کینی نے فیصلہ کر لیا کہ وہ جاوید سے اتنی دور چلی جائے جہاں سے جاوید کو کبھی اس کی آواز نہیں آسکے گی۔ وہ اپنی ماں کے پاس چلی جائے گی.....

مجھے معلوم ہے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کینی نے میرے پاس بیٹھ کر اپنی ماں کو خط لکھا کہ میں جلد پولینڈ آرہی ہوں اور پھر ہمیشہ وہیں رہوں گی۔ کینی نے یہ خط لفافے میں ڈالا میرے سامنے ٹکٹ لگائی اور پھر نوکرانی کو بلا کر یہ خط ڈاک خانے میں ڈالنے کے لئے دے دیا۔

کینی کے پاؤں اُس دھرتی سے رشتہ توڑ چکے تھے جس دھرتی پر کھڑے ہو کر اس کی آواز جاوید تک جا سکتی تھی۔ وہ جلدی سے پاسپورٹ کے دفتر گئی اور وہاں سے وہ فارم لے کر آئی جو کہ پاسپورٹ کے حصول کے لئے ضروری تھا اور کینی نے وہ فارم میرے پاس بیٹھ کر پر کیا۔

پولینڈ پہنچنے کا، راستہ بہت لمبا تھا۔ لیکن کینی کے پاؤں بہت جلدی میں تھے، رکتے ہی نہ تھے۔ رات ہوتی جا رہی تھی اور جیسے جیسے رات کا اندھیرا بڑھ رہا تھا، کینی کو ایک سوچ آرہی تھی۔ ''جانے میں بہت دن لگ جائیں گے..... بہت دن..... اتنے دن تم چپ نہیں رہو گی.....

ایک کینی وہ تھی جو شاید کبھی چپ نہیں رہ سکتی تھی ایک کینی وہ تھی جس کے پاؤں دھرتی کے اس گڑھے سے بہت دور چلے جانا چاہتے تھے، ایک کینی وہ تھی جس کے پاؤں اسی جگہ جمے ہوئے تھے۔ ایک کینی وہ تھی جس کا سر فخر سے بلند تھا اور وہ اس فخر پر ساری دنیا کی دولت لٹا سکتی تھی۔ ایک کینی وہ تھی جس کا سر محبوب کی دہلیز پر جھکا ہوا تھا، اور وہ محبت کی ایک بوند کے لئے جھولی پھیلا کر کھڑی ہو سکتی تھی۔

کینی کو جانا تھا، ضرور جانا تھا، جو کچھ بھی اس کے راستے میں کھڑا تھا، اس سے گزر کر جانا تھا۔

کینی راہ سے ہٹتی نہیں تھی۔ اس لئے کینی نے رات سوتے وقت کمرے کے سارے دروازے

اچھی طرح بند کر لئے پولینڈ سے ماں کی بھیجی ہوئی کونیاک کی بوتل نکالی، اس نے ایک ایک گھونٹ کو اس طرح پیا جیسے وہ ماں سے باتیں کر رہی تھی —— یہ کونیاک اس نے دو گلاسوں میں ڈالی تھی، ایک گلاس اپنے حصے کا ایک ماں کے حصے کا۔ وہ ایک کے بعد دوسرے سے گھونٹ بھرتی رہی۔ نیند کی گولیاں آج اس کے پاس صرف دو تھیں۔ اور پھر کینی نے جھوم کر میری طرف دیکھا۔ مسکرائی اور پھر کہنے لگی ---- ''تم میرے راستے میں نہیں آ سکتے... پیچھے ہٹ..... مورکھ.....''

اور پھر اس نے کمرے میں پڑی ہوئی ''عطیہ'' کا ایک ایک ورق پھاڑا۔ آتی ماں نے اپنی بچی کا ایک ایک انگ چوما ----

تو نے یتیم ہو جانا تھا آتی! میرے بعد..... '' اس نے کہا اور پھر مسکرا پڑی۔ اور پھر کمرے میں رکھی ہوئی گیس کو کھلا چھوڑ کر وہ سو گئی۔

☆☆☆☆

بھارت ناٹیم کی پرمہارت ڈانسر کینی تارا نے کل رات خودکشی کر لی، اخبارات میں یہ خبر چھپی ہے، لیکن باوجود پولیس کی تحقیقات کے اور ڈاکٹروں کی رپورٹ کے میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ خبر غلط ہے۔ کینی نے کبھی مرنا نہیں چاہا، ہمیشہ زندہ رہنا چاہا ہے۔ کینی کو پولینڈ جانا تھا، لیکن جانے میں بہت دیر تھی، اس لئے وہ کسی اور دیس سدھار گئی ہے اور عشق میں پاگل ہوئی ایک کینی اس کے راستے میں بیٹھی ہوئی تھی، اس کو اس نے بڑی مشکل سے راستے سے ہٹایا ہے۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: احمد اعجاز

تہہ خانہ

ہوا کچھ تیز سی ہو گئی۔۔۔

شاید اس لیے کہ ہوا میں تمہارا سانس ملا ہوا تھا۔۔۔

اور ہوا کے سینے میں کھڑے ہوئے درختوں کے پتے دھڑکنے لگ پڑے۔۔۔

میں، ہڈیوں اور ماس کی ایک عمارت، ایک عرصہ خاموش کھڑی رہی۔

پھر جیسے خود ہی اپنے وجود میں سے باہر آئی ہوں۔۔۔

میں نے باہر کے راستے کی جانب دیکھا۔

تم باہر کے راستے سے گزر رہے تھے۔

راستے کے اوپر سے کئی لوگ گزرتے ہیں، مگر اس طرح نہیں۔

تم اس کے اوپر یوں مٹک مٹک کر چل رہے تھے، جیسے تمہارے پاؤں اس راستے سے باتیں کر رہے ہوں۔۔۔

تم نے معلوم نہیں اسے کیا کہا۔۔۔ کہ راستے کی مٹی کا رنگ گلابی سا ہو گیا۔۔۔

اور پھر میں کتنے دن اس کی جانب دیکھتی رہی۔۔۔

اور پھر میں نے ایک دن دیکھا۔۔۔

تم باہر کے دروازے کے سامنے درخت کے نیچے کھڑے ہوئے تھے۔

اس درخت کا خیال ہے۔۔۔ کہ اس دن اسے پہلی بار بور لگا تھا۔

اور میں کئی دن اس درخت کے بور کو دیکھتی رہی۔

ایک دن بہت گرم دوپہر تھی۔۔۔

تم آئے، اور باہر کے دروازے کے سامنے ایسے کھڑے ہو گئے، جیسے اس دروازے سے تم پانی کے کسی کنویں کا راستہ پوچھ رہے ہو۔

دروازے نے گھبرا کر ایک بار تمہاری طرف دیکھا، پھر میری طرف۔ اور دروازے کے اندر گھر کی چوکھٹیں تھیں۔۔۔

تم نے چوکھٹوں پر نظر ڈالی، ان کے سوئے نصیب جاگ پڑے۔ اور پھر میں نے اندر جا کر گھڑے میں سے پانی کا ایک کٹورا بھرا۔ اور تم نے چپ چاپ اندر آ کر پانی کا کٹورا پی لیا۔

معلوم نہیں تم کہاں سے آتے تھے، کہاں جاتے تھے، صرف اتنا معلوم تھا کہ میرا گھر تمہارے راستے میں پڑتا تھا اور تم جب بھی وہاں سے گزرتے تھے، تمہیں پیاس لگ جاتی تھی اور میں پانی کا کٹورا بھر کر تمہارے سامنے رکھ دیتی تھی۔

'میرا نام یورینس ہے' ایک دن تم نے پانی پیتے ہوئے بتایا تھا۔

مجھے یوں لگتا تھا۔۔۔ تمہارے آنے کے وقت کوزہ ہمیشہ پانی سے لبالب رہتا تھا، اور تمہارے چلے جانے کے بعد ہمیشہ خشک کٹورے کی طرح ہو جاتا تھا بلکہ اس سے بھی بڑھ کر۔۔۔ تمہارے خشک گلے ایسا ہو جاتا تھا۔۔۔

میں۔۔۔ تین منزلہ عمارت ہوں۔

تم نے صرف ایک منزل دیکھی تھی، دوسری منزل، اور ایک دن جب تم نے کہا۔۔۔ پانی پیتے ہوئے۔۔۔ اچانک تم دوسری منزل کی سیڑھیوں کی طرف دیکھنے لگ پڑے تھے۔

تمہیں شاید پیاس کے ساتھ ساتھ کچھ بھوک بھی تھی، اور شاید تم نے یہ بھی جان لیا تھا کہ وجود کی بھوک کو مٹانے والی چیز دوسری منزل پر تھی۔ تم نے سیڑھیوں کی جانب دیکھا، تو میں بھی سیڑھیوں کی طرف دیکھنے لگ پڑی۔

اور سیڑھیاں چڑھتے جب تم نے اپنا قدم سیڑھیوں کی دیوار پر رکھا۔۔۔ تو میری پسلی میں سے ایک

کپکپاہٹ سی گزرتی گئی۔

سیڑھیاں عبور کرنے کے بعد سامنے بیلوں سی ڈھکی ہوئی بالکونی ہے اور سونے والا کمرہ۔

تم بیلوں سی ڈھکی ہوئی بالکونی میں کھڑے ہو گئے اور میں لکڑی کے گھٹنے کو جلانے لگ پڑی تھی۔ پھر ٹھنڈی روٹی کو گرم کرنے لگی کہ تم پہ نظر پڑی۔

او خدایا! تمہارے چہرے پر تپش آ رہی تھی۔ شاید تمہارے چہرے پر آگ کی لاٹ کا عکس پڑ رہا تھا۔۔۔

جلتی لکڑیوں میں سے کچھ چنگاریاں نکل کر میرے پاؤں کے قریب آ پڑی تھی۔

پاؤں میں ایک ٹیس سی اٹھی، لیکن میں نے چنگاریوں کو اپنے پاؤں کے تلوؤں سے روند ڈالا تھا۔

گرم روٹی تمہارے سامنے رکھتے ہوئے میرے ہاتھ کانپ رہے تھے۔

اور میں نے دیکھا۔۔۔ روٹی کا لقمہ توڑتے ہوئے تمہارے ہاتھوں کی انگلیاں بھی کانپ رہی تھی۔

میں نے اپنی کپکپاہٹ اپنے وجود کے اندر چھپالی تھی۔ تم ایک عرصہ میری طرف دیکھتے رہے۔۔۔ جیسے میرے وجود میں چھپی اس کپکپاہٹ کو ڈھونڈ رہے ہو۔۔۔

وجود کی کپکپاہٹ کو شاید نظروں سے نہیں ڈھونڈا جا سکتا۔۔۔ تم نے زور سے مجھے اپنے ساتھ بھینچ لیا۔۔۔ یوں اپنے وجود کی کپکپاہٹ سے میرے وجود کی کپکپاہٹ کو ڈھونڈ لیا۔۔۔

لکڑی کے گٹھوں میں ابھی تک آگ جل رہی تھی۔۔۔ اور اس کی لاٹوں کے سائے ہمارے چہروں پر پڑ رہے تھے۔۔۔

تین منزلہ عمارت کے نیچے۔۔۔ ایک تہہ خانہ ہے۔ کسی کو نظر نہیں آتا، مگر ہے، اور اس دن جب تم چلے گئے، رات کو میں نے اپنی عمر کا بیسواں سال اپنے وجود سے اتار کر اس تہہ خانہ میں رکھ دیا۔ سوچتی تھی۔۔۔ تم جب چاہو گے، تمہیں نکال کر دکھا دوں گی۔۔۔ تمہاری امانت۔۔۔

آواز کی ایک لکیر سی۔۔۔ جو سیدھی سینے میں سے نکل کر میرے گلے میں سے گزرتی تھی۔۔۔ اور پھر میرے لبوں کے قریب آ کر چھوٹے چھوٹے دائروں میں بدل جاتی تھی۔ یو۔۔۔ رے۔۔ نا۔۔۔ س۔۔۔

اور میری آواز میرے لبوں سے نکل کر میرے کانوں میں چلی جایا کرتی تھی، مگر ایک مدت تک میرے لبوں پر ہی پڑی رہتی تھی۔۔۔

میرے اندر ایک مقام پر۔۔۔ بائیں طرف۔۔۔ معلوم ہوتا تھا جیسے آگ سی جل رہی ہو، اور جس کی تپش سے اس آواز کے دائرے ڈھل جاتے تھے اور یہ پھر میری ناڑ میں سے گزر کر میری چھاتی میں چلی جاتی تھی۔ اور یہ کیلہ جیسی۔۔۔ میرے سینے سے نکل کر میرے گلے میں سے گزرتی تھی۔۔۔ اور پھر لبوں کے قریب آ کر چھوٹے چھوٹے دائروں میں تبدیل ہو جاتی تھی۔۔۔ یو۔۔۔ رے۔۔۔ ن۔۔۔ س۔۔۔

دن اور رات بھی شاید اسی آواز کی مانند گھومتے تھے۔۔۔ وہ بھی ایک دائرے میں چلتے رہے اور یہ آواز بھی۔

ایک دن تم نے کہا۔۔۔ بہت مدت بعد۔۔۔ تم آئے لیکن اس دن تمہارے پروں میں پہلی منزل والا جذبہ تھا، نہ دوسری منزل والا، تم سیدھے اس تیسری منزل پر آ گئے، جہاں میرے انتظار کے دنوں ایسی۔۔۔ بند، ٹھنڈیاں اور خاموش سیکڑوں کتابیں پڑی ہوئی تھی۔

تم کتنی دیر خاموش کھڑے رہے! معلوم ہوتا تھا۔۔۔ جیسے کتابوں میں ایک اور کتاب کا اضافہ ہو گیا ہو۔ پھر میں نے آگے بڑھ کر تمہارے ہاتھ کو ایسے چھوا۔۔۔ جیسے آہستہ سے ایک کتاب کی جلد کو اٹھا کر اس کے پہلے صفحے کو دیکھنا مقصود ہو۔

تم ہنس دیئے۔۔۔ اور کتاب کے سارے صفحے تم نے اپنی آنکھوں میں بھر لیے، اور ساری عبارت لبوں پر۔ تم نے میرے لبوں کو ایسے چوسا۔۔۔ جیسے میں نے تمہارے لبوں کی ساری عبارت کو اپنے لبوں سے پڑھنا ہو۔۔۔

تم جس طرح سج سج قدم اٹھاتے اوپر کی منزل پر آئے تھے، ویسے سج سج قدم اٹھاتے میرا ہاتھ تھامے نیچے۔۔۔ درمیانی منزل پر آ گئے، بیلوں والی بالکونی میں سے گزر کر میرے کمرے میں۔ پھر ایک عرصہ تم مخمل کے بستر کو اپنی چوڑی مردانہ ہتھیلیوں سے سہلاتے رہے۔ پیچھے بہت طویل خشک دن تھے اور آگے معلوم نہیں کیا تھا، لیکن ان یادوں میں سے یاد کا ایک لمحہ اٹھا جس نے اپنا ایک بازو بیتے ہوئے وقت پر پھیلا دیا اور دوسرا دور

تک آنے والے وقت پر۔۔۔ یوں آگے پیچھے۔۔۔ تاحدِ نظر۔۔۔ وہ لمحہ پھیل گیا۔

اس سے لمحہ بھر پہلے ماس کی ایک دیوار تمہارے گرد تھی اور ماس کی ایک دیوار میرے گرد۔ لیکن ماس اور مٹی کی دیواریں معلوم نہیں کیوں گھل گئیں۔۔۔ اور تم مجھ کو یوں ملے۔۔۔ جیسے ایک ندی کا پانی، ایک ندی کو ملتا

ہے۔۔۔اور اس لمحے معلوم نہیں کس قدر ہنس اس پانی میں تیر رہے تھے۔

ندیاں جب خشک ہو جاتی ہیں۔۔۔پھر مٹی بن جاتی ہیں، مجھے لگا تم قریب تھے تو میں ایک ندی تھی، اور تم چلے گئے، تو میں پھر دھرتی ماں۔۔۔مٹی ماں۔۔۔ماس مٹی کی ایک عورت تھی۔

اس رات اور پھر ہر رات۔۔۔مجھے معلوم ہوتا رہا۔۔۔کہ میری کوکھ میں سے کسی کے رونے کی آواز آتی ہے۔

تمہیں مدتوں پھر واپس آنے کا دھیان ہی نہیں رہا۔اور ایک رات۔۔۔جب کافی دیر میری کوکھ میں سے رونے کی آواز آتی رہی۔۔۔میں نے اپنی کوکھ کو اس آواز سمیت، اس تہہ خانہ میں جا کر رکھ دیا۔۔۔جہاں کبھی میں نے اپنی عمر کے بیسویں سال کو رکھا تھا۔۔۔

کبھی کبھی۔۔۔میں موم بتی جلا کر۔۔۔تہہ خانے میں جاتی تھی۔۔۔ایک مدت اپنی عمر کے بیسویں سال کو دیکھتی رہتی تھی۔۔۔اور پھر ایک مدت اپنی کوکھ میں سے کسی کے رونے کی آواز کو سنتی رہتی تھی، سوچتی تھی۔۔۔اب جب تم آؤ گے، میں تمہارا ہاتھ پکڑ کر تمہیں اس تہہ خانے میں لے جاؤں گی۔۔۔

پھر مدت بعد۔۔۔تم ایک بار آئے، لیکن اس مرتبہ تم اکیلے نہیں تھے۔۔۔باہر دروازے کے پاس کھڑی کتنی ہی مصروفیتیں تمہارے ساتھ تھی۔۔۔تم نے ایک لمحہ کے لیے اندر آ کر جلدی سے پانی کا ایک کٹورا پیا۔۔۔اور جب میں نے تہہ خانے کی طرف اشارہ کیا۔۔۔تم نے میرا ہاتھ جھٹک دیا اور لوٹ آنے کا اقرار پکڑا کر چلے گئے۔۔۔

تمہارے اقرار کو میں نے پھول کی مانند پکڑا نہیں تھا۔۔۔اپنی ہتھیلی میں بو لیا تھا، پھر وہ ایک عرصہ تمہاری ہتھیلی میں پڑا رہا۔۔۔

مگر ماس کی ہتھیلی آخر ماس کی ہوتی ہے۔۔۔یہ مٹی کی طرح ہمیشہ جوان نہیں رہتی۔اس پر عمر کی سلوٹیں پڑ جاتی ہیں۔۔۔یہ جب بنجر ہونے لگتی ہے۔۔۔اس کے اندر اگا ہوا ہر پتا مرجھا جاتا ہے۔تمہارے اقرار کا پھول بھی مرجھا گیا، اور میں نے کانپتی ہتھیلی سے ایک دن اس مرجھائے ہوئے پھول کو تہہ خانے کے گاڑھے اندھیرے میں رکھ دیا۔۔۔

تیسری منزل پر بہت سی کتابیں ہیں۔۔۔دنیا بھر کی تاریخوں کی ہگران میں سے ایک کتاب کم

ہے۔۔۔ان میں میرے تہہ خانے کی تاریخ کی کوئی کتاب نہیں۔

جس نے دنیا کی تاریخ پڑھی ہے۔۔۔وہ جانتا ہے۔۔۔کہ آج سے ہزاروں سال پہلے ایک یورینس نام کا مرد ہوتا تھا، اور ایک گایا نام کی عورت ہوتی تھی۔۔۔اور گایا کی کوکھ میں سے جو بھی بچہ جنم لیتا، یورینس اسے دھرتی کی تہہ میں دبا دیتا تھا اور گایا کو دھرتی میں ہمیشہ بچوں کے رونے کی آوازیں سنائی دیتی تھی۔۔۔

مگر آج کی تاریخ کسی کو معلوم نہیں پڑتی۔۔۔کہ بیسویں صدی میں ایک گایا ہوتی تھی، اس نے ایک یورینس سے محبت کی تھی، اور اس نے اپنی کوکھ کو کسی تہہ خانے میں رکھ دیا تھا۔۔۔جس میں سے ہمیشہ ایک بچے کے رونے کی آواز آتی رہتی تھی۔۔۔کسی کو معلوم نہیں کہ رونے کی آواز صرف جنم لیے بچے کے گلے میں سے ہی

نہیں نکلتی۔۔۔بغیر جنم لیے بچے کے گلے میں سے بھی رونے کی آواز آتی ہے۔۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

ہندی سے اردو زبان میں ترجمہ: خورشید قائم خانی

جنگلی بوٹی

انگوری، میرے پڑوسیوں کے گھر، ان کے پرانے نوکر کی نئی نویلی دلہن ہے۔ ایک تو نئی اس لیے کہ وہ اپنے خاوند کی دوسری بیوی ہے، سو اس کا خاوند ''دوہاجو'' ٹھہرا۔ اگر جو کا مطلب ''جون'' ہو تو اس کا مطلب ہوا دوسری جون میں پڑا ہوا آدمی۔ انگوری چوں کہ ابھی بیاہ کی پہلی ہی جون میں ہے، اس لیے نئی ہوئی۔ دوسرے وہ اس بات سے بھی نئی ہے کہ اس کا گونا آئے ابھی ایک سال بھی پورا نہیں ہوا۔

پانچ چھ سال ہوئے، جب بھاتی اپنے مالکوں سے چھٹی لے کر اپنی پہلی بیوی کا ''کریا'' کرنے کیلیے اپنے گاؤں گیا تھا تو کہتے ہیں کہ کریا والے دن انگوری کے باپ نے اس کا انگوچھا نچوڑ دیا تھا۔ کیس بھی مرد کا یہ انگوچھا، اس کی بیوی کی موت پر بھلے آنسوؤں سے نہ بھیگا ہو، پر کریا کے چوتھے دن نہا کر بدن پونچھنے پر کسی لڑکی کا باپ اگر یہ انگوچھا نچوڑ دے تو گاؤں کی اس معمولی سی رسم کے مطابق جیسے وہ کہہ رہا ہو!

''اس مرنے والی کی جگہ میں تمھیں اپنی بیٹی دیتا ہوں اور اب تمھیں رونے کی ضرورت نہیں۔ میں نے تمہارا آنسوؤں سے بھیگا ہوا انگوچھا سکھا دیا ہے۔''

اس طرح پر بھاتی کا انگوری کے ساتھ دوسرا بیاہ ہو گیا تھا۔ لیکن، ایک تو انگوری ابھی عمر کی چھوٹی تھی، اور دوسرے انگوری کی ماں گھٹیئے کے روگ میں پڑی تھی، اس لیے گونے کی بات پانچ چھ سال پر جا پڑتی تھی.... پھر ایک ایک کر کے پانچ سال بھی بیت گئے اور اس سال جب پر بھاتی اپنے مالکوں سے چھٹی لے کر اپنے گاؤں گونا لینے گیا تھا تو اپنے مالکوں کو پہلے ہی کہہ گیا تھا کہ یا تو وہ اپنی پتنی کو بھی ساتھ لائے گا اور شہر میں اپنے ساتھ رکھے گا اور یا پھر وہ بھی گاؤں سے نہیں لوٹے گا۔ مالک پہلے تو کہنے لگے کہ ایک پر بھاتی کی جگہ وہ اپنی رسوئی سے دو جنوں کی روٹی نہیں دے سکتے، پر جب پر بھاتی نے کہا کہ وہ کوٹھری کے پچھواڑے کی جگہ لیپ

پوت کر اپنا چولھا الگ بنائے گی، اپنا پکائے گی اور اپنا کھائے گی تو اس کے مالک یہ بات مان گئے تھے۔

سو انگوری شہر آ گئی تھی۔ گو انگوری نے شہر آ کر کچھ دن محلے کے مردوں سے تو کیا عورتوں سے بھی گھونگھٹ نہیں اٹھایا تھا، پر پھر دھیرے دھیرے اس کا گھونگھٹ جھینا (پتلا) ہوتا گیا۔ وہ پیروں میں چاندی کی جھانجریں پہن کر چھنک چھنک کرتی محلے کی رونق بن گئی تھی۔ ایک جھانجر اس نے پاؤں میں پہنی ہوتی، تو دوسری اپنی فاسی میں۔ گو وہ دن کا بیشتر حصہ اپنی کوٹھری میں رہتی تھی پر جب باہر نکلتی تو ایک رونق اس کے پاؤں کے ساتھ ساتھ چلتی سنائی دیتی۔

''یہ کیا پہنا ہے انگوری؟''

''یہ تو میرے پیروں کی چھیل چوڑی ہے۔''

''اور یہ انگلیوں میں؟''

''یہ بچھوا ہے بچھوا''

''اور یہ بانہوں میں؟''

''یہ تو گجرا ہے۔''

''اور ماتھے پر؟''

''ملی بند لہویں اسے۔''

''آج تم نے کمر میں کچھ نہیں پہنا؟''

''تگڑی بہت بھاری لگتی، کل کو پہنوں گی۔ آج تو میں نے تو نک بھی نہیں پہنا۔ اس کا ٹانکا ٹوٹ گیا ہے۔ کل سہر (شہر) کو جاؤں گی۔ میری ناک کا لکھا بھی تھا، اتا بڑا، میری ساس نے دیا نہیں تھا؟''

اس طرح انگوری اپنے چاندی کے گہنے ایک نخرے کے ساتھ پہنتی اور نخرے سے دکھاتی تھی۔

پچھلے دنوں جب موسم بدلا، تو انگوری کا اپنی چھوٹی سی کوٹھری میں دم گھٹنے لگا تھا۔ وہ کئی بار میرے گھر کے سامنے آ بیٹھتی۔ میرے گھر کے سامنے نیم کے بڑے بڑے پیڑ ہیں، اور ان پیڑوں کے پاس ہی ذرا اونچی جگہ پر ایک پرانا کنواں ہے۔ گو محلے کا کوئی آدمی اس کنویں سے پانی نہیں بھرتا، لیکن اس کے پار ایک سرکاری سڑک بن رہی ہے اور اس کے گرد اکثر پانی جمع رہتا ہے اور یہ جگہ بڑی ٹھنڈی ہوتی ہے۔

''کیا پڑھتی ہو بی بی جی؟'' ایک دن انگوری جب آئی، میں نیم کے تلے بیٹھ کر ایک کتاب پڑھ رہی

تھی۔

''تم پڑھو گی؟''

''میرے کو پڑھنا نہیں آتا۔''

''سیکھ لو''

''نہ۔''

''کیوں؟''

''عورت کو پاپ لگتا ہے پڑھنے سے۔''

''اچھا، عورت کو پاپ لگتا ہے، مرد کو نہیں لگتا؟''

''نہ۔ مرد کو نہیں لگتا۔''

''تم کو کس نے بتلایا؟''

''میں جانتی ہوں۔''

''پھر میں تو پڑھتی ہوں۔ مجھے پاپ لگے گا؟''

''نہ، شہر کی عورت کو پاپ نہیں لگتا۔''

میں بھی ہنس پڑی اور انگوری بھی۔ انگوری نے جو کچھ سیکھا، سنا تھا، اس میں اسے کوئی شک شبہ نہیں تھا۔ اس لیے میں نے سوچا کہ وہ اگر ہنستی، کھیلتی اپنی زندگی کے دائرے میں سکھی رہ سکتی ہے، تو اس کے لیے یہی ٹھیک تھا۔ ویسے میں انگوری کے منہ کی اور دھیان لگا کر دیکھتی رہی۔ گہرے سانولے رنگ میں اس کے بدن کا ماس گتھا ہوا تھا۔ کہتے ہیں عورت آٹے کی لوئی ہوتی ہے۔ پر کئی ایک کا گوشت پوست اس ڈھیلے آٹے کی طرح ہوتا ہے، جس کی روٹی کبھی گول نہیں بنتی اور کئی ایک کے بدن کا ماس، بالکل خمیرے آٹے جیسا، جسے بیلنے سے پھیلایا نہیں جا سکتا۔ صرف کسی کسی کے بدن کا ماس اتنا سخت گتھا ہوا ہوتا ہے کہ روٹی تو کیا چاہے پوریاں بیل لو.....

میں انگوری کے منہ کی اور دیکھتی رہی، انگوری کی چھاتی کی اور، انگوری کی پنڈلیوں کی اور..... وہ اتنے سخت میرے کی طرح گتھی ہوئی تھی کہ جس سے مٹھریاں تلی جا سکتی تھیں اور میں نے اس انگوری کا پربھاتی بھی دیکھا ہوا تھا۔ ٹھگنے قد کا، ڈھلکے ہوئے منہ کا، کسورے جیسا۔ اور پھر انگوری کے روپ کی اور دیکھ کر مجھے اس کے

مرد کے بارے میں ایک عجیب خیال آیا کہ پربھاتی اصل میں آٹے کی اس گھنی گندھی ہوئی لوئی کو پکا کر کھانے کا حق دار نہیں۔ وہ تو اس لوئی کو ڈھک کر رکھنے والا بھانڈا ہے..... اس نسبت سے مجھے خود ہی ہنسی آ گئی۔ پر انگوری کو میں اس نسبت کی بھنک نہیں دینا چاہتی تھی۔ اس لیے میں اس سے اس کے گاؤں کی چھوٹی چھوٹی باتیں کرنے لگی۔ ماں باپ کی، بہن بھائیوں کی اور کھیتوں کھلیانوں کی باتیں کرتے ہوئے میں نے اس سے پوچھا:

''انگوری تمہارے گاؤں میں شادی کیسے ہوتی ہے؟''

''لڑکی جب چھوٹی سی ہوتی ہے، پانچ، سات سال کی تو وہ کسی کے پاؤں پوج لیتی ہے۔''

''کیسے پوجتی ہے پاؤں؟''

''لڑکی کا باپ جاتا ہے، پھولوں کی ایک تھالی لے جاتا ہے۔ ساتھ روپے، پیسے اور لڑکے کے سامنے رکھ دیتا ہے۔''

''یہ تو ایک طرح سے باپ نے پاؤں پوجے، لڑکی نے تو نہیں؟''

''لڑکی کی طرف سے تو پوجے نا۔''

''پر لڑکی نے تو اس کو دیکھا بھی نہیں!''

''لڑکیاں نہیں دیکھتیں۔''

''لڑکیاں اپنے ہونے والے پتی کو نہیں دیکھتیں؟''

''نہ۔''

''کوئی لڑکی اپنے ہونے والے پتی کو نہیں دیکھتی؟''

''نہ۔''

پہلے تو انگوری نے نہ کر دی پر پھر کچھ سوچ کر کہنے لگی:

''جو لڑکیاں پریم کرتی ہیں وہ دیکھتی ہیں۔''

''تمہارے گاؤں میں لڑکیاں پریم کرتی ہیں؟''

''کوئی کوئی۔''

''جو پریم کرتی ہیں، ان کو پاپ نہیں لگتا؟''

مجھے اصل میں انگوری کی وہ بات یاد آ گئی تھی کہ عورت کو پڑھنے سے پاپ لگتا ہے۔ اس لیے میں نے سوچا کہ اس حساب سے پریم کرنے والی کو بھی پاپ لگتا ہوگا۔

''پاپ لگتا ہے، بڑا پاپ لگتا ہے۔'' انگوری نے جلدی سے کہا۔

''اگر پاپ لگتا ہے تو وہ پریم کیوں کرتی ہیں؟''

''جو تو.... بات یہ ہوتی ہے کہ کوئی آدمی جب کسی چھوکری کو کچھ کھلا دیتا ہے تو وہ اس سے پریم کرنے لگ جاتی ہے۔''

''کوئی کیا کھلا دیتا ہے اس کو؟''

''ایک جنگلی بوٹی ہوتی ہے۔ بس وہی پان میں ڈال کر یا مٹھائی میں ملا کر کھلا دیتا ہے۔ چھوکری اس سے پریم کرنے لگتی ہے۔ پھر اسے وہی اچھا لگتا ہے، دنیا کا اور کوئی اچھا نہیں لگتا۔''

''سچ؟''

''میں جانتی ہوں۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔''

''کیسے دیکھا؟''

''میری ایک سکھی تھی۔ اتی بڑی تھی میرے سے!''

''پھر؟''

''پھر کیا؟ وہ تو پاگل ہو گئی اس کے پیچھے۔ سہر چلی گئی اس کے ساتھ۔''

''یہ تجھے کیسے پتہ چلا کہ تیری سکھی کو اس نے بوٹی کھلائی تھی؟''

''برفی میں ڈال کر کھلائی تھی، اور نہیں تو کیا؟ وہ ایسے ہی اپنے ماں باپ کو چھوڑ کر چلی جاتی؟ وہ اس کو بہت ساری چیزیں لا کر دیتا تھا۔ سہر سے دھوتی لاتا، چوڑیاں بھی لاتا شیشے کی، اور موتیوں کی مالا بھی لاتا تھا۔''

''یہ چیزیں ہوئی نا۔ پر تم کو کیسے معلوم ہوا کہ اس نے جنگلی بوٹی کھلائی تھی؟''

''نہیں کھلائی تھی تو وہ اس سے پریم کرنے کیوں لگ گئی؟''

''پریم تو یوں بھی ہو جاتا ہے۔''

''نہیں ایسے نہیں ہوتا۔ جس سے ماں باپ برا مان جائیں، بھلا اس سے پریم کیسے ہو سکتا ہے؟''

''تو نے وہ جنگلی بوٹی دیکھی ہے؟''

''میں نے تو نہیں دیکھی۔ وہ تو بہت دور سے لاتے ہیں۔ پھر چھپا کر مٹھائی میں ڈال دیتے ہیں۔ یا پان میں ڈال دیتے ہیں۔ میری ماں نے تو پہلے ہی بتا دیا تھا کہ کسی کے ہاتھ سے مٹھائی نہیں کھانا۔''

''تو نے بہت اچھا کیا کہ کسی کے ہاتھ سے مٹھائی نہیں کھائی۔ پر تیری سکھی نے کیسے کھالی؟''

''اپنا کیا پائے گی!''

کہنے کو تو انگوری نے کہہ دیا 'اپنا کیا پائے گی' پر اسے شاید کیلی پر ترس آ گیا، دکھے ہوئے من سے کہنے لگی۔

''باورمی ہو گئی تھی بے چاری۔ بالوں کو کنگھی بھی نہیں لگاتی تھی۔ رات کو اُٹھ اُٹھ کر گانے گاتی تھی۔''

''کیا گاتی تھی؟''

''پتہ نہیں کیا گاتی تھی۔ جو کوئی بوٹی کھا لیتی ہے، گاتی بہت ہے اور روتی بھی بہت ہے۔''

بات گانے سے رونے تک آن پہنچی تھی۔ اس لیے میں نے انگوری سے اور کچھ نہ پوچھا۔

اور اب کچھ ہی دنوں کی بات ہے کہ ایک دن انگوری نیم کے پیڑ تلے چپ چاپ میرے پاس آ کھڑی ہوئی۔ پہلے جب انگوری آیا کرتی تھی تو چھم چھم کرتی آواز بیس گز دور سے ہی سنائی دے جاتی تھی۔ پر آج اس کے پیروں کی جھانجریں جانے کہاں کھو گئی تھیں۔ میں نے کتاب سے سر اٹھایا اور پوچھا:

''کیا بات ہے انگوری؟''

انگوری پہلے تو دیر تک میری اور دیکھتی رہی، پھر دھیرے دھیرے سے کہنے لگی۔

''بی بی جی، مجھے پڑھنا سکھا دو۔''

''کسی کو خط لکھو گی؟''

انگوری نے پھر جواب نہیں دیا اور ٹکٹکی باندھے سامنے کی اور دیکھنے لگی۔

یہ دوپہر کی بات تھی۔ میں انگوری کو نیم کے پیڑ کے نیچے بیٹھی چھوڑ کر اندر آ گئی تھی۔ شام کو پھر کہیں میں باہر نکلی تو دیکھا، انگوری اب بھی نیم کے پیڑ تلے بیٹھی ہے۔ بڑی سمٹی ہوئی سی تھی۔ شاید اس لیے کہ شام کی ٹھنڈی ہوا بدن میں تھوڑی تھوڑی کپکپی چھوڑ رہی تھی۔

میں انگوری کی پیٹھ کی اور تھی۔ انگوری کے ہونٹوں پر گیت تھا، پر بالکل سسکی جیسا:

''میری مندری میں اا گو لگنوا۔ ہو بیری کیسے کاٹوں جو ہنوا۔''

انگوری نے میرے پاؤں کی آہٹ سن لی۔ منہ پھیر کر دیکھا اور پھر اپنے ہونٹوں میں سمیٹ لیا۔

''تو تو بہت اچھا گاتی ہے انگوری!''

صاف دکھائی دے رہا تھا کہ انگوری نے اپنی آنکھوں میں کانپتے آنسو روک لیے اور ان کی جگہ اپنے ہونٹوں پر ایک کانپتی ہنسی رکھ دی ہے۔

''مجھے گانا نہیں آتا۔''

''آتا ہے...''

''یہ تو...''

''تیری سکھی گاتی تھی؟''

''اسی سے سنا تھا۔''

''پھر مجھے بھی سناؤ۔''

''ایسے ہی گنتی ہے برس کی۔ چار مہینے ٹھنڈی ہوتی ہے، چار مہینے گرمی اور چار مہینے برکھا...''

''ایسے نہیں گا کے سناؤ۔''

انگوری نے گایا تو نہیں پر بارہ مہینوں کو ایسا گیت دیا جیسے یہ سارا حساب وہ اپنی انگلیوں پر کر رہی ہو۔

''چار مہینے راجا ٹھنڈی ہوت ہے

تھر تھر کانپے کلیجوا

چار مہینے راجا گرمی ہوت ہے

تھر تھر کانپے پونوا

چار مہینے راجا برکھا ہوت ہے

تھر تھر کانپے بدروا۔''

''انگوری!''

انگوری ٹکٹکی باندھے میرے منہ کی اور دیکھنے لگی۔ من میں آیا کہ اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پوچھوں۔ ''پگلی، کہیں جنگلی بوٹی تو نہیں کھالی؟'' میرا ہاتھ اس کے کندھے پر رکھا بھی گیا۔ مگر میں نے اس کی بجائے یہ پوچھا:

''تو نے کھانا بھی کھایا ہے کہ نہیں؟''

''کھانا؟'' انگوری نے منہ اوپر اٹھا کر دیکھا۔ اس کے کندھے پر رکھے ہوئے ہاتھ کے نیچے مجھے لگا کہ انگوری کا کل شریر کانپ رہا ہے۔ جیسے ابھی ابھی اس نے گیت گایا ہو۔ برکھا کے موسم میں کانپنے والے بادلوں کا، گرمی کے موسم میں کانپتی ہوا کا اور سردی کے موسم میں کانپنے والے کلیجے کا۔ اس گیت کی ساری کپکپی اس کے بدن میں سمائی ہوئی تھی۔

یہ مجھے معلوم تھا کہ انگوری اپنی روٹی خود بناتی ہے۔ پر بھاتی مالکوں کی روٹی بناتا تھا اور ان ہی کے گھر میں کھاتا تھا۔ اس لیے انگوری کو اس کی روٹی کی فکر نہیں تھی۔ اس لیے میں نے پھر کہا:

''تو نے آج روٹی پکائی تھی کہ نہیں؟''

''ابھی نہیں۔''

''سویرے بنائی تھی؟ چائے پی تھی؟''

''چائے؟ آج تو دودھ ہی نہیں تھا۔''

''آج دودھ کیوں نہیں لیا تھا؟''

''وے تو میں لیتی نہیں، وے تو....''

''تو روز چائے نہیں پیتی؟''

''پیتی ہوں۔''

''پھر آج کیا ہوا؟''

''دودھ تو وے رام تارا....''

رام تارا ہمارے محلے کا چوکیدار ہے۔ سب کا سا جھا چوکیدار۔ ساری رات پہرہ دیتا ہے۔ وہ سویرے سا رخوب اغنیدہ ہوتا ہے۔ مجھے یاد آیا کہ جب انگوری نہیں آئی تھی، تو وہ صبح سویرے ہمارے گھروں سے چائے کا گلاس مانگا کرتا۔ کبھی کسی کے گھر سے تو کبھی کسے کے اور چائے پی کر وہ کنویں کے پاس کھاٹ بچھا کر سو رہتا۔ پر جب سے انگوری آئی تھی وہ سویرے ہی کسی گوالے سے دودھ لے آتا، انگوری کے چولھے کا پتیلا چڑھاتا، اور انگوری، پر بھاتی اور رام تارا تینوں چولہے کے گرد بیٹھ کر چائے پیتے تھے.... اور ساتھ ہی مجھے یاد آیا کہ رام تارا پچھلے تین دنوں سے چھٹی لے کر اپنے گاؤں گیا ہوا تھا۔

مجھے دکھ بری ہنسی آئی اور میں نے کہا: ''اور انگوری تم نے تین دنوں سے چائے نہیں پی ہے؟''

''نہ۔'' انگوری نے زبان سے کچھ کہے بنا صرف سر ہلا دیا۔

''روٹی بھی نہیں کھائی؟''

انگوری سے بولا نہ گیا۔ لگ رہا تھا کہ اگر انگوری نے روٹی کھائی بھی ہوگی تو نہ کھانے کے برابر ہی۔ رام تارے کی کل شکل و شباہت میرے سامنے آ گئی۔ بڑے پھرتیلے ہاتھ پاؤں، گٹھیلا بدن، جس کے پاس ہلکے ہلکے ہنستی ہوئی، شرماتی آنکھیں تھیں اور جس کی زبان کو بات کرنے کا خاص سلیقہ تھا۔

''انگوری!''

''جی!''

کہیں جنگلی بوٹی تو نہیں کھالی تو نے؟''

انگوری کے چہرے پر آنسو بہ نکلے۔ ان آنسوؤں نے بہ بہ کر انگوری کی لٹوں کو بھگو دیا۔ اور پھر ان آنسوؤں نے بہ بہ کر اس کے ہونٹوں کو بھگو دیا۔ انگوری کے منہ سے نکلتے الفاظ بھی گیلے تھے۔

''مجھے قسم ہو جو میں نے اس کے ہاتھ سے کبھی مٹھائی کھائی ہو۔ میں نے پان بھی کبھی نہیں کھایا۔ صرف چائے... جانے اس نے چائے میں ہی...''

اور آگے انگوری کی ساری آواز اس کے آنسوؤں میں ڈوب گئی۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

ہندی سے اردو زبان میں ترجمہ۔ خورشید قائم خانی

پانچ برس لمبی سڑک

تپش موسم کی تھی، من کی نہیں۔

ہوائی جہاز وقت پر آیا تھا، پر نیچے ایئر پورٹ سے ابھی سگنل نہیں ملا تھا۔ جہاز کو دلی پہنچنے کی خبر دینے کے بعد بھی، ابھی دس منٹ اور گزارنے کے لیے اسے شہر کے اوپر چکر لگانے تھے۔

اس نے کھڑکی سے باہر جھانکتے ہوئے شہر کے منڈیرے پہچانے۔ منڈیرے، قلعے، کھنڈر اور کھیت ..... یہ سب اس نے کئی ممالک میں دیکھے تھے۔ ہر ملک میں ان چیزوں کے یہی نام ہوتے ہیں، گو ہر ملک میں ان کی تاریخ الگ الگ ہوتی ہے۔ ایک انسان سے الگ دوسرے انسان کی طرح۔ مگر جس طرح انسان کا نام انسان ہی رہتا ہے، منڈیروں اور قلعوں کے بھی یہی نام ہوتے ہیں..... صرف ایک معمولی سا فرق تھا۔ باہر ملک میں دیکھتے وقت خیال آتا کہ انہیں پہلی بار دیکھ رہا ہے۔ پر آج اپنے دیس میں انہیں دیکھ کر ایسا لگ رہا تھا کہ وہ انہیں دوسری بار دیکھ رہا ہے۔ اسے خیال آیا کہ اگر وہ پھر کچھ دن کے بعد پردیس گیا، تو انہیں دیکھ کر بھی ایسا ہی لگے گا کہ وہ ان کو دوسری بار دیکھ رہا ہے۔ بالکل آج کی طرح۔ یہ دیس اور پردیس کا فرق نہیں تھا۔ یہ صرف پہلی بار اور دوسری بار دیکھنے کا فرق تھا۔

جہاز نے "لینڈ" کیا۔ ایئر پورٹ بھی جانا پہچانا سا لگا، دوسری بار دیکھنے کی طرح۔ گرمی موسم کی تھی، من کی نہیں اوور کوٹ اس کے ہاتھ میں تھا اور سوئیٹر نکال کر کندھے پر رکھ لیا۔

کسٹم سے گزرتے وقت اس نے ایک فارم بھرنا تھا کہ پچھلے نو دن وہ کہاں رہا تھا۔ پچھلے نو دن سے وہ صرف جرمنی میں تھا۔ اس نے فارم بھر دیا اور اسے خیال آیا، شکر ہے کسٹم والے محض نو دن کا حال پوچھتے ہیں، بیس پچیس دن کا نہیں۔ ورنہ تو اسے سلسلہ وار یاد کرنا پڑتا کہ کون سی تاریخ کو وہ کس دیس میں کہاں کہاں تھا۔ اس نے واپسی کے سفر کے دوران ایک مہینہ محض ایسے ہی گزارا تھا..... کبھی کس دیس کا ٹکٹ لے لیتا، تو کبھی

کس دیس کا۔ اگر کسی ملک کا ویزا اسے نہ ملتا تو وہ کسی اور ملک کو چل دیتا۔

پاسپورٹ کی چیکنگ کے بعد پاسپورٹ واپس کرتے ہوئے، ایک افسر نے مسکرا کر کہا، "جناب پانچ برس بعد دیس میں آ رہے ہیں!" بالکل اسی طرح جیسے راستے میں ایئر ہوسٹس نے کئی بار بتلایا تھا کہ اس وقت تک ہم اتنے ہزار کلومیٹر طے کر چکے ہیں۔ گنتی عجیب چیز ہوتی ہے، اسے خیال آیا۔ پر تیسری بو کی بات ایک تھیسس لکھنے کے برابر ہوگی۔ وہ ابھی ابھی ایک پردیسی زبان سیکھ کر اور اس کے لٹریچر پر تھیسس لکھ کر، ایک ڈگری لے کر آیا تھا۔ نئے تھیسس کے بارے میں کوئی بات وہ ابھی سوچنا نہیں چاہتا تھا۔ اس لیے صرف پسینے اور پھولوں کی بو سونگھتا ہوا وہ ایئر پورٹ سے باہر آ گیا۔

گھر میں صرف ماں تھی۔ جانے کے وقت باپ بھی تھا، چھوٹا بھائی بھی، اور ایک لڑکی..... نہیں، وہ لڑکی گھر میں نہیں تھی۔ وہ صرف اسی دن، اس کے جانے کے دن آئی تھی۔ ماں کو صرف ایسے ہی کچھ گھنٹوں کے لیے بھرم ہوا تھا کہ وہ لڑکی..... جسے اب چھوٹا بھائی بیاہ کرا کے لے گیا، اور نوکری میں کہیں پر رہتا تھا، گھر میں نہیں تھا۔ باپ بھی اب اس دنیا میں نہیں تھا، سو گھر میں صرف ماں تھی۔

بہت سی چیزیں اندر سے بدل جاتی ہیں، مگر باہر سے وہی لگتی ہیں اور کئی باہر سے بدل جاتی ہیں مگر اندر سے ویسی ہی رہتی ہیں۔ اس کا کمرہ بالکل اسی طرح تھا..... اس کا پیلا غالیچہ، اس کی کھڑکی کے مسٹری پردے، اس کی میز پر پڑا ہوا ہری دھاریوں کا گل دان اور دہلیز میں پڑا ہوا گہرا خاکی پائیدان۔ چاندنی کا پودا بھی اس کی کھڑکی کے سامنے اسی طرح کھلا ہوا تھا۔ پر پہلے اس سب کچھ کی بو..... دیواروں کی ٹھنڈی بو کے سمیت..... اس کے ساتھ لپٹ سی جاتی تھی۔ اور اب اسے لگا کہ وہ اس کے ساتھ لپٹنے سے شرماتی، صرف اس کے پاس سے گزر جاتی ہے۔ پتہ نہیں اس کے اندر، کہیں کیا بدل گیا تھا۔

ماں کشمیری ریشم کی طرح ملائم تھی اور تنی سی بھی۔ پر اب عمر نے جیسے اسے دھو سا دیا تھا۔ وہ پوری کی پوری سکڑی ہوئی لگتی تھی۔ ماں سے ملتے وقت اس کا ہاتھ ماں کے منہ پر ایسے چلا گیا تھا، جیسے اپنی ہتھیلی سے اس ماس پر پڑی شکنوں کو نکال دینا چاہتا ہو۔ ماں کی آواز بھی بڑی دھیمی اور باریک سی ہو گئی تھی۔ شاید پہلے اس کی آواز کا زور اس کے مرد کے قد جتنا تھا اور اب اس کے بنا نیچا ہو گیا تھا، مشکل سے اس کے اپنے قد جتنا۔ جب اس نے بیٹے کا منہ دیکھا تو اس کی آنکھیں پہلے کی طرح چمک اٹھی تھیں۔ وہ کہیں کہیں، کسی جگہ پر بالکل وہی تھی، جیسے ہمیشہ ہوتی تھی۔ صرف اس کے ظاہر میں بہت کچھ بدل گیا تھا۔

''مجھے پتہ تھا، تو آج یا کل کسی دن بھی اچانک آ جائے گا۔''

ماں نے کہا۔

اس نے اپنے کمرے میں رکھے ہوئے تازہ پھولوں کو دیکھا اور پھر ماں کی طرف۔ ماں کی آواز لجا گئی۔ ''یہ تو میں روز رکھتی تھی۔''

''روز؟'' ''کتنے دنوں سے؟'' وہ ہنس پڑا۔

''روزانہ'' ماں کی آواز اس کے جسم کی طرح سکڑ گئی۔ ''جس دن سے تو گیا ہے۔''

''پانچ برس سے!'' وہ چونک سا گیا۔

ماں لجا بھری گھبراہٹ سے بچنے کے لیے رسوئی میں چلی گئی۔

اس نے جیب سے سگریٹ کا پیکٹ نکالا۔ لائٹر پر انگلی رکھی، تو اس کا ہاتھ ٹھٹھک گیا۔ اس نے ماں کے سامنے آج تک سگریٹ نہیں پی تھی۔

ماں نے شاید اس کے ہاتھ میں تھما سگریٹ کا پیکٹ دیکھ لیا تھا۔ وہ دھیرے سے رسوئی سے باہر آئی اور بیٹھک سے ایش ٹرے لا کر اس کی میز پر رکھ گئی۔

اس یاد آیا..... چھوٹپن میں، ماں نے ایک بار اسے چوری سے سگریٹ پیتے دیکھ لیا تھا اور اس کے ہاتھ سے سگریٹ چھین کر کھڑکی سے باہر پھینک دی تھی.....

ماں شاید وہی تھی پر وقت بدل گیا تھا۔

ماں پھر رسوئی میں چلی گئی۔ وہ چپ چاپ سگریٹ پینے لگا۔

''مجھے پتہ تھا، تو آج یا کل کسی دن بھی آ جائے گا.....''

اسے ماں کی ابھی ابھی کہی گئی بات یاد آئی اور اس کے ساتھ ملتی جلتی ایک اور بات بھی یاد آئی۔

''مجھے پتہ لگ جائے گا، جس دن تمہیں آنا ہوگا، میں خود اس دن تمہارے پاس آ جاؤں گی۔'' بہت پہلے جب وہ پردیس جا رہا تھا، تو ایک لڑکی نے اسے یہ بات کہی تھی۔

اس لڑکی سے اس کی واقفیت پرانی تھی، مگر دوستی نہیں تھی۔ پر پانچ برس قبل پردیس جانے کے وقت وہ آ گئی تھی اور اسے اس کے ساتھ محبت ہو گئی تھی.....

جیسے جہاز میں بیٹھے کسی مسافر کو اگلی بندرگاہ پر اتر جانے والے مسافر سے اچانک ایسی چاہت محسوس

ہوتی ہے کہ پل بھر میں وہ اسے بہت کچھ کہہ دینا اور اس سے سن لینا چاہتا ہے اور ایسے وقتوں میں برسوں میں گزرنے والا سفر پلوں میں گزرنے لگتا ہے۔

اس نے یہ "گزرنا" دیکھا تھا، اس لڑکی کے ساتھ۔

"تمہارا کیا خیال ہے، میں جو کچھ جاتے وقت ہوں، وہی آتے وقت بھی ہوں گا؟" اس نے کہا۔

"میں تمہاری بات نہیں کہہ رہی، میں اپنی بات کرتی ہوں" لڑکی نے جواب دیا۔

"تم یہیں ہوگی، یہ تمہیں کس طرح پتہ ہے؟"

"لڑکیوں کو پتا ہوتا ہے۔"

"تو لڑکیاں باوری ہوتی ہیں۔" وہ ہنس پڑا، لڑکی رو پڑی تھی۔

جانے میں بہت تھوڑے دن تھے۔ پانچ دن اور پانچ راتیں لگا کر اس لڑکی نے اس کے لئے پوری بانہوں والا سویٹر بن دیا تھا۔ اسے پہناتے وقت کہا تھا! "بس ایک..... وعدہ مانگتی ہوں اور وہ یہ کہ جس دن تم واپس لوٹو، تو یہی سویٹر پہن کر آنا۔"

"تمہارا کیا خیال ہے؟ میں وہاں پانچ برس....." اس نے جو کچھ کہنا چاہا، لڑکی نے سمجھ لیا تھا۔ لڑکی نے سمجھ لیا تھا۔

اس نے کہا، "میں تم سے ان ہونے اقرار نہیں مانگتی۔ صرف یہ چاہتی ہوں کہ وہاں کا وہیں چھوڑ آنا۔"

وہ کتنی دیر اس لڑکی کے منہ کی طرف تکتا رہا تھا۔ اور پھر اسے یہ سب کچھ عورت کا مخصوص چھل لگا تھا۔ وہ بے وفائی کو چھوٹ دے رہی تھی پر اس پر وفا کا بار لاد کر کہہ رہی تھی: "میں تمہیں خط لکھنے کو بھی نہیں کہوں گی۔ صرف اس دن تمہارے پاس آؤں گی، جس دن تم واپس لوٹ کر آؤ گے۔"

"تمہیں کیسے پتہ چلے گا کہ میں کس دن لوٹ کر آؤں گا؟"

اس نے لڑکی کو چھیڑنے کے لئے کہا تھا اور اس نے جواب میں کہا تھا۔

"مجھے پتہ لگ جائے گا، جس دن بھی تمہیں آنا ہوگا۔"

اس دن وہ ہنس دیا تھا۔ اس نے پردیس دیکھا تھا، برس دیکھے تھے، لڑکیاں بھی دیکھی تھیں۔ پر کسی چیز میں ڈوب کر نہیں دیکھا تھا، صرف کنارے سے چھو کر۔

اور وہ سوچتا رہا تھا۔۔۔ شاید ڈوب جانا اس کی فطرت میں نہیں، یا وہ چلتا ہے تو ایک بوجھ بھی اس کے ساتھ چلتا ہے، جو ہر جگہ اس کے پیروں کو جکڑ لیتا ہے۔

ہر دیس کی دوستی اس نے اسی دیس میں چھوڑ دی تھی۔ اپنی افتادِ طبع کے تحت، یا اس لڑکی کے کہنے پر، یہ وہ نہیں کہہ سکتا تھا۔

واپسی کے وقت جب وہ اپنا سامان باندھ رہا تھا تو وہ سویٹر کو ہاتھ میں تھام کر کتنی دیر تک سوچتا رہا تھا کہ وہ اسے سامان میں پیک کر دے یا اس لڑکی کی بات رکھتے ہوئے پہن لے۔

''جو سویٹر پہن کر جانا، پانچ برس بعد وہی پہن کر آنا'' یہ اسے حماقت خیز لگا تھا۔ حماقت خیز بھی اور جذباتی بھی اور کسی حد تک جھوٹا بھی، کیوں کہ جس بدن پر یہ سویٹر پہنا تھا وہ اب اس طرح نہ تھا جس طرح وہ لے کر گیا تھا۔ پھر بھی اس نے سویٹر کو پیک نہیں کیا، پہن لیا۔ جب وہ سویٹر پہن کر شیشے کے سامنے کھڑا ہوا اسے آرٹ گیلریوں میں بیٹھے وہ آرٹسٹ یاد آئے، جو پرانی اور کلاسیک پینٹنگز کی ہو بہو نقلیں تیار کرتے تھے، اور سویٹر پہن کر لگا اس نے بھی اپنی نقل تیار کر لی ہے۔

اس نقل پر وہ شرمندہ نہیں تھا، صرف اس کی حماقت پر ہنس رہا تھا۔ ماں کو وہ سب کچھ یاد تھا جو کبھی اسے اچھا لگتا تھا۔ لیکن وہ خود بھول گیا تھا۔

''کھا کے تو دیکھو اچھا بنا ہے؟'' ماں نے جب پنیر کا پراٹھا بنا کر اس کے سامنے رکھا تو اس کو یاد آیا کہ پنیر کا پراٹھا اسے بہت پسند تھا۔ ماں نے اس کے جانے کے دن بھی بنایا تھا۔

اس نے ایک ٹکڑا توڑ کر مکھن میں ڈبویا اور پھر ماں کے منہ میں ڈال کر ہنس پڑا: ''وہاں لوگ پنیر تو بہت کھاتے ہیں، پر، پنیر کا پراٹھا کوئی نہیں کھاتا۔''

یہ بچپن سے اس کی عادت تھی، جب گھر میں ہوتا تو روٹی کا پہلا ٹکڑا توڑ کر ماں کے منہ میں ڈال دیتا تھا۔

''تو سات ولایت گھوم کر بھی وہی کا وہی ہے۔'' ماں کے منہ سے نکلا تو اس کی آنکھوں میں پانی بھر آیا۔ اس نے کہا: ''تو آ گیا ہے، سب کچھ پھر سے اسی طرح ہو گیا ہے۔''

گو وہ ''وہ'' نہیں تھی۔ کچھ بھی وہ نہیں تھا، جاتے وقت جو کچھ تھا وہ بدل گیا تھا۔ اس نے باپ کی بات نہیں چھیڑی تھی، صرف اس کے خالی پلنگ کی طرف دیکھا تھا، اور پھر آنکھیں پھیر لی تھیں۔ ماں کے دن بہ

دن مرجھاتے چہرے کی بات بھی نہیں کی تھی۔ چھوٹے بھائی کی خیر خبر پوچھی تھی، پر یہ نہیں کہا تھا کہ ماں کو اکیلا چھوڑ کر وہ اتنی دور کیوں چلا گیا تھا۔ پر ماں کہے جا رہی تھی۔ ''سب کچھ پھر اسی طرح ہو گیا ہے.....''

اس نے ماں کی مرضی کی کچھ اور باتیں یاد کرنا چاہیں۔ پوچھا، ''بھابھی کیسی ہے؟ تمھیں پسند ہے؟''

ماں نے جواب نہیں دیا۔ صرف سوال کیا، ''میرا خیال تھا ولایت سے کوئی لڑکی.....'' وہ سن کر ہنس پڑا۔

''بولتا کیوں نہیں؟''

''ولایت کی لڑکیاں ولایت میں ہی اچھی لگتی ہیں، سب وہیں چھوڑ آیا ہوں۔''

''میں نے تو پچھلے دونوں کمرے اسی مہینے خالی کروا لیے تھے، سوچا، تجھے ضرورت ہو گی۔''

''تو کیا کمرے کرائے پر دیے ہوئے تھے؟

چھوٹا بھی چلا گیا تھا۔ گھر اتنا خالی تھا، اس لیے پچھلے کمرے چڑھا دیے تھے۔ ذرا ہاتھ بھی کھلا ہو گیا تھا.....''

''تمھیں پیسوں کی کمی تھی؟'' اسے پریشانی سی ہوئی۔

''نہیں، پر۔ ہاتھ میں چار پیسے ہوں تو اچھا ہوتا ہے۔''

''چھوٹے کی تنخواہ تھوڑی نہیں، وہ.....''

''پر وہ بھی اب فیملی والا ہے، آکل ہی میں اس کے گھر.....''

''اچھا! تو میری ماں، دادی بن جائے گی.....''

اس نے ماں کو ہنسانا چاہا، پر ماں کہہ رہی تھی، ''مجھے تو کوئی حرج نہ ہوتا جو تو ولایت سے کوئی لڑکی.....''

وہ ماں کو ہنسانے کے جتن میں تھا، اس لیے کہنے لگا، ''لانے تو لگا تھا پر یاد آیا کہ تم نے جاتے وقت پکی کی تھی کہ میں ولایت سے کسی کو ساتھ نہ لاؤں۔''

اسے یاد آیا..... جانے والے دن، وہ لڑکی جب ملنے آئی تھی تو وہ ماں کو اچھی لگی تھی۔ ماں نے دونوں کو اکٹھا دیکھ کر تاکید کی تھی، ''دیکھو کہیں ولایت سے نہ کوئی لے آنا۔ کوئی بھی اپنے دیس کی لڑکی کی ہوڑ نہیں کر سکتی.....''

پر اس وقت ماں کہہ رہی تھی ''وہ تو میں نے یوں ہی کہہ دیا تھا۔ میں نے تیری خوشی کے بیچ تھوڑے آنا تھا، پیچھے ایک خط میں تجھے لکھا بھی تھا کہ جو تیرا جی چاہتا ہو.....''

''یہ تو میں نے سوچا، تم نے ایسے ہی لکھ دیا ہوگا'' وہ ہنس پڑا اور پھر کہنے لگا۔

''اچھا، جو تم کہو تو اگلی بار لے آؤں گا۔''

''تو کیا تو پھر جائے گا؟'' ماں گھبرا سی گئی۔

''وہ بھی جو تم کہو تو نہیں تو نہیں۔''

اسے احساس ہوا کہ اسے آتے ہی جانے کی بات نہیں کرنی چاہیے تھی۔

آتے وقت اسے ایک یونیورسٹی سے ایک نوکری آفر ہوئی تھی۔ پوری اتنے برسوں بعد ایک بار واپس آنا چاہتا تھا، چاہے چند ماہ کے لیے ہی سہی۔

''جو تم کہو گی تو نہیں جاؤں گا۔'' اس نے پھر ایک بار دہرایا۔

ماں کو کچھ تسلی ہو گئی، کہنے لگی۔ ''تو سامنے ہوگا، چولھے میں آگ جلانے کی ہمت تو آ جائے گی، ویسے تو کئی بار چارپائی نہیں اٹھا جاتا۔''

''ماں تم اتنی اداس تھیں، تو چھوٹے کے ساتھ اس کے گھر.....''

''میں یہاں اپنے گھر اچھی ہوں، اب تو آ گیا ہے، مجھے اور کیا چاہیے۔''

اس کو لگا ماں بہت اداس تھی، اور شاید اس کی داسی کی وجہ صرف اس کا اکیلا پن نہیں ہے، کوئی اور وجہ بھی ہے۔

کھڑکی میں آتی دھوپ کی لکیر دیوار پر بڑی شوخ سی دکھائی پڑتی تھی۔

اس نے کھڑکی کے پردے کو سرکا دیا اور اسے غالیچے کا پیلا رنگ ایسے لگا جیسے بے فکر سا ہو کر کمرے میں سو گیا ہو۔

''تو تھک گیا ہوگا۔ کچھ آرام کر لے۔'' ماں نے کہا اور میز سے رکابیاں اٹھا کر کمرے سے جانے لگی۔

''نہیں مجھے نیند نہیں آ رہی'' اس نے ہلکا سا جھوٹ بولا اور کہا، ''میں تمھارے لیے کچھ چیزیں لایا ہوں، دیکھوں پوری آتی ہیں کہ نہیں۔''

اس نے سوٹ کیس کھولا۔ ایک گرم کالی اون کی شال تھی، پروں کی مانند ہلکی۔ ماں کے کندھوں پر ڈال کر کہنے لگا، ''یہ جاڑے کی چیز ہے۔ پر ایک منٹ اسے اوڑھ کر دکھاؤ، یہ تمھیں بہت سجے گی۔''

پھر اس نے فر کے سلیپر نکالے۔ ماں کی آنکھیں نم ہوگئیں۔ وہ ماں کا دھیان بٹانے کے لیے اور چیزیں دکھانے لگا۔ پلاسٹک کی ایک چھوٹی سی ڈبیا میں کچھ سکے تھے..... اٹلی کے لیرا، یوگوسلاویہ کے دینار، بلغاریہ کے لیوا، جرمنی کے مارک اور ہنگری و رومانیہ کے بھی تھے..... اس نے سکوں کو کھنکھنایا اور کہنے لگا، ''ماں! تم نے کہا تھا نا کہ چھوٹے کے گھر بہت جلد کوئی بچہ.....''

''ہاں، ہاں! کہا تھا۔'' ماں کمرے سے جانے کے لیے ہڑبڑائی۔

''یہ اپنے بھتیجے کو دوں گا۔'' اور پھر اس نے سوٹ کیس سے اور چیزیں نکالیں.....

چھوٹے کے لیے یہ کیمرا اور بھابھی کے لیے.....''

ماں روہانسی سی ہوگئی۔

اس کا ہاتھ رک گیا۔ ''ماں! کیا بات ہے، تم مجھ سے کچھ چھپا رہی ہو۔''

ماں چپ رہی۔

اس نے ماں کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

ماں کو کوئی قصور لگتا تھا۔ پتا نہیں کون؟ اور سوچ سوچ کر اسے اپنا منھ ہی قصور لگنے لگا۔ اس نے ایک بے بسی کے عالم میں اس کی طرف دیکھا۔

''ماں، تم کچھ بتلانا چاہتی ہو، پر بتاتی نہیں۔''

''وہ لڑکی.....''

''کون سی لڑکی؟''

''جو تجھے اس دن ملنے آئی تھی، جس نے تجھے ایک سوئیٹر.....''

''ہاں کیا ہوا اس لڑکی کو؟''

''اس نے چھوٹے سے بیاہ کرلیا ہے۔''

ماں کے کندھے پر رکھا ہوا اس کا ہاتھ کس سا گیا۔ ایک لمحے کے لیے اسے لگا ہاتھ نے کندھے کا سہارا لیا تھا، پر دوسرے پل لگا کہ ہاتھ نے کندھے کو سہارا دیا تھا۔

اور وہ ہنس پڑا۔ ''اب وہ میری بھابی ہے!''

ماں اس کے منہ کی اور دیکھنے لگی۔

''مجھے خط کیوں نہیں لکھا تھا؟''

''کیا لکھتی ۔۔۔ کیا انھوں نے یہ لکھنے والی بات کی تھی؟''

''چھوٹے نے بھی صرف بیاہ کی خبر دی تھی اور کچھ نہیں لکھا تھا۔''

''دونوں شرمندہ تھے، تجھے کیا لکھتے۔''

کھلے سوٹ کیس کے پاس جو دوسرا بند سوٹ کیس تھا، اس کا اوورکوٹ اور وہ سویٹر پڑا تھا، جو اس نے صبح آتے وقت پہن رکھا تھا۔

وہ ایک منٹ سویٹر کی طرف دیکھتا رہا، سویٹر گچھا سا ہو کر اوورکوٹ کے نیچے دبکا سا نظر آیا۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: علی یاسر

مترا

سامنے ایک دروازہ ہے۔ صرف یہ پتہ نہیں چلتا کہ میں دروازے سے باہر ہوں کہ اندر.....

نہیں اندر ہوں۔ کیونکہ چار ہزار سال سے بھی پرانی انڈو دیلی کا وہ بہاؤ اس کے اندر ہے جس میں بہہ کے میں نے اپنی بیٹی کا نام مترا رکھا تھا۔ بالکل اسی طرح جیسے چار ہزار سال پہلے میرے دراوڑ باپ نے زمین کے محافظ دیوتاؤں کا نام مترا اور وزن رکھا تھا۔ وزن کا تعلق آسمان کے ساتھ تھا، مترا کا زمین سے۔ میری بیٹی کا تعلق زمین کے ساتھ تھا، اسی لیے میں نے اس کا نام مترا رکھا۔

مترا ابھی یہیں تھی، ابھی پتہ نہیں کہاں چلی گئی..... اسی سامنے کے دروازے سے.....

او مترا! تو کہاں سے آ گئی؟ تو کہاں چھپی ہوئی تھی؟ میں حیران ہوتا ہوں، اور مترا ہنستی ہے، کہتی ہے "پاپا میں یہیں تھی، دروازے کے پیچھے....."

مترا جب بہت چھوٹی ہوتی تھی اس وقت بھی اسے دروازے کے پیچھے چھپ جانے کی عادت تھی.....

وہ میری گود میں بیٹھ کر پھر پوچھتی ہے "پاپا! میری ماں اسی طرح کی تھی؟"

"یہ ہے تیری ماں" میں اسے ٹیکسلا کے کھنڈروں سے نکلی ہوئی وہ مہر دکھاتا ہوں، جس پر ایک ایسی دیوی کندہ ہے جس کی کوکھ سے کتنے ہی پھول اور پتے اگے ہوئے تھے۔

وہ پوچھتی ہے "پاپا! میں بھی ماں کے جسم سے ایک پھول کی طرح اُگی تھی؟"

"ہاں تو" میں کہتا ہوں، پھر وہ زور سے ہنستی ہے اور پوچھتی ہے "دیکھو پاپا! میرے بدن سے بھی

پھول جیسی خوشبو آتی ہے کہ نہیں؟''

میں اس کی پیشانی کے پاس اپنا سر لا کر اس کے گھنگھریالے بالوں کو سونگھتا ہوں، ''اس کنول سے گلاب کی خوشبو آتی ہے، اس کنول سے موتیے کی، اس کنول سے.....''

وہ جلدی جلدی پوچھتی ہے، ''اور میرے ہاتھوں سے؟''

میں اس کی چھوٹی چھوٹی ہتھیلیوں کو سونگھ کر کہتا ہوں ''ان میں سے پیپل کے پتوں کی.....''

وہ ہمیشہ کی طرح اپنی ہتھیلیوں کو میرے ہاتھوں سے چھڑا کر خود سونگھتی ہے اور پوچھتی ہے ''پاپا! میرے ہاتھوں سے تیز پتوں کی خوشبو کیوں نہیں آتی؟ مجھے تیز پتوں کی خوشبو بہت اچھی لگتی ہے''۔

میں ہمیشہ کی طرح کہتا ہوں ''وہ اس لیے کہ انسان نے اس دھرتی پر جو پہلا درخت اگایا تھا، وہ پیپل تھا۔ پیپل کی چھاؤں ٹھنڈی ہوتی ہے نا اس لیے''۔

میری اور مترا کی باتیں کبھی ختم نہیں ہوتیں۔ ہم روزانہ یہی باتیں کرتے ہیں، لیکن وہ روز نئی لگتی ہیں۔ مترا اپنی دونوں ہتھیلیاں میرے سر پر رکھ کر پوچھتی ہے ''پاپا! میرے ہاتھوں سے بھی ٹھنڈی چھاؤں آتی ہے؟''

''ہاں بڑی ٹھنڈی.....'' میں آنکھیں بند کر لیتا ہوں۔

وہ پھر کہتی ہے ''لیکن میرے ہاتھ تو بہت چھوٹے ہیں، ان کی چھاؤں بھی چھوٹی سی ہے''۔

میں کہتا ہوں ''یہ بڑے ہو جائیں گے..... دیکھو! روز بڑے ہو رہے ہیں.....''

پھر اس کے ہاتھ تھام کر جب میں اسے دیکھنے لگتا ہوں..... وہ ہاتھ میرے ہاتھوں سے نکل جاتے ہیں.....

میرے سر پر سے میرے پیپل کے پتوں کی چھاؤں ہٹ جاتی ہے.....

یہ محرومی، یہ ویرانی شاید بدھ کی سمادھی کے نام اوستھا ہے۔ جس میں چیتنا سمارتکھ ستھارتھ کے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے.....

مترا بھی بیس برس کی دوشیزہ، میری اس سمادھی میں سے میرے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے.....

کہتی ہے ''پاپا! اب اسی طرح مجھے دروازے کے پیچھے تلاش مت کرنا، میں جا رہی ہوں.....!''

''کہاں؟ کس کے پاس؟ کس کے ساتھ؟'' میرے ہاتھوں کی ٹھہریاں کپکپاتی ہیں۔

مترا دھیمے سے مسکرا دیتی ہے، کہتی ہے ''اسی کے ساتھ، اسی کے پاس جس کے ہاتھوں سے تیز پتوں کی خوشبو آتی ہے....''

میری آنکھیں بھر آتی ہیں۔ سوچتا ہوں..... مجھے بیس برس یہ خیال ہی نہ رہا کہ بیٹی جب جوان ہوتی ہے، اس کے ہاتھ پیپل کے پتے نہیں رہتے۔ ان میں سے تیز پتوں کی تیکھی خوشبو اٹھتی ہے، اور وہ کسی مرد کے ان ہاتھوں کو ڈھونڈتی ہے جن سے تیز پتوں کی تیکھی خوشبو آتی ہو...

میں اسے پیار دینے کے لیے اپنے ہاتھ اٹھاتا ہوں، تو میرے ہاتھوں کے اوپر میرے جھریوں کے بل پھر کپکپاتے ہیں۔

مترا کی ناک میں جڑا ہوا موتی، اس کی تیسری آنکھ کی طرح میری طرف دیکھتا ہے اور اس کے پاؤں کی پازیبیں میرے پاؤں میں کھنک کر کہتی ہیں..... ''اس کی ماں کی طرح اب اس کے جسم میں سے پھول اور پتے اگنے کا وقت آ گیا''

میں مترا کے سر پر پیار دینے لگتا ہوں تو میری انگلیاں اس کے بالوں کے چھلوں میں پھنس جاتی ہیں۔

کوئی زور سے دروازے کو ہلاتا ہے، چھت بھی ہلتی ہے۔ پیروں تلے کی زمین بھی۔ مترا دروازے کی طرف دیکھتی ہے، میں اس کے بالوں سے اپنی انگلیاں چھڑاتا ہوں، لیکن وہ چھلوں میں پھنس جاتی ہیں..... ''ان انگلیوں سے میں نے تجھے تھوڑا تھوڑا کر کے پالا تھا....'' میں کہتا ہوں لیکن مترا کے کان میری طرف نہیں، دروازے کی طرف ہیں۔

دروازے میں سے ایک تلوار چمکتی ہے، اور میرے ہاتھوں پر جھپٹ کر، مترا کو میرے ہاتھوں سے چھڑا لیتی ہے۔ میں دیکھتا ہوں..... میری انگلیاں، مترا کے بالوں میں پھنسی ہوئی، میرے ہاتھوں سے جدا ہو کر اسی کے ساتھ چلی گئی ہیں.....

دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ میں دانتوں میں زبان دبا کر لہو کو پونچھتا، اس غار کی طرف دوڑتا ہوں..... جو چار ہزار سال سے بھی پرانا ہے، اور ابھی مجھے اس کے سوا کوئی پناہ نہیں دے سکتا.....

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: علی یاسر

سفید دھوتی۔۔زری کا کفن

وہ دونوں ایک مرتبہ اُس وقت بھی ملی تھیں جب وہ زندہ تھیں.....

اس وقت ایک کی عمر بیس سال تھی، دوسری کی چالیس برس۔ بات صرف اتنی سی تھی کہ جس کی عمر بیس برس تھی، اس نے اس دوسری کی بہو بننے کی ٹھان لی تھی لیکن چالیس برس عمر والی نے اس کی ساس بننے سے صاف انکار کر دیا تھا۔

شادی کی رسم ہوئی تھی لیکن صرف اس کے لیے جس کی عمر بیس سال تھی۔ جس کی عمر چالیس برس تھی اس کے لیے نہیں۔ سو یہ رسم اسے ہمیشہ نظر آتی رہی جس نے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا لیکن یہ رسم اسے کبھی بھی نہ نظر آئی جس نے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھنے کی نفی کر دی تھی۔

''تم جیتے جی میرے گھر کی دہلیز پار نہیں کر سکتی''۔ ایک فرمان کی طرح اس نے کہا تھا، جس کی عمر اس وقت چالیس برس تھی۔

''تم مجھے مردہ سمجھ لو، لیکن گھر کی دہلیز پار کر لینے دو'' یہ دہائی اس نے دی تھی جس کی عمر اس وقت بیس سال تھی۔

''میں نے جیتے جی تمہارا چہرہ نہیں دیکھنا، نہ زندہ کا نہ مری ہوئی کا'' اور اس نے اپنے قدموں کے قریب ہوئے اس کے ماتھے کو پیروں کے ساتھ پرے کر دیا تھا اور گھر کی دہلیز زور زور سے ہنسنے لگی تھی.....

اس دہلیز کی ہنسی میں..... مشکلوں کی دولت کی ہنسی بھی ملی ہوئی تھی اور ایک خاندان کی ضد کا قہقہہ بھی۔ یہ قہقہہ اتنا بلند آواز تھا کہ جس کی عمر اس وقت بیس سال تھی، اس نے دونوں کانوں پر ہاتھ رکھ لیے تھے۔ کانوں سے ہاتھ اٹھا کر اس نے کئی مرتبہ اس کی طرف دیکھا تھا جس کے پیچھے یہ گھر تھا، اور گھر کی

دہلیز تھی۔ لیکن وہ اس وقت بھی چپ تھا، بعد میں بھی چپ رہا۔ صرف دہلیز جو اس وقت بھی ہنستی تھی، بعد میں بھی ہنستی رہی۔

اور پھر یہ دہلیز اور بھی ہنسی..... جب ایک باہر، اس دہلیز سے باہر گئی، اور ایک ڈولی اس دہلیز سے اندر آئی، جس کی عمر اس وقت بیس سال تھی اور وہ دور ایک سکول کے کوارٹر میں بیٹھ کر اس دہلیز کو دیکھا کرتی تھی۔ اس نے اس کی ہنسی کے ڈر سے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے۔

وقت تھا..... گزرتا رہا۔ اور پھر جس کی عمر اس وقت چالیس برس تھی، اس کی عمر ساٹھ برس ہوگئی۔ اور جس کی بیس برس تھی، اس کی چالیس برس ہوگئی۔ دہلیز کا قہقہہ بھی شاید بوڑھا ہوگیا تھا۔ وہ اندر کی طرف دیکھتا تو بھی کھانسنے لگ جاتا، باہر کی طرف دیکھتا تو بھی کھانسنے لگ جاتا۔

اور پھر وہ مرگئی جس نے دوسری کو حکم دیا تھا کہ تم میرے جیتے جی اس گھر کی دہلیز نہیں پھلانگ سکتی۔ اور حکم دینے والی ابھی دہلیز سے اندر تھی، اگرچہ ایک لاش تھی، اردگرد رشتے داروں کا ہجوم تھا، کیوڑے کی مہک تھی اور ذری کا کفن تھا..... ایک اس کے حکم کی عدولی ہوگئی۔

وہ دہلیز سے اندر آگئی جسے آنے کا حکم نہیں تھا اور اس کے پاؤں کے پاس کھڑی ہوگئی، جس نے حکم دیا تھا۔ ایک کے ماتھے نے دوسری کے پیروں کو چھوا۔ اور ذری کا کفن گھبرا کر سفید دھوتی کو دیکھنے لگا.....

''یہ کون ہے؟..... خاموش رہو..... یہ بھی اس کی بہو تھی..... کہاں ہوتی تھی..... پتا نہیں.....'' رشتہ داروں اور عزیزوں میں کھسر پھسر ہوئی لیکن ذری کا کفن اب سفید دھوتی کو کچھ نہیں کہہ سکتا۔

سفید دھوتی ایک پل آئی، دوسرے پل گئی۔ کفن میں جاتی کو بوڑھی دہلیز نے روکا اور پوچھا، ''تم نے اس کا حکم موڑ دیا؟''

''نہیں'' سفید دھوتی نے جواب دیا۔ ''اس نے کہا تھا تم جیتے جی دہلیز پار نہیں کر سکتی، میں جیتے جی تمہارا چہرہ نہیں دیکھوں گی''۔ میں اس وقت ہی مرگئی تھی، وہ تو آج مری ہے۔ یہ تو ایک لاش دوسری لاش سے ملنے آئی تھی۔

پھر سفید دھوتی دہلیز سے باہر چلی گئی اور کچھ عرصے بعد ذری کا کفن بھی دہلیز سے باہر چلا گیا۔

بوڑھی دہلیز کتنا عرصہ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر بیٹھی رہی.....

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: حمزہ حسین شیخ

اجنبی اندھیرا

ایک اندھیرا تھا جسے وہ جب سے پیدا ہوئی تھی تب سے پہچانتی تھی۔۔۔

پیدا ہوئی تو کسی کی آواز نہیں سنی تھی شاید دائی کی کہ "چھوٹی" آ گئی۔ اس سے پہلے گھر میں ایک اور بیٹی تھی۔ اس لیے پیدائشی طور پر وہ چھوٹی پیدا ہوئی۔

پھر سال سوا سال وہ چھوٹی رہی کہ گھر میں ایک اور بیٹی پیدا ہوئی اور وہ اس لیے 'منجھلی' ہو گئی۔۔

ماں نہیں بچ سکی اور نہ ہی نئی آنے والی چھوٹی مگر وہ منجھلی ایک اندھیرے میں اُسی طرح کھڑی رہی اور اندھیرے کے ساتھ پل گئی۔

اس کا کسی نے نام نہیں رکھا اور وہ اسی طرح بے نام رہی۔۔۔ "منجھلی"۔ بڑی سسرال کے پاس پردیس چلی گئی اور باپ "پرلوک"۔ تو گھر میں کام کاج کرنے والے باپ کے ایک دوست نے اس کو اندھیرے میں ایک راستہ دکھایا جس پر پیدل چلتے چلتے وہ آخر اپنی روٹی کمانے والے تعلق تک پہنچ گئی۔

روٹی کمانے کا آسرا گاؤں کے چھوٹے سے سکول کی چھوٹی سی نوکری کا تھا۔ اس آسرے کی چھوٹی سی آڑ میں اس نے پہلی بار اپنا نام ڈھونڈ لیا۔ خود ہی جو اس کے ہاتھ لگا۔ یہ نام وچنی تھا جو اس نے "وچلی" کو بدل کر اپنے ساتھ جوڑ لیا۔۔ مگر جو ابھی تک اس کے دماغ کو اجنبی لگتا اور کئی بار یہ اس کے دماغ میں آتا ہی نہیں تھا۔۔۔

ایک حادثہ بھی اس اندھیرے میں ہوا۔۔۔ اس کو اس کے باپ کے دوست کے حوالے سے ایک بندے کے ساتھ جوڑ کے سکول میں ایک کہانی چلی جس کی اس بندے نے اپنی نوکری بچانے کے لیے وچنی کو کہا کہ وہ نوکری چھوڑ دے۔ یہ سچ تھا کہ ہاتھ میں پکڑا آسرا چھوٹنے لگا تو اس کے ہاتھ کانپ گئے۔۔۔ مگر اس

بندے نے اپنا ہاتھ آگے بڑھا دیا۔ اس آسرے کے واسطے تو وچنی نے اس کا ہاتھ تھامتے ہی اندھیرے کا ہاتھ بھی تھام لیا۔

بس یہ اندھیرا تھا جسے وہ جب سے پیدا ہوئی تھی، پہچانتی تھی۔۔ مگر آج جب اپنا گاؤں چھوڑ کے اس نے ایک بڑے شہر کی راہ لی تو سٹیشن کے پلیٹ فارم پر اترتے ہی اس نے دیکھا سامنے ایک نیا اجنبی اندھیرا ہے۔ بالکل اس شہر کی جگمگ کرتی بتیوں کی طرح جو پہلے سے واقف اندھیرے سے بالکل مختلف طرح کا تھا۔۔۔

اور اس نے گھبرا کر اپنے دائیں طرف ٹٹولا اور اس کا ہاتھ مضبوطی سے تھام لیا' جو اس کے باپ کا دوست تھا اور جو اس کو اس اجنبی شہر میں لے کے آیا تھا اور کہہ رہا تھا، ''بڑے شہروں کی بات کچھ اور ہوتی ہے، وہاں گاؤں کی طرح کوئی کسی پر بات نہیں کرتا۔۔ تمہیں پہلے سے بھی اچھی نوکری ملے گی۔۔۔ میں ہر ہفتے چھٹی کو تمہارے ساتھ رہوں گا۔۔۔ پھر بس گنتی کے سال رہتے ہیں' گزر جائیں گے اور جب میں پنشن لے لوں گا تو تیرے پاس آ کے رہوں گا۔۔۔۔''

اس آسرے میں معلوم نہیں احسان مندی تھی کہ معلوم نہیں محبت، وچنی سے کچھ بھی جدا نہ ہوا مگر آسرا ضرور تھا۔ وچنی نے اس کا ہاتھ تھام لیا اور شہر کے اجنبی اندھیرے کو دیکھنے لگی جس میں شہر کی ساری جگمگ کرتی روشنیاں ڈوبی ہوئی تھیں۔۔۔

پھر کوئی چھ مہینے گزر گئے۔۔۔ مگر یہ اجنبی اندھیرا'۔۔۔ اسی طرح اس کو اجنبی لگتا تھا۔ اس نے چھوٹے چھوٹے سرکاری نوکروں کی بستی میں کمرہ کرائے پر لیا۔ سارا دن ڈگری ہاتھ میں لے کر وہ سکولوں کی خاک چھانتی اور پچھلی تنخواہوں سے جمع کیے ہوئے پیسے روزانہ لگ جاتے اور جمع کیے ہوئے پیسے ختم ہونے لگے۔ اور اندھیرا اسی طرح اجنبی ہی رہا۔

اس چہرے سے واقفیت گانٹھنے کے لیے وہ ٹائپ سیکھنے لگی۔ کیا پتہ شاید اس طرح کوئی سبیل بن جائے۔ وہاں اس کے ساتھ ٹائپ سیکھتی لڑکیاں اس کو بتاتی تھیں کہ شہر میں سب سے بڑی ڈگری ''سفارش'' ہوتی ہے اور وہ گھبرا کے اپنے ہاتھوں کی طرف دیکھتی جس میں ایسی کوئی ڈگری نہیں تھی۔۔۔۔

اس کے ہاتھ میں صرف فن تھا پر نوکری کے لیے جو چاہیے تھا وہ ہنر اس کے پاس نہیں تھا۔ اچانک ایک دن کسی نے آ کے اس کو ڈھونڈ لیا۔ یہ ڈھونڈنے والا ایک مل کا مالک تھا جس نے اس کی طرف دیکھتے ہی اپنے دفتر کے ایک کونے میں پڑی ہوئی ایک میز اور ایک کرسی اس کو دی اور ماہانہ تنخواہ بھی مقرر کر دی۔

اس کے اپنے چھوٹے سے آئینے نے اس کو کبھی نہیں بتایا کہ وہ ایک کھوئے ہوئے موتی کی طرح خوبصورت ہے اور اگر اس کو دھو پونچھ کر کالی مخمل پر رکھ دیا جائے تو دیکھنے والے کی آنکھ چندھیا جائے گی۔۔۔ مگر یہ بات مل کے مالک کو شاید اس کی اپنی نظر نے بتادی تھی۔۔۔۔

اس کے باپ کا دوست ہر روز تو نہیں مگر ہر دو تین دن بعد ضرور آتا۔ اس نے وچتی کے گاؤں سے واقف ہونے کے باوجود اس سے کوئی رشتہ نہیں جوڑا تھا۔ مگر ہمسایوں اور مل کے مالک کے لیے وہ وچتی کا چاچا تھا۔

''ٹھیک ہے۔۔۔'' وچتی سوچتی۔ ''ایک عورت اور ایک مرد کا ایک کمرے میں رہنا اور سونا، لوگوں کو صرف بنے بنائے رشتوں کی سمجھ آتی ہے۔'' وہ پہلے گھر سے اور پھر نوکری سے فارغ ہو کر' یہاں آجائے گا' میرے ساتھ گھر بسائے گا تو پھر اب میں اس کو چاچا کہتی ہوں' پھر کیا کہوں گی؟'' پھر وہ اپنے آپ سے پوچھتی ''پھر ہمسائے تبدیل کرلوں گی اور کیا پتہ' اس وقت تک نوکری بھی بدل جائے۔ یہ کونسی پکی نوکری ہے۔۔۔۔''

اس کے لیے شہر کا اندھیرا ابھی تک اجنبی تھا اور اس لیے مل کا مالک بھی جس نے اس کو شہر میں پہلی نوکری دی تھی اور اس کی ساری مہربانیاں بھی اجنبی تھیں جن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ اس نے پانچ نئی ساڑھیاں' ایک گرم کوٹ اور کشمیر کی دو گرم شالیں اس کو خرید کر دی تھیں۔ اور یہ سارے روپے جو اس نے کہے تھے کہ اس کی تنخواہ سے آہستہ آہستہ وصول کرے گا مگر اس نے ایسا کیا نہیں تھا۔ کسی مہینے بھی اس کی تنخواہ نہیں کٹی۔ یہ سب 'وچتی' کے لیے اجنبی اندھیرا تھا جو ابھی تک واقف ہونے میں نہیں آرہا تھا۔ کبھی کبھار اسے یوں لگتا کہ یہ اندھیرا بڑھ رہا ہے۔ اس میں اس کا اپنا سالوں کا جانا پہچانا چہرہ بھی تھا۔ وہ اپنے بالوں کی چٹیا بنایا کرتی تھی مگر مل کے مالک نے جب اس کو ایک ''ہیر ڈریسر'' کے پاس بھیجا تو واپسی پر اس کا اپنا چہرہ بھی اس کو اجنبی لگا۔ دفتر میں سارے کام کرنے والے اس کی طرف دیکھتے رہ گئے۔ سچ مچ جیسے کسی نے ایک موتی کو دھو پونچھ کر کے کالی مخمل پر جما دیا تھا۔۔۔

اور پھر یہ ایک انوکھا حادثہ پیش آیا۔ اب وہ ٹائپسٹ کے ساتھ ساتھ سیکرٹری بھی ہوگئی۔۔ اس لیے مل مالک کی ڈاک بھی اس نے ہی کھولنی ہوتی تھی۔ ایک دن وہ خطوط کھول رہی تھی کہ ایک خط اس کے نام کے ساتھ تھا۔ یہ اس کے باپ کے دوست کا تھا اور مل کے مالک کے نام پر تھا جس میں ایک ہزار روپے دینے پر شکریہ ادا کیا گیا تھا۔ مگر ساتھ ہی پانچ سو روپے اور بھی مانگے تھے۔

'وچنی' کے ماتھے میں ٹیس اُٹھی اور اس کے پیروں تک دوڑ گئی۔ خط کا ایک ایک لفظ کاغذ پر واضح تھا مگر اس کی آنکھوں میں ہر لفظ کانپ گیا۔ پرانے واقف اندھیرے سے ایک سایہ نکل کر اس کے سامنے آ کھڑا ہوا تھا۔

مل مالک کے سامنے اس کا ایک ہی سوال تھا' آپ نے ایک ہزار روپیہ اس کو بھیجا اور مجھے بتایا نہیں۔۔۔''

جواب چھوٹا سا تھا' ''اس نے کہا تھا۔۔۔ کہ تم کو نہیں بتانا'' مگر کچھ تھا جو چھوٹے سے جواب سے نکل کر 'وچنی' کی عمر کے سالوں تک پھیل گیا۔۔۔

اس نے مل مالک سے صرف ایک منت کی کہ آئندہ کبھی وہ اسے بتائے بغیر کسی کو کچھ نہیں بھیجے گا۔

''ٹھیک ہے تمہارے لیے دیئے تھے اگر تم نہیں چاہتی تو نہیں دوں گا'' مل مالک نے اقرار کیا مگر 'وچنی' سادے سے فقرے ''تمہارے لیے'' کو سن کر کانپ گئی۔

وہ کسی گرو پیر کے جنم دن کی چھٹی پر اس کے پاس رہنا تھا۔ کمرے کی ایک چابی وہ ساتھ لے جاتا اور جب دوپہر کی گاڑی آتی تو آ کر پہلے خود کمرہ کھولتا تھا۔

وچنی شام کو چھ بجے کام سے لوٹی تو وہ کمرے میں بیٹھا تھا۔ پہلی بار وچنی کو احساس ہوا۔۔۔ آج اس نے اپنا نہیں' غلطی سے کسی اور کا کمرہ کھول لیا ہے۔۔۔۔''

پیر دہلیز پر رُک گئے۔

''مجھے پتا تھا' تم آنے والی ہو گی' دیکھو میں نے تمہارے لیے چائے بنا کے رکھی ہوئی ہے۔۔۔'' اس کی آواز آئی۔ جانی پہچانی' پہچانے ہوئے اندھیرے کا حصہ۔ وچنی نے چائے کا پیالہ اس کے ہاتھوں سے لیا اور صبر کے گھونٹ کی طرح پینے لگی۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں ہاتھ آگے بڑھے اور انھوں نے وچنی کی ساڑھی کا پلو کھینچا۔ اس کی انگلیوں کو اسی طرح چھونا چاہا جیسے واقف ہاتھ چھوتے ہیں۔

''مجھے بیچنے کے بعد بھی میرا لطف چاہتے ہو؟'' وہ دیوار کی ایک اینٹ کی طرح کمرے میں گونجی اور پھر دیوار کی طرح ڈھے گئی۔

اس نے تیز نظر کے ساتھ اس کو دیکھا پھر کہا ''اگر میں گلی محلے والوں کو بلا لوں اور بتاؤں' میں تیرا کون

ہوں تو اس محلے میں تو کیا تو کسی محلے میں نہیں رہ سکے گی۔۔۔'' یہ الفاظ ایک ہتھوڑا تھے۔ یوں محسوس ہوا جیسے ابھی ساری دیوار گر جائے گی۔ مگر وجنی اینٹوں کی دیوار سے پتھر کی دیوار بن گئی اور بولی' ''پہلے تم سے نبڑوں گی' گلی محلے کا بعد میں سوچوں گی۔۔۔'' اس نے اُٹھ کر وجنی' کا ہاتھ موڑا اور پھر اپنا لوہے کا پنجہ اس کی گردن میں ڈالا۔'' یہاں کون ہے تیرا؟ جو تمہیں چھڑائے گا۔۔۔۔''

وجنی کی چیخ خود اس کے کانوں سے ٹکرائی مگر چیخ کی آواز دوسروں نے بھی سن لی اور تھوڑی ہی دیر بعد کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی۔ ہاتھ ڈھیلا ہوا تو وہ دروازے تک آئی اور دروازہ کھول کر باہر آ گئی۔

''یہاں کون ہے میرا۔۔۔۔'' دروازے کے باہر سچ مچ اجنبی اندھیرا تھا۔ وجنی ٹھٹھک کر ٹھہر گئی۔ مگر اس کے پیروں کو شاید اس سے کچھ پوچھنے کا وقت نہیں تھا۔ وہ آگے چل پڑی۔۔۔ گلی کے موڑ والے گھر کی طرف' جس میں ٹیلی فون لگا ہوا تھا۔

اس گھر سے وجنی نے ایک ٹیلی فون کرنے کی اجازت مانگی مگر نمبر گھماتے ہوئے وجنی کے ہاتھ کانپ گئے۔'' یہ اجنبی اندھیرا تھا جس سے ڈر کر ایک دن میں نے اس کا ہاتھ پکڑا تھا اور آج اس کا ہاتھ چھوڑنے کے لیے میں پھر سے اجنبی اندھیرے سے ایک ہاتھ مانگ رہی ہوں۔۔۔'' وجنی کو محسوس ہوا جیسے اجنبی اندھیرا آج زور سے ہنس رہا ہو۔۔۔۔

وجنی کے کان کانپتے رہے ہاتھ کانپتے رہے مگر ٹیلی فون کے نمبر نہیں کانپے۔ دوسری جانب مل مالک کی آواز پوچھ رہی تھی۔۔۔'' کون وجنی۔۔۔ تم گھبرائی ہوئی ہو؟ کس کے پاس؟ اسی کے پاس؟ اور آواز نے کہا'' میں ابھی آتا ہوں۔۔۔''

منٹوں میں وہ وہاں پہنچ گیا۔ ایک اجنبی اندھیرے کا ہاتھ اور اس وجنی کا ہاتھ اس سے چھڑا دیا۔ اس کے واقف اندھیرے سے۔ مگر اس رات جب وجنی کمرے میں اکیلی بیٹھی تو اس نے سوچا' ''اب آگے؟۔۔۔ اس اجنبی اندھیرے کے ہاتھ سے چھڑانے کے لیے کس کو آواز دوں گی؟ تو اس کا اپنا ہاتھ اس کی بھری آنکھوں کے سامنے پھیل گیا' ''معلوم نہیں اس اپنے ہاتھ کا آسرا مجھے کب ملے گا۔۔۔۔ کب؟۔۔۔ کب؟''

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ الیاس بابر

''مُرکی'' عرف بلا کی

''بالی عرف کوکے والی''

کمار جب صبح کالج گیا تھا تو کمار کی ماں راجونتی ''مُرکی'' کی کوٹھڑی میں بیمار مُرکی کے سامنے بیٹھی ہوئی تھی۔ یوں تو پچھلے ہفتے جب مُرکی بیمار پڑی تو راجونتی اپنے ہاتھوں سے اسے دوا پلاتی رہی پر آج اس کی حالت بہت خراب تھی۔ ڈاکٹر نے کل ہی ایک طرح سے جواب دے دیا تھا اور وہ پچھلی رات سے مُرکی کے پاس سے نہیں اٹھی تھی۔ کمار جب کالج سے واپس آیا تو اس نے ماں سے کہا کہ اگر تمہیں کسی اور پر یقین نہیں تو کم از کم مجھ پر تو کرو تم دو گھڑی آرام کر لو میں ''مُرکی'' کے پاس بیٹھتا ہوں۔ راجونتی نے ''کمار'' کا کہنا مان لیا اور ''مُرکی'' کے کمرے سے باہر آ گئی۔ مشکل سے گھنٹہ ہی گزرا تھا کہ اس نے کمار کو اٹھا دیا اور پھر خود ''مُرکی'' کے پاس بیٹھ گئی۔

''مُرکی'' ہوش میں نہیں تھی۔ راجونتی نے اسے ایک دو مرتبہ ہلایا اور کوئی بات کہ مُرکیئے! دیکھو یہ کمار آیا ہے۔۔۔؟ پر ''مُرکی'' عرف بلا کی حالت ایسی نہ تھی کہ کچھ دیکھ یا سن سکے۔

پھر اس کی سانسیں اکھڑنے لگ گئیں۔ کئی بار راجونتی کی آنکھیں بھر گئیں لیکن فوراً ہی اس نے اپنی چادر کے پلو سے پونچھ لیں وہ ڈر رہی تھی کہ کہیں اس کے رونے کی آواز ''مُرکی'' کے کانوں میں نہ پڑ جائے اور پھر کچھ ہی دیر بعد راجونتی چلا چلا کر رونے لگ گئی۔ اب ''مُرکی'' کے کانوں میں کوئی آواز نہیں پڑ سکتی تھی۔

''بی بی! اب آپ آرام کریں۔ آپ نے جتنی ''مُرکی'' کی خدمت کی ہے نا اتنی تو کوئی اپنوں کی نہیں کرتا۔۔۔ ہم خود اسے غسل شسل دے لیں گی'' محلے کی دو تین عورتوں نے آ کر کہا۔ یہ عورتیں لوگوں کے

گھروں میں برتن دھوتی تھیں۔ راجونتی نے ان عورتوں کو چھوٹے موٹے کام سونپ دیے اور خود ''مُرکی'' کو نہلانے لگ گئی۔

وہ جب ''مُرکی'' کے کپڑے اتارنے لگی تو کمر پر شلوار کی جگہ پر اس کے ہاتھ کو کوئی چیز چُبھی۔ ''مُرکی'' کے نیفے میں ایک چابی ٹنگی ہوئی تھی۔ کتنے دنوں سے ''مُرکی'' بیمار تھی۔۔۔ کئی دنوں سے اس کے کپڑے تبدیل نہیں ہو سکے تھے۔۔۔ نیفے میں ٹنگی ہوئی چابی اب اس کے جسم سے چپک گئی تھی۔ راجونتی نے جب چابی کو کھینچ کر اتارا تو وہاں چابی کی شکل کا گہرا زخم بن چکا تھا۔۔۔ راجونتی کی چیخیں نکل گئیں۔

''مُرکی'' کو جب لوگ۔۔۔۔ میں جدا کر لوٹے' کمار نے ماں کو پلنگ پر لیٹے لیٹے چائے کے دو گھونٹ پلانے کی کوشش کی۔

''آج میرے حلق سے کچھ نہیں اتر رہا ہے کمار''

ماں' صرف تمہیں ہی ''مُرکی'' سے پیار نہیں تھا۔ مجھے بھی اس سے بڑا پیار تھا۔ چھوٹے ہوتے ہوئے مجھے یہی کھلاتی تھی۔ اور بڑی ہوئی تو میرے لیے کھانا پکانا کرتی رہی۔

پر صرف یہی بات نہیں!

''ہم سے جو ہو سکا۔ کیا' اچھے سے اچھے ڈاکٹر کو دکھایا پر۔۔۔۔

''عورت کی جون کاٹنا بڑا مشکل ہوتا ہے کمار! میں ''مُرکی'' کو نہیں روتی میں عورت کی جون کو روتی ہوتی۔۔۔ جا تُو سو جا''

کمار کچھ نہیں بولا' اور ماں کے پلنگ پر بیٹھا رہا۔ اور آہستہ آہستہ ماں کے سر کو دباتے دباتے ماں کے ساتھ ہی بستر پر لیٹ گیا۔

ماں! آج میں تمہارے ساتھ سوؤں گا۔

''ابھی بھی تو چھوٹا ہی ہے'' ماں نے پیار سے کمار کے گالوں پر چپت لگائی اور پھر اس کی آنکھوں کے گرد کتنے ہی منظر اتر آئے ''ایسے ہی تو چھوٹے ہوتے ہوئے ''مُرکی'' کی چارپائی پر لیٹ کر ضد کیا کرتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہی سوؤں گا۔''

''کمار نے لاڈ سے اپنا سر ماں کے قریب کر دیا''

میں 32' 33 برس کی تھی جب تو پیدا ہوا۔۔۔ میں سوچا کرتی تھی کہ شاید میں اس دنیا سے یونہی گزر

جاؤں گی۔ اپنی جھولی پھیلا پھیلا کر میں رب سے تجھے مانگا کرتی تھی۔ یہ عورت ہونے کی جون بھی بڑی عجیب ہے۔۔ اگر اس کی گود میں بچے نہ کھیلیں تو بھی زندگی خراب۔۔ تم پیدا ہوئے میری زندگی تو سنور گئی۔۔۔ پر ''مُرکی'' کی بیماری۔۔۔ اس کے مرد نے اسے چھوڑ دیا اور اس کی جون بگڑ گئی۔

ماں! ''مُرکی'' کی کب شادی ہوئی تھی؟ میں نے تو کبھی اس کے مرد کو نہیں دیکھا؟'' لیٹا ہوا کمارا چانک سے اٹھ کے بیٹھ گیا اور کہنے لگا ''میں تو جب سے پیدا ہوا ہوں ''مُرکی'' کو یہاں ہی دیکھا ہے' اپنے گھر' اس پچھلی کوٹھڑی میں۔''

''ہوئی تھی اس نمانی کی شادی' تو چھوٹا تھا اس وقت' چار سالوں کا' شاید پانچ کا!

تو کیا وہ اپنے سسرال گئی تھی؟''

''سسرال خاک تھے' نہ کوئی پیدا کرنے والا نہ کوئی جلانے والا''

''ماں' مجھے ساری بات بتاؤ''

''اس کا باپ ہمارے گھر کا پرانا نوکر تھا' جب تیری پیدائش ہوئی تو اس نے منت سماجت کی کہ اس کی بیوی گاؤں میں مرگئی ہے اور بیٹی اس کے چچاؤں کے پاس اکیلی رہ گئی ہے۔۔۔ اور اگر میں مان جاؤں تو وہ اپنی بیٹی کو یہاں لے آئے۔۔۔ وہ تجھے کھلائے گی خدمت کرے گی بس اس کو دو وقت کی روٹی مل جائے صلے میں' یہی بہت ہے۔

''پھر؟''

میں نے تو شکر کیا کہ چلو کوئی ہاتھ بٹانے والا مل جائے گا۔۔۔ وہ گاؤں سے اپنی بیٹی کو لے آیا۔۔۔ مشکل سے اس کی عمر بارہ سال ہوگی۔ بڑی نازک اور چھوئی موئی سی' مجھے بہت اچھی لگی۔ جب یہ آئی اس نے کالی شلوار اور ہرے رنگ کی قمیص پہنی ہوئی تھی۔ جسم کمزور تھا' پر رنگ چٹا سفید اور نین نقش بڑے پیارے تھے۔۔۔ کانوں میں اس نے چاندی کی بالیاں پہنی ہوئی تھیں اور ناک میں چھوٹی سا کوکا۔۔۔

''پھر؟'' کمارے نے بے چینی سے پوچھا۔

''تمہیں تو وہ شاید اپنے ہاتھوں سے نہیں اپنی جان سے کھلاتی تھی۔ تم اس وقت اس کے بغیر ایک پل نہیں رہ سکتے تھے۔ کبھی تم اس کے کانوں کی بالیوں کو پکڑ کر کھینچتے اور کبھی تمہارا ہاتھ اس کے کوکے میں پڑ جاتا۔ میں پیار سے کبھی اس کو بالیوں والی کے نام سے پکارتی کبھی کوکے والی۔''

ماں! اسے "مُر کی" اور نلا کی کے نام تم نے ہی دیئے تھے؟

"ہاں" میں نے ہی اس کے یہ نام رکھے تھے۔۔۔ پر یاد نہیں کب رکھے تھے۔

"کیوں؟"

وہ جب بڑی ہوئی سترہ برس کی، تو نمانی کو بڑا روپ چڑھا۔۔۔ میں دانتوں تلے زبان دبا کر کہا کرتی "ہائے نمانیے مُر کیئے۔۔۔ کس کے کانوں میں پڑے گی تُو؟

اور کس کے ناک میں کوکے کی طرح چمکے گی۔

کمار مسکرایا۔

"بڑے سوہنے پہاڑی گیت گاتی تھی پگلی۔۔ اڑتے پرندے بھی رُک جاتے تھے۔

پھر!

اس کے باپ نے اپنے گاؤں میں اس کا سودا کر دیا۔

ان کے ہاں بیٹیوں کی جگہ رقم ملا کرتی تھی۔

لڑکا اچھا تھا؟

"اچھا کیونکر تھا۔۔۔ دوسرا جو تھا۔"

"دوسرا" کیا مطلب ماں؟

جس کی پہلی بیوی مر گئی ہو

پھر تو ماں عمر میں بڑا ہوگا؟

بڑا بھی تھا۔۔۔ ساتھ اس میں کچھ اور بھی تھا۔۔۔ شاید آنکھوں میں کوئی کسر تھی۔۔۔ مجھے اب صحیح طرح سے یاد نہیں۔۔۔ پر تھا پیسے والا۔ تبھی تو اس نے خوب قیمت لگائی تھی۔

پھر؟

باپ نے جب بات پکی کر دی۔ یہ راتوں رات شہر کے ایک لڑکے کے ساتھ بھاگ گئی۔۔۔"

وہ کون تھا؟

میں نے دیکھا تو نہیں، پر خود ہی بتاتی تھی کہ بڑا چھبیلا لڑکا تھا"

"ہمارے اس شہر کا ہوگا؟"

''اسی شہر کا' اسی بستی کا' صدر بازار میں جو ہوٹل ہے ناں' وہاں کام کرتا تھا۔۔۔ کیک بناتا تھا وہاں

پھر؟

چار چھے مہینے اس کے ساتھ کسی شہر میں رہی۔۔۔ پگلی نے گھر بنایا جو کچھ پاس تھا سب لگا دیا۔۔۔ بڑے موٹے موٹے چاندی کے کڑے تھے۔۔۔ گلے میں چاندی کی زنجیر تھی۔۔۔ تیری سالگرہ پر میں نے اس کو سونے کی ایک انگوٹھی بنا کر دی تھی ایک مرتبہ بالیاں بھی دی تھیں۔۔۔ نمانی نے سب کچھ بیچ باچ کر گھر کے لیے چیزیں خرید لیں

اور پھر؟

''پھر کوئی اور لڑکی اس لڑکے کی نظروں میں بس گئی۔۔۔ وہ اسے کسی گاؤں دوسرے کا میلا دکھانے کے لیے لے گیا اور رات کو ہوٹل میں جب یہ سوئی ہوئی تھی اس کے دوپٹے سے گھر کی چابی کھول کر اسے وہیں چھوڑ کر بھاگ گیا۔

کمار نے اپنا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا کر استفہامیہ انداز میں پوچھا ''اس نے اپنے مرد کو ڈھونڈا نہیں؟

''کہتی تھی کہ من کے سودے میں جب اس کا من ہی ٹوٹ گیا تو پھر تن کو کیا ڈھونڈنا''

''کمال عورت تھی''

یہ بات اس نے اچھی کی۔۔ کسی خدا ترس بندے سے گھر کا کرایہ لے کر واپس لوٹ آئی ورنہ آج کہاں خوار ہو رہی ہوتی۔ یہاں ہمارے گھر آ گئی؟

ہاں یہاں ہمارے گھر۔۔۔ ہمارے گھر کہاں اپنے گھر۔۔۔ اپنی اس کوٹھڑی میں۔۔۔ میں نے جس دن اسے کوٹھڑی دی تھی۔ اس کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ میں نے جیتے جی کبھی اسے کام سے نہیں نکالنا اور نہ ہی میرا بیٹا کمار بڑا ہو کر اسے اس کوٹھڑی سے نکالے گا۔

کمار کا دل بھر آیا۔۔۔ پر وہ مرد تھا۔۔۔ اس کی آنکھوں کا پانی آنکھوں ہی میں رہا۔۔۔ راجونتی کی آنکھیں چھلک گئیں۔

''میں نے تمہیں کہا تھا نا کہ عورت کی جون سیتہ نہیں کیسی ہوتی ہے۔

جب یہ یہاں آئی تھی اس کا منہ ایک ایسے بچھڑے کی طرح تھا جو اپنا گھر بھول گیا ہو۔۔۔ جسے کسی عورت کے پاس سر چھپانے کی جگہ نہ ہو۔۔۔

''ماں تم بہت اچھی ہو۔۔۔اگر تمہاری جگہ کوئی اور عورت ہوتی تو۔۔۔۔''

میں نے اس پر کوئی احسان نہیں کیا کمار۔۔۔اس کی خدمت کا پھل چکایا ہے۔۔۔کملی کے رُوپ کو دیکھ کر میں کہا کرتی تھی کہ ''مر کیئے! کس کے کانوں میں پڑے گی تو؟ جب ''مر کی'' واپس آئی کہنے لگی ''ماں! مجھے کسی نے کانوں میں ڈالا تھا پر پھر اس کے کان پھٹ گئے شاید میرا وزن کچھ زیادہ تھا۔

راجونتی پھر رو پڑی۔۔۔بھری ہوئی آواز میں کہنے لگی۔۔۔ایسا پیار کرتے ہیں مرد؟ ایک ''مر کی'' اتاری ایک پہنی۔

کمار کی آنکھیں بھر آئیں' شاید مرد ذات کی لاج رکھنے کے لیے ماں تبھی تم نے اس بار میری سالگرہ پر مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ ''مر کی'' کو اس کے جیتے جی اس کوٹھڑی سے نہیں نکالوں گا؟

''ہاں کمار! تبھی میں نے تم سے وعدہ لیا تھا۔اس کے مرد نے جب اس سے اس کے گھر کی چابیاں اس کے پلو سے کھول لی تھیں۔۔۔۔میں نے اس کوٹھڑی کی چابیاں اسے دے کر کہا تھا کہ تیرے جیتے جی کبھی کوئی تم سے یہ چابیاں نہیں چھینے گا۔

اور کمار۔۔۔۔جب میں نے اسے غسل دیا تو اس کوٹھڑی کی چابی اس کے نیفے کے ساتھ سندھی ہوئی تھی۔۔۔۔بالکل اس کے گوشت میں چپکی ہوئی۔۔۔۔اس چابی نے اس کے جسم میں زخم کر دیا تھا۔

جیتے جی اس نے اس چابی کو اپنے جسم سے علیحدہ نہیں کیا

''مر کی'' ۔۔۔ملا کی۔۔۔ایک عورت

راجونتی ایسے روئی جیسے اس کی آنکھوں میں ''مر کی'' کے آنسو نہیں رُکے ہوئے تھے نہیں بلکہ تمام عورت ذات کے آنسو!

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: الیاس بابر

ترشول

سنیل کی ماں نے سنیل کی شادی کے لیے خطوں کی صورت میں جتنے بھی پیغام آئے اور جن پانچ خطوں کے ساتھ پانچ لڑکیوں کی تصویریں بھی آئی تھیں وہ سب کچھ سنیل کے سامنے رکھ دیا۔ پھر جب سنیل نے سرسری نظر سے وہ سارے خط اور تصویریں دیکھ لیں تو ماں نے بڑے ارمان سے سنیل کے چہرے کی طرف دیکھا۔ سنیل اُسی طرح خالی خالی نظروں سے سامنے والی دیوار کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔ جس طرح وہ خطوں اور تصویروں کو دیکھنے سے پہلے سامنے والی دیوار کو دیکھ رہا تھا۔

ماں نے ان تصویروں والی لڑکیوں میں سے ایک کو دل میں پسند کر لیا تھا مگر وہ سنیل کی پسند کی راہ میں حائل نہیں ہونا چاہتی تھی۔ اس لیے اتنی دیر چپ رہی۔ پر جب سنیل نے کسی کے لیے کوئی رائے نہیں دی تو ماں نے اپنی پسند کی لڑکی کی تصویر باقی تصویروں سے الگ کر کے سنیل کے سامنے رکھ دی۔

سنیل نے تصویر کی بجائے اپنی ماں کے چہرے کی طرف دیکھا اور کہا۔۔۔ "ماں میں اپنی ذات برادری کی پابندیاں جانتا ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ ان میں سے کسی کے ماں باپ مجھے ذاتی طور پر اپنی بیٹی سے بات چیت کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ پر میری ایک شرط ہے کہ میں کسی بھی لڑکی کے لیے ہاں کرنے سے پہلے اس کے ساتھ بات چیت کرنا چاہتا ہوں۔ سو جس لڑکی کے ماں باپ میری شرط مان لیں میں صرف اسی کے بارے میں سوچ سکتا ہوں وہ چاہے اس تصویر والی لڑکی ہو۔۔۔ چاہے کوئی اور!

کچھ دنوں بعد ماں نے اپنی پسند کی لڑکی کے والدین کو سنیل کی اس شرط پر راضی کر لیا۔ شرط مانی گئی تھی پر شرط منوا کر ماں خوش نہیں تھی کیوں کہ دوسری طرف شرط سے نہیں مگر ایک عندیہ دیا گیا تھا کہ لڑکی پڑھی لکھی ہے۔ اور اگر سنیل کو یہ رشتہ منظور ہوا تو کسی قسم کا جہیز نہیں دیا جائے گا۔ اور ماں جس کی شدید خواہش تھی کہ اس کے بیٹے

کی شادی اس لڑکی سے ہوا سی پر۔۔۔۔

(میں سنیل کی آنکھیں جو پورے دو سالوں سے اپنے کمرے کی دیواروں کی طرف خالی خالی نظروں سے دیکھتی رہی تھیں۔۔۔ جیسے دیواروں پر اب کوئی سایہ سا چلنے لگ پڑا تھا۔)

پھر آخر کار ملاقات کا وقت آ گیا۔ لڑکی والوں کے گھر میں پچھلی طرف ایک کچا کوٹھا تھا۔۔۔ ناریل کے درختوں میں چھپا ہوا۔۔۔ جس کی برادری کی آنکھوں سے بچ بچا کر صفائی ستھرائی کر دی گئی تھی۔

اس کچے کوٹھے کی دیواروں میں تھوڑا اونچا کر کے ایک لکڑی کا تختہ چنا ہوا تھا شاید گھر کا کچھ کاٹھ کباڑ یہاں رکھا جاتا تھا۔۔۔ اسے دھو دھا کر لڑکی کے بیٹھنے کے قابل بنا دیا گیا تھا۔۔۔ سنیل کے بیٹھنے کے لیے ایک لکڑی کی کرسی کا بندوبست کر دیا گیا تھا۔

سنیل جانتا تھا کہ اس وقت اسے گھر کے صدر دروازے سے خوش آمدید نہیں کہا جائے گا۔ اسے پچھواڑے سے جانا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اسے ملاقات کرنی تھی۔۔۔ ملاقات کے وقت اسے اپنی اس غلطی کا احساس ہوا کہ وہ اپنی ماں سے اس لڑکی کا نام پوچھنا بھول گیا تھا۔۔۔

پھر جب لکڑی کے تختے کے پاس اپنے آپ میں سمٹی ایک لڑکی نے نمستے کہنے کے لیے اپنے دونوں ہاتھ جوڑے تو کچھ کچھ اکڑ سنیل کے منہ سے نکلا۔۔۔ بیٹھئے محترمہ! آپ کا جو بھی نام ہے۔۔۔۔

لڑکی نے ایک نظر بھر کر اس کی طرف دیکھا پر سنیل کا دھیان اس کی طرف نہیں تھا۔ وہ کرسی کی طرف اس کو بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے سمٹی سمٹائی سی دیوار کے پاس تختے پر بیٹھ گئی۔

خاموشی کا یہ حصار لڑکی نے نہیں توڑنا تھا اس لیے جب خاموشی کچھ طویل ہو گئی تو اس نے ایک نظر بھر کر سنیل کی طرف دیکھا اور حیران ہو گئی کہ وہ ابھی بھی اس کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا۔ آج صبح ماں نے رنگین پٹی والی دھوتی اسے خاص طور پر پہنائی تھی۔۔۔ کیسر کے ڈنٹھے سے اسے نہانے کے لیے کہا تھا۔ آنکھوں میں کاجل بھی خاص طور پر ڈلوایا تھا اور ہاتھوں میں کانچ کی چوڑیاں بھی۔۔۔۔

اور اسے بھی خبر تھی کہ آج اس کے حسن کو پرکھا جائے گا۔۔۔ لیکن وہ حیران ہوئی کہ شادی کا فیصلہ کرنے والا جو خاص طور پر ملاقات کی شرط رکھ کر آیا تھا ایک نظر بھی اس کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا۔

سنیل کرسی پر یوں بیٹھا ہوا تھا جیسے اپنے ہی خیالوں کی دھند میں لپٹا ہوا ہو۔۔۔

اور جیسے سورج کی دھوپ اچانک گہری دھند کو چیر دیتی ہے سنیل کی آواز اچانک چمک پڑی "میں کوئی

شیو جی نہیں پر ایک ترشول ہے جو ساری عمر میرے ہاتھ میں رہے گا۔

لڑکی گھبرا گئی اور سنیل کے ہاتھوں کی طرف دیکھنے لگی۔

سنیل بھی اس وقت اپنے ہاتھوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ کہنے لگا۔۔۔۔ جسے بھی میرے ساتھ عمر گزارنی ہے اسے میرے سنگ یہ ترشول بھی اُٹھانا پڑے گا۔ بس میں یہی بتانا چاہتا تھا۔ اس لیے ملنے کی شرط رکھی تھی۔

لڑکی اپنے ہی جسم میں سمٹی ہوئی تھی پر اسے یوں لگا جیسے اس کا انگ انگ گھٹ رہا ہے۔

وہ سنیل کے چہرے کو دیکھنے لگی۔

وہ کہنے لگا۔ ''جیسے کسی پہاڑ کی چڑھائی چڑھتے ہوئے ارد گرد کے نشیب اور گہرے ہوتے جاتے ہیں۔۔ ایسے ہی میں جب بچپن سے گزر کر جوانی کی چڑھائی چڑھنے لگا۔۔ مجھے یوں لگا کہ میرے دائیں بائیں گہرے نشیب ہوں۔۔۔ جو روز اور گہرے ہوتے جاتے ہوں میں روز خواب میں ڈرتا کہ ابھی کسی پہاڑ کے پتھر سے میرا پاؤں پھسلے گا اور میں ایک گہرے نشیب میں گر جاؤں گا۔

ایم اے کر رہا تھا' جب گھر میں ماں نے میری شادی کی بات چلا دی پتہ نہیں اس بات میں کیا راز تھا کہ مجھے روز رات کے وقت خوف سا آنے لگا۔ مجھے آئے دن خواب آنے لگے کہ میری شادی ہو چکی ہے۔ اور میں میری بیوی میرے ساتھ پہاڑ پر چڑھ رہی ہے اور میں اچانک سوچتا ہوں کہ اسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر گہرائی میں پھینک دوں یا ایسے لگتا ہے کہ دونوں ہاتھوں سے اس کا گلا دبا دوں گا۔

سامنے بیٹھی ہوئی لڑکی کو یوں لگا جیسے اس کی آنکھوں میں پڑا کاجل گہرے سیاہ بادلوں کی طرح اس کی آنکھوں میں پھیل گیا ہو۔

لیکن سنیل کا دھیان لڑکی کی طرف نہیں تھا۔۔ وہ اپنی ہی دُھن میں کہے جا رہا تھا۔۔۔ مجھے اپنے آپ سے اتنا خوف آنے لگ گیا کہ میں گھبرا کر پہلے ایک ماہر نفسیات کے پاس چلا گیا۔۔۔ پھر ایک درگاہ پر جہاں ایک دن ایک مسلمان فقیر نے مجھے بتایا کہ تم پر کسی رُوح کی پکڑ ہے۔ اُسی نے بتایا کہ یہ تمہاری سوتیلی ماں کی بھٹکی ہوئی رُوح ہے جو تمہارے باپ سے بدلہ لینا چاہتی ہے۔ اور اس کے ہوتے ہوئے کسی کا گھر آباد نہیں ہو سکے گا۔۔۔

اس وقت تک مجھے معلوم نہیں تھا کہ میرے باپ کی کوئی پہلی بیوی بھی تھی جسے اس نے چھوڑ دیا تھا۔ یہ بات پہلی مرتبہ مجھے اس مسلمان فقیر نے بتائی۔۔۔ وہ عورت اور اس کے بچے کہاں ہیں؟۔۔۔ میرے باپ

نے مجھے کچھ نہیں بتایا تھا۔۔۔ میں نے اس درگاہ پر پھر اسی فقیر کو ڈھونڈنا چاہا پر وہ مجھے نہیں ملا۔ کسی نے ایک بڑے پنڈت کے بارے میں بتایا میں اس کے پاس گیا پر اس نے صرف اتنا کہا کہ تمہاری سوتیلی ماں اب زندہ نہیں رہی ہوگی۔ تبھی وہ بھٹکتی رُوح بن کر تمہیں پریشان کر رہی ہے۔۔۔ اس کا موت کے وقت ودھی وت کریا کرم نہیں ہوا۔۔۔ اسی لیے اس کی رُوح بھٹک رہی ہے۔ تم ہردوارے جا کر اس کے نام کی ودھی وت کریا کرم کرو۔

میں نے گھر میں یہ بات ماں سے کی نہ باپ کو کچھ بتایا۔ البتہ ہردوار جا کر اس کے نام پر دان پن بھی کیا۔ کریا کرم بھی مگر میری حالت میں فرق نہیں پڑا۔ البتہ کچھ دن پہلے میرے نام ایک چٹھی آئی جو میری سوتیلی بہن نے لکھی تھی کہ اب ماں بھی نہیں رہی۔۔۔ بھائی پہلے ہی مر چکا ہے۔۔۔۔ میں اکیلی ہوں اور اب تیرے سوا میرا کوئی بھائی نہیں آخر میں تیری بہن ہوں تم مجھ سے ملنے کیوں نہیں آتے؟۔۔۔۔

اسی پنڈت جس نے کریا کرم کی صلاح دی تھی نے کہا کہ تیری بہن کا یہ چٹھی ضرور اس کریا کرم کا اثر ہے تیری سوتیلی ماں کی بھٹکتی رُوح نے اب خود اپنی بیٹی کو صلاح دی ہوگی کہ تمہیں چٹھی لکھے۔ ورنہ آج تک تمہیں کسی نے چٹھی کیوں نہیں لکھی۔۔۔۔

میں اپنے ماں باپ سے چوری اس خط پر لکھے پتے پر سے اپنی بہن کو ڈھونڈ لیا۔ وہ مجھے اپنے سینے سے لگا کر بڑا روئی۔ اس نے مجھے بتایا کہ اپنی ماں کی موت کے بعد وہ اپنے باپ کے گھر گئی تھی مگر باپ نے اسے آسرا نہیں دیا۔ اور میری ماں نے صبح سے آئی ہوئی میری بہن کو صرف کھانا کھلایا اور دوپہر کو کہہ دیا کہ اب وہ جا سکتی ہے۔

میری یہ بہن مجھ سے عمر میں کافی بڑی ہے۔۔۔ جیسے تیسے کر کے اس کے غریب ماموں نے اس کی شادی کر دی تھی۔ اس کا خاوند اچھا آدمی ہے۔ اس کو صرف ایک دُکھ تھا کہ اس کے باپ نے کبھی اس کا حال نہیں پوچھا اور پھر ایک خواب جو بار بار اسے آتا جس میں وہ اپنے مرے ہوئے چھوٹے بھائی کی صورت دیکھتی۔۔۔ یہی وہ بات تھی جس پر ایک دن مجبور ہو کر اس نے مجھے چٹھی لکھ دی۔

سنیل جب یہ سب کچھ بتا رہا تھا' اس کے سامنے لکڑی کے تختے پر بیٹھی ہوئی لڑکی کو یوں لگا کہ اس کی آنکھوں کا کاجل جو گہرے سیاہ بادل کے جیسے اس کی آنکھوں میں پھیل گیا تھا۔ اب ان بادلوں کے بیچ سے کچھ روشنی پھوٹنے لگ گئی تھی۔ وہ تختے سے سرک کر آگے سنیل کی کرسی کے کچھ نزدیک آ گئی تھی۔

سنیل کہہ رہا تھا۔۔۔ مجھے اس دن کا تو پتہ نہیں جب میری یہ بہن اپنے ٹوٹے ہوئے رشتے کو جوڑنے ہمارے گھر آئی تھی۔۔۔ ہمارے نہیں اپنے گھر آئی تھی۔۔۔

اب میرا رشتہ صرف میری اس بہن کے ساتھ ہے اور کسی کے ساتھ نہیں میں اب بھی اپنے ماں باپ کے گھر رہتا ہوں مگر میں یہ رسم اب زیادہ دیر تک نہیں نبھا سکتا۔۔۔ انہیں بالکل خبر نہیں کہ دفتر کی چھٹیوں میں میں جب باہر جاتا ہوں تو کدھر جاتا ہوں۔۔۔ میں اپنی بہن کے ہاں جا کر کئی کئی دن رہتا ہوں۔۔۔ میری تنخواہ کا کچھ حصہ میری بہن کے ہاں جاتا ہے۔۔۔ وہ بڑی غریب ہے۔۔۔ لیکن سکھی ہے۔

سنیل کے سامنے بیٹھی ہوئی لڑکی کے اردگرد جو رنگیلی پٹی والی دھوتی تھی۔۔۔ لڑکی کو لگا کہ اس پٹی کے دو رنگ ساری دھوتی پر پھیلتے جا رہے ہوں۔

اسے لگا۔۔۔ نجانے یہ سنیل کے من کے اس راز کا اثر تھا جو اس نے آج تک اپنے سگے ماں باپ کو بھی نہیں بتایا تھا اور آج اچانک اس اجنبی لڑکی کے ساتھ راز بانٹنے آ گیا تھا۔۔۔ یا اُن آنکھوں کا اثر تھا جو اس سے سیدھی لڑکی کی طرف دیکھ رہی تھیں۔

سنیل کہہ رہا تھا کہ۔۔۔ یہی ترشول ہے۔ درگاہ والے فقیر کے مطابق میری بھیانک بے چینی اس لیے ہے کہ مجھے ایک بھٹکتی ہوئی رُوح کی پکڑ ہو گئی تھی میری اس بہن کے کہنے کے مطابق یہ اس کے مرے ہوئے بھائی کی رُوح تھی۔۔۔ جس نے میری صورت میں دوبارہ جنم لیا ہے۔ میرے مطابق یہ میرے باپ کا گناہ ہے۔ جس نے پچھتاوے کی صورت میں اس کے گھر دوبارہ جنم لے لیا ہے۔

سامنے بیٹھی ہوئی لڑکی نے اچانک تختے سے اُٹھ کر سنیل کے پیر چھوئے اور سر جھکا کر اس کے سامنے کھڑی ہو گئی۔ اس کے منہ سے بہت مدھم آواز میں اعتماد سے یہ الفاظ نکلے" میں یہ ترشول اُٹھا سکتی ہوں۔۔۔

سنیل نجانے کتنی دیر چپ چاپ اس لڑکی کی طرف دیکھتا رہا۔۔۔ پھر کہنے لگا۔۔۔ ہم دونوں!

میں ابھی تک تمہارا نام نہیں پوچھ سکا۔

میرا نام پاربتی ہے۔۔۔ لڑکی میٹھا سا ہنس کر بولی۔۔۔ آج تک کچھ اور نام تھا پر آج سے میرا نام پاربتی ہے۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ: قمر الزمان

پنجر

1935ء میں

دن سرمئی تھا، بوری کا ایک ٹکڑا پاؤں تلے دبائے پورو مٹر نکال رہی تھی، انگلیوں میں پکڑی ہوئی پھلی کا منہ کھول کر جب اس نے دانوں کو مٹھی میں سرکانا چاہا تو ایک سفید سنڈی اس کے انگوٹھے سے چپک گئی جیسے کسی کا پاؤں کیچڑ سے بھرے گڑھے میں جا پڑے، پورو کو کراہت ہوئی، اس نے ہاتھ جھٹک کر سنڈی کو دور پھینکتے ہوئے اپنے ہاتھ دونوں گھٹنوں کے بیچ دبا لیے۔ بھری پھلیاں، نکالے ہوئے دانے اور خالی چھلکے پورو کے سامنے بکھرے پڑے رہے۔ جڑے گھٹنوں سے ہاتھ نکال کر اس نے اپنا کلیجہ تھام لیا۔ پورو کو محسوس ہوا، سر سے پاؤں تک اس کا بدن مٹروں کی اس پھلی جیسا تھا، جس کے اندر پھلیوں کے صاف دانوں کے بجائے ایک غلیظ سنڈی پرورش پا رہی تھی۔ پورو کو اپنے پورے جسم سے کراہت آئی۔ اس کا جی چاہا کہ اپنے پیٹ میں پلنے والی سنڈی کو گرا دے، اپنے بدن سے دور کر دے، اس طرح جیسے کوئی چبھے ہوئے کانٹے کو ناخنوں میں پھنسا کر نکال دیتا ہے، جیسے کوئی چمٹے ہوئے بھاکھڑے اتار پھینکتا ہے، جس طرح کوئی چمٹی ہوئی چیچڑی کو اکھاڑ دیتا ہے، جیسے کوئی چپکی ہوئی جونک کو کھینچ کر پھینک دیتا ہے.....

پورو نے سامنے دیوار کی طرف دیکھنا شروع کر دیا، بیتے ہوئے دن ایک ایک کر کے اس کی آنکھوں کے سامنے سے گزر رہے تھے۔

پورو ضلع گجرات کے چھتو آنی گاؤں کے شاہوں کی بیٹی تھی۔ شاہ، دیر ہوئی شاہ نہیں رہے تھے، مگر پھر بھی وہ شاہ کہلواتے رہے۔ دنوں کے پھیر سے شاہوں کے اس گھر کا یہ حال ہو گیا تھا کہ ان کے دیگچوں اور دلٹوہیوں جیسے بڑے بڑے برتن بھی بک گئے تھے۔ وہ برتن بھی جن پر ان کے پرکھوں کے نام کندہ تھے۔

بدنامی کے ڈر سے بچ کر پورو کا والد اور چچا اپنا گاؤں چھوڑ کر سیام چلے گئے تھے۔ جہاں جانے سے ان کے دن جلد ہی پھر گئے۔ پورو اس وقت دوڑتی پھرتی تھی اور اس کی ماں کی گود میں ایک لڑکا تھا۔ اجڑے ہوئے شاہوں کا کنبہ دوبارہ اپنے گاؤں آیا۔ پورو کے والد نے اپنا گروی رکھا ہوا مکان چھڑوایا اور اپنے بزرگوں کے نام کی لاج رکھی۔ بلاشبہ اس کے والد کو ایک نیا مکان بنانے کے لئے اس سے کم پیسے صرف کرنے پڑتے، مگر اس نے اندھا دھند لگائے گئے سود کا بھی خیال نہ کیا اور ایک بار دانتوں تلے زبان دے کر اپنے پرکھوں کا بھرم رکھا۔

اناج، فصلیں اور باقی گھر کا چھوٹا بڑا سامان سمیٹ کر وہ پھر سیام چلے گئے، مگر اب ان کا مکان، ان کا نام گاؤں میں زندہ رہا۔ اس کے بعد جب وہ اپنے گاؤں واپس آئے، اس وقت پورو پورے چودہ برس کی تھی۔ اس سے چھوٹا ایک بھائی تھا، اس سے چھوٹی اس کی اوپر تلے تین بہنیں تھی اور اس مرتبہ اس کی ماں کو چھٹی بار کسی بچے کی امید تھی۔ شاہوں کے اس خاندان نے گاؤں آ کر پہلا کام یہ کیا کہ ساتھ والے گاؤں رتووال کے ایک اچھے کھاتے پیتے گھرانے میں لڑکا دیکھا۔ اس کی ماں سوچ رہی تھی جب وہ سوتک سے فارغ ہو گی تو بڑے چاؤ سے اپنی بیٹی کے لئے جیون ساتھی ڈھونڈے گی۔ اس مرتبہ وہ اچھی طرح سوچ کر آئے تھے کہ اس فرض سے ضرور سبکدوش ہو کر سیام واپس آئیں گے۔

پورو کے ہونے والے سسرال کے گھر ان دنوں تین دودھ دینے والی بھینسیں اور گاؤں میں ان کا اکلوتا مکان تھا جس پر پکی اینٹوں کی مٹی بنی ہوئی تھی۔ گھر کے صدر دروازے پر انہوں نے "اوم" لکھوایا تھا۔ لڑکا خوبصورت، عقلمند اور سمجھدار نظر آتا تھا۔

پورو کے باپ نے پانچ روپے اور گڑ کی روٹی دے کر لڑکا روک لیا تھا۔ ان دنوں گجرات کے ضلع میں بدلے کی شادی کا رواج تھا۔ جس لڑکے سے پورو کی منگنی ہوئی اس کے بدلے میں اس لڑکے کی بہن کی منگنی پورو کے بھائی سے ہوئی۔ حالانکہ پورو کا بھائی اس وقت صرف بارہ برس کا تھا اور اس کی منگیتر بہت ہی چھوٹی۔

دو سال بعد اوپر تلے تین لڑکیوں کی پیدائش سے پورو کی ماں تھک چکی تھی اور اب جب کہ ان کے دن بھی پھر گئے تھے، گھر میں کھانے کو سب کچھ تھا، ضرورت کی ہر چیز میسر تھی، اس کا دل کرتا کہ وہ پھر ایک بیٹے کو جنم دے۔

اس مرتبہ ماں نے گاؤں آ کر دوسرا کام یہ کیا کہ بدھ ماتا کی پوجا کروائی۔ گاؤں کی کچھ عورتوں نے

پورو کے صحن میں گوبر کی ایک گڑیا بنائی، سرخ دوپٹے کو کناری لگا کر اس گڑیا کے سر پر دیا، دو ماشے سونے کی چھوٹی سی نتھ بنوا کر گڑیا کے ناک میں ڈالی اور سب نے مل کر گایا:

بدھ ماتا رُسی آویں تے منی جاویں

بدھ ماتا رُسی آویں تے منی جاویں

(بدھ ماتا! روٹھی ہوئی آؤ اور ہم سے خوش ہو کر جاؤ)

ان کے ہاں بھی اور ان کے نزدیکی گاؤں کی عورتوں کو بھی یہ یقین تھا کہ ہر بچے کی پیدائش پر بدھ ماتا خود آتی ہے۔ اگر تو بدھ ماتا اپنے خاوند کے ساتھ ہنستی کھیلتی آتی ہے تو آ کر پلک جھپکتے لڑکی بنا کر چلی جاتی ہے کیونکہ اس کو اپنے خاوند کے پاس جانے کی جلدی ہوتی ہے لیکن جب بدھ ماتا اپنے خاوند سے روٹھ کر آتی ہے تو اس کو واپس جانے کی زیادہ جلدی نہیں ہوتی، آ کر دیر تک بیٹھتی ہے اور آرام سے لڑکا بنا دیتی ہے۔ لہذا عورتوں نے پھر گانا شروع کیا۔

بدھ ماتا رُسی آویں تے منی جاویں

بدھ ماتا رُسی آویں تے منی جاویں

بدھ ماتا شاید کہیں قریب ہی سے سن رہی تھی، اس نے ان کا کہا مان لیا۔ پندرھویں سولھویں دن کے بعد پورو کی ماں کے ہاں لڑکا ہوا۔ شاہوں کے قریبی اور دور دراز کے رشتہ داروں کی طرف سے مبارکبادیں ملنے لگیں۔ فکر کی بس ایک ہی بات تھی کہ لڑکا تین لڑکیوں کے بعد ہوا تھا چونکہ تین بہنوں کے بعد یہ بھائی پیدا ہوا تھا اس لئے پورو کی ماں کو بہت فکر تھی کہ جیسے بھی ہو لڑکا زندہ رہے۔ اگر زندہ رہے تو اپنے والدین پر بوجھ نہ بنے۔ بدھ ماتا کو منانے والی عورتیں ایک بار پھر اکٹھی ہوئیں اور کانسی کے بڑے تھال کو درمیان سے توڑ کر لڑکے کو بیچ سے دونوں طرف گزارا، ساتھ ہی گاتیں رہیں۔

ترکھلاں دی دھار آئی

ترکھلاں دی دھار آئی

(تین دن بعد بھینس نے دودھ دیا)

تین بیٹیوں کی یلغار کے بعد جنے لڑکے کے سارے شگن سکون سے منا کر انہیں یقین ہو گیا کہ لڑکا بچ جائے گا۔

پندرھویں سال کی اٹھان سے پورو کے بدن کا ایک ایک انگ جھومنے لگا تھا۔ پچھلے سال کی ساری قمیصیں اسے تنگ ہو چکی تھیں۔ قریبی منڈی سے اس نے پھولوں والی چھینٹ کے نئے کپڑے سلوائے۔ اوڑھنیوں کو ابرق سے سجایا۔

پورو کی ساری سہیلیوں نے اس کو دور سے اس کا منگیتر رام چندر دکھا دیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں اس کا عکس ہو بہو ویسا ہی اتر آیا اور اسے سوچ سوچ کر اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا۔

وہ باہر جانے سے جھجکتی تھی۔ ساتھ کے گاؤں والوں کا اس کے گاؤں آنا جانا بہت تھا۔ اس بات سے وہ بہت خوف کھاتی تھی کہ اس کے سسرالی گاؤں والے اس کو دیکھ لیں گے۔ مگر اب اس گاؤں میں بھی ایک سے زیادہ مسلک کے لوگ تھے۔ جیسے ہی دن ڈھلتا پورو اور اس کی سہیلیاں کھیتوں میں گھوم آتیں۔ کئی بار وہ اپنے کھیتوں کے قریب سے گزرنے والی کچی سڑک کے پاس میدان میں رک جاتیں۔ ان میں سے کبھی کوئی ساگ توڑنے بیٹھ جاتی، کبھی کسی بیری کے پاس جا کھڑی ہوتی، بیر گراتی اور چنتی اور سہیلیوں کو باتوں میں لگائے رکھتی۔ وہ سڑک اس کے ہونے والے سسرال کو جاتی تھی۔

دل ہی دل میں وہ سوچتی کہ شاید اس کے منگیتر کا وہاں سے گزر ہو۔ وہ گزرتے ہوئے کو ایک بار دیکھ لے۔ اس کے دل کی دھڑکن اس سڑک کے کنارے تیز ہو جاتی۔ پھر ساری ساری رات اپنے گبھرو منگیتر کے خوابوں میں کھوئی رہتی۔

ایک دن پورو کی جوتی اُسے ایڑی کے قریب سے زیادہ تنگ کر رہی تھی۔ سہیلیوں کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے بھی پیچھے رہ جاتی تھی۔ وہ اور اس کی سہیلیاں کھیتوں سے ہو کر واپس گھروں کو آ رہی تھیں۔ شام کا اندھیرا پگھلے ہوئے شیشے کی طرح پھیل گیا تھا۔ کھیتوں کی پگڈنڈیوں پر چلتی ہوئی لڑکیاں گاؤں کے راستے پر تھیں۔ کبھی پورو چوڑی پگڈنڈی اور خالی زمین سے بلا جھجک گزرتی اور کبھی کچھ درختوں، پیلوں اور جھاڑیوں کے ساتھ ساتھ ان کی شاخیں پکڑ پکڑ کر آگے گزرتی تھی۔ تمام لڑکیاں ایک قطار میں آگے پیچھے راستے پر چل رہی تھیں، پورو کچھ پیچھے رہ گئی تھی کیونکہ دائیں پاؤں کی ایڑی کے قریب ایک بڑا سا چھالا ابھر آیا تھا۔ اس نے تنگ جوتے اتار کر ہاتھوں میں پکڑ لئے اور تیز قدموں سے چلنے لگی۔

لڑکیاں پورو سے کہتی تھیں کہ اس کا داہنا پاؤں بائیں کی نسبت بھاری تھا۔ اس کے دائیں پاؤں کو جوتا کاٹتا۔ اس طرح اس کا دایاں ہاتھ بھی بائیں کی نسبت بھاری تھا۔ ''دیکھنا چوڑا چڑھاتے ہوئے معلوم

پڑے گا'' اسے لڑکیاں چھیڑتی تھیں۔ اسے خیال گزرا جیسے ہاتھی دانت سے بنی سرخ چوڑیاں اس کی بانہوں میں پہنائی جا رہی ہیں، پچھلی کھلی کھلی چوڑیاں چڑھانے کے بعد اگلی چھوٹی چوڑیاں اُس کے دائیں ہاتھ میں پھنس گئی ہیں، نائی نے اس کے انگوٹھے کی ہڈی کو تیل ملنے کے بعد زور آزمائی کی ہے اور ہاتھی دانت کی سرخ چوڑی اس کے بازو میں چڑھانے لگا ہے۔ پورو کو خیال آیا کہ اگر اس کی ہاتھی دانت والی سرخ چوڑی اس کے دائیں ہاتھ میں ٹوٹ جائے تو؟ اس خیال سے اُس کے کلیجے کو دھچکا سا لگا۔ ''ہائے! یہ کتنا برا شگون ہے'' اس کے شگن کی چوڑی، اس کے سہاگ کی چوڑی کیوں اس کے بازو میں ٹوٹے۔ پورو نے اپنے دائیں بازو کو حقارت سے دیکھا۔ پرماتما کرے اس کا منگیتر، ہمیشہ جیئے، کئی لاکھ برس زندہ رہے۔ پورو کو یاد آیا کہ ان کے گاؤں میں چوڑیاں چڑھاتے ہوئے ایک لڑکی کی چوڑی واقعی ٹوٹ گئی تھی اور پاس کھڑی عورتیں ''رام رام'' کہہ کر پرماتما سے اس کے شوہر کی خیریت کی دعا کرنے لگی تھیں۔ پھر سنار سے مہین سی سونے کی تار اس ٹوٹی ہوئی چوڑی میں پرو کر پھر اس لڑکی کو چوڑی چڑھائی گئی تھی۔ اس طرح انہوں نے اس کے شوہر کی ٹوٹی سانسیں پھر سے جوڑ دی تھیں۔

پورو ابھی برے شگونوں کی ڈور میں الجھی ہوئی تھی کہ بائیں جانب کے پیپل کی اوٹ سے ایک آدمی نکل کر اس کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ پورو کا کلیجہ دھک سے رہ گیا۔ اس نے فوراً دیکھا۔ ان کے گاؤں کا جوان لڑکا رشید اس کے سامنے کھڑا تھا۔ رشید کو شاید بائیسواں سال ہو گا۔ اس کی بھرپور جوانی اس کے چہرے سے چھلک رہی تھی۔

پورو نے دیکھا رشید کی دونوں آنکھیں اس کے چہرے پر گڑی تھیں۔ وہ کانپ کر رہ گئی، اس کے منہ سے ہلکی سی چیخ نکلی اور وہ رشید کے پہلو بچا کر دوڑ پڑی۔

وہ بھاگتی بھاگتی لڑکیوں کے ساتھ جا ملی۔ اب وہ اپنے گھروں کی چوکھٹوں کے پاس پہنچ گئی تھیں اور پورو کا سانس بحال نہیں ہو رہا تھا۔ یہ بھی غنیمت تھی کہ رشید نے اس کو زبان سے کچھ نہ کہا۔

''ارے لڑکا تھا کہ ببر شیر'' سہیلیوں نے اس سے مذاق کیا مگر پورو کی ابھی تک جان میں جان نہیں آ رہی تھی۔

''ارے پگلی! شیر تو صرف پھاڑ کر کھا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اگر ریچھ کسی اکیلی عورت کو مل جائے تو اسے مارتا نہیں، اٹھا لیتا ہے۔ اپنی گپھا میں لے جا کر اسے اپنی بیوی بنا لیتا ہے۔'' سہیلیوں میں سے ایک نے

بات کی۔

ایک مرتبہ پھر پورو کی جان مٹھی میں آ گئی۔ ہائے اس بد بخت کا کیا حال ہوگا جس کو ریچھ اپنی بیوی بنا لے۔ یہ سوچ کر اس کا رنگ اڑنے لگا۔ اس کو پھر رشیدے کی پھیلی پھیلی آنکھیں یاد آ گئیں۔

اب پورو اپنے گھر پہنچ گئی تھی، سہیلیاں ہنستی کھیلتی آگے چلی گئیں۔

اس بات کے دوسرے دن جب وہ اور اس کی سکھیاں کھیتوں میں مونگرے توڑ رہی تھیں، وہ جلدی سے کچھ مونگرے چلتے کنوئیں سے دھولائی۔ چھوٹے مونگروں کی ڈنڈیاں توڑ کر اس نے تین چار مونگرے اپنے منہ میں ڈال لئے اور اچانک اُس نے دیکھا کہ نزدیک کے درخت کے پاس رشیدا کھڑا ہوا تھا۔

پورو کی ٹانگوں سے جیسے جان کسی نے کھینچ لی ہو۔ خوف سے اس کا چہرہ زرد پڑ گیا۔

''سوہنیو ڈرتے کیوں ہو؟ ہم تو آپ کے نوکر ہیں۔'' آج رشیدا بول پڑا تھا۔ رشیدے کے چہرے پر شرارت نظر آ رہی تھی۔

پورو کو ایسے لگا جیسے ابھی رشیدا ریچھ جیسے چوڑے پنجے لئے اس کی طرف لپکے گا۔ اس کی لمبی لمبی انگلیاں ریچھ کے ناخنوں کی طرح اس کی گردن کے گرد پھیل جائیں گی پھر وہ اس کو گھسیٹتا ہوا لے جائے گا اور پھر..... اور پھر.....

نصیب اچھے تھے اس نے دیکھا، دو کمی (کھیتوں میں کام کرنے والے) سامنے سے آ رہے تھے۔ رشیدا ویسے ہی کھڑا رہا۔ وہ لال ٹماٹروں سے بھری ہوئی کیاری کو پھلانگ کر تیز تیز ڈگ بھرتی اپنی سہیلیوں سے جا ملی۔

اس دن وہ بہت نڈھال تھی۔ سارا راستہ لڑکیوں کا ہاتھ پکڑ پکڑ کر چلتی رہی۔ سائے سے بھی کانپ جاتی۔ معمولی آہٹ سے لرز اٹھتی۔

اس نے نہ ہی ماں کو کچھ بتایا اور نہ ہی باپ کو۔ اس کی سہیلیاں کہتی تھیں بھلا یہ کوئی ایسی بات ہے جو والدین سے کی جائے! جوان لڑکیوں کو راہ چلتے لوگ دیکھتے اور جھانکتے ہی آئے ہیں۔ زبانی کلامی کبھی وہ ان کے غلام بن جاتے، کبھی خود کو ان کے ملازم گردانتے اور اول فول بولتے ہی رہتے ہیں۔ بولتے جائیں، بھونکتے رہیں، بھلا کوئی کتوں کے بھونکنے سے ڈر کر سڑکوں پر چلنا چھوڑ دیتا ہے؟

اس دن ان کے گاؤں میں ایک چھ سات سال کے لڑکے کو ایک پاگل کتے نے کاٹ کھایا۔ محلے کی

عورتوں نے مل کر لڑکے کے زخم پر سرخ مرچیں باندھیں۔ مرچوں کی کڑواہٹ سے کتے کے دانتوں کا زہر ختم ہو جاتا تھا۔ پورو نے یہ خبر سنی۔ فوراً اسے خیال آیا کہ وہ سرخ مرچیں کوٹ کر رشیدے کی آنکھوں میں بھر دے۔ رشیدے کی آنکھوں کے بارے میں سوچ سوچ کر وہ زہر آلود ہو جاتی۔

سہیلیاں اس کے بازو کھینچتیں، مگر اس کو حوصلہ نہ ہوتا کہ وہ کھیتوں کو جائے۔

اب اس کی شادی نزدیک آ رہی تھی۔ اس کے والد نے گھی اور میدہ اکٹھا کر کے گھر رکھ لیا تھا۔ اس کی ماں نے بھرے ہوئے باغوں کی پیلی لکڑی سے صندوق بھر لیا تھا۔ سیام سے واپسی پر سامان اوپر نیچے ٹھونس کر اس نے جہیز والا سفید ٹرنک توڑ دیا تھا۔ دوپٹوں پر گوٹے کناری کی تہیں لگاتے لگاتے اس کی پوریں جواب دے گئی تھیں۔ اندرونی کمرہ چمک رہا تھا۔ جس میں اس نے پورو کے جہیز کے لئے پیتل کے پورے اکیاون برتن اکٹھے کر لئے تھے۔ ان دنوں دیہاتوں میں کروشیے کا کام بہت مشہور تھا۔ پورو نے کروشیے کی ٹکیاں جوڑ جوڑ کر پلنگ کی چادر بنائی تھی۔ دو سوت کے تانے بانے گن گن کر چار خانوں والے پھول بنانا سیکھے تھے اور اپنے ہاتھوں سے جہیز کیلئے ڈلو اور موڑھے بنائے تھے۔

پورو نے بان کے چھوٹے سے گچھے سے دیگچی کو صاف کیا، پھر دو بار پانی سے ساگ کو دھو کر اس میں چنے کی دال ڈالی اور دیگچی کو منہ تک بھر دیا۔ مٹی کے بنے چولھے پر دودھ ہلکی آنچ میں کڑھ رہا تھا۔ اس نے لکڑی کے دو چار ٹکڑے چولھے میں ڈالے اور ساگ اوپر رکھ دیا۔

اس کی شادی اب بالکل نزدیک تھی۔ اس کی ماں کو انتظار تھا کہ ہو سکتا ہے آج کل میں اس کے سسرال سے کوئی کپڑوں کا ناپ ہی نہ لینے آ جائے۔ اس کی ماں کہتی تھی کہ وہ کتنی سگھڑ بیٹی ہے۔ کھانا تو وہ صحن میں گھومتے پھرتے ہی بنا لیتی تھی۔ اس کی سہیلیاں کہتی تھیں کہ اس کو جوانی بھی طوفانی آئی ہے۔ اس کے سفید دودھیا چہرے پر آنکھیں نہیں ٹھہرتی تھیں۔ اس کی ماں نے لالچ بھری نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔ شاید وہ اس سوچ میں تھی کہ پورو اب سسرال چلی جائے گی اور اس کا میکا بھائیں بھائیں کرے گا۔ وہ اپنی ماں کا دایاں بازو تھی۔ ماں کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ ہر بیٹی کی ماں کو رونا پڑتا ہے۔ بیٹھے بیٹھے اس کی ماں نے گانا شروع کر دیا

اوئیں تے لاویں نہ کلیجے دے نال مائے

دسیں تے دسیں اک بات نی

باتاں تے لمیاں نی دھیاں کیوں جمیاں نی

اج وچھوڑے والی رات نی

(ماں! آج مجھے کلیجے سے لگاؤ نا! اور مجھے ایک بات سمجھاؤ، بیٹی! باتیں تو بہت لمبی ہیں مگر خدا جانے بیٹیاں کیوں دنیا میں آتی ہیں، مختصر یہ کہ آج ہمارے بچھڑنے کی رات ہے)

اس کی ماں کا دل خون کے آنسو رونے لگا۔ پورو رسوئی کے چھوٹے چھوٹے کام سمیٹتے ہوئے اپنی ماں کی آواز سن رہی تھی۔ اس کو بچھڑ جانے کا خوف ہوا۔ اس کی ماں نے پھر گانا شروع کیا۔

چرکھا جوڑ وہنی آں میں چھوپے جو پانی آں میں

پڑیاں تے والے میرے کھیس نی

پتراں نوں دتے اچے محل تے ماڑیاں

دھیاں نوں دتا پردیس نی

(جب میں چرخہ لے کر بیٹھتی ہوں اور سوت کی اٹیوں کا ڈھیر لگاتی ہوں اور اُن سے جو کھیس بنتے ہیں، صرف وہ میرا جہیز ہیں، ماں! تو بیٹوں کو محل اور کھلیان دیتی ہے اور بیٹیوں کیلئے تیرے پاس سوائے پردیس کے کچھ بھی نہیں!)

وہ بھاگتی ہوئی آئی اور ماں کے گھٹنوں سے لگ گئی۔ ماں بیٹی دونوں رو پڑیں۔ ہر بیٹی کی جوانی اس کو اپنی ماں سے جدا کر دیتی ہے۔

ماں نے دل بڑا کرتے ہوئے بیٹی کی پشت پر پیار کیا۔ سہ پہر کا ملگجا اندھیرا ان کے صحن میں اتر آیا تھا۔ ماں کو یاد آیا کہ آج دوسرے وقت کے پکانے کے لئے کچھ نہیں شاید پورو کے سسرال سے ہی کوئی نہ آجائے۔

پورو کو اس کی ماں نے کہا کہ وہ چھوٹی بہن کو ساتھ لے جائے اور قریبی کھیتوں سے کچھ بھنڈیاں ہی توڑ لائے۔ پھر ماں نے سمجھایا کہ گڑ کی بھیلی ڈال کر تھوڑے سے میٹھے چاول بھی پکا لے۔

پورو کا دل آج انجانے خوف سے دھک دھک کر رہا تھا۔ اس نے اپنی چھوٹی بہن کو ساتھ لیا اور باہر چل پڑی۔

اس نے بھنڈیاں توڑیں، دو چار مونگرے توڑے اور الٹے پاؤں چھوٹی بہن کو ساتھ لیکر گھر کو واپس

مڑی۔ جاتے ہوئے اسے صرف یہ خیال ہی آتا رہا کہ وہ اب اپنی ماں سے جدا ہو جائے گی، اپنی بہنوں سے بچھڑ جائے گی۔ اپنے نومولود بھائی سے دور چلی جائے گی۔ لیکن آتے ہوئے اس کو جیسے کوئی دھچکا لگتا ہے۔ ایک خیال آیا۔ اری جانے والی! ہو سکتا ہے یہاں رشید ہی مل جائے۔

اس نے تیز تیز قدموں سے چلنا شروع کر دیا۔ ''پورو دوڑ کیوں رہی ہو؟'' اس کی چھوٹی بہن کو سانس چڑھ گیا تھا۔

پورو کے پیچھے سے دوڑتی ہوئی ایک گھوڑی آئی۔ وہ ابھی پگڈنڈی سے ایک طرف بھی نہیں ہوئی تھی کہ نہ جانے گھوڑی تھی کہ گھوڑی کا سوار پورو کے دائیں کندھے سے آ لگا۔ پورو جیسے بالکل ہی گرنے لگی تھی کہ اس کو کسی نے کندھے سے کھینچ کر گھوڑی پر ڈال لیا، اس کی چیخیں اڑتی ہوئی گھوڑی کے ساتھ لمحہ بہ لمحہ دور ہوتی چلی گئیں۔ اس کی چھوٹی بہن کانپتی ہی رہ گئی۔

معلوم نہیں وہ گھوڑی کہاں سے آئی تھی، پتہ نہیں اس کا سوار کون تھا، نامعلوم گھوڑی کتنی دیر بھاگتی رہی۔ پورو بے ہوش ہو گئی۔ اس کو جب ہوش آیا، وہ چار دیواری اور بند دروازے والے ایک مکان میں چارپائی کے اوپر تھی۔

اس کو سب کچھ یاد آ گیا۔ اس نے دیواروں سے ماتھا ٹکرایا، اس نے دروازے سے ماتھا ٹکرایا۔

تھک ہار کر وہ چارپائی پر گر گئی، پھر بے ہوش ہو گئی۔

اس کو جب ہوش آئی، کوئی اس کے سر میں گرم گھی سے مالش کر رہا تھا۔ اس کو ایک بار تو خیال آیا شاید اس کی ماں اس کے سرہانے بیٹھی ہوئی تھی اور اس کو سخت بخار تھا۔

''اماں جی!'' اس کے منہ سے نکلا۔

''میرا کیا معاف کر اور ایک بار ہوش کر پورو!'' کسی نے سرہانے کی طرف سے کہا۔

بخار میں جلتی ہوئی پورو نے سر اٹھا کر دیکھا، رشید اس کے سرہانے بیٹھا تھا۔ پورو کی ایک چیخ نکلی اور اس پر غشی طاری ہو گئی۔

اس نے دیکھا کالے بالوں والا ایک ریچھ اس کے بالوں میں اپنے پنجے پھیر رہا تھا۔ وہ ایک گپھا میں قید تھی۔ وہ گھٹتی جا رہی تھی۔ ریچھ پھیلتا جا رہا تھا۔ ریچھ نے اپنے بالوں سے بھری بانہوں میں اسے لپیٹ لیا۔

اس نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا، کوئی اس کے پاؤں کے تلوؤں کی مساج کر رہا تھا۔ پھر کسی نے اس کے کندھے پکڑے۔ پھر کسی نے پانی کے چلو اس کے منہ میں ڈالے۔

ریچھ کی گپھا کہ رشیدے کا گھر؟ پورو کا سر چکرا رہا تھا، پھر شاید وہ سوئی۔

اس کو اپنی ماں، اپنا گاؤں سب کچھ یاد تھا۔ اسے ایسا محسوس ہوا کہ اس گپھا میں پڑے پڑے کئی سال ہو گئے تھے۔ رشیدے کی شکل دیکھنے کی اسے عادت ہو گئی تھی۔ نہ رشیدے نے اس کو کبھی کچھ کہا تھا نہ اس نے رشیدے کو بلایا تھا۔ سوئی ہوئی کے منہ میں رشیدا گرم کیے ہوئے گڑ اور گھی کے چمچ ڈالتا۔ کبھی کچھ اس کے معدے میں اتر جاتا، کبھی وہ تھوک دیتی تھی۔

پھر اس نے حوصلہ کر کے دیوار کے ساتھ ٹیک لگائی اور چارپائی پر بیٹھ گئی۔

''میں کہاں ہوں؟'' اس نے پوچھا۔

''میرے پاس'' رشیدا چارپائی کے سامنے لکڑی کے ایک چوکے پر بیٹھا تھا۔ رشیدے کا چہرہ نیچے تھا، آج رشیدے کی پھٹی پھٹی آنکھیں پورو کے چہرے پر نہیں پڑ رہی تھیں۔

''تو مجھے یہاں کیوں لایا ہے؟'' پورو کو پوچھنے کا حوصلہ ہوا۔

''پھر کبھی بتاؤں گا'' رشیدے نے اتنا کہا اور اٹھ کر باہر چلا گیا۔ گم سم پورو چارپائی پر لیٹی رہی۔

اب کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ پورو نے دیکھا باہر ایک چھوٹا سا دالان تھا۔ دالان کے ساتھ ایک چھوٹا سا برآمدہ تھا اور پھر باہر کا دروازہ۔

وہ کانپتے کانپتے اٹھی، اس نے چاروں طرف دیواروں کو دیکھا۔ اسے ڈر تھا کہ ابھی کوئی دیواروں کے بیچ سے نکل آئے گا، اس کو بازوؤں سے پکڑ کر چارپائی پر پھینک دے گا، لیکن دیواروں سے کوئی نہ نکلا۔ پورو باہر والے دالان میں آ گئی۔

دالان کے ایک کونے میں چولھے پر بجھی ہوئی آگ تھی۔ پاس ایک ہانڈی، توا اور برات بکھرے ہوئے تھے۔ پانی سے بھری گاگر کونے میں پڑی ہوئی تھی۔ لیکن کوئی بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔

وہ کانپتے پیروں سے برآمدے میں آئی۔ باہر والے دروازے کے پاس آئی پھر پیچھے مڑ کر کوٹھڑی کی طرف دیکھا، پھر دروازے کی طرف بڑھ گئی۔

لیکن مکان کا دروازہ پورو کی قسمت کی طرح بند تھا۔ پورو نے بند دروازے سے سر جوڑا، لیکن

دروازے کو پورو کے گرے ہوئے سر پر ترس آیا نہ اوندھے پڑے ہوئے چہرے پر، نہ بھیگی ہوئی آنکھوں پر۔

پلو سے منہ پونچھ کر وہ دروازے سے واپس آئی۔ گاگر سے پانی کا ایک چلو بھر کر آنکھوں پر ڈالا۔ پھر اس کو خیال آیا کہ وہ دروازے کو کھٹکھٹا کر دیکھے، شاید کوئی پڑوسی یا راہ گیر اس کی آواز سن لے۔

اس نے دالان کی کچی اور اونچی دیواروں کی طرف دیکھا پھر ایک بار پورے زور سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ اس نے دروازے کے سوراخوں میں سے دیکھا۔ باہر کھلا سا میدان تھا، کوئی مکان، جھونپڑی نظر نہیں آ رہی تھی۔ وہ سوچ سوچ کر بے بس ہو گئی، وہ نامعلوم کس جنگل میں تھی.....

پورو دروازے کے پاس کھڑی تھی، باہر سے دروازہ کھلا۔ رشیدے نے اندر آ کر دروازہ بند کر لیا، پھر تالا لگا دیا۔ وہ وہیں بیٹھ گئی۔

''پورو یونہی کیوں ہوا سے سر ٹکراتی ہے، اندر چل اور کچھ کھا لے، تو نے دو دن سے کچھ نہیں کھایا۔''

رشیدے نے کھڑے کھڑے کہا۔ نہ تو پورو کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا، نہ ہی اس کی طرف گھور کر دیکھا۔

''مجھ پر ترس کھا رشیدے مجھے گھر چھوڑ آ!'' پورو اس کے پیروں پر گر پڑی۔

آج رشیدے نے پورو کو اپنے مضبوط جوان بازوؤں میں بھینچ لیا۔

''میرے من کی آگ کو کون بجھائے گا؟''

رشیدے نے ہاتھ پاؤں چلاتی پورو کو اپنی بانہوں میں پکڑے رکھا۔

وہ دن بھی گزر گیا، وہ رات بھی گزر گئی۔ پھر رشیدے نے اس کو کچھ نہ کہا۔ دروازہ اسی طرح بند تھا، رشیدا ویسے ہی اس کے پہرے پر تھا۔

رشیدا اس گھر سے باہر جاتا، گھنٹا دو گھنٹے باہر ہی گزار آتا۔ پورو قید رہتی۔ پھر صبح و شام کے گہرے اندھیروں میں رشیدا پورو کا ہاتھ پکڑ کر اس کو گھر سے باہر لے جانے لگا۔ پورو نے دیکھا اس کے علاوہ آس پاس کے اس میدان میں کوئی گھر نہیں تھا۔ رشیدے کے اس مکان کے ارد گرد دور دور تک پھیلا ہوا ایک باغ تھا۔ یہ گھر شاید باغ کے مالیوں کا گھر تھا۔ باغ میں مالی ہونگے، لیکن پورو نے نہ ان کو سنا اور نہ ہی کبھی دیکھا تھا۔ نہ پورو کے دن گزرتے، نہ پورو کی راتیں ختم ہوتیں۔ پورو صرف یہی شکر کرتی تھی کہ رشیدے نے اس کو کبھی کوئی بری بھلی نہیں کہی تھی۔ اس کی عزت ابھی تک محفوظ تھی۔ یہ اور بات کہ اس پر نہ اس کی منتیں اثر کرتیں، نہ ہی اس کی گالیاں۔

پورو کے اپنے خیال کے مطابق اسے قید ہوئے پورے پندرہ دن ہو گئے تھے۔

ایک دن رشیدے نے ریشم کا ایک سرخ جوڑا پورو کے سامنے لا کر رکھا۔ اس سے پہلے بھی رشیدا سوت کے جوڑے اس کے پہننے کے لئے لایا تھا، لیکن اس مرتبہ رشیدے نے لال ریشم کا جوڑا اس پر رکھتے ہوئے کہا ''صبح نہا دھو کر تیار ہو جانا، مولوی آ کر ہمارا نکاح پڑھا دے گا۔''

پورو کا دل دھک سے رہ گیا۔ جابد بخت! ''جواب تک نہیں ہوا، وہ ہو کر رہے گا۔''

اس دن وہ پھر رشیدے کے پاؤں پر گر پڑی۔

''پورو ہونا ہوانا کچھ نہیں! یونہی میرے سر گناہوں کا بوجھ مت بڑھا۔ قسم ہے اللہ پاک کی، مجھ سے تیرا رونا دیکھا نہیں جاتا۔'' رشیدے نے منہ پھیر کر کہا۔

پورو کو سمجھ نہ آئی کہ اگر رشیدا اتنا ہی مہربان تھا تو اس نے اس کے سر پر اتنا قہر کیوں ڈھایا۔

''تجھے اپنے اللہ کی قسم ہے رشیدیا، مجھے سچ بتا تو نے مجھ سے ایسا کیوں کیا؟''

''پورو تیرا میرا رشتہ ہمارے پرکھوں کے لینے دینے کا نتیجہ ہیں۔ اب تجھے ان باتوں سے کیا لینا دینا ہے۔ جو ہو گیا سو ہو گیا، میں تجھے ساری عمر دکھی نہیں ہونے دوں گا۔

پورو حیران تھی، پریشان تھی، یہ کیسا بندہ ہے۔ ''پورو! ہمارے شیخوں کے گھرانے اور تمہارے شاہوں کے گھرانے میں ہمارے دادا کے وقت سے ایک بیر چلا آ رہا ہے۔ تیرے دادا نے پانچ سو کے عوض گروی رکھے ہمارے مکان پر سود در سود لگائے تھے اور پھر نیلامی کروا کر شیخوں کے گھرانے کو گھر سے بے گھر کر دیا تھا۔ صرف اتنا ہی نہیں، اس کے منشیوں اور کارندوں نے ہمارے گھر کی عورتوں کو برا بھلا کہا اور میرے دادا کی بڑی بیٹی کو زبردستی تیرے دادا کے بڑے بیٹے نے تین راتیں اپنے گھر رکھا۔ تیرے دادا کے سامنے اتنا بڑا ظلم ہوا، لیکن شیخوں کا گھرانہ اس وقت بیلنے میں آئے گنے کی طرح شکنجے میں پھنسا ہوا تھا۔ سب خون کے آنسو پی کر رہ گئے، لیکن میرے دادا نے اپنے بیٹوں کو قرآن پر قسمیں اٹھوائیں تھیں کہ وہ اس کا بدلہ لے کر رہیں گے۔ اس سے اگلی پود کے وقت یہ چنگاری دبی رہی۔ اب جب کہ تیری شادی اسی گاؤں میں ہونے لگی، میرے دادا کے بیٹوں کے خون میں انتقام کی آگ بھڑک اٹھی۔ انہوں نے مجھ سے قسمیں اٹھوائیں، میرے خون کو للکارا اور مجھ سے قول لیا کہ تم شاہوں کی بیٹی کو شادی سے پہلے پہلے کسی بھی دن اٹھا لو گے۔'' رشیدا چپ ہو گیا۔ ایک میری محبت کا جوش، دوسرا میری حمایت میں سارا شیخ گھرانہ، میں تجھے لے آیا ہوں، لیکن مجھ سے قسم لے لے،

مجھ سے تیرا دکھ نہیں دیکھا جاتا۔'' رشیدے نے پھر کہا۔

پورو نے دونوں ہاتھوں میں اپنا سر تھام لیا۔'' تیری پھوپھی کو میرے تایا نے اٹھا لیا۔ لیکن رشیدیا! اس میں میرا کیا قصور؟ ہائے میں کہیں کی نہ رہی!'' پورو کا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ گیا۔

''یہی بات تو میں کہتا تھا لیکن میرے چچا مجھے لعنت ملامت کرتے تھے۔''

''تو رشیدیا، تو نے ان کے بہکاوے میں آ کر مجھے مار دیا؟'' پورو روتی روتی کہہ گئی۔

''پورو! تمام عمر تیرے آگے دنیا بھر کی نعمتوں کے ڈھیر لگا کر رکھوں گا۔'' یہ کہتے ہوئے رشیدے کا گلا بھر آیا تھا۔'' میں تیرے تائے کی طرح نہیں کروں گا کہ بیوی کی طرح رکھی عورت کو تین راتوں کے بعد دھکا دے دوں۔''

''رشیدیا مجھے ایک بار اپنی ماں سے ملا دے۔'' پورو کو کہنے کے لئے بس یہی سوجھا۔

''نیک بخت! اب اُس گھر میں تیری جگہ نہیں۔ شاہوں کی برادری کا کون ہندو اب ان کے گھر کا پانی پئے گا۔ تم میرے گھر پندرہ دن رہ چکی ہو۔''

''لیکن میں نے تیرے گھر سے صرف کھایا پیا ہے، میں.....'' پورو آگے کچھ نہ کہہ سکی لیکن رشیدا سمجھ گیا جو پورو کہنا چاہتی تھی۔

''اس بات کو کون مانے گا پورو۔ یہ تو میری شرافت ہے کہ پہلے میں تیرے ساتھ نکاح پڑھواؤں گا۔'' رشیدے نے نرم نگاہوں سے پورو کی طرف دیکھا۔

پورو کے دل میں اس کا منگیتر آ گیا تھا۔ اس کو تیل چڑھنا تھا، اس نے مائیوں بیٹھنا تھا۔ اس نے ہلدی کا ابٹن لگانا تھا۔ اس نے ہاتھی دانت کا بنا چوڑا چڑھانا تھا۔ اس نے کوڈیوں والے کانے چھنکانے تھے، اس نے ریشمی سوٹ پہننے تھے۔ اس کو روپ چڑھنا تھا۔ اس نے ڈولی میں بیٹھنا تھا۔ وہ..... وہ.....

وہ بے گناہ تھی۔ وہ مان نہیں سکتی تھی کہ کس طرح اس کی ماں پتھر ہو جانے کی، کیسے اس کا باپ فولاد کا ہو جائے گا۔ کیسے وہ اپنی بیٹی کو اپنے گھر سے دھتکار دیں گے۔ کس طرح اس کے گھر کے دروازے اسے اندر آنے سے انکار کر دیں گے۔

''میرے ماں باپ کا کیا حال ہوا ہوگا جب میں گھر نہ پہنچی ہوں گی، میری بہن.....''

''وہ روتے پیٹتے رہتے ہیں اسی طرح جیسے میرا دادا، میرا باپ اور چچے میری پھوپھی کے چلے جانے

کے وقت۔ پولیس بھی بہت گھوم پھر چکی ہے لیکن وہ بھی کوئی سراغ نہیں لگا سکی، لگا بھی کیسے سکتی ہے پولیس نے پورے پانچ سو روپے کھائے ہیں۔''

رشیدا مسکرا پڑا۔

''تم جانتی ہو اس وقت ہمارا پلڑا بھاری ہے۔ سارا گاؤں مسلمانوں کا ہے اور کوئی ہندو آنکھ اٹھا کر ہماری طرف نہیں دیکھ سکتا۔ اتنا ہی کافی ہے کہ ان کے جان و مال محفوظ ہیں۔ ان کو اپنے سر سلامت چاہئیں، وہ بول نہیں سکتے۔ اگر وہ ہمارے گھر کی طرف انگلی بھی اٹھا دیتے تو ہمارے لوگ انہیں کھالا بھی پار نہ کرنے دیتے۔''

رشیدے نے ہنس کر کہا۔ شاید اس کے اندر پرانے انتقام کی آگ سلگ اٹھی تھی۔ پورو کو رشیدے کے چہرے سے شدید نفرت تھی۔ اس کی دنیا گئی، جہان گیا۔ شاید اس کے ماں باپ چھتو آنی کو اپنی بیٹی کی قربانی دے کر سیام واپس لوٹ گئے ہوں۔

''میرے ماں باپ سیام چلے گئے ہیں؟'' پورو نے چاپلوسانہ پوچھا۔

''نہیں ابھی نہیں۔'' رشیدے نے بتا دیا۔ ''میں کہاں رہتی ہوں؟ اپنے گاؤں سے کتنی دور؟'' پورو نے اسی خوشامد میں پوچھا۔''

''تو اپنے گاؤں کی پچھلی طرف، ماگو گاؤں کے کنویں کے دوسری طرف میرے باغ میں۔ لیکن تو شاید اپنے گاؤں جانے کا خواب دیکھتی ہوگی۔ ابھی نہیں ذرا ٹھہر..... بات دب جائے تو چھ مہینے کے بعد وہاں بھی جائیں گے۔'' رشیدا مسکرا پڑا۔

پورو گم سم سی ہوگئی۔ رشیدے نے چاولوں کے میٹھے پلاؤ کی ایک پرات بھر کر اس کے آگے رکھ دی۔ رشیدا جب باہر جاتا شاید کسی کے ہاتھ اپنے گاؤں سے کھانا منگوالیتا، پورو کو کچھ پتہ نہیں تھا۔ اس دن پورو کے دل میں امید کی کچھ رمق پیدا ہوئی تھی۔ اس کی ہمت اسے جواب نہ دے جائے یہ سوچ کر پورو نے چاولوں کے دو چار نوالے نگل لئے۔ پانی بھی گھونٹ گھونٹ کر کے پورا کٹورا پی لیا۔ اس رات پورو نے پوری کوشش سے اپنے من کو بہلا لیا۔ رشیدے کے سرہانے دروازے کی چابی پڑی ہوئی تھی پورو نے دھیرے سے اٹھائی۔ دروازہ کھولا۔ اس کا کلیجہ دھک دھک کر رہا تھا۔ رشیدا اب جاگا کہ جاگا لیکن اس کی خوش قسمتی یا بدقسمتی رشیدا نہ جاگا۔

باہر رات کا سناٹا دیکھ کر پورو کانپ کانپ گئی۔ ایک بار اس کا جی چاہا کہ وہ رشیدے کے پاس واپس چلی جائے۔ کیا پتہ وہ رات کے اندھیرے میں چھتو آنی کا راستہ بھی ڈھونڈ سکے گی یا نہیں۔ شاید رات کے اندھیرے میں وہ رشیدے سے بھی گئے گزرے کسی کمی کمین کے ہاتھ لگ جائے۔ نہ جانے اس کا کیا حال ہو لیکن پورو کو اپنی ماں کا چہرہ یاد آیا۔ اسے بہن بھائی یاد آئے۔ اس نے ویسے ہی ماگوگاؤں کے کنوئیں کی سمت کا اندازہ لگایا۔ ڈرتی کانپتی وہ چل پڑی۔ رات کا گہرا اندھیرا چھٹ گیا تھا۔ ماگوگاؤں کا اندازہ ٹھیک تھا۔ اس نے اندھیرے میں ہی چھتو آنی گاؤں کا پچھواڑہ پہچانا، اب وہ نہ ادھر کی تھی اور نہ اُدھر کی۔ اس نے رہی سہی ہمت پیروں کے حوالے کی اور دوڑتی گئی۔ اس نے چھتو آنی گاؤں کو پہچان لیا۔ اس نے اپنے گھر کی طرف مڑتی ہوئی گلی پہچانی، اس نے ہلکے ہوتے ہوئے اندھیرے میں گھر کی منڈیر پہچانی۔ اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ جیسے ہی اندر سے کسی نے دروازہ کھولا وہ اپنی ڈیوڑھی میں فرش پر گر پڑی۔ اس نے اپنی ہمت کا آخری حصہ بھی صرف کر دیا تھا۔ اب وہ دوڑتی ہانپتی اپنے گھر پہنچ چکی تھی اور اب اس کی ہمت جیسے جواب دے چکی تھی۔ پورو نے اندھیرے میں ٹٹولتی آنکھوں سے دیکھا اس کی ماں، اس کا باپ دیا ہاتھ میں لئے اس کے گرد کھڑے ہوئے تھے۔ پورو نے ایک زخمی جانور کی طرح برآمدے کے کچے فرش پر سسکنا شروع کیا۔ اس نے دیکھا اس کی ماں کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے۔ ماں نے گری ہوئی پورو کو جھولی میں بٹھا لیا۔ اس نے ماں کی چھاتیوں سے اپنے ماتھے کو اس طرح چمٹا لیا جیسے ٹوٹی ہوئیں آنتیں ابھی جڑ جائیں گی۔ پھر پورو کی ماں کی چیخیں نکل گئیں۔ لوگ ابھی اکٹھے ہو جائیں گے۔ اس کے باپ نے اپنی بیوی کا شانہ ہلایا۔ اس کی ماں نے پلو کونے سے اکٹھا کر کے منہ میں ٹھونس لیا۔ ''بیٹی تیری قسمت! اب ہمارے بس میں کچھ نہیں'' اسے باپ کی آواز آئی۔ وہ ماں سے چمٹی رہی۔

''ابھی شیخ آ جائیں گے اور ہم سب کو ختم کر دیں گے۔ مجھے اپنے ساتھ سیام لے چلو۔'' پورو نے اپنا سر ماں کی چھاتی سے ہٹا کر پورے دعوے سے کہا۔

''ہم تجھے کہاں رکھیں گے، کون تجھے بیاہ کر لے جائے گا، تیرا دھرم گیا، تیرا جنم گیا، اگر ہم بولے تو ہمارے خون کا قطرہ بھی نہیں بچے گا۔

''ہائے! مجھے اپنے ہاتھوں سے مار دو!'' پورو نے تڑپ کر کہا۔

''پیدا ہوتے ہی مر جاتی۔ اب یہاں سے چلی جا، ابھی شیخ آتے ہی ہوں گے۔ تیرے باپ اور

بھائی کا کہیں نشان بھی نہیں ملے گا۔ وہ سب کو مار دیں گے۔" ماں نے نہ جانے کیسے دل پر پتھر رکھ کر یہ بات کی۔

پورو کو یاد آیا رشیدا کہتا تھا نیک بختے اب اس گھر میں تیری کوئی جگہ نہیں۔ کیا رشیدا سچ کہتا تھا۔ پورو کو ایک بار اپنا منگیتر یاد آیا۔ کیسی منگنی اور کیسی شادی۔ کیا وہ اس کی کچھ نہیں لگتی تھی۔ اس نے اس کا حال بھی نہ پوچھا۔ پھر اس کا جینے کو جی نہ کیا۔ اس نے سوچا اور تو سارے راستے بند تھے شاید موت کا راستہ کھلا ہو۔ وہ اٹھ کر باہر کی سمت چل پڑی نہ ہی ماں نے روکا اور نہ باپ نے، پورو چلی گئی۔ آتے ہوئے وہ زندگی سے ملنے آ رہی تھی، اس میں جینے کی امنگ تھی۔ ماں باپ سے ملنے کے لئے بہت ڈرتی ہوئی آئی تھی، واپسی پر وہ موت سے ملنے جا رہی تھی۔ اب اس میں کوئی ڈر نہیں تھا۔ موت سے زیادہ کسی نے کیا لینا ہے۔ وہ نڈر ما گو گاؤں کے کنویں کی سمت جا رہی تھی۔ سامنے رشیدا تیزی سے آ رہا تھا۔ پورو کے پاؤں جم گئے۔ موت نے بھی پورو پر اپنا دروازہ بند کر دیا تھا۔ پورو کو محسوس ہوا ان پندرہ دنوں نے اس کے بدن سے سارا گوشت اتار لیا تھا۔ اب وہ بس ایک ایسا پنجر تھی جس کی نہ کوئی شکل نہ صورت، نہ کوئی دل نہ کوئی مرضی۔ رشیدے نے آ کر اسے بازو سے پکڑ لیا، وہ اس کے ساتھ ساتھ چل پڑی۔ اس کے تین دن بعد ایک مولوی آیا۔ دو تین آدمی اور آئے۔ انہوں نے پورو کا نکاح رشیدے کے ساتھ کر دیا اور پھر خود ہی رشیدے نے بتایا کہ اس کے ماں باپ خیریت سے سیام چلے گئے ہیں۔ چھتو آنی کے نام سے پورو کو نفرت ہو گئی تھی۔ رشیدا بھی اس بات کو سمجھتا تھا۔ پھر چھتو آنی اسے لیکر جانا بھی خطرے سے خالی نہ تھا، شاید رشیدا سوچتا تھا کہ کہیں ساتھ والے گاؤں کے ہندو نہ بھڑک اٹھیں۔ چاہے اس وقت تک مہینہ پورا ہونے والا تھا اور کسی کو جرأت نہ ہوئی تھی کہ وہ بول سکے۔ ویسے بھی پرائی آگ میں کون کودتا ہے۔ ان کی پشتوں کی دشمنی تھی۔ کسی نے جاری رکھی اور کسی نے ختم کر دی۔ رشیدے کی کوئی بہن یا ماں زندہ نہیں تھی۔ صرف بھائی تھے، چچا تھے۔ رشیدے نے پورو سے کہا کہ وہ اسے میلوں دور ایک گاؤں سکڑ آلے اپنے دادا کے پوتے کے رشتے کے بھائی رحیمے کی زمینوں پر لے جائے گا۔ شاید اس کی کچھ زمین کو اپنی زمین سے بدل بھی لے۔ اب پورو ہونی کے ہر دھکے کے لئے تیار تھی۔ سگے ماں باپ نے دھکا دے دیا اب گاؤں میں کیا رکھا تھا، یہاں نہ سہی وہاں ہی سہی۔

رشیدا خود ہی گھر کے بڑے کی طرح دو تین چھوٹے ٹرنک اور کچھ چھوٹا موٹا سامان لایا اور پورو کو لے کر سکڑ آلے چل پڑا۔ جیسے جیون کوئی راستوں پر آنکھیں بند کر کے چلتا ہے۔ وہ رشیدے کے ساتھ نئے گاؤں

میں آ گئی۔ نئے گاؤں میں پہنچتے ہی پورو اور رشیدے کو علیحدہ مکان مل گیا۔ شاید رشیدے نے پہلے ہی رحیمے کو کہہ کر یہ طے کر لیا تھا۔ رحیمے کا گھر ان سے زیادہ دور تھا لیکن جب رحیمے کے گھر سے عورتیں اس کو ملنے آئیں تو وہ پہلا موقع تھا جب پورو کو رشیدے کے رشتہ داروں میں سے عورتوں سے واسطہ پڑا۔

پورو ایک کھوئی ہوئی بچھڑیا کی طرح ان کے پاس بیٹھی رہی۔ ان بھلے لوگوں نے پورو سے زیادہ پوچھ گچھ نہ کی۔ چھوٹی موٹی گھر کی ضرورتوں کے بارے میں پوچھتیں رہیں۔ رشیدا اس وقت تک پورو کو پورو کہتا تھا۔ نکاح کے وقت اس کا رکھا ہوا نام حمیداں آج بھی اس کی زبان پر نہیں چڑھا تھا۔ ایک دن اچانک رشیدا ایک آدمی کو گھر لے کر آیا۔ وہ بازوؤں پر عورتوں مردوں کے نام لکھتا تھا۔ اس دن پورو پھر کلیجہ تھام کر رہ گئی جب رشیدے کے کہنے پر اس نے بایاں بازو آگے کر دیا اور اس پر گہرے حروف سے ''حمیداں'' لکھا گیا۔ اس دن سے رشیدا بھی اسے حمیداں کہنے لگا۔ شاید یہ مشورہ رحیمے نے دیا تھا۔

پورو اب حمیداں بن گئی تھی لیکن ابھی تک جب رات کو پورو سونے کے لئے جاتی اس کے خوابوں میں اس کو سہیلیاں ملتی، اس کے خوابوں میں وہ ماں باپ کے گھر میں کھیلتی ہوئی ملتی۔ سارے اس کو پورو کہتے، پورو دن کی روشنی میں حمیداں بنتی، رات کے اندھیروں میں پورو ہوتی لیکن وہ سوچتی اصل میں نہ تو وہ حمیداں تھی اور نہ ہی پورو، وہ صرف ایک پنجر کا بس ایک ڈھانچہ تھی۔ جس کا نہ کوئی روپ تھا نہ ہی کوئی نام۔ پانچ چھے ماہ ہی گزرے تھے کہ پورو کے پنجر میں ایک ننھی سی جان نے سرکنا شروع کیا.....

بیساکھی کا میلہ

دن سرکتی تھا اور بیتے ہوئے دن ایک ایک کر کے پورو کی آنکھوں کے سامنے گزر رہے تھے۔ بوری کے ایک ٹکڑے کو پاؤں کے نیچے دبائے وہ پتھر بنی انہیں دیکھتی رہی۔

باہر والا دروازہ کھول کر رشیدا اندر دالان میں آ کھڑا ہوا۔ اس کو جیسے دروازہ کھلنے کی آہٹ بھی سنائی نہ دی۔ اسے جیسے کوئی اندر آتا ہوا بھی دکھائی نہ دیا۔ وہ بیٹھی کی بیٹھی رہی۔ رشیدے کو شاید سچ مچ پورو سے اب پیار ہو گیا تھا۔ رشیدا چپ چاپ آ کر اس کے پاس بیٹھ گیا۔

''خدا کی بندی۔'' رشیدے نے پورو کو اپنے ایک بازو میں لے لیا۔ وہ آج بہت ہی اداس تھی، وہ نہ

ہل سکی اور نہ ہی بول۔

رشیدا اسے پیار کرتا رہا پھر خاصی دیر بعد پورو نے کہا۔

''آج مجھے اس طرح محسوس ہو رہا ہے جیسے کوئی میرے اندر میری آنتیں کتر رہا ہو۔''

رشیدا ہنستا رہا۔ پورو کا جی بہلاتا رہا۔ پھر رشیدے نے چولھے میں بجھی ہوئی آگ سلگائی اور پورو کو پاس بٹھا کر خود ایک چھوٹے پتیلے میں بٹیرے بھوننے لگا۔

''نہ تُو کہیں باہر جاتی ہے نہ تُو کسی سے ملتی جلتی ہے اس طرح تو آدمی کا جی خواہ مخواہ اداس ہو جاتا ہے۔'' رشیدے نے کچھ دیر ٹھہر کر کہا۔

''کہاں جاؤں، میرا اور ٹھکانہ ہی کہاں ہے؟''

پورو نے بہت ہی ناامیدی سے کہا۔

''اب تو گھر کی مالکن ہے۔ اور چار دنوں کے بعد تیرے صحن میں ایک ننھی جان کھیلے گی میری خاطر نہ سہی اس کی خاطر ہی سہی۔ تجھے دل لگانا چاہیے، اس بے چارے نے تیرا کیا بگاڑا ہے؟'' رشیدے کو اپنے ہونے والے بچے کا خیال آیا۔

اس نے پورو کو اسی کا واسطہ دیا۔

پورو کو پھر وہ مٹروں میں سے نکلی ہوئی سنڈی یاد آ گئی۔ جس سنڈی کو دیکھ کر کسی کا جی متلائے، جس سنڈی کے ساتھ لگے مٹروں کو بھی کوئی دور نہ پھینک دے۔

''لاؤ! بٹیروں کے مسالے میں تھوڑے سے مٹر بھی ڈال دیں۔'' رشیدے نے پورو کے آگے بکھرے ہوئے مٹروں کی طرف دیکھ کر کہا۔

''مٹر تو سارے پکے ہوئے ہیں، مٹروں کا کون سا موسم ہے۔ اوپر سے بیساکھ شروع ہونے کو ہے۔''

پورو کو معلوم تھا آج اس سے مٹر نہیں کھائے جائیں گے۔

''ہاں سچ، کل تو بیساکھی کا بڑا میلہ لگ رہا ہے۔'' رشیدے نے آرام سے کہا۔

''بیساکھی..... بیساکھی.....'' پورو کے کانوں میں گونجنے لگا اور وہ پرات میں دو تین مٹھیاں آٹا ڈال کر گوندھنے لگی تا کہ اس کا خیال کسی اور طرف بٹ جائے۔

''آج تو میرا دل کر رہا ہے کہ گڑ ڈال کر سویاں بنائیں۔'' رشیدے نے کہا۔ پورو چپ چاپ اندر سے سویاں اور گڑ نکال لائی۔

اس وقت پورو کو یاد آیا کہ بہت دیر پہلے کی بات تھی جب ایک دن اس کی ماں بیٹھ کر سوجی کی سویاں بٹ رہی تھی اور اس نے کہا تھا۔ ''ماں! اری ماں! میرا تو مشین پر بنی ہوئی سویاں کھانے کو جی کرتا ہے۔'' اور ماں نے کسی تعمل کے بغیر کہا تھا ''اری پگلی.....! وہ تو مسلمان کھاتے ہیں۔''

یہ بات یاد کر کے پہلے تو پورو کی آنکھیں بھر آئیں پھر اس کی ہنسی نکل گئی۔

رشیدا اس کی ہنسی کے بارے میں پوچھتا رہا۔ پورو نے وہ بات سنا دی، سناتے سناتے پھر اس کی پلکیں بھیگ گئیں۔ رشیدا شرمندہ سی ہنسی ہنستا رہا۔

اگلے دن پورو جب سو کر اٹھی، گاؤں میں بیساکھی کے ڈھول بج رہے تھے، پہلے تو کام کاج میں جتی رہی پھر وہ اپنی چھت پر چڑھ کر دور میدان میں لگے ہوئے بیساکھی کے میلے کو دیکھنے لگی۔

دور کھڑی پورو کو لوگوں کی بھیڑ نظر آ رہی تھی۔ لمبے تڑنگے جاٹ نئے تہمند باندھے ہوئے، ہاتھوں میں تیل سے چمکتی لاٹھیاں، بڑی گرمجوشی سے ادھر سے اُدھر جاتے، کئی گھوڑیوں پر سوار تھے، اپنے پیچھے عورتیں بھی بٹھائے ہوئے اور آگے ایک دو بچے بھی، کئی عورتیں بچوں کو انگلی لگائے چلی جا رہی تھیں۔ کئی نوجوان اپنی جوانی کے جوش میں آئے چھاتی نکال کر چل رہے تھے، کچھ گاتے جاتے، کچھ بولتے جاتے۔ دور میدان میں کشتیاں ہو رہی ہونگی۔ جلیبیوں کے تھال سجے ہونگے۔ گرم پکوڑوں کی خوشبو دور تک ہوا میں پھیلی ہوئی ہوگی۔ گڑ کے شکر پارے، میدے کی مٹھائیاں اور مٹھائیوں کے رنگ رنگ کے لوہے کے تھال سجے ہوں گے.....

پورو کے سر میں لوہے کی چوٹ کی طرح ایک خیال آیا۔ اس کی ماں نے تین بیٹیوں کے بعد ایک بیٹے کو جنم دیا تھا۔ اور اس مرتبہ..... اس مرتبہ اس کی پہلی بیساکھی تھی۔ کھڑی ہوئی پورو چھت پر بیٹھ گئی شاید اس وقت اس کی ماں نے اس کے چھوٹے سے بھائی کو پانی چکھایا ہوگا۔ نزدیک ہی بہتی ہوئی ندی سے پانی لے کر، گلاب کے پھول کو اس پانی میں بھگو کر اس کے بھائی کے چھوٹے چھوٹے گلابی ہونٹوں سے لگایا ہوگا۔ پھر اس کی ماں کو مبارکبادیں ملی ہوں گی اور شاید..... شاید اس وقت اس کی ماں کو اپنے پیٹ سے جنی ہوئی پورو بھی یاد آئی ہوگی۔ پورو کی آنکھوں میں آنسو بھی آ آ کر تھم گئے تھے۔ وہ سر پکڑ کر بیٹھی رہی۔

جوان جاٹ لڑکوں کی ایک ٹولی کانوں میں پھول پھنسائے ہنستی گاتی دور سے گزر رہی تھی، ان میں

سے کوئی آدمی بولے جا رہا تھا۔

کھوہ تے بیٹھی داتن کردی

چٹیاں دنداں دی ماری

نی آپے تینوں لے جان گے

جہناں نوں لگیں پیاری

نی آپے تینوں لے جان گے

(کنویں پر بیٹھی تو داتن سے دانت صاف نہ کر، اور اپنے سفید دانت اور نہ چمکا، وہ خود ہی تجھے ساتھ لے جائیں گے، جنہیں تو پیاری لگے گی، وہ خود ہی تجھے ساتھ لے جائیں گے)

"ہائے کوئی پیاری لگنے والیوں کے حال تو دیکھے۔" پورو کے منہ سے دھیرے سے نکلا۔ پھر پورو کو ایک خیال آیا۔ وہ رشیدے کو ہی پیاری لگی، رشیدا اس کو لے آیا۔ وہ اپنے منگیتر رام چند کو کیوں نہ پیاری لگی۔ اس نے تو اس کی خبر ہی نہ لی، وہ تو رام چند کو پیارا لگنا چاہتی تھی۔ رشیدے کو نہ تو اس نے خود سے ڈھونڈا اور نہ ہی اس کے ماں باپ نے۔

جاٹ ناچتے کودتے جا رہے تھے۔ بھنگڑا ڈال رہے تھے، بولیاں گا رہے تھے۔

تیرے لونگ دا وجا لشکارا

ہالیاں نوں ہل بھل گئے

(تیرے لونگ کی چمک جو پڑی، تو کسانوں کو اپنے ہل بھول گئے)

تیرا بھجیا پری دا لہنگا

پچھوں دیاں پین کنیاں

(تیرا پریوں (کے لبادے) جیسا لہنگا بھیگ گیا، (اور تیرے چلنے سے اس کی) چھینٹیں پیچھے (آتے عاشقوں پر) برسنے لگیں)

سانوں کڈھ نہ دئیں نیارے

نی راہے راہے جان والیے!

(ہمیں کہیں (راستے سے) ہٹا نہ دینا، اے راستے میں چلنے والی حسینہ)

پوروسوچتی سارے ہی گیت خوبصورت لڑکیوں کے سولھے (گیت) گاتے ہیں۔ سارے ہی بھجن سچے پیاروں کو سراہتے ہیں۔ کبھی وہ بھی گیت بنیں گے جن میں میرے جیسی لڑکیوں کا رونا رویا ہوگا؟ کبھی وہ بھی بھجن ہوں گے جن میں بھگوان ہی کوئی نہ ہو؟ ابھرتی جوانی والی کچھ حسینائیں اکٹھی ہو کر میدان کی سمت جا رہی تھیں۔ دور جاتے ہوئے جاٹ لڑکوں کے ٹولے مڑ مڑ کر انہیں دیکھ رہے تھے۔ ہنستے تھے شاید اٹکھیلیاں کرتے تھے، ان کو دیکھ کر پوروسوچنے لگی۔ ''اچھا اگر اب ان جوان لڑکیوں کو یہ سارے لڑکے اپنے گھوڑوں پر بٹھا کر بھگا لے جائیں..... پھر کیا ہو؟ اچھا یہ ساری لڑکیوں کو اٹھا کر لے جائیں.....

پورو کا بچہ

سخت گرمی شروع ہو چکی تھی۔ زمین کپاس کی سوکھی ٹہنیاں ڈال کر جلائے ہوئے تنور کی پشت کی طرح دہک رہی تھی۔ پورو کبھی بیٹھتی، کبھی اٹھتی، کبھی لیٹ جاتی۔ آج اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ بار بار پانی پیتی۔ اس کی پڑوسن نے اسے کہا کہ آسانی سے نہ سہی جیسے کیسے ہو وہ نہا لے اور اپنا سر بھی دھو لے۔ پھر کیا معلوم اسی رات یا اگلے دن پورو کے ہاں کچھ ہو جائے تو پھر وہ کتنے ہی دن اٹھنے کے قابل نہ رہے گی۔

رشیدے نے دیکھا، پورو کا رنگ جسم سے اٹھنے والے درد سے اُنی کی مانند سفید ہو رہا تھا۔ رشیدے کو وہ وقت یاد آ گیا جب وہ چھتو آنی کی کچی سڑک سے پورو کو گھوڑی پر اپنے سامنے بٹھا کر بھاگ کھڑا ہوا تھا۔ پورو کا رنگ اس وقت بھی سفید پھٹکڑی جیسا تھا۔ اس وقت پورو کی روح سے ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔ آج پورو کے جسم سے۔

رشیدے نے رحیمے کے گھر اپنے کھیتوں میں ایک کام کرنے والے کو بھیجا ہوا تھا۔ خود اسے پورو کو اکیلے چھوڑ کر جانے کا حوصلہ نہیں پڑتا تھا۔ رحیمے کی ماں جب آئی، پورو کے چہرے پر شدید درد کی وجہ سے بل پڑ رہے تھے۔ آتے ہوئے رحیمے کی ماں اپنی گلی والی اسی ریشماں دائی کو بھی ساتھ لے آئی تھی جس نے رحیمے کی دونوں بیویوں کے بطن سے دو دو تین تین لڑکے لڑکیاں جنم دلوانے میں مدد کی تھی۔

دائی نے آتے ہی ایک پرانی دری کو فرش پر بچھا کر پورو کو لٹا دیا۔ پورو چارپائی کی نرماہٹ چھوڑ کر سخت زمین پر تڑپنے لگی۔ رشیدا دروازے کے باہر کھڑا رہا۔ اسے اندر سے بند کیے ہوئے دروازے سے پورو

کے بھینچے ہوئے دانتوں سے شدید کراہنے کی آوازیں سنائی دیتی رہیں۔ اس کا جی چاہتا کہ پورو کے جسم سے زیادہ نہیں تو آدھا درد کھینچ کر اپنے جسم میں سمو لے، پورو اکیلی تڑپتی رہی۔

دائی، نئے پنکھے سے پورو کے چہرے پر ہوا کے چھوٹے چھوٹے جھونکے چھوڑتی رہی۔ رحیمے کی ماں نے کئی بار پانی کے چلو پورو کے منہ میں ڈالے۔

تین اونچی چیخوں کے بعد باہر کھڑے رشیدے نے بچے کے رونے کی آواز سنی۔ اس کے بعد پورو کی کوئی آواز نہ نکلی، رشیدے کو سانس آیا کہ اب اس کی کچھ خلاصی ہو گئی تھی۔ رشیدے کا دل کیا کہ وہ اندر آ جائے دائی تو شاید بچے کے گرد ہو گی، وہ خود جائے، پورو کو دبائے پکڑے، پورو آج تک اس کے ہاتھوں روتی ہی رہی تھی لیکن اندر اس کی چچی بیٹھی ہوئی تھی۔ اندر دائی بیٹھی ہوئی تھی۔ جب تک وہ خود رشیدے کو اندر نہ بلائیں، رشیدے کا اندر جانا چھچھورا پن لگتا تھا۔

کئی منٹ گزر گئے۔ پورو کی پھر آواز نہ آئی۔ رشیدے کے دل میں ایک ہول اٹھا۔ پورو زندہ تو ہے؟ تھوڑی بہت بھی آواز کیوں نہیں آ رہی؟

ٹھیک آدھا گھنٹہ گزر گیا، جب دائی نے باہر آ کر رشیدے سے کہا ''مبارک ہو بیٹا! لڑکا ہوا ہے۔''

''اس کا کیا حال ہے؟'' رشیدے کے منہ سے نکلا۔

''بالکل ٹھیک ہے۔ بیٹا لاکھوں بار مبارک ہو۔ اور کیا بیٹے چھت سے تو نہیں گرتے۔'' دائی نے ایک ایسے حوصلے سے مسکرا کر کہا جس حوصلے سے اس نے کئی عورتوں کے درد اپنے ہاتھوں میں سہے تھے۔

جب رشیدا اندر آیا، لیٹی ہوئی پورو کی آنکھیں الٹی ہو گئی تھیں۔ اس کے ایک طرف ایک سفید کپڑے میں لپٹا ہوا اس کا اور رشیدے کا بیٹا انگوٹھا چوس رہا تھا۔ رشیدے کے من سے خوشی پھوٹی، اس نے پورو کا من جیت لیا تھا، جوئے کے اس کھیل میں اس نے ساری کی ساری پورو کو جیت لیا تھا۔ اب پورو صرف اس کی بھگا کر لائی ہوئی رکھیل نہیں تھی۔ اب پورو صرف اس کے گھر پڑی ہوئی عورت نہیں تھی۔ اب پورو اس کے بیٹے کی ماں تھی۔

رحیمے کی ماں نے جیسے کہا، رشیدے نے ایک روپیہ اور گڑ کی بھیلی بیٹے کے نام صدقہ اتارا پھر پورو کی نیم خوابیدہ آنکھیں کھلیں اس نے رشیدے کو دیکھا۔

''اب تو مجھے کیا کہتا ہے؟ میں نے تجھے اپنا آپ دیا، تجھے ایک بیٹا دیا، اب میرے پاس باقی کیا بچا

ہے؟'' پورو اپنی گم سم زبان سے جیسے رشیدے کو کہہ رہی تھی۔ اس نے پھر آنکھیں موند لیں۔

گرم گرم اور پسے ہوئے باداموں کے کچھ چمچ لینے کے بعد جب پورو کے جسم میں جان آئی تو پورو نے دیکھا، اس کے بائیں بازو سے اس کے بچے کا نرم ملائم چہرہ رگڑ کھا رہا تھا۔ پورو ڈر گئی۔ پورو کو لگا جیسے ایک نرم سفید سنڈی اس کے جسم پر چڑھ رہی تھی، اسے کراہت آئی، اس کا جی چاہا کہ اپنے بازو سے لگی ہوئی سنڈی کو جھٹک دے، اپنے بدن سے دور کر دے، اس طرح جیسے کوئی چبھے ہوئے کانٹے کو ناخنوں میں پھنسا کر نکال دیتا ہے، جیسے کوئی چمٹے ہوئے بھاکھڑے اتار پھینکتا ہے، جس طرح کوئی چمٹی ہوئی چیچڑی کو اکھاڑ دیتا ہے، جیسے کوئی لگی ہوئی جونک کو کھینچ لیتا ہے۔ رحیمے کی ماں نے پورے تیرہ دن ان کے گھر رہنا تھا۔ ابھی تو پورو کو بیٹا جنے چار ہی دن ہوئے تھے، پانچویں دن پورو کو دودھ اترا۔ روئی کی بتیاں بنا بنا کر دائی اس کے بچے کو دودھ کی بوندیں منہ سے لگاتی رہی۔ آج اس نے دودھ کے لئے بچے کو پورو کی گود میں ڈالا۔

بچہ پورو کی گود میں پڑا رہا۔ بچہ پورو کے جسم سے چمٹا رہا۔ پورو کی آنتوں میں کھچاؤ محسوس ہوا۔

پورو کا جی چاہا کہ بچے کو گلے لگا کر رو دے۔ بچہ اس کے اپنے ہی خون سے بنا کھلونا تھا، اس کے اپنے ماس کا بت تھا۔ بھری بھرائی دنیا میں یہی ایک بچہ اس کا اپنا تھا۔ اس نے کبھی ماں کا چہرہ نہیں دیکھا، اس نے کبھی باپ کا چہرہ نہیں دیکھا، اس نے کبھی بہن بھائیوں کے چہرے نہیں دیکھے۔ وہ..... وہ صرف اپنے بچے کا چہرہ دیکھا کرے گی، جس کے خون میں اس کے اپنے ماں باپ کا خون ملا ہوا تھا۔ اس کے ماں باپ اس سے ناطہ تو توڑ گئے مگر اپنے اُس خون کو کس طرح علیحدہ کریں گے جو خون پورو کی ہڈیوں میں رچا ہوا تھا جو خون پورو کے ہاں جنے بیٹے کے خون میں ملا ہوا تھا۔ بچہ پورو کا دودھ پیتا رہا پھر پورو کو محسوس ہوا یہ بچہ زبردستی اس کی آنتوں سے اس کا دودھ کھینچ رہا تھا۔ زبردستی..... جبراً..... لڑکے کے باپ نے بھی تو اس کے ساتھ سب کچھ جبراً کیا تھا۔ بچہ بھی تو اپنے باپ کا بیٹا تھا، اپنے باپ کو خون تھا، اپنے باپ کا ماس تھا، اپنے باپ کا روپ تھا، نہ چاہتے ہوئے یہ بچہ اس کے پیٹ میں رکھا گیا تھا۔ اس کی مرضی کے بغیر یہ بچہ اس کے پیٹ میں پلا تھا اور اب یہ بچہ جبراً اس کی آنتوں سے دودھ کھینچ رہا تھا۔

پورو نے اپنے ماتھے کو ہاتھ لگایا۔ اس کا ماتھا آگ میں پڑی اینٹ کی طرح گرم تھا۔ شاید اس کو بخار تھا۔ اس کے سر میں ایک خیال گھومنے لگا یہ بچہ..... اس بچے کا باپ..... سب مرد ذات..... مرد جو عورت کے جسم کو کتے کی ہڈی کی طرح چوستے ہیں۔ کتے کی ہڈی کی طرح چباتے ہیں..... بچہ پورو کا

دودھ پیتا رہا۔ پورو کا من کنوئیں کی ٹنڈوں کی طرح بھرتا اور خالی ہوتا رہا۔

یتیم

پورو کے گول مٹول بچے کو سب جاوید کہتے تھے۔ رسی سے بنی پلنگڑی (چھوٹا پلنگ) پر لٹا کر پورو اسے دیکھتی ہی رہتی، ہاتھ پاؤں چلا چلا کر وہ اوپر دی ہوئی چادر کو پیروں تک لا کر مسل دیتا۔ چاندی کی ایک پتلی سی پازیب پورو نے اس کے پاؤں میں پہنائی ہوئی تھی جب وہ ہاتھ پاؤں مارتا، پازیب کی ہلکی سی جھنکار پلنگڑی پر چھن چھن کرتی۔ بار بار پاؤں چلاتے ہوئے اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا اور بچے کو ہچکیاں شروع ہو جاتیں۔ پھر پورو اس کے ہاتھوں کو دیکھتی، ہتھیلی کی طرف سے، اس کے ہاتھ بہت زیادہ سفید تھے اور ہاتھوں کے پیچھے والے حصے پر ماس اس طرح ابھرا ہوا تھا کہ پورو کو اس کے ہاتھ بالکل موم کے اس 'باوے' کی طرح محسوس ہوتے جو چھوٹی عمر میں اس نے سیام سے واپس آتے ہوئے کلکتے کے ایک بازار سے خریدا تھا۔ اس نے باوے کو کروشیے سے بنا ہوا کرتا پہنایا تھا۔ چھوٹے موتیوں کی ایک مالا پرو کر اس نے باوے کو پہنائی تھی، جاوید کے ہاتھ بالکل موم کے اس باوے کے ہاتھوں کی طرح چلبل چلبل کرتے تھے۔ موم کا وہ باوا شاید ابھی تک نہیں ٹوٹا ہوگا۔ پورو نے سوچنا شروع کر دیا، بعض اوقات کانچ اور مٹی کی بنی اشیاء کی معیاد بھی کتنی زیادہ ہوتی ہے شاید آج بھی اس کی کوئی بہن اس باوے سے کھیلتی ہوگی.....

صبح سویرے پورو کھیتوں کو جاتی، رشیدا اپنے بیٹے کے پاس بیٹھتا۔ ایک دن ابھی اندھیرا ہی تھا، اس نے کھیتوں سے واپسی پر مسلمانوں کے کنوئیں پر ہاتھ پیر دھوئے۔ جب وہ اپنے گھر کی طرف واپس لوٹ رہی تھی اسے اپنی گلی کی لڑکی کمو دکھائی دی۔ سردیوں کی ہلکی ہلکی ٹھنڈ شروع ہو گئی تھی، کمو پانی کی گاگر مٹی کے ڈھیلوں سے بنے تھڑے پر رکھ کر سانس لے رہی تھی۔ پورو جب اس کے پاس سے گزری، کمو نے جیسے ڈرتے ہوئے پانی کی گاگر اٹھائی۔ گاگر کا وزن شاید کمو کے شانوں سے سہا نہیں جا رہا تھا، گاگر کمو کے شانوں سے پھسلنے کو تھی۔ گاگر کے نیچے لگی ہوئی کمو کے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کلائی سے دہری ہونے لگی۔ میں ہاتھ سے گاگر کے منہ کو سہارا دیتے ہوئے کمو کے منہ سے نکلا "ہائے ماں!"

پورو کے قدم رک گئے، وہ کمو کے پاس گئی، اس کا جی چاہا دس بارہ سال کی دبلی پتلی سی کمو کے

شانوں سے گاگر اٹھالے۔ کمو اس کے ساتھ ساتھ چلتی جائے۔ کمو جو کہ ننگے پاؤں تھی اور کمو جو ہمیشہ کھدر کی سادی شلوار کے پانچے چڑھائے رکھتی تھی اور کمو جس کی دھاری دار قمیض کے کندھے پر لگا پیوند کبھی ادھڑ جاتا تھا کبھی پھر لگ جاتا تھا اور کمو جس کے بال ہمیشہ بان کی طرح کھردرے اور بکھرے رہتے تھے اور کمو جس کو ہمیشہ پورو نے دور سے دیکھا تھا، آج وہ نزدیک ہو کر کمو کے ان شانوں سے گاگر اٹھانا چاہتی تھی جن شانوں کی ہڈیاں پیتل کی گاگر سے ٹکرا رہی تھیں۔

''بڑی دیر نہ ہوگئی ہے؟'' برتن کے بوجھ تلے دبی ہوئی کمو نے جیسے پورو سے ابھی دیر نہ ہونے کا ایک حوصلہ طلب کیا۔

''ابھی تو دن بھی نہیں نکلا۔'' پورو نے دلاسہ دیتے ہوئے کہا۔ لڑکی کو شاید حوصلہ ہوا۔ اس نے شانوں کا بوجھ پھر زمین پر رکھ دیا، گاگر کے منہ سے تھوڑا سا پانی چھلک کر کمو کے شانے پر گر گیا۔ گھسی ہوئی دھاری دار قمیض کو بھگو کر پانی نے کمو کے بدن کو ٹھنڈا کیا، سردی کی ایک لہر کمو کے بدن میں دوڑ گئی۔

پورو رک گئی۔ کمو پورو کی طرف دیکھ کر ہنس پڑی۔ لمحہ بھر پہلے یہی کمو دیر ہونے کے ڈر سے برتن کے بوجھ سے سہمی ہوئی تھی۔ کمو کے چہرے پر جما ہوا وہ ڈر تھا جو ہمیشہ پورو نے دیکھا تھا۔ اس لمحے اس کے چوڑے ہونٹوں پر بکھری ہوئی ہنسی پورو کو اس طرح محسوس ہوا جیسے اس لڑکی کو ہنسنا ہی نہ آتا ہو اور وہ یونہی اپنے ہونٹوں کو مروڑ رہی ہو جیسے کسی کا منہ چڑاتے ہیں۔

''کمو تم روز اس وقت آتی ہو؟'' پورو نے کمو کو پکارے جانے سے کمو کا نام سنا تھا۔

''لگتا ہے آج کچھ دیر ہوگئی، مجھے مار پڑے گی۔'' کمو نے پھر گاگر کی طرف ہاتھ بڑھایا جیسے وقت اور وقت کا نام اس کے لئے بہت ڈراؤنا تھا۔ اس کی ہنسی کچے رنگوں کی طرح اس کے چہرے سے اتر گئی اور اندر کہیں پہلے سے پیدا شدہ ڈر اس کے چہرے پر نمودار ہوگیا۔

''کمو وہ تیری کیا لگتی ہے؟''

''چچی۔'' کمو نے کہا اور کمو کا بازو گاگر کے بوجھ تلے مڑ گیا۔ شاید اس کے بوجھ سے، یا شاید لفظ چچی سے۔

''اگر تو کہے، میں تیری گاگر اٹھالوں؟''

پورو نے کہا لیکن اپنا بازو آگے نہ کیا۔ اسے اچھی طرح یاد تھا کہ سب لوگ جانتے ہیں کہ اس کا نام

حمیداں ہے حمیداں، رشیدے کی بیوی.....اور کمو ایک ہندو لڑکی ہے۔

''گاگر ناپاک ہو جائے گی۔'' کمو نے بے دھڑک کہا۔

''پانی تو ناپاک نہیں ہوگا میں پانی کو ہاتھ نہیں لگاتی جا کر گاگر دھو لینا۔'' پورو کہتی کہتی ہنس پڑی۔ کمو بھی جیسے ہنس پڑی لیکن کمو نے گاگر اٹھائے رکھی۔ دونوں مشکل سے چند قدم ہی گئی تھیں۔ کمو کا پاؤں دہرا ہو گیا۔ پورو نے گرتی گاگر پکڑ لی لیکن کمو پتھروں پر گر پڑی اس کے پاؤں میں موچ آ گئی۔

پورو نے گاگر رکھ کر کمو کا پاؤں پکڑا اور ہتھیلی سے اس کے ٹخنے کے قریب پاؤں کو ملا۔ بے پرواہ کمو اٹھنے کے قابل ہو گئی۔ پورو گاگر اٹھا کر اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگی۔

''ہائے ماں.....!'' کمو رو پڑی۔ پورو کو ایسے محسوس ہوا جیسے کمو اپنے سارے دکھوں کے شکایت اپنی مری ہوئی ماں سے کر رہی ہو۔

''جنم دے کر ہمارے لئے چھوڑ گئے ہیں'' پورو نے کئی بار کمو کی چچی کو کہتے ہوئے سنا تھا۔ کمو کی نہ تو ماں تھی اور نہ باپ، کمو کا باپ تو شاید زندہ تھا لیکن کہتے تھے اس نے شہر میں کوئی عورت رکھی ہوئی تھی جو کمو کو ملنا نہیں چاہتی تھی، اس لئے کمو کا باپ بھی کمو سے نہ ملتا۔ پورو سوچتی گئی، مائیں مر جائیں تو باپ بھی سوتیلے ہو جاتے ہیں، سوچتی سوچتی اپنی سوچوں میں اتر گئی۔ مائیں زندہ ہوں تب بھی باپ سوتیلے ہو جاتے ہیں، مائیں بھی سوتیلی ہو جاتی ہیں.....

گاؤں صاف دکھائی دینے لگا تھا۔ روشنی بڑھ گئی تھی اور ان کی گلی کا موڑ بھی نزدیک آ گیا تھا۔ دونوں کو ڈر تھا کہ پورو کو گاگر اٹھائے کوئی دیکھ لے گا، کمو نے ڈگمگاتے پاؤں سے گاگر سنبھالی۔ پورو نے تیز تیز قدم اٹھائے اور کمو سے الگ ہو کر گلی کی طرف مڑ گئی۔ اس دوپہر کو بچہ ضد کر رہا تھا اور پورو اپنے بچے کو بہلا پھسلا رہی تھی۔ جب کمو اس کا دروازہ کھول کر اس کے گھر آئی۔

پورو نے آگے بڑھ کر کمو کو اپنے بازوؤں میں بھینچ لیا۔ اسے محسوس ہوا وہ اس کے اپنے بچے سے بھی زیادہ بہلائے جانے کی مستحق تھی۔ کمو جس کے خشک آنسوؤں کو کوئی نہیں دیکھتا تھا۔ پورو کے بازو میں کمو کے آنسو چھلک پڑے۔ پورو کا جی چاہا کہ جیسے وہ جاوید کی ماں ہے، ویسے ہی کمو کی ماں بن جائے۔ کمو اڑیاں کرے، کمو ضد کرے اور وہ کمو کو اٹھا اٹھا بہلائے۔ کمو کو لئے لئے پھرے، کمو کو چوم چوم کر تھک جائے، وہ جاوید کی ماں تھی، کمو کی ماں بھی بن جائے.....وہ ایک اچھی بیٹی نہیں بن سکی تھی وہ ایک اچھی ماں بن

جائے.....

کمو ہندو تھی اور پورو..... پورو ایک مسلمان تھی۔ چاہے وہ اپنے آپ کو پورو ہی سمجھتی تھی۔ کمو نے پورو کے گھر سے کچھ کھانا نہیں تھا۔ پورو کا دل چاہتا تھا کہ وہ کمو کو نوالے دے۔ وہ کمو کو دودھ کا کٹورا پلائے.....

پورو نے پھر کمو کا پاؤں ملا۔ ہتھیلیوں سے گرم گھی کا مساج کیا۔ روئی کے گالوں سے ٹکور کی۔ اب کمو بے تاب ہو گئی۔ اس کی آنکھوں کے آگے اس کی چچی کا لمبا جھاڑو سلائیوں کی طرح گھوم رہا تھا۔ کمو لحاف (تلائی) سینے والی سوئی لینے کے بہانے آئی تھی۔ پورو نے کمو کو باداموں والا گڑ کھلایا اور لحاف سینے والی سوئی نکال کر دی۔ سردی آہستہ آہستہ بڑھ رہی تھی۔ لوگوں کے بدن پر کپڑے اب موٹے ہو گئے تھے اور وہ سب روئی بھروا بھروا کر خالی چھیٹ کی واسکٹیں بنوائی تھیں۔ لوگوں نے موٹے کھیسوں کی بکلوں میں اپنے کندھے چھپائے پھر رہے تھے۔

کمو اپنی عمر کے سال کھائے جا رہی تھی۔ نہ تو کمو کے جسم پر جوانی اُمڈتی، نہ کمو کے بدن پر کپڑے بدلتے تھے۔ کمو کے ننگے پاؤں اب تڑک رہے تھے۔ پورو نے کمو کے لئے ایک نئی جوتی بنوائی لیکن کمو کے پاؤں میں اس جوتی کا پورا آنا آسان نہیں تھا۔

سوچ سوچ کر یہی ہوا، کمو نے وہ جوتی پہن لی اور چچی سے کہا ''سامنے گنے کے کھیت میں پڑی ہوئی ملی ہے۔'' چچی کہاں مانتی تھی۔ گاؤں میں ایسی کون ہے جو اپنی نئی جوتی ویسے ہی گم کر آئے؟ لیکن چپ کر گئی، کمو نے جوتی پہنے رکھی لیکن نئی چیزیں روز روز تو کسی کو نہیں ملتیں۔ پورو کمو کی ٹھٹھرتی ہڈیوں کو دیکھتی رہتی۔

صرف صبح کے اندھیروں کو معلوم تھا کہ پورو ہر روز کمو کی ایک آدھ گاگر اٹھا کر اس کا ہاتھ بٹاتی۔ کمو ایک آدھ چکر پورو کے گھر بھی لگاتی۔ کبھی بیلنے میں کپاس بیل دیتی، کبھی چکی میں چنے دلنے لگتی۔ کبھی اکھلی میں مسالا پیس لیتی۔ پورو اس کا ہاتھ بٹاتی، چچی کا کام بڑے اچھے طریقے سے ہو جاتا۔ چھوٹے سے جاوید کو کمو کی عادت پڑ گئی تھی۔ کبھی کمو نہ آتی تو پورو اسے چھوٹے بچے کی طرف سے شکوہ کرتی، داؤ لگنے پر کمو آ جاتی، کبھی نہ بھولتی۔ اب پورو اور کمو ماں بیٹیوں کی طرح ایک دوسرے سے لڑ جھگڑ لیتیں اور دو سہیلیوں کی طرح ایک دوسرے سے جڑ جڑ بیٹھتیں۔ کئی بار پورو کا دل کرتا کہ وہ کمو کے لئے کچھ بنائے۔ کمو کے سوکھے جسم کے انگ پھولنے شروع ہو گئے تھے۔ کمو کے پچکے رخساروں پر ماس آ گیا تھا۔ پورو کے گھر آ کر کمو اپنے بال سنوارتی۔

پورو گھی لگے ہاتھوں سے کمو کی چٹیا بناتی۔

ایک دن صبح کے اندھیرے میں کمو، پورو کو پکڑ پکڑ کر روئے جا رہی تھی، پورو نے غور سے دیکھا، کمو گنے کے چھلکے کی طرح پھنسی ہوئی تھی۔

پورو نے اسے گلے لگایا لیکن کمو تھی کہ روتے ہوئے اسے ٹھیک سے سانس نہیں آ رہا تھا۔ رو رو کر اس کا پلو بھیگا ہوا تھا۔ رو رو کر اس کے ہاتھ بھیگ گئے تھے۔

''میری چچی کہتی ہے اگر اب تو اس کے گھر گئی تو میں تیرا خون پی جاؤں گی۔''

آخر کمو نے سب کچھ کہہ دیا اور پورو کے سینے سے سر لگا کر جی بھر کے روئی، جیسے پورو اس کا واحد سہارا تھی اور کمو کو کوئی ٹانگوں سے پکڑ کر کھینچ رہا تھا۔

''لیکن کیوں..... میں نے کیا کیا ہے؟'' پورو نے روتے ہوئے پوچھا۔

''چچی کہتی ہے ہم نے سنا ہے کہ وہ بھاگ کر آئی ہوئی ہے تم بھی اسی طرح بھاگ جاؤ گی۔'' کمو نے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔

صبح کا اجالا سفید ہو رہا تھا۔ پورو کا رنگ چرخے سے ٹوٹے ہوئے گالے جیسا ہو گیا.....

جھوٹ جیسا سچ

پورو کے من میں اوپر تلے چوٹیں پڑتی رہیں۔ اس کا دل اور دماغ کم از کم دس سال بڑا ہو گیا تھا۔ پورو کی عمر بیس برس سے بڑھی نہ تھی لیکن جو کچھ اس کو عمر نہیں سکھا سکتی تھی وہ سب کچھ اس کے جیون کی چوٹوں نے سکھا دیا تھا اس لئے سیانا سوچنے والوں کی طرح پورو بہت سنجیدہ ہو گئی۔ اس کا من بہت تیز سوچتا تھا لیکن اسے کہنا نہیں آتا تھا۔ اس کے سب ولولے پانی سے ٹکرا کر بننے والی جھاگ کی طرح اٹھتے اور پھر پانی میں ہی ختم ہو جاتے۔

کبھی کبھار پورو رحیمے کے گھر، اس کی بیویوں کے پاس جا بیٹھتی تھی۔ ان کے پڑوس میں ہی ایک جوان لڑکی کا پیلا چہرہ اسے بہت کھینچتا تھا۔ کئی بار پورو کے جی میں آتا کہ اسے بلائے۔ شاید کسی دکھی کو ہی دکھیارے کی سمجھ ہوتی ہے۔ لڑکی کے پیلے چہرے پر جھکی ہوئی آنکھیں تھیں اور ان کا جھکاؤ پورو کی طرف کچھ اس

طرح تھا جیسے انہیں بھی پورو کی ضرورت تھی۔ آہستہ آہستہ پورو کو معلوم ہوا کہ دو سال پہلے اس لڑکی کا بیاہ ہوا تھا۔ کوئی کہتا تھا اسے جن بھوت چمٹے ہوئے تھے۔ کوئی کہتا تھا اس کو کوئی اندرونی بیماری تھی۔ پتہ نہیں اس پر کیا بیتی لیکن پیاز کی کونپل کی طرح اس کا جسم اندر سے خالی تھا۔ اس کا چہرہ ہرول کی طرح ہو گیا تھا۔

پورو نے آتے جاتے لڑکی سے واقفیت بنالی تھی اور اس کے بعد یہ واقفیت لڑکی کی ماں سے اپنے کھیس بنوا کر بڑھالی تھی۔ لڑکی کو سارے تارو کہتے تھے۔

تھوڑے ہی دنوں میں پورو نے سنا، تارو کو غشی کے دورے پڑتے تھے۔ ان دنوں تارو میکے آئی ہوئی تھی اور اب اسے اپنے سسرال جانا تھا۔ پورو نے سنا، ہر بار تارو کو سسرال جانے سے پہلے اسی طرح ہو جاتا تھا اور جب بھی وہ سسرال سے واپس میکے آتی تھی، ہر بار، اس کا ماس پہلے سے زیادہ سوکھا ہوا ہوتا تھا۔ ہر بار اس کی ہڈیاں پہلے سے زیادہ نکلی ہوئی ہوتی تھیں۔ سارے دیکھنے والے دل ہی دل میں سمجھتے تھے اب صرف چند ہی دنوں کی بات ہے۔ پھر اور سوکھنے کے لئے اس کے جسم پر ماس ہی نہیں رہے گا۔ نہ ہی میکے جانے والی کو سسرالی کچھ کہتے تھے اور نہ ہی اسے بھیجنے والے میکے کچھ بولتے تھے۔

ایک دن تارو اکیلی تھی۔ پورو اس کے پاس آ گئی۔ پہلے بھی کئی بار تھوڑی بہت پوچھ گچھ کرتی تھی، آج اس سے باتیں کرنے لگی۔

''تارو! کسی سیانے نے بتایا تو ہوگا کہ تجھے کیا روگ ہے؟''

''کچھ بھی نہیں''

''کسی نے نبض دیکھی ہوگی.....؟''

''ورق لگے مربے اور عرق کی بوتلیں پی پی کر تھک گئی ہوں۔''

''تارو! کچھ تو بتاؤ، کیوں اپنی جان کو روگ لگا لیا ہے؟''

''ویسے ہی دھرتی کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا بہن! کیوں فکر کرتی ہے؟''

''نہ جانے دھرتی پر کتنا بوجھ پڑا ہوا ہے، تیرے ساتھ کیا ہلکا ہوگا ماں سے تو پوچھ کر دیکھ جس نے مشکلوں سے پالا ہے۔''

''پالا ہوگا۔'' تارو نے ایک بے پرواہی سے کہا۔

''خود ہی چار دن رو دھو کر چپ کر جائے گی اب کون سی اس کی جان سکھی ہے۔'' تارو نے ہی پھر

کہا۔

''لیکن اتنی بھی کیا بات ہوگئی ہے ماں سے کہہ ابھی چار دن اور نہ بھیجے۔''

''پھر کیا فرق پڑ جائے گا جیسی یہاں ہوں ویسی ہی وہاں۔''

''ہاں بیٹیوں کو کوئی کتنی دیر رکھ سکتا ہے۔''

''بیٹیاں..... ہونہہ.....'' اور تارو ایک بار بڑبڑا کر چپ کر گئی۔ تارو کے اندر معلوم نہیں کیا جل پڑا تھا، معلوم نہیں تارو کیا کہنا چاہتی تھی پھر شاید تارو سے کہا نہ گیا۔

''بیٹیوں کا کیا ہے خود ہی جس کے ہاتھ چاہیں ان کے گلے کی رسی تھما دیں۔'' تارو نے خود ہی پھر ٹھہر کر کہا۔

''وہاں کا پانی اچھا ہے؟'' پورو نے پھر پوچھا۔

''نہ بھی اچھا ہو پھر بھی اچھا ہے'' تارو نے جواب دیا۔

''ہوسکتا ہے پانی ہی نہ اچھا لگا ہو'' پورو نے بات جاری رکھنے کے لئے کہہ دیا۔

''بیٹیوں کو ہمیشہ پانی مناسب ہی لگتے ہیں۔'' تارو نے کچھ اس طرح کہا کہ پورو اس کے چہرے کی طرف بس دیکھتی رہ گئی۔

''تارو! میں تیری اپنی ہوں، کچھ بتاتی کیوں نہیں.....؟''

پورو نے اس طرح اپنائیت سے کہا تارو کا جی کھل اٹھا۔

''میری بہن! میں کیا بتاؤں، بیٹیوں کو کچھ بتانے کے لئے رب نے زبان ہی کب دی ہے.....؟''

''ٹھیک ہے تارو!''

''ماں باپ کے پاس میرے لئے جگہ نہیں تھی، کسی بھی بیٹی کے لئے والدین کے پاس جگہ نہیں ہوتی۔ میرے شوہر کے پاس میرے لئے کوئی جگہ نہیں، کیونکہ اس کا دل اور اس کا گھر کسی اور عورت سے ملا ہوا ہے۔''

''تارو کیا تیرے شوہر کا پہلے بھی بیاہ ہوا ہے پھر تیرے ماں باپ نے تجھے کیوں وہاں دیا؟''

''ان کو پہلے علم نہ تھا۔ ویسے بھی اس کا پہلا بیاہ نہیں ہوا اس نے صرف ایک عورت گھر میں رکھی ہوئی

ہے۔''

''لیکن اس کے ماں باپ کو تو خبر ہوگی؟''

''سب جانتے تھے۔ صرف وہ عورت ان کی ذات سے نہیں، کمی ذات سے ہے۔ اس کے ماں باپ کہتے تھے اپنی ذات کی بہو گھر میں لانی چاہیے۔''

''لیکن انہوں نے یہ بھی نہ سوچا کہ پرائی بیٹی کا کیا حال ہوگا؟''

''دوسرے کے دکھ کو کون جانتا ہے۔ ویسے وہ کہتے ہیں ہم روٹی دیتے ہیں، کپڑے دیتے ہیں، گھر میں سب کچھ تو ہے پھر دکھ کیسا؟''

''جیسے عورت کو صرف روٹی اور کپڑا ہی چاہیے'' پورو نے کہا۔

''تو دیکھتی نہیں میرے اندر آگ جل اٹھتی ہے، سارے دیکھتے ہیں پورو، دو سال ہو گئے ہیں میں روٹی اور کپڑے کے لئے اس کے پاس اپنا جسم بیچتی ہوں۔ دیکھ میں طوائف ہوں، دیکھ میں طوائف ہوں۔'' یہ کہتے ہوئے تارو گر پڑی۔ تارو کی مٹھیاں بند ہو گئیں۔ تارو کی آنکھیں پتھرا گئیں۔ تارو کا جسم لکڑی کے تختے جیسا ہو گیا۔ پورو ڈر گئی۔ تارو کے گھر میں اور کوئی نہیں تھا۔ پورو کو معلوم نہ تھا کہ کیا کرنا ہے۔ پورو ڈری اور گھبرائی، تارو کی ٹانگیں دبانے لگی، تارو کے شانے دبائے اور تارو کی ہتھیلیوں کا مساج کیا۔ تارو کو ہوش آ گیا۔

''تو مجھے ہاتھ مت لگا، میں طوائف ہوں، تو دیکھتی نہیں..... تو دیکھتی نہیں.....''

تارو ایسی ہی باتیں کر رہی تھی، پورو سوچ رہی تھی کہ ابھی اسے ہوش نہیں آیا۔ اتنی دیر میں تارو کی ماں آ گئی۔

''ہائے کیا کروں میں، ایک تو قسمت کی ماری ہوں دوسرا اس کی باتوں نے مار دیا ہے۔''

تارو کی ماں نڈھال ہو کر بیٹھ گئی۔ پورو چپ چاپ کھڑی رہی۔

''اس نے اور اس کے بھائی نے تو ہماری جان نکال لی ہے۔ لاہور کالج میں پڑھنے کیا گیا ہے، بہن کو بھی پڑھا پڑھا کر بگاڑ دیا ہے۔ دیکھ کیسی الٹی سیدھی باتیں کر رہی ہے۔'' تارو کی ماں نے پھر دکھتے ہوئے دل سے کہا۔

''ماں! قہر بھی تو اس بے چاری پر نازل ہوا ہے۔'' پورو کہنے لگی۔

''بیٹی.....! ہم نے بیٹی جو دی ہے، ہمارا سر جھک گیا ہے، ہم کہہ بھی کیا سکتے ہیں۔ وہ اچھا سلوک

کرے یا برا، آخر مرد ہے۔'' تارو کی ماں نے پھر کہا۔

''میرا سر بھی جھک گیا ہے، پاؤں بھی جکڑے گئے ہیں، اس کا کیا گیا، اس کو تو کوئی رب جھکا نہیں سکا، اس جیسا کوئی 'رب' پیدا ہی نہیں ہوا۔ رب نے ساری رسیاں میرے پاؤں میں ہی ڈال دی ہیں۔''

تارو کی مٹھیاں پھر بھنچ گئیں اور اس کے پاؤں پھر اکڑ گئے۔ ماں نے پانی کے کئی چھینٹے اس کے چہرے پر مارے۔ کئی چلو اس کے منہ میں ڈالے۔ آج پورو ٹھٹھک کر رہ گئی۔ اس نے پہلی بار سنا تھا کہ لڑکیاں اس طرح بھی سوچ سکتی ہیں۔ لڑکیاں اس طرح بھی بول سکتی ہیں۔ اب تو اس کو کئی غبار اٹھتے تھے اور اسے کوئی نام نہیں آتا تھا۔

''یہ دھوکا ہے۔ یہ سراسر دھوکا ہے۔ میرا کوئی بیاہ نہیں ہوا۔ سب جھوٹ بولتے ہو۔ تم مجھے پکڑتے کیوں ہو پیچھے ہٹو۔'' بیہوش تارو نے اپنے پاؤں زمین پر پٹخ دیے۔

''تارو ہوش کر، کیسی باتیں منہ سے نکال رہی ہے، کوئی سنے گا تو کیا کہے گا۔ وہ خاوند ہے تیرا، اپنا منہ بند رکھ، یونہی نہ بولتی جا۔'' تارو کی ماں اس طرح کہہ رہی تھی جیسے کسی انجان تارو کو ڈانٹ رہی ہو، ویسے اس کی اپنی آنکھیں نم تھیں۔ تارو کبھی ہوش میں آجاتی اور کبھی پھر سے حواس کھو بیٹھتی۔ ''وہاں جا کر یہ الٹی سیدھی باتیں نہ کرنا، جی قابو میں رکھ۔ وہ تجھے جانے یا نہ جانے، رب تو گواہ ہے ناں، تجھے وہ بیاہ کر لے گیا ہے۔'' تارو کی ماں کہہ رہی تھی۔

''ارے ماں! اگر رب نے میرے بیاہ کی گواہی دی ہے تو جھوٹی گواہی دی ہوگی۔ اری ماں میرا کوئی بیاہ نہیں ہوا۔'' تارو حواس باختہ ہو کر چھت کے لیے شہتیروں کو دیکھنے لگی۔ پورو اس تارو کے چہرے کو دیکھ رہی تھی جو تارو سب کچھ سوچتے ہوئے بھی، سب کچھ بولتے ہوئے بھی بیاہ کے اتنے بڑے جھوٹ سے چھٹکارہ نہیں پا سکتی تھی لیکن اس کی عمر کے دن بہت تیزی سے زندگی کے سارے جھوٹ سچ سے ناطہ توڑ رہے تھے۔ شام کا وقت ہو گیا تھا۔ پورو بھرے ہوئے دل کے ساتھ اٹھ کھڑی ہوئی، اس کا من جیسے بھری بھرائی دنیا سے یکدم اچاٹ ہو گیا۔ پچھلے کئی دنوں سے وہ اپنے گھر کی دیواروں سے بہل رہی تھی۔ اس کے اڑتے ہوئے من کو رشیدے کی چھوٹی چھوٹی باتوں نے، گھر کے چھوٹے موٹے کام کاج نے، سب سے بڑھ کر جاوید کے توتلے پن جیسے مہین دھاگے نے اپنی لپیٹ میں لے ہی لیا تھا۔ اس کا من کچھ ٹک گیا تھا۔ آج تارو کی رنج بھری باتوں نے جیسے پورو کے من کی تاریں ہلا دیں، اس کا من چین میں نہیں تھا۔ رات کا کھانا تیار کرتے ہوئے اس کو جیسے

نمک اور ہلدی کا تناسب بھول گیا تھا۔ اس کی دال بھوکھ بن کر رہ گئی تھی۔ اس کی بے ڈھنگی روٹیاں کناروں سے جل گئیں۔ اگلے دن بھی درد کسی طرح سے بھی پچھلے دن کی نسبت کم نہ ہوا۔ پھر معلوم نہیں پارو کو کیا سوجھا اس نے اپنا کھانا دو وقت کر دیا۔ رات ابھی آدھی سے زیادہ بھی نہ ہوتی وہ جاگ اٹھتی، دھیان ایک جگہ ٹکا کر کئی کئی گھنٹے آنکھیں اور کان بند کر کے دنیا و مافیا سے بے خبر ہو جاتی۔

اس کا سونا کم ہو گیا، اس کا کھانا کم ہو گیا۔ آہستہ آہستہ اس نے چوکر میں نمک ملا کر اپنے لئے ایک روٹی پکانی شروع کر دی جس کو گھی کا ہاتھ تک نہ لگتا جس کے ساتھ دودھ دہی بھی نہ ہوتا۔ وہ اسی روٹی کے سہارے سارا دن کاٹ لیتی۔ گنتی کے دنوں میں اس کی آنکھوں کے گرد نیلے نیلے ہالے گہرے ہونا شروع ہو گئے اور اس کا جسم بری طرح مرجھا گیا۔

پچھلے کچھ دنوں سے رشیدا بات بے بات پورو کا جی بہلاتا رہا۔ مذہبی تہواروں میں برتے گئے اصولوں پر ٹھٹھا ہنسی کرتا، پورو کا من پرچانے کی کوشش کرتا رہا۔ پیار بھی پہلے سے زیادہ کرنے لگا لیکن رشیدے کے سارے جتن جیسے پورو کے تر دل و دماغ سے نکل گئے۔

پورو کی حالت ویسی کی ویسی ہی رہی۔

رشیدے کا من روز جل جل کر اب بجھنے لگا تھا۔ پورو کا دن بہ دن اترتا ہوا چہرہ رشیدے سے دیکھا نہ جاتا جیسے رشیدے کے آنگن میں ویرانی نے پاؤں جما لئے ہوں۔ رشیدے کے چہرے پر بھی چپ نے ڈیرے ڈال لئے۔ وہ دونوں گھر، سماج اور جسم کی دیواروں میں جکڑے ہوئے تھے۔ لیکن دونوں کے درمیان ایک خلیج حائل ہو گئی تھی۔ پورو کے گھر دودھ دینے والی بھینسیں تھیں۔ وہ روزانہ دودھ جماتی، دہی بلوتی، رشیدے کے کھیت میں کام کرنے والے جب چارہ وغیرہ لے کر آتے وہ ان کو، ان کے بچوں کے لئے لسی کے کٹورے بھر دیتی۔ مکھن ڈال دیتی، پورو کے منہ کچھ نہ لگتا۔ رشیدے کا من بھی جیسے کھانے پینے سے اکتا گیا تھا۔ گھر کے چولھے میں گرم آگ دہکتی لیکن گھر میں بول چال اور زندگی کی ساری ہریالی پر کہر جم گئی تھی۔

جاوید کے بھولے بھالے چہرے پر جیسے ماں باپ کے اداس چہروں کی پرچھائیاں پڑی ہوئی تھیں، جاوید کے لئے کوئی خاص چاؤ نہیں رہ گیا تھا۔ بیشک پورو سارے فرائض نبھا رہی تھی اور بلاشبہ رشیدا جاوید کو دل سے پیار کرتا تھا۔

ایک رات سوئے ہوئے رشیدے کا جسم دہک اٹھا۔ سویر کو جب پورو نے رشیدے کے ماتھے پر

ہاتھ لگایا تو اُسے تیز بخار تھا۔

گاؤں کے حکیم نے اپنا دوا دارو کیا تھا۔ رشیدے کے بخار کو تیسرا دن تھا جب حکیم نے شبہ ظاہر کیا کہ رشیدے کو شاید معیادی بخار ہوا تھا۔

پورو کے سارے دھیان اور اداسی کو رشیدے کی بیماری نے کھینچ لیا تھا۔ وہ رشیدے کو دوا دیتی، جسم دباتی، رسوئی کو دیکھتی۔ جاوید کا چہرہ اتر گیا تھا، دوپہر ہو جاتی، جاوید کے چہرے پر میل جم جاتی، پورو کو اسکی کی دیکھ بھال کے لئے وقت نہ ملتا، کئی راتیں گزر گئیں، کئی دن گزرنے کے باوجود رشیدے کا بخار نہ اترا۔

''پورو میرا گناہ بخش دو، پورو میری بھول معاف کر دو، پورو..... پورو.....!'' رشیدا بخار کی غنودگی میں کہہ رہا تھا۔ رات کا تیسرا پہر تھا پورو گھبرائی، کئی دنوں کی تیمارداری اور راتوں کی بیداری نے پورو کو پہلے ہی تھکا دیا تھا، گھبرائی ہوئی پورو اٹھ کر رشیدے کی چارپائی کے پاس بیٹھ گئی۔ رشیدے کا ماتھا سہلاتی رہی۔ رشیدے کے پاؤں دباتی رہی لیکن رشیدے کو ہوش نہیں تھا۔

''اچھا پورو میں چلتا ہوں..... پورو میری روح.....'' رشیدا ٹوٹے پھوٹے جملے بولتا رہا۔ پورو کا جی ڈولنے لگا۔

''بس کر رشیدیا! میرے زخموں پر نمک نہ چھڑک۔'' پورو نے بلکتے ہوئے کہا لیکن رشیدے کو کوئی ہوش نہ تھا اور رشیدا اسی طرح کئی جملے بول رہا تھا۔ کوئی کوئی بات پورو کو سمجھ آتی اور کئی باتیں رشیدے کے گلے سے نکل کر اس کے ہونٹوں پر ہی ختم ہو جاتیں۔

رات کا اندھیرا بہت سیاہ تھا۔ پورو گھر میں اکیلی تھی لیکن پورو کو ایسے لگ رہا تھا کہ وہ ساری دنیا میں اکیلی ہے۔ رشیدے کے بغیر کسی نے پورو کے زخموں پر مرہم نہیں رکھنا تھا۔

گھڑے کے ٹھنڈے پانی میں کپڑے کے ٹکڑے بھگو بھگو کر پورو نے رشیدے کے ماتھے پر رکھے۔ ماتھا چولھے کی اینٹ کی طرح گرم تھا، کپڑے پانی میں بھیگتے رہے، کٹورے میں ڈالا ہوا پانی منٹوں میں گرم ہو جاتا، پورو نے پانی بدلا اور اس کی آنکھوں سے کئی بوندیں نکل نکل کر رشیدے کے ماتھے پر پڑتی رہیں۔

جب صبح کی پو پھٹی اس وقت تک معلوم نہیں پانی کی ٹھنڈک سے یا آنسوؤں کی گرمی سے رشیدے کا بخار اتر گیا۔ رشیدے کا جسم کھل گیا تھا۔ رشیدے کی بیہوشی نیند کے آرام میں بدل گئی۔

رشیدے کی آنکھ جب کھلی تو اس کو اپنا جسم ہلکا پھلکا محسوس ہوا۔ اس کے ماتھے میں آج درد کی ٹیسیں

نہیں اٹھ رہی تھیں۔ رشیدے نے آرام سے سانس لیتے ہوئے بائیں جانب کروٹ لی۔ پورو رشیدے کے سرہانے زمین پر بیٹھی بیٹھی چارپائی کی ٹیک لگائے سو چکی تھی۔ اس کے ایک ہاتھ میں اب تک گیلا کپڑا پکڑا ہوا تھا اور پاؤں کے پاس پانی کا کٹورا پڑا ہوا تھا۔

اپنی ساری بیماری، پورو کی ساری خدمت، رشیدے کے من میں نبرد آزما تھی۔ بیتی ہوئی رات کا مشکل وقت، رشیدے نے پورو کے چہرے اور کٹورے میں پڑے کپڑوں کو اچھی طرح دیکھا اور اپنا کمزور سا لاغر ہاتھ پورو کے سر پر رکھ دیا۔ پورو کے بکھرے ہوئے بالوں میں رشیدے کی انگلیاں پھرتی رہیں، رشیدے کی پوریں پورو کے کانوں اور ماتھے کو دھیرے دھیرے چھوتی رہیں۔ پورو کا بت نیند کی آغوش میں گرا ہوا تھا۔ آنکھوں کے کناروں سے آنسو نکل نکل کر رشیدے کے کھیس پر پڑتے رہے۔ رشیدا ایک عجیب سے نشے میں جاگتا رہا۔

رشیدے نے پورو کے جسم پر تو قبضہ کر لیا تھا، رشیدے کو لالچ تھی کہ پورو کی روح تک تمام حقوق حاصل کر لے۔ پورو کی اداسیاں رشیدے کو نوچ نوچ کھاتی تھیں۔ اس وقت پورو ٹوٹی ہوئی گندل کی طرح رشیدے کی چارپائی سے لگی ہوئی تھی۔

رشیدے میں ہمت نہیں تھی لیکن اس کی خواہش تھی کہ وہ پورو کو کلیجے کے ساتھ بھینچ لے۔ پچھلے دنوں کی گہری اداسی سے رشیدے کا من ٹھکرایا ہوا تھا۔ اس وقت رشیدے کو پورو کے چہرے سے نظر آ رہا تھا کہ پورو کے تن من میں رشیدے کے علاوہ کچھ بھی نہیں تھا۔ رشیدے نے ہاتھ مزید آگے کرتے ہوئے پورو کے رخسار سے لگا دیا۔ ہاتھ شاید زور سے دب گیا، ہاتھ کے دباؤ نے پورو کو جگا دیا۔ پورو ڈر گئی لیکن رشیدا کومل نظروں سے پورو کو دیکھتا رہا۔

رشیدے کو چارپائی پر پڑے پڑے ٹھیک دس دن ہو گئے تھے۔ اس کا بخار دھیرے دھیرے اتر گیا۔ وہ بہت کمزور ہو گیا تھا لیکن اس کا من بہت زیادہ چنچل تھا۔ پورو نے اپنا دھیان رشیدے کی طرف موڑ لیا تھا۔ رشیدے کے پاس بیٹھ بیٹھ کر پورو نے دن رات ایک کر دیے تھے۔ جاوید کو بنا سنوار کر پورو رشیدے کے پاس بٹھا دیتی، جاوید کو چھوٹے چھوٹے جملے سکھاتی، جاوید، رشیدے کے آگے پیچھے ہوتا اس کی نقلیں کرتا تھا۔ ماں کے سکھائے ہوئے ٹوٹے پھوٹے جملے بولتا تھا۔

رشیدے کا من جاگا ہوا تھا۔ رشیدے کا تن پھول سا ہلکا تھا۔ رشیدا من ہی من میں اپنی بیماری کو

دعائیں دیتا تھا۔ خوشی پہلے سے دگنی تگنی ہو کر رشیدے کے صحن میں لوٹ آئی تھی۔

پورو کا جی چاہا کہ کسی دن سچ مچ وہ بھول جائے کہ رشیدے نے اس کے ساتھ ظلم کیا تھا وہ رشیدے کو بہت پیار کرے۔ رشیدا اس کا شوہر تھا۔ رشیدا اس کے بچے کا باپ تھا۔ بس یہی ایک سچ تھا باقی سب جھوٹ۔

ایک اور پنجر

اگلے چند دنوں میں رشیدے نے ایک دو چکر اپنے گاؤں چھتو آنی کے لگا لیے تھے۔ اس کی جو زمین اپنے بھائی کے ساتھ مشترکہ تھی، وہاں سے اپنے حصے کا اناج وغیرہ لے کر بیچ دیا تھا لیکن پورو جس دن کی سکڑ آلے آئی تھی اس نے گاؤں سے باہر قدم نہیں نکالا تھا۔ کبھی رشیدا کچھ کہتا تو پورو ہنس کر کہہ دیتی ''میں نہ تو اپنی مرضی سے اس گاؤں میں آئی تھی اور نہ ہی اپنی مرضی سے اس گاؤں سے جاؤں گی۔'' جاوید اب دوڑتا پھرتا تھا۔ رشیدا ویسے شروع ہی سے نرم مزاج تھا، پورو سے وہ ویسے بھی پیار کرتا تھا لیکن جاوید سے اس کو بے حد پیار تھا۔ جاوید کو وہ چوم چوم کر بھی نہ تھکتا۔ جاوید بھولی بھالی باتیں بھی کرتا تھا ''ابا..... ابا.....'' کہتا وہ رشیدے کی ٹانگوں سے لپٹ جاتا تھا۔

پورو چولھے کو چکنی مٹی پوتتی۔ جاوید دوڑا دوڑا آ کر گیلی مٹی کو تھپتھپاتا۔ پورو کے بنائے ہوئے چولھے کو بگاڑ جاتا۔ پورو لسی میں نمک ڈال کر پینے لگتی۔ جاوید ہلدی اور مرچیں اس کی لسی میں ملا دیتا۔ جاوید الماریوں کے پیچھے چھپ جاتا، رشیدا اسے ڈھونڈتا رہتا۔ جاوید کی بچگانہ ہنسی پر رشیدا کی کے دانوں کی طرح کھل اٹھتا۔

ایک دن ایک عورت گلی میں مٹی کے کھلونے بیچ رہی تھی، جاوید مٹی کے چھوٹے چھوٹے کھلونے اور سرکنڈوں کے جھنجھنے دیکھ کر پورو کا آنچل کھینچنے لگا۔ پورو نے تھوڑے سے دانوں اور پرانے کپڑوں کے عوض مٹی کے کھلونے خریدے اور ابھی وہ گلی میں ہی بیٹھی ہوئی تھی کہ دور سے دوڑتی ہوئی ایک پاگل عورت گزری۔

عورتوں نے بھاگ کر اپنے بچے چھپا لیے، دروازے بند کر لیے، بچوں نے چیخنا شروع کر دیا۔ پاگل عورت کے جسم پر پنڈلیوں تک اونچی ایک شلوار تھی، اس کے سوا اس کے جسم پر کچھ نہ تھا، اس کا رنگ شاید دھوپ سے جھلسا ہوا تھا یا ویسے ہی کالا تھا، اس کے سر پر بالوں کی لٹیں بن گئی تھیں جیسے جب سے وہ پیدا ہوئی

تھی، کبھی نہائی دھوئی نہیں تھی، ٹانگوں کو عجیب طریقے سے بل دیتی، بازوؤں کو عجیب طرح سے پھیلاتی تھی، چلتے ہوئے بھی دوڑے جانے کا گمان ہوتا تھا۔ اس کے چہرے کی طرف دیکھنے سے اس کی ڈراؤنی ہنسی میں چھدرے دانتوں پر ہی نظر جاتی تھی، اس کے سوکھے ہوئے جسم سے اس کی عمر کا اندازہ لگانا مشکل تھا۔ ایک بنجر جیسے دوڑتا پھرتا تھا۔

پورو دیکھ کر کھڑی رہی، پاگل دوڑتی ہوئی آئی اور کھلونے بیچنے والی گلیلی کے چھاج سے کھلونے مٹھیوں میں بھر کر بھاگ گئی۔ اس کی ڈراؤنی اور چیختی ہنسی کی آواز دیر تک گلی میں گونجتی رہی۔ پگلی بھاگ گئی، عورتیں پھر دروازے کھول کر باہر آ گئیں۔ کھلونے بیچنے والی اپنے آدھے چھاج کو دیکھتی رہی۔ عورتیں ہنستی رہیں کہ وہ پاگل کھلونے اور جھنجھنوں سے کیسے ڈرائے گی۔ پگلی سارا دن کھیتوں میں گھومتی پھرتی۔ کھیت سے کچھ توڑ کر کھا لیتی، کئی دفع عورتیں ایک دو روٹیاں بیٹھی ہوئی پاگل کے سامنے پھینک دیتیں، وہ چبا جاتی۔ کئی بار عورتیں کوئی پھٹی پرانی قمیض اسے پہنا دیتیں، پاگل کھلکھلا کر ہنس پڑتی، قمیض پہنے رکھتی پھر اس کے بٹن توڑ دیتی پھر کسی دن قمیض دانتوں سے پھاڑ دیتی۔ لیریں اس کے گلے میں لٹکتی رہتیں، پھر پاگل ان لیروں کو بھی کھینچ کر اپنے جسم سے دور کر دیتی۔ کبھی اپنے جسم سے سب کچھ اتار پھینکتی۔ عورتیں پھر کوئی پھٹی پرانی شلوار، کوئی پھٹی پرانی قمیض اسے پہنا دیتیں۔

پگلی اب سکڑ آلے گاؤں میں جیسے رچ بس گئی تھی، اسے روز روز دیکھنے کی سب کو عادت ہو گئی تھی، کئی بار گاؤں کے چھوٹے چھوٹے لڑکے اس کے پیچھے پڑ جاتے، تالیاں بجاتے، اسے دوڑاتے، وہ اس کے پیچھے بھاگتے، پھر کوئی راہ چلتا سیانا لڑکوں کو دھمکاتا، لڑکے اس کا پیچھا چھوڑ دیتے۔

چھوٹے چھوٹے بچوں نے ضد کرنا چھوڑ دی، مائیں اس پاگل کا ڈراوا دیتیں۔ ''پگلی پکڑ کر لے جائے گی'' روتے ہوئے بچے سہم کر چپ کر جاتے۔ پاگل کسی چھپر تلے پڑی رہتی۔ کبھی کوئی پانی کا پیالا اس کے پاس، روٹی کا ٹکڑا اس کے سرہانے رکھ دیتا۔ کسی رحم دل نے چھپر کے نیچے ایک پھٹا لحاف رکھ دیا۔ پگلی آرام سے وہاں جا کر رات بھر پڑی رہتی۔

پگلی بس دوڑتی تھی اور ہنستی تھی۔ کسی کے بچے کو کچھ نہ کہتی تھی، کبھی کسی کی چیز کو ہاتھ نہیں لگاتی تھی۔ زمین پر گرے پڑے روٹی کے ٹکڑوں کو اٹھا لیتی اور چاٹ لیتی۔ کچھ ہی دنوں میں سب نے دیکھا اور پورو نے حیران و پریشان ہو کر دیکھا، پگلی کے پیٹ کا ابھار بڑھ رہا تھا، سارے گاؤں کی عورتیں جیسے شرما گئیں ہوں۔

پگلی نہ تو کچھ بولتی تھی نہ بتاتی تھی۔ پگلی کا جسم دن بہ دن بھرتا جا رہا تھا۔ پگلی کی پسلیاں روز بروز کسی جا رہی تھیں۔ عورتوں کا جی چاہتا وہ پاگل کو کچھ پہنا کر رکھیں۔ وہ پاگل کو کسی متبادل جگہ رکھیں۔ پگلی کے دھیان میں کچھ نہ آتا تھا۔ پگلی ویسے ہی ہنستی اور ویسی کی ویسی دوڑتی رہتی۔ ایک دن جب شام گہری ہو گئی، دو چار مرد مل کر پگلی کو ڈراتے دھمکاتے گاؤں سے باہر چھوڑ آئے۔ اس رات پگلی کسی کو نظر نہ آئی۔ سب نے سوچا، اب پگلی اس گاؤں سے چلی گئی ہے، آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔ پگلی اب کسی اور گاؤں چلی جائے گی۔

دوسرا دن ابھی آدھا ہی گزرا تھا کہ پگلی پھر گاؤں کی زمینوں میں گھوم رہی تھی۔ پگلی پہلے کی طرح گاؤں کے کھیتوں میں ہنس رہی تھی۔

وہ کیسا مرد ہوگا، وہ کیسا وحشی ہوگا جس نے اس طرح کی پاگل عورت کا یہ حال کر دیا۔ ساری عورتیں لعنت ملامت کرنے لگیں۔ سب شرمندہ ہو جاتیں۔

''جس کے پاس نہ حسن تھا نہ جوانی تھی، ماس کا ایک بت، وہ بھی ہوش میں نہیں تھا، صرف زندہ ہڈیوں کا ایک پنجر..... ایک پاگل پنجر..... چیلوں نے اسے نوچ نوچ کر کھا لیا.....'' پورو سوچ سوچ کر تھک جاتی۔ پگلی کا پیٹ روز بہ روز بڑھ رہا تھا۔

پنجر میں پنجر

صبح اندھیرا تھا، اندھیرے میں پورو بلا ناغہ کھیتوں کو جاتی تھی۔ وہ ابھی باہر والی پگڈنڈی پر چل رہی تھی، ایک درخت کے نیچے کسی انسان کا بت گرا ہوا تھا، وہ ٹھٹھک گئی لیکن اس کا دل اتنا چھوٹا نہیں تھا وہ دھیرے سے اس بت کی طرف بڑھی، اس کے لئے پہچاننا مشکل نہیں تھا۔ پگلی درخت کے نیچے پتھر ہو چکی تھی اور اس کے پاؤں کے قریب ایک نومولود کا بت تھا۔ جس کا ناڑو ابھی اس کی اوٹل سے لگا ہوا تھا۔

پورو نے آہ بھرتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کر لیں جیسے اس کے ہوش اڑ گئے ہوں۔ اس کی ریڑھ کی ہڈی میں جھرجھری گھوم گئی اور وہ الٹے پاؤں بھاگ کر رشیدے کو بلا لائی۔

ایک پھٹی ہوئی چادر کا پلو پورو نے پگلی کے جسم پر ڈالا، پھر رشیدے نے پگلی کی نبض کو ہاتھ سے ٹٹولا۔ نبض ٹٹولنے کی ضرورت نہیں تھی۔ موت کی مہر پگلی کے چہرے پر نمایاں تھی۔ بالوں کی ایک لٹ اس کے

ماتھے پر جم گئی تھی۔

قدرت اپنی پوری رعنائیوں کے ساتھ پگلی کے بالوں میں نظر آ رہی تھی، بچے کے منہ میں اس کا دایاں انگوٹھا تھا۔

''یا اللہ.....'' رشیدے کے منہ سے نکلا اور چاقو سے اس نے بچے کا ناڑو کاٹ دیا۔

پورو نے سر کے پلو میں بچے کو لپیٹ لیا اور دونوں گھر واپس آ گئے۔

صبح کی دھند کی طرح سارے گاؤں میں یہ خبر پھیل گئی، آٹا گوندھتے ہوئے عورتوں کے ہاتھوں سے پراتیں چھوٹ گئیں، جلتے تنوروں کو چھوڑ کر عورتیں پورو کے گھر بچہ دیکھنے جاتیں۔

روئی کے گالے جیسا سفید اور ملائم بچہ پورو نے نہلا دھلا کر ایک چوکی پر لٹایا۔ گرم دودھ میں گرم کپڑا بھگو کر اس نے اس کے ہونٹوں پر لگایا۔ بچہ پورے انہماک سے دودھ کی بوندیں چوس رہا تھا۔ جاوید اپنے نئے مہمان کو مڑ مڑ کر دیکھ رہا تھا۔

''رب تیرا بھلا کرے۔''

''رب تجھے زیادہ دے۔''

''تمہارے بچے جئیں۔''

''بہت اچھا کیا ہے۔''

عورتیں آ آ کر کہتیں، رحم کرنے پر اس کی ہمت بندھاتیں اور واپس لوٹ جاتیں۔ دو چار آدمیوں نے مل کر پگلی کی نعش ٹھکانے لگا دی۔

شام ہونے کو تھی، پورو بچے کے کاموں میں مصروف تھی۔ رشیدے نے لالٹین کی بتی صاف کر کے جب جلائی۔ بچے نے موٹی موٹی آنکھوں سے لالٹین کی طرف دیکھا۔ ابھی اس کی کچی نظر ٹک نہیں رہی تھی پھر وہ اپنے دھیان ہو گیا۔ پورو نے سوچنا شروع کر دیا۔

پگلی کے کالے پنجر کو کس مرد نے ہاتھ لگایا ہوگا۔ شاید پگلی کی مرضی سے، شاید زبردستی سے اور اس مرد کو کبھی بھول کر بھی یاد نہ آیا کہ اس نے پگلی کے ساتھ کیسی ہونی برتی ہے۔ کبھی اس بھوکے مرد کو اپنے بچے کی بھی یاد نہ آئی جس کی امانت اس نے پگلی کے پاس رکھی تھی.....

پگلی کو شاید علم بھی نہیں تھا کہ اس کے گھر ایک بیٹا پیدا ہوگا۔ درد زہ اس نے کس طرح برداشت کیا ہو

گا۔ اس کے لئے کسی دائی کے دل میں رحم نہ اٹھا۔ رات کے اندھیرے میں وہ چیختی ہوگی۔ کھلی ہواؤں کے جھونکوں سے لڑتی ہوگی۔ ٹھنڈی زمین کی مٹی پر بلکتی ہوگی لیکن قدرت کے کڑے قانون سے جڑا سارے درد سمیٹے اس کا بچہ خود باہر دنیا میں آیا ہوگا۔ مٹی پر گر گیا ہوگا اور درد کی ماری پگلی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی ہوگی۔ پھر پورو کو یاد آتا، پگلی نے زندہ رہ کر کیا لینا تھا۔ اس نے اپنے بچے کی کونسی دیکھ بھال کرنی تھی۔ اچھا ہوا اس کی جان چھوٹ گئی۔ اس کا بچہ کتنا خوبصورت تھا۔ ٹیڑھی ہڈیوں کے پنجر میں کیسے اتنا خوبصورت بچہ پل گیا۔ کیسی موٹی موٹی اس کی آنکھیں تھیں۔ بھرا ہوا چہرہ تھا، پورے مرد کا ایک چھوٹا سا ڈھانچہ تھا۔ نہ جانے اس کا بدبخت باپ کون تھا.....

انہیں سوچوں میں پورو کو نیند آ گئی۔ اس نے دیکھا ایک تیز گھوڑی پر رشیدا اسے اٹھا کر بھاگ رہا تھا۔ کسی باغ کے چھپر میں اس کو تین دن رکھا، رشیدے نے پورے تین دن رکھنے کے بعد گھر سے نکال دیا تھا۔ پورو پگلی ہوگئی۔ گلیوں میں پھرنے لگ پڑی، اس کے پیٹ میں ایک بچہ سرکنے لگ پڑا اور پھر..... پھر ایک دن ایک درخت کے سایے میں پورو نے ایک بچے کو جنم دیا جس کی شکل ہو بہو جاوید جیسی تھی۔ اس کا بچہ اس کی چھاتیوں سے لگ کر دودھ کے لئے رو رہا تھا اور پورو کو دودھ نہیں آ رہا تھا.....

پورو کی ڈر سے آنکھ کھل گئی، سامنے چوکی پر اس کا نیا بچہ سخت رو رہا تھا۔ پورو نے اٹھا کر سینے سے لگا لیا۔ پھر ڈرتے ہوئے اپنے جاوید کا چہرہ دیکھا۔ جو قریب ہی چارپائی پر تھوڑی دیر پہلے سو گیا تھا۔ پھر پورو نے ڈرتے ہوئے باہر چولھے کے پاس بیٹھے ہوئے رشیدے کو دیکھا۔ رشیدا ابھی تک اس کو چھوڑ کر نہیں گیا تھا اور نہ ہی اس نے اس کو گھر سے نکالا تھا۔ وہ اپنے گھر میں صحیح سلامت تھی۔ رشیدا اس کا مہربان شوہر تھا اور جاوید اس کا گھنگریالے بالوں والا بہت خوبصورت بیٹا تھا۔ اس کی گلی میں رہنے والی کو بھی اس سے چوری چھپے پیار کا اظہار کرتی۔ پورو کے دکھ بانٹتی تھی اور اب اس کا خاندان بڑھ گیا تھا، اس کے گھر میں اللہ نے ایک اور بیٹا بھیج دیا تھا۔ پورو نے اٹھ کر نومولود کا ماتھا چوم لیا۔

پورو نے اٹھ کر سفید زیرہ مٹھی بھر کر کھایا۔ جاوید پورو کا پورے دو سال تک دودھ پیتا رہا اور دودھ چھڑوائے زیادہ دن نہیں ہوئے تھے اس نے سنا ہوا تھا کہ سفید زیرہ کھانے سے عورت کو دودھ اتر آتا ہے۔ اس نے چھوٹے بچے کو اپنا دودھ پلانا شروع کر دیا۔

تین دن کے بعد پورو کو سچ مچ دودھ اتر آیا۔ گاؤں کی عورتیں دیکھ دیکھ حیران ہوتیں، بچہ پورو کے

چھوٹے بچے کی حیثیت سے پلنے لگا۔

دعویدار

جڑی ہوئی پاتھیوں میں جیسے دھیرے دھیرے آگ دہکتی ہے، گاؤں میں کھسر پھسر چل نکلی تھی۔ ''پگلی ہندو تھی، اس کے بچے کو مسلمانوں نے لے لیا ہے، سارے گاؤں کے سامنے انہوں نے ہندو بچے کو مسلمان بنالیا ہے۔'' بلی جیسے اپنے بلونگڑے کو جگہ جگہ اٹھائے پھرتی ہے پورو چھوٹے بچے کو گلے سے لگا کر اندرونی کمرے میں جا بیٹھتی، دیواروں کو چیر چیر کر بھی باتیں اس کے کانوں میں پڑ جاتیں، پہلے تو ایک دو ہندو گھروں میں صلاح مشورے ہوتے رہے۔

''بلاشبہ پگلی ہندو تھی۔'' کوئی کہتا۔

''ہم نے خود سنا ہے کہ وہ لالہ موہی کے کھاتے پیتے گھرانے کی اچھی بھلی بیٹی کو اس کی سوتن نے اس کو مسان (جلے ہوئے مردے کی راکھ) کھلا دیئے تھے۔ اس وقت سے وہ پاگل ہوگئی تھی۔'' کوئی کہتا۔

''سنا ہے گھر والوں نے زنجیروں میں باندھ باندھ کر رکھا لیکن اس کی قسمت میں خوار ہونا لکھا تھا۔'' کوئی یہ کہتا۔

''یہ تو صرف باتیں ہیں، میں نے خود اس کے بائیں بازو پر ''اوم'' کھدا ہوا دیکھا ہے'' کوئی آدمی اپنی بات پر زور دے کر کہتا۔

''اندھیر ہے دوستو! ہمارے دیکھتے دیکھتے مسلمان ہماری آنکھوں میں مٹی ڈال گئے.....''

''لعنت ہے ہم پر، ہندو بچے کو انہوں نے پل بھر میں مسلمان بنالیا۔''

''چھوڑو دوستو! نہ جانے وہ کس کی ناجائز اولاد ہے۔ ہم اس کتے کے بچے کو کہاں باندھیں گے۔'' کوئی آدمی یہ بھی کہہ دیتا۔

''نالائق! سوال اس وقت مذہب کا ہے اس طرح تو کل کلاں کو وہ سارے گاؤں کو مسلمان بنالیں گے اور تم ان کا منہ دیکھتے رہو گے۔'' ایک دو آدمی اکٹھے ہی اونچی آواز میں بول اٹھتے۔

کمرے کی فضا کچھ اس طرح ہو جاتی جیسے دروازوں کے اندر وہ گھٹ کر رہ گئی ہو۔

''اس لڑکے کو واپس لے کے رہیں گے، دیکھ لیں گے کون ہماری راہ میں آتا ہے۔''

''اصل میں تو چار پیسوں کی بات ہے، مہری کو چندا اکٹھا کر دیں گے وہ خود ہی لڑکے کو پال پوس دے گی۔'' کوئی آدمی جوش سے زمین پر آگے سرکتے ہوئے کہتا۔

''ہم اتنے بھی گئے گزرے نہیں، سارا گاؤں مل کر ایک بچہ بھی نہیں پال سکتا؟''

''نہ جانے بچہ بھی پگلی کی طرح گونگا بہرہ ہی نہ نکلے کہ.....'' درمیان سے پھر کوئی آدمی بول اٹھتا۔

''پھر کیا ہے دھرم شالا میں بڑا ہو کر جھاڑو لگا دیا کریگا، دو وقت کی روٹی ہی کھائے گا۔''

پھر وہ ایک دوسرے کی دلیری پر بلا شیری دیتے، اور خوش ہوتے۔

''پہلے مہری سے تو پوچھ لو۔'' کوئی آدمی کہہ دیتا۔

''ارے واہ، کیوں نہیں رکھے گی، چاندی کا جوتا اس کے سر میں دے ماریں گے اور پھر لڑکے کی بات کریں گے۔''

''ارے بچے کا کیا ہے، دھرم شالا میں تو ڈھور ڈنگروں کا ہی اتنا کام ہے، مفت میں کام کرنے والا مل جائے گا۔

''پہاڑ سے ابھی گری نہیں..... ارے لڑکا بڑا تو ہو لے، پہلے ہی اس کا....''

''ارے مرتے کیوں جا رہے ہو؟ اگر دھرم کے نام پر تم اتنا کچھ بھی نہیں کر سکتے تو جا مرو اندھے کنویں میں۔''

''تمہارے کھیت کا پانی کوئی اپنے کھیت کو لگا لے تو تم اس کا سر پھاڑ دیتے ہو، آج وہ تمہارے ہندوؤں کا لڑکا اٹھا کر لے گئے ہیں تو تمہارے منہ کو پھپھوندی کیوں لگ گئی ہے؟''

کمرے کی فضا اس طرح ہو جاتی جیسے اس میں پتھر کے کوئلوں کا دھواں مل گیا ہو۔ اب رشیدا جب باہر اپنے کھیتوں کو جاتا تو پاس سے گزرتے ہوئے ہندو اسے گھور گھور کر دیکھتے، رشیدا اپنے ہی دھیان میں چلتا جاتا۔

ایک دو بار رشیدے نے دھیرے دھیرے پورو سے کہا بھئی'' گاؤں کی فضا اچھی نہیں، انہوں نے اس جھگڑے سے کیا لینا ہے۔ ویسے ہی بات بڑھ جائے گی۔ کوئی بات نہیں اگر ان کی یہی مرضی ہے وہ لڑکے

لے جاتے ہیں تو لے جائیں، جو لڑکے کی قسمت میں ہے وہ ہو جائے گا۔"

پورو کہتی تو کچھ نہ، ویسے اسے ہول اٹھتے۔ اس نے ہڈیوں کے چھوٹے سے پنجر کو دن رات گلے لگا لگا کر چھ ماہ کا کیا۔ اب وہ بھی جاوید جیسا گول مٹول نکلتا آ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں پورو کو پہچاننا شروع ہو گئی تھیں۔ جہاں جہاں پورو جاتی وہیں اس کی آنکھیں اس کا پیچھا کرتیں، وہ رشیدے کو دیکھ دیکھ کر اس کی طرف بڑھتا تھا.....

پھر پورو سوچتی پہلے ہی دن ہندوؤں کو کیوں خیال نہ آیا، اسے لے جاتے، پال لیتے اس کو ماں کی آغوش دیتے۔ اس کو باپ کا پیار دیتے۔ پورو نے چھ مہینے راتیں جاگ جاگ کر گزاری تھیں۔ اس نے زیرہ پھانک پھانک کر اپنی نسوں سے دودھ نکالا تھا۔ اس نے اس کے گندے کپڑے دھو دھو کر اپنے ناخن گھسا لئے تھے۔ پھر پورو کو یاد آتا اس نے اپنے بچے کو شہد کی گھٹی دی تھی اور اپنے نزدیکی مسلمان گھروں میں پنجیری بانٹی تھی کہ بچے کو کہیں بڑے ہو کر یہ خیال نہ آئے کہ اس کے لئے کسی نے کچھ نہیں کیا۔

ایک دن.... گاؤں کے سرپنچ نے رشیدے کو بلا بھیجا۔ پورو کے ہونٹوں پر پپڑی جم گئی، وہ سوچ میں پڑ گئی۔ سارا اسی کا کیا دھرا ہے۔ رشیدے کو وہ برا بھلا کہیں گے۔ رشیدے کی وہ بے عزتی کریں گے.....

پورو کہہ رہی تھی کہ وہ رشیدے کے ساتھ جائے گی۔ ان کے سوالات کے جوابات اس کے پاس تھے، وہ خود جا کر ان سے لڑکے کی بھیک مانگ لے گی..... لیکن رشیدا نہ مانا اور اکیلا ہی وہاں چلا گیا جہاں انہوں نے اسے بلایا تھا۔

گاؤں کے ایک ہندو سرپنچ کے صحن میں تین چار چارپائیاں بچھی ہوئی تھیں جن پر گاؤں کے جانے پہچانے ہندو جاٹ بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کا خیال تھا رشیدا دو چار دوستوں کے ساتھ آئیگا یا ہو سکتا ہے نہ آئے پھر وہ رشیدے سے برے طریقے سے پیش آئیں گے لیکن رشیدا وہاں اکیلا ہی چلا آیا، سلام دعا کرتے ہوئے وہ ان کے سامنے بیٹھ گیا۔

"کیوں بھئی کیا مرضی ہے تیری...؟ لڑکا واپس کرنا ہے کہ نہیں۔" حقے کی نڑی کو منہ سے ایک طرف کرتے ہوئے ایک نے اپنی بھاری بھرکم آواز میں کہا۔

"میری کیا مجال ہے؟ اللہ کی ذات ہے دینے والی اور لینے والی میں کون ہوتا ہوں۔" رشیدے نے

ایک ہاتھ ماتھے پر رکھا اور آسمان کی طرف دیکھا۔

''یہ تو ہوئیں چکنی چپڑی باتیں، سیدھی طرح بات کر۔'' ایک نے طیش میں آ کر کہا۔

''میں تو اللہ کے بھروسے پر اسے اٹھا لایا ہوں اگر دیر ہو جاتی تو شاید کسی حیوان کی نظر ہو جاتا لیکن اللہ کی طرف سے ابھی اس کی زندگی تھی.....''

''ٹھیک ہے اگر رب کی طرف سے دھاگا لمبا ہے تو کوئی بھی اسے توڑ نہیں سکتا لیکن تمہیں پتہ ہونا چاہیے کہ اس کی ماں ہندو عورت تھی اور ایک ہندو کے بچے کو اٹھا کر لے جانا ہم برداشت نہیں کر سکتے۔''

''بھلے مانسو! مجھے نہیں معلوم کہ وہ ہندو تھی یا کچھ اور؟ وہ ہندو گھروں سے بھی کھاتی تھی اور مسلمان گھروں سے بھی کھاتی تھی.....'' رشیدا کہہ رہا تھا۔

''لیکن وہ تو شدائن تھی تم تو شدائی نہیں ہو۔'' درمیان سے بات کاٹتے ہوئے کوئی کہہ رہا تھا۔

''ٹھیک ہے لیکن پہلے دن ہی اس لڑکے کو لے لیتے، پال لیتے، میں نے کب نہ کی ہے۔ مٹھی برابر وہ پنجر تھا، میری گھر والی نے دعائیں مانگ مانگ کر چھ ماہ نکالے ہیں اب وہ بچ نکلا ہے تو آپ کو بھی یاد آ گئی ہے۔ خدا کا خوف کھاؤ، خدا ترسی کرتے ہوئے آپ نے پالنا ہے، خدا ترسی کرتے ہوئے میں پال رہا ہوں اور اس میں سے میں نے کیا لینا ہے۔'' رشیدے نے کچھ اس طرح کہا کہ دو تین آدمیوں کے چہروں پر بھی یہی خیال نمودار ہوا، چھوڑو جانے دو، پال رہا ہے تو پالنے دیں، مفت میں بلا گلے میں ڈالنی ہے۔

''دیکھو! ہم بات بڑھانا نہیں چاہتے، نہ ہی وہ ہمارا کچھ لگتا ہے اور نہ ہی تمہارا کچھ لگتا ہے، یہ دھرم کا سوال ہے سو دھرم کی راہ میں الجھنا نہیں چاہیے ویسے ہی تم اپنی جان کے لئے خطرہ مول لے لو گے۔ کسی نے تمہارے ساتھ اگر اونچ نیچ کر دی تو ہم ذمہ دار نہیں اب خود ہی بھلے مانسوں کی طرح لڑکا واپس کر دو۔ ویسے ہی اگر چار دن کھلانے پلانے کے عوض چار پیسے لینے ہیں تو لے لو۔'' ایک سرپنچ نے کہا۔

''بیشک..... بیشک.....'' کہہ کر سارے بول اٹھے۔

''اللہ..... اللہ.....'' رشیدے نے دونوں ہاتھ اپنے کانوں کو لگائے۔

''مہری کھڑی ہے، ہمارے دو تین لوگ تیرے ساتھ جاتے ہیں اور لڑکے کو تیرے گھر سے لے آتے ہیں ہم خود ٹھیک کر لیں گے۔''

''میں ایک بار تم سب کی منت کرتا ہوں اس بے چارے پر رحم کھاؤ اور جہاں ہے وہیں رہنے دو۔

میری گھر والی اسے اپنے جنم دیئے ہوئے کی طرح پال رہی ہے۔" رشیدے نے دونوں ہاتھ جوڑ دیے۔

"ہم نے تجھے سیدھا راستہ دکھا دیا ہے اگر تم سکھی رہنا چاہتے ہو تو بھلے مانس کی طرح چلو ورنہ ہم جانتے ہیں کہ گھی سیدھی انگلی سے نہیں نکلتا....." دو تین آدمی چارپائیوں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور چادروں کی بغل ماری، اندرونی کمرے سے مہری آ گئی۔ رشیدے کو کھڑا ہونا پڑا، سب لوگ رشیدے کے گھر کی طرف چل دیے۔ پورو اپنے گھر کے دروازے کے پاس کھڑی ہو کر گلی سے قدموں کی چاپ سن رہی تھی۔ جیسے ہی اس نے رشیدے کا جھکا سر اور تین چار آدمیوں کو اس کے ساتھ آتے دیکھا پورو کا کلیجہ دھک سے رہ گیا۔ آج پورو کو اپنے وہ دن یاد آ گئے جس دن اس کی ماں کا ساتھ چھوٹا، جس دن اس کے باپ نے آنکھیں پھیر لیں، جس دن اس کے بہن بھائی اس سے بچھڑ گئے تھے۔ یہ لڑکا بھی اس کے جسم کا حصہ بن چکا تھا اور اس رشتے کے ٹوٹنے میں بھی اتنا ہی درد تھا۔

پورو نے بھاگ کر لڑکے کو سینے سے چمٹا لیا۔ رشیدا اپنے صحن میں اس طرح آ کر کھڑا ہو گیا جیسے کچھ کھو گیا ہو۔ نہ تو رشیدے کو کچھ کہنے کی ضرورت تھی اور نہ ہی پورو کو کچھ پوچھنے کی۔ مہری بھی پل بھر کو سکتے میں آ گئی۔ پورو کے سینے سے بچے کو علیحدہ کرنا بہت مشکل لگا۔

"جلدی کرو، دیر ہو رہی ہے، ہم نے کام کاج بھی کرنا ہے۔" ساتھ آئے ہوئے تینوں نے کرخت لہجے میں کہا۔

مہری نے دونوں ہاتھ بڑھا کر بچہ پورو کے ہاتھوں سے اچک لیا۔ پورو کا پلو لڑکے کے ہاتھ میں تھا۔ پورو کو اس طرح لگا جیسے لڑکا اپنے ہاتھ سے اس کا کلیجہ نکال رہا ہو۔ پورو کا پلو کھنچتا چلا گیا۔

مہری نے لڑکے کے ہاتھ سے پلو چھڑا دیا۔ لڑکا بلک اٹھا شاید اجنبی ہاتھوں سے۔ پورو ٹوٹی ہوئی شاخ کی طرح سہارا لیکر بیٹھ گئی۔ گلی کے موڑ سے ابھی تک بچے کے رونے کی صدا آ رہی تھی۔ شام تک پورو کی چھاتیوں سے دودھ کے بہنے سے اس کی قمیض بھیگ گئی۔ وہ کہتی تھی لڑکا بھوک سے بلک رہا ہوگا۔ اسی لئے اس کا دودھ نکل نکل کر بہہ رہا تھا۔ پورو کے گھر رات کا کھانا کسی نے بھی نہ کھایا جب جاوید نے معصومانہ انداز سے پوچھا۔

"ابا! ہمارے کاکے کو کہاں لے گئے ہیں؟" یا "ابا! ہمارا کاکا کب آئے گا؟"

پورو اور رشیدا لاجواب ہو کر اجاوید کی طرف دیکھتے شرمندہ سے ہو کر چپ کر جاتے۔

پورو کی آنکھوں کے سامنے کمو کا چہرہ آ جاتا۔ پورو کی آنکھوں کے آگے لڑکے کا چہرہ آ جاتا۔ پورو رہ رہ کر سوچتی، وہ ٹوٹے ہوئے پھولوں کو کیوں سینے سے لگا لگا کر بیٹھتی ہے؟ وہ ٹوٹی ہوئی کلیوں پر پانی کا چھڑکاؤ کیوں کرتی ہے؟ سب ہی اس کے لئے غیر تھے۔ کوئی بھی اس کا اپنا نہیں بنتا تھا۔ پھر رہ رہ کر اس کو رشیدے کا چہرہ اچھا لگتا۔ ایک وہی اس سے نبھا کر رہا تھا۔ صرف وہی اس کا اپنا تھا، اس کے جاوید کا باپ۔

دوسرا دن اور پھر تیسرا دن گزرا اس سے اگلے روز سارے گاؤں میں ایک ہی شور تھا ''لڑکے نے نہیں بچنا، لڑکا قریب المرگ دکھائی دیتا ہے، لڑکے کا کوئی حال نہیں، دودھ کا جو گھونٹ بھی اس کے حلق سے اترتا ویسے کا ویسا ہی باہر آ جاتا۔''

پورو دیواروں کے ساتھ لگ لگ کر روتی، پورو کی چھاتیاں دودھ اکٹھا ہونے کی وجہ سے اکڑ گئیں۔ بچے کو دودھ پیئے کافی دن ہو چکے تھے۔

''بچے کا دودھ چھڑوا لیا ہے، بچے کی آہ ضرور پڑے گی۔''

''اگر لڑکا مر گیا تو گاؤں پر آفت آ جائے گی۔''

''میں تو اپنے شوہر سے کہتی ہوں، بھلے مانسوں کی طرح جہاں سے بچہ لائے ہو وہاں ہی چھوڑ آؤ۔''

''ہم خود بچوں والے ہیں کسی کی آہ بہت بری ہوتی ہے۔''

''میرا مرد اپنی ہی منواتا ہے میں تو پہلے ہی کہہ رہی تھی کہ پرائی آگ سے تم نے کیا لینا ہے؟''

''کہتے ہیں رات کو مہری نے ٹھنڈا دودھ لڑکے کو پلا دیا تھا، لڑکا کی جان کو خطرہ مزید بڑھ گیا ہے۔''

''بھینس کا دودھ بھلا چھوٹے سے بچے کو کیسے ہضم ہوتا، لڑکے کو ابکائیاں آنی شروع ہو گئیں۔''

''اری بچے نے دھوکہ کھایا ہے۔ جب سے پیدا ہوا ہے اس کا چہرہ دیکھتا رہا ہے، اب وہ کیسے بھولے۔''

''بیچارا بے زبان ہے۔''

گاؤں کی ہندو عورتوں کے منہ پر یہی باتیں تھیں۔ پورو جب یہ باتیں سنتی اس کا جی چاہتا کہ بھاگی بھاگی دھرم شالا جائے اور ان کی منتیں کرے، ایسے ہی ایک جی کو مت مارو۔ بچہ میری جھولی میں ڈال دو، یہ بچ جائے گا۔

پورو کو حوصلہ نہ ہوتا، اسے امید نہیں تھی، پتھر دل مذہبی لوگ اس کی منت نہیں سنیں گے..... اس سے

اگلے دن بھی کچھ نہ ہوا۔

پھر اچانک رشیدے کے صحن میں دو چار لوگ آ کھڑے ہوئے۔

"یہ لو اس کی زندگی تمہارے حوالے کرتے ہیں اگر بچ سکتا ہے تو بچا لو اور انہوں نے سفید کپڑوں میں لپیٹا ہوا پیلا بے ہوش بچہ رشیدے کی جھولی میں ڈال دیا۔

ایک بار تو رشیدے کا جی چاہا کہ وہ کس کر ایک تھپڑ ان کے منہ پر دے مارے۔

''میری چھ ماہ کی خدمت کے عوض تم چاندی کے چار سکے دیتے تھے اب اس کی ٹانگیں قبر میں لٹکا کر میری حوالے کرنے آئے ہو، جاؤ جہاں مرضی لے جاؤ۔'' پورو کا خوش چہرہ دیکھ کر رشیدا سب کچھ پی گیا۔ ایک ہی ہفتے کے اندر اندر لوگوں نے سارے گاؤں نے دیکھا، لڑکا پورو کے صحن میں اچھا بھلا کھیل رہا تھا۔

رتو وال

رحیمے کی بوڑھی ماں کی دونوں آنکھوں کی روشنی ختم ہو رہی تھی۔ رحیمے کی ایک بیوی سات ماہ کی نرم و نازک بچی چھوڑ کر مر گئی اور اس کی دوسری بیوی کی ساس سے کم ہی بنتی تھی۔ رحیمے پر مشکل وقت دیکھ کر اسے افسوس ہوتا، ابھی تک اس کے ہاتھ پاؤں سلامت تھے وہ رسوئی کے بیسیوں کام سنوارتی تھی۔ اس نے روئی کات کات کر دریوں سے ٹرنک بھر دیے تھے، اس نے سوت کات کات کر چادروں اور کھیسوں سے گھر بھر دیا تھا۔ ابھی تک وہ اپنے بڑھاپے میں دانے صاف کر لیتی، آٹا پیس لیتی، کپاس بیل لیتی، صبح سویرے دودھ بلونے کے لئے بیٹھ جاتی تھی پھر بھی اس کی بہو اس کا مذاق اُڑاتی کرتی اور سوچتی تھی اگر وہ آنکھوں سے محتاج ہو گئی تو اس کو کسی نے پانی بھی نہیں پوچھنا۔

دن رات افسوس کرتی رحیمے کی ماں نے ایک دن پورو کی منت کی کہ وہ اگر پندرہ دنوں کے لئے اس کے ساتھ چلے تو وہ اپنا علاج کروا لے شاید اسے افاقہ ہو۔

''اماں! وہ حکیم کہاں رہتا ہے؟'' پورو نے پوچھا۔

''حکیم کہیں نہیں بیٹی! ایک باؤلی ہے اسے بزرگوں کی دین ہے۔ کہتے ہیں اس کے پانی سے روزانہ سویرے نماز پڑھ کر آنکھیں دھوئی جائیں تو دنوں میں آنکھوں کی روشنی واپس آ سکتی ہے۔ سنا ہے وہاں

سے کئی نابیناؤں کی بینائی واپس آ گئی ہے۔ باؤلی کی مٹی بھی آنکھوں پر لگاتے ہیں۔''

''اماں وہ باؤلی کہاں ہے؟''

''رتووال گاؤں میں، ایک فقیر وہاں رہتا ہے۔ آئے گئے مریضوں کے لئے اس نے باؤلی کے پاس خیمہ لگوایا ہوا ہے۔''

پورو کے کانوں میں جیسے کسی نے تنکا چبھو دیا ہو۔ رتووال ... رتووال..... چھتو آئی کے کھیتوں کے پاس کھڑی ہو کر جس رتووال کو جاتی ہوئی سڑک کا پورا منہ دیکھتی تھی، جس سڑک سے کسی نے پورو کو لینے کے لئے گھوڑی پر چڑھ کر گزرنا تھا... رتووال..... رتووال.....

پورو کے پیروں سے وہ راستے کبھی میلے نہ ہوئے۔ پورو نے اپنی آنکھوں سے کبھی وہ گاؤں نہیں دیکھا۔ پورو کو ایک بھولا ہوا نام یاد آیا رام چند..... رام چند.....

پورو کے اندر سے ایک دھواں اٹھا اور وہ ساری کی ساری شکوے شکائتوں سے لبریز ہو گئی۔

''ایک بار اس آدمی کا چہرہ تو دیکھوں، کس طرح کا ہے، ایک بار اس کا گاؤں تو دیکھوں کہ کیسا ہے؟''

''اچھا ماں! میں تیرے ساتھ جاؤں گی۔'' پورو کے منہ سے جلدی میں نکل گیا، پھر پورو شرمندہ سی ہو کر اس کے چہرے کی طرف دیکھنے لگی۔ اسے محسوس ہوا جیسے رحیمے کی ماں نے اس کے اندر کی بات بوجھ لی ہو۔

''اللہ کرے تیرے بچے جئیں، دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو۔''

رحیمے کی ماں کے دل سے دعائیں نکلیں۔ شاید اس کے من میں خیال آیا کہ کہیں اس کی اپنی بہو بھی اتنا میٹھا بول سکتی۔

''اماں! جاوید کے باپ کو تم راضی کرو میں نہیں کہوں گی۔'' پورو نے شرمساری کے کہا۔

''لو دیکھو، وہ میرا بیٹا ہے کبھی انکار نہیں کر سکتا۔ میری خاطر چار دن مشکل میں گزار لے گا۔'' رحیمے کی ماں نے بڑے دعوے سے کہا۔

پورو اچھی طرح جانتی تھی کہ رشیدا اس کی بات نہیں ٹالے گا لیکن رشیدے کے سامنے رتووال کا ذکر کرنا پورو کے لئے مشکل تھا۔

اس رات پورو کو کئی خیال آئے "وہ میرا کون ہوتا ہے۔ میں تو آنکھ اٹھا کر بھی اسے نہ دیکھوں۔ پرایا مرد مجھے اس کے گاؤں سے کیا؟ گاؤں میں رہتا ہے تو بے شک رہے، اماں اپنا علاج کروائے گی پھر ہم واپس آ جائیں گے۔ پگلی یہ تیرا اندر ہے جو اس کے بارے میں سوچتا ہے، اسے تو تم ایک برے خواب کی طرح بھی یاد نہیں ہوگی....."

پورو سوچتی کہ اس کے گاؤں میں جا کر رات ہوتے ہی اس کے اندر سے جیسے کوئی سوئے ہوئے مردے اکھاڑے گا، اس کے اندر جیسے کوئی مردوں کو جگائے گا، ان کفنوں کو اتار کر کیا لینا؟ وہ رتو ڈال نہ جائے۔ وہ رتو ڈال کے راستے سے بھی نہ گزرے۔ پورو کی زبان سے نہ تو نہیں میں جواب آتا اور نہ ہی ہاں میں۔

جاوید باپ کے بغیر نہیں رہ سکتا تھا اس لئے رشیدے نے اسے ساتھ نہ بھیجا۔ دونوں عورتوں کو پہنچانے کے لئے رحیمے کا ایک پرانا نوکر ان کے ساتھ گیا۔ پورو چھوٹے بچے کو ساتھ لے گئی۔

ان کا نوکر اپنا سارا سامان پیچھے رکھ کر یکے کے اگلے پھٹے پر یکے والے کے ساتھ بیٹھ گیا، پورو اور اماں آمنے سامنے سیٹوں پر بیٹھ گئیں۔ یکے کے پہلے ہچکولوں سے ہی پورو کا بیٹا اس کی جھولی میں سو گیا۔ آگے بیٹھے ہوئے نوکر نے اس سے بچہ لے لیا۔ یکہ رتو ڈال کے راستے پر چلنے لگا۔

گھوڑے کے کھروں کی آوازیں جیسے پورو کے دماغ میں بج رہی تھی۔ اس نے اپنا ماتھا یکے کے بانس سے ٹکایا اور اسے نیند آ گئی۔

سجی ہوئی پالکی میں پورو چاندی کے تھیلے والے ایک گھاؤ تکیے پر بیٹھی ہوئی تھی۔ چوڑے کے بوجھ سے اس کے بازو اٹھ نہیں رہے تھے۔ ہوا کے ایک جھونکے سے پالکی کا کپڑا ذرا سا سرکا۔ مدھم سی روشنی میں اس نے دیکھا۔ اس کے ہاتھوں پر حنا کے ٹھپے لگے ہوئے تھے۔ کتنی خالص حنا تھی۔ اس کی سہیلیوں نے بہت زیادہ لگا دی تھی۔ پگلی کہار نہ جانے کیسے چلتے ہیں، پالکی میں بیٹھے ہوئے اس کے پہلو تھک گئے تھے۔ پالکی ہچکولے کھا رہی ہے..... اس کے گندھے ہوئے سر سے اس کا آنچل ڈھلک گیا۔ اس نے ہاتھ اونچا کر کے آنچل ٹھیک کیا۔ کنگنوں کی جھنکار سے پالکی میں ایک کھڑکا ہوا۔ وہ بھوک سے نڈھال تھی۔ کل سے وہ کچھ کھا نہ سکی۔ اس کی ماں نے مٹھائی کی ایک ڈلی اس کی جھولی میں رکھ دی تھی۔ اس کا جی چاہا کہ مٹھائی کا ایک ٹکڑا لے کر منہ میں ڈالے لیکن وہ ایسا نہ کر سکی.....

پورو کو کندھے سے پکڑ کر اماں ہلا رہی تھی۔ "سخت دوپہر ہو گئی ہے کوئی لقمہ منہ میں ڈال لے۔" یکے

والے نے یکہ کھڑا کرلیا تھا۔ راستے میں ایک چھوٹے گاؤں کے پاس ٹھہر کر سب نے پانی پیا۔ پورو ڈر سے جاگ گئی۔ نہ کوئی پالکی تھی نہ کنگن تھے، نہ حنا تھی نہ چوڑا اور وہ خالی یکے کے پچھلے پھٹے پر ماں کے سامنے بیٹھی ہوئی تھی.....

پورو نے گھی لگے پراٹھے بنا کر اپنے ساتھ رکھ لئے تھے۔ اماں نے وہی گٹھڑی کھولی، نوکر کو چار پراٹھے دیے، خود لیے، پورو کے آگے رکھے، پورو سے نوالہ حلق میں نہیں اتر رہا تھا، تلے ہوئے پراٹھوں کے گھی سے پورو کو متلی ہو رہی تھی۔

''فاصلہ بہت کم رہ گیا ہے، جلدی ختم کرلیں، رات گھوڑی کو آرام دلوا کر پھر میں نے سویرے واپس جانا ہے۔'' یکے والا کہہ رہا تھا، پھر ویسے ہی سواریاں یکے میں بیٹھ گئیں۔ پورو نے اپنا ماتھا یکے کے بازو پر ٹکا لیا، پچھلی رات اُس نے سفر کے لئے درکار سامان باندھا تھا اور رات جاگتی رہی تھی۔

پالکی پھر ہچکولے کھانے لگی۔ رتو دال کا راستہ ختم ہونے میں نہیں آ رہا تھا۔ یکدم باجوں اور شہنائیوں کی آواز اونچی ہوگئی۔ پالکی کے اردگرد باجے ہی باجے بج رہے تھے۔ پورو کو لگا رتو دال آ گیا ہے۔ باجوں کی آواز زیادہ اونچی ہوگئی۔ لڑکیاں گانے گا رہی تھیں۔ ایک عورت نے اس کا گھونگھٹ اٹھایا..... پھر کسی نے ایک چھوٹا سا بچہ اس کی جھولی میں بٹھا دیا، بچہ اس کی جھولی میں رو رہا تھا، عورتیں کھلکھلا کر ہنس رہی تھیں۔ وہ بچے کا شگن کر رہی تھیں۔ اماں اس کا کندھا ہلا رہی تھی۔ ''آج تجھے کتنی نیند آ رہی ہے، بچہ رو رہا ہے۔''

پورو پھر ڈر کر جاگ گئی۔ یکے کے پچھلے پھٹے پر بیٹھی ہوئی اماں اس سے بات کر رہی تھی۔

''کتنی بڑی بارات ہمارے پاس سے گزر گئی ہے۔ باجے پر باجے بج رہے تھے، آپ کو جاگ نہیں آئی۔'' نوکر کہہ رہا تھا۔

''تجھے سوئی ہوئی کو اس نے بچہ پکڑایا وہ بھی تم نے پکڑ لیا پھر بھی تو نیند سے نہیں جاگی۔'' اماں کہتے کہتے ہنس پڑی۔

یکہ رتو دال کے نزدیک پہنچ گیا تھا۔ جب باؤلی کے نزدیک جا کر سب لوگ یکے سے اترے۔ سامنے فقیر کا چھپر اتھا۔ خیموں کی جگہ فقیر نے دو تین چھپر بنوا لئے تھے جن میں دور دراز سے آئے گئے مسافر رہتے تھے۔ باؤلی کی مٹی، باؤلی کا پانی آنکھوں پر لگاتے تھے۔ مرادیں مانگتے تھے۔ فقیر نے ان نئے مسافروں کو ایک چھپر دلوا دیا۔ نوکر نے سب سامان چھپر میں رکھا اور اماں کو لے کر فقیر کے پاس چلا گیا۔ پورو نے چھپر میں

پڑی ہوئی بالٹی، چارپائی پر کھیس بچھا کر بچے کو لٹا دیا اور چھپر کی چوکھٹ میں کھڑے ہو کر سامنے کھیتوں کے پار گاؤں کی طرف دیکھنے لگی۔

..... میں رتو وال آئی مجھے کسی نے بلاوا نہیں بھیجا، مجھے کوئی بھی لینے نہیں گیا، کسی نے بھی شہنائی نہ بجائی، کسی نے گانا نہیں گایا، کسی نے بھی میرے ہاتھوں میں چوڑی نہیں پہنائی، ایک چوڑی بھی میری بانہوں میں نہیں چھنکی۔ حنا کا ایک پتا بھی میرے ہاتھوں پر نہیں لگا۔

گاؤں کے باہر باؤلی کی چپ پورو کو کھائے جا رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ اس گاؤں سے بھاگ جائے، وہ یہاں سے دوڑ جائے۔ رہ رہ کر وہ دانت پیستی۔ اس گاؤں کے لوگ کس قدر بے قدرے ہیں، کوئی اسے نہیں کہتا کہ "بیٹھ جاؤ!" کوئی اسے نہیں کہتا "جیو" کوئی اسے نہیں کہتا.....

پورو پھر کچھ سنبھلی۔ اسے لگا کہ وہ پاگل ہوتی جا رہی تھی۔ کہیں وہ شدائیوں کی طرح گلیوں میں بھاگنے نہ لگ جائے۔ کہیں وہ اپنے کپڑے نہ پھاڑ دے۔ کہیں وہ اونچی اونچی آواز میں بولنے نہ لگ جائے۔

اماں کو فقیر نے بتایا، پورے تیرہ دن انہوں نے وہاں رہنا تھا۔ ان کا نوکر دوسرے دن واپس ملتان لے چلا گیا۔ آٹا، دال وہ ساتھ لے کر آئی تھیں۔ ویسے کوئی چاہے تو فقیر کی درگاہ سے بھی روٹی کھا سکتا تھا۔

پورو نے گاؤں کی طرف رخ نہ کیا۔ گاؤں کی کوئی بات بھی وہ کس سے پوچھتی اور کیا پوچھتی۔ دن گزرتے جا رہے تھے۔ گاؤں جاتی بھی تو کس بہانے.....؟ کسی چیز کی ضرورت ہوتی تو فقیر کے نوکر جا کر سب کچھ وہیں لا دیتے تھے۔ پورو کو یہ سوچ کر ہول اٹھتا کہ وہ گاؤں کے باہر ہی سے واپس چلی جائے گی لیکن گاؤں تک نہ جا سکے گی۔ پورو کے جی میں آتا کہ ہو نہ ہو وہ جا کر سارا گاؤں دیکھ آئے، اس کا گھر بھی دیکھ آئے، اسے بھی دیکھ آئے لیکن اس کو کوئی نہ جانے..... پھر پورو سوچتی کہ اسے کیسے معلوم ہوگا کہ اس کا گھر کونسا ہے، وہ کسی سے پوچھے گی تو کیسے، پھر گھر کو اندر سے کیسے دیکھے گی تو کیسے..... پھر پورو سوچتی کہ اس نے گھر دیکھ کر کیا لینا تھا۔ اس کا اس گھر سے ناطہ ہی کیا تھا۔ کیوں اس کو اس طرح کے خیالات آتے ہیں، پورو کا جی کسی جگہ نہ ٹکتا۔ دن پر دن گزر رہے تھے۔ بیٹھے بیٹھے پورو کے منہ سے بھولا ہوا گیت نکلا۔

جھے آئے نہ چلے

ساڈے آیاں دا قدر نہیں

ہائے ربا! ساڈے آیاں دا صبر پوے

(جیسے آئے تھے ویسے ہی (خالی ہاتھ) لوٹ چلے، ہمارے آنے کی کسی نے قدر نہ کی، اے خدا! ہمارے آنے کا (ان لوگوں پر) صبر پڑے)

متعدد بار اس کی آنکھوں میں آنسو آئے اور کئی بار اس نے آنسو پیے۔ بچے کو اماں کے پاس لٹا کر پورو کھیتوں سے ہو آتی۔ وہ سوچتی ایک بار دیکھوں اور پہچان لوں۔

پھر وہ سوچتی اتنے سال ہو گئے ہیں کیا پتہ شکل کیسی ہو گئی ہو، چاہے وہ میرے پاس سے گزر جائے۔ مجھے اس کی اتنی زیادہ پہچان بھی تو نہیں ہے۔

کھیتوں میں کام کرنے والوں سے پورو کبھی کبھار پوچھ لیتی۔

''بھائی! یہ کس کے کھیت ہیں، دو گاجریں لینی تھی، ہم تو مسافر ہیں۔''

اگلے دن کسی نے سچ مچ رام چند کا نام لے لیا۔ پورو کے پاؤں جیسے زمین میں گڑ گئے ہوں۔ پورو کو چکراتے ہوئے محسوس ہوا کہ وہ اسی مٹی پر گر جائے گی۔ وہ اسی مٹی میں مٹی ہو جائے گی.....

پورو اس کیکر کے نیچے کھڑی کی کھڑی رہ گئی، جیسے کسی نے اس کی ٹانگوں سے ہمت نکال لی ہو۔ اس کے پاؤں جیسے جم کر برف کے ڈھیلے ہو گئے ہوں، اس مٹی نے جیسے پورو کو مضبوطی سے پکڑ لیا ہو۔

پورو کو محسوس ہوا وہ کھڑے کھڑے انار کا ایک بوٹا بن کر وہاں اگ پڑی ہو۔ جس کے سرخ اناروں کو جب بھی کوئی توڑنے لگتا وہ جلی ہوئی لکڑی کی طرح گر جاتے۔ اس کے سرخ اناروں کو جب بھی رام چند توڑتا، انار کے سرخ دانے خون کے قطرے بن کر اس کی قمیض پر گر پڑتے اور اسے انار کے بوٹے سے آواز آتی۔

میں بوٹا اگی ہوئی آں

میں بے مرادی موئی آں

(میں ایک پودے کی طرح اُگی ہوئی ہوں، میں ایک بے مراد لاش کی طرح ہوں)

کام کرنے والے نے کاٹے ہوئے چنوں کا گٹھا باندھ کر سر پر اٹھا لیا۔ پورو کے ہوش ٹھکانے آئے اور اس کو خیال آیا کہ جو شہزادی انار کا بوٹا بن کر اگی تھی، اس کی کہانی اس نے بچپن میں سنی تھی۔ آج تک وہ نہ تو شہزادی بن سکی نہ ہی انار کا بوٹا۔

''مالک آ رہا ہے۔''

یہ کہتے ہوئے کام کرنے والا چنوں کا گٹھا لے کر کنویں کی طرف چلا گیا۔ پورو کی آنکھوں سے آنسو زار و قطار گرنے لگے۔ رام چند جب پورو کے پاس سے گزرا تو اس کی نظر پورو کے چہرے کی طرف گھوم گئی جس پر آنسوؤں کی برسات ہو رہی تھی۔ پورو کو نہ کیکر کی اوٹ یاد آئی اور نہ ہی پلو سے آنسو پونچھنا۔ شاید آنسوؤں کی برسات میں رام چند کا چہرہ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

''تم کون ہو بی بی؟ تمہیں کیا ہوا ہے؟''

رام چند کے پاؤں پورو کے سامنے رک گئے۔ پورو بول بھی نہ سکی۔ ''تمہیں کوئی تکلیف ہے بی بی؟'' پورو کے کانوں میں پھر رام چند کی آواز پڑی۔ پورو کی زبان جیسے کسی نے پیچھے کھینچ لی تھی وہ بت بنی کھڑی رہی۔ اس کے اندر کے انتہائی صدمے سے آنسو بہہ نکلے۔ اس سے ایک لفظ بھی نہ بولا گیا۔ رام چند ٹھٹھک گیا۔ اس نے ادھر اُدھر دیکھا شاید وہ کسی کام کرنے والے کو مدد کے لئے بلاتا، لیکن پورو کے پیروں میں طاقت آ گئی۔ پورو گم سم چپ چاپ کھیتوں سے باہر چلی گئی۔ بے جان پورو اپنے چھپر میں آ کر لیٹ گئی۔ اسی شام سکرآلے سے نوکر آ گیا تھا۔ اگلے دن ان سب نے گاؤں واپس چلے جانا تھا۔ اس رات پورو نے آنکھ بھی نہ جھپکی۔ ''میں اس کے سامنے ایک بول بھی نہ بول سکی۔'' پوچھتا تھا تو کون ہے بی بی؟ میں اس کو کیا بتاتی میں کون ہوں؟''

میری کہانی کو الفاظ کی زبان کون دے سکتا ہے۔ کبھی سوتے جاگتے، بیٹھتے اس کو میرا روتا چہرہ یاد آئے گا۔ وہ سوچے گا میں کون تھی، پھر شاید اس کو کوئی بھولی ہوئی کہانی یاد آ جائے گی۔ اس کی مری ہوئی پورو اس کو یاد آ جائے گی۔ پھر شاید اس کی آنکھوں سے بھی آنسو گرے گا۔ پھر پورو سوچتی کاش میں اس شہزادی طرح انار کا بوٹا بن سکتی۔ اس کے کھیتوں میں اُگ آتی، وہ میرے اناروں کو توڑتا، پھر میں انار میں سے بولتی، پتہ نہیں کون سے زمانے کی کہانیاں ہیں۔ آج کل کوئی بوٹا نہیں بنتا۔ رات کا پچھلا پہر تھا ابھی صبح نہیں ہوئی تھی۔ پورو کو جیسے کسی نے ہاتھ سے پکڑ کر چارپائی سے اٹھا دیا۔ وہ باہر کھیتوں کی طرف چلی گئی۔ رات کے اندھیرے میں اس نے وہ کیکر پہچانا جہاں کل دوپہر کے وقت رام چند اس کے سامنے کھڑا رہا تھا۔

پورو نے جھک کر اسی جگہ سے پیروں کی مٹی اٹھائی، دونوں آنکھیں میچیں اور مٹی سے بھری مٹھی اپنی آنکھوں پر لگا لی۔ آنکھوں پر لگے ہوئے پورو کے دونوں ہاتھ کسی نے اپنے ہاتھوں میں پکڑ لیے۔ پورو نے گھبرا

کر دیکھا، رام چند اس کے سامنے کھڑا تھا" کیا تم پورو ہو؟" رام چند پوچھ رہا تھا۔ ساری رات ایک ہی نام میرے کانوں میں بجتا رہا۔" سچ بتا تیرا نام پورو ہے؟" رام چند نے پھر کہا۔ پورو کا دل کہتا تھا کہ رام چند کے پیروں میں گر جائے۔ وہ جی بھر کر روئے کہ وہ پورو ہی تھی۔ وہ چیخ چیخ کر بتائے کہ وہ پورو ہے۔ وہ اسی کی پورو تھی جسے اس نے گھوڑی پر بٹھا کر لینے آنا تھا۔ وہ وہی پورو تھی جس کے ساتھ اس نے چار پھیرے لینے تھے وہ وہی پورو تھی جس نے اس کے گھر پالکی میں بیٹھ کر آنا تھا۔ وہ پورو تھی پورو.....

پورو کی زبان کو آج بھی کسی نے کھینچ لیا۔ پورو ایک بول بھی نہ بول سکی۔ رام چند کے ہاتھوں سے پورو نے اپنے دونوں ہاتھ واپس لے لیے اور پہلے جیسی گم سم پیچھے کو مڑ گئی۔" اگر تم پورو ہو تو مجھے ایک بار بتا جاؤ۔" رام چند نے پورو کے پیچھے دو تیز قدم چلنے کے بعد کہا۔" میں پوری رات کھیتوں میں رہا ہوں۔ پتا نہیں کیوں میرا دل گواہی دیتا تھا کہ تو پھر آئے گی، میرا دل گواہی دیتا ہے تو پورو ہے۔"

" پورو عرصہ ہو گیا مر گئی ہے" پتا نہیں کیسے پورو کے منہ سے نکلا۔ پورو نے پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ پورو آگے ہی آگے بڑھتی چلی گئی۔ اماں نے باؤلی والے سائیں کو حیثیت کے مطابق چڑھاوا چڑھایا۔ اماں اور اس کے باقی ساتھیوں سے لدا ہوا یکہ صبح کی دھوپ چڑھنے سے پہلے ہی سکڑ آلی کے راستے چل پڑا۔

ایک آگ

ایک ایک کر کے کئی دن گزر گئے۔ دن مہینوں میں اور مہینے سالوں کی طرح بیت گئے۔ پورو دودھ سے بھری ہوئی کاڑھنی چولھے پر کڑھنے کے لئے اپلے جوڑتی اور سارا دن پاتھیوں کی ہلکی ہلکی آگ دہکتی رہتی۔ پورو کو محسوس ہوتا اسکی چھاتی کے اندر کہیں کوئی چنگاری رکھی ہوئی تھی جس کی وجہ سے کئی دنوں سے اس کے اندر کچھ دہکتا رہتا۔ کبھی وہ سوچتی کہ آج کل اس کا کھایا ہوا معدے میں ہی پڑا رہتا۔ اس کے گلے میں کچھ اٹکا رہتا۔ اس نے دیکھی جو بھی باسی پانی سے لیے۔ کبھی وہ سوچتی اسے گرمی ہو گئی ہے۔ اس نے تین چار دن کچی لسی کے پیالے پیے۔ کبھی وہ سوچتی اس کی ماں خیریت سے ہو۔ کبھی، پتہ نہیں اس کے اندر ایسے ہول کیوں اٹھتے تھے۔

انہیں دنوں کی بات ہے جب ایک دن رشیدا گھر آیا تو اس کا چہرہ اس طرح اترا ہوا تھا جیسے کسی

طویل بیماری کے بعد اس کی ہڈیاں نکل آئی ہوں۔ رشیدے نے بتایا تو کچھ نہیں، ویسے وہ پورو سے بات چیت کرتا رہا۔

جاوید سے سکول کی باتیں بھی کرتا رہا۔ چھوٹے کے ساتھ کھیلتا بھی رہا۔ روٹی کھاتے ہوئے رشیدے کے چہرے کی طرف دیکھ کر پورو کو ایسا ہی لگا جیسے نوالہ رشیدے کے حلق سے نیچے نہیں اتر رہا۔ رشیدے نے گھونٹ گھونٹ پانی کے ساتھ چند نوالے نگل لیے۔ رشیدے کا اترا ہوا من پورو سے چھپا ہوا نہ تھا۔

قریب قریب بچھائی ہوئی چارپائیوں پر لیٹ کر پورو نے رشیدے کے من کی بات جاننی چاہی۔ ''آج ہمارے گاؤں سے ایک آدمی آیا تھا، ہمارے اپنے کھیتوں سے۔'' رشیدے نے لمحہ بھر چپ رہنے کے بعد کہا۔

''چھتو آئی ہے.....؟''

''ہاں.....''

''پھر.....؟''

''اس نے بتایا ہے کہ ہماری کٹی ہوئی فصلیں ایک جگہ پڑی ہوئی تھیں۔ منوں دانے ڈھیروں کی صورت پڑے ہوئے تھے.....''

''پھر.....؟''

''کسی نے رات کو آگ لگا دی ہے.....''

''کیا.....؟''

''ساری فصل سے ایک دانہ بھی نہیں بچا۔''

''کسی نے جان بوجھ کر لگائی ہے.....؟''

''شک تو یہی ہے.....''

''ایسا کون تھا.....؟''

''کہہ رہا تھا آگ کے شعلوں سے آسمان سرخ ہو رہا تھا۔''

''پھر اب، ہمارا حصہ جو تھا سو تھا وہ بے چارے کیا کریں گے۔''

ان بے چاروں سے پورو کی مراد رشیدے کے بڑے، بھائی، چچاؤں اور تایاؤں سے تھی جن کا مشترکہ فصل میں حصہ تھا۔

رشیدا چپ کر گیا۔ پورو بھی جیسے سوچ میں پڑ گئی۔ بچے سو رہے تھے لیکن رشیدے اور پورو کی آنکھیں نیند سے خالی تھیں۔

''لیکن دوسرے کا گھر پھونک کر کسی نے کیا لینا تھا؟'' پورو نے کتنی مرتبہ رہ رہ کر کہا۔ رشیدا بالکل چپ رہا۔ پورو دیکھتی رہی، رشیدا کبھی دائیں اور کبھی بائیں کروٹ لیتا۔ کئی بار آنکھیں بند کر کے سونے کی کوشش کرتا لیکن نیند اس سے کوسوں دور تھی۔ رشیدے نے کئی بار اٹھ اٹھ کر پانی پیا۔

''بچے کو دوسری چارپائی پر ڈال دے آج مجھے اس کے ساتھ نیند نہیں آئے گی۔'' رشیدے نے ایک بار کہا۔

جاوید ہمیشہ باپ کے ساتھ سوتا تھا۔ چھوٹے کو پورو اپنے ساتھ سلا لیتی تھی۔ اس سے پہلے رشیدے نے اس طرح کبھی نہیں کہا۔ آج پورو حیران تھی لیکن پورو نے چپ چاپ جاوید کو اٹھا کر علیحدہ چارپائی پر سلا دیا۔

پھر کافی وقت گزر گیا۔ رشیدے کی پسلیاں کروٹیں بدل بدل کر چور ہو گئیں لیکن نیند رشیدے کے نزدیک نہ پھٹکی۔

''اڑتی اڑتی خبر سنی ہے۔ یہ خبر نہیں معلوم سچی ہے کہ جھوٹی۔'' لیٹے لیٹے رشیدے نے کہا۔

''کیا.....؟'' پورو نے ڈرتے ہوئے پوچھا۔

رشیدا پھر چپ کر گیا وہ اس نتیجہ پر پہنچنا چاہ رہا تھا کہ پورو کو یہ بات بتانی چاہیے کہ نہیں۔ رشیدے کی چپ طویل ہو گئی۔ پورو اپنی چارپائی سے اٹھ کر رشیدے کی چارپائی پر آ بیٹھی۔

''سنا ہے آج گاؤں میں ایک اجنبی لڑکا آیا تھا وہ زیادہ کسی سے ملا جلا نہیں۔ گاؤں کے ایک دو لوگوں کو شک ہے کہ وہ..... تیرا بھائی تھا۔''

''میرا بھائی.....'' پورو نے اچانک کہا۔

''کچھ کہا نہیں جا سکتا مجھے تو گاؤں گئے ہوئے دیر ہو گئی ہے یہ باتیں اس آدمی کی زبانی ہیں۔'' رشیدا کہہ کر پھر چپ ہو گیا۔

پورو کا سر چکرانے لگا۔

''میرا بھائی؟ میرا بھائی اب جوان ہو گیا ہوگا، دس گیارہ سال ہو گئے ہیں مجھے اس کی شکل دیکھے ہوئے، پتہ نہیں اس کی شکل اب کیسی ہے اچانک دیکھ لوں تو پہچان بھی نہ پاؤں، اس کی مسیں بھیگ چکی ہوں گی، نو سال کا تو جاوید بھی ہونے کو ہے۔'' پورو کے من میں کئی خیال گھومنے لگے۔

رشیدے نے اسے صرف اتنا ہی بتایا کہ پورو کے پرانے گھر کے بارے میں اس نے گاؤں کے کسی آدمی سے پوچھا تھا کہ یہ گھر کس کا تھا لیکن اپنے بارے میں کسی کو کچھ نہیں بتایا تھا لوگوں کو صرف شک تھا کانوں سے کسی نے کچھ نہیں سنا تھا۔

''سچ میں وہ گاؤں آیا ہوگا'' اسے میں یاد آئی ہوں گی۔ اس کی بہن، اس کی اپنی بہن، اس کے اپنے ماں باپ کی جنی ہوئی.....''

پورو کے من میں کئی خیال آنے لگے۔ پورو کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ پورو کو پل بھر کے لئے لگی ہوئی آگ کا دکھ بھول گیا، جلی ہوئی گندم کی راکھ سے اپنے بہن بھائیوں کی گرمی کا احساس ہو رہا تھا، پیار کی ایک روشن چنگاری اس کے من میں چمک اٹھی۔

''شاید اسی نے آگ لگائی ہو، کیا پتہ اس نے اپنے اندر کا غبار نکالنے کے لئے یہ بدلہ لیا ہو۔ اس کی جوان ہڈیوں میں خون نے جوش مارا ہوگا۔ اسے بہن کے دکھ نے ستایا ہوگا۔ میں ایک بار اگر اس کا چہرہ دیکھ لوں، نہ جانے میرے نصیبوں میں کیا لکھا ہے۔'' پورو کو کئی طرح کے خیالات اور امیدوں نے گھیر لیا۔

پھر پورو کئی طرح کے تفکرات میں گھر گئی۔ تھوڑی دیر پہلے پورو کی ہمدردیاں ان کے ساتھ تھیں جن کا منوں اناج جل کر راکھ ہو گیا تھا۔ اس وقت پورو کی ہمدردی اس کے ساتھ ہو گئی تھی جس نے شاید اس اناج کو جلا کر راکھ کر دیا تھا۔ کہیں آگ لگانے والا وہی نہ ہو..... ہو سکتا ہے کسی اور نے لگائی ہو اور شک کی بناء وہ پکڑا جائے..... پورو کی سوچیں فکرمندی میں بدل گئیں۔ کچھ بھی ہو وہ بھائی کا سر سلامت چاہتی تھی۔ وہ سوچتی تھی شاید اس کے بھائی کے من میں کوئی دکھ اور پیار کی آگ جلتی تھی، اسی آگ میں سے ایک چنگاری کھیتوں میں پھینک دی۔ وہ سوچتی اس کے بھائی کو یہ خبر بھی نہیں تھی کہ رشیدا چھتو آنی میں نہیں رہتا۔

پھر نڈھال ہو کر چارپائی پر لیٹ گئی۔ کنویں کی ٹنڈوں کی طرح اس کے من میں قسم قسم کے خیالات آتے رہے، پورو کی جب آنکھ کھلی، اس کے سامنے آگ ہی آگ لگی ہوئی تھی۔ گھاس کے تنکوں سے لے کر

کھیتوں کی اونچائی تک سب کچھ جل رہا تھا۔ پھر اس نے سپنے میں دیکھا کہ ایک خوبصورت جوان لڑکا آگ کے شعلوں کے پاس بیٹھ کر اپنے ہاتھ تاپ رہا تھا.....

ذرے اس کی آنکھ کھل گئی، اس کے جسم کا انگ انگ دکھ رہا تھا، اس کی چیخیں نکل رہی تھیں۔ جب ملٹری والوں نے آگ بجھائی اور کمروں سے لوگ نکالے، ہانکتے اور دھکیلتے ہوئے لوگوں کو گاڑیوں میں بیٹھا لیا۔ انہوں نے تین آدھے جلے ہوئے آدمیوں کو نکال دیا جن کے جسم سے چربی پگھل رہی تھی۔ جن کا ماس جلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے علیحدہ لٹک رہا تھا۔ جن کی کہنیوں اور گھٹنوں سے ہڈیاں باہر نکلی ہوئی تھیں۔ لوگوں کے گاڑیوں میں بیٹھتے ہی وہ تینوں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ ان کی لاشیں وہیں زمین پر پھینک کر گاڑیاں چل پڑیں۔ ان کے گھر والے چیختے رہ گئے لیکن ملٹری والوں کے پاس ان کے کریا کرم کا وقت نہیں تھا۔

پورو کا گاؤں خالی ہو گیا تھا۔ دوسری قوم کا کوئی آدمی بھی باقی نہیں بچا تھا۔ صرف تین جلی ہوئی لاشیں حویلی کے سامنے پڑی ہوئی تھیں۔ جن کے پنجروں پر بچے کھچے گوشت کو گاؤں کے کوؤں اور کتوں نے اڑا لیا تھا۔ اب بھی پنجر کے پنجر آدھی جلی ہوئی حویلی کے سامنے پڑے ہوئے تھے۔

پورو کی آنکھوں میں جیسے کسی نے شیشے کی کرچیاں ڈال دی ہوں۔ ایک دن پورو نے دیکھا دس بارہ منچلے لڑکے ایک ننگی جوان لڑکی کو آگے دھکیلتے ہوئے ہاتھوں سے ڈھول ڈھمکے بجاتے ہوئے اس کے گاؤں کے پاس سے گزر رہے تھے۔ نہیں معلوم کس گاؤں سے آئے تھے اور کس گاؤں جا رہے تھے۔

پورو کو ایسے ہی لگتا جیسے اس دنیا میں جینا ہی حرام ہے، اس دنیا میں بیٹی کا پیدا ہونا ہی حرام ہے۔ اس شام پورو کو گنے کے کھیت میں چھپی ہوئی ایک جوان لڑکی ملی، جسے رات کے گھنے اندھیرے میں وہ گھر لے آئی۔ اس لڑکی نے پورو کو بتایا کہ ساتھ والے گاؤں میں ایک کیمپ تھا جہاں گاؤں کے ہندو اکٹھے ہو کر اپنی باری کا انتظار کر رہے تھے کہ ملٹری والے انہیں یہاں سے نکال کر دوسری طرف ہندوستان لے جائیں۔ اس طرف کی فوج کیمپ کی حفاظت کرتی تھی، لیکن ہر روز رات کو کچھ مسلمان آ کر چوری چھپے کیمپ کی جوان لڑکیوں کو چن کر لے جاتے تھے اور دوسری صبح واپس چھوڑ جاتے تھے۔

اس لڑکی نے پورو کو بتایا کہ "پوری دس راتیں ہو گئی تھیں، اسے ہر روز رات کو طرح طرح کے لوگوں کے گھر جانا پڑتا تھا۔ آج سے پچھلی رات کسی نہ کسی طرح وہ لے جانے والے کو دھوکہ دے کر دوڑ آئی تھی۔ دوڑتی دوڑتی اس گاؤں میں آ پہنچی تھی۔ جب سویر کی پو پھوٹی تو اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کہاں

جانے ... ''وہ سارا دن چپ چاپ گنے کے کھیت میں بھوکی پڑی رہی۔ پورو سن کر حواس باختہ ہو گئی۔ اسے سننا مشکل ہو گیا، اسے یقین نہیں آ رہا تھا۔ پورو نے لڑکی کو پچھلے کمرے میں چھپا لیا۔ اس کمرے میں ان کی گندم پڑی ہوئی تھی۔ بھینس کا چارا پڑا ہوا تھا۔ دوسرے دن دو آدمی پھرتے پھراتے ہوئے آئے، سارے گاؤں سے پوچھ گچھ کی کہ کسی نے لڑکی کو دیکھا ہے؟ وہ گاؤں کے دالانوں میں تاک جھانک کر کے چلے گئے لیکن لڑکی کے بارے میں کسی نے کچھ نہ بتایا۔

پورو کو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اب بھی اس دھرتی سے گندم کے پہلے جیسے سنہری خوشے پیدا ہوں گے، جس دھرتی کے ہونٹوں پر انسانوں کا خون جم گیا تھا۔ کیا اس دھرتی کے مکئی کے بھٹوں سے پہلے جیسی خوشبو آئے گی جس کے کھیتوں میں مردے گل سڑ رہے تھے۔ کیا یہ عورتیں دوبارہ ان مردوں کے لیے بیٹے جنیں گی جنہوں نے ان عورتوں کی، اپنی بیویوں، بہنوں کی عزت اس طرح نیلام کی تھی۔

پورو کے گاؤں کے سامنے سے گزرتا ہوا ایک قافلہ آیا۔ لوگ جوق در جوق پیدل چل رہے تھے۔ لوگوں نے ایک ایک گٹھڑے کو بچوں سے بھرا ہوا تھا۔ تھوڑے سے سپاہی لوگوں کے آگے آگے تھے، کچھ لوگوں کے پیچھے پیچھے تھے۔ لوگوں کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں۔ راستوں کی گرد اڑ اڑ کر بری قسمت کی طرح ان کے سروں میں پڑی ہوئی تھی۔ قافلے کو رات پورو کے گاؤں میں پہنچنے کے بعد پڑی۔ پورو کے ہوش ٹھکانے نہیں آ رہے تھے۔ پورو کو رہ رہ کر ایک ہی خیال آ رہا تھا کہ سڑک رتووال کی طرف سے آتی ہے، قافلے میں اس کا رام چند ضرور ہوگا۔ ایک آخری ملاقات..... بس ایک بار..... آخری بار..... اس کے بعد کبھی اسے اس کے گاؤں کی خبر نہیں ملے گی.....

قافلے والے بچے کھچے گہنوں اور روپوں کے بدلے راستے میں آنے والے دیہاتوں سے اناج خرید لیتے تھے۔ دیہاتوں سے کچھ مرد اور عورتیں جا کر ان سے سودا طے کر لیتے۔ اسی بہانے پورو نے قافلے پر نظر دوڑائی.....

پورو نے قافلے میں بیٹھے ہوئے رام چند کو دیکھا۔ رام چند نے رتووال کے کھیتوں میں کھڑی آنسوؤں میں تر چہرے والی پورو کو پہچان لیا۔

رتووال کے کھیتوں میں پورو کا منہ سخت صدمے کی وجہ سے بند تھا اور آج پورو کا منہ پاس کھڑے پہریداروں نے بند کیا ہوا تھا، پورو کچھ نہ کہہ سکی۔

''آپ کو اناج دانے کی ضرورت ہوگی۔'' پھر پورو نے رام چند کی طرف منہ کر کے کہا۔

''ہاں'' رام چند کی نگاہ پورو کے چہرے سے پرے نہ ہٹتی تھی، شاید وہ ابھی پہچان رہا تھا۔

''ٹھیک.....! قیمت تیار رکھنا میں رات کو پہنچ جاؤں گی۔'' پاس کھڑے سپاہی کی طرف دیکھ کر پورو نے رام چند کی طرف دیکھا اور واپس آ گئی۔

پورو نے رشیدے کو کہا کہ گھر میں چھپی ہوئی لڑکی کو قافلے میں شامل کرنا ہے، پھر پورو نے آنے اور مٹی کے برتن میں پڑے ہوئے دیسی گھی کی پوٹلی باندھی اور لڑکی کو ساتھ لے کر رات کے اندھیرے میں سوئے ہوئے قافلے میں چلی گئی۔

سارا دن پیدل چلنے کے بعد لوگ تھکن سے چور تھے۔ بلاشبہ ہر وقت خطرہ ان کے سروں پر چمگادڑوں کی طرح منڈلا رہا تھا، پھر بھی لوگ گہری نیند سوئے ہوئے تھے..... ''میں رات کو پہنچ جاؤں گی۔'' رام چند کے کانوں میں پورو کی آواز شام سے گونج رہی تھی۔ رام چند رات کے اندھیرے میں کسی کے قدموں کی چاپ سننے کی کوشش کر رہا تھا۔

پہرے دار گھوم پھر کر پہرا دے رہے تھے جب پورو پنجوں کے بل چلتی ہوئی قافلے میں گھس گئی۔

رام چند کے سامنے سر پر رکھی ہوئی پوٹلی نیچے رکھی اور لڑکی کو بٹھا دیا۔

''تم پورو ہی ہو ناں؟'' رام چند نے آج بھی رتو وال کے کھیتوں والا سوال کیا۔

''اب بھی کچھ پوچھنا باقی ہے؟'' آج پورو نے ایک پیار بھرے غصے میں کہا۔

یہ پورو کی پوری زندگی میں اس سے پہلا اور آخری شکوہ تھا۔ رام چند نے سر جھکا لیا۔

''میرے والدین کی کوئی خبر.....؟'' پورو نے ایک آہ بھر کر پوچھا۔

''وہ جب سے شادی کر کے گئے ہیں واپس نہیں لوٹے لیکن..... رام چند کہتے کہتے رک گیا۔

''شادی..... کس کی شادی.....؟'' پورو کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

''تمہارے گم ہو جانے کے بعد انہوں نے ایک رات چپ چاپ تمہاری چھوٹی بہن کے ساتھ میرے پھیرے کرائے اور تمہارے بھائی کے ساتھ میری بہن کے، اس کے بعد سے وہ گاؤں واپس نہیں لوٹے۔ آج کل بھی وہ سیام میں رہتے ہیں لیکن.....'' رام چند پھر کہتے کہتے رک گیا۔

''میری بہن..... پھر تو وہ بھی قافلے میں ہی ہوگی۔'' پورو کے لیے رام چند سے اپنی بہن کی

شادی کی خبر بالکل نئی تھی۔

''نہیں پچھلے دنوں تمہارا بھائی آیا تھا، وہ اپنی بیوی کو میکے چھوڑ گیا اور بہن کو گھر لے گیا تھا، وہ یہاں آیا تو وہ بھی..... ''رام چند کی آنکھوں سے چھم چھم کر کے آنسو بہنے لگے۔

''وہ بھی..... کیا ہوا ہے اسے.....؟''پورو کی سمجھ میں نہ آیا۔

''معلوم نہیں کس وقت میری بہن اٹھائی گئی، گھر سے نکلتے وقت ہمارے ساتھ تھی۔ میں بوڑھی ماں کو پشت پر اٹھا کر قافلے میں شامل ہوا تو وہ میرے پیچھے آ رہی تھی لیکن قافلے میں نہیں ہے.....'' رام چند نے تیز چلتے ہوئے سانسوں کو روک روک کر بتایا۔ رام چند کی گھٹی گھٹی چیخیں نکل رہی تھیں لیکن اس نے اپنی پگڑی کا پلو منہ میں دبا لیا۔

''میری ماں خود کو پیٹ پیٹ کر نیلی ہو گئی ہے۔'' رام چند نے بتایا۔

پورو کا جسم درد سے چور ہو گیا۔

''کھوج لگانا، ہو سکتا ہے کہیں سے کوئی پتہ لگ جائے، کیا معلوم مر گئی ہے یا زندہ ہے۔'' رام چند نے آخری کوشش کی، اپنے اندر سے اٹھتے درد کی وجہ سے پورو سے بولا نہ گیا۔

''شاید اس کا نام لاجو ہے۔'' پورو کو پرانی یاد آئی، اپنی منگنی کے وقت اس نے اپنے بھائی کی منگیتر کا نام سنا تھا۔

''ہاں..... اس کی بازو پر بھی اس کا نام کھدا ہوا ہے۔''

رام چند بتا رہا تھا۔ سپاہی ویسے ہی پہرا دے رہے تھے۔ سوئے ہوئے لوگوں کے درمیان بیٹھے ہوئے رام چند اور پورو آہستہ آہستہ باتیں کر رہے تھے۔

''اس لڑکی کو حوالے کرنا تھا اسے اپنے قافلے میں لے جاؤ۔ ہندوستان جا کر کھوجنا، اگر اس بیچاری کے والدین مل گئے تو.....'' پورو نے لڑکی کا ہاتھ رام چند کے ہاتھ میں دے دیا۔

''میرا بھائی ادھر آیا تھا، اگر میں ایک بار اس کو دیکھ سکتی۔''

پورو نے بڑی امید سے کہا۔

''پچھلے دنوں جب تمہارے چھتو آنی والے کھیتوں میں آگ لگی تھی، یاد ہے؟'' رام چند کہہ رہا تھا۔

''آگ.....؟ ہاں آگ لگی تھی۔ کیا یہ بات سچ تھی کہ میرے بھائی نے وہ آگ لگائی

تھی.....؟''

پورو کو وہ دن یاد آ گیا جب رشیدے نے ایک افواہ سنائی تھی۔

''ہاں اس نے لگائی تھی۔ تمہارے بارے میں وہ نہیں جانتا تھا کہ کہاں رہتی ہو، اس نے غصے میں آ کر رشیدے کے کھیتوں کو پھونک ڈالا.....''

پورو کو رشک سا آیا، اس کا بھائی جوان ہو گیا تھا۔ اس کے دل میں بہن کا بدلہ جاگ رہا تھا، اس کے دل میں بہن کی یاد بسی تھی۔ ساتھ ہی پورو کو تازہ واردات یاد آئی، اس کے بھائی کی بیوی گم ہو گئی تھی، کسی نے زبردستی اٹھالی تھی۔ معلوم نہیں کس حال میں تھی وہ..... اس کے رام چند کی بہن.....

''مجھے سکڑ آلی ایک خط لکھنا، اپنا پتہ بھی لکھنا۔ اگر لاجو کے بارے میں کچھ معلوم ہوا تو میں لکھ بھیجوں گی.....'' پورو نے کہا۔

رات کا اندھیرا چھٹ رہا تھا۔ سپاہی قافلے والوں کو جگانے لگے۔ قافلے نے راہ لینی تھی۔ پورو اٹھ کر کھڑی ہوئی۔

پورو نے دونوں ہاتھ رام چند کے آگے جوڑ دیے۔ پورو سے کچھ بولا نہ گیا۔ کھڑی پورو نے قافلے سے باہر پاؤں نکالا ہی تھا کہ ایک سپاہی نے اس کے آگے لاٹھی تان لی۔

''تم کون ہو، کدھر جا رہی ہو.....؟''

''میں اناج بیچنے آئی تھی.....''

''کتنا اناج بیچا ہے؟ پیسے دکھاؤ.....'' سپاہی نے تیز آواز میں پوچھا۔

پورو نے ہاتھ چادر میں کرتے ہوئے اپنی چاندی کی انگوٹھی اتار لی اور سپاہی کو دکھا کر تیز قدموں سے گاؤں کی طرف چل دی۔

معلوم نہیں یہ بات سپاہی نے سوچی یا نہیں کہ ہندو لوگ کم ہی چاندی کے گہنے پہنتے ہیں، اس نے اناج کے بدلے چاندی کی انگوٹھی کس سے لی؟

پورو کی بھابی

رات کو چارپائی پر لیٹے پورو چھت کے کالے شہتیروں کو دیکھتی رہتی۔ اس کا من ان لوگوں کے بند کمروں میں گھومتا رہا جن کے اندر لوگوں نے لوگوں کی بیٹیاں، لوگوں کی بہنیں، لوگوں کی بیویاں زبردستی رکھی ہوئی تھیں۔ انہی میں سے ایک لاجو ہوگی۔ لاجو رام چند کی بہن اور اس کی بھابی، لاجو کا اجنبی چہرہ پورو کی آنکھوں کے آگے آجاتا۔ ٹوٹے ہوئے پتے جیسا لاجو کا چہرہ، جھڑے ہوئے کھیت جیسا لاجو کا چہرہ۔ پورو سوچتی لاجو شادی شدہ تھی ہوسکتا ہے اس کا کوئی بچہ بھی ہو۔ اس کے ساتھ نہ جانے کیا کچھ ہوا ہوگا۔ اس کے جسم پر کیا کیا گزری ہوگی۔ پتہ نہیں وہ بدقسمت کہاں ہوگی۔ وہ اس کو کیسے ڈھونڈے؟ کیسے پہچانے؟ پورو سوچتی اس دن گنے کے کھیت والی لڑکی لاجو ہی نکل آتی، وہ اس کو قافلے کے ساتھ ملا آتی۔ وہ اس کو رام چند کے حوالے کر آتی۔ پورو نے ساری کی ساری بات رشیدے کو بتائی اور رشیدے کے پاؤں پڑی۔

''جس طرح بھی ہو مجھ پر کرم کر میں نے ساری عمر تم سے کچھ نہیں مانگا جس طرح بھی ممکن ہے لاجو کا پتہ لگا دے۔''

پورو کی آنکھوں سے آنسو مسلسل جاری تھے۔ رشیدے نے اس سے اقرار کیا کہ وہ اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں چھوڑے گا۔ رشیدے کو یہ یقین تھا کہ ہو نہ ہو لاجو رتووال میں ہی ہے۔ گھر سے وہ بھائی کے ساتھ نکلی، لیکن قافلے میں نہیں پہنچی۔ اکٹھے ہو رہے لوگوں کو اپنی اپنی پڑی تھی اور وہ کسی کے ہتھے لگ گئی تھی۔ رشیدے نے دو چکر رتووال کے لگائے لیکن وہ لوگوں کے صحن کیسے چھانتا۔ وہ گاؤں کی کئی دکانوں سے سودا سلف خریدتا، لیکن کوئی سراغ نہ ملا۔ اتنا ضرور سنا کہ گاؤں کے کچھ لوگوں نے جاتے ہوئے قافلے سے دو چار لڑکیاں اڑالی تھیں۔ رشیدے کو پکا یقین تھا کہ لاجو انہی میں سے کسی کے گھر میں کسی کے پاس تھی۔ اس گاؤں کے لوگ رشیدے کو نہیں جانتے تھے۔ رشیدے کا کوئی دوست، رشتے دار اس گاؤں میں نہیں تھا۔ وہ چار دن کس کے ہاں رہتا۔ کس سے وہ گاؤں والوں کے بارے میں معلوم کرتا۔ رشیدے کے ساتھ پورو نے ایک تدبیر سوچی۔ باؤلی والے سائیں کو وہ جانتے تھے۔ دونوں نے بچوں کو ساتھ لیا اور سائیں کی ایک چھپری میں جا ٹکے۔ ویسے بھی پریشانی سے پورو کی دن رات جاگ جاگ کر آنکھیں زبردستی بند ہو رہی تھیں۔ روز صبح پورو نماز پڑھ کر باؤلی کے پانی سے آنکھیں دھوتی۔ سائیں کو شیرینی چڑھاتی اور دن کو نئے کھیسوں کی گانٹھ باندھ کر

گاؤں میں بیچنے چلی جاتی۔ گاؤں کے مرد حضرات کھیتوں میں ہوتے تھے۔ گاؤں کی عورتیں گھروں میں اکیلی اپنے کام کاج میں مصروف ہوتیں۔ پورو تمام گھروں میں جا جا پوچھتی۔ وہ کھیسوں کی زیادہ سے زیادہ قیمت بتاتی، اس کا بھاؤ کم ہی کسی سے بنتا۔ ویسے بھی گاؤں میں لوگوں کے پاس اپنے ہاتھ سے بنائے ہوئے دریاں کھیس ہی کافی ہوتے ہیں۔ پھر انہیں لوٹ مار سے بھی کافی کچھ مل گیا تھا۔ کسی کو خریدنے کی چاہ نہیں تھی۔ لیکن پورو ڈھٹائی سے ان کے صحن میں جا بیٹھتی۔ اندر باہر جھانکتی ہوئی عورتوں کو باتوں میں لگا لیتی۔ گاؤں کی لوٹ مار کی باتیں چھیڑ لیتی۔ کیا کیا کس کے حصے میں آیا تھا ہنس ہنس کے ان سے پوچھتی، پھر ہندوؤں کے چھوڑے ہوئے مکانوں کی بات چھیڑ لیتی۔ پورو کو رام چندر کے مکان کی پہچان نہیں تھی۔ رشیدے اور پورو کو یقین تھا کہ ہو نہ ہو لاجو کو جو لے گیا ہے، ہو سکتا ہے اس نے لاجو کے گھر کو بھی سنبھال لیا ہو۔ پورو نے اس گھر میں ایک آدھ بار چکر بھی لگایا، لیکن ایک بوڑھی عورت باہر والی ڈیوڑھی سے ہی اس کو واپس بھیج دیتی تھی کہ انہوں نے کچھ نہیں لینا۔ ایک دن پورو جیسے زبردستی کسی کے گھر داخل ہوتے ہیں، صحن تک چلی گئی۔ ''اماں! کچھ نہ لینا لیکن دیکھ تو لو، میں تم سے دیکھنے کی قیمت تو نہیں مانگتی۔'' پورو نے کھیسوں کی گانٹھ زمین پر رکھ کر کھیس پھیلا دیے۔ صحن میں اس بڑھیا کے بغیر کوئی بھی نہیں تھا۔ ''اللہ بھلا کرے مجھے پانی کا گھونٹ تو پلا، صبح سے پیاسی ہوں۔'' پورو نے بڑھیا کی منت کرتے ہوئے کہا۔

''پانی چھوڑ کر تو لسی کا کٹورا پی لے لیکن اگر تو نے کھیس چادریں بیچنی ہیں تو کسی شہر میں جا۔ وہاں لوگ نہ ہی کاتتے ہیں اور نہ ہی بنتے ہیں۔ دیہاتوں میں کس کے پاس کھیسوں کی کمی ہے۔''

بڑھیا نے پورو کو صلاح دی اور اندر کی طرف منہ کر کے آواز دی ''نیک بخت! لسی کا ایک کٹورا تو لاؤ۔''

پورو کا دل دھڑکنے لگا، اندر سے آنے والی نیار کا منہ سچ مچ ٹوٹے ہوئے پتے جیسا تھا۔ کھینچے ہوئے پردں جیسا تھا۔ پورو کا ماتھا ٹھنکا، ہو نہ ہو یہ تو لاجو ہے۔ جب تک پورو کو کہیں پر لاجو کا شک نہیں ہوا تھا، تب تک پورو کو ایک لگن تھی۔ کہیں لاجو نظر آئے۔ اب پورو کو لاجو کا شک پڑ گیا تھا۔ لیکن اس کو سمجھ نہ آئی کہ وہ اپنے شک کی پرکھ کیسے کرے۔ ''لڑکی ٹھیک تو ہے؟'' پورو نے بڑی ہمدردی سے کہا اور لڑکی کے ہاتھوں سے لسی کا کٹورا پکڑا۔

''ٹھیک ہی ہے، بس ایسے ہی ذرا؟'' بڑھیا نے بات آئی گئی کر دی۔

''نمک کی ڈلی ہے تھوڑا سا ملا لوں۔'' پورو نے لسی کا ایک گھونٹ بھر کے کٹورا ہاتھ میں پکڑ لیا۔ لڑکی نے چپ چاپ نمک کی ڈلی لا کر پورو کے آگے کر دی۔ پورو نے اس کے ہاتھوں سے ڈلی پکڑتے ہوئے اس کی ایک انگلی کو دبایا۔ لڑکی نے ذرا گھبرا کر پورو کی طرف دیکھا۔ لیکن نہ تو اس کے ہونٹوں پر کوئی ہنسی آئی نہ ہی اس کے منہ سے کوئی حرف نکلا۔ لڑکی گنے کے چھلکے کی طرح تھی۔ پورو کو اور بھی یقین ہو گیا یہ لڑکی لاجو بیشک نہ ہو لیکن تھی کوئی زبردستی بسائی گئی لڑکی۔ پورو کو پورا یقین ہو گیا تھا کہ یہی گھر رام چند کا گھر تھا۔ پورو کو پکا یقین ہو گیا تھا یہ لڑکی لاجو ہی تھی۔ لسی ایک ہی سانس میں چڑھا کر کٹورا زمین پر رکھتے ہوئے لڑکی کا بازو پکڑ لیا۔ ''آؤ' میں تمہاری نبض دیکھوں، رنگ تو تمہارا ہلدی کی طرح ہو گیا ہے'' کہتے ہوئے ایک ہاتھ سے پورو نے اس کی بائیں بازو سے قمیض پرے سرکا دی۔ لڑکی کی بازو پر ہندی میں نام کھدا ہوا تھا ''لاجو'' لڑکی پھر بھی کچھ نہ بولی۔ پوہ ماگھ کے کیڑے کی طرح خاموشی اس کے ہونٹوں پر جمی ہوئی تھی۔

''کوئی تعویذ دے دے لڑکی گھر میں رچ بس جائے لڑکے سے بھی کچھ نہیں بولتی۔'' بڑھیا نے اترے ہوئے منہ سے کہا۔

پورو سے اپنا آپ سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا، پھر بھی پورو نے تیزی سے جواب دیا ''میرے پاس ایسا تعویذ ہے یہ دنوں میں ہی مکئی کے دانے کی طرح کھل اٹھے گی۔''

''جو تم کہو گی میں دوں گی، مجھے وہ تعویذ لا دو۔'' بڑھیا نے پورو کا آنچل پکڑ لیا۔

''لو! اللہ نے خیریت رکھی تو میں کل ہی لے آؤں گی'' کہتے کہتے پورو نے کھیسوں کی گانٹھ باندھ لی۔ لڑکی ایک گونگے بہرے بت کی طرح اس کی طرف دیکھتی رہی۔ کھیسوں کی گانٹھ تلے آج پورو کی کمر ٹوٹ رہی تھی۔ بڑی مشکل سے وہ اپنی باؤلی والی چھپری تک پہنچی۔ ''اب آگے تو جا اور تیرا کام'' پورو نے رشیدے کو پوری بات سنانے کے بعد کہا۔

''کوئی ایسی تدبیر تو سوجھے'' رشیدا سوچنے لگا۔

''جس طرح مجھے گھوڑی پر بٹھا لیا تھا اب بھی ہمت کرو۔'' پورو نے رشیدے کو ایک چوٹ لگائی اور ہنس پڑی۔ پھر پورو اور رشیدا کتنی ہی تدبیریں سوچتے رہے لیکن کوئی جچتی نہیں تھی۔ رشیدا کہتا ''یہاں سے تو بھگا لے جانا مشکل نہیں، میں اسے آگے کیسے پہنچاؤں گا؟'' پورو کو اس سے پہلے کبھی خیال نہیں آیا تھا لیکن آج اسے ایک اور سوچ آئی۔

''میرے ماں باپ نے پھر مجھے قبول نہیں کیا، اپنی بیٹی کو، اب اپنی بہو کو قبول کر لیں گے۔''

''اگر انہوں نے واپس لینے سے ہی انکار کر دیا تو؟'' رشیدے نے پورو کو بتایا کہ ان کی سرکار کی طرف سے اعلان کیا گیا تھا کہ زبردستی اٹھائی گئی لڑکیوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر واپس کر دیں کیونکہ ان کے بدلے میں دوسری طرف سے ڈھونڈی گئی لڑکیاں ملتی تھیں۔'' ساری لڑکیوں کے والدین ان کو واپس لے لیں گے؟'' پورو کے من کو دھچکا لگا۔ اس کے لئے دنیا کے سارے دھرم اس کے راستے میں کانٹے بن کر بچھ گئے تھے۔ اس کے ماں باپ نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا، اس کے سسرال والے اس کو قبول نہیں کرتے تھے۔ آج سب مذاہب پر سے بھروسہ اٹھ گیا تھا۔ آج.....

پورو نے اپنے خیالوں کا سلسلہ منقطع کیا اور صرف لاجو کے بارے میں سوچنے لگی۔ تارے گن گن کر پورو نے رات کاٹی۔ وہ اگلے دن وقت کا کھوج لگاتی رہی کہ کس وقت لاجو کے گھر والی بڑھیا اپنے بیٹے کو کھیتوں میں روٹی دینے گئی ہوگی؟ اس نے دو نئے کھیس سر کے اوپر رکھے اور دوپٹے کے پلو سے کاغذ میں لپٹی ہوئی چٹکی راکھ باندھ لی۔

لاجو کے گھر کا بند دروازہ ہاتھوں سے کھولتے وقت پورو نے سارے پیر فقیر یاد کیے۔ پورو کو عرصے سے بھولے ہوئے دیوی دیوتاؤں کے نام یاد آئے۔ اس سے پہلے کسی بھی دن رب اور خدا کا نام لیتے ہوئے پورو کہہ دیتی تھی رب اس کا سوتیلا باپ ہے، خدا کی وہ سوتیلی بیٹی ہے۔ کسی بھی رب کو اس کا درد نہیں لیکن آج پورو کو یقین آ گیا۔ اس نے جھجھکتے ہوئے کسی رب کو یاد کیا کہ کسی طرح اس کا میل اکیلی لاجو کے ساتھ ہو جائے.....

دوپہر کے کھانے کا وقت پورو کو سوجھا۔ بڑھیا اپنے بیٹے کو روٹی دینے گئی ہوئی تھی اور لاجو بالکل اکیلی ایک خالی چارپائی پر لیٹی ہوئی تھی۔

''اماں کہاں ہے.....؟'' پورو نے صحن میں پاؤں رکھتے ہی پوچھ لیا۔

''کھیتوں کی طرف گئی ہے.....'' لاجو نے کل کی کھیس بیچنے والی کو دیکھ کر کہا۔

کھیسوں والی کے ساتھ جاگی ہوئی لاجو کی دلچسپی لاجو کے چہرے پر عیاں تھی۔ لاجو اٹھ کر چارپائی پر بیٹھ گئی۔ پورو کو ایک بار اپنی ماں کا چہرہ، اپنی بہن کا چہرہ، اپنا چہرہ بھی لاجو کے چہرے میں نظر آیا۔ پورو لاجو کے گلے سے چمٹ گئی۔

پورو کو خوب رونا آیا، اسے محسوس ہوا اس کے رونے سے دیواریں پھٹ جائیں گی، اس کا رونا کھیتوں کو چیر دے گا، اس کا رونا دیہاتوں سے گزر جائے گا، اس کا رونا شہر پھلانگ جائے گا اس کا رونا..... پورو نے رونے کی آواز گلے سے نہ نکلنے دی۔

''تم لاجو ہو میری بھابھی.....'' پورو نے ساری گھمبیرتا اکٹھی کرتے ہوئے کہا۔

''تم پورو ہو.....؟'' لاجو نے اس کے سینے سے الگ ہو کر اس کا چہرہ دیکھا لیکن لاجو نے پہلے کبھی بھی پورو کو نہیں دیکھا تھا جو پہچان جاتی پھر بھی لاجو کو پورو کا چہرہ بالکل پورو کے بھائی جیسا لگا، اپنے خاوند جیسا..... لاجو کی صدمے سے آنکھیں بھر آئیں جیسے وہ اپنے خاوند کے سامنے آنکھیں نہ اٹھا سکتی ہو۔ لاجو پورو کی ٹانگوں پر گر پڑی۔ لاجو کے من پر جو بیت رہی تھی شاید پورو اپنی رگوں میں بھی محسوس کر رہی تھی پورو کے پاس پوچھنے کو کچھ نہ تھا۔ پورو نے بھینچ بھینچ کر لاجو کو کلیجے سے لگایا۔

''کوئی آ جائے گا لاجو! میری بات سن۔'' پورو کو وقت کی نزاکت کا خیال آیا، لاجو کی ہچکی بندھ گئی، لاجو کو سانس لینا دوبھر ہو رہا تھا۔

''وہ کب واپس آتی ہے؟'' پورو نے پھر پوچھا۔

''میں نہیں جانتی مجھے اپنے ساتھ لے چل.....'' لاجو کھڑی نہیں ہو رہی تھی پورو کی ٹانگوں کو چھوڑتی ہی نہیں تھی۔

''لینے ہی تو آئی ہوں، اور کیا کرنے آئی ہوں میری بات تو سن۔'' پورو نے کندھوں سے پکڑ کر لاجو کا چہرہ اوپر کیا۔

''ہائے مجھے لے چل۔''

''لیکن تم سنبھل کر بیٹھو کوئی آ جائے گا۔''

''مجھے یہاں سے بھگا لے جا میں ساری عمر تمہاری نوکرانی بن کر رہوں گی۔''

''پاگل نہ بن اس طرح بھاگ کر میں کہاں لے جاؤں گی، میری بات سن۔''

لاجو کے چہرے پر آنسو خشک ہونے کا نام نہ لیتے۔ پورو کو ڈر تھا کہ بات بھی مکمل نہیں ہو پائے گی اور بڑھیا آ جائے گی، پورو نے دوپٹے کے پلو سے لاجو کا منہ پونچھا اور واسطے دے دے کر اسے چپ کرایا۔

''کبھی تو باہر آتی جاتی ہو.....؟''

''نہیں.....''

''لیکن صبح کھیتوں میں تو جاتی ہوگی.....، آج ویسے بھی اماوس ہے، آج رات اگر تم باہر والے کنویں کے پاس آسکو تو وہاں رشید اکھوڑی لے کر کھڑا ہوگا۔''

لاجو جیسے جھک گئی رات کو اکیلے کنویں کے پاس پہنچنا ہی اسے محال لگتا تھا پھر وہ رشیدے کو جانتی بھی نہیں تھی اور اگر کسی نے دیکھ لیا تو کسی کی جان سلامت نہیں تھی'' میں گھر سے نکلوں گی کیسے؟''

''بڑھیا کوئی افیم وغیرہ تو نہیں کھاتی.....؟''

''میں نے تو نہیں دیکھا۔''

''ایک بار اگر وہاں پر پہنچ جاؤ تو.....''

''لیکن وہاں.....میں اس کو نہیں جانتی اگر تم وہاں ہو تو.....''

وہ تو رات بھر میں فاصلہ طے کر لے گا، میں ہوئی تو دونوں راستے میں ہی رہ جائیں گے۔

''میں نے اسے کبھی دیکھا نہیں۔''

''تم مجھ پر اعتبار کرو، تمہاری تسلی کے لئے میرے ہاتھ کی یہ انگوٹھی اس کے ہاتھ میں ہوگی لینا۔''

''اگر آج رات موقع نہ ملا تو.....؟''

''پھر اس سے اگلی رات، وہ پوری تین راتیں تمہارا انتظار کرے گا۔''

''گلی میں سے شور کی آواز آرہی ہے شاید کوئی آگیا ہے۔''

پورو چارپائی سے نیچے بیٹھ گئی، چارپائی کی ادوائن کی طرف کھیس رکھ کر پورو نے دوپٹے کے پلو سے بندھی ہوئی راکھ کی پڑیا دیکھی کہ اگر بڑھیا آگئی تو اسے وہ تعویذ اور راکھ دے سکے، لیکن بڑھیا ابھی نہیں آئی تھی۔

''اگر تم اس تعویذ کے بہانے مجھے روز باؤلی پر لے جایا کرو اور پھر کسی دن.....؟'' لاجو نے اپنی آواز پہلے سے بھی آہستہ کر لی۔

''اس طرح مجھ پر پورا شک ہو جائے گا۔ میں چاہتی ہوں وہ تمہیں گاؤں سے لے کر نکل جائے اور میں بعد میں بھی دو تین دن گاؤں میں آتی جاتی رہوں، کوئی بھی مجھ پر انگلی نہ رکھ سکے۔''

''مجھے ڈر ہے اگر راستے میں کسی نے پکڑ لیا.....؟''

''پھر جو قسمت میں لکھا ہے پہلے کون سی قسمت ہمارے ساتھ ہے۔''

''لیکن میں ساری عمر کے لئے تم پر بوجھ بن جاؤں گی۔''

''یہ باتیں پھر کریں گے اس وقت نہیں، میرا خیال ہے میں چلی ہی جاؤں تو اچھا ہے بڑھیا آج مجھے نہ ہی دیکھے تو.....''

''ہائے مجھے بھی لے چل.....'' لاجو اجنبیوں کی طرح جانے کے لئے تیار پورو کو چمٹ گئی۔ پورو نے دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے لاجو کو گلے لگا کر بھینچا پھر'' آج رات..... آدھی رات..... کل پر مت چھوڑنا۔'' یہ کہتے ہوئے پورو کھیس سنبھال کر گھر سے باہر نکل گئی۔

بان کی چارپائی پر لاجو نے دونوں پاؤں پسار لیے۔ آج لاجو کے انگ انگ میں ایک شوخی تھی۔ پھر جیسے لاجو کو ساری دیواروں سے ایک آواز آئی'' آج رات..... آدھی رات.....'' لاجو نے دالان کی ایک ایک اینٹ پر نگاہ ڈالی'' یہی میرا گھر تھا، یہاں ہی میں پیدا ہوئی اور پلی بڑھی، یہیں میں جوان ہوئی، اسی گھر سے میری ڈولی نکلی، میں یہاں ہی واپس میکے آئی۔ سب اس گھر سے چلے گئے لیکن میرا مردہ اسی گھر میں ذلیل ہوتا رہا۔ میں اپنے ہی گھر میں پردیسن ہو گئی۔ اسی گھر نے مجھے پیدا کیا، اسی نے مجھے کھا لیا۔'' لاجو گھر کی دہلیز کو دیکھنے لگی۔ اس دہلیز کو بھی شرم نہیں آئی۔ اس نے مجھے خوار ہوتے دیکھا ان دیواروں کو لاج نہ آئی جنہوں نے میری عزت تار تار ہوتے دیکھی لیکن آج..... آج رات..... سب دیواریں ٹوٹ جائیں گی۔ سب دہلیزیں ڈھے جائیں گی۔ میں.....''

بڑھیا باہر والا بند دروازہ کھول کر صحن میں آ پہنچی تھی۔

''صحیح وقت پر آ گئی ہو۔'' لاجو نے من ہی من میں کہا۔

''آج اس کھیسوں والی نے آنا تھا۔ ابھی نہیں آئی؟'' بڑھیا نے آتے ہی پہلی بات یہی پوچھی پھر ہاتھ میں پکڑا ساگ، کھانے کا چھوٹا موٹا سامان زمین پر رکھ کر لاجو کی چارپائی پر بیٹھ گئی۔

کھیسوں والی کا نام سن کر لاجو کے چہرے پر رونق سی آ گئی۔ ''نہیں.....''

لاجو نے انکار میں سر ہلا کر کہا پھر لاجو سوچنے لگ گئی۔

''پورو کو کیسے معلوم ہوا کہ میں یہاں رہ رہی ہوں؟ وہ مجھے کیسے ڈھونڈنے آئی؟ وہ کس گاؤں میں رہتی ہے؟ میں نے اس سے کچھ بھی نہیں پوچھا؟ پوچھنے کا وقت ہی نہیں ملا تھا۔ آج رات..... آدھی

رات..... ''پھر لاجو کے من سے یہ آواز اٹھی اور کانوں سے ٹکرانے لگی۔

''میں نے کہا مٹھی بھر موٹھ ڈال کر چاولوں کی دیگچی پکنے کے لیے رکھ دو میں تو تھک گئی ہوں۔'' یہ کہتے ہوئے بڑھیا چارپائی پر آرام سے لیٹ گئی۔

جیسے آخری کام کو کوئی جلدی ختم کرتا ہے، لاجو نے اٹھ کر موٹھ صاف کیے، چاول صاف کیے اور چولھے میں لکڑی کے دو چار ٹکڑے ڈال کر چھوٹی دیگچی اوپر رکھ دی۔ زیادہ تر بڑھیا ہی آٹا گوندھتی تھی لیکن آج لاجو نے خود سے آٹا چھانا اور گوندھا۔

آج کا دن کسی ٹوٹے ہوئے جوتے کی طرح لمبا ہو رہا تھا۔ خدا خدا کر کے شام ہوئی، جب بڑھیا کا بیٹا گھر آیا تو لاجو زیادہ نہ چڑی۔ اس سے پہلے جب بھی اسے دیکھتی تھی تو جیسے اس کے ماتھے پر شکنیں پڑ جاتی تھیں۔

دیگچی میں پھیرتے ہوئے لاجو کے ہاتھ سے تین بار چمچ گرا، دو بار ہاتھ سے بیلن چھوٹا، ایک دو بار تو گھی کا کٹورا بھی اس کے ہاتھوں سے چھوٹ گیا۔

''دھیان سے کام کر'' ایک دو بار بڑھیا نے کرخت لہجے سے کہا۔

''آنکھیں ہیں کہ بٹن.....'' بڑھیا کے بیٹے نے بھی اسے ٹوکا۔

لیکن لاجو آج بڑھیا کو بھی خاطر میں نہیں لا رہی تھی۔ اس کے بیٹے کی تو جیسے آج وہ سن ہی نہیں رہی تھی۔ اس کو ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ آج گھر کے برتن بڑھیا اور اس کے بیٹے کا منہ چڑا رہے ہوں۔ لاجو میں آج بہت زیادہ ہمت آ گئی تھی۔ نہ تو وہ خوفزدہ تھی اور نہ ہی اسے کوئی سوچ آ رہی تھی۔ بس ایک طے شدہ وقت قریب آ رہا تھا۔ ابھی رات ہو جاتی تھی ابھی سب نے سو جانا تھا اور لاجو کو محسوس ہو رہا تھا جیسے اس نے صابن لگی کلائی سے چوڑی کی طرح نکل جانا تھا۔ آج سے پہلے لاجو جلتی کڑھتی اٹھ کر، دارو کی بوتل لا کر بڑھیا کے بیٹے کے آگے رکھ دیتی۔ آج لاجو خود ہی کمرے سے بوتل نکال لائی۔ یہ بوتل بڑھیا کے بیٹے نے الائچیاں ڈلوا کر دو آتشہ بنوائی تھی اور پرانی اور تیز ہونے کی وجہ سے الگ رکھی ہوئی تھی۔

بڑھیا کا بیٹا سوچ رہا تھا'' آج موٹھ کی کھچڑی بھی ملائی جیسی بنائی تھی، آج لاجو خود ہی دارو کی بوتل نکال لائی تھی اور لاجو آج بہت خوش تھی، آج.....''

بڑھیا اونگھ رہی تھی۔

''صحن میں ٹھنڈ ہو رہی ہے میں نے تمہاری چارپائی کمرے بچھا دی ہے جا اور جا کر لیٹ جا۔''

لاجو نے گھر کی مالکن کی طرح بڑھیا سے کہا۔ ایک بار تو بڑھیا نے تیوری چڑھا کر لاجو کی طرف دیکھا۔

''آج تو جیسے دن ہی پھر گئے ہیں۔ آج تو میں نے اسے تعویذ ڈلوانا تھا، پہلے ہی اثر ہو گیا ہے۔''

بڑھیا نے دل ہی دل میں سوچا اور کمرے میں جا کر لیٹ گئی۔

رات کا اندھیرا لمحہ بہ لمحہ گہرا ہوتا جا رہا تھا۔ بڑھیا کا بیٹا دارو کے نشے میں چور لاجو کے بازو اپنی طرف کھینچ رہا تھا۔ رات کا پہلا پہر کب کا گزر چکا تھا۔ گھر کی دیواروں نے جہاں لڑکیوں کے اتنے ہیر پھیر دیکھے تھے، آدھی رات کے وقت یہ بھی دیکھا کہ لاجو بے پاؤں ڈیوڑھی کا دروازہ کھول کر گھر کی دہلیز سے باہر نکل گئی۔

قدم گن کر چلتے ہوئے لاجو کو ایک دھچکا سا محسوس ہوتا کہ کوئی اس کے پیچھے آ رہا ہے۔

کسی نے اسے کندھوں سے پکڑ لیا ہے، کسی نے اس کا گلا پکڑ لیا ہے۔ سردیوں کی ابتدائی ٹھنڈ میں بھی لاجو کی کنپٹی پر پسینے کی بوندیں نمودار ہو گئیں۔

بلاشبہ رات اندھیری تھی لیکن چمکتے ہوئے تاروں کی مدھم روشنی بھی لاجو کو بُری لگ رہی تھی۔ لاجو اپنے گھر کی پکی دیوار کے پاس سے گزر کر اگلے گھروں کے راستے پر جاتے ہوئے ٹھٹھک گئی۔ اس نے گردن موڑ کر اپنے گھر کی اونچی دیوار کو دیکھا۔ ساری گلی میں خاموشی کہرے کی طرح جمی ہوئی تھی۔ پھر بھی لاجو نے گلی کا سیدھا راستہ چھوڑ کر گھروں کے پچھواڑے کا لمبا راستہ اختیار کیا۔ گھروں کی قطار جب ختم ہو گئی، باہر کے کنویں تک پہنچنے کے لئے درمیان میں ایک کھلا میدان آتا تھا۔ یہاں لاجو کے ننگے پیروں سے ایک جھرجھری اٹھی اور اس کے ماتھے کی رگوں میں پھیل گئی۔ لاجو نے پیچھے مڑ کر قبروں کی طرح سوئے ہوئے گھروں کو دیکھا، ابھی تک کوئی آفت نہیں آئی تھی ابھی تک کوئی قبروں سے اٹھ کر نہیں آیا تھا۔ لاجو کو سانس کی آواز بھی سنار کی دھونکنی کی طرح لگ رہی تھی، لیکن لاجو کے پاس سوچنے کا وقت نہیں تھا۔ لاجو نے ایک بار چمکتے ہوئے تاروں کی پھیلی ہوئی روشنی کی طرف دیکھا اور میدان کی طرف چل پڑی۔

لاجو کو ایک دھڑکا سا لگا ہوا تھا کہ میدان میں سے گزرتے ہوئے کوئی بھی اسے دور سے دیکھ سکتا تھا۔ لاجو کو پہنے ہوئے کپڑوں کی سفیدی بھی ڈراتی تھی۔ لیکن وہ میدان سے گزر گئی تھی، اس نے پیچھے مڑ کر

دیکھا پیچھے میدان خالی تھا۔ کنویں کو ایک نظر دیکھ کر لاجو کو ایک بار ہول اٹھا۔ کنویں پر تو کوئی بھی نہیں تھا، رشیدا بھی نہ آیا، وہ تو کہیں کی نہیں رہی۔ لاجو کو واپس جانے کا خیال، تھے پر چوٹ جیسا لگتا۔ کنویں کے گرد اس نے چکر لگایا۔ اس نے جیسے دل میں ٹھان لی کہ اگر دنیا میں اس کے لیے کوئی جگہ نہیں رہی تو آج وہ اسی کنویں میں ڈوب مرے گی۔

چادر اوڑھے قریبی جھاڑیوں سے ایک آدمی نکل آیا۔

''بہن تم لاجو ہو .....؟'' آدمی نے لاجو کے قریب آ کر لپٹی ہوئی چادر سے چہرہ باہر نکالا۔

''میری نشانی دکھا دو بھائی.....!'' لاجو نے رشیدے کے چہرے پر نگاہ ڈالی۔ رشیدے کے چہرے پر بہت زیادہ ترس مہر کی طرح ثبت تھا۔ رشیدے نے ہاتھ کی انگوٹھی لاجو کے سامنے کر دی۔

''تمہیں پہنچا کر کل یا پرسوں پورو کو لے جاؤں گا، بچے اس کے ساتھ ہیں۔''

رشیدا کنویں کے چبوترے سے اتر کر جھاڑیوں سے پار بندھی ہوئی گھوڑی کھول لایا۔

''یا اللہ!'' رشیدے نے ایک بار کہا اور لاجو کو بازو کے سہارے گھوڑی پر بٹھا لیا۔ گھوڑی کو ایڑ لگاتے ہی رشیدے کے من میں خیال آ گیا، جب اس نے پورو کو چھتو آنی کے کچے راستے سے کھینچ کر گھوڑی پر دھر لیا تھا۔ رشیدا آج حیران تھا کہ ایک بار پھر اسے گھوڑی دوڑانی پڑی تھی۔ گاؤں کی ایک اور نیار پھر ایک بار اٹھانی پڑی۔ جوانی کی وہ طاقت آج رشیدے کے بازوؤں میں نہیں تھی۔

رشیدا سوچ رہا تھا، پورو کو اٹھا کر وہ جیسے جیسے گھوڑی کو دوڑاتا جاتا تھا منوں بھاری ایک پتھر اس کی روح پر پڑتا جاتا تھا۔ برس ہا برس اس کی روح پر ایک بوجھ لدا رہا۔ آج جیسے جیسے اس کی گھوڑی رتو وال کی حدیں پیچھے چھوڑے جا رہی تھی، رشیدے کو محسوس ہوتا اس کی روح پر سے منوں بھاری پتھر پرے سرکتا جا رہا تھا۔ رشیدا جیسے ہلکا پھلکا ہو کر گھوڑی دوڑا رہا تھا۔

حمیداں

پو پھوٹتے ہی لاجو کے گم ہونے کی خبر گاؤں میں پھیل گئی۔ مکھوں میں ابھی مدھانیاں پڑی ہوئی تھیں جب ہر گھر میں لاجو کی باتیں ہونے لگیں۔ قریبی دیہاتوں میں کہیں بھی کسی ہندو کا نشان نہیں تھا اور کسی

مسلمان نے یہ کام کس لیے کرنا تھا، لوگ بے حد پریشان تھے۔

روشنی لمحہ بہ لمحہ تیز ہو کر دھوپ میں بدل گئی تھی۔ اپلوں سے بھرے چولہوں پر رکھی دیگچیوں میں لوگوں کی دالیں پک چکی تھیں۔ عورتیں ابھی تندور دہکا رہی تھیں، جن سے جلتی ہوئی کپاس کی خشک ٹہنیوں کی خوشبو اور اٹھتی ہوئی مہک نے سارے گاؤں کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا، تب پورو نے گاؤں کی دہلیز پر قدم رکھا۔

آج لاجو کے گھر کا دروازہ کسی جانور کے کھلے منہ کی طرح وا تھا۔ پورو نے جب اس گھر کے دروازے پر قدم رکھا۔ صحن میں رات کے بکھرے ہوئے جھوٹے برتنوں پر مکھیاں بھن بھنا رہی تھیں۔ پورو کو دکھائی دیا کہ کسی نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔

''اری کہیں وہ کلموہی دیکھی ہے؟'' بڑھیا کے ماتھے پر اتنی سلوٹیں تھیں جیسے کسی نے مٹی کی ثابت گاگر اس کے ماتھے پر توڑ دی ہو۔

''کون اماں؟'' پورو نے سر پر رکھے کھیس صحن میں رکھتے ہوئے پوچھا۔

''اری وہی بدقسمت، اللہ اس کو اٹھا لے؟'' بڑھیا نے پھر ساری نفرت ماتھے کی سلوٹوں میں بھر کر کہا۔

''ہائے ہائے کون؟ ہو کدھر ہے.....؟''

''اری وہی جل مرنی کسی کے ساتھ بھاگ گئی ہے۔''

''ہائے ہائے کس کے ساتھ؟ میں تو اس کے لیے تعویذ اور راکھ لے کر آئی تھی.....''

''چولہے میں ڈالو تعویذ اور راکھ، اس کو تو معلوم نہیں جن لے گئے ہیں یا بھوت۔''

''چھوڑو اماں! گاؤں سے کس نے اٹھا لے جانی تھی۔ باہر کھیتوں میں گئی ہوگی ابھی آ جائے گی۔''

''کمال کرتی ہو! کھیتوں میں گئی ہے، اوپر سے شکر دوپہر ہو گئی ہے۔''

''لیکن اماں! وہ کوئی روئی کا ٹکڑا تو نہیں تھی کہ جسے کوے لے اڑے ہوں۔''

''یہی تو میں کہہ رہی ہوں، ہو سکتا ہے کسی کنویں میں ڈوب مری ہو۔ شاید کسی تالاب میں گر گئی ہو۔ مجھے تو پہلے دن سے ہی اس پر بھروسہ نہیں تھا لیکن یہ بدبخت لڑکا ہی اس پر مرتا تھا اور کہتا تھا اس نے کہاں جانا ہے، اس کے تو آگے نہ کوئی پیچھے۔''

''کیوں اماں اس کے ماں باپ کس گاؤں کے ہیں؟''

''اری! اجڑ گئے ماں باپ۔ میں تو پہلے دن سے کہتی تھی اس طرح پرائی اینٹوں سے گھر نہیں بستے۔ لیکن اس کا تو دل آ گیا تھا، بڑھیا کی کون سنتا ہے۔ لو اب تم سے کیا چھپانا، سارا گاؤں جانتا تھا کہ یہ ہندوؤں کی بیٹی تھی۔ جب ہندو گاؤں سے جانے لگے تو میرا بیٹا اس کو کہیں سے لے آیا۔ اللہ جانتا ہے میں تو پہلے دن سے ہی کہتی تھی بہنیں، بیٹیاں سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔ اللہ دتے! تو ایسے ہی گناہوں کا بوجھ اٹھالایا ہے۔ آخر کس روز یہ بوجھ سر سے اتاریں گے؟''

''اچھا یہ بات تھی! اسی لیے اماں وہ پیٹے ہوئے لگتی تھی، لیکن بھاگ کر کہاں جائے گی؟ اس کا کوئی دور نہ نزدیک۔ آسمان سے گری اور کھجور میں اٹکی۔ میرے خیال میں تو وہ کسی کنویں میں گر گئی ہوگی، چاہے تو جان بوجھ کر مری ہو، یا ہو سکتا ہے اس کی موت آئی تھی۔''

''ہائے ری کلنک سے تو پیچھا چھوٹا مگر لڑکا میری جان کو آ گیا ہے، کہتا ہے تو اندھی تھی، تمہیں پتہ ہی نہیں چلا وہ کوئی چڑیا کا بوٹ تو نہیں تھی جو کسی نے جیب میں ڈال لیا۔''

''پر اماں وہ پہلے بھی کبھی اکیلی باہر جاتی تھی؟''

''اری کہاں، مرے ہوؤں کے پاس جاتا تھا۔ شروع شروع میں تو جب میں لڑکے کو دن کا کھانا دینے جاتی تھی تو باہر دروازے پر تالا لگا جاتی تھی۔ پھر لڑکا بھی کہے اور میں بھی سوچوں بے چاری نے کہاں جانا ہے۔ اگر آٹھوں پہر سر پر کھڑے رہو تو بندے کا دل گھر میں نہیں لگتا بس دوپہر کو تھوڑی دیر ہی اکیلی رہتی تھی۔ کل کھانا دے کر آئی تھی تو اچھی بھلی یہاں بیٹھی ہوئی تھی، رات کو موٹھ ڈال کر کھچڑی پکائی تھی۔ باتھو کا ساگ دیگچے میں پکایا تھا، روٹی پکائی تھی، ہم ماں بیٹے کو کھلائی تھی۔ خود کھائی، پھر رات کو میری چارپائی کمرے میں بچھائی تھی۔ کہتی تھی اماں صحن میں ٹھنڈ ہو گئی ہے۔ لڑکے نے ذرا دارو کا گھونٹ پیا تھا۔ پھر میں سو مر گئی، پتہ نہیں کب یہ انہونی بیت گئی۔ صبح اٹھ کر میں نے آوازیں دیں لیکن کوئی ہوتا تو سنتا۔''

''میں نے کہا کنویں دیکھے ہیں۔ وہ کسی کے ساتھ جانے کے قابل تو تھی نہیں۔''

''جانا بھی کس کے ساتھ تھا؟'' بڑھیا نے اپنے اترے ہوئے ماتھے کو گھٹنوں پر رکھ لیا۔

''حیرانی کی بات ہے، گوشت کی کوئی بوٹی تو نہیں تھی جو کتے بلی نے منہ میں ڈال لی ہو۔ گاؤں تو سارا آپ لوگوں نے چھان مارا ہوگا؟''

''ہاں جی، صبح سے یہاں گاؤں کا ایک ایک آدمی آیا ہے، لوگوں نے زمین کا چپہ چپہ چھان مارا

ہے۔ اب میرا اللہ دتے اور گاؤں کے کچھ لوگ کنویں دیکھنے گئے ہیں۔ شاید مری ہوئی کی لاش ہی مل جائے اور لڑکے کو بھی افسوس نہ رہے کہ کدھر چلی گئی؟ لڑکا سلامت رہے، عورتیں اور بہت ہیں۔''

ابھی تک پورو افسوس..... شوق کے سارے رنگ اپنے چہرے پر اتارتی، چڑھاتی رہی تھی۔ اب دو تین آدمی باہر سے آ گئے تھے۔

''ہم تو سارے کنویں چھان آئے ہیں۔ اس کی تو کہیں سے ہڈی پسلی بھی نہیں ملی۔'' یہ کہہ کر تینوں آدمی صحن میں بچھی چارپائیوں پر بیٹھ گئے۔

''جائے جہنم میں، تم نے کس لیے اپنی جان کو روگ لگا لیا ہے۔ کوئی بھوت پریت لے گئے ہوں گے۔'' بڑھیا نے اللہ دتے کی طرف منہ کر کے افسردگی سے کہا۔

پورو کو پتا چل گیا کہ یہی اللہ دتا ہے۔ پورو کو لاجو کا اترا ہوا چہرہ یاد آیا جو کسی چڑیا کے پنجر کی طرح تھا جس کی جان بھوکی چیل کے پنجوں میں جکڑی ہوئی تھی۔

''میرے خیال میں وہ رات کو اٹھ کر باہر گئی ہوگی اور کوئی جانور کھا گیا ہوگا۔'' ایک آدمی نے اللہ دتے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

''ادھر ہی کوئی گیدڑ گھوم پھر رہا ہوگا اور بھلا گاؤں کے پاس کس جانور نے کھانے کو دوڑنا تھا؟'' دوسرے نے پاس سے کہا۔

''ہماری طرف سے چورلے جائیں، تم تو کوئی نوالہ حلق سے اتارو۔'' بڑھیا نے اپنے بیٹے کو دلاسہ دیا اور اٹھ کر کھانے کی تیاری کرنے لگی۔

''اچھا اماں! اللہ تمہارا کلیجہ ٹھنڈا کرے، میں اب چلتی ہوں۔'' پورو نے بندھی بندھائی کھیسوں کی گانٹھ سر پر رکھ لی۔

''میں نے کہا تم کون ہو؟'' اللہ دتے نے پورو کو گھورتے ہوئے کہا۔ ابھی تک اللہ دتے نے پورو کو گاؤں کی عورت سمجھ کر دھیان نہیں دیا تھا لیکن کھیسوں کی گانٹھ اٹھاتے ہوئے دیکھا تو اللہ دتا کھردرے لہجے میں بولا۔ ''یہ کون ہے؟''

کھیس وغیرہ بیچتی ہے اور کون ہے؟'' قریب سے ہی بڑھیا نے جواب دیا۔

''میں نے اس سے پہلے تو تمہیں کبھی گاؤں میں نہیں دیکھا۔'' اللہ دتے نے شک کی بنا پر کہا۔

''کتنے دنوں سے بیچ رہی ہے۔'' بڑھیا نے ڈانٹتے ہوئے کہا۔

''میری گود میں دو لڑکے ہیں، سب دیہاتوں میں گھوم پھر کر چار پیسے کما لیتی ہوں۔'' پورو کا جی چاہے وہ پر لگا کر یہاں سے اڑ جائے، وہ کس لیے پیچھے گاؤں میں رہ گئی ہے۔ رات کو ساتھ ہی چلی جاتی تو کس نے پتہ کرنا تھا۔

''لیکن تم ہندو ہو یا مسلمان؟'' اللہ دتے کا شک ختم ہونے میں نہیں آ رہا تھا۔

اس کے دونوں ساتھی مذاق کرنے لگے'' کیا خیال ہے گھر بٹھانی ہے۔'' اللہ دتے کو ساتھی نے گدگدا کر کہا۔

''ہائے رے بھائیو! میں ہندو کہاں سے ہوں'' اور پورو نے اپنا دور پڑا جوتا پاؤں میں اٹکایا اور گانٹھ سنبھال کر باہر جانے لگی۔

''ہندو کا نام اس کے ماتھے پر نہیں لکھا ہوتا۔'' اللہ دتے نے پھر ایک بھاری آواز میں کہا۔

''بھائی تمہارا تو شک ہی نہیں جاتا۔ یہ دیکھو میرا نام حمیداں ہے۔'' پورو نے دہلیز پر کھڑے کھڑے اپنے بائیں بازو پر لکھا ہوا نام دکھایا۔

''جا ری جا، اس کا تو سر گھوم گیا ہے۔'' بڑھیا نے دور سے کہا۔

''مجھے اگر کوئی خبر ملی تو میں خود آ کر بتاؤں گی اماں!'' یہ کہتے ہوئے پورو تیز قدموں سے گلی کی طرف چل دی۔ باؤلی والے چھپر میں پورو نے اپنے دونوں چھوٹے بچے چھوڑے ہوئے تھے، جاوید اب سیانا ہو گیا تھا، چھوٹے کا دل بہلائے رکھتا تھا۔ پورو نے وہ رات گھڑیاں گن گن کر گزاری۔ دوسرے دن اس کے رشیدے نے لاجو کو سکڑ آلی اپنے گھر چھوڑ کر پورو کے پاس واپس آنا تھا۔ وہ رات رتو وال میں پورو کی آخری رات تھی۔ وہ تارے گنتی ہوئی دونوں بچوں کو لیکر چارپائی پر لیٹ گئی۔ رتو وال سے آج پورو کی ساری یادیں اور فریادیں مٹ چکی تھیں۔ پورو کو پچھلی بار رتو وال آنا یاد آیا۔ کھیتوں کھلیانوں کے چکر لگانا یاد آیا، پھر آخری دن رام چند سے کھیتوں میں ملنا یاد آیا۔ پچھلی بار پورو نے رام چند کے کھیت کھلیان دیکھے تھے۔ اس بار پورو نے رام چند کا وہ گھر بھی دیکھا جس کو دیکھنے کی حسرت پورو کو برس ہا برس رہی۔ پورو سوچنے لگی کہ اسی گھر میں اس نے بہو بن کر آنا تھا، اس گھر میں اس کی بہن بیاہ کر آئی، اسی گھر میں اس کا بھائی بارات لے کر آیا لیکن پورو نے اس گھر کو کب دیکھا، جب اس گھر میں گھر والوں کی پرچھائیں بھی باقی نہ رہی۔ اس گھر کے جبڑوں میں اس نے

صرف ا جو کا چبایا ہوا پنجر دیکھا۔ شکر ہے لاجو بھی اس وقت تک قید سے آزاد ہو گئی تھی۔ پورو پھر سوچنے لگی آج تو وہ خود ہی اس گھر کے پنجر میں پھنسی ہوئی تھی۔

صرف ''حمیداں'' نام نے اسے بچا لیا۔ معلوم نہیں کس وقت پورو کی آنکھ لگی اور رات کی تاریکی دھیرے دھیرے صبح کے اجالے میں بدل گئی۔

من کی باتیں

آنے جانے کا سالم یکہ طے کر کے رشیدا رتووال آیا اور پورو کو لے کر سکڑ آلی واپس چلا گیا۔ لاجو کی آنکھیں تو جیسے لوہے کے بند دروازے پر ہی ٹکی ہوئی تھیں۔ پورو کے پہنچنے کی پہلی آہٹ سنتے ہی لاجو نے بند دروازے کی چٹخنی کھول دی۔ رشیدے نے باہر بھی ایک تالا لگایا ہوا تھا تا کہ گاؤں والوں کو شک نہ ہو۔ برآمدے کا دروازہ اندر سے بند کر کے پورو، لاجو اور رشیدا اندرونی کمرے میں یکبارگی ایسے بیٹھ گئے جیسے شیر سے ڈرے ہوئے ہرنوں کی ڈار کو جنگل میں کوئی نئی پناہ مل گئی ہو۔ لاجو اور پورو دونوں کو اس طرح محسوس ہوا جیسے وہ اکٹھی کھیلتی ہوں، اکٹھی پلی بڑھی ہوں، دونوں ایک دوسرے کی ہم عمر ہوں، لیکن وقت کی گردش نے انہیں برس ہا برس جدا کر دیا ہو اور آج پھر کسی طوفان کے بعد، کسی بلا کی تیز ہوا کے بعد دونوں آپس میں مل بیٹھی ہوں۔ برسوں کی جدائی اور زندگی کی کہانیاں دونوں کے ہونٹوں پر جم چکی تھیں۔ دونوں کو کہنے اور سننے کی جلدی تھی۔

کھانے پینے سے فارغ ہونے میں خاصی دیر ہو گئی تھی۔ رشیدے کو اس بات کا خیال آیا کہ دونوں اکیلی بیٹھ کر دل کی کہہ سن لیں۔ اصل میں رشیدا شروع سے ہی برا نہیں تھا۔ وہ سوچتا رہتا تھا کہ پورو کے ساتھ کوئی لین دین کا کھاتہ تھا ورنہ وہ اتنا برا نہیں تھا کہ راہ چلتے کسی کی نیک سیرت بہن، بیٹی کو زبردستی گھر ڈال لیتا۔ پورو کو اپنی بیوی بنانے کے بعد رشیدے نے کبھی آنکھ اٹھا کر کسی کی بہن یا بیٹی کو نہ دیکھا۔ دونوں بچوں کو سلا کر وہ پچھلے کمرے میں چارپائی بچھا کر لیٹ گئیں۔ رشیدا اس روز ساتھ والے کمرے میں سویا۔

''رتووال کا قافلہ اسی گاؤں سے گزرا تھا۔'' پورو نے ہی پہلے بات شروع کی۔

''تم نے دیکھا تھا؟'' لاجو اور پورو آج تک مل کر نہیں بیٹھی تھیں۔ لاجو کو کچھ بھی معلوم نہ تھا کہ پورو نے اسے کیسے ڈھونڈا؟ کیوں ڈھونڈا؟

''میں تیرے بھائی سے ملی تھی، تبھی تو مجھے تیرے بارے میں معلوم ہوا۔''

''ہیں.....؟''

''ہاں.....'' اور پورو کو اس دن کے قافلے والے رام چند کا چہرہ آنکھوں کے سامنے آ گیا۔

''تم نے اسے کیسے پہچانا.....؟ تم نے تو کبھی اسے دیکھا بھی نہیں تھا۔''

لاجو کے من ہی من میں ساری سوچیں گھوم گئیں۔ کیسے پورو اس کے بھائی کی منگیتر تھی، کیسے اس کے بھائی کا بیاہ ہونے والا تھا، کس طرح پورو گم ہو گئی، پھر کس طرح پورو کی چھوٹی بہن کی اس سے شادی ہوئی۔

''میں نے اسے پہلے بھی ایک بار دیکھا تھا۔'' پورو نے رتووال کے کھیتوں والی ساری بات لاجو کو بتائی۔ پورو نے یہ بھی بتایا کہ ''اس وقت تک اسے معلوم نہیں تھا کہ رام چند اس کا بہنوئی بن چکا ہے۔''

''مجھے کبھی کسی کی خیر خبر نہیں ملی، سوائے اس دن کے جس دن قافلہ یہاں سے گزرا۔ مرے ہوؤں کو بھی لوگ یاد رکھتے ہیں، ان کے نام کے کھانے کھلاتے ہیں۔ کبھی کبھار میرا بھی تو گھر میں کوئی نام لیتا ہوگا؟'' پورو کا جی بھر آیا۔

لاجو نے اس کو بتایا کہ اس کا باپ دو سال پہلے فوت ہو گیا تھا۔ اس کی ماں کئی بار پورو کا نام لے لے کر بین کرتی تھی۔

''میری ماں کی قسمت، بیٹی بھی اس کی جیتے جی مر گئی اور اب بہو بھی.....'' پورو نے کہا تو پورو اور لاجو دونوں رو پڑیں۔ دونوں چارپائی کی بالیں کے ساتھ لگی رہیں جیسے بچڑ خانے کی گائیں۔ ''جب تم وہاں جاؤ گی، میری ماں سے ملو گی تو ایک بار اسے کہنا مجھ زندہ کا چہرہ دیکھے۔'' پورو نے پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے کہا۔

''میں.....میں.....وہاں کہاں جانا ہے.....؟''

''تم اپنے گھر جاؤ گی، اپنے خاوند کے پاس، اپنے بھائی کے پاس۔''

''میں تو جیتے جی مر گئی ہوں مجھے کون قبول کرے گا؟''

''نہیں لاجو! میں جیتے جی یہ ناانصافی نہیں ہونے دوں گی، تم اپنے گھر جاؤ گی۔ تمہارا اس میں کیا قصور ہے؟''

''لیکن تمہارا کیا قصور تھا، تمہیں آج تک گھر والوں نے قبول نہیں کیا۔''

''میری اور بات تھی لاجو.....!''

''تمہاری بات اور کیوں تھی؟ تم کوئی اپنی مرضی سے آئی تھیں؟ تم نے بھی تو مجبوراً.....''

''ہاں لاجو! اس وقت میں اکیلی تھی، میرے والدین میں اتنا حوصلہ نہ تھا کہ وہ لوگوں کے طعنے سنتے مگر انہوں نے اپنا کلیجہ کاٹ ڈالا۔ اب کسی ایک کے نہیں سب کے کلیجے کو ہاتھ پڑا ہے۔''

''نہیں پورو! میری قسمت اچھی ہوتی تو یہ ظلم ہی نہ ہوتا۔ مجھے معلوم ہے مجھے کوئی نہیں لینے آئے گا۔''

''میں کہہ رہی ہوں نا! تیرے بھائی کا خط ضرور آئے گا۔ ہم تیرے بارے میں خبر دیں گے تو وہ ضرور تجھے لینے آئیں گے۔ میرا بھائی کیسا دکھتا ہے؟'' پورو چاہت سے پوچھنے لگی۔

لاجو کو اپنا شوہر یاد آیا ''وہ کیسے اس سے نظریں ملائے گی؟ وہ کیسے گھر والوں کا سامنا کرے گی؟'' لاجو سوچنے لگی مگر اس کو جیسے یقین تھا کہ اسے کوئی بھی لینے نہیں آئے گا۔ ''ویسے کسی سہانی آس کے سہارے جتنے دن چاہے گزار لو۔''

''نہیں لاجو! کوئی نہ کوئی ضرور تجھے لینے آئے گا۔ آج کوئی کسی کو طعنہ نہیں دے سکتا، سب لوگ اپنی بہنوں، بیٹیوں کو لے جا رہے ہیں۔ رشید ابتا رہا تھا کہ دوسری طرف سے بھی لوگ ڈھونڈ ڈھونڈ کے اپنی عورتیں واپس لا رہے ہیں۔ کئی عورتوں کے تو بچے بھی پیدا ہو گئے ہیں۔'' پھر دونوں گم سم، عورتوں کی اس بے بسی کو سوچنے لگیں۔

لاجو سوچنے لگی کہ آج تک اس کے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا تھا۔ معلوم نہیں اس میں کیا نقص تھا۔ آج یہی نقص اسے بچا گیا، ورنہ معلوم نہیں اس کا کیا حال ہوتا؟'' پہلے وہ ایک کو روتے تھے اب دو کو رو لیں گے۔ میں نے کہیں نہیں جانا پورو! میں کس منہ سے جاؤں گی۔ میں تیرے بچوں کی نوکری کر کے روٹی کھا لوں گی۔''

''اس طرح کیوں کہتی ہو لاجو! میرے زخموں پر نمک نہ چھڑکو، یہ تمہارا اپنا گھر ہے لیکن لاجو وہ تمہیں ضرور لے جائیں گے۔ میں دنیا جہان کے واسطے دے کر ان کو دے کر منا لوں گی۔'' لاجو نے پورو کو بازوؤں میں بھینچ لیا۔

''تم اپنی کہو، کیسی ہو پورو؟''

''رشیدے کی پیٹھ سنتی ہے۔ پہلا گناہ جو اس نے کیا سو کیا مگر اس کے بعد اس نے مجھے کبھی برا بھلا نہیں کہا۔ وہ میرے ساتھ نہ ہوتا تو میں کیسے تمہیں ڈھونڈ نکالتی؟''

''مجھے واپس لانے کے لیے اس نے اپنی جان جوکھوں میں ڈالی ہے۔ اگر کہیں اس شیطان کو پتہ لگ جاتا تو اس نے میری ہڈیاں جلا کر پانی پینا تھا.....''

''اس نے جلانی کب تھی پگلی! وہ لوگ تو دفنا دیتے ہیں۔''

''کیا معلوم، لیکن پورو کہیں وہ اس گاؤں کا سراغ تو نہیں لگا لے گا؟ میرا تو جی ڈرتا ہے کہیں تمہارا بستا گھر برباد نہ کر دوں۔''

''ابھی تک تو ان کو تیرے سایے کا بھی پتہ نہیں لگا تھا۔''

اور پورو نے وہ ساری بات سنائی کہ کس طرح وہ لاجو کے گم ہو جانے کے بعد بڑھیا اور اس کے بیٹے سے ملی تھی۔

''پہلے اسی اندرونی کمرے میں کئی دن ایک ہندو لڑکی چھپائے رکھی تھی، کسی کو اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ تھا پھر میں اس دن اسے قافلے میں چھوڑ آئی تھی۔ تجھے بھی اس گاؤں میں چوری رکھنا ہے تاکہ گاؤں میں کسی کو شبہ نہ ہونے پائے۔ جس دن خط آ گیا تجھے چپکے سے جا کر لاہور چھوڑ آنا ہے کسی کو کان دکان خبر بھی نہیں ہوگی۔''

''اگر ان کا خط نہ آیا.....''

''میرا دل گواہی دیتا ہے لاجو! تیرا بھائی ضرور خط لکھے گا۔''

ہچکولے

دنوں پر دن گزرتے گئے۔ ہر صبح منہ اٹھاتی رہی، ہر شام سر جھکاتی رہی نہ لاجو کے بارے میں کوئی خبر باہر نکلی نہ ہی لاجو کے گھر والوں کی کوئی خبر پہنچی۔ ویسے پورو اور لاجو کا ایک دوسرے کے بغیر رہنا مشکل ہو گیا تھا۔ رات کو جب نیند سے ان کی آنکھیں بھر جاتی دونوں کی آنکھوں میں خواب ہی خواب بکھر جاتے۔ صبح اٹھ کر

وہ ایک دوسرے سے خوب باتیں کرتیں۔ خوابوں کی اچھی بری تعبیریں سوچتیں۔ کبھی ان کے من میں کوئی ترنگ باقی نہ رہتی کبھی ان کا من تھم جاتا۔ کئی بار لاجو چولھے سے کوئلہ لے کر لکیریں کھینچنے بیٹھ جاتی، کبھی اسے لکیریں راہ بھاتیں۔ کئی بار لاجو کے رخساروں پر آنسوؤں کی جھڑی لگ جاتی۔ بہت دفع لاجو، پورو کے بچوں سے کھیل کر جی بہلا لیتی، ویسے لاجو کا من اکثر نراس ہی سوچتا۔ اسے امید نہیں تھی کہ کبھی کوئی اس کی خبر بھی لے گا لیکن پورو کا من اندر ہی اندر گواہی دیتا تھا کہ کسی دن اچانک ہی کوئی آ جائے گا۔ کسی دن اچانک کوئی خط آ جائے گا۔ لاجو کے دن پھر اچھے ہوں گے۔ پورو اپنی طرف سے لاجو کی اچھی طرح تواضع کرتی تھی۔ سوچتی تھی وہ شاید چند دنوں کے لئے اس کے پاس امانت ہے پھر شاید اسے کبھی نہ مل سکے گی، کبھی نہ دیکھ پائے گی۔ باقی سب کے چہرے بھی اسے اس وقت صرف لاجو کے چہرے میں سے دکھائی دیتے تھے۔ کب کسی نے اس کے گھر رہنے آنا تھا، کب کسی نے اس سے ملنے آنا تھا۔ اس کے اپنے رشتہ داروں میں سے لاجو نے بھی اس کے گھر نہیں آنا تھا۔ رات کے اندھیروں نے لاجو کا بھید بہت وفاداری سے سنبھالا لیکن گاؤں کے ڈاکیے نے تین پیسوں کا ایک بھی کارڈ لا کر ان کے صحن میں نہ پھینکا۔ خیالات جیسے لاجو اور پورو کے چہرے پر جم گئے تھے۔ صرف لاجو کو ایک ڈھارس تھی کہ کبھی پورو اور رشیدے نے اس کا جی میلا نہ ہونے دیا۔ لیکن سارا دن گھر میں بند چھپی ہوئی لاجو سوچتی تھی کہ پہاڑ سی عمر اس کے سر پر لٹک رہی تھی کب اس کے دن پورے ہونگے؟

پورو کا کسی کے گھر زیادہ آنا جانا نہیں تھا۔ لاجو اندرونی کمرے میں ہی بیٹھتی تھی یا پھر دوپہر کے وقت باہر کے دروازے کی چٹخنی لگا کر چرخا کاتتی رہتی۔ دھاگے ختم ہو جاتے، دن ختم ہو جاتے، لیکن سوچیں نہ ختم ہوتیں۔

سخت سردی گزر گئی پھاگن کا خاتمہ ہونے والا تھا۔ پانیوں کی ٹھنڈک کم ہو گئی تھی۔ ایک دن ڈھلتی دوپہر میں رشیدا جب گھر کی دہلیز سے گزرا، لاجو اور پورو کو دیکھتے ہی اس کی آنکھیں بھیگ گئیں۔

سہمے ہوئے چہرے کے ساتھ دونوں اس کے دائیں بائیں بیٹھ گئیں۔ کتنی ہی دیر رشیدا کچھ کہہ نہ پایا۔ لاجو کے کلیجے کو جیسے مٹھی میں بھر کر چھوڑ رہا تھا۔ اس کو ایک ہی ڈر تھا کہ رتو وال کی بڑھیا اور اس کے بیٹے نے لاجو کا کھوج لگا لیا ہے۔ وہ اس کو زبردستی کھینچ تان کر لے جائیں گے، معلوم نہیں پورو اور رشیدے کے ساتھ کیا کریں گے۔ رشیدا چارپائی کے کنارے بیٹھ گیا۔ قمیض کی بازو کے ساتھ دونوں آنکھیں پونچھ کر لاجو کو چمکارا۔ اس کے ہاتھوں میں وہی جذبہ تھا جو ایک بزرگ باپ کا بیٹی سسرال وداع کرتے ہوئے ہوتا ہے۔

رشیدے کا من بڑا دکھی ہو رہا تھا پھر رشیدے نے اپنے من کو تھام کر کہا ''آج رام چند آیا تھا۔''

''یہاں؟'' لاجو اور پورو کے منہ سے یکبارگی آواز نکلی۔

''ہاں، کچھ ہندوستانی، کچھ پاکستانی سپاہی اس کے ساتھ تھے، اسی طرح لوگ گاؤں گاؤں، شہر شہر جا کر گمشدہ لڑکیاں ڈھونڈ رہے ہیں، مجھے اکیلے میں بھی رام چند ملا تھا۔'' رشیدا بتا رہا تھا۔

''سچ مجھے لینے آئے ہیں؟'' لاجو نے یکبارگی کہا اور پھر کہہ کر شرمندہ سی ہو گئی۔ اس کو لگا اس کا سوال بے موقع تھا۔

''جھلی نہ ہو تو اور کیا کرنے آئے ہیں.....؟'' رشیدے نے کہا۔

پورو نے ابھی تک چپ نہیں توڑی تھی۔ وہ من ہی من میں نہال ہوئی جا رہی تھی کہ اس کا یقین سچا تھا۔ اسے معلوم تھا کہ رام چند آئے گا۔ اس کو معلوم تھا کہ یہ بیل ضرور منڈھے چڑھے گی، لاجو تو ایسے ہی اپنا دل چھوڑ دیتی تھی۔ جن دنوں رشیدا بھی مایوس ہو جاتا تھا پورو کا دل گواہی دیتا تھا، رام چند ضرور آئے گا، سو آج وہ دن آ گیا ہے۔

''اکیلا ہے.....'' لاجو نے پوچھا۔

رشیدا سمجھ گیا کہ لاجو کے اس طرح پوچھنے کا کیا مطلب ہے۔

''ہاں ابھی تو اکیلا آیا ہے لیکن تم فکر نہ کرو لاجو! تمہارے گھر والے تمہیں صدقے واری ہوتے ہوئے لے جائیں گے۔'' لاجو کو کچھ تسلی ہو گئی۔

''تمہارا نام سن کر، تمہاری خبر سن کر رام چند کا رونا تھمنے میں نہیں آتا تھا۔ اس کو دیکھ کر میرا بھی دل بھر آتا تھا۔'' رشیدے کی آنکھیں پھر بھر آئیں۔ لاجو اور پورو نے رونا شروع کر دیا۔

''میں نے انہیں اچھی طرح سمجھا بجھا دیا ہے۔ آج یہاں اس طرح تمہیں حوالے کرنے سے سارے گاؤں کو خبر ہو جاتی، ہو سکتا ہے رتو وال تک بھی بات پہنچ جاتی۔ میں نے انہیں کہا ہے آپ لاہور واپس چلے جائیں میں لڑکی کو لے کر لاہور پہنچ جاؤں گا اور وہیں آپ کے حوالے کر دوں گا۔''

''یہ بہت اچھا کیا ہے۔'' پورو نے جواب دیا۔

''ہم وہاں آج سے پانچویں دن پہنچے گے۔ اس وقت تک وہ پورو کے بھائی کو بھی امرتسر سے بلا لیں گے۔ میں نے سوچا تھا ایک بار پورو بھی اپنے بھائی کو مل لے گی۔'' رشیدا لاجو کو چمکارتے ہوئے بتا رہا

تھا۔

پورو کے رکے ہوئے آنسو بہنے لگے۔ لاجو نے پورو کی جھولی میں سر رکھ کر پورو کو بھینچ لیا۔ دونوں ایک دوسرے میں کھوئی ہوئی تھیں۔ دونوں کے دکھ مشترک ہو گئے تھے۔ دونوں کے آنسو ایک دوسرے میں گھل مل گئے تھے۔

لاہور پہنچنے کا راستہ مشکل سے ڈیڑھ دن کا تھا۔ ابھی یہاں سے روانہ ہونے میں پورے تین دن تھے۔ اگلے دن پورو نے بیسن پسوایا، بھینسوں کے دودھ کا جمع کیا ہوا مکھن نکالا، کشمش اور میوے ڈال کر پورو سارا دن پنجیاں (لڈو) بناتی رہی، جیسے بیٹی کو سسرال بھیجنا ہو۔ پورو نے ایک چاندی کی کڑھائی والا جوڑا نکالا، جو کو کلیجے سے لگاتی رہی۔ لاجو کو بھینچ بھینچ کر روتی رہی۔

پھر تین دن بعد دونوں بچوں کو ساتھ لے کر پورو، لاجو اور رشید امنہ اندھیرے گاؤں سے نکلے اور گاڑی پکڑی۔

پچھلے چار دنوں سے پورو کو سارا سارا دن اور ساری ساری رات کئی خیال آتے رہے۔ من ہی من میں کچھ طے کرتی رہتی۔ میں لاجو سے کہوں گی میری ماں سے جا کر یہ کہنا، میری ماں کو جا کر یہ بتانا۔ کسی طرح مجھ جیتی جاگتی کا منہ دیکھے..... سوچتے سوچتے پورو کا دل بھر آیا۔ سوچتے سوچتے پورو کو کہنے کے لیے بہت کچھ یاد آیا۔ سوچتے سوچتے پورو کے منہ سے ایک لفظ بھی نہ نکلا۔

لاجو کو اپنے بھائی اور اپنے خاوند کا چہرہ دیکھنا بڑا عجیب لگتا تھا جیسے کوئی مرنے کے بعد دوسری دنیا میں کھوئے ہوئے چہروں کو دیکھنے کی آس رکھتا ہو۔ بلاشبہ لاجو کو اپنے گھر والوں سے بچھڑے ہوئے پانچ چھ ماہ ہو گئے تھے، لیکن لاجو کو ایسے محسوس ہوتا کہ وہ ایک بار مرنے کے بعد دوبارہ اس دنیا میں جی اٹھی ہے۔

سفر کے دوران تمام وقت دونوں کے من ہچکولے کھاتے رہے۔

ایک پل

پولیس کے پہرے میں جب وہ ملے، لاجو کی پلکیں اٹھائے نہ اٹھتی تھیں۔ پورو نے اپنے بھائی کا چہرہ دیکھا، ملاپ کی اس گھڑی کے دوسری جانب ہمیشہ کے لئے جدائی نظر آ رہی تھی۔ کسی کے بھی آنسو تھمنے میں

نہیں آ رہے تھے۔

مردوں کے دل بھی ڈول گئے۔ اس انہونی کے بعد کسی کے پاس پوچھنے یا بتانے کے لیے کچھ نہ تھا۔ رو رو کر ان کے ہاتھ بھیگ گئے۔ زار و قطار رونے سے ان کے کپڑے بھیگ گئے تھے۔

''واسطہ ہے کبھی بھول کر بھی لاجو کی بے عزتی نہ کرنا۔'' پہلے پہل پورو بولی۔

''پورو ہمیں شرمندہ نہ کر۔'' آخر کار لاجو کے بھائی نے کہا۔

لاجو کا خاوند کچھ نہ بول سکا اور نہ ہی شاید کچھ سن سکا۔ آج اس نے صرف اپنی بیوی ہی نہیں دیکھی، آج اس نے ہوش سے پہلے کی کھوئی ہوئی بہن دیکھی تھی۔

برس ہا برس اس کے اندر ایک آگ سلگتی رہی تھی۔ اسی کی ایک چنگاری اس نے رشیدے کے کھیت کو دکھائی تھی، اس کا سارا کچھ جل کر راکھ ہو گیا تھا۔ برس ہا برس وہ اس شہزادی کی کہانی کو سوچتا رہا تھا، جس کو ایک دیو چرا کو لے گیا تھا پھر پورب دیس کا ایک شہزادہ اپنے جادوئی تیروں کے ذریعے اس کو چھڑا لے گیا تھا۔ چھوٹی عمر میں وہ کئی سادھوؤں، سنتوں سے جادو کے تیر مانگتا رہا۔ جوان ہو کر وہ پورو کے بارے میں سوچ سوچ کر دانت پیستا رہتا۔ آج برسوں کی کھوئی ہوئی پورو اس کی آنکھوں کے سامنے بیٹھی ہوئی تھی۔ اس وقت وہ بھول گیا تھا کہ رشیدے نے اس کی بیوی کو بچایا ہے۔ اس گھڑی اسے صرف یہی یاد تھا کہ رشیدا اس کی بہن کو اٹھا لے گیا تھا۔

پولیس والوں کی لاری تیار ہو گئی تھی، ہندوستانی پولیس کے سپاہیوں نے اعلان کیا:

''آؤ! دوسری طرف جانے والے ہندو ایک طرف ہو جائیں، لاری تیار ہے۔''

رام چند نے رشیدے کے گلے لگ کر بار بار اسے کہا:

''تیری مہربانی بھائی! تیرا احسان نہیں بھولیں گے۔''

رشیدے کے چہرے پر احسان کرنے کی خوشی بھی تھی، لیکن رشیدے کی نظریں لاجو کو بچا کر بھی شرمندہ تھیں۔ رشیدے کو پورو کا اٹھا لے جانا یاد آ رہا تھا، پھر اسے محسوس ہوا اس پر چڑھا ہوا قرضہ کچھ نہ کچھ اتر رہا تھا۔

ایک بار آواز پھر آئی ''دوسری طرف جانے والے ہندو ایک طرف ہو جائیں۔''

پورو نے چاندی کی کڑھائی والا جوڑا اور بیسن کی پنجیوں (لڈوؤں کی پوٹلی لاجو کے ہاتھ میں دی، لاجو

کو کھینچ کھینچ کر گلے لگایا اور پھر آخری ملن کے لیے اپنے بھائی کے سینے سے لگ گئی۔

''پورو ''پورو کا بھائی صرف اتنا ہی کہہ سکا اور اس نے پورو کا ہاتھ زور سے پکڑ لیا۔

''میری بات سن، اس وقت..... ''پورو کے بھائی نے پھر جی کڑا کر کے کہا۔ پورو کو اپنے بھائی کی بات سمجھ میں آ گئی، پورو کو ایک بار خیال آیا۔

''اگر میں اس وقت کہہ دوں میں ایک ہندو عورت ہوں تو وہ ضرور ان کے ساتھ لاری میں بٹھا کر لے جائیں گے، میں بھی..... لاجو کی طرح..... ملک کی ہزاروں لڑکیوں کی طرح.....''

پورو کے رکے ہوئے آنسو پھر نکل آئے اس نے دھیرے سے اپنے بھائی سے اپنا بازو چھڑا لیا اور دور کھڑے رشیدے کے پاس جا کر اپنے بیٹے کو اپنے سینے سے لگا لیا۔

''لاجو اپنے گھر واپس جائے گی تو سمجھنا وہ پورو کی صورت میں آ گئی ہے۔ میری جگہ اب یہی ہے۔'' پورو نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے بھائی کو آہستہ سے کہا۔

رام چند نے جھکے ہوئے سر کے ساتھ دونوں ہاتھ پورو کے آگے جوڑ دیے۔ کوئی اندرونی دکھ رام چند کے ہونٹوں پر جم گیا، رام چند بول بھی نہ سکا۔

''لڑکی چاہے ہندو ہو یا مسلمان، جو بھی لڑکی اپنے ٹھکانے پہنچ رہی ہے سمجھو اس میں پورو کی روح ٹھکانے پہنچ رہی ہے۔'' پورو نے من ہی من میں کہا اور دونوں آنکھیں زمین پر جھکا کر رام چند کو آخری پرنام کیا۔

لاری چل پڑی تھی، خالی سڑک پر گرد پھیل گئی۔

☆☆☆☆☆

امرتا پریتم

جہنم کی آگ

ہنگری کا ادیب آرتھر کوئسلر پیدائشی یہودی تھا۔ اس وقت کہ جب 1933 میں ہٹلر کے دور میں جرمنی کے شہروں میں کئی لاکھ کتابیں جلائی گئی تھیں، کوئسلر کی کتابیں بھی جلائی گئیں اور پھر جب 1952 میں سٹالن کے دور میں سوویت یونین کے مقبوضہ جرمن شہروں میں نوے لاکھ کتابیں جلائی گئیں، تب بھی کوئسلر کی کتابیں اس آگ کے حوالے ہوئی تھیں اور اس دوسری آگ کی راکھ میں کوئسلر کو اپنی کتاب کا ایک ادھ جلا ورق ملا تھا جس پر اس کا نام پڑھا جا سکتا تھا۔ اس ادھ جلے ورق کو کوئسلر نے فریم کروا کے اپنے کمرے کی دیوار پر آویزاں کر دیا تھا وہ کہتا تھا کہ زندگی میں دو دفعہ کسی کی کتابیں جلائے جانے کا شرف آخر کتنے ادیبوں کو حاصل ہے؟

دسمبر 1987 میں جب اچانک دلی سے پاکستانی ادیب فخر زمان کا فون آیا کہ برسوں کے انتظار کے بعد انہیں اب پہلی دفعہ ہندوستان آنے کا موقع ملا ہے اور وہ تین دن میرے گھر قیام کریں گے تو آرتھر کوئسلر کی زندگی کا وہ واقعہ میری نظروں کے سامنے آ گیا جب فخر زمان کے دیس میں ان کی ساری تصانیف ضبط کی گئی تھیں اور انہیں انڈیا کا ویزا بھی نہیں دیا جا رہا تھا۔ فخر زمان سے میری یہ پہلی ملاقات تھی وگرنہ ذہنی رفاقت تو برسوں پر محیط تھی۔ تین دن میں ہم نے ڈھیروں باتیں کیں۔ اس دوران انہوں نے بتایا کہ ان کی تمام کتابوں کا ایک مجموعہ چھپ رہا ہے۔ میں نے آرتھر کوئسلر والے واقعہ کی روشنی میں پوچھا کہ آپ کی تمام تصانیف ضبط کی گئی ہیں، اگر ان سب کا ایک مجموعہ چھپ گیا تو کیا وہ ضبط نہیں ہو جائے گا؟

فخر نے کہا 'شاید ہو جائے گا۔ دوسری بار شاید نہ ہو کیوں کہ سرکاری کاغذوں میں ان کتابوں کا جو نام درج ہے ان سے مختلف نام سے یہ کتابیں چھپیں گی۔'

وہ ہنس دیئے اندر تو وہی نام ہوں گے۔ قانون کے اس دلچسپ پہلو پر وہ ہنستے رہے پھر فخر نے کہا کہ 'میری کتاب ''بندی وان'' کی ڈرامائی تشکیل کی گئی ہے یہ کتاب ضبط شدہ ہے۔ ادھر چھپ نہیں سکتی لہٰذا اس کی

ڈرامائی تشکیل پر اعتراض ہونا چاہیے یا نہیں۔۔۔ جب اُوپر والے یہ فیصلہ نہ کر سکے تو اس پر پابندی لگا دی کہ یہ کھیل عوامی پلیٹ فارم پر نہیں دکھایا جا سکتا اسے اپنے گھر میں بیٹھ کے کھیل لو۔۔۔ سو ہم نے اس ڈرامے کو اپنے ایک دوست کی وسیع و کشادہ کوٹھی میں تشکیل دیا۔ جتنے لوگ بھی اس جگہ سما سکتے تھے۔ بے نظیر بھٹو بھی آئی تھیں کوٹھی کے چاروں طرف سرکاری پہرا لگا ہوا تھا۔ ادھر ایک دوست نے ڈرامے کی وڈیو ریکارڈنگ کر لی۔ یہ ریکارڈنگ گھریلو وڈیو کیمرے سے کی گئی تھی لہٰذا تکنیکی اعتبار سے اچھی نہیں ہے لیکن پھر بھی ایک دستاویز بن گئی ہے۔'

فخر کا ناول ''بندی وان'' میں نے پڑھا ہے لہٰذا میں جان سکتی ہوں کہ اس ناول کی ڈرامائی تشکیل کتنے دل گردے والے شخص نے کی ہوگی۔ میری آنکھوں کے سامنے اس کا ایک ایک کردار آتا گیا اور درد کی چبھن بن کے آنکھوں سے بہتا گیا۔ اس وقت فخر نے بتایا کہ 'میں وہ فلم تمہیں دکھانے کے لیے لایا ہوں۔' میری پہلی حیرانی ایک سوال کی صورت میں تھی کہ انہوں نے لانے کی اجازت کیسے دی؟ پھر یاد آیا کہ فخر سیدھا اپنے ملک سے نہیں آیا۔ پیرس سے ہوتا ہوا آیا تھا۔ وہ فلم دیکھتے ہوئے مجھے آرتھر کوئسلر کی دیوار پر لگا ہوا اس کا ادھ جلا ورق یاد آتا رہا۔ میں نے دیکھا فخر مسکرا رہے ہیں جیسے کوئسلر کی طرح کہہ رہے ہوں، ''دیکھو یہ ہے لوگوں کا وہ دکھ جو ضبط شدہ قرار دیا گیا ہے مگر وقت کے درد کو کاغذ پر اتارنے کا شرف آخر کتنے ادیبوں کو حاصل ہوتا ہے نا کہ اسے ضبط شدہ قرار دینے کا فخر؟۔۔۔'

اگلے دن 26 دسمبر کی شام کو دلی کی ''قلم زاد'' تنظیم کی طرف سے فخر زمان کو استقبالیہ دیا گیا۔ اُردو کے ادیب قمر رئیس نے صدارت کی۔ میں اس دعوت کی مہمانِ خصوصی تھی۔ میری آنکھوں کے آگے فخر کے کردار گھوم رہے تھے۔ اس لیے جب بطور مہمانِ خصوصی مجھے چند حرف کہنے کے لیے بلایا گیا تو میں نے کہا 'فخر زمان اپنے ناول ''بندی وان'' میں زیڈ کا کردار پیش کرتے ہیں تو زیڈ کہتا ہے کل جو انسانی قتل ہوا تھا وہ بھی میں تھا آج جو قتل ہو رہا ہے وہ بھی میں ہوں۔ آنے والے کل میں جو قتل ہوگا وہ بھی میں ہوں گا۔''

یہ کہتے ہوئے میرے دل کا یہ عالم ہے کہ وہ ''زیڈ'' فخر زمان بھی ہے اور میں بھی۔ یہ بات کرتے ہوئے مجھے فراق گورکھپوری بہت یاد آئے جو اکثر ایک بات سنایا کرتے تھے۔ میں نے ان کے حوالے سے دھرایا کہ ''ادبی تاریخ میں جنت اور جہنم کا مسئلہ اس وقت شروع ہوا جب دنیا والوں نے دیکھا کہ یہ شاعر ادیب ہیں۔ یہ پتہ نہیں عوام کا دکھ اپنے دلوں میں کیوں بسا لیتے ہیں کہ پھر ساری زندگی تڑپتے رہتے ہیں۔ وہ لوگ جنہیں عوام

کے دکھ سے کوئی سروکار نہیں ہوگا انہوں نے زندگی کو دو نام دیے ایک جنت جوان کی اپنی زندگی کے لیے تھا۔ ایک دوزخ جو شاعروں اور ادیبوں کے لیے تھا۔ پھر ایک دفعہ جنت میں ایسی ٹھنڈی ہوا چلی کہ لوگ سردی سے کانپنے لگے۔ انہوں نے سوچا کہ جہنم میں بہت آگ جلتی ہے، اس لیے تھوڑی آگ جہنم سے مانگ لی جائے۔ لیکن جب انہوں نے اہلِ جہنم سے آگ کی فرمائش کی تو جہنم سے جواب آیا کہ ادھر فالتو آگ نہیں ہوتی۔ ادھر جو لوگ آتے ہیں وہ اپنی آگ ساتھ لے کر آتے ہیں۔ تو ایسی ہی آگ شاعروں اور ادیبوں کے سینوں میں جلتی ہے۔ یہ آگ کوئی دوسرا نہیں لے سکتا۔ اس آگ کو حاصل کرنے کے لیے شاعر یا ادیب ہونا ضروری ہے۔

اس حوالے سے بات بڑھاتے ہوئے میں نے کہا کہ آج کی منفی قوتوں کے اندھیرے میں شعور کی آگ فخر زمان کی صورت میں جلتی ہے، ہم سب بھی اسے اپنے اپنے سینوں میں لے کر ان کی آگ کا استقبال کرنے آئے ہیں۔ وہ تین دن فخر زمان سے میری طویل ملاقات کے دن تھے جس سے نکلنے والی چنگاریاں منفی قوتوں کی اندھیری دنیا کو چیرتی چلی گئیں۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

کجھ ہور ویروے

(یاداں)

کئی گلاں رگاں وچ چنیاں ہوئیاں سن۔لکھنوں رہ جاندیاں ہن۔ ''رسیدی ٹکٹ'' وچ بہت کجھ درج کیتا سی، پر کجھ گلاں سن، جو چیتیوں لانبھے ہو گئیاں۔ شاید ایس لئی کہ اوہ وجود وچ اینیاں وس گئیاں سن، کہ چیتا وی اوہناں نوں وکھرے طور تے پچھان نہیں سکیا۔

اک گھٹنا (واقعا) ایہ سی، کہ جدوں پنجاں کو ورھیاں دی ساں، میرے پتا نے میرے کولوں باؤنی صاحب گردوارے وچ ارداس کروائی سی۔ بھری سنگت وچ۔

گھر وچ اوہ ارداس دا حرف حرف کئی دن چیتے کرداؤندے رہے سن، تے تاکید کیتی سی 'بس ہتھ جوڑ کے حضوری وچ کھلو جانا ہے۔ اکھاں میٹ لینیاں ہن۔ ہر پاسے لوک ہون گے پر توں کسے ول ویکھنا نہیں۔ اوہناں نوں سوچنا وی نہیں کہ لوک تینوں کویں ویکھ رہے ہن۔ سارا دھیان ارداس وچ رکھنا ہے۔ آپنے مونہہ دھیان ہو کے کھلونا ہے۔ ایس طرحاں تینوں کوئی حرف نہیں بھلے گا۔'

جاپدا ہے، ایہ چھوٹی جہی گل میریاں رگاں وچ اُتر گئی۔ ساری زندگی دھیان آپنے لفظاں نال جڑیا رہیا۔ جس ویلے، جو لکھ رہی ہوندی ہاں، پوری دی پوری اوہدے وچ سمائی ہوئی ہوندی ہاں۔ کدے خیال نہیں آیا کہ لوک ایہوں پڑھ کے کیہ آکھن گے۔ نندا اُستت کیہ ہوندیاں ہن، اوس عمر وچ میں نہیں سی جاندی۔ پر میرے پتا جاندے سن۔ پتا نہیں اوہ اوہناں دی ڈور اندیشی سی یاں قدرت دا کوئی کرم، جیہنے میرے وجود وچ اوہ

کئی پا دتی کہ فیر نندا اُستت دیاں وڈیاں وارداتاں وچوں گزرن ویلے وی، من تھاویں رہیا۔ جے کدے گھڑی ڈولیا وی، تاں اگلے پل تھاویں ہو گیا۔

اک گھٹنا ہور سی، جو اج وی میرے لئی رہس وچ لپٹی ہوئی ہے۔ عمر شاید ستاں کو ورھیاں دی ہووے گی کہ لاہور دے چونا منڈی والے مکان وچ جو سبھ توں وڈا کمرا سی، میرے پتا کئی پُراچین کھرڑیاں نوں وچھا کے، اوتھے بہندے سن۔ تے اوہناں دے کئی جھے کسے کاتب نوں بلا کے، بڑی خش خطی نال کاپی کرواندے سن۔ اک دن میں اوتھے ننگے سر چلی گئی، تاں پتا نے چپیڑ ماری۔ اوہناں دا حکم سی، کہ اوس کمرے وچ سبھ نے سر ڈھک کے آونا ہے۔ اوہناں دی نظر وچ اوہ کتاباں دا ادب رکھن والی گل سی۔ اوس ویلے میں ایہ چپیڑ چپ کر کے جر لئی۔ پر لگدا ہے، جو جریا سی، اوہ میرے من کولوں جریاں نہیں سی گیا۔ کجھ ای گھنٹیاں پچھوں تیز بخار ہو گیا۔ ماں ٹھنڈے پانی دیاں پٹیاں سر تے رکھدی پئی سی۔ جس ویلے میں تڑپ کے ماں دے مونہہ ول ویکھیا سی، تے آکھیا سی۔ اج جہڑیاں کتاباں لئی مینوں چپیڑ ماری اے، ایہو جہیاں میں آپے لکھ سکدی ہاں۔۔۔۔۔

ایہ قیامتی حرف میری زبان تے جس طرحاں آئے سن، میں اج تک نہیں جاندی۔

فیر کجھ ورھیاں پچھوں اک گھٹنا واپری، جیہنے میرے پتا دی زندگی وچ اک موڑ لے آندا۔ اوہ سکھ اتہاس دیاں وارداتاں لکھدے تے سناندے ہوندے سن۔ تے اوسے اتہاس نوں پرسارن لئی، اک وار وِڈوں ودھ پیسے خرچ کے، کجھ سلائیڈز پنوائے۔ اک پروجیکٹر لیا، تے اک وڈی ساری سکرین جھوں دیوار تے لا کے، اوہ سلائیڈ ویکھے تے وکھائے جا سکدے سن۔ اوہناں ساریاں چتراں دی جو ویاکھیا کرنی ہوندی سی، پتا جی بول کے کردے سن۔

گھٹنا ایہ ہوئی کہ اِک وار اوہناں نے اک گردوارے دی دیوار اُتے سکرین لا کے، بھری سنگت نوں اوہ سلائیڈ وکھائے۔ لوک گرو پریم وچ بھجے ہوئے، ویکھ رہے سن کہ بھیڑ وچوں دو نہنگ سکھ اُٹھ کھلوتے کہ گردوارے وچ ایہ سنیما نہیں چلے گا۔۔۔۔۔

اوس ویلے میں وی اوتھے ساں، پتا جی نال لے گئے سن۔ چھوٹی جہی نوں۔ ویکھیا۔ پتا جی چپ دے چپ ہو گئے سن۔ اِک آدمی پتا جی نال گیا سی۔ اوس سامان والے کالے ٹرنک نوں چکن رکھن لئی۔ سو پتا جی نے اوہنوں سارا سامان ٹرنک وچ پا کے، بند کرن لئی آکھیا تے چھیتی نال میرا ہتھ پھڑ کے، مینوں سنبھالدے، اوہ بھیڑ وِچوں نکل کے باہر آ گئے۔۔۔۔۔

ایہ گھٹنا سی کہ اوس توں بعد پتا جی نے اِک خاموشی اختیار کر لئی۔ سکھ اتہاس بارے جو لیکچر دیندے سن، چھڈ دِتے۔ اوہناں دا آکھیا اِکو فقرا سی۔ 'کسے مورکھ نال بحث نہیں ہو سکدی۔'

اوہ کالا ٹرنک فیرکدی نہیں کھولھیا گیا۔ جدوں پتا جی لاہور چھڈ کے بہار چلے گئے، شاید 1945 وچ، کہ اوتھے کجھ زمین خرید کے، اوہ آپنی اک کٹیا پا لین گے، تاں اوہ کالا ٹرنک اوسے طرحاں بند دا بند، پچھے لاہور والے مکان وچ پیا رہیا۔ فیر 1947 وچ لاہور چھڈدے ویلے، ایس طرحاں میرا سبھ کجھ اوس مکان وچ رہ گیا، اوسے طرحاں اوہ کالا ٹرنک وی۔ایسے گھٹنا نے، ظاہرا طور تے میرے پتا دا من اُپرام کر دتا سی، اوہناں دی زندگی دا راہ بدل دتا سی۔ پر کدے سوچدی ہاں، تاں لگدا ہے، کہ ایس گھٹنا نے مینوں کئیاں دھتاں توں بچا لیا۔

میں کدے وی وقتی طور تے جذباتی ہو کے، کسے سنستھا (تنظیم) نال نہیں جڑ سکی۔ کئی وار ویلے آئے، کانگرس نال جڑن دی پیشکش ہوئی، فیر کمیونسٹ پارٹی نال، تے فیر جدوں راج سبھا دی ممبر ساں، اک دن جنرل اروڑا نے پچھیا۔ کیہ میں کانگریس دی ممبر ہاں؟ میں کہیا نہیں، تاں اوہناں نے سکھ منچ نال جڑن دی پیشکش کیتی۔ ایہ وی آکھیا کہ مینوں آپنے اظہار لئی بہت وڈا منچ ملے گا۔ میں ہس پئی، آکھیا۔ نہیں جنرل صاحب، مینوں کوئی منچ نہیں چاہیدا۔ میں کسے سنستھا نال نہیں جڑ سکدی۔

(لپی انتر: جمیل احمد پال)

امرتا پریتم

گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ: احمد سلیم

ہم سب غدار ہیں

میں نہیں جانتی۔ دنیا میں پہلی سیاسی جماعت کون سی تھی اور وقت کا وہ کون سا دباؤ تھا جس کے باعث اسے لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہونا پڑا تھا۔۔۔ اسی طرح میں یہ بھی نہیں جانتی کہ وہ کون سی ایسی شے تھی جس کی لوگوں کو ضرورت تھی اور کس پہلے منافع خور نے اسے گوداموں میں چھپا دیا تھا۔ لیکن ایک بات میں وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ اتنی تکنیکی ترقی کے ہوتے ہوئے بھی' یہ ایسا دور ہے جب انسانی رشتے زمین دوز ہو گئے ہیں۔

ایک مرد اور عورت کے انتہائی نجی رشتے سے لے کر انسان اور اقتدار کے رشتے تک میں ایک ایسا تعلق ہوتا ہے جو ایک بہت ملائم اور خوبصورت چیز ہو سکتا تھا اور وہی تعلق آج انگ انگ کو زخمی کرتا کسی سے پہچانا نہیں جا رہا۔۔۔۔

اگرچہ شادیاں آج بھی جشن کے انداز میں کی جاتی ہیں' انتخابات آج بھی ولولہ انگیز نعروں کے ساتھ لڑے جاتے ہیں اور وفاداری کی قسمیں آج بھی اسی سجاوٹی رسموں کے ساتھ کھائی جاتی ہیں لیکن گھروں کی سیج بھی اسی طرح چپ اور اداس ہے جیسے حکومتی کرسیاں۔ سیجوں اور کرسیوں نے جیسے اپنی اپنی قسمت کے آگے ہار مان کر سر جھکا دیا ہے۔

پتہ نہیں کس نے کس پر وار کیا ہے۔ کوئی چیز ہر جگہ مر رہی ہے اور ہوا' جس میں ہم سانس لے رہے ہیں' میں ایک عجیب سی باس بھر گئی ہے اور کوئی چیز بہت زور سے ہنس رہی ہے۔۔۔ یہ نصب العین کی ہنسی ہے۔ لیکن کیسی! لگتا ہے اس کی جون بدل گئی ہے اور اس گناہ گار ''نصب العین'' کی ہنسی بہت بھیانک ہو گئی ہے۔ کوئی اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اپنی کمائی لٹاتا ہے۔ علم کی خاطر نہیں بلکہ اس وسیلے کی خاطر جہاں لگائے ہوئے

سرمائے کو ضرر ہیں دے کر لوٹا جا سکے۔ کوئی دوستیاں گانٹھتا ہے' کسی کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کے لیے نہیں یا تبادلہ خیالات کی خاطر نہیں بلکہ دوسروں کے وسائل پر پاؤں رکھ کر آگے قدم بڑھانے کے لیے۔ شادی کی سیج بھی تن اور من کی سانجھ کے لیے نہیں ہوتی۔۔۔۔ خواہ یہ عمل کسی بھی ''نصب العین'' کے لیے ہو اور یا پھر صرف اس لیے کہ عورت کا قانونی۔ بیسوا بننا معاشرے کی ساخت میں شامل ہے۔

زندگی کے بہت سے میدان ہیں جہاں روزمرہ کا انسانی واسطہ' زندگی کی ضرورتوں کا حصہ ہے۔ لیکن ہر واسطہ شک سے بھرا ہوا ہے اور ہر چیز بکاؤ ہے۔۔۔ انصاف سے لے کر انسان تک!

تالیوں کی گونج ابھی کانوں میں تازہ ہوتی ہے کہ ''نصب العین'' کا روپ بدل جاتا ہے۔ کل کی ہار' آج کی جیت بنتی ہے تو ''بغاوت'' جیسا لفظ اسی لمحے ''بدلہ'' قرار پاتا ہے۔

ایک رومانین نظم میرے سامنے ہے جس میں مستقبل کے بارے میں یہ پیش گوئی کی گئی تھی کہ وہ دن جلد آنے والا ہے جب ہر چیز کاغذ کی بن جائے گی۔ انسانی چیخیں کاغذ کے سانپوں کی طرح رینگیں گی اور دھرتی کباب کھا کر ان لوگوں سے ہاتھ پونچھے گی جو پیپر نیپکن بن چکے ہوں گے۔ وہ دن آ گیا ہے۔۔۔

اس وقت میں انقونی کوئین کی خودنوشت سوانح حیات پڑھ رہی ہوں اور اس ساری صورت حال میں اس کی چیخ سن رہی ہوں۔۔۔ ''ہم سب غدار ہیں کیونکہ ہم پیار کرنا بھول گئے ہیں۔''

اگرچہ یہ بات سچ ہے کہ یہ انسانی قدروں کی حتمی موت نہیں لیکن صورت حال کی گراوٹ یہ ہے کہ قدریں خوف زدہ ہو کر کہیں چھپ گئی ہیں اور اس موت جیسی کسی نہ کسی انقونی کوئین کی چیخ سنائی دے رہی ہے۔۔۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ: احمد سلیم

مصور امروز کا فن اور شخصیت

(امروز سے امرتا پریتم کا انٹرویو)

امرتا:۔ امروز! ہلوں' کدالوں والے گھرانے میں جنم لے کر آپ نے کھیتوں کے اوزار تھامنے کی بجائے ہاتھوں میں رنگ اور برش کیسے لے لیے؟

امروز:۔ یہ بھی ہل ہی چلا رہا ہوں۔۔۔ خیالوں کی زمین پر۔ بچپن میں گھر میں ہر وقت ڈرائنگ کرتا رہتا تھا' حالانکہ سکول میں ڈرائنگ نہیں تھی۔ یہ ٹھیک ہے کہ شروع میں جن چیزوں کی ڈرائنگ کی' وہ سب کھیتوں اور ہل' کدالوں سے ہی تعلق رکھتی تھیں۔

امرتا:۔ آپ عورت کی ڈرائنگ کے ماہر ہیں' کیا عورت کا بنیادی تصور کھیتوں میں روٹی لے کر جانے والی عورت کا تھا؟

امروز:۔ نہیں' جب ہلوں کدالوں کی ڈرائنگ کرتا تھا' تب عورت کی ڈرائنگ نہیں کرتا تھا۔ ہل کدال بھی میرا سپنا نہیں تھا۔۔۔ وہ صرف 'آبجیکٹ' تھے۔

امرتا:۔ سارے فنکار حقیقت کی وضاحت الگ الگ ڈھنگ سے کرتے ہیں۔ حقیقت کو نئے زاویے سے دیکھنے کا نام بھی حقیقت ہوتا ہے' حقیقت میں سے پھر حقیقت کی تعمیر بھی حقیقت ہوتی ہے۔ کچھ کے لیے 'ایبسٹریکشن' بھی ان کی حقیقت ہوتی ہے۔ اور کچھ کے لیے کسی سپنوں کا رنگوں اور لکیروں میں ظاہر ہونا بھی حقیقت ہوتی ہے۔ امروز' آپ حقیقت کی کیا تشریح کرتے ہیں؟

امروز:۔ میرے مطابق ہر حقیقت ایک نئی حقیقت کو جنم دیتی ہے۔ وہ شاید عام آنکھ کی پکڑ میں نہیں آتی'

مگر اسے فنکار کی نظر ضرور پہچان لیتی ہے۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے کسی 'فلاسفر' کو آج میں سے کل بھی نظر آ جاتا ہے۔ یہاں میں پابلو پکاسو کے 'بلز ہیڈ' کی مثال دے سکتا ہوں۔۔ ایک 'ٹرائی سائیکل' کا ہینڈل ہے اور ایک اس کی گدی۔ اس نے گدی کو ہینڈل کے درمیان میں لٹکا کر بیل کے سر کی شکل بنا دی۔ 'ٹرائی سائیکل' کی حقیقت میں سے اس نے بیل کے سر کی حقیقت نکال لی۔ یہ تصور کا سفر ہے۔

امرتا:۔ تو' باہری چیزوں سے جب اندر کی نظر ملتی ہے' تب کئی نئی شکلیں جنم لیتی ہیں' نئی حقیقتیں۔ مگر یہ بتائیں کہ آپ اپنے فن کے ناظرین کو کیا احساس دینا چاہتے ہیں۔ خوبصورت کھڑے ہوئے لمحوں کے چین کا یا حرکت کی بے چینی کا؟

امرتا:۔ حرکت کی اور سوچ کی بے چینی کا۔

امرتا:۔ کینوس کو رنگوں اور ہاتھوں کے سامنے رکھنے سے پہلے آپ۔۔۔ پنسل سکیچ' بناتے ہیں' یا صرف ذہنی' سکیچ'؟

امروز:۔ دونوں۔

امرتا:۔ امریکن مصور آئیوان البرائیٹ اپنی ایک پینٹنگ پر بیس سال کام کرتے رہے تھے' اور ان کے لفظوں میں وہ ساری دنیا کی سیاحت تھی۔ کیا آپ کو بھی کسی ایک پینٹنگ نے ایسے کئی برس باندھے رکھا ہے؟

امروز:۔ عورت کی ڈرائنگ کرتے ہوئے مجھے تیس برس ہو گئے ہیں۔ مہارت کے ساتھ میں بڑی جلدی عورت کے نقش و نگار تو خوبصورت بنا لیتا تھا۔ مگر اس کا غور و فکر اس کے ماتھے میں بھرنے میں بہت برس لگ گئے۔ سینکڑوں تصویریں بنا کر بھی میں عورت کی تصویر کو 'ایک تصویر' کہہ سکتا ہوں' جس پر میں نے تیس برس لگا دیئے ہیں۔ وہ تصویر اب اس برس بنی ہے۔۔۔

امرتا:۔ کون سی؟

امروز:۔ میرے کمرے میں ایک پینٹنگ ہے' وہی۔

امرتا:۔ جس میں عورت ایک ساز کی شکل میں ہے اور اس کا بدن ایسے ہے جیسے ساز کے تار سُر کیئے ہوئے ہوں۔۔۔

امروز:۔ ہاں' وہ پینٹنگ صرف ایک ہی لائن کی پینٹنگ ہے۔۔ عورت' خیال کی شکل میں بھی' ساز کی شکل میں بھی۔

امرتا:۔ تو پچھلے تیس سالوں سے عورت آپ کے فن کی 'تھیم' ہے۔ آپ نے کبھی ان تیس سالوں میں اس 'تھیم' کی گرفت سے آزاد ہونا نہیں چاہا؟

امروز:۔ میں اس 'تھیم' کی گرفت میں نہیں ہوں' اس کے ساتھ چل رہا ہوں۔ ہم دونوں چل رہے ہیں۔ ہمسفروں کی طرح۔

امرتا:۔ کئی آرٹسٹوں کے خیال میں کسی کا 'پورٹریٹ' بنانا شادی کرنے جیسا ہوتا ہے۔ ماڈل سے عجیب سا اپناؤ پیدا ہو جاتا ہے' اور 'پورٹریٹ' کبھی اچھی بنتی ہے' کبھی خراب بھی' جیسے شادی کامیاب بھی ہو سکتی ہے' ناکام بھی۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

امروز:۔ میں نے زندگی میں صرف ایک ہی 'پورٹرے' بنائی ہے' ایک ہی شخص کی' اور میرے تجربے میں یہ شادی نہیں' عشق ہے۔ اب میں اس کو بغیر دیکھے بھی اس کا 'پورٹریٹ' بنا سکتا ہوں۔

امرتا:۔ مگر عشق بھی تو دیوی بیاہ ہوتا ہے' کیوں؟ نہیں؟

امروز:۔ اگر بیاہ کے ساتھ دیوی لفظ آ سکتا ہے' تو بڑی خوشی سے عشق کو بیاہ کہہ لو۔ پھر یہ بیاہ بھی زہے قسمت!

امرتا:۔ کئی مصوروں کے لیے کوئی خاص رنگ بڑا لاڈلا ہوتا ہے' کوئی ایسا ہی رنگ آپ کو بھی خاص طور سے اپنی طرف کھینچتا ہے؟ جیسے کالڈر کہتا ہے کہ لال رنگ اسے اتنا اچھا لگتا ہے کہ اس کا دل کرتا ہے کہ وہ ہر چیز کو لال رنگ میں رنگ دے۔۔۔

امروز:۔ دھوپ کا رنگ مجھ پر اتنا چھایا رہتا ہے کہ میرا جی کرتا ہے۔ ہر چیز دھوپ رنگی کر دوں۔۔۔

امرتا:۔ آپ نے آج تک اپنی تصویروں کی نمائش بھی نہیں کی' کیوں؟

امروز:۔ دو چیزوں کے لیے نمائش کی جاتی ہے۔۔ ایک' دوسروں کی رائے لینے کے لیے' اور دوسری' تصویروں کو بیچنے کے لیے۔ کسی کی رائے کی مجھے ضرورت نہیں' مجھے اپنی رائے پر یقین ہے۔ اور تصویریں میں بیچنے کے لیے بناتا نہیں۔ پھر میں نمائش کیوں کروں؟ ویسے مجھے نمائش لفظ پر بھی اعتراض ہے۔

امرتا:۔ کیوں؟

امروز:۔ کیونکہ اس لفظ کی رُوح میں ہماری اپنی رُوح کی تہذیب نہیں ہے۔ کوئی انسان خوبصورتی کا مجسمہ ہو' خدا کی نعمت ہے' مگر اسے 'شوکیس' میں کھڑا کر دیا جائے' یہ میری آنکھوں کو قبول نہیں ہوتا۔

مگر اسے فنکار کی نظر ضرور پہچان لیتی ہے۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے کسی 'فلاسفر' کو آج میں سے کل بھی نظر آ جاتا ہے۔ یہاں میں پابلو پکاسو کے 'بلز ہیڈ' کی مثال دے سکتا ہوں۔۔ ایک 'ٹرائی سائیکل' کا ہینڈل ہے اور ایک اس کی گدی۔ اس نے گدی کو ہینڈل کے درمیان میں لٹکا کر بیل کے سر کی شکل بنا دی۔ 'ٹرائی سائیکل' کی حقیقت میں سے اس نے بیل کے سر کی حقیقت نکال لی۔ یہ تصور کا سفر ہے۔

امرتا:۔ تو' باہری چیزوں سے جب اندر کی نظر ملتی ہے' تب کئی نئی شکلیں جنم لیتی ہیں' نئی حقیقتیں۔ مگر یہ بتائیں کہ آپ اپنے فن کے ناظرین کو کیا احساس دینا چاہتے ہیں۔ خوبصورت کھڑے ہوئے لمحوں کے چین کا یا حرکت کی بے چینی کا؟

امرتا:۔ حرکت کی اور سوچ کی بے چینی کا۔

امرتا:۔ کینوس کو رنگوں اور ہاتھوں کے سامنے رکھنے سے پہلے آپ۔۔۔ 'پنسل سکیچ' بناتے ہیں' یا صرف ذہنی 'سکیچ'؟

امروز:۔ دونوں۔

امرتا:۔ امریکن مصور آئیوان البرائیٹ اپنی ایک پینٹنگ پر بیس سال کام کرتے رہے تھے' اور ان کے لفظوں میں وہ ساری دنیا کی سیاحت تھی۔ کیا آپ کو بھی کسی ایک پینٹنگ نے ایسے کئی برس باندھے رکھا ہے؟

امروز:۔ عورت کی ڈرائنگ کرتے ہوئے مجھے تیس برس ہو گئے ہیں۔ مہارت کے ساتھ میں بڑی جلدی عورت کے نقش و نگار تو خوبصورت بنا لیتا تھا۔ مگر اس کا غور و فکر اس کے ماتھے میں بھرنے میں بہت برس لگ گئے۔ سینکڑوں تصویریں بنا کر بھی میں عورت کی تصویر کو 'ایک تصویر' کہہ سکتا ہوں' جس پر میں نے تیس برس لگا دیئے ہیں۔ وہ تصویر اب اس برس بنی ہے۔۔۔

امرتا:۔ کون سی؟

امروز:۔ میرے کمرے میں ایک پینٹنگ ہے' وہی۔

امرتا:۔ جس میں عورت ایک ساز کی شکل میں ہے اور اس کا بدن ایسے ہے جیسے ساز کے تار سُر کیئے ہوئے ہوں۔۔۔

امروز:۔ ہاں' وہ پینٹنگ صرف ایک ہی لائن کی پینٹنگ ہے۔۔ عورت' خیال کی شکل میں بھی' ساز کی شکل میں بھی۔

امرتا:۔ تو پچھلے تیس سالوں سے عورت آپ کے فن کی 'تھیم' ہے۔ آپ نے کبھی ان تیس سالوں میں اس 'تھیم' کی گرفت سے آزاد ہونا نہیں چاہا؟

امروز:۔ میں اس 'تھیم' کی گرفت میں نہیں ہوں' اس کے ساتھ چل رہا ہوں۔ ہم دونوں چل رہے ہیں۔ ہمسفروں کی طرح۔

امرتا:۔ کئی آرٹسٹوں کے خیال میں کسی کا 'پورٹریٹ' بنانا شادی کرنے جیسا ہوتا ہے۔ ماڈل سے عجیب سا اپناؤ پیدا ہو جاتا ہے' اور 'پورٹریٹ' کبھی اچھی بنتی ہے' کبھی خراب بھی' جیسے شادی کامیاب بھی ہو سکتی ہے' ناکام بھی۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

امروز:۔ میں نے زندگی میں صرف ایک ہی 'پورٹریٹ' بنائی ہے' ایک ہی شخص کی' اور میرے تجربے میں یہ شادی نہیں' عشق ہے۔ اب میں اس کو بغیر دیکھے بھی اس کا 'پورٹریٹ' بنا سکتا ہوں۔

امرتا:۔ مگر عشق بھی تو دیوی بیاہ ہوتا ہے' کیوں؟ نہیں؟

امروز:۔ اگر بیاہ کے ساتھ دیوی لفظ آ سکتا ہے' تو بڑی خوشی سے عشق کو بیاہ کہہ لو۔ پھر یہ بیاہ بھی زہے قسمت!

امرتا:۔ کئی مصوروں کے لیے کوئی خاص رنگ بڑا لاڈلا ہوتا ہے' کوئی ایسا ہی رنگ آپ کو بھی خاص طور سے اپنی طرف کھینچتا ہے؟ جیسے کالڈر کہتا ہے کہ لال رنگ اسے اتنا اچھا لگتا ہے کہ اس کا دل کرتا ہے کہ وہ ہر چیز کو لال رنگ میں رنگ دے۔۔۔

امروز:۔ دھوپ کا رنگ مجھ پر اتنا چھایا رہتا ہے کہ میرا جی کرتا ہے۔ ہر چیز دھوپ رنگی کر دوں۔۔۔

امرتا:۔ آپ نے آج تک اپنی تصویروں کی نمائش بھی نہیں کی' کیوں؟

امروز:۔ دو چیزوں کے لیے نمائش کی جاتی ہے۔۔ ایک' دوسروں کی رائے لینے کے لیے' اور دوسری' تصویروں کو بیچنے کے لیے۔ کسی کی رائے کی مجھے ضرورت نہیں' مجھے اپنی رائے پر یقین ہے۔ اور تصویریں میں بیچنے کے لیے بناتا نہیں۔ پھر میں نمائش کیوں کروں؟ ویسے مجھے نمائش لفظ پر بھی اعتراض ہے۔

امرتا:۔ کیوں؟

امروز:۔ کیونکہ اس لفظ کی رُوح میں ہماری اپنی رُوح کی تہذیب نہیں ہے۔ کوئی انسان خوبصورتی کا مجسمہ ہو' خدا کی نعمت ہے' مگر اسے 'شوکیس' میں کھڑا کر دیا جائے' یہ میری آنکھوں کو قبول نہیں ہوتا۔

امرتا:- پھر فن ناظرین تک کیسے پہنچے؟

امروز:- یہ خوبصورتی کا عمل نہیں ہے کہ وہ ناظرین کو ڈھونڈتی پھرے' یہ ناظرین کا عمل ہے کہ وہ خوبصورتی کو ڈھونڈیں۔

امرتا:- جیسے سنگیت کار اپنے سازوں کو پوجا کی حد تک عزت دیتے ہیں' ساز کھولنے سے پہلے اسے سلام تک کرتے ہیں یا مصنف لکھے ہوئے کاغذوں پر پاؤں نہیں آنے دیتے' اسی طرح آپ کی مصوری کے کاروبار میں بھی آپ کے رنگوں اور برشوں کے لیے خاص عزت کی کوئی رسم ہے؟

امروز:- ماحول کا ادب اور کام کرنے کی جگہ کی پاکیزگی میرے لیے ضروری ہے اور آرٹسٹوں کے بارے میں مجھے زیادہ معلوم نہیں۔ ہاں! کاریگروں میں یہ ادب نسل در نسل پلتا آ رہا دکھائی دیتا ہے۔ 1950 کی ایک بات بتاتا ہوں۔۔

میں ایک آرٹسٹ کے یہاں کام کرتا تھا' بمبئی میں کچھ دنوں بعد مجھے معلوم ہوا کہ وہ وہاں عورتیں لے آتا ہے۔ ایک دن میں نے اسے ایک عورت کو لاتے دیکھا۔ مجھے اچھا نہیں لگا۔ شام کو جاتے وقت میں نے اسے کہا کہ وہ کام کے وقت عورتیں نہ لائے۔ کام کے گھنٹے کام کو وقف ہونے چاہیں' ایک دل سے۔ مگر دل سے۔ مگر میری بات اس کی سمجھ میں نہیں آئی' نہ میرا ادب' اور نہ کام کی جگہ کے متعلق میرا نظریہ۔ وہ عورتیں پھر بھی آتی رہیں۔ آخر ہار کر میں نے اس آرٹسٹ کو ایک دن سوچنے کی مہلت دی' کہا کہ اگر وہ کام کے وقت میں آئیں تو میں کل سے کام پر نہیں آؤں گا۔ مگر اس دن بھی وہ عورتوں کو وہاں لے آیا تھا اور میں پھر اگلے دن سے کام پر نہیں گیا۔

امرتا:- ذہنی تصور کو باہر اتارنے کے لیے آپ رنگ' کینوس' لکڑی' کئی طرح کی چیزوں کو استعمال کرتے ہیں' کبھی اس سے الٹ تجربہ بھی ہوا ہے کہ کسی طرح کے 'میٹریل' نے آپ سے اپنی ضرورت کے مطابق کسی شکل و ساخت کی مانگ کی ہو؟

امروز:- بالکل ہوا ہے۔ میں جب بھی 'ٹائم پیس' کو دیکھتا تھا' ہمیشہ اس میں کچھ۔۔ خالی پن دکھائی دیتا تھا۔ ایک دن نہ جانے کس طرح میں نے 'ٹائم پیس' کو دیکھا' اور اس نے مجھے اور میں نے اس میں دو وقت اکٹھے کر دیے۔ ایک جس کا اشارہ دینے کے لیے دو سوئیاں تھیں' اور دوسرا' ایک نظم' جس کے لفظ اس کے خیال کی رفتار بتاتے تھے۔۔۔ اور اس طرح میں نے اس کا خالی پن نظم کے خیال سے بھر دیا۔

امرتا:۔ یہ تجربہ صرف ایک دفعہ ہوا؟

امروز:۔ اس سے پہلے بھی ایک دفعہ ہوا تھا۔ میں ایک نئی 'کینوس' گھر لا رہا تھا' راستے میں اس سے کوئی چیز ٹکرا گئی اور وہ ایک جگہ سے تھوڑی سی پھٹ گئی۔ میں نے کئی دن تک وہ 'کینوس' ایک طرف ڈال رکھی۔ پھر محسوس ہونے لگا کہ اس 'کینوس' کی پھٹی ہوئی جگہ میری طرف دیکھتی ہے۔۔۔ مجھ سے کوئی نیا وجود مانگتی ہے۔ میں نے اس پھٹی ہوئی جگہ پر پت جھڑ کا ایک زرد پتہ بنا دیا' جو ہوا میں اکیلا اڑتا ہوا سا بیچ سے پھٹ گیا ہو۔۔۔ باقی ساری 'کینوس' پر خالی پن اور ویرانی پینٹ کر دی۔۔۔۔

امرتا:۔ پنجاب نے مصوری کا 'میوزیم' بنایا ہے' پنجاب کے فنکاروں کے شاہکار حفاظت سے رکھنے کے لیے۔ اس میں آپ کی کوئی چیز بھی نہیں ہے' کیوں؟

امروز:۔ انجمن کوئی بھی ہو اس کا عمل فن کو پیار کرنا نہیں ہوتا' 'پیٹرنائیز' کرنا ہوتا ہے۔ وہ فنکاروں کو اپنا فخر نہیں سمجھتیں' انہیں فخر عطا کرنا چاہتی ہیں۔۔ بخشش کی طرح۔ اس لیے وہ کبھی فنکار کے پاس چل کر نہیں آتیں' ہمیشہ چاہتی ہیں کہ فنکار ان کے پاس چل کر آئے۔ افسر شاہی خوشامد پسند ہوتی ہیں' آرٹ پسند نہیں۔

امرتا:۔ مگر بہت سے فنکار انجمنوں سے لیے ہوئے تمغے اور 'ایوارڈ' بڑے فخر سے دکھاتے ہیں۔

امروز:۔ ہاں' فخر والا حصہ تو دکھاتے ہیں' مگر بے عزتی والا نہیں۔ تمغے دکھاتے ہیں' مگر یہ نہیں بتاتے کہ یہ کیسے لیے؟ ویسے بھی افسر شاہی سے بے عزتی کروا کر لی ہوئی عزت' عزت کیسے ہو سکتی ہے۔۔۔ خاص کر اپنی نظر میں؟

امرتا:۔ فن کے تنقید نگاروں کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

امروز:۔ بہت سے تو گملوں میں لگے ہوئے بڑ کے پیڑ ہوتے ہیں۔۔ ڈیڑھ فٹے قد آور چیزوں کے دشمن۔

امرتا:۔ 'آرٹ کریٹک' تو بڑے 'ہائی براؤ' ہوتے ہیں۔۔۔

امروز:۔ ہاں' اکثر ہوتے ہیں' مگر ماتھے کے بغیر 'ہائی براؤ'۔۔۔۔

امرتا:۔ آرٹسٹوں کی زندگی میں وقتی لگاؤ بہت آتے ہیں۔۔ 'افیئرز' یہ کیوں ہوتا ہے؟ آپ کی نظر میں محبت کے لفظ کا کیا تجزیہ ہے؟

امروز:۔ محبت کا مطلب جب تک صرف 'جیتنا' ہوگا' تب تک یہی ہوتا رہے گا۔ وقتی لگاؤ۔۔۔ بار بار

جیتنے کا عمل ہوتا ہے' کیونکہ ایک بار جیتنے کے بعد جیتنے کے معنی ختم ہو جاتے ہیں' جیتی ہوئی چیز ملکیت ہو جاتی ہے' کسی کونے میں بیکار پڑی ہوئی۔ میرے خیال میں محبت کسی کو جیتنا نہیں' کسی کو پانا ہے۔ جیسے کوئی اپنے آپ کو پاتا ہے' اپنی نت نئی خواہشات کو جان کر' اسی طرح دوسرے کو پانا ہوتا ہے' اس کے اندر کی 'پاسبلیٹیز' کو کھوج کر' پہچان کر' آرٹسٹ کی شکل یہ ہوتی ہے کہ وہ خود محبوب ہونا چاہتا ہے مگر عورت کو یا بیوی بنا لیتا ہے' یار کھیل' اسے محبوبہ نہیں بناتا۔ یہ نظر کا مسئلہ ہے۔ میرے خیال میں محبوب صرف نظر نہیں ہوتا' نقطۂ نظر ہوتا ہے۔۔۔ محبت ایک دوسرے کی زمین میں اگنا ہوتا ہے' اگنا اور کھلنا۔۔۔

امرتا:- امروز' شخصیت کے ارتقاء کو آپ نے دھرتی کے پیداواری عمل سے جوڑا ہے۔۔ یہ شاید کسانی نظریہ ہے۔ اس نظریے کو دیکھ کر سوچتی ہوں۔۔ اگر سارے فنکار کسان خاندان سے آتے تو شاید فن کے ساتھ فن کی شخصیت بھی۔۔۔ کھل جاتی۔۔۔ مگر یہاں ایک سوال اور اٹھتا ہے کہ دوسرے کی زمین میں اگر خود کے اگنے کی توقع نہ رہے' تب؟

امروز:- میں نے یہ کب کہا ہے کہ ہر زمین میں ہر بیج اگ سکتا ہے اور پھل سکتا ہے۔ ہر بیج کے لیے مناسب زمین ہوتی ہے' کوئی سی زمین نہیں۔ محبت اسی مناسب زمین کی تلاش اور پہچان کا نام ہے۔۔۔

امرتا:- میرا مطلب تھا کہ جسے آپ نے بیج کے لیے زرخیز زمین سمجھا ہو اگر وہ زرخیز نہ نکلے' تب؟

امروز:- تب وہ زمین بدل لے۔ جسے خود کے ارتقاء کا عشق ہے' اسے زرخیز دھرتی کھوجنی پڑے گی۔ گھاس پھوس تو کہیں بھی اگ آتا ہے۔ ایک سوال تو یہ ہے۔۔ زرخیز دھرتی کھوجنے کا۔ یہ ہی اصل میں محبت کی تلاش ہوتی ہے۔ اور دوسرا بڑا سوال ہے۔۔ بیج کو ثابت رکھنے کا۔ شاید اس بات پر کبھی کسی نے غور نہیں کیا کہ کچھ بھی اگانے کے لیے سالم بیج بننا ہوتا ہے۔ بیج کے ٹکڑے کر دو' تو کوئی ٹکڑا نہیں اگتا۔ فنکار جب چھوٹے چھوٹے 'انٹیرز' میں بٹ جاتا ہے' اس کا 'خود' کبھی نہیں اگ پاتا۔

امرتا:- 'مینٹل اینٹی گریشن' کے بارے میں دنیا میں کئی 'کانفرنسز' ہو چکی ہیں' مگر اسے لے کر شاید کبھی بھی اتنے سادے لفظوں میں 'ڈیفائن' نہیں کیا گیا۔۔۔ مگر ایک سوال اور' طبیعت میں کبھی کوئی بے بسی جیسی چیز محسوس کی ہے آپ نے؟

امروز:- کام میری بے بسی ہے۔

امرتا:- کام وجود کی بے بسی ہوتا ہے۔ وہ ہر سچے فنکار کی بے بسی ہے' مگر میرا مطلب تھا کہ عام چیزوں

میں سے کوئی چیز بے بسی کا درجہ لے سکتی ہے؟

امروز:۔ انگور۔۔۔ مجھے موسم کے بڑھیا انگور کہیں دکھائی دے جائیں۔۔۔

امرتا:۔ پھر میرا خیال ہے' آدم کے نام کے ساتھ سیب کھانے کا جو واقعہ دہرایا جاتا ہے' سیب کی جگہ انگوروں کو بھی دی جا سکتی ہے۔

امروز:۔ میرے متعلق ضرور دی جا سکتی ہے۔

امرتا:۔ فنِ جدید کے بارے میں اور کچھ کہنا چاہیں گے؟

امروز:۔ یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ فن میں آنے سے پہلے زندگی میں آنی چاہیے' زندگی کے غور و فکر میں۔ تب ہی وہ فن میں فطری ہو سکتی ہے۔ آج کے فن میں جو جدت دکھائی دیتی ہے' وہ قدرتی نہیں ہے۔۔۔۔ وہ بالکل ایسے ہے۔ جیسے 'کینوس' کی جگہ بان کی چارپائی کو دیوار پر لٹکا کر اس کا بان درمیان میں سے توڑ دیا گیا ہو' اور نیچے اس 'پینٹنگ' کا نام لکھ دیا گیا ہو' باڈی اینڈ سول'۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

ہندی سے ترجمہ شبنم شکیل

سیاہ حاشیہ

میرا بیٹا کچھ عرصے سے بیمار تھا اور اسے اس حالت میں چھوڑ کر ملازمت پر جانا بہت حوصلے کی بات تھی۔ کام پر جانے کی مجبوری یہ تھی کہ میں آل انڈیا ریڈیو پر روزانہ "اجرت" کی بنیاد پر ملازم تھی۔ اگر ایک دن نہ جاتی تو اس دن کا معاوضہ کاٹ لیا جاتا تھا۔ جس روز کی میں بات کر رہی ہوں اس روز مجھے بچے کے لیے کچھ دوائیں خریدنی تھیں اور دوائیں مہنگی بھی بہت تھیں۔ ادھر بچہ مُصر تھا کہ گھر پر رہوں۔ اسے ذرا تسلی دینے کے لیے میں دہلیز سے پھر واپس آ گئی تو ڈاکیے نے مجھے دو (2) خط لا کر دیے۔ بچے نے جب مجھے دوبارہ بیٹھ کر خط پڑھنے میں مصروف دیکھا تو مطمئن ہو گیا۔

ایک خط تو میرے کسی خیر خواہ کا تھا، جس نے لکھا تھا کہ امرتا مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ تمہاری کتاب یونیورسٹی کے نصاب میں شامل نہیں کی گئی۔ تم جانتی ہو کہ یہاں میرٹ کی بنیاد پر تو کوئی کام ہوتا نہیں ہر جگہ سفارش چلتی ہے۔ میں تو تمہاری اصول پرستی کو ابھی تک نہیں سمجھ سکا کہ تم ایسے مسئلوں میں خود ارباب اختیار سے بات کیوں نہیں کرتیں۔ خط پڑھ کر جو شدید مایوسی مجھے ہوئی اسے برداشت کرنا ذرا مشکل مرحلہ تھا۔ بہر حال میں نے اپنے آپ کو سنبھالنے کی کوشش کرتے ہوئے وہ لفافہ اپنے بچے کو دیا اور اسے مصروف رکھنے کے لیے کہا کہ وہ اس پر سے ٹکٹ اتارے۔

دوسرا خط سعادت حسن منٹو کی طرف سے تھا۔ جنہوں نے لکھا تھا امرتا میں زندگی میں دو مرتبہ رویا ہوں۔ ایک مرتبہ جب میرے بیٹے کا انتقال ہوا اور دوسری دفعہ۔۔۔ تمہاری نظم پڑھ کر کہ وہ نظم کہ جس میں تم نے کہا ہے کہ "بچے چاند کو چندا ماموں کہتے ہیں اس لیے کہ وہ چمکتا ہے۔ مگر اب چاند کی روشنی ایسی جگہوں پر ماند پڑتی جا رہی ہے کہ جہاں لوگ غلامی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔" منٹو کے خط کو پڑھ کر میں نے اپنے آپ کو بہت ہلکا

پھلکا محسوس کیا۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے میری کتاب کی ہزاروں کاپیاں بک چکی ہیں' جیسے مجھے ملازمت پر مستقل کر دیا گیا ہے۔ جیسے میرے بچے کا بخار یکدم اتر گیا ہے۔ یہ 1955 کی بات ہے۔ دوسرے دن میں نے منٹو کو خط لکھا۔ مگر اس کا جواب موصول ہونے سے پہلے میں نے سن لیا کہ منٹو کا انتقال ہو گیا ہے۔ کرشن چندر نے بہت دل گرفتہ ہو کر مجھے لکھا۔ آل انڈیا ریڈیو نے منٹو کے سینکڑوں ڈرامے اپنے ہاں سے نشر کیے تھے مگر ان لوگوں کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ اس کی موت پر کوئی تعزیتی پروگرام نشر کرے۔ اُردو بازار کہ جہاں منٹو کی کتابیں ہزاروں کی تعداد میں بک چکی ہیں اور بک رہی ہیں' اسی طرح کھلا ہوا ہے۔ کرشن چندر کی آنکھیں یقیناً اس وقت خون کے آنسو رو رہی ہوں گی' جب اس نے مجھے لکھا کہ 'منٹو کوئی وزیر تو تھا نہیں کہ اس کی موت پر ایک دن کے لیے قومی پرچم سرنگوں کیا جاتا۔ نہ ہی وہ کسی مافیا تنظیم کا رکن تھا کہ اس کے لیے بازار بند ہو جاتے وہ تو محض غریب اور مظلوم طبقے کی نمائندگی کرنے والا ایک ادیب تھا' اس کی تحریریں طوائفوں' تانگے والوں' ڈاکیوں اور موچیوں کی زندگی کے گرد گھومتی ہیں۔ بھلا ایسے آدمی کے لیے کون روتا ہے۔ میں نے سوچا کہ واقعی ذرا سیاست دانوں کو دیکھیں کہ جو قومی مفاد کی آڑ میں لوگوں کی جیبیں بھی کاٹ لیتے ہیں اور پھر بھی قابل احترام رہتے ہیں۔ شائد قابل احترام کہلانے کی کسوٹی یہی ہو' اور ادھر منٹو کا وہ ''گرہ کٹ'' بھی ہے کہ جو اپنی ذلت و رسوائی سے نجات حاصل کرنے کے لیے خود اپنے ہاتھ کاٹ لیتا ہے۔ مگر پھر بھی ایک گھٹیا گرہ کٹ ہی کہلاتا ہے۔ شاید اس طرح سے وہ اس دنیا میں اپنی ساکھ برباد نہیں ہونے دیتا۔ منٹو نے عورت کے ان ہاتھوں کا مشاہدہ کیا تھا کہ جو ساری رات پھولوں سے کانٹے چنتے رہے اور پھر جن ہاتھوں نے پھولوں کو اپنے بستر پر بچھا دیا تھا۔ مگر کانٹوں کو اپنے سینے سے لگا لیا تھا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ منٹو کی کہانیوں سے پھولوں کی مہک نہیں آتی بلکہ ابلتے ہوئے لہو کی خوشبو آتی ہے۔ منٹو نے ایسے انسانوں کا بھی مشاہدہ کیا تھا کہ جن کی روح عرصہ ہوا مر چکی تھی' جو چلتی پھرتی لاش تھے اور وہ جس جگہ بھی جاتے ان کے آس پاس موت کو سونگھا جا سکتا تھا۔ جب منٹو نے مشاہدات کو اپنے افسانے ''ٹھنڈا گوشت'' میں جگہ دی تو اس پر فحاشی کا الزام لگ گیا۔ منٹو نے ایسے بدقسمت لوگوں کے بارے میں کہانیاں لکھیں کہ جن کی زندگی ایک مرگ مسلسل تھی۔ منٹو نے اس چاقو کی کہانی لکھی تھی جو ایک ہلکی سی کرچ کی آواز سے کسی کی گردن میں پیوست ہو جاتا تھا۔ یہ ایسا چاقو تھا جو ایک لمحہ کسی کے ہاتھ میں ہوتا اور دوسرے لمحے کسی کی کمر میں۔ اس نے اس قینچی کی کہانی بھی لکھی کہ جس نے ملک کے بٹوارے میں انتہائی بے رحمی سے کام لیا تھا۔ یہ سارا کچھ لکھنے کی وجہ سے اس پر اتنی غلاظت اچھالی گئی کہ خدا کی پناہ۔ کرشن

چندر نے بڑے کرب کے عالم میں لکھا کہ آج لاکھوں کے اس شہر میں کسی ایک کے پاس بھی اتنا وقت نہیں کہ وہ اپنا کام چھوڑ کر منٹو کے بارے میں سوچے۔ میں اس درزی۔۔۔ عبدالغنی کی تلاش میں نکلا تھا جس نے منٹو سے سوٹ کی سلائی لینے سے صرف اس لیے انکار کر دیا تھا کہ منٹو نے ''ہتک'' جیسا افسانہ تخلیق کیا تھا۔ وہ درزی تو نہیں ملا مگر ایک تانگے والے نے مجھے تانگے میں بٹھانے سے انکار کرتے ہوئے کہا' آج تانگہ نہیں چلے گا۔ منٹو صاحب مر گئے ہیں۔ میں سوچتا ہوں کہ واقعی آج تانگے والوں سے تانگہ چلانا مشکل ہوگا۔ مگر ایسے لوگ کہ جو ایک عورت کو رد دینے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ بہت خوش ہوں گے۔ کیونکہ ایسے ظالموں کے منہ پر طمانچہ مارنے والا اب کوئی نہیں رہا۔ اب کوئی ''کھول دو'' اور ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' جیسی کہانیاں لکھنے والا بھی نہیں رہا۔ منٹو نے انکل سام کو بھی بہت سے خط لکھے ہیں۔ جب وہ انکل سام کی خارجہ پالیسی پر قلم اٹھاتا تو وہ زہر میں بجھا ہوا ہوتا تھا۔ انکل سام بھی سوچتا ہوگا کہ آخر ایسے بھتیجے پیدا ہی کیوں ہوتے ہیں۔ خیر منٹو چلا گیا۔ انکل سام بھی خوش ہوگا کہ اب ایسے خطوط اسے کوئی نہیں لکھے گا۔ کیونکہ اس قسم کے لوگ صدیوں میں ایک بار پیدا ہوتے ہیں۔ نت نئی تبدیلیوں اور انتشار کے اس دور میں مجھے ایک اور کہانی یاد آ رہی ہے کہ' جس میں ایک جوان لڑکی اپنی دادی سے ان پھولوں سے متعلق معلومات چاہتی ہے کہ جن کا رنگ ایسا پکا ہوتا ہے کہ اگر دھاگے کو اس میں رنگ لیا جائے تو یہ کبھی نہیں اترتا۔ دادی نے اسے وہ پھول منگوا دیئے۔ لڑکی نے ان پھولوں کے رنگ میں اپنے دھاگوں کو رنگ کر اس میں لینن کی تصویر بنائی۔ یہ تصویر مکمل ہونے کے قریب تھی کہ اسے پتہ چلا کہ لینن کا انتقال ہو گیا ہے۔ لڑکی نے ایک عام کالے رنگ کا دھاگہ لے کر تصویر کے ارد گرد سیاہ حاشیہ بنا دیا۔ دن گزرتے رہے۔۔۔۔ ہوائیں چلیں' طوفان آئے اور سیاہ حاشیے کا رنگ اڑ گیا۔ مگر لینن کی تصویر اسی طرح سے چمکتی دمکتی رہی۔ اس کے پائیدار رنگ قائم و دائم رہے۔ دراصل وہ سیاہ حاشیہ افسوس کی علامت تھا۔ چنانچہ مٹ گیا۔ مجھے یقین ہے کہ اسی طرح منٹو کی شہرت پر بھی جو سیاہ دھبہ لگایا گیا ہے وہ باقی نہیں رہے گا۔ البتہ اس کی کہانیاں ادب کے اُفق پر تا ابد زندہ و تابندہ رہیں گی۔ کچھ عرصہ ہوا جب منٹو کی کہانیوں کا پنجابی میں ترجمہ ہوا۔ تو مجھے ان پر ایک تعارفی دیباچہ لکھنے کو کہا گیا اور جب بھاری دل کے ساتھ میں نے دیباچہ لکھا تو میرے ذہن میں یہ روسی کہانی پھر سے تازہ ہو گئی۔

☆☆

امرتا پریتم

اردو میں اردو زبان میں ترجمہ: ازھر منیر

گرہن کتھا

جس روز میرا جنم ہوا اُس روز گرہن لگا ہوا تھا۔

معلوم نہیں دن تھا یا رات۔ ہاں اتنا جانتی ہوں کہ اگر دن تھا تو وہ گھڑی سورج گرہن کی ہوگی اور رات تھی تو چاند گرہن کی۔

ہماری دیوماا بیان کرتی ہے کہ جس ہاتھی کے ماتھے سے موتی ملتا ہے اُس کا جنم اُس گھڑی ہوتا ہے جب سورج یا چاند کو گرہن لگا ہو۔

گھر، قبیلہ، سماج، مذہب اور سیاست بھی ہمارے چاند سورج ہی ہوتے ہیں تو اس سے جب گرہن لگے کوئی شاعر، عاشق یا درویش جنم لیتا ہے تو سچ یہ ہے کہ درد کا موتی اُس کے ماتھے میں پڑ جاتا ہے۔

سوچ اور آگہی کا سفر بہت طویل ہوتا ہے۔

گھر، قبیلے کو جب نوٹتے رشتوں کا گرہن لگتا ہے تو جس آگہی کا جنم ہوتا ہے اُس کے درد کی انتہا اپنی ہی طرح کی ہوتی ہے۔

سماج کو جب طرح طرح کی ناانصافیوں کا گرہن لگتا ہے تو سوچ کے احساس کی شدت اپنی ہی طرح کی ہوتی ہے۔

مذہب کے چاند کی جب فرقہ پرستی کا گرہن لگتا ہے تو آسمان کی رُوح کیسے تڑپتی ہے؟ اس سوچ کا اپنا ہی ایک انداز ہے۔

اور سیاست کے سورج کو جب طاقت کی ہوس کا گرہن لگتا ہے تو دھرتی کی رُوح کیوں بلکتی ہے؟ یہ سوچ اپنی ہی طرح کی ہوتی ہے۔

دُنیا کی ادبی تاریخ کو درد کے موتی ملتے ہیں لیکن کوئی نہیں جانتا کہ کسی کرم والے کی سوچ کو کتنے گرہن دیکھنے اور جھیلنے پڑتے ہیں۔

چاند اور سورج کا کچھ حصہ ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو جانے کا حادثہ نفسیاتی حوالے سے اُس وقت بھی پیش آتا ہے جب رشتوں کے ٹوٹنے سے اعتماد کی زمین پیروں کے نیچے سے ہل جاتی ہے۔

آسمان کے چاند کو اُس سے بھی گرہن لگتا ہے جب فرقہ پرستی کے ہاتھ رُوحوں کے جلتے چراغوں کو بُجھا دیتے ہیں اور آسمان کے سورج کو اُس وقت بھی گرہن لگتا ہے جب طاقت کی ہوس کالی گھٹا کی مانند اُٹھتی ہے اور لوگوں سے اُن کے گھروں اور صحنوں کی روشنی میں چھن جاتی ہے۔ جنہیں قلبی طاقت کا شعور ملا اور انہوں نے موتی کے رنگ کو اصلیت کو تاثیر کو پہچانا وہ کہتے ہیں'' جو موتی چاند کے رنگ کا ہو اُس کا دیوتا اندر ہوتا ہے۔ موتی کا رنگ زرد ہو تو وُرن ہوتا ہے۔ پکے ہوئے انار کے دانے کی طرح سرخ ہو تو وایو ہوتا ہے۔ دیے کی لو جیسا چمک دار ہو تو اگنی ہوتا ہے اور اگر اس کا رنگ گاڑھا سیاہی مائل ہو تو پھر موت کا دیوتا یم ہوتا ہے۔''

درد کے کتنے ہی رنگ ہوتے ہیں اور انہیں اپنانے والا خدا جانے کتنے رنگ اور کتنے دیوتا جھیلتا ہے۔

کہہ سکتی ہوں کہ میں نے آج تک جو بھی لکھا ہے وہ یہ لمبی گرہن کتھا ہے۔

نامعلوم کا بلاوا

تشکیک کے پیڑ کی چھاؤں میں بیٹھ کر

اندر کی گائے کا دُودھ دوہا

کس نے بھر لیے برتن اپنے؟

کون سُنے گا ہوا کی آہیں؟

چل ری زندگی! چل ہمیں تقدیر کا بلاوا آیا ہے

کوئی بات کی جا سکتی ہے تو اُس سے جب تقدیر کا بلاوا آتا ہے۔ محبت تو خدا کی مانند نامعلوم کا نام ہے۔ اس کی بات جس قدر اشاروں میں اُترتی ہے وہ سلطان باہو کی ہُو ہے۔ سلطان باہو کوشش کرتا ہے چمپا کی اُس بُوٹی کی بات کہنے کی جو من کی مٹی میں اُگتی ہے۔ اسی قدر کہتا ہے کہ ''نفی اثبات دا پانی ملیا'' یعنی ہاں کا پانی بھی ملتا ہے اور نہ کا بھی۔ مگر یہ اشارہ نامعلوم کی طرف نہیں تقدیر کے بلاوے کی طرف ہے جسے سُن کر کوئی نامعلوم کی راہ پہ چل پڑتا ہے۔

یہ ایک بیج کے پھوٹنے کا سفر ہے جہاں ہاں کا پانی ملا تو قدم تیز تیز اُٹھنے لگے نہ کا ملا تو قدم ٹھٹھک کر رہ گئے۔ مگر جب بیج پھوٹ نکلا' ایک خوشبو اپنے اندر کھلنے لگی تب وہ چاہنے کے باوجود کچھ نہیں کہہ پاتا۔ جب خوشبو سے دیوانہ ہو جاتا ہے تو اُس کے ہونٹوں سے فقط ''ہو'' نکلتا ہے جو ہر کان میں ایک ترنگ کی طرح دوڑ جاتا ہے۔ ایک اُمنگ بھر دیتا ہے۔

اس سفر کے مفہوم کو کسی حد تک میرا کی آواز میں بھی پہچانا جا سکتا ہے جب وہ کہتی ہے ''لاکھ چوراسی رو چوڑلو پیارو! میں کئی بار'' اور ساتھ ہی کہتی ہے ''جنم جنم کیا پتی کیا' او تو پتی دیہی کے سنگ'' اور جسے پانا تھا وہ نہیں ملا تو کہتی ہے ''میں کنواری یوں رہی۔۔۔۔''

وہ جو جنم جنم کا چوڑا پہن کر ہردن میں سے گزرتے کچھ ''کنوارا'' رہ جاتا ہے وہ فراق ہے' سفر کا درد ہے۔ میرا کے پاؤں جب نامعلوم میں اُتر گئے تو بات رقص کے گھنگھروؤں میں اُتر گئی۔ مگر رقص کے گھنگھروؤں سے کچھ پوچھا یا جانا نہیں جا سکتا۔

مجھے علم نہیں تھا کہ معلوم کی سرحد کہاں واقع ہے؟ اور جو کچھ اس سے آگے ہے وہ کیا ہے؟ بس اتنا جان پائی ہوں کہ جو اس سرحد سے آگے ہے وہاں سے کوئی اشارے ملتے ہیں جو میری گرفت میں نہیں آتے۔

بہت چھوٹی تھی' بچی سی' جب شام کے وقت سورج میری آنکھوں کے سامنے سے اوجھل ہو رہا ہوتا تو میں رونے لگ پڑتی۔ ماں کا پلو کھینچتی' بلکتی اور پوچھتی سورج کہاں چلا گیا۔ ماں ہنس پڑتی۔ کہتی

''تم کھانا کھا کے سو جاؤ۔ جاگو گی تو سورج آ جائے گا۔''

تو میں کہتی ''لیکن وہ گیا کیوں ہے؟''

لگتا تھا سامنے ایک اندھیرا سا بچھ گیا ہے۔ معلوم نہیں کتنا جس میں میں گم ہو جاؤں گی۔

رات یوں لگتی جیسے اندھیرے کا ایک دریا ہے جو بہہ رہا ہے۔ میں اس کنارے پر ہوں اور سورج دریا کے کہیں اُس پار چلا گیا ہے۔ معلوم نہیں کہاں؟ اور میں یہیں کھڑی رہ جاؤں گی۔ کبھی پار نہیں جا پاؤں گی۔

اور یاد آتا ہے۔ جب بچپن رخصت ہو رہا تھا تو یوں لگا میرا ''میں'' میرے ہاتھوں سے نکلا جا رہا ہے۔

اس نادانی کی عمر میں کسی نامعلوم کا یہ تقاضا کیوں تھا؟ میں کبھی نہ جان پائی۔

اُن دنوں ایک نظم لکھی تھی کنارے سے مخاطب ہو کر

کنارے رے کنارے! ذرا اپنی بانہوں کا گھیرا کھول دو

ہم نے لہروں لہروں جانا ہے

ہواؤں کے پیروں میں چکر ہے' کیسے کوئی ٹھکانہ تلاش کریں؟

راہیں کشادہ رشتے تنگ' جی اُداس اُداس

کھوئے ہوئے مکھڑے مل نہ پائیں' ریت سے کی چھانوں

یوں لگتا تھا کنارے پہ بیٹھی وقت کی ریت چھان رہی ہوں مگر جو کھو گیا ہے وہ مل نہیں پا رہا۔ وہ کیا تھا جو گم ہو گیا تھا میں اس کا کوئی نام نہ رکھ پائی۔

بڑی ہوئی' من کی مٹی میں پریت کی پہلی پتی اُگی تو جانا میں لوہے کے ایک ٹکڑے کی مانند مقناطیس کی طرف کھنچی چلی جا رہی ہوں۔ یہ اندر سے ٹوٹنے کا سمے تھا۔ ایک ٹکڑا ''میں'' مقناطیس کی طرف چلتا رہا اور ایک ٹکڑا ''میں'' در و دیوار کے سائے میں بیٹھا رہا۔ فقط میری نظمیں تھیں جو کاغذ پر اُترتی رہیں اور کاغذ ہوا میں بکھرتے رہے۔

نامعلوم کا سفر میلوں تک اُس ویرانی کا سفر ہوتا ہے جس میں جدائی کے جنگلی پھول تو کھلتے ہیں مگر ان کے سوا اور کچھ نہیں اُگ پاتا۔

یہ طلب کیا ہے؟ یہ پیاس کیا ہے؟ اس کا اندازہ فارسی کے ایک شعر سے لگایا جا سکتا ہے کہ ریگستان میں جو لوگ چمکتی ریت کو دیکھ کر بھی پانی کا دھوکہ نہیں کھاتے' وہ دانش مند تو ضرور ہوں گے مگر اُن کی پیاس میں یقیناً کچھ کمی ہوتی۔

اُس وقت کچھ اور نہیں مگر اتنا ضرور جان پائی کہ میری پیاس میں کوئی کمی نہیں تھی۔ برسوں کے صحرا میں جب محبت کسی کے چہرے کے نقوش میں کھنکنے لگ گئی تو یوں لگا جیسے نامعلوم کا بلاوا آیا ہے اور جب بلاوا آ گیا تو یوں لگا اب نامعلوم کی طرف جانا ہی ہوگا۔

رات کی دُلہن نے دعوت کی

تاروں نے چاول چھڑکے' کسی نے دیگیں چڑھا دیں

کون ہے جو چاند کی صراحی لے آیا؟

روشنی گھونٹ شراب کا اور امبر گہری آنکھیں

زندگی میں اس طرح کے بلاوے کا مل جانا ایک بہت بڑا حادثہ ہوتا ہے۔ پھر معلوم کی سرحد کب اور کیسے

چھٹ گئی؟ میں نہیں جانتی۔ کچھ بھی گرفت میں نہیں آتا۔ فقط اس قدر جانا کہ پیروں میں تلملاہٹ تھی نامعلوم کی راہ پر چل نکلنے کی۔

جانے وہ کیسی رات ہوتی ہے جو کسی سپنے کا ماتھا چوم لیتی ہے اور پھر خیالوں کے پیروں میں ایک جھانجھ سی بجنے لگ پڑتی ہے۔ اور یہی میرا کے گھنگھرو ہیں جن سے کچھ پوچھا' جانا نہیں جا سکتا۔

سر پہ جب برسوں کے بادل ٹکراتے ہیں' بوند بوند ٹوٹتے ہیں اور کبھی ان کی چھاتی سے بجلی بھی کڑک جاتی ہے اس وقت من کی مٹی میں پڑے ہوئے جنم جنم کے بیج معلوم نہیں کہاں تک سہم جاتے' سوکھتے اور بھیگتے ہیں اور جو بیج پھوٹ نکلتے ہیں' پیڑ بن جاتے ہیں اور چلتی ہوائیں اُن کے شگوفے' پتے اور پھل' پھول جھاڑ دیتی ہیں۔ میں نے آج تک جو بھی لکھا ہے ان سبھی حرفوں کو میں ان پیڑوں سے جھڑے شگوفے اور پتے مانتی ہوں۔ یہی احساس ایک نظم میں اُترا تھا

نہیں' خاموشی کے اس پیڑ سے میں نے کوئی حرف نہیں توڑا

یہ تو جو پیڑ سے جھڑ گئے تھے

میں نے وہی حرف چُنے ہیں

گورکھ وانی کی تہوں میں اُترتے رجنیش اُس عہد کا ایک قصہ بیان کرتے ہیں جب بھگوان نے انسانی نسل بنائی تو خود بھی انہی کے بیچ رہنے لگا۔ لوگوں کو کوئی معمولی سی ضرورت بھی پیش آ جاتی تو وہ جھٹ سے جا کر اُس کا دروازہ کھٹکھٹاتے۔ وقت بے وقت۔ اور مطالبے بھی ایسے جو ایک دوسرے سے ٹکراتے۔ کوئی کہتا

''بھگوان! میں نے آج کپڑے رنگنے ہیں' انہیں سکھانا ہے۔ اس لیے ذرا خیال رکھنا آج بارش نہ ہونے پائے۔''

کوئی اور کہتا

''پرمیشور! آج بارش برسا دو۔ میں نے کھیتوں میں بیج بوئے ہیں' کہیں خشک نہ ہو جائیں۔ انہیں پانی ملنا ضروری ہے۔''

تو ان جیسے مطالبے سُن سُن کر بھگوان کا سر چکرا گیا۔ اُس نے تھک ہار کے ایک روز دیوتاؤں کو بلا بھیجا۔ ان سے پوچھا

''بتاؤ میں کہاں چلا جاؤں؟ جی چاہتا ہے ہمالیہ کی چوٹی پہ چلا جاؤں جہاں کوئی نہ پہنچ پائے۔ میں تو

سخت پچھتا رہا ہوں یہ انسان کی نسل بنا کے۔''

دیوتاؤں نے آنکھیں بند کیں، مستقبل پہ نظر ڈالی اور کہا

''ہمالیہ کی چوٹی سر کرنے کے لیے بھی کوئی پہنچنے والا ہے۔ کوئی ایک بار پہنچ گیا تو مشینوں اور کلوں کی مدد سے کتنے ہی لوگ پہنچ جائیں گے۔ وہاں بھی سرائیں بن جائیں گی۔ ہوٹل کھل جائیں گے۔''

بھگوان نے کہا

''پھر کیا چاند پہ چلا جاؤں؟'' دیوتا پھر دھیان میں مگن ہوئے۔ بولے

''تکنیک کی مدد سے انسان وہاں بھی پہنچنے والے ہیں۔''

بھگوان بہت اُداس تھے۔ تب ایک بزرگ دیوتا نے اُن کے قریب ہو کر کہا

''ایک جگہ ہے جہاں انسان کبھی نہیں پہنچ پائے گا۔ اور وہ جگہ ہے اُس کا باطن۔ آپ وہاں جا کر بیٹھ جائیں۔ انسان نے ہمیشہ باہر کی طرف بھٹکنا ہے۔ اپنے اندر کبھی نہیں اُترنا۔''

سو اُس روز سے بھگوان۔ خدا۔ رب ہر انسان کے اندر بستا ہے۔ جہاں انسان اُسے دیکھ ہی نہیں پاتا۔ کبھی کوئی بدھ، کوئی کرشن، کوئی نانک، کوئی گورکھ اُسے اپنے اندر تلاش کر لیتے ہیں۔ پردہ وصل کی ساعت ہوتی ہے اور اُن کے ساتھ کی تو خود خدا کو بھی ضرورت ہوتی ہے۔

مختصراً یہ بات حقیقتاً سچ ہے۔ ساری انسانی نسل ہمیشہ باہر کی طرف بھٹکتی رہی ہے۔ بات بات پہ جھگڑتی، دُنیا کو خود ہی بساتی اور خود ہی اُجاڑتی ہے۔

1992 کی بات ہے۔ 12 مارچ کی صبح ہونے والی تھی جب مجھ نیند کی تہہ میں اُتری کو کسی نے پیغام دیا کہ سائیں بابا نے بلایا ہے۔ میں حیرت سے پاگل ہو جاتی ہوں۔ پوچھتی ہوں

''ہر ڑی والے سائیں بابا؟ انہوں نے خود مجھے یاد کیا ہے؟''

میں جاتی ہوں۔ دیکھتی ہوں سامنے نیم تاریکی میں سائیں بابا بیٹھے ہیں۔ مجھے آتا دیکھ کر مجھ پہ ایک نگاہ ڈالتے ہیں پھر دریافت کرتے ہیں

''ایک بات بتاؤ۔ تم اتنی اُداسی کیوں ہو؟''

میں وہیں کھڑے کھڑے جواب دیتی ہوں

''آپ بتائیں میں کیا کروں سائیں بابا؟ میرے چاروں طرف جھوٹ ہی جھوٹ پھیلا ہے۔ کوئی سچ نہیں

بولتا۔ میں کیا کروں؟"

وہ چپ چاپ زمین کی طرف دیکھنے لگ جاتے ہیں۔

بس اسی قدر خواب تھا۔ لیکن جانا کہ کوئی درد معلوم نہیں میری رگوں میں کہاں تک اُترا ہوا ہے کہ سائیں بابا سے ملاقات کی گھڑی آئی تو غنیمت کی اس ساعت میں بھی یہی درد میرے ہونٹوں پہ بلکنے لگا۔ مجھے لگا یہ بھی میری گرہن کتھا کا کرم ہے۔ میری تقدیر ہے۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم

پنجابی سے اردو زبان میں ترجمہ: علی یاسر

امروز

ساحر ایک خیال تھا، ہوا میں چمکتا ہوا شاید میرے اپنے ہی خیالوں کا جادو، لیکن امروز کے ساتھ گزاری زندگی درمیان کے کچھ سالوں کے علاوہ ایک بے خودی کے عالم میں پہنچ گئی ہے۔ اس عالم کو شاید ابھی ابھی یاد آئی ایک بات سے تھاما جا سکتا ہے۔ ایک دن گھر میں آئے کسی مہمان نے میرا اور امروز کا ہاتھ دیکھا اور کہنے لگا ''تمھارے ہاتھ میں دولت کی بہت گہری اور طویل لکیر ہے، تمھیں زندگی میں کبھی دولت کی کمی نہیں آسکتی'' لیکن امروز کو کہنے لگا کہ تم سے کبھی دولت اکٹھی نہیں ہوگی، تمھارے ہاتھ کی لکیر جگہ جگہ سے شکستہ ہے۔ امروز نے اپنے ہاتھ میں میرا ہاتھ تھام کر کہا ''اچھا تو ہم دونوں ایک ریکھا کے ساتھ گزارہ کر لیں گے''۔

1964ء میں جب امروز نے حوض خاص رہنے کے لیے پٹیل نگر والا مکان چھوڑ دیا تو اس دن اپنے نوکر کی آخری تنخواہ دے کر اس کے پاس ایک سو اور کچھ روپے بچ گئے تھے۔ لیکن اس وقت اس نے ایک ایڈورٹائزنگ فرم میں نوکری کر لی تھی۔ اس لیے اسے کوئی فکر نہیں تھی۔ دو تین ماہ بعد اس نے لاؤڈ کنکنگ کی طرح کہا ''میرا جی چاہتا ہے کہ میرے پاس دس ہزار روپے ہوں تاکہ جب جی چاہے نوکری چھوڑ سکوں اور کوئی من چاہا تجربہ کر سکوں''۔ مہنگائی بڑھ رہی تھی لیکن میرا جی چاہتا تھا کہ اس کی کہی بات پوری ہو جائے۔ جلد ہی ایک سبب بھی پیدا ہو گیا کہ امروز کو تنخواہ کے علاوہ پانچ سو روپے ماہوار کا کام الگ سے ملنے لگا۔ سو خرچ میں سے جتنی کفایت شعاری کر سکتی تھی کی اور امروز کے دس ہزار جمع کرنے کی ٹھان لی۔

سال سوا سال کے عرصے میں واقعی دس ہزار جمع ہو گئے تو امروز نے ایک دن اچانک نوکری چھوڑ دی، الگ کام پانچ سو روپے کا سہارہ بھی اگلے مہینے سے اچانک بند ہو گیا۔ مجھے تین ماہ کے لیے یورپ جانا تھا، چلی گئی۔ میری غیر موجودگی میں امروز نے بوتیک کا تجربہ کرنے کا سوچ لیا اور اس کے لیے اپنے بھائی کو دکن کی

طرف بھیج دیا تا کہ وہ وہاں سے بوتیک کا کوئی اچھا سا کاریگر تلاش کر کے لائے۔ میں یورپ سے واپس آئی تو اس نے گرین پارک میں تین سو روپے ماہوار کرائے کا ایک مکان لیا ہوا تھا جس میں دو کاریگر رہ رہے تھے اور رنگوں کے کترا ہے ابل کر نئے خریدے ہوئے کپڑے کے تھانوں پر بوتیک کا تجربہ کر رہے تھے۔ رنگ پورے نہیں آ رہے تھے اور ڈبو ڈبو کر کپڑوں کے ڈھیر لگا کر پھینکا جا رہا تھا۔

ان دنوں امروز کا مزاج دہلی کے اس موسم جیسا تھا جب ابھی دوپہر کے وقت جسم گرمی سے جھلس رہا ہو اور ابھی سہ پہر کو سردی سے ٹھٹھر رہا ہو۔ کچھ کہنا چاہا لیکن سارے لفظ اکارت تھے۔

اوپر سے ڈھائی سو روپے ماہانہ پر ایک درزی آ گیا جو کچھ بہتر بنے ہوئے کپڑوں کو کتر کتر کر قمیصوں کی شکل میں سی رہا تھا لیکن قمیصوں کی کمر کا سائز اردو شاعری کی حسینہ کی کمر جیسا تھا۔

ان پانچ سو قمیصوں کا حشر یہ ہوا کہ انھیں برس ہا برس تک سنبھالنے کے لیے ایک الماری بنوانی پڑی۔ ایک بڑا ٹرنک خریدنا پڑا اور پھر انھیں دیکھتے ہی جلدی سے الماری کا دروازہ اور ٹرنک کا ڈھکن بند کرنے کے سوا کوئی چارا نہ رہا۔ ایک دن کی بات آج بھی یاد آ جائے تو ہنسی پھوٹ بہتی ہے۔ ایک دن ایک امریکی عورت کو ایک قمیص بہت پسند آئی، وہ اسے بتا رہا تھا کہ اردو شاعری کی حسینہ کی کمر کے لیے سلی قمیص اسے پوری نہیں آئے گی لیکن اس نے ایک پردے کے پیچھے ہو کر کسی طرح وہ قمیص پھنسالی لیکن اتارنے لگی تو اتر نہیں رہی تھی۔ اس نے اکتا کر پردے کے پیچھے سے آواز دی "پلیز گیٹ می آؤٹ آف دس شرٹ"۔ دس ہزار ختم ہو گئے تو امروز نے اپنا اکلوتا پلاٹ بیچ دیا جو ساڑھے چھے ہزار کا بکا اور ایک سال کے اس تجربے میں کتابوں کے اکا دکا ٹکلوں کا کام کر کے اس نے جو بھی کمایا تھا، اس سمیت اس کے خرچ کی رقم بیس ہزار ہو گئی۔ پھر اس کا دل بوتیک سے اچاٹ ہو گیا۔ اس تجربے میں سے سلک کی ایک قمیص اور سلک کی ایک ساڑھی جو امروز نے اپنے ہاتھ سے بنائی تھی، میرے پاس ہے۔ جب بھی یہ قمیص یا ساڑھی پہننے لگتی ہوں، بیس ہزار کا خیال آ جاتا ہے اور کبھی اداس ہونے لگوں تو امروز ہنس دیتا ہے۔ "اتنی قیمتی ساڑھی تو کسی ملکہ نے بھی نہیں پہنی ہو گی، تمھیں خوش ہونا چاہیے کہ آج تم نے دس ہزار کی ساڑھی پہنی ہوئی ہے"۔ سو یہ میری ساڑھی بھی دس ہزار روپے کی ہے اور قمیص بھی دس ہزار کی۔

میں سچ مچ امیر ہوں۔ یہ امروز کے اس حوصلے کی امیری ہے جو بیس ہزار گنوا کے بھی اس طرح ہنس سکتا تھا اور یہ دس ہزار بھی وہ جو اس نے نہ پہلے کبھی دیکھا تھا نہ بعد میں۔ امروز کو سمجھنا مشکل نہیں، اس میں

مسلسل چلی آ رہی ایک ریکھا ہے (ہاتھ میں نہیں، پیشانی کی سوچ میں)۔ اس کے من میں چیزوں کی وہ شکلیں ابھرتی ہیں جنہیں کاغذ پر یا لکڑی لوہے پر اتارنا صرف اسی کے بس کی بات ہے۔ بڑے کمالات دکھانا اس کے بس میں نہیں۔ اس نے ٹیکسٹائل کے عجیب وغریب ڈیزائن بنائے۔ میں دیکھتی تو اسے کہتی کہ اگر یہ سچ مچ کاغذوں سے اتر کر دو دو گز کپڑوں پر آ جائیں تو سارے ہندوستان کی لڑکیاں پریاں ہو جائیں۔ یہ ڈیزائن کاغذوں پر بنانے اس کے بس میں تھے، اس نے بنا لئے، انھیں کپڑوں پر اتارنے کے لیے کسی مل کی ضرورت تھی۔ ہمارے ملک کی غریبی یہ نہیں کہ اس کے پاس ملیں نہیں، غریبی یہ ہے کہ ملوں والے اہل نظر نہیں ہیں۔ یہ ڈیزائن دو مرتبہ دو ملوں والوں کو دکھائے تھے لیکن تجربہ یہ ہوا تھا کہ وہ لوگ آئیون رینڈ کے اس فقرے جیسے تھے جو ایسے لوگوں کے لیے ان کی تقدیر کی طرح لکھا ہوا تھا "پرفیکٹ ایڈیٹس"۔

اصل میں اسی بے بسی کی وجہ سے امروز نے بوتیک کا ذریعہ سوچا تھا کہ کچھ ڈیزائن ملوں کی محتاجی سے سرخرو ہو کر کپڑوں کا جسم چھو سکیں۔ یہ اور بات ہے کہ یہ کام جب تک کاریگروں کے ہاتھوں میں تھا، قابل ذکر نہیں تھا لیکن جب آخر کار امروز نے اس کا سارا عمل اپنے ہاتھ میں لے لیا تھا تو کچھ چیزیں ایسی تیار ہوئی تھیں کہ ان سے آنکھ نہیں ہٹائی جاتی تھی۔ لیکن ایسی چیزوں کے لیے کچھ جاپانیوں اور کچھ امریکیوں کے سوا کوئی خریدار نہیں تھا اور ساتھ ساتھ یہ بات بھی تھی کہ جب یہ ہنر عروج تک پہنچ چکا تھا تو دو گز کپڑا خریدنے کے لیے بھی پیسے نہیں بچے تھے۔

یہ معمولی ذریعہ بھی پہنچ سے باہر ہو گیا تو اس تجربے کا سلسلہ ختم ہو گیا اور پھر آہستہ آہستہ وہ تجربے عمل میں آئے جن کے لیے ایک مرتبہ میں پچاس، سو روپے سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ امروز نے گھڑیوں کے ڈائل ڈیزائن کرنے شروع کر دیے۔ جب پچاس روپے اکٹھے ہوتے، وہ ایک گھڑی خرید لیتا، اس کا ڈائل ڈیزائن کرتا۔ آج بھی ہماری ایک الماری ان گھڑیوں سے بھری ہوئی ہے جنہیں چابی دینا ممکن نہیں لیکن کبھی کبھی ہم وہ الماری کھولتے ہیں تو ساری گھڑیوں کو چابی دے کر ان کی ٹک ٹک بیٹھوون کی سمفنی کی طرح سنتے ہیں۔

گھڑیوں میں ہمیشہ ایک وقت ہوتا ہے لیکن امروز نے گھڑیوں میں دو وقت حاصل کرنا چاہے۔ ایک تو عام وقت جو سوئیاں بتاتی ہیں دوسرا وہ جو دنیا کے کچھ شاعر لفظوں میں بیان کرتے ہیں۔ اسی لئے امروز نے نمبروں والے ڈائل نکال کر گھڑیوں میں وہ ڈائل ڈال دیے جن پر اس نے دنیا کے ان شاعروں کی سطریں لکھی تھیں جن میں کئی پل کشید ہوئے تھے۔ سب گھڑیوں میں کسی کے ڈائل پر فیض کا شعر ہے، کسی پر قاسمی کا، کسی

پر وارث شاہ کا، کسی پر شو کمار کا۔

اسی طرح امروز کے ڈیزائن کردہ کئی کیلنڈر ہیں۔ کسی کی شکل چوکور میز جیسی ہے جن پر تاریخیں اور دن شطرنج کے مہروں کی طرح بچھے ہوئے ہیں۔ کسی کی شکل درخت جیسی ہے جسے تاریخوں اور دنوں کے ہرے پتوں سے سجایا گیا ہے۔ کسی کی شکل ایک ساز جیسی ہے جس کی تاروں کو کسنے والی چابیاں سال کے دن اور مہینے ہیں۔ یہ سب کچھ اگر اپنے ملک اور دوسرے ملکوں میں دکھایا جا سکتا تو ہندوستان کا نام امیر ہو سکتا تھا لیکن کسی سرکاری مشینری کو چابی دے پانا نہ میرے بس میں ہے نہ امروز کے۔ جب کوئی کسی کا حال اپناتا ہے، اصل اپنائیت میں اس کا اور دوسرے کا ماضی بھی شامل ہو جاتا ہے۔ ایک کا الگ اور دوسرے کا الگ نہیں رہ جاتا اگرچہ آنکھوں سے نہیں دیکھا ہوتا لیکن وہ بھی اپنے ہونے کا حصہ بن جاتا ہے۔ اپنے بدن کے کسی پرانے زخم کی طرح۔

امروز کو علم ہے کہ موہن سنگھ کے لیے میری قدروں میں میری محبت شامل نہیں تھی۔ ایک دفعہ جب وہ موہن سنگھ کی کتاب ''جندرے'' کا کور ڈیزائن بنا رہا تھا تو کتاب کی شکل کے مطابق اس نے دو قفل بنانے تھے۔ میرے دو بچے جو موہن سنگھ کی سوچ میں دو پھولوں کے قفل تھے، لیکن امروز نے ٹائٹل پر تین قفل بنائے، کہنے لگا کہ تیسرا سب سے بڑا قفل تو بچوں کی ماں تھی جو موہن سنگھ کو نظر ہی نہیں آیا۔ اس لیے میں نے ادھوری نظم کو پورا کرنے کے لیے دو کی جگہ تین قفل بنائے ہیں۔ اس وقت امروز نے میری سوچ اپنی پیشانی میں سمائی ہوئی تھی۔ امروز کو علم ہے کہ میں نے ساحر سے محبت کی تھی۔ یہ علم ہونا اپنے آپ میں بڑی بات نہیں لیکن اس سے پرے جو کچھ بہت بڑا ہے، وہ امروز کا میری ناکامی کو اپنی ناکامی سمجھ لینا ہے۔ امروز جب ساحر کی کتاب ''آؤ کہ کوئی خواب بنیں'' کا ٹائٹل بنا رہا تھا تو ہاتھ میں کاغذ لیے کمرے سے باہر آ گیا۔ باہر کے کمرے میں میں اور دیوندر بیٹھے ہوئے تھے۔ دیوندر واحد دوست ہے جس کے ساتھ میں ساحر کی بات کر لیتی تھی، اسی لیے دیوندر نے ماضی میں اتر کر ایک بار ٹائٹل کی طرف دیکھا۔ ایک بار میری طرف لیکن میرے اور دیوندر سے بڑھ کر امروز نے میرے ماضی میں اتر کر کہا ''سالا خواب بُننے کی بات کرتا ہے، خواب بُننے کی نہیں''۔ میں ہنس پڑی ''سالا جولاہا ساری عمر خواب بُنتا ہی رہا، کبھی کسی کا خواب نہ بنا''۔ میں اور دیوندر کافی دیر ہنستے رہے اس درد سمیت جو ایسے وقت ایسی ہنسی میں شامل ہوتا ہے۔ کبھی حیران ہو جاتی ہوں، امروز نے مجھے کس طرح اپنایا ہے، اس درد سمیت جو اس کی اپنی خوشی کا مخالف ہے۔ ایک دفعہ ہنس کر کہا۔ ''ایمو، اگر مجھے ساحر مل جاتا تو آپ نہ

ملتے''۔ تو وہ مجھ سے بھی زیادہ مجھے اپنا کر کہنے لگا'' میں نے تو ضرور ملنا تھا، چاہے تمھیں ساحر کے گھر نماز پڑھتی ہوئی کو جا کر ڈھونڈ لیتا''۔

سوچتی ہوں، کیا کوئی خدا ایسے انسان سے الگ ہوتا ہے۔

امروز جو یہ ہے، اگر نہ ہوتا تو میں اس کے چہرے کی طرف دیکھ کر یہ شعر کبھی نہ لکھ سکتی۔

باپ اور بھائی، دوست اور خاوند

کسی لفظ کا نہیں کوئی رشتہ

میں نے جب یوں دیکھا تجھ کو

سارے لفظ ہوئے ہیں گہرے

☆☆☆☆

امرتا پریتم بنام مظہر الاسلام

۔۔۔اے خدا!

مظہر کا یہ لفظ سُن لے!

اور

انسان کی تقدیر میں لکھ دے

امرتا

☆☆☆☆

دوست!

اب کے بہار کا نیا پہلو دیکھا

بدن سے چھو کر بھی اور تصور سے چھو کر بھی

نہیں جانتی تھی کہ سُرخ پھول اس طرح بھی کھلتے ہیں

اس تحفے کا بہت بہت شکریہ!

امرتا

آپ کو ایک خط ملا ہوگا' وارث شاہ تقریب کے لیے ہندوستان آنے کا،

جواب کا انتظار ہے۔۔۔۔

کاتب امروز

☆☆☆☆

مظہر الاسلام دوست!

اک مدت ہوگئی۔ تہاڈی خیر خبر آئیاں
او بڑا ظالم موسم ہے۔ کتوں دی مُل دی مہک
ورگی آواز سُنائی نہیں دیندی
اخباراں دی گُجھ کٹینگ بھیج رہی ہاں
تُسی اپنیاں نویاں کہانیاں تے کہانی کیویں بنی ورگے مضمون
ضرور بھیجو۔۔۔ تاک منی لئی تے
میرے تے امروز لئی خط بھیجو

امرتا

کاتب امروز کا سلام اور آپ جیسے سب سنجیدہ لوگوں کو بھی۔

☆☆☆☆

امرتا پریتم بنام احمد سلیم

(میرے نام امرتا پریتم کے یہ خطوط گورمکھی سے ترجمہ کیے گئے ہیں۔ سترہ برسوں (1968-85) پر محیط خطوں کا یہ انتخاب امرتا پریتم کی فنی اور شخصی عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ 1985 کے بعد کے خطوط کی فائل میرے آرکائیوز سے غائب ہے اس لیے اس دور کے خطوط کا انتخاب نہیں کیا جا سکا۔ اُردو ترجمہ دانستہ طور پر پنجابی محاورے کے قریب تر رکھا گیا ہے تاکہ امرتا پریتم کا بیان اور اندازِ بیان مسخ نہ ہونے پائے۔ ایک دو مقامات پر لفظ پڑھے نہیں جا سکے اس لیے وہاں (۔۔۔) کے نشان دیے گئے ہیں۔

ان خطوں میں 'ناگ منی' کے پرچوں اور امرتا کی مجھے بھیجی ہوئی کتابوں کا بار بار تذکرہ ملتا ہے' جو مجھے اکثر نہیں مل پاتی تھیں۔ دراصل یہ 1971 کے بعد کے چند برس تھے جب ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ڈاک کا سلسلہ معطل تھا اور یہ خط و کتابت اکثر بذریعہ لندن یا آنے جانے والوں کی معرفت ہوتی تھی۔ ان خطوں میں دوسرا تذکرہ جواں مرگ سارا شگفتہ کا ہے جو امرتا پریتم کو اتنی عزیز تھی کہ انہوں نے اس کی جواں مرگی کا نوحہ کتابی صورت میں 'ایک تھی سارا' کے نام سے شائع کیا۔)

پیارے احمد سلیم جی،

آپ کے خطوں کا بہت شکریہ۔ سارے خط میں نے بڑی قدر سے پڑھے ہیں۔ پڑھے نہیں، پڑھوائے ہیں، مجھے اُردو نہیں آتی۔

آپ 'ناگ منی' پڑھنا چاہتے ہیں۔ اس سے لگتا ہے کہ آپ پنجابی (گورمکھی) پڑھ سکتے ہیں اس لیے خط اُردو میں لکھوانے کی بجائے خود لکھ رہی ہوں۔

ویت نام کے بارے میں، میری نئی نظم 'ناگ منی' کے تازہ شمارے کے ٹائٹل پر چھپی ہے۔ پرچہ بھیج رہی ہوں۔ پچھلے سال ایک بہت اچھی نظم لندن میں شائع ہوئی تھی، انگریزی زبان میں۔ کسی پچھلے شمارے میں، میں نے اس کا پنجابی ترجمہ شائع کیا تھا۔ وہ شمارہ بھی بھیج رہی ہوں۔ یہ اینڈرئین مچیل کی نظم ہے، صفحہ 18 پر۔

اگر آپ گورمکھی رسم الخط میں پنجابی پڑھ سکتے ہیں تو آئندہ سے 'ناگ منی' بھیج دیا کروں گی۔ آپ وہاں سے مجھے احمد ندیم قاسمی کا پرچہ 'فنون' بھجوا دیں۔

آپ کی اور آپ کے دوست کی نظم ملی۔ آپ سے اور بھی اونچے معیار کی نظموں کا تقاضہ کرتی ہوں۔

پیارے امرتا پریتم

28-08-68

☆☆☆☆

کوئی محبوب نظر ہی
محبوب چہرہ دیکھ سکتی ہے
اور کوئی محبوب قلم ہی
محبوب چہرہ تخلیق کر سکتا ہے
احمد سلیم کے محبوب قلم کے لیے
پیار بھی اور اس کا شکریہ بھی

امرتا پریتم

(حوالہ: امرتا پریتم کے نام احمد سلیم کی نظم) 7-7-69

احمد سلیم! او نیک آدمی!

تیرا سپنا ٹھیک ہی تھا۔ تیرا خط پڑھ کر آنکھیں بھیگ گئیں۔ ہم سچ مچ تاریک غاروں سے گزر رہے ہیں نہ جانے انسانی محبت کی کب پروا ہوگی۔

'ناگ منی' کے پرچے چند کتابیں اور یہ خط بھیجنے کا موقع ملا ہے۔ تیری نیک روح کو سلام!

سجاد حیدر میرے بہت پرانے اور بہت پیارے دوست ہیں۔ اب تو لگتا ہے انہیں دیکھے صدیاں بیت گئیں۔ خدا کرے جیتے جی ایک بار ملاقات ہو جائے۔

میں 23 اگست کو یوگوسلاویہ جا رہی ہوں۔ وہاں تین ہفتے رکوں گی۔ پھر چیکوسلواکیہ اس کے بعد فرانس اور اکتوبر کے وسط میں لندن پہنچوں گی۔ وہاں تیرے خط کا انتظار کروں گی۔ اپنی نئی نظمیں 'ناگ منی' کے لیے ضرور بھیجنا۔

تیری امرتا پریتم

16-8-72

☆☆☆☆

6-11-74

پیارے احمد سلیم!

شکر ہے کہ اب تمہیں خط لکھنے کی راہ نکل آئی ہے۔ 'ناگ منی' کے پرچے اور دو نئی کتابیں لاہور کے پتے پر اسی وقت بھیج دی تھیں جب تمہارا پہلا خط ملا تھا۔ دوسرے خط میں آنے والے رقعے بنگلہ دیش پوسٹ کر دیئے ہیں۔

ایک دن ٹی وی سے تیری نظمیں پڑھیں۔ احمد سلیم کی بھی اور فخر زمان کی بھی۔ پتہ نہیں تم نے سنیں یا نہیں!

'ناگ منی' میں جمیلہ ہاشمی کا ناول 'آتش رفتہ' ترجمہ کر کے چھاپنا چاہتی ہوں۔ میرے پاس اس کا پتہ نہیں اس کا پتہ بھی بھیج دو اور اس کی تصویر بھی تاکہ 'ناگ منی' میں اس کا سکیچ جا سکے۔

نجمیدہ بہت یاد آتی ہے۔

تیری کتابوں کے بارے میں مدت ہوئی لندن سے خط لکھا تھا' امید ہے مل گیا ہوگا۔

رشم کا پتہ وہی ہے۔

آئندہ 'ناگ منی' لاہور کے پتے پر بھیجوں یا اسلام آباد کے پتے پر' بتا دینا؟۔

تیری امرتا پریتم

☆☆☆☆

پیارے احمد سلیم!

لگتا ہے۔۔۔۔۔اب میرا خط کبھی تم تک پہنچ سکے گا اور تمہارے خط مجھ تک آ سکیں گے۔ اب فاصلے' مہربان ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

اس بار 'ناگ منی' بھی بھیج رہی ہوں۔ شاید مل جائے۔ اطلاع دینا تاکہ آئندہ باقاعدگی سے بھیج دیا کروں۔

پتہ چلا کہ تمہاری خوبصورت سی بیوی ہے۔ میں 'ناگ منی' کے کالم 'ذکر خیر' کے لیے اس کا انٹرویو چاہتی ہوں۔ فخر زمان سے کہنا تیری بیوی کا انٹرویو کر کے بھیج دے اور تم فخر زمان کی بیوی کا۔ 'ناگ منی' میں یہ کالم دیکھا تو ہوگا۔

ایک اور کالم شروع کر رہی ہوں' میں اور میں' سیلف انٹرویو۔۔۔یعنی اپنے آپ سے ملاقات۔ اپنا سوال' اپنا جواب۔ وہ بھی ضرور لکھ کر بھیجو۔ تم بھی اور فخر زمان بھی۔

بہت پیار سے

امرتا پریتم

☆☆☆☆

پیارے احمد سلیم!

خط ملا' تیری محبت سچی' اس کا حق اور دعویٰ بھی سچا لیکن شکوہ سچا نہیں۔ میں نے جسے بھی 'ناگ منی' کے پرچے اور کتابیں لے جانے کے لیے کہا' ہر ایک نے زیادہ وزن سے ڈرتے ہوئے انکار کر دیا۔ فہمیدہ کے پاس بھی وزن زیادہ تھا' کتابیں نہیں لے جا سکی۔

پچھلے سال ۔۔۔ پریم سنگھ کے ہاتھ میں نے پورے سال کی فائل بھیجی تھی۔ وہ لاہور شہباز ملک کو دے آئے تھے کہ تمہیں کراچی پوسٹ کر دیں۔ پتہ نہیں وہ سارے پرچے تمہیں کیوں نہیں ملے۔

میری کہانیاں یا کچھ بھی چھاپنے کا تمہیں پورا حق ہے۔

لاہور میں نواز چودھری نے مکتبہ شعر و ادب کی طرف سے 'رسیدی ٹکٹ' شائع کی ہے۔ اس میں 'میرا سولہواں برس' والا باب لے کر چھاپ لو۔

جنوری اور فروری کے نئے شمارے بذریعہ ڈاک بھیج رہی ہوں۔

بہت سے لوگ ادھر آتے ہیں لیکن تمہیں بھی' جیسے بھی ہو سکے' آنا چاہیے۔ کیوں نہیں آتے؟ عرس کے دنوں میں ہی آ جاؤ۔

امروز کی طرف سے بہت پیار

تیری امرتا

5-1-80

☆☆☆☆

پیارے احمد سلیم

'زندگی نامہ' ٹائٹل کے تحت اُردو اور فارسی کی جتنی بھی کتابیں شائع ہوئی ہیں' وہ مجھے درکار ہیں۔

1-زندگی نامہ، اقبال لاہوری 2-زندگی نامہ، تقی زادہ 3- زندگی نامہ، علی 4-زندگی نامہ، بیرونی 5-زندگی نامہ، شیخ طوسی اور زندگی نامہ، پیشہ دراں سیریز کی کئی کتابیں بھی ہیں۔

اس کے علاوہ نظموں' غزلوں' مضامین (اُردو کے) جن کا عنوان 'زندگی نامہ' ہو (بھی درکار ہیں)

یہاں ہندی کی ایک ادیبہ نے مجھ پر مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ میرے ناول کا نام ہے ''ہردت کا زندگی نامہ' جبکہ ہندی کتاب کا عنوان تھا 'زندگی نامہ'۔ اس کا دعویٰ ہے کہ لفظ 'زندگی نامہ' اُردو یا فارسی میں استعمال نہیں ہوتا۔ یہ لفظ صرف اسی نے استعمال کیا ہے' جو سراسر غلط بات ہے۔

اسی حوالے کے لیے مجھے زیادہ سے زیادہ کتابیں چاہئیں۔

پیارے

امرتا

☆☆☆☆☆

پیارے احمد سلیم

ڈائری بھیج رہی ہوں۔ سارا کی کتاب ابھی کراچی نہیں پہنچی۔ تیرا مضمون 'ناگ منی' میں چھپا تھا' دیکھ لیا ہوگا۔

پاکستان میں 'زندگی نامہ' کے عنوان سے جو بھی کتاب چھپی ہو وہ مجھے ضرور بھیجنا۔

یہ 'زندگی نامہ' خواہ کسی بھی ادیب کا ہو' یا یہ کوئی مضمون ہو' افسانہ یا کوئی نظم غزل' جو بھی ملیں۔ لفظ 'زندگی نامہ' استعمال ہوا ہو۔

'ناگ منی' باقاعدگی سے مل رہا ہوگا

پیار سے

امرتا

پس نوشت

سندھی ادب میں بھی اگر کسی تحریر میں 'زندگی نامہ' کا استعمال ہوا ہو تو ان کے حوالے بھیج دینا۔

امرتا

4-2-85

☆☆☆☆

پیارا احمد سلیم!

مدت ہوئی تیرا خط نہیں آیا۔ میں نے 'زندگی نامہ' کے حوالے سے ایک خط لکھا تھا۔ پتہ نہیں' تجھے ملا ہے یا نہیں۔

1- سارا کے بارے میں کتاب لکھ رہی ہوں۔ اس کے لیے اس کے سارے خط' نظمیں' ڈائریاں' جو بھی ہوں' مجھے مل سکیں تو کتاب کا کینوس وسیع ہو جائے گا۔ اسی طرح تم نے جو کچھ بھی سارا کے بارے میں لکھا ہو یا ثروت سلطانہ اور دوسرے دوستوں نے لکھا ہو وہ بھی مجھے بھجوا دو۔

2- پنجابی اکادمی دلی۔۔۔۔ اگلے سال جنوری میں پنجابی مشاعرہ منعقد کروانا چاہتی ہے' ہند۔ پاک مشاعرہ۔ اس کے لیے تم نے تو آنا ہی ہے۔ باقاعدہ دعوت نامہ اکادمی کی طرف سے پہنچ جائے گا۔ مجھے دوسرے پنجابی شاعروں کے نام بھی لکھ بھیجو' بہت اچھے نام' ان کے پتے بھی' تصویریں بھی تاکہ میں دعوت نامے بھجوا سکوں۔

3- نئی نظمیں ضرور لکھی ہوں گی' 'ناگ منی' کے لیے بھجوا دو۔

4- ثروت (سلطانہ) سے کہو' سارا کے بارے میں اپنا مضمون لکھ بھیجے۔

5- مظہر الاسلام کے بارے میں، میں نے ایک مضمون لکھا ہے جو یہاں ہندی کے سب سے بڑے ہفت روزہ میں چھپا ہے بھیج رہی ہوں۔ ہو سکے تو وہاں اُردو میں چھپوا دو۔

خط کے جواب کی منتظر ہوں۔

امرتا

17-8-85

☆☆☆☆

نی جندے میریئے

نی جدے میریئے!

[illegible]

[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]

نہ زندگی نہ چھنی چھونی
نہ تیری نہ میری ہوئی
پرچھاواں وی ورنی نی
چندی چاندی اندے...

تیل ماں جدے ہنڈیا
[illegible]
[illegible]
[illegible]

تیریاں چیراں نوں راہ لبھے
میریاں چیراں نوں راہ لبھے
[illegible]
[illegible]

بلونت گارگی

امرت کور سے امرتا پریتم تک

اُن دِنوں امرتا پریتم ''امرت کور'' ہوا کرتی تھی۔ ۱۹۴۳ء میں پھاگن کے سالانہ میلہ میں پریت نگر گیا۔ لنگر کے باہر نوتیج سنگھ ملا تو اُس نے یہ خبر سنائی اس بار کوی دربار اچھا رہے گا، امرت کور بھی آئی ہے۔

''راج کماری امرت کور'' میں نے پوچھا۔

''نہیں بھائی گیت لکھنے والی امرت کور بہت خوب صورت لڑکی ہے اور بہت خوب صورت شاعری کرتی ہے۔''

''خوب صورت لڑکیاں کم ہی خوب صورت شاعری کر پاتی ہیں۔۔۔۔۔'' میں نے اظہارِ تعجب کیا۔

نوتیج بولا، ''مگر امرت تو کمال ہی ہے! ابھی اِدھر آئی تو تم سے ملا دوں گا پریت لڑی میں اکثر اُس کی نظمیں چھپتی ہیں۔۔۔۔۔ جذبات سے لبریز محبت سے سرشار عظیم نظمیں۔ خود بھی وہ بہت خوب صورت ہے۔''

امرتا ملی۔ اُس نے آنکھوں میں کاجل لگا رکھا تھا جس کے دنبالے کانوں تک پہنچے تھے، میانہ قد، اُس کے چہرے پر ایسی مجسم عورت کا وقار تھا، جسے لوگوں رُوپ وتی کہہ کہہ کر پُر وقار بنا دیا ہے۔

میں نے کہا۔ ''بھئی نوتیج مجھے تو یہ لڑکی خوب صورت نہیں معلوم ہوتی۔''

''کیوں؟''

''بہت معمولی سی ہے۔''

''شام کو کوی دربار تھا، بہت سے کوئیوں نے اپنی اپنی کویتائیں پڑھیں۔ امرتا نے بنگال کے قحط پر ایک نظم پڑھی۔''

''کتنا کچھ فالتو''

اُس نے بڑی ادا سے نظم جو روایتی بندھنوں سے آزاد تھی سنائی۔ لوگوں نے تالیاں بجائیں نوتیج میرے

پاس ہی بیٹھا تھا۔ میں نے اس کی طرف دیکھا اور کہا

''بڑی بوسی ہے یہ نظم! مجھے تو بالکل اچھی نہیں لگی۔''

نوتیج بولا: ''بنگال کے عظیم قحط پر ہے۔''

میں نے کہا۔ ''عظیم قحط ہی لکھنے سے کوئی نظم عظیم نہیں بن جاتی۔ مجھے تو یہ بہت گھٹیا سی لگی۔ اُس نے مجھ پر کوئی تاثر نہیں چھوڑا۔''

پریت نگر میں جسے بھی دیکھو امرتا کی تعریف کر رہا تھا۔ جیسے کوئی چائے کی پیالی میں گڑ کی پوری بھیلی گھول ڈالے۔ ایسی ہی یہ تعریف تھی مجھے اس سے کچھ چڑ سی ہو گئی۔

یہ میری پہلی ملاقات تھی۔

اُس کے بعد میں بہت عرصہ تک امرتا سے نہ ملا۔

پھر میں لاہور ریڈیو اسٹیشن پر نوکر ہو گیا۔ وہاں کرتار سنگھ دگل نے بتایا۔

''پہلے کبھی کبھی امرتا پروگرام دینے آتی تھی، لیکن اب اُس نے آنے سے انکار کر دیا ہے؟''

''کیوں؟''

''پتا نہیں۔''

ایک دن ادیبوں کی میٹنگ تھی، ہم نے امرتا کو دعوت نامہ بھیجا۔ وہ نہیں آئی پھر ایک میٹنگ میرے گھر پر ہوئی۔ اُس نے کہلا دیا۔

''کوشش کروں گی۔''

شام کو ٹینس کھیل کر لوٹتی ہوئی سائیکل پر وہ میرے گھر یہ کہنے آ گئی کہ کل وہ میٹنگ میں نہ آ سکے گی، اُسے ضروری کام ہے۔ میں نے بیٹھنے کو کہا۔ اجنبیوں کی طرح بیٹھ گئی۔

نوکر چائے لے آیا۔۔۔۔۔ ''چائے پیو گی؟''

''چائے تو میں کم ہی پیتی ہوں۔''

''آج ایک پیالی لیجیے۔''

میں نے کیتلی سے ایک چائے کی بھری۔

''اچھا بتایئے! آپ میٹنگ میں کیوں نہیں آ رہی ہیں؟''

''میں میٹنگ میں جانا پسند نہیں کرتی۔''

''سنا ہے پہلے آپ ریڈیو پر پروگرام دیتی تھیں۔۔۔''

''ہاں!''

''میں نے ستار بجانے کے کچھ پروگرام دیے ہیں۔ اب مجھے ریڈیو اچھا نہیں لگتا۔''

''ریڈیو۔۔۔ یار ریڈیو کے لوگ؟''

دونوں۔۔۔ ایک عورت کے لیے گھر اور سماج کی ایسی بندشیں ہوتی ہیں کہ وہ اس طرح کے بے تحاشہ کھلے ماحول کو پسند نہیں کر سکتی۔ لوگ پان کھا رہے ہیں۔۔۔ سگریٹ کا دھواں چھوڑ رہے ہیں۔ چائے کے پیالے اڑا رہے ہیں۔۔۔ ہاہا ہو ہو کا ہلڑ مچا ہوا ہے۔

''مجھے اس طرح مردوں میں بیٹھ کر کام کرنا بُرا لگتا ہے۔ اس لیے میں نے ریڈیو اسٹیشن جانا چھوڑ دیا۔''

بات ختم ہوگئی۔

''کیا لکھ رہی ہیں آج کل؟ کوئی نظم سنائیے۔''

''کسی دن ہمارے گھر آیئے تو سناؤں گی۔ میں نظم سنانے دوسروں کے گھر نہیں جاتی۔''

''اچھا کسی دن آؤں گا۔''

کچھ مہینوں کے بعد میں امرتا کے گھر گیا۔ اُس نے گھمنی بازار سے مکان بدل کر انارکلی میں ایک فلیٹ لے لیا تھا۔ فلیٹ میں چار پانچ کمرے تھے۔ جالی دار پردے تصویریں صوفے۔

ہم نے چائے پی۔ نظم کوئی نہیں پڑھی۔

میں نے اپنی جدوجہد کی بات چھیڑی۔ امرتا نے اپنی جدوجہد کی بات چلائی۔

''آپ کیا جدوجہد کر رہی ہیں؟''

میں نے تعجب سے پوچھا۔

اُن دونوں میرے لیے جدوجہد کا مطلب ''معاشی جدوجہد'' تھا۔ میں نے تین سال لاہور میں بیکار گھوم کر جگہ جگہ نیوشن کر کے آخر کار ریڈیو اسٹیشن پر سو روپے کی نوکری ڈھونڈ لی تھی۔ امرتا کون سی جدوجہد کر رہی تھی؟''

امرتا کی شادی انارکلی کے بہت امیر تاجر کے ساتھ ہوئی تھی۔ لاکھوں کا کاروبار تھا۔ شام کو وہ ایک

شالامار فش میں بیٹھ کر لارنس باغ کی سیر کو جاتی تھی۔

''کچھ سوچ کر بولو!'' معاشی جدوجہد''

''اگر آپ کو مشکلات کا سامنا ہے تو ایک معمولی انسان کو کتنی ہوں گی۔''

میں نے پریشان ہو کر کہا۔

''معاشی' سماجی' جسمانی ۔۔۔ ہر طرح کی پریشانیاں مجھے ہیں۔ پریشانیوں کے جھنڈ ہیں۔ میرے چاروں طرف جتنے ملنے والے آتے ہیں' دو چار کو چھوڑ کر سب ہی پریشانیوں کے پنارے ہوتے ہیں؟''

اس کا چہرہ زرد اور مضمحل تھا' جیسے کوئی عرصہ سے بیمار ہو۔

''آپ بیمار رہتی ہیں؟''

''ہاں! اب بھی بیمار ہوں ہر چیز کھوکھلی سی لگتی ہے۔ اکثر تو ایسا محسوس کرتی ہوں کہ شعر و شاعری بھی فضول سامان بھلاوا ہے' کیا رکھا ہے اس میں؟ میں اپنی پچھلی نظموں پر نظر ڈالتی ہوں ۔۔۔ چھ کتابیں! ہوں مجھے اس پر کوئی خاص فخر نہیں۔ پتہ نہیں کیسے لکھ ڈالیں اتنی نظمیں! اب ایک بھی نہیں ہوتی جیسے میں رُک کر سوچنے لگی ہوں' یہ سب کیا ہے' انسان کو کبھی کبھی سوچنے کے لیے رُک جانا چاہیے۔ آج کل میں رُک گئی ہوں' اسی طرح میری شاعری بھی رُک گئی ہے' اس لیے کچھ تھکی ہاری لگتی ہوں ۔۔۔۔۔''

معاف کیجیے ۔۔۔ ''میں کیسی باتیں لے بیٹھی ہوں!''

میں نے دیکھا امرتا میں تھکاوٹ تھی۔ اس کے چہرے پر زردی بکھری ہوئی تھی۔ چہرے کی لکیریں کھچی ہوئی تھیں۔ جیسے کسی نے چاروں طرف سے اس کا چہرہ کس دیا ہو۔ چہرے پر سے فالتو گوشت چھٹ گیا تھا۔ فکر میں سے فالتو سماجی فرائض کی چھال اتر رہی تھی۔ کتنا کچھ فالتو چھٹ گیا تھا۔ میں اس دل دیکھ سکتا تھا۔ جو سونے کی ڈلی کی طرح سنار کی بھٹی میں آگ کے نیچے دہک رہا تھا۔

باتیں زندگی کے بارے میں' سماج کے بارے میں' فنکار کی قسمت کے بارے ہوتی رہیں۔ بیچ بیچ میں کوئی اور بات بھی ہونے لگتی۔ چائے کی پیالی بناتے ہوئے اس نے پوچھا۔

''آپ کو پیاز کے پکوڑے اچھے لگتے ہیں کہ مرچ کے؟''

''مرچوں کے''

''مرد تو مرچوں سے کتراتے ہیں آپ مرچیں کیسے کھا لیتے ہیں؟''

''بچپن میں میں نے ماں کی کڑوی باتیں کھائی ہیں۔ یہ مرچیں اُن سے زیادہ کڑوی نہیں۔ بھلا آپ کو مرچیں کیوں خوش ذائقہ لگتی ہیں؟''

''اس لیے کہ میں نے اتنی میٹھی چیزیں کھائی ہیں کہ اب کڑوی چیزیں اچھی نہیں لگتی! اسی طرح تعریف کی بات ہے، مجھے بہت تعریف اچھی نہیں لگتی! ایک دوسرے کی تعریف سے انسان کی بات کا معیار ایک خاص سمت میں اونچا نہیں اٹھتا۔ محبت اور نفرت ۔۔۔۔ خیالات کے دو عکس' دو گہرائیاں ۔۔۔۔۔۔ زندگی کی تصویر دکھاتے ہیں۔''

''آپ کا عقیدہ پیار پر ہے یا نفرت میں؟''

''نفرت بھی اتنی قابل نفرت چیز نہیں۔ پیار کا الٹا پہلو ہی تو ہے۔ دوپٹے کے سامنے پیار اور اُلٹی طرف 'جہاں آپ کو ٹانکے نظر آئیں' نفرت ہے۔ کئی لڑکیاں دوپٹے کو سیدھے طرف سے اوڑھتی ہیں اور کئی اُلٹی طرف سے۔'' آپ شاعری کا دوپٹہ کس طرف اوڑھتی ہیں؟''

''آج کل میں اوڑھنی کو اُلٹی طرف سے کاڑھ رہی ہوں' نفرت کی سوئی سے۔''

اس کا منہ اور بھی کھنچ گیا اور اس کی ناک سوئی کی طرح تیکھی تیکھی لگنے لگی۔

ہم دو گھنٹے بیٹھے رہے۔ چائے ٹھنڈی ہو گئی۔ اُس نے پھر چائے منگوائی۔ میں کبھی چائے کو نہ نہیں کہتا۔ میری وجہ سے اُس کو بھی کئی پیالیاں پینا پڑیں۔

میں نے کہا۔ ''آج ایک روڈ پر دو چھرے بازیاں ہوئیں۔ دو آدمی مرے۔ کئی دوست لاہور چھوڑنے کی سوچ میں ہیں۔ مارکاٹ میں آپ کہاں جائیں گی؟''

''کہیں بھی نہیں۔''

''رہیں گی کہاں؟''

''لاہور میں ہی۔ یہ فساد تو کچھ لوگوں کا پاگل پن ہے۔ نفرت کا پھوڑا پھٹ گیا ہے۔ گندا خون بہہ رہا ہے اس کے بعد آرام ہو جائے گا۔ میں نہیں چھوڑوں گی۔ لاہور کے ساتھ میری بہت سی یادیں وابستہ ہیں۔ یہاں کی گلیوں کے موڑ' انارکلی' راوی' لارنس باغ ہر چیز سے مجھے پیار ہے۔ لاہور چھوڑ کر میں نہیں جاؤں گی۔''

شام گہرا گئی۔ انارکلی میں بجلی کی بتیاں جل اٹھیں۔ میں جانے کے لیے کھڑا ہو گیا۔

''اچھا کبھی ملے تو نظم سنا دوں گی۔ اس وقت میرے پاس کوئی اچھی نظم نہیں'' اُس نے الوداع کہی۔

فسادات کا زور بڑھتا گیا۔ لوگ لاہور چھوڑ چھوڑ کر بھاگنے لگے۔ پنجاب کی راج دھانی چھن جانے سے بہت سے لوگ دلی آ گئے۔ امرتا پریتم بھی آ گئی اور ریڈیو اسٹیشن پر کام کرنے لگی۔

لوگ پان کھا رہے ہیں سگریٹ کا دھواں چھوڑ رہے ہیں چائے کی پیالیاں اڑا رہے ہیں ہا۔۔۔۔۔ ہا۔۔۔۔ ہو۔۔۔ ہو۔۔۔ کا ہلڑ مچا ہوا ہے۔ ان مردوں کے بیچ بیٹھی امرتا کام کر رہی تھی۔

فسادات میں اس کا گھر لٹ گیا تھا۔ اس کی کتابیں اس کی بکھی اور جالی دار پردے اور کوٹھی وہیں رہ گئے تھے۔ دلی میں آ کر وہ پٹیالہ ہاؤس کے سرونٹس کی کھولی میں رہنے لگی۔ جب بڑے بڑے ٹھیکیدار کاروباری آ کر اپنے نام مکان اور دکانیں الاٹ کروا رہے تھے۔ امرتا نے اپنے نام صرف پیار اور درد الاٹ کروا لیا تھا۔

ساون کا مہینہ تھا بادلوں کے سرمئی کنارے نیچے ہی نیچے لٹک رہے تھے۔ جیسے بوڑھے امیر کی بندھی ہوئی پگڑی کھل گئی ہو۔ برسات اب ہوئی ہیں امرتا کے گھر میں تھا۔ اس نے کہا۔

''کالی داس نے میگھ کا دوت بنا کر ٹھیک ہی بھیجا تھا۔ پیار کا پیغام سرکاری ڈاکیہ نہیں لے جا سکتا۔ پرانے وقتوں میں کبوتر لے کر جاتے تھے اور اس سے بھی پہلے بادل بادل اب بھی پیغام لے کر جا سکتے ہیں اگر کوئی ان کو اپنا پیغام ان بادلوں کو ہی دینا چاہتے ہوں، چور کی ماں کی طرح ان کا دل بہت گہرا ہوتا ہے۔ یہ پریتم کا سارا بھید چھپا کر لے آتے ہیں اور لے جاتے ہیں۔''

ایک دم میں نے اس سے سوال کیا

''تم کس سے پیار کرتی ہو؟''

''اپنے آپ سے''

''جھوٹ''

وہ چند دیر چپ رہی۔ تھوڑی دیر بعد اس نے سر اٹھایا اور ہنسنے لگی۔ پھر دفعتاً گمبھیر ہو گئی اور اس کی بڑی بڑی چمکدار آنکھوں میں گہرائیاں چھا گئیں۔

''میرا پیار دل سے اندر کر باہر نہیں چھلکتا' یہ سکوت ہے' خاموش چپ چاپ' پہاڑوں میں گھری ہوئی گہری جھیل کی طرح مردوں کا پیار ڈومنی کی ندیا کی طرح اچھن اچھن پڑتا ہے میں ایسے پیار کو اچھا نہیں سمجھتی۔ مرد اپنے پیار کا ڈھنڈورا پیٹتا ہے۔ عورت اسے چھپاتی ہے۔ مرد اس کو چوراہے پر رکھ کر لوگوں کو دکھا دکھا کر خوش ہوتا ہے۔ عورت اپنے آنچل میں سمیٹ کر گانٹھ باندھ لیتی ہے اور اب رات کے اندھیرے میں جب کوئی نہیں

ہوتا تو وہ اسے دیکھتی ہے اس کے ساتھ کھیلتی ہے جیسے جگنو آدھی رات میں روشنی سے کھلتا ہے۔۔۔۔۔اس کی روشنی میں مست اور کوئی آ جائے تو ایک دم اسے منہ میں رکھ کر خاموش ہو جاتی ہے۔

اَمرتا نے محبت کی نظمیں لکھیں۔۔۔۔۔گوری اس لڑکی کی طرح جسے ایک پوشیدہ محبت کرنے والے سے محبت تھی اور جو دونوں کی طرف سے خط لکھتی تھی۔ اپنے آپ ہی پوسٹ کر کے آپ ہی پڑھ لیتی اور خوش ہو جاتی تھی۔ اَمرتا کا یہ پیار مجھے اس طرح لگا، لیکن نہیں اَمرتا کے پیار میں گوری کے پیار کی بھوکی اُس لڑکی کی طرح ایک زمانہ کی آواز تھی، ساتھ ہی اتھاہ۔۔۔۔۔سمندر کی جیسی خواہش اور جذبہ۔ اس محبت کے جذبے کا سمبل ایک انسان تھا، کوئی تصوراتی دیوتا نہیں ایک مرد۔

ایک دن اُس نے اپنی نئی نظم سنائی۔!

''امبر''۔۔۔۔

ناریل کا پیڑ ہے

اور نیا چاند

سفید کھوپرے کی پھانک

ناریل کو کس نے توڑا؟

آج جس نے اس کا پانی چکھا۔

نظم سُن کر میں نے پوچھا۔

''تمھیں ناریل کا خیال کہاں سے آیا؟''

''ناریل کا خیال۔۔۔۔۔'' وہ سوچنے لگی۔

''بھلا تم کیا سوچ رہی تھیں جب یہ گیت لکھا؟''

''میں اُس وقت بمبئی کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ بمبئی یاد آ رہی تھی۔ مجھے بمبئی اچھی لگتی ہے''۔

''کیوں؟''

''وہاں میرے احباب ہیں۔ شاید میں نے بمبئی میں سمندر کے پتلے کناروں پر اُگے ناریل کے پیڑ دیکھے تھے اور اُن میں سے جھانکتی چاند کی پھانک۔ اس طرح کے نقش میرے دل پر منقش ہو گئے تھے، اُن کا خیال آ رہا تھا۔''

میں نے کہا کہ!

''ٹھیک! لیکن مجھے اس گیت میں ایک مرد اور عورت کے بھرپور پیار کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔'' امبر ''مرد کی علامت ہے اور زمین عورت کی۔ تم نے امبر کو پکارا ہے اور ناریل کا پیڑ لکھا ہے۔ ناریل کا پیڑ مرد کی علامت ہے تم نے چاند اور سفید گری کا ذکر کیا ہے، جو عورت کا رُوپ ہے ہر تہوار پر مبارک کام شروع کرنے سے پہلے مرد کے پہلی بار ملنے اور ان کی اٹوٹ محبت کی علامت ہے' تمھارا گیت عورت اور مرد کے گہرے جسمانی اور روحانی لطف کی طرف اشارہ کرتا ہے۔''

وہ سوچنے لگی۔۔۔

اُس نے یہ سب کچھ نہیں سوچا تھا۔ اُس نے صرف تاثرات محسوس کیے تھے اس کے حساس میں، دل میں چاہے صرف بمبئی کا ساحل کا پیڑ اور چاند تھا، لیکن اُس کے تحت الشعور میں ایک بھرپور عورت اور مرد کے جذبات سے بھرا عکس تھا۔

اُس نے دوسری نظم پڑھی۔ یہ کسی کے خط کے جواب میں لکھی تھی۔

اُس کے زیادہ تر گیت دل کے راز ہیں۔ کبھی اداس' کبھی غمگین' کبھی محبت سے لبریز پکار اور کبھی جذبات کی کرنیں، کبھی وہ شکایت کرتی، کبھی خواب دیکھتی ہے۔ یہ سارے گیت آپ بیتی ہیں۔ اسی لیے اس میں درد بھی ہے اور اثر بھی۔

میں نے کچھ دیر رُک کر پوچھا

''امرتا'' تمھیں پیار نے بہت دُکھ دیا ہے۔''

''بہت''

''بہت؟''

''ہاں۔۔۔۔ دُکھ اور سکھ بھی۔ پیار کی دین دُکھ ہے لیکن اس کی جڑوں میں سکھ ہے اسی طرح سکھ کی کوکھ سے بھی دُکھ جنم لیتا ہے، لگتا ہے جیسے چیزی کی دو سرے ہوں۔۔۔۔ ایک دُکھ اور ایک سکھ۔۔۔۔ میں نے چیزی سر پر اُوڑھ لی ہے اور اس کے دونوں کنارے اپنے دانتوں میں دبا لیے ہیں۔''

انھی دِنوں میں نے اس کی ایک اور نظم اس کی ڈائری سے پڑھی ایک سوال میرے دماغ میں چکر کاٹتا رہا یہ گیت اس نے کسی دوست کے ساتھ انڈیا گیٹ پر سیر کرتے ہوئے لکھا اور ڈائری میں نوٹ کر لیا تھا۔

اس کے پہلے گیتوں میں، کھلے پھولوں، بادلوں کے آنچلوں اور قوس وقزح کا ذکر تھا۔ جذبات کا طوفان تھا' خاموشی نہیں، اس وقت وہ بے چین تھی اور کسی انجانے پیار کی، ناشناس مٹھاس کا ذکر کر رہی تھی۔

دھیرے دھیرے اسے ڈھونگ، جھوٹی اوٹ اور سماج کے ٹھیکے داروں سے چڑ ہونے لگی۔ سماج کیا ہے؟ بہت سے لوگوں کا بنایا ہوا قانون، جس کو وہ خود نہیں مانتے لیکن اندھا دھند دوسرں پر لاد دینا اپنا حق سمجھتے ہیں۔

اس نے اپنے دل کی گہرائیوں میں جھانکا، طمع کی سی جھوٹی پرت اتر گئی' آسمان اونچا اونچا لگنے لگا۔ زمین چوڑی چوڑی اور پیڑوں' پتیوں اور سورج اور تاروں کی نئی شکل دیکھنے لگی۔

اس کے بعد بمبئی چلی گئی اور کئی مہینہ تک میری اُس سے ملاقات نہیں ہوئی۔ جب دوبارہ دلی آئی، تو وہ بہت کھوئی ہوئی اور اداس تھی جیسے کوئی چیز کہیں بھول آئی ہو۔

کچھ دنوں بعد ملاقات ہوئی، میں نے کہا۔

''مطلع کس قدر صاف ہے!''

''ہوگا'' اُس نے جواب دیا۔

''دھوپ کتنی کن کنی ہے!''

''ہوگی''

''گھاس کتنی ہری ہے''

''ہوگی''

آج کل امرتا کی کوٹھی ہری ہے۔ نچلی منزل میں وہ خود رہ رہی ہے اوپر کی چھت تیار ہو رہی ہے۔ اسے جب بھی ٹیلیفون کرو، وہ سمینٹ کا نرخ سنگ مرمر کی قسمیں' ساگواں اور شیشم کی خصوصیات اور اینٹوں کی گرانی کی ہی بات کرتی ہے۔

''جب میں پہنچا'' اوپر کی چھت کی رگڑوائی ہو رہی تھی۔ مزدور مشین سے اوپر کے فرش کو رگڑ رہے تھے۔ سارا گھر اُس آواز سے گونج رہا تھا۔

میں نے کہا

''تیرے گھر میں بڑا شور ہے!''

امرتا بولی بس ایک ہفتہ اور ہے یہ شور۔۔۔۔اس کے بعد بالکل خاموشی ہو جائے گی۔۔۔۔سکون! مجھے اس گھر کی بہت خواہش تھی۔''

''یہ شور نہیں۔'' کیونکہ اسی میں مجھے خاموشی کی آس ہے لیکن کافی ہاؤس کے شور سے مجھے نفرت ہے جہاں لوگ بول رہے ہوں۔زور زور سے باتیں کر رہے ہوں۔۔۔۔۔یوں لگتا ہے جیسے کتے بھونک رہے ہوں۔''

''اتنی بڑی کوٹھی میں تو اکیلی رہتی ہے؟۔۔۔۔اس کی رکھوالی کے لیے کوئی کتا کیوں نہیں رکھ لیتی؟''

''کون سا کتا اچھا رہے گا؟''

''بل ڈاگ بل ٹیریر' آل سیشن یا کوئی دیسی کتا' دیسی کتے دیسی عورتوں کی طرح خونخوار اور وفادار ہوتے ہیں۔''

''مجھے کوئی کتا ضرور رکھنا چاہیے۔میری کوٹھی اکیلی ہے۔۔۔بالکل ایک طرف آگے نیم کا گھنا پیڑ ہے اور خالی کنواں' مجھے کتا ضرور رکھنا چاہیے۔اکیلی ہوتی ہوں۔۔۔۔

بہت ڈر لگتا ہے۔باہر کتا بندھا ہوگا تو ہر ایک پھیری والا' چندہ مانگنے والا' درشن کرنے والا نہیں آسکے گا ان درشن بازوں سے بڑی نفرت ہے۔''

''تیرا مطلب ہے پڑھنے والوں سے۔''

وہ ہنسنے لگی۔۔۔۔

''نہیں پڑھنے والے تو خط ہی بھیجتے ہیں' لیکن ہر نیا شاعر اور افسانہ نگار۔اپنی کہانی یا نظم سنانے آتا ہے۔عام طور سے پہلے یہی کہتا ہے کہ درشن کرنے آیا ہے۔کچھ افسانہ نگار بڑی انکساری کے ساتھ آتے ہیں مجھے انکساری سے بھی ڈر لگتا ہے اکثر یہ انکساری والے۔''

''انکساری' تیزی' مٹھاس' امرتا۔۔۔۔!۔۔۔تیرے گھر میں بڑا شور ہے۔'' اس نے کہا

''کچھ لوگ بہت ادب سے ملتے ہیں' لیکن دو دن بعد ہی اپنا عشق ہتھیلی پر رکھ کر پیش کر دیتے ہیں جیسے کوئی الائچی کی طرح پیش کرے۔مجھے اس عشق سے نفرت ہے جو الائچی کی طرح پیش کیا جائے۔

''کیا تو نے کسی سے نفرت کی ہے؟''

''پوچھ پیار کس سے کیا؟''

چلو یہی سہی!''

''میں نے جسے پیار کیا، اُس کے بارے میں لکھا ہے؟''

''تُو نے کتنے مردوں سے پیار کیا ہے؟''

وہ خاموش ہوگئی اور باہر دیکھنے لگ، جہاں نیم کی ٹہنیاں کانپ رہی تھیں۔ اُس کے چہرے پر حیا کی سرخی نہیں دوڑی، بلکہ درد کی لکیریں پھیل گئیں۔

اُس نے کہا ''دو مردوں کو پہلے سے تو نفرت کا سوال ہی نہیں۔۔۔۔''

''اُس کا جب بھی خیال آتا ہے۔ ہمیشہ خوب صورتی کا خیال آیا۔۔۔۔۔کومل سندرتا کا اُس کی آواز بہت سہانی تھی ایک بار اُس کی آواز میں نے ٹیلیفون پر سنی اور نظم لکھی۔ اُس آواز کو میں نے ہمیشہ سندر کشش کی شکل میں دیکھا۔ وہ کبھی غصہ سے نہیں بھٹکا۔ جب کبھی اُسے غصہ آیا وہ چپ ہو گیا۔ اُس کا پیار بے لوث تھا۔ خدا کی طرح۔''

''بکواس''

میں نے اُس کے تصور پر لعنت بھیجتے ہوئے کہا

''وہ بولی ہاں بکواس ایشو اور پیار دونوں بکواس ہیں''

''اس آدمی کا نام کیا تھا؟''

''اس کی ضرورت نہیں۔''

''کیوں؟''

''کیا پتہ وہ ناراض ہو جائے۔''

تو دیہاتی عورت کی طرح ہے جو اپنے خصم کا نام نہیں لیتی۔ اگر اس کے خصم کا نام گلاب سنگھ ہو تو وہ پھولوں کی بات کرے گی گلاب نہیں کہے گی۔

وہ کچھ سوچ کر کہنے لگی۔

''ہاں مجھے دیہاتی عورت ہی کے کچھ رسم و رواج اچھے لگتے ہیں۔۔۔۔۔مہندی، سرماسی، کڑوا چوتھ۔۔۔۔۔۔''

''کیا تو کڑوا چوتھ کا برت رکھتی ہے۔''

وہ مسکرا کر بولی۔ ''جب میرا شوہر کے خصم ہونے پر عقیدہ تھا۔ اُس وقت میں برت نہیں رکھتی تھی۔ اب جب خصم کے شوہر ہونے پر یقین نہیں رہا تو کڑوا چوتھ کا برت رکھتی ہوں۔''

میں نے بات کا رُخ بدل کر کہا ''تو اپنے پریمیوں کا ذکر کر رہی تھی۔ پہلا پریمی مجھے وہم سا لگتا ہے۔۔۔۔ مایوس اور دوسرا؟''

''دوسرا پہلے سے بالکل الٹا ہے، بہت ہی سادہ۔۔۔۔ میں نے اُس کا پیار بھی دیکھا ہے۔۔ میں نے اس کی خوب صورتی بھی اور کرختگی بھی۔''

''تو بار بار گھڑی کیوں دیکھ رہی ہے؟''

امرتا میز پر دو گھڑیاں پاس پاس رکھے ہوئے تھی اور وہ اُنھیں بار بار چھیڑ رہی تھی۔

اُس نے کہا

''دونوں گھڑیوں کا وقت ملا رہی تھی۔۔۔۔''

''دو گھڑیاں کبھی نہیں دیکھیں۔''

میں نے پوچھا

''کہاں سے خریدی ہیں؟''

وہ زور زور سے ہنسنے لگی

''یہ دونوں گھڑیاں میرے دو پریمیوں نے دیں۔۔۔۔ دونوں کو نہ جانے کیا سوجھی۔۔۔۔ یہ گھڑیاں سوکنوں کی طرح ہیں۔۔۔۔ ان میں کوئی بات ضرور ہے۔ کب مجھ سے میرا دوسرا پریمی روٹھ جاتا ہے تو دوسری گھڑی بند ہو جاتی اور پہلی گھڑی چلنے لگتی ہے اور جب وہ مان جاتا ہے تو پہلی گھڑی رُک جاتی ہے اور دوسری گھڑی ٹک ٹک کرنے لگتی ہے ایک بار میں نے دونوں گھڑیاں لگائیں۔۔۔ گھڑیوں کا جوڑا۔۔۔ وقت کا جوڑا۔۔۔ پگھلتے ہوئے وقت کے گول دائرے''

وہ کچھ دیر سوچتی رہی۔ اُس کے چہرے کے پیچھے سلگتی ہوئی کسی فکر نے اُس کی خوشی جذب کر لی۔

''کیا سوچ رہی ہو؟''

وہ خاموش رہی۔

میں اُسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔ اُس امرتا کو جو لاہور کے فسادات کے بعد اجڑ کر دلی شہر میں آئی

اور دھیرے دھیرے اُس نے اپنے فن کو نکھارا اور سماج میں اپنے لیے بہت اونچا مقام بنایا۔ اُس کا لڑکا کالج پڑھتا ہے۔ اُس کی جوان بیٹی اپنی خوب صورت ماں کے انداز اور بالوں کے اسٹائل کی نقل کرتی ہے۔ اُس کی کتابیں ترجمہ ہو کر ہندی، اُردو، گجراتی اور بہت سی غیر ملکی زبانوں میں شائع ہو چکی ہیں۔ اُس کی دو منزلہ پکی کوٹھی تیار ہو رہی تھی۔

مَیں نے پوچھا۔

''تو کیا سوچ رہی ہے؟''

وہ بولی

''میں محفوظ محسوس کر رہی ہوں، کتابیں، بچے، گھر، کوٹھی۔۔۔۔۔۔ سب کچھ ہے لیکن مَیں خود کو ایک عورت کے لیے اس سے بڑا خوف، اس سے بڑی مایوسی، اس سے بڑی شکست کیا ہوگی کہ اس کا پریم کامیاب رہا؟ اسے اپنے پریم کے لمحہ لمحہ بدلتے رُوپ کا پتہ نہ چلے۔ اس پریم کا مستقبل کیا ہے۔۔۔۔ مَیں نہیں جانتی۔ مَیں نے کل کے بارے میں سوچنا بند کر دیا ہے، بس آج؟ مَیں صرف اس لمحہ کی مسرت میں زندہ ہوں۔۔۔ ایک ناکامیاب زندگی مَیں نے بمشکل اختیار کر لی ہے۔ مَیں اس کی طرح ہوں۔ جو روزانہ کماتی ہے اور کھا پکا کر سو جاتی۔ کل اُسے کام ملے گا یا نہیں، وہ نہیں جانتی۔ میرا پریم۔۔۔۔ ایسا ہی ہے۔''

اچانک خاموشی چھا گئی۔ گہری گھنی خموشی چھت کے اوپر گرجتی ہوئی مشین بند ہو گئی تھی۔ ایک بج چکا تھا۔ وہ دوپہر کا کھانا کھانے لگے تھے۔ اَمرتا اس کی طرح بیٹھی تھی، جس نے صبح سے ریت کے کئی چھوٹے چھوٹے گروندے بنائے اور اَب بار بار ڈھا رہی تھی!!

☆☆☆☆

امرتا پریتم

گورمکھی سے اردو زبان میں ترجمہ و انتخاب: احمد سلیم

سُرخ دھاگے کا رشتہ

(دوسری خودنوشت سوانح عمری ''سُرخ دھاگے کا رشتہ'' سے اقتباسات)

ساحر

میں نے اس زندگی میں دو بار محبت کی ہے۔ پہلی ساحر سے اور دوسری امروز سے۔ ساحر کو میں نے آج سے تقریباً پینتالیس برس پہلے پریت نگر ضلع امرتسر کے ایک مشاعرے میں دیکھا تھا۔ میں نے اپنی کتاب 'رسیدی ٹکٹ' میں اس ملاقات کا ذکر لکھا ہوا ہے کہ اگلے روز جب ہم سب نے پریت نگر سے واپس لاہور پہنچنا تھا' اور ہم کو جو بس ملنی تھی' وہ ایک نزدیکی گاؤں لوپوکی سے ملنی تھی' جہاں تک ہم سب نے پیدل چل کر جانا تھا۔ اور وہ راستہ چلتے ہوئے میں کتنا ہی فاصلہ اس جگہ پر چلتی رہی' جہاں ساحر کے جسم کا ایک لمبا سایہ پڑ رہا تھا۔ اور اس کے بعد۔۔۔۔ برسوں تک مجھے یہ محسوس ہونے لگا کہ میں ہمیشہ اس کے سائے میں چلتی رہی ہوں۔

یہ اس زندگی کی وہ حقیقت تھی' جو میں نے بسر کی تھی' اور لکھی تھی۔ لیکن یہ کس جنم کا سایہ تھا' اب جس سائے میں' میں چل رہی تھی' یہ نہیں جانا۔

یہ میں نے 1983 کی 5 جنوری کی رات کو جانا' جب گزشتہ جنم کو دیکھتے' میں نے اس محل کے راجے کی صورت میں ساحر کو دیکھا' جہاں 8 مارچ والے دن اس کی بیوی کی صورت میں' میں نے قدم رکھا تھا اور 29 دسمبر والے دن مجھے ایک عورت نے زہر کا پیالہ دے کر مروا دیا تھا۔

یہ تاریخیں۔۔۔۔ میرے سپنے نے مجھے بتائی ہیں۔۔۔

آج جب جنم جنم کے یہ ٹوٹے تار آپس میں جڑ رہے ہیں' تو اس جنم میں ساحر کے لیے میری محبت کی وجہ

آسانی سے میری سمجھ میں آ رہی ہے۔

اور یہ بھی۔۔۔ کہ 8 مارچ' چیت کا مہینہ بنتا ہے' جب اس جنم میں' میں نے کتنی ہی وہ نظمیں لکھیں' جن کا نام چیت ہے۔۔۔

یہ ساحر سے ملاقات تھی' کہ جب نظم لکھی تھی۔۔۔

دونویں لوک میرے رُشنائے

دوا کھاں نوں لبھا آ کے نُور گوا چا ہویا۔۔۔

نہیں جانتی تھی' کہ اس وقت یہ کیوں لکھا' کہ ایک گم شدہ نور آج میری آنکھوں کو ملا ہے۔ میں یہ نہیں جانتی تھی کہ یہ گم ہو جانے کا احساس میرے اندر 1868 سے پڑا ہوا تھا۔۔۔

ایک اور نظم لکھی' جس کی دو سطریں ہیں۔۔۔

دونویں نین ویراگے میرے بھر بھر کے اج زنے

ست سمندر بیراں اگے کعبہ پرلے بنے۔۔۔

اس وقت میں اس ''پرلے بنے'' لفظ کو گزشتہ جنم کے ساتھ نہیں جوڑ سکی تھی۔ اور نہ ہی ست سمندر کی دوری کو پچھلے جنم کی دُوری کے ساتھ۔

ایک جنم میں یہ بھی لکھا تھا۔۔۔

پیار تیرے دیاں کچیاں گنڈاں' توں نہ سکیوں کھول

پیار مرے دیاں کچیاں گنڈاں' میں نہ سکیاں کھول۔۔۔

میں اس وقت یہ نہیں جانتی تھی کہ میں نظم میں جن گانٹھوں کا ذکر کر رہی ہوں' وہ پچھلے جنم نے باندھی تھیں اور جن کو یہ جنم بھی نہیں کھول سکا تھا۔

اس نظم میں دو سطریں تھیں۔۔۔

کھول کھول کے لوک ہاریا' کھول کھول پر لوک

کیہڑے رب دا زور وسدا' دو تنداں دے کول

آج یہ دیکھ کر حیران ہوں کہ میرے شعوری دل سے چوری میرے لاشعور دل نے ان گانٹھوں کو زبردستی کھولنے والے ''لوک'' کا ذکر بھی کر دیا تھا اور ''پر لوک'' کا بھی' مگر مجھے معلوم نہیں ہو سکا تھا کہ ''لوک'' کا معنی

مجھے مروانے والوں سے تھا اور ''پرلوک'' کا معنی اس وقت کی موت سے اگلے وقت کا تھا۔۔۔

اسی طرح ایک اور نظم تھی۔۔۔۔

ایہہ رات جیکن رحمتاں دی بدلی وردی رہی
ایہہ رات تیرے وعدیاں نوں پوریاں کردی رہی
بہت اُچیاں ہن دیواراں، روشنی وسدی نئیں۔۔۔
رات سپنے کھیڈ دی ہے، ہور کجھ دسدی نئیں

او خدایا! میں ''بہت اُچیاں دیواراں'' کا ذکر کے بھی نہیں جانا کہ میں دو لفظوں کے درمیان پڑی ہوئی دیواروں کی بات کر رہی ہوں، جن کے بارے میں کوئی روشنی نظر نہیں آتی۔

اس جنم میں تو کوئی وعدہ نہیں تھا، پھر یہ کون سے وعدوں کا ذکر میں نے نظم میں کیا تھا؟

جب نظم لکھی اس وقت نہیں جانتی تھی لیکن اب جانتی ہوں۔۔۔ یہ پوری نظم میں نے سپنے میں لکھی تھی۔ اس سپنے کا پہلا حصہ تھا کہ مجھے تیز بخار ہے اور ساحر نے آرام سے میرے تپتے ماتھے پر ہاتھ رکھا ہے۔ میں اس کے ہاتھ کے لمس سے بخار کی بے ہوشی میں بندی آنکھیں کھول کر اس کی طرف دیکھتی ہوں اور کہتی ہوں ''میں نے سوچا تھا، تم کبھی نہیں آؤ گے''۔۔۔۔ اور اس نے جواب دیا ''مجھے تو علم تھا کہ میں آؤں گا''

اور پھر سپنے میں مجھے جاگ آ جاتی ہے۔ وہ جاگ بھی سپنے کا حصہ تھی۔ اس وقت میں نے پوری ایک نظم لکھی تھی۔۔۔۔

ایہہ رات ساری تیرے خیالاں، چہ گزار کے
میں ہنے ہنے جاگی آں، ستے بیشماں اسار کے
ایہہ رات جیکن رحمتاں دی بدلی وردی رہی۔۔۔
ایہہ رات تیرے وعدیاں نوں پوریاں کردی رہی۔۔۔
پنچھی دی ڈار بن کے خیال کئی آوندے رہے
ہونٹھ میرے سواہ تیرے دی مہک نوں پیندے رہے۔۔۔
بہت اُچیاں ہن دیواراں، روشنی وسدی نئیں۔۔۔
رات سپنے کھیڈ دی ہے ہور کجھ دسدی نئیں۔۔۔

ہر میرا نغمہ جیویں میں خط کوئی لکھدی رہی

حیراں ہاں' اک سطروی تیرے تک پہنچدی نہیں۔۔۔

اور جب اس سپنے سے جاگ آئی تھی میں نے یہ نظم صرف کاغذ پر نقل کی تھی' آج سوچتی ہوں کہ یہ بھی خدا کا کرم ہوا ہے کہ میں نے اس قول واقرار کے مہینے کا دیدار پایا ہے' جس کے بارے میں خود ہی لکھا تھا اور جانا نہیں تھا۔۔۔

آوندا تے لنگھ جاندا تیرے قولاں دا مہینہ

میلاں دے میل لمبے ریتاں دے نال اُنے

جیویں ڈاچیاں نوں بدھی ٹلی دا کھڑاک آوندا

تیرے قولاں دا مہینہ۔۔۔۔۔

اور ڈاچیوں کے گلے میں بندھی گھنٹیوں کی آواز اب میں نے کانوں سے سن لی ہے۔۔۔۔

نہیں جانتی تھی کہ میں نے ساحر کی محبت میں یہ کیوں لکھا تھا؟

بھرتی دا ہوکا نکلیا آسمان نے سسکی بھری۔۔۔

پھلاں دا سی اک قافلہ' تتے تھلاں چوں گزریا۔۔۔

اور نہیں جانتی کہ میں اپنے ہی گزشتہ جنم کی داستان لکھ رہی تھی۔۔۔۔اور اپنے ہی قتل کی رات کا ذکر کر رہی تھی۔۔۔"یہ کس طرح کی رات تھی' آج روز کر گزری جب چاند کا ایک پھول تھا' پاؤں کے نیچے آ گیا۔۔۔"

کوئی غیبی قوت تھی جو میری ساری زندگی مجھے میرے گزشتہ جنم بارے اشارہ دیتی رہی۔اور محسوس ہوتا ہے۔۔۔جب اس نے یہ سمجھ لیا کہ میں اس کے اشارے کی زبان نہیں پڑھ سکتی۔۔۔تو اس نے اس منظر کی صورت میں مجھے کچھ دکھا دیا جو میں سمجھ سکتی تھی۔۔۔

آج یہ سب کچھ سوچتی ہوں تو اس کے کئی اشارے سامنے آتے ہیں جو اس نے مجھے دکھائے تھے۔ان میں سے ایک اشارہ اس سپنے کی صورت میں تھا' جس میں' میں نے ہی خود کو ایک قفس کی شکل میں دیکھا تھا۔

دیکھا تھا کہ ایک جنگل پھولوں کا بھرا ہوا ہے جس میں ایک پھولوں سے لدے درخت پر بیٹھ کر ایک قفس گا رہا ہے۔اور پھر جوں جوں اس کا گیت اونچے سُروں میں ہو جاتا ہے اس میں اتنی مٹھاس اور اتنی تلخی پیدا

ہو جاتی ہے کہ اس کے پروں میں سے آگ کے شعلے نکلنے لگتے ہیں۔ وہی آگ کے شعلے پھر اتنے اونچے ہو جاتے ہیں کہ وہ ققنس اپنی ہی آگ میں راکھ ہو جاتا ہے۔۔۔

آگ کی تپش سے ہی میری نیند کھل گئی تھی۔ اس وقت میرا ماتھا' میرے ہاتھ' اور میرا انگ انگ جل رہا تھا۔ اس تپتے ہاتھ میں' میں نے قلم لے کر۔۔۔۔۔ ایک نظم لکھی تھی۔۔۔

لکھ جا میری تقدیر نوں میرے لئی
میں جی رہی تیرے بناں تیرے لئی۔۔۔
حرف میرے تڑپ اٹھدے ہن ایویں
سلگدے ہن رات بھر تارے جیویں
عمر میری بے وفا اٹکدی پئی۔۔۔۔۔۔
رُوح میری بے چین ہے تیرے لئی۔۔۔۔
سپنیاں نوں چیر کے آجا ذرا۔۔۔۔
رات باقی بہت ہے نہ جا ذرا۔۔۔۔
ققنس دیپک راگ نوں اَج گائے گا۔۔۔
عشق دی ایس لاٹ تے جل جائے گا۔۔۔۔
راکھ ہی ایس اگ دا انجام ہے۔۔۔۔
ققنس دی ایس راکھ نوں پَر نام ہے۔۔۔۔

اس سپنے اور اس نظم کے بعد' میں کئی مہینے پاؤں میں جوتی نہیں پہن سکی تھی۔ پاؤں جلتے تھے۔ کئی بار میں کچی مٹی پر پانی چھڑک کر اپنے دونوں پاؤں اس مٹی پر رکھ چھوڑتی تھی۔۔۔۔

آج محسوس ہوتا ہے۔۔۔۔ میں جس قوت کا اشارہ نہیں سمجھی تھی' میرے لاشعوری دل نے مجھ سے ایک اس طرح کی نظم لکھوائی تھی جس میں اس کے اشارے کو سمجھ کر مجھ سے میرے گزشتہ جنم کی چتا کی راکھ کو پرنام کروایا تھا۔۔۔۔

جب ساحر سے پہلی ملاقات ہوئی اس وقت ایک سپنے نے مجھے بڑا سیدھا اشارہ دیا تھا' لیکن میں ہی اس کا اشارہ سمجھی نہیں تھی۔

سپنا آیا تھا کہ سامنے ساحر کی پشت نظر آ رہی ہے۔ اس کے پتلے جسم پر کھلی اور سفید قمیض ہے۔ میرے پاس میرے والد کھڑے ہیں اور وہ ساحر کی پشت کی طرف اشارہ کر کے کہتے ہیں۔۔۔۔ ''پہچان سکتی ہو؟'' اور پھر خود ہی کہتے ہیں۔۔۔۔ ''یہ تمہاری تقدیر ہے۔''

بعد میں میں نے یہ سپنا اپنی کتاب ''کالا فلاب'' میں لکھا تھا۔ لیکن نہ اس کو دیکھ کر اور نہ اس کو لکھ کر جانا کہ میرے والد 'تقدیر' لفظ کو میرے گزشتہ جنم کے ساتھ جوڑ کر کہہ رہے تھے۔

پتھر کی مُورت

2 نومبر 1984 کی رات تھی' جب سامنے پورا آسمان' ایک سمندر کی طرح پھیل گیا' جس میں سے روشنی کی لہریں اٹھتی رہیں' اچانک میں نے روشنی کی ایک لہر کو کہا۔۔۔۔ میں اپنا پچھلا جنم دیکھنا چاہتی ہوں۔۔۔

آنکھوں کے سامنے اچانک سرسوتی کی مورتی آ گئی اور میں اس کی دونوں آنکھوں کی درمیانی جگہ کی طرف نہ معلوم کتنی دیر دیکھتی رہی۔۔۔۔

سرسوتی کے دونوں پپوٹوں کی درمیانی جگہ کی طرف دیکھتے دیکھتے مجھے محسوس ہوا کہ میرے اپنے ماتھے پر دونوں پپوٹوں کی درمیانی جگہ پر کچھ ہل رہا ہے۔۔۔۔

میں نے اپنے ماتھے پر ہونے والی سرسراہٹ کو کہا۔۔۔۔ میں اپنا پچھلا جنم دیکھنا چاہتی ہوں۔۔۔

اچانک آنکھوں کے سامنے پھیلے ہوئے روشنی کے سمندر میں سے کچھ لہریں اٹھیں' اور ان لہروں میں سے کچھ شکلیں ہلنے لگ گئیں۔ لیکن اتنی تیزی سے کہ کچھ بھی پہچان میں نہیں آ رہا تھا۔۔۔

پھر اچانک ایک سفید پتھر کا کھمبا دکھائی دینے لگا' جو کتنی دیر تک آنکھوں کے آگے نظر آتا رہا۔ اور پھر دیکھا کہ اس کھمبے پر پتھر کی ایک چٹان لگی ہوئی ہے اور اس پر میری تصویر کندہ ہے۔۔۔۔ میں غور سے اس چٹان کو دیکھ رہی تھی' جب کانوں میں ایک آواز آئی۔۔۔ ''تم نے جس سے محبت کی تھی' اس نے تمہاری محبت کو اس وقت جانا' جب تم نہ رہی۔ تمہاری نظمیں ہواؤں میں پھیلی ہوئی تھیں۔۔۔۔ پھر اس نے تمہاری یاد میں یہ پتھر لگوایا تھا۔۔۔۔ یہ کھمبا اس کے محل میں تھا۔۔۔۔

''راجے کے حرم کی ایک عورت تمہارے نام سے بھی دکھی تھی' تمہاری صورت سے بھی۔ اس نے اس کھمبے سے پتھر کی مورت کو تڑوانے کی بہت کوشش کی' مگر تڑوا نہ سکی۔ یہ کھمبا اسی طرح قائم ہے' اب بھی۔۔۔۔''

میں تڑپ کر پوچھنا چاہ رہی تھی کہ وہ محل کہاں ہے؟ لیکن یہ سوال میرے حلق میں کھڑا رہا۔۔۔اور سامنے سے سب کچھ غائب ہو گیا۔۔۔

جاگ کر ایک یقین جیسا احساس ہوا کہ وہ پتھر کی مورت جس کے ہاتھ کی بنی ہوئی تھی' آج میں اس کو امروز کے نام سے جانتی ہوں۔

میرے کمرے میں سے' میری آواز امروز کے کمرے میں پہنچ جاتی ہے۔ میں نے بتی جلائی' اور آوازیں دے کر امروز کو بلایا' اور کہا'' ۔۔۔دیکھو! میں نے تمہارے ہاتھ کی بنائی ہوئی تصویر دیکھی ہے' جو تم نے کبھی نہیں بنائی۔۔۔۔''

امروز

اس زندگی میں میری امروز سے پہلی ملاقات 1956 میں ہوئی تھی۔ اور کچھ ہی ملاقاتوں کے بعد ایک عجیب تڑپ اور ایک عجیب سکون میرے ماتھے پر اتر آیا تھا۔۔۔۔

اس سے بیس سال پہلے مجھے ایک سپنا آیا تھا کہ کوئی دو منزلہ مکان ہے جس کی ایک کھڑکی میں سے' مکان کے پچھلے حصے والا جنگل بھی نظر آتا ہے اور وہاں بہتی ایک ندی بھی۔

اور اس کھڑکی کے قریب ایک کینوس ہے جس پر کوئی تصویر بنا رہا ہے۔۔۔

یہ سپنا مجھے تھوڑے تھوڑے وقفے سے لگاتار بیس سال آتا رہا۔ لیکن جب امروز سے ملاقات ہوئی تو پھر یہ سپنا نہیں آیا۔

ایک احساس ہوتا تھا کہ بیس سال کی آوارگی نے۔۔۔اپنی شدت سے۔۔۔حقیقت کی صورت اختیار کی ہے۔ مگر یہ معلوم نہیں کر سکی تھی کہ احساس کی یہ شدت صرف بیس سالوں کی نہیں' کئی جنموں سے ہے جس کے سال شمار نہیں کیے جا سکتے۔۔۔۔

امروز کی ملاقات نے میرے شعوری دل کے بند دروازے پر معلوم نہیں کیسی دستک دی تھی کہ میں نے نظم لکھی۔۔۔

درنہ بھیڑ حیاتے !رکھ صدق دی لاج
ریت تھلاں وچ آرہی' قدماں دی آواز۔۔۔

مگر یہ نہ جانا کہ یہ ریت تھل صرف اس زندگی کے ویران برسوں کے نہیں یہ ریت تھل بہت لمبے ہیں۔ پچھلے جنموں کے بھی ویران برسوں تک پھیلے ہوئے۔۔۔

اور جب لکھا۔۔۔

در نہ بھیڑ حیاتے اوکھے ذرا اک وار
متھے کرناں بنھ کے سورج آیا غیر۔۔۔

اس وقت اس "غیر" لفظ کا راز نہیں جانا تھا۔ صرف نظمیں تھیں جو کاغذوں پر حروف کی بوندوں کی طرح برسنے لگی تھیں۔ یہ لکھ کر بھی کہ "اٹھ اپنے گھڑے چوں پانی دا کول دے اوھولواں گی بیٹھ کے راہواں دے حادثے"۔۔۔۔۔ یہ نہیں جانا کہ میں نے جن حادثوں کو دھو لینے کی بات کی ہے وہ حادثے کئی جنموں کے ہیں۔

اس وقت ایک نظم لکھی تھی۔۔۔۔

نظر تیری نے ہتھ پھڑایا
اکو ملاقات وچ گلاں عمر دی پوڑی چڑھ آئیاں۔۔۔۔

اور اس وقت میں نے 'عمر' لفظ کے معنی نہیں جانے تھے۔ اور نہ یہ بات کہ اس کی سیڑھیاں پچھلے جنموں تک بھی اترتی ہیں۔۔۔

نظموں کا میلہ

پہلی ستمبر۔۔۔ جس رات سے پیدا ہوئی تھی اس رات معلوم نہیں کون سا پہر تھا جس وقت دیکھا کوئی بہت بڑی جگہ ہے جہاں پنجابی کے شاعر جمع ہیں اور مجھے کہتے ہیں کہ میں شاعروں کے اس میلے میں شامل ہو جاؤں میں انکار کرتی ہوں۔۔۔

میں انکار کرتی ہوں کہ میں کبھی سٹیج پر نظم پڑھنا نہیں چاہتی۔ لیکن یہ لوگ اتنا تقاضا کرتے ہیں کہ میں ایک بار ان میں شامل ضرور ہو جاؤں چاہے آخری بار۔۔۔

اور میں ان میں شامل ہو کر جب سٹیج کو سنبھالتی ہوں تو کہتی ہوں۔۔۔۔ آج ہم نے نظموں کا میلہ کرنا ہے لیکن اس سے پہلے ہم سب پہلے بلھے شاہ کا دھیان کریں اور اس کی ایک سطر کی طرح اپنے دل و دماغ کی

حالت بنالیں۔۔۔۔

کہتی ہوں۔۔۔۔الف اللہ دل کرتا میرا اُمینوں ب دی خبر نہ کائی۔۔۔۔

اور کہتی ہوں۔۔۔آؤ! اپنی اپنی نظم کہنے سے پہلے ہم الف اللہ کی حالت میں پہنچ جائیں!

یہ کہہ رہی ہوتی ہوں۔۔۔جس وقت جاگ آ گئی۔

لاشعوری دل کے اشارے

1986 میں جب میں ''انسائیکلوپیڈیا آف اَن ایکسپلینڈ'' پڑھ رہی تھی تو کئی حوالے سامنے آئے کہ دنیا میں کئی لوگ اس طرح کے ہوتے ہیں جن کو کوئی غیبی قوت ملتی ہے اور ان سے کئی کتابیں لکھوا جاتی ہے۔ لیکن اپنے متعلق مجھے کبھی اس طرح کا کوئی احساس نہیں ہوا۔ میں نے آج تک جو لکھا ہے اپنے ہاتھ اور اپنے اردگرد گزرے واقعات کی بنیاد پر ہمیشہ شعوری دل کے ساتھ لکھا ہے۔

کئی نظمیں ضرور ہیں۔۔۔۔جو مکمل یا نامکمل سپنے میں لکھیں اور پھر جاگ کر کاغذ پر اتار لیں لیکن ان کے متعلق بھی کبھی اس طرح کی غلط فہمی نہیں ہوئی کہ وہ مجھ سے کسی دیوی قوت نے لکھوائی تھیں۔۔۔

لیکن 1986 میں۔۔۔۔8 فروری کی صبح ایک خیال آیا کہ میں نے جتنی بھی کہانیاں شعوری دل کے ساتھ لکھی تھیں اور جن کی ڈور آنکھوں دیکھے واقعات کے ساتھ جڑی ہوئی تھی کیا ان میں کوئی عنصر اس طرح کے بھی ملے ہوئے تھے جو میرے لاشعوری دل نے مجھ سے لکھوائے تھے؟

جی۔سی۔جنگ کے الفاظ میں ''بہت چھوٹی عمر سے مجھے معلوم تھا کہ قسمت نے یہ میری زندگی جو میرے نام کی ہے یہ کسی مقصد کا قرض اتارنے کے لیے ہے'' اور جنگ اپنی اس حالت کو ایک فقرے میں ''بلڈی سٹرگل'' بھی کہتا ہے اور ''سپریم ایکسٹیسی'' بھی۔۔۔

جنگ کو میں بیسویں صدی کا وہ عالم مانتی ہوں جنہوں نے علم النفس کے مطالعہ کو فطری مطالعہ سے نکال کر روحانی مطالعہ تک پہنچا دیا۔ درویشانہ شعور تک۔۔۔ مجھے ایسا کوئی دعویٰ نہیں لیکن میں نے یہ جنگ کے باطنی دل کی حالت بسر کی ہے۔ وہ جس کو ایک سانس میں ''بلڈی سٹرگل'' بھی کہا جا سکتا ہے اور ''سپریم ایکسٹیسی'' بھی۔

آج اسی باطنی دل کی گہرائی پانے کے لیے میں اپنے ناولوں کے کرداروں کو دکھائی دینے والے کچھ وہ

سپنے اور وہ واقعات اپنے سامنے رکھ رہی ہوں' جو دراصل وہ ناول لکھتے ہوئے' میں نے شعوری دل کے ساتھ رقم کیے تھے۔ مگر نہیں جانتی کہ ان میں میرے لاشعور کا کون سا اور کتنا عنصر ملا ہوا تھا کچھ کچھ برسوں' یا کچھ کچھ مہینوں کے فاصلے کے بعد وہ میرے ساتھ گزر گئے۔۔۔۔

میرا ناول ''ڈاکٹر دیو'' پہلی بار 1949 میں شائع ہوا تھا۔ وہ کسی ممتا اور کسی ڈاکٹر دیو کی محبت کی داستان تھی جو دل کے راستے چلتی دونوں کے جسم میں سے گزر گئی تھی' لیکن اس کو دھرتی پر پاؤں رکھنا نصیب نہیں ہوا تھا۔

ماں باپ کی فاصلے کی دیوار جب دونوں کے راستے میں حائل کر دی جاتی ہے تو ممتا کی کوکھ میں سے پیدا ہوا بیٹا بھی کسی اور دیوار کے پیچھے رکھ دیا جاتا ہے۔ اس بیٹے سے اور دل کے مردے بچھڑ کر ممتا کے لیے سماج کے دائرے میں جو گھر تعمیر کیا جاتا ہے وہاں جب وہ ایک بچے کو پیدا کرتی ہے تو اس کے نقوش میں سے زبردستی بیٹے کے نقوش کو علیحدہ نہیں کر سکتی تو ایک دن تڑپ کر اپنے تن من کا سارا درد گھر کے صحن میں رکھ دیتی ہے اور اس گھر کو الوداع کہہ کر کسی سکول میں چھوٹی سی نوکری کرنے لگ جاتی ہے۔

وہ ممتا' جب دنیاوی رشتوں کے تار کھول دیتی ہے تو سکول کے رہائشی کمرے میں رہتے ہوئے ایک سپنا سا آتا ہے'' کمرے کی ہلکے نیل کے ساتھ لپی دیواریں اس طرح نرم ہوتی گئیں کہ پرسکون نیلے پانی کی طرح نظر آنے لگیں۔۔۔ ممتا کی چارپائی ایک کشتی کی طرح اس پانی میں ہلنے لگی۔۔۔۔ وہ کشتی پرسکون پانیوں میں پانی کے بہاؤ کی طرف بہنے لگی تو ممتا کی نظر ان کناروں کی طرف گئی جہاں کئی سائے نظر آ رہے تھے۔

ان سایوں میں سے ہی ایک چہرہ دیو کا نظر آیا' ہمیشہ کی طرح سچا دکھائی دیتا' جس کی طرف دیکھتے ممتا کی آنکھیں بھر آئیں اور ہونٹ ہلنے لگے۔۔۔۔ الوداع دیو! الوداع! دل کرتا ہے' کشتی کھڑی ہو جائے' میں کنارے لگ جاؤں' لیکن اب ہمت نہیں۔۔۔ یہ پانی کی دھار اب مجھے کنارے سے بہت دور لے آئی ہے۔۔۔

کشتی اسی طرح آگے بڑھتی گئی۔ دیو کا سایہ پیچھے رہتا گیا اور کنارے کی اگلی طرف اس کو جگدیش کا چہرہ دکھائی دیا' جس کے گھر میں اس کے ماں باپ نے اس کا ڈولا اتارا تھا۔ اور ممتا کو محسوس ہوا۔۔۔ اس چہرے پر ایک اداسی تھی شکوہ تھا اور ایک ہمدردی تھی۔ ممتا نے آنکھیں جھکا لیں اور کہا۔۔۔ مجھے معاف کر دینا' آپ موتیوں کے بیوپاری تھے لیکن میں جب آئی تو میرے پاس صرف خالی ڈولا تھا۔۔۔۔ آپ کے آگے میری

غریبی شرما گئی۔۔۔۔میں آپ کو کچھ بھی نہیں دے سکی۔۔۔۔

کشتی اسی طرح پانی کے حوالے ہوتی رہی اور ممتا کو ایک ویران کنارے پر ایک بچے کی صورت دکھائی دیتی ہے جو ممتا کی طرف دیکھتا رہتا ہے لیکن پہچان نہیں سکتا۔۔۔۔اور ممتا نے کانپ کر اپنا سر جھکا لیا۔۔۔

پھر تھوڑی سی دوری پر۔۔۔اسی کنارے پر ایک بچی کی صورت نظر آتی ہے جو کنارے کی ریت مٹی میں لڑھکتی لڑھکتی اس کی طرف دیکھتی ہے اور ممتا کو محسوس ہوتا ہے۔۔۔وہ بچی ابھی پانی میں گر پڑے گی۔۔۔۔وہ گھبرا کر بازو پھیلاتی ہے کہ بچی کو تھام لے' لیکن اس کے بازو پھیلے رہ جاتے ہیں' کنارا دور پیچھے رہ جاتا ہے۔۔۔۔

کشتی اسی طرح پانی کے حوالے ہے اور ممتا کو اب کنارے پر کھڑے کئی بُت نظر آتے ہیں۔۔۔ماں باپ کا' بڑے بھائی کا' بڑی بہن کا' اور سب گھٹنوں کے بل جھک کر کہہ رہے ہیں۔۔۔ہم کو معاف کر دو بیٹی! ہم کو معاف کر دے بہن۔۔۔ہم گناہ گار ہیں۔۔۔۔

اور ممتا کو ان چاروں کے سروں پر لٹکتے ہوئے کئی اور سائے دکھائی دیتے ہیں۔۔۔۔ان بزرگوں کے جو اس سے پہچانے نہیں جاتے۔لیکن وہ سب کی طرف دیکھتی ہے تو اس کے منہ سے نکلتا ہے۔۔۔رب آپ کو معاف کرے!

پھر یہی کشتی تھی جو آہستہ آہستہ اس چارپائی کی شکل اختیار کرنے لگی' جس کے اوپر اس رات ممتا سوئی ہوئی تھی اور نیلے پانی جمتے جمتے کمرے کی نیلی دیواریں بننے لگے۔

اس ناول کا نصف شعوری حال میں ممتا کو آیا سپنا' میں نے 1948 میں دیکھا تھا۔اور چاہے لکھنے کے دوران میں ممتا کی نصف شعوری کیفیت میں سے خود بھی گزری تھی لیکن میرا' ایک مصنف کا' ایک حصہ اس سب کچھ سے بے تعلق تھا' جو صرف تماشائی تھا اور صرف مصنف۔

لیکن میں قدرت کے اس راز کو نہیں جانتی کہ ٹھیک یہی سپنا' پورے بارہ برس بعد 1960 میں میرے ساتھ کس طرح بیت گیا۔

میں نے جب سماج کے سب رشتوں کی گانٹھیں کھول کر' اپنی زندگی امروز کے ساتھ بسر کرنے کا قدم اٹھایا تھا تو میرے دونوں بچے' ان کا باپ' اور تمام رشتے دار کناروں پر کھڑے ٹھیک اسی طرح نظر آئے تھے جن سے میں الوداع بھی مانگ رہی تھی اور معافی بھی۔۔۔۔

1948 میں جو حالات ممتا کی زندگی کے تھے ان کے کوئی آثار میری زندگی میں نہیں دکھائی دیتے تھے۔ لیکن بارہ برس بعد وہ سارے آثار اچانک میری زندگی کے آسمان پر کالے بادلوں کی طرح چھا گئے اور ان بادلوں میں سے برستی موسلا دھار بارش سے میرے گھر کمرے کی دیواریں بھی اسی طرح گھل گئیں جس طرح ممتا کے کمرے کی گھلی تھیں۔ اور میری چارپائی بھی ممتا کی چارپائی کی طرح ایک کشتی بن کر پانیوں کے حوالے ہو گئی تھی۔

''بند دروازہ'' نام کا میرا ایک ناول 1196 میں چھپا تھا۔ اس کی اور سمیش کی محبت' تنکا تنکا جوڑ کر اپنے لیے ایک گھونسلہ بنا لیتی ہے کہ اچانک سماج کی طرف سے اس طرح کی ہوا چلتی ہے کہ وہ گھونسلہ ڈولنے لگتا ہے۔ سمیش کے دل کو دو طرفہ خیالات گھیرنے لگتے ہیں۔ اس کے باپ کی طرف سے اس کو اس طرح کی پیشکش ملتی ہے' کہ اس کی پناہ اگر وہ قبول کر لے تو دنیاوی کامیابی کا ایک بڑا راستہ اس کے لیے کھل سکتا ہے۔ اس وقت کمی کی محبت اس کو کسی راستے کا حوصلہ نہیں' راستے کی رکاوٹ معلوم ہونے لگتی ہے۔ وہ اس کو سرخرو کرنے کے لیے اس گھونسلے کو خود ہی چھوڑ دیتی ہے' جو کبھی دونوں نے تنکا تنکا جوڑ کر بنایا تھا۔

اور کمی جب اس گھونسلے میں سے قدم باہر رکھتی ہے تو سمیش کے لیے ایک خط لکھ کر' اس خالی گھونسلے میں رکھ آتی ہے' ''سمیش! تمہارا گھر تمہیں مبارک! دھرم کے' سماج کے' شہرت کے' عزت آبرو کے کتنے خوبصورت پھول ہیں' تمہارے پھولدان میں اور محل کی طرح سجا تمہارا گھر۔۔۔ لیکن میری محبت راستوں کی گرد کی طرح' تمہارے پاؤں پر پڑ گئی۔ آج تم اپنے خوبصورت گھر میں جاتے وقت ایک پائیدان سے اپنے پاؤں پونچھ لینا!''

یہ ناول میں نے 1960 کے اگست ماہ میں لکھ کر جب امروز کو سنایا تھا تو اس نے ناول کے مسودے کو چوم کر کہا تھا'' ہماری دونوں کی زندگی کے حالات کمی اور سمیش کے حالات ہیں' لیکن ہماری زندگی کا اختتام یہ نہیں ہوگا' جو کمی اور سمیش کی زندگی کا ہوا۔۔۔

لیکن خدا کا کرم اور خدم کا قہر کون جان سکتا ہے! ٹھیک تین ماہ کے بعد میں ٹھیک اسی مقام پر کھڑی تھی' جہاں تین ماہ پہلے کمی کھڑی تھی۔۔۔

اور ایک بھیانک حقیقت سامنے تھی کہ جو خط کمی نے سمیش کے نام لکھا تھا' وہ دراصل میں نے لکھا تھا' امروز کے نام' لیکن تین ماہ پہلے۔۔۔

خط وہی رہا تھا' لیکن اس پر دستخط بدل گئے تھے۔۔۔

دو چار پائیاں

کل رات کا سپنا کچھ دھندلا سا یاد میں ہے کہ امروز کے ہاتھوں میں ہون کی چیزیں پکڑی ہوئی ہیں۔۔۔ایک سرخ کپڑا اور چھوٹی موٹی کئی چیزیں۔اور امروز نے کہا۔۔۔باہر بیٹھک میں ایک نیا میز لگا کر یہ سب رکھ دیں! روزانہ ایک جگہ پر سب کچھ مل جائے گا۔اور جواب میں' میں نے کہا۔۔۔نہیں' بیٹھک میں نہیں۔وہاں کئی لوگ ملنے کے لیے آتے ہیں۔۔۔ان کی نگاہ میں نہیں رکھنا۔۔۔پھر معلوم نہیں وہ سب کچھ کہاں رکھا۔۔۔کچھ یاد نہیں۔۔۔۔

لیکن آج رات میں دیر تک لرگرین کی کتاب پڑھتی رہی تھی کہ ستاروں کا اور انسان کی تقدیر کا کیا رشتہ ہے۔۔۔کہ صبح ہونے والی تھی' جب میرے سامنے ایک سنت دکھائی دیئے۔میں نے ایک ایک کاغذ ان کے سامنے کیا اور کہا۔۔۔دیکھیں! یہ شنی اور شکر دونوں مل کر سورج کی پناہ میں بیٹھے ہوئے ہیں۔یہ کیا کریں گے؟

ساتھ ہی دیکھا کہ میری طرف دو چار پائیاں بچھی ہوئی ہیں۔جن پر شنی اور شکر بیٹھے ہوئے ہیں' سفید چادریں لپیٹ کر۔اس سنت نے سرسری سی نگاہ سے دیکھا اور کہا۔۔۔"ہاں' زندگی ان ہی کے اثر میں گزرے گی' لیکن میں نے تو یہ دیکھنا ہے کہ تم لوگ دل کو کتنا گہرا کر کے جیتے ہو' یا کتنا گھبرا کر جیتے ہو۔۔۔

محسوس ہوا۔۔۔میں نے یہ باتیں سنت کے ساتھ سپنوں میں کی ہیں۔اور میری اونگھتی سی حالت میں یہ احساس تھا۔۔۔کہ یہ سپنا تھا' تب بھی وہ سپنا جاری رہا' اور میں نے سنت کو کہا۔۔۔میں نے اسی طرح زندگی بسر کی ہے' اسی لیے میں نے نظم لکھی تھی کہ لوگ تو خدا سے مراد مانگنے کے لیے درخت کو چیتھڑا باندھتے آئے ہیں' اور پھر مراد پوری ہونے پر وہ چیتھڑا کھولتے آئے ہیں۔لیکن ایک دفعہ خدا نے ایک درخت کو چیتھڑا باندھا' اور مراد مانگی کہ میں کوئی ایسا انسان دیکھوں۔۔۔جو تمام دکھوں کو ہنس کر برداشت کر جائے! اور پھر میں نے خدا کو کہا۔۔۔دیکھ! تم نے مجھ میں وہ انسان دیکھ لیا ہے' تیری مراد پوری ہو گئی ہے' اب آ کر اس درخت سے اپنا چیتھڑا کھول لو' جو ایک مراد مانگتے وقت تم نے باندھا تھا۔۔۔

یہ سب کہہ رہی تھی کہ امروز۔۔۔صبح کی چائے لے کر آ گئے۔

اختتامیہ۔۔۔۔سُرخ دھاگے کا رشتہ

28 ستمبر 1988 والے دن ساہت اکیڈمی دہلی کی طرف سے "میٹ دا آتھر" سلسلے میں میں نے اپنی نظموں اور کہانیوں کے بارے میں کچھ کہنا تھا' کہا کہ جس طرح وقت کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے' کرائسٹ سے پہلے اور کرائسٹ کے بعد' میں ہر سوچ اور ہر تخلیق کو دو حصوں میں تقسیم کرتی ہوں۔۔۔۔ایک باطنی احساس سے پہلے اور ایک باطنی احساس کے بعد۔۔۔۔

اس دن کی تقریر میں' باطنی احساس کی بات کرتے میں نے اپنے سپنوں کے ذریعے باطنی احساس کی تھوڑی سی بات کی تھی' برائے نام' اشارتاً' لیکن وہ وقت اس کی تفصیل میں جانے کا نہیں تھا۔۔۔یہ کتاب' وہی تفصیل ہے۔تاریخ وار' جو سُرخ دھاگے کے رشتے کی گہرائی میں اترتی ہے۔۔۔

اس گہرائی میں سے نکلتے اس کی کتنی ڈائمینشنز ہیں' میں حیران سی میں نے' جتنی دیکھی ہیں' وہ کاغذ پر اتار دی ہیں۔لیکن وہ میرے کتنے جنموں کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑتی ہیں' یہ میری گرفت میں نہیں آتا۔۔۔۔

ایک کسی اور تقریر میں کہی ایک اور بات' میں یہاں بھی دہرانا چاہتی ہوں کہ فارسی کے ایک عالم ہمارے ایک شاعر نند لال گویا نے' کبھی بھیگی ہوئی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ہم چو موج از بہر دریا راتمود
موج گشتو گرد دریا راسجود۔۔۔۔

یعنی

میں بھرے بہتے دریا میں سے ایک لہر کی طرح اٹھا ہوں
ایک لہر بن کر اپنے دریا کو سجدہ کرنے کے لیے۔۔۔

نند لال جی بہت بڑے عالم تھے' مجھے اس طرح کا کوئی دعویٰ نہیں' لیکن اسی دریا کی ایک بوند ہونے کے ناطے' مجھے محسوس ہوتا ہے کہ شعوری اور لاشعوری دل کے ذریعے میں نے اپنے اس دھاگے کا رشتہ جتنا سا دیکھا ہے اور اس کی بات جتنی سی لکھی ہے' وہ اپنے دریا کو سجدہ کرنے کے لیے ہے۔۔۔۔

☆☆☆☆

زاہد حسن

حدیثِ درد

پیدائش: ۳۱ اگست ۱۹۱۹ء

وفات: ۳۱ اکتوبر ۲۰۰۵ء

رہائش: گوجرانوالہ، لاہور اور دہلی

تراجم: دنیا کی چونتیس زبانوں میں ہوئے۔

ساہت اکادمی ایوارڈ: ۱۹۵۶ء میں ملا

۱۹۶۶ء تا ۲۰۰۲ء تک رسالہ "ناگ منی" نکالتی رہیں۔

۱۹۶۹ء: پدم شری ایوارڈ ملا۔

۱۹۷۳ء: دہلی یونیورسٹی کی جانب سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری ملی۔

۱۹۷۹ء: واپت سارو ایوارڈ ملا۔

۱۹۸۳ء: (انڈیا کا سب سے بڑا غیر سرکاری ایوارڈ) بھارتی گیان پیٹھ ایوارڈ ملا۔

۱۹۸۳ء: جودھ پور یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری ملی۔

۱۹۸۳ء: وشنو بھارتی یونیورسٹی کی طرف سے ڈی لٹ کا اعزازی ڈگری ملی

۱۹۸۶ء: راج سبھا میں بطور ممبر سینٹ کے نامزدگی

۱۹۸۷ء: فرانس سرکار کی جانب سے اعزازی ڈگری

۱۹۸۹ء: ایس این ڈی ٹی بمبئی یونیورسٹی کی طرف سے اعزازی ڈگری

۱۹۹۰ء: پنجابی اکادمی دہلی کی جانب سے وارث شاہ ایوارڈ۔

دوسرے ممالک کی یاترا:

سویت روس، بلغاریہ، یوگوسلاویہ، چیکوسلاواکیہ، ہنگری، فرانس، انگلینڈ، اٹلی جرمنی، ماریشس اور ناروے۔

تصانیف:

ناول: ڈاکٹر دیو، پنجر، آہلنا، اشوکا، اک سوال، بلاوا، بند دروازہ، رنگ دا پتا، اک سی انیتا، چک نمبر ۳۶، دھرتی، ساگر تے سپیاں، دلی دیاں گلیاں، ایکتا تے اپریل، جلاوطن، یاتری، جیب کترے، اک دا بوٹا، پکی حویلی، اگ دی لکیر، کچی سڑک، کوئی نہیں جاندا، اوہناں دی کہانی، ایہہ سچ ہے، اک خالی جگہ، تیرھواں سورج، انجادن، کورے کاغذ، ہردت دا زندگی نامہ، نہ رادھا نہ رکمنی،

شعری مجموعے:

ٹھنڈیاں کرناں، امرت لہراں، جیوندا جیون، تریل دھوتے پھل، او گیتاں والیا، بدلاں دے پلے وچ، تجھ دی لالی، نکی جیہی سوغات لوک پیڑ، پتھر گیتے، لمیاں واٹاں، میں تواریخ ہاں ہندی، سرگھی ویلا، سنیہڑے، اشوکا چیتے، کستوری، ناگ منی، کاغذ تے کینوس۔

شعری مجموعوں کے انتخاب:

چھے اُتاں، کاغذ تے کینوس توں پہلاں، میں جمع توں، چیتر نامہ، ۴۱ کوتاواں،

کہانی پراگے:

چھتی ورھے بعد، کنجیاں، آخری خط، گوجر دیاں پریاں، چانن دا ہوکا، جنگلی بوٹی، اجنبی،

منتخب کہانی پراگے:

ہیرے دی کنی، لٹیاں دی چھوکری، پنج ورھے لمی سڑک، اک شہر دی موت، تیسری عورت، مٹی دی ذات،

رپورتاژ:

بھارت دے اسریئے، موم بتیاں دے بھیت، باریاں جھروکے، کرچی لکیراں، کالا گلاب، اگ

دیاں لیکاں، اکیہ پتیاں دا گلاب، سفرنامہ، عورت اک درشٹی کون، اک اداس کتاب، اپنے اپنے چار درھے، شوق صراحی، کیہڑی زندگی کیہڑا ساہت، کچے اکھر، اِک ہتھ مہندی، اک ہتھ چھالا، محبت اک درشٹی کون، میرے کال مکتا سمکائی، سورج دنشی، چندر دنشی، عاشق بھور فقیر تے ناگ کالے۔

آپ بیتی:

رسیدی ٹکٹ، لال دھاگے دا رشتہ، چونوین پتر ے، رچونویں اخبار دا اک پراگا، زندگی تے نظریہ۔

دستاویز، اَمرتا کی ڈائری ایڈیٹر: امروز)

اِس کے علاوہ اَمرتا پریتم نے دوسری زبانوں میں سے بہت سی کتابوں کا پنجابی میں ترجمہ کیا ہے۔ جو کتابی صورت میں چھپ چکی ہیں۔ یہ سب کچھ ملا کے اَمرتا کی کتابوں کی تعداد سوا سو کے قریب ہے۔

اَمرتا پریتم کی کچھ کتب کا ترجمہ اِن زبانوں میں ہو چکا ہے۔

ہندی، اُردو، انگریزی، گجراتی، مراٹھی، کنڑ، ملیالم، اڑیا، اسامی، بنگلہ، سندھی، روسی، بلغارین، پولیش، البانین، سرب، سپینش، اور فرنچ، کچھ نظموں اور کہانیوں کے تراجم اِن زبانوں میں ہو چکے ہیں:

تامل، تیلگو، کوکنی، ازبک، چیک، مقدونین ہنگیرین، رومانین، یوکرینین، عربی، ڈینش، چینی، جاپانی، ویت نامی، جرمن اور ناروئجین۔

☆☆☆☆

اک ملاقات

یوسف ندھریانہ

اک ملاقات

کئی ورھیاں دے پچھوں اچانک اک ملاقات
تے دوہاں دی جندا اک نظم وانگ لکھی۔۔۔۔۔

ساہویں کچی رات سی
پراوھی نظم اک کنھ وچ لگی رہی
تے ادھی نظم اک کنھ وچ لگی رہی۔۔۔۔

پھر سویر سار ـــــــــ
اسیں کاغذ دے پاٹے ہوئے ٹکڑیاں دی طرح ملے
میں اپنے ہتھ وچ اوہدا ہتھ پھڑیا
اوس اپنی باہ وچ میری باہ لتی

تے پھیر اسیں دوویں اک سفر دی طرح تتے
تے کاغذاں اک ٹھنڈے میز تے رکھ کے
اوس ساری نظم تے اک لیک پھیر دتی ـــــ

آصف فرخی

کتابِ عشق کا اگلا ورق

بعض فن کار شہرت کی ان منزلوں پر پہنچ جاتے ہیں کہ وہ جیتے جی زندگی کے حجم سے بھی بڑے نظر آنے لگتے ہیں کسی روایت کی طرح۔ کسی لیجنڈ کی طرح، امرتا پریتم اپنے پڑھنے والوں اور پسند کرنے والوں کو ایسی ہی شخصیت معلوم ہوتی ہیں، زندگی سے زیادہ زندگی سے لبریز۔

۷۴ء کے فسادات میں پنجاب کی دھرتی جب لہو نہا گئی تو امرتا پریتم کی گھائل آواز درد میں نکھر کر ابھری ''اج آکھاں وارث شاہ نوں.....'' اس نظم پر اعتراضات بھی بہت ہوئے اور اسے سینہ بہ سینہ دہرایا بھی گیا لیکن اس سے ایک بات بالکل واضح ہوگئی۔ امرتا پریتم نے وارث شاہ کو صدیوں بعد اس طرح پکارا تھا جیسے کوئی اپنے سنگی، ساتھی، مونس وغم خوار کو پکارتا ہے۔ اس لہجے میں پکارنا امرتا جی کا ہی حق ہے کہ آج وہ پنجابی ادب کا سب سے بڑا نام ہیں۔ ان کی نظمیں اور کہانیاں ہندی اور اردو میں بھی اتنی ہی معروف ہیں کہ ان کے پڑھنے والوں کا دائرہ، کسی ایک زبان کے دائرے سے وسیع تر ہے۔ ان کی کتابیں، بغیر اجازت اور ناقص ترجمے کے ساتھ اردو میں چھپتی ہیں اور ہاتھوں ہاتھ لی جاتی ہیں کہ پڑھنے والوں کو ان میں ترجمے کی غیریت محسوس نہیں ہوتی بلکہ اپنی ہی بات محسوس ہوتی ہے۔ یہ تخلیق کا اعجاز ہے کہ زمان و زبان کی حدود سے ماورا ہو جاتا ہے، اور ایک اردو ہی پر کیا موقوف ہے، امرتا پریتم جدید ہندوستان کے معروف ترین قلم کاروں میں سے ہیں۔ وہ پہلی خاتون ہیں جنھیں ہندوستان کا اعلیٰ ترین ادبی اعزاز، ساہتیہ اکیڈمی ادبی انعام دیا گیا۔ ہندوستان کے صدر مملکت انھیں پدم شری کا خطاب بھی دے چکے ہیں۔ ۲۸۹۱ء میں انھیں بھارتیہ جن پتھ انعام دیا گیا اور ۶۸۹۱ء میں انھیں پارلیمنٹ کے ایوان بالا کا رکن منتخب کرلیا گیا۔ ان کی نظمیں اور کہانیاں دنیا

کی ۴۳ زبانوں میں شائع ہو چکی ہیں۔

ورجینا وولف نے کہا تھا کہ بھلا کون اس دل شاعر کی گرمی اور تشدد کی پیمائش کر سکتا ہے کہ جسے گرفتار کر کے ایک عورت کے جسم میں مقید کر دیا گیا۔ امرتا پریتم کی شاعری اس گرمی اور تشدد کا زندہ افسانہ ہے۔ ان کے نقادوں نے ان کے بارے میں اسی طرح کی باتیں کی ہیں کہ وہ ابدی عورت کے دکھ کی تفسیر ہیں، کوئی کہتا ہے کہ وہ ایک معمہ ہیں، نہ سمجھنے کا نہ سمجھانے کا اور کچھ ایسے بھی ہیں جن کے نزدیک یہ سب شخصیت سازی کا پیدا کردہ اشتہاری ڈھکوسلا ہے۔ یہ سارے اعتراض اور مدح سرائی امرتا پریتم کی زندگی کے رنگ ہیں۔ اس زندگی کی کہانی انھوں نے بڑی جرأت اور نزاکت احساس کے ساتھ اپنی خودنوشت ''رسیدی ٹکٹ'' میں سنائی ہے۔ اس کتاب نے ادبی دنیا میں خاصا تہلکہ مچایا کہ اس میں امرتا جی نے بہت کھل کر دو مردوں سے اپنی رفاقت کو بیان کیا ہے، ایک ساحر لدھیانوی اور دوسرے امروز جنھوں نے امرتا جی کی ''ناگ منی'' کو رنگوں اور لکیروں سے سجا دیا ہے۔

امروز اور امرتا جی کا گھر صحیح معنوں میں نگار خانہ معلوم ہوتا ہے۔ دیواریں ہیں کہ اوراق مصور کہ منھ سے بول پڑنے کو تیار۔ کونا کونا رنگوں سے مزین۔ ایک دیوار پر امرتا شیر گل کی تصویر ٹنگی ہوئی ہے۔ کونے میں لیمپ جل رہا ہے جس پر کئی زبانوں میں شاعری درج ہے۔ دن ہو کہ رات یہ لیمپ ہر وقت جلتا رہتا ہے۔ یہ شاعری کی روشنی ہے جس کا اُجالا ہر وقت موجود رہتا ہے۔ امروز نے مجھے بتایا کہ اس لیمپ کے قریب دروازہ ہے جو دوسرے کمرے میں کھلتا ہے اور اس کمرے کی دیواروں پر دنیا کے بہترین مصنف امروز کی لکیروں کے روپ میں جی اٹھے ہیں۔ وارث شاہ، خلیل جبران، آئین رینڈ، شیو کمار بٹالوی، ان تصویروں میں تازہ ترین تصویر اردو کی جواں مرگ شاعرہ سارا شگفتہ کی ہے جو امرتا جی کی تازہ ترین کتاب کا موضوع بھی ہے۔ امرتا جی نے مجھے بتایا کہ یہ کتاب بہت پسند کی جا رہی ہے اور اس کی بہ دولت سارا شگفتہ کا نام دور دور تک سنا جانے لگا ہے۔

امرتا جی مدھم اور کومل سروں میں بولتی ہیں، جیسے شعر کہہ رہی ہوں۔ ان کی گفتگو جو یہاں من و عن درج کی جا رہی ہے اردو کے مخصوص لہجے سے پوری طرح ہم آہنگ محسوس ہوتی ہے۔ شاعری کے اس ہمہ وقت روشن لیمپ کے اُجالے میں ان کا عمر رسیدہ چہرہ دمکنے لگتا ہے۔ اس چہرے کے تاثرات بتاتے ہیں کہ یہ وہ اُجالا ہے جو زندگی کو گہرائی میں اور پوری شدت کے ساتھ جینے سے آتا ہے۔ وارث شاہ کو پکار کر کتابِ عشق کا

اگلا ورق کھولنے کی جو فرمائش انھوں نے کی تھی تو اس اگلے ورق کی تحریر ان کی اپنی شاعری کے علاوہ بھلا اور کیا ہو سکتی ہے۔

سوال۔ امرتا جی میں آپ سے اردو کے حوالے سے بات کرتا ہوں یعنی جس زبان میں میں نے آپ کو پڑھا ہے حالاں کہ یہ آپ کے اظہار کی زبان نہیں ہے لیکن آپ اس سے بہت دور بھی نہیں ہیں۔ کیا آپ کو اردو زبان اور ادب سے کسی رشتے یا تعلق کا احساس ہوتا ہے؟ خاص طور پر یوں بھی کہ اس زمانے میں اردو ادب نے جو راستے اختیار کیے ہیں اور ان راستوں پر جو موڑ آئے ہیں جیسے ترقی پسند تحریک، افسانے میں منٹو، کرشن اور بیدی کا دور تو ان سب چیزوں کو آپ نے قریب سے دیکھا ہے۔ دیکھنے کا عمل آپ کو کیسا لگا؟ اردو کے اس ادبی دھارے سے ہم سفری اور رفاقت کا احساس ہوا؟

امرتا پریتم ایک بار اردو کانفرنس ہوئی تھی بمبئی میں۔ وہاں مجھے بھی بولنے کے لیے کہا گیا تھا تو وہاں میں نے ایک ہنگری کی نظم پڑھی تھی ایک ہنگیرین شاعر ہوئے ہیں وہار بیلا۔ انھوں نے اپنی زندگی کے تجربوں پر وہ نظم لکھی تھی'' سپاہی کی واپسی'' جنگ کے دن ہیں اور ایک سپاہی ایسے محاذ پر ہے جہاں وہ اکیلا ہے اور ویرانی ہے۔ دور تک جنگل ہی جنگل ہے، کوئی انسان نہیں، کوئی گاؤں نہیں تو وہاں اسے پتا چلتا ہے جنگ کے ختم ہونے کا۔ وہاں سے اس نے واپس آنا ہے اکیلے، راستہ بہت مشکل ہے، تو اس وقت وہ دنیا کی جتنی خوب صورت چیزیں ہیں، جتنی حسین چیزیں ہیں، جتنے شاہ کار ہیں، وہ اپنے ذہن میں تصور کرتا ہے اور ایک ایک کے نام پر دس دس قدم چلتا ہے یعنی اپنے گھر کے آنگن میں سیب کے پیڑ کے نام پر جس پر پھول ابھی آئے نہیں، ان بچوں کے نام پر جو اس کی بیوی کی کوکھ میں سو رہے ہیں، ان کتابوں کے نام پر جو ابھی اس نے پڑھی نہیں۔ ان کھلونوں کے نام پر جو ابھی اس کے بچوں نے کھیلے نہیں اور اس طرح مائیکل اینجلو کے نام پر، اس کے شاہ کاروں کے نام پر، ویلس کی حسین گلیوں کے نام پر چلتے چلتے وہ اتنی چیزیں گنتا ہے۔ دنیا کے اتنے شاہ کار ہیں وہ نظم دہراتے ہوئے میں نے کہا تھا کہ ان میں، میں ایک لائن کا اضافہ کرنا چاہتی ہوں کہ میں دس قدم اردو زبان کے نام پر چلنا چاہتی ہوں۔ میں سوچتی ہوں کہ اردو زبان میں ایک ایسی نفاست ہے، بات کو کہنے کا انداز ہے اور جسے کہتے ہیں richness of the soul وہ بھی ہے اور انداز بیاں بھی ہے۔ یہ دونوں چیزیں اکٹھی ہیں کیوں کہ چیزیں تو دو ہی ہوتی ہیں your mind اور the way to say things یعنی کرافٹ تو وہ دونوں چیزیں اردو زبان میں موجود ہیں اور اس کی ایک خاص لذت ہے۔ باقی یہ

ضرور ہے کہ اردو زبان بادشاہوں کے پاس پلی، اس لیے اس میں کچھ تکلف بھی ہے اور ایک تہذیب جو باہر سے لی جاتی ہے وہ بھی ہے لیکن یہ سب ہوتے ہوئے بھی اردو زبان کے پاس جو لہجہ ہے بات کہنے کا وہ بہت خوب صورت ہے۔

سوال: آپ کے جن ہم عصر اردو ادیبوں کے ابھی نام لیے تھے، کرشن، منٹو، بیدی، ان کا ادب اب آپ کو کیسا لگتا ہے، پہلے فکشن کی بات کریں۔ ان لوگوں کا فکشن اب آپ پڑھتی ہیں تو آپ کو کیا محسوس ہوتا ہے؟

امرتا پریتم: فکشن کے لوگ اپنے اپنے وقت پر بہت اچھے تھے جس وقت کرشن چندر تھے، بیدی تھے وہ اپنے وقت کی آواز تھے لیکن آج بات اور ہے۔ وقت کے ساتھ ضرورت بدلتی ہے، انداز بدلتے ہیں بات کہنے کے، لیکن آج میں نے دیکھا ہے کہ مظہر الاسلام کے افسانوں اور منشا یاد کے افسانوں میں جو بات آئی ہے وہ اس سے پہلے اردو زبان میں نہیں تھی۔

سوال: وہ کیا بات ہے؟

امرتا پریتم: وہ بات یہ ہے کہ اردو زبان کی جو روایت چلی آ رہی ہے اس سے ہٹ کر ایک شدت ہے اور ساتھ ہی بات کہنے کا انداز بدلا ہے، سمبلز بدلے ہیں اور symbolically گہرائی میں جا سکنے کا وقت لیا ہے۔ مظہر الاسلام کے افسانوں پر میں نے ایک نمبر شائع کیا تھا اپنے میگزین کا۔ اس میں ان کی پانچ چھ کہانیاں اکٹھی تھیں۔ اسی طرح منشا یاد پر کیا تھا بلکہ مظہر الاسلام نے ایک نظم لکھی، نئے سال کی "دعا" پہلی دعا اور آخری دعا دونوں اس میں تھیں۔ اس میں کچھ شعر انھوں نے ..... اس کا ایک ٹکڑا ہے کہ ہماری نظموں اور کہانیوں میں اے خدا سچائی اور محبت اُتار۔ تو اس نظم کو بھی میں نے بہت جگہ quote کیا ہے اپنی تقریروں میں کیا ہے۔ ایک جگہ انھوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ میلان کندیرا اور گارسیا اور امرتا پریتم کی تحریروں میں اثر برقرار رکھ اور انھیں سچائیاں لکھنے کا حوصلہ دے۔ ابھی پچھلے دنوں میں نے ایک پیپر پڑھا تھا اپنی نظموں پر یہاں انڈیا انٹرنیشنل فیسٹیول میں یہی نومبر کے آخر میں تو اپنا پیپر پڑھنے کے بعد میں نے مظہر الاسلام کی نظم کا وہ حصہ پڑھا اور کہا کہ خدا ان کی دعا قبول کرے اور مجھے نئی سچائیاں لکھنے کا حوصلہ دے۔

سوال: امرتا جی آپ کی لکھی ہوئی سچائیوں سے ہم اپنی اپنی زندگیوں کے سچ کو تلاش کرتے ہیں، آپ کو یہ تو معلوم ہی ہوگا کہ آپ کے لکھے ہوئے سچ کو ہمارے یہاں بھی بہت شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ آپ کی کتابیں پاکستان میں بھی بہت مقبول ہیں اتنی کہ ان کے جعلی ایڈیشن چھاپے جاتے ہیں بغیر اجازت اور خراب ترجمے

کے ساتھ۔

امرتا پریتم: دیکھیے دو باتیں ہیں، لوگ اتنا پیار کرتے ہیں تو اس کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں ان کا شکریہ ادا کر سکوں۔ وہ میرے نام سے کچھ بھی چھپے پڑھنا چاہتے ہیں لیکن تکلیف ایک بات کی ہوتی ہے کہ جو چھاپتے ہیں کیا وہ یہ سلیقہ بھی نہیں رکھ پاتے کہ ایک formal سی اجازت مجھ سے لے لیں اور جب کتاب چھپے تو اس کی ایک کاپی مجھے بھیج دیں اور سب سے بڑی بات اس کا ترجمہ خراب نہ کریں۔ اگر ترجمہ خراب ہو تو ادیب کا پورا امیج خراب ہوتا ہے۔ تو مجھے یہ تکلیف ہوتی ہے کہ جو پاٹھکوں کے پاس امیج پہنچے گا وہ صحیح نہیں ہوگا۔ میں انھیں خود ترجمہ کروا دوں، اجازت بھی دے دوں، پیسے کی بات نہیں ہے، جس پیار سے وہ چھاپتے ہیں لیکن اگر وہ اتنا رکھ پائیں کم از کم میری تسلی ہو، مجھے تکلیف تو نہ دینا چاہیں غلط ترجمے سے۔ جس ادیب کو چھاپتے ہیں اس کی طرف ان کا کیا حق بنتا ہے، اس کو تو ذرا سامنے رکھیں۔

سوال: امرتا جی آپ نے نظمیں بھی لکھی ہیں اور ناول بھی لکھے ہیں۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ آپ کی شاعری میں جو گہری ہے وہ ناولوں میں کچھ کم ہے، وہ آگ کچھ دبی دبی سی ہے یا یہ کہ ناولوں میں جذباتیت زیادہ ہے، کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ آپ کا جو اصلی کام ہے وہ آپ کی شاعری ہے اور ناولوں کی حیثیت ثانوی یا ضمنی ہے۔

امرتا پریتم: میں ایسا نہیں سوچتی، میں سوچتی ہوں کہ کئی بار بڑی کینوس کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو بات نظم میں نہیں کہہ پاتے کئی بار ایسا لگا نظم لکھنے لگی اور وہ افسانہ لکھا گیا یا افسانہ لکھنے لگی تو نظم لکھ گئی تو پھر میں سوچتی ہوں کہ ایک وقت آتا ہے یہ جو میڈیا ہے media of expression اور forms of expression ان کا فرق مٹ جاتا ہے۔ بات وہی ہوتی ہے، چاہے افسانے کی صورت میں کہی جائے یا نظم کی صورت میں کہی جائے۔ یہ ٹھیک ہے کہ نظم میں شدت اس لیے زیادہ لگتی ہے کہ وہ بڑے کینوس پر نہیں ہوتی۔ اس میں اتنا گاڑھا پن ہوتا ہے، ایک نکتے پر سب کچھ سمٹ آتا ہے۔ اور افسانے میں اس کے perspectives بڑے ہو جاتے ہیں بلکہ اب تو نظمیں چھپنے لگی ہیں کئی زبانوں میں حالاں کہ نظم ترجمہ نہیں ہو پاتی اچھی طرح لیکن جس نے مجھے جانا، افسانوں سے جانا، نثر سے جانا، نظم سے نہیں۔

سوال: آپ نے ذکر کیا تھا اس دعا کا کہ امرتا پریتم نئی سچائیاں لکھنے کا حوصلہ رکھیں۔ آپ کی جس کتاب کے سچ نے لوگوں کو سب سے زیادہ حیران کیا وہ آپ کی آپ بیتی ''رسیدی ٹکٹ'' ہے۔ اپنے بارے میں اتنا

گہرا اور کڑوا سچ لکھتے ہوئے کیسا لگا؟ کیا یہ عمل تکلیف دہ ہوتا ہے؟

امرتا پریتم: نہیں تکلیف نہیں ہوئی۔ میرے لیے وہ اتنا ہی سہل تھا۔ میں جو جیتی ہوں کہہ پاتی ہوں، جو کہتی ہوں وہ جیتی ہوں۔ اس میں فرق نہیں۔ اگر جینے کا آپ معیار اور رکھیں، کہنے کا اور رکھیں تو پھر تکلیف ہوتی ہے۔ میرے لیے ایک ہی بات ہے۔

سوال: آپ بیتی لکھنے سے بہت سے ادیب اس لیے گھبراتے ہیں کہ اپنے سچ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا پڑتا ہے اور صرف دیکھنا ہی نہیں سب کو دکھانا بھی تو اپنی تمام نقابوں، گرہوں کو کھول کر برہنہ ہونا، اپنا آپ سب کے سامنے expose کرنا، اپنی آتما کی گہری اور نازک لرزشوں کو ساری دنیا کے سامنے بیان کرنا.....

امرتا پریتم: جی ہاں، بالکل، یہ خیال آیا اور اسی میں، میں نے ایک واقعہ درج کیا ہے کہ میرا بچہ بہت چھوٹا تھا تو جس گھر میں ہم رہتے تھے وہاں تک بجلی نہیں پہنچتی تھی اس لیے ریڈیو نہیں تھا۔ جو ہمسائے تھے ان کے پاس بیٹری کا ریڈیو تھا تو جب میں شام کو جاتی تھی آل انڈیا ریڈیو میں اپنا پروگرام کرنے کے لیے، اناؤنس کرتی تھی پروگرام اور پیش کرتی تھی پروگرام تو اس وقت میرا چھوٹا سا بچہ ہمسایوں کے گھر میں جا کر سنتا تھا کہ میری مما کی آواز ہے تو ایک دن اس کے بچے سے اس کی لڑائی ہوگئی اب وہ جا نہیں سکتا۔ میں جب واپس آئی تو مجھ سے کہنے لگا کہ ممی وعدہ کرو، میری ایک بات مانو گی، میں نے کہا بیٹے بتاؤ، میں مانوں گی۔ کہنے لگا، نہیں پہلے وعدہ کرو۔ وعدہ کیا تو اس نے کہا آپ سب کے ریڈیو پر بول لیجیے، بھولو کے ریڈیو پر مت بولیے (ہنسی) لیکن مشکل یہ ہے کہ جب ادیب لکھتا ہے تو..... مجھے تو ساری زندگی کتنے ہی بھولو ہیں جن کے ریڈیو پر بولنا پڑا۔ یہی اس کا دوسرا پہلو ہے۔ تکلیف ہوتی ہے جب اسے سمجھ نہیں پاتے، اس کی پاکیزگی تک پہنچ نہیں پاتے، تو بہت سی ہلکی باتیں کرتے ہیں تو من کو تکلیف ہوتی ہے تو جی چاہتا ہے کہ صرف ان سے communication ہو جو اس بات کو سمجھ پائیں جن میں ایک wave length ہو لیکن جب کتاب ہوتی ہے تو wave length کی بات نہیں رہتی۔ وہ سب کے ہاتھ میں آتی ہے۔ اب ریڈیو پر تو کسی کا سوئچ آف یا سوئچ آن نہیں کیا جا سکتا۔

سوال: اس کتاب کے جس حصے پر لوگ سب سے زیادہ چونکے وہ حصہ ہے جہاں آپ نے ساحر کا ذکر کیا ہے۔ اب ذاتی زندگی کی بات تو خیر الگ ہے لیکن جہاں تک ساحر کی شاعرانہ حیثیت کا تعلق ہے تو ساحر کی

شہرت میں بڑا زوال آیا ہے۔ ایک وقت تھا کہ لوگ ان کے کلام پر جھومتے تھے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں خاصی کمی آ گئی ہے۔ اس میں اب وہ بات نظر نہیں آتی جو اس وقت لوگوں کو نظر آتی تھی جو بات آپ کی شاعری میں اب بھی زندہ و تابندہ ہے تو ساحر کی اس شاعرانہ حیثیت کے زوال کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ کو یہ شاعری اب کیسی محسوس ہوتی ہے؟

امرتا پریتم: اس کے بارے میں میں کیا کہہ سکتی ہوں، جتنی ان کے پاس تھی، جو کچھ وہ کہنا چاہتے تھے، انھوں نے کہہ دیا۔ جتنا بل تھا ان میں وہ دکھا دیا۔ مجھے یاد آتا ہے، ایک بار کہنے لگے کہ لوگ کہتے ہیں کہ بھئی میری شاعری صرف teen agers کے لیے ہے، چلو کوئی بات نہیں teen agers پھر پیدا نہیں ہوں گے۔ وہ تو ہوتے رہیں گے اور جب بھی ہوتے رہیں گے شاعری ان کی پسند کریں گے۔ وہ اصل میں فلموں میں جانے سے ان کا جو emotional side تھا وہ تو بہت آ پایا اور آج کی جسے جدید شاعری کہتے ہیں اس پر کچھ اور کہہ سکتے تھے۔ ان کے پاس طاقت تھی کہنے کے لیے لیکن شاید زندگی نے وقت نہیں دیا شاید ان کی توجہ شاعری کی طرف نہیں گئی جتنی فلم کی طرف ہوئی۔

سوال: امرتا جی اگر آپ بہت ذاتی سوال نہ سمجھیں تو یہ بتائیے کہ اب آپ پیچھے مڑ کر دیکھتی ہیں تو آپ کو ساحر کیسے لگتے ہیں؟

امرتا پریتم: ساحر مجھے ایک بہت اچھے انسان لگتے ہیں، emotional، جذباتی اور خاموش۔ ایک ان میں خاص طرح کا سلیقہ تھا خاموشی کا، جو خاموشی کی آواز تھی وہ آج کے لوگوں میں نہیں ملتی یہ ان کی بڑی بات تھی۔ لیکن یہ ضرور لگتا ہے کہ اگر مجھے زندگی پھر سے جینے کو ملے پھر سے کوئی سامنے چناؤ ہو تو زندگی امروز کے ساتھ گزاروں گی بہت کچھ میں نے امروز سے پایا ہے۔

سوال: امرتا جی ایسا بھی تو ہوتا ہے کہ عمر کے مختلف مرحلوں میں آدمی کی جذباتی سطحیں بدلتی رہتی ہیں اور ان کے حوالے سے اس کے responses.....

امرتا پریتم: جی ہاں بالکل بدلتی رہتی ہیں اور اس میں جس طرح گہرائی آتی ہے اس طرح سے اس کی تلاش بدلتی ہے۔

سوال: آپ کی تلاش کس طرح سے بدلی ہے؟ جس وقت آپ نے لکھنا شروع کیا تھا ۰۳ء کی دہائی میں، اس سے لے کر جو ایک لمبا سفر آپ نے طے کیا، اس میں آپ کی تلاش کی دشائیں کیا رہی ہیں؟

امرتا پریتم: اصل میں یوں سمجھیے کہ ساحر کو اتنی شدت سے سوچ پانا میرے اپنے خیالوں کا جادو تھا اور ایسے جادو انسان کئی بار بنتا ہے، پھر اس میں خود ہی لپٹ جاتا ہے کچھ اس طرح تھا کیوں کہ سب کلپنا میں تھا، تصور میں تھا، تخیل میں تھا۔ زندگی کی حقیقت میں تو نہیں تھا۔ زندگی کی حقیقت میں بھی وہ قائم رہ پائے یہ تو میں دیکھ نہیں پائی وہاں لیکن امروز کے ساتھ دیکھا کہ شدت زندگی کی حقیقت کس طرح بنتی ہے۔

سوال: بعض زندگیوں میں شدت کچھ زیادہ ہوتی ہے۔ یہ شدت سارا شگفتہ کی زندگی میں بھی تھی، آپ نے اس شاعرہ کا ذکر کیا اور اس حوالے سے بھی اسے شہرت ملی اردو کے بہت سے نقاد اسے اچھی شاعرہ نہیں سمجھتے تھے اور حیران ہوتے تھے کہ آپ نے اس کا اتنا ذکر کیوں کیا، اس کی شاعری کو quote کیوں کیا؟

امرتا پریتم: میں تو اب بھی quote کرتی ہوں۔

سوال: آپ کو سارا شگفتہ کی شاعری مختلف کس وجہ سے محسوس ہوتی ہے؟

امرتا پریتم: میرا خیال ہے کہ سارا شگفتہ جو کہہ پائی ہے اپنی شاعری میں وہ بڑے بڑے شاعر نہیں کہہ پائے۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے دلی میں کلچرل فیسٹیول ہوا تھا۔ ایک مہینے چلتا رہا۔ وہاں ایک دن مشاعرہ تھا۔ آپ تو جانتے ہیں آپ کے حالات کیسے ہیں، ہمارے حالات کیسے ہیں، مذہب کے نام پر کتنا جور ظلم ہو رہا ہے تو وہاں میں نے سارا کی ایک لائن سے اپنی نظم شروع کی تھی اس کا نام لے کر، اس کی شاعری کو سامنے رکھتے ہوئے کہ اگر میں مسجد میں دعا مانگتی ہوں تو مندر روٹھ جاتے ہیں، تو میں سوچتی ہوں کہ اس وقت جو حال تھا وہ اس قدر پگھل گیا تھا۔ ایک تو ہم اس دور سے گزر رہے ہیں اور کوئی شاعر اس طرح کہہ پایا ہے جیسے سارا نے کہا ہے کہ 'کیا عورت کا بدن سے زیادہ وطن نہیں ہے' اس کے پیچھے ہماری کتنی صدیاں کھڑی ہیں اس ایک لائن کے پیچھے یا جس طرح وہ کہتی ہے 'خدایا میں بہت کڑوی ہوں لیکن تیری شراب ہوں، کون کہہ پایا ہے یہ؟

سوال: شاعری کے ساتھ ساتھ آپ نے سارا شگفتہ کی زندگی کو بھی بہت قریب سے دیکھا کیوں کہ وہ آپ کو ایک طرح سے اپنی گرو مانتی تھی تو زندگی کرنے کا جو اس کا انداز تھا وہ آپ کو کیسا لگتا تھا؟

امرتا پریتم: مجھے لگا کہ وقت اسے سنبھال نہیں پایا۔ پہلے بھی لگا اور واقعہ ایسا ہوا کہ وقت اسے نہ سمجھ پایا نہ سنبھال پایا۔ میں نے تو ابھی پوری کتاب لکھی ہے سارا کی زندگی پر اور شاعری پر اس کا نام ہے "ایک تھی سارا" اس کے بہت سے حصے اخباروں میں بھی آئے، ہندی میں بھی آئے، انگریزی میں بھی آئے، تو چاہتی ہوں کہ وہ کتاب آپ کے سامنے بھی آئے اور دوسرے لوگوں کے سامنے۔ دوسرے ملکوں میں انگریزی کے

میڈیم سے بھی آئے۔ اس کا ایک حصہ جہاں سے میں نے کتاب شروع کی ہے، آپ کہیں تو کتاب میں سے پڑھ کر آپ کے سامنے رکھ دوں؟

سوال: جی ہاں ضرور۔

امرتا پریتم: (پڑھتے ہوئے) میں نے آسمان سے ایک تارا ٹوٹتے ہوئے دیکھا۔ بہت تیزی سے آسمان کے ذہن میں ایک جلتی ہوئی لکیر کھینچتا ہوا۔ لوگ کہتے ہیں تو سچ ہی کہتے ہوں گے کہ انھوں نے کئی بار ٹوٹے ہوئے تاروں کی گرم راکھ زمین پر گرتے ہوئے دیکھی ہے۔ میں نے بھی اس تارے کی گرم راکھ اپنے دل کے آنگن میں برستے ہوئے دیکھی ہے۔ جس طرح اور تاروں کے نام ہوتے ہیں، اسی طرح جو تارا میں نے ٹوٹتے ہوئے دیکھا اس کا بھی ایک نام تھا: سارا شگفتہ۔ اس تارے کے ٹوٹنے سے آسمان کے ذہن میں جو ایک لمبی اور جلتی ہوئی لکیر کھنچ گئی تھی وہ لکیر سارا شگفتہ کی نظم تھی۔ نظم زمین پر گری تو خدا جانے اس کے کتنے ٹکڑے ہوا میں کھو گئے لیکن جو راکھ میں نے ہاتھ سے چھو کر دیکھی اس میں کتنے ہی جلتے ہوئے اکشر تھے جو میں نے اٹھا اٹھا کر کاغذوں پر رکھ لئے۔ نہیں جانتی کہ خدا نے ان کاغذوں کو ایسا شراپ کیوں دیا ہے کہ آپ ان پر کتنے ہی جلتے ہوئے اکشر رکھ دیں وہ کاغذ نہیں جلتے، جن لوگوں کے پاس احساس ہے جلتے ہوئے اکشروں کو پڑھتے ہوئے ان کے احساس سلگنے لگتے ہیں پر کوئی کاغذ نہیں جلتا۔ شاید یہ شراپ نہیں ہے۔ ہے بھی تو اسے شراپ نہیں کہنا چاہیے۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو خدا جانے کتنی ہی دنیا کی کتابیں اپنے اکشروں کی آگ سے جل گئی ہوتیں۔

سوال: تو آپ یہ کہہ رہی ہیں کہ سارا کے اکشروں میں بھی ایسی آگ تھی اور اسی آگ نے اسے جلا ڈالا۔

امرتا پریتم: اسے تو اکشروں کی آگ نے نہیں جلایا۔ اسے تو وقت نے جو اسے پہچان نہیں پایا، اس نے جلایا۔ اب اسی کے جو الگ الگ chapters ہیں، ان کے نام ہیں: مینا بازار، جھانجھر کی موت، چنگاریوں کا مقدر، انسانی کتاب کی آرزو، گجرے کے تین پھول، ایک اور اینٹ، خدا کی گلی، ننگا سورج، ایک چیخ کا اتہاس، ضمیر کا زہر، چوڑیوں کا قہقہہ، زخموں کی گواہی، حوا کا خط آدم کے نام، جلتی بجھتی عورت، ان میں یہ ساری باتیں تفصیل سے آئی ہیں۔

سوال: ابھی آپ نے بتایا کہ آپ نے سارا کی کوئی لائن ایک جلسے میں پڑھی جہاں کچھ سیاست اور مذہب کا بھی ذکر تھا تو یہ جو آپ کے دیس میں آج کل violence ہو رہی ہے، اس کے بارے میں آپ کیا محسوس

کرتی ہیں؟ کیا آج پنجاب کے لیے ایک بار پھر وارث شاہ کو پکارنے کی ضرورت ہے جیسے آپ نے ۷۴ء میں پکارا تھا؟

امرتا پریتم: اصل میں آج کا وارث شاہ تو انسان کی وہ evolution ہے، جو نہیں ہو پائی۔ ابھی دسمبر میں.....

سوال: میں سمجھا نہیں، اس بات کی وضاحت کریں گی آپ؟

امرتا پریتم: یہی کہ انسان کی evolution نہیں ہو پائی۔ انسان چھوٹا ہے اور جو منفی طاقتیں ہیں وہ بڑی ہیں۔ ابھی یونیسکو کی کانفرنس تھی دسمبر میں پیرس میں، وہاں میں نے ایک پیپر پڑھنا تھا دنیا میں امن کے لیے، تو یہ بھی اسی کا حصہ ہے۔ تو وہاں بھی ایک نکتہ اٹھایا جس پر وہ پیپر base کیا، وہ تھا کہ ہم جب تک سائنس اور spirituality کو اکٹھا نہیں کر پاتے تب تک یہ ہنگامے چلتے رہیں گے، جنگ کا خطرہ بھی رہے گا کیوں کہ جنگ کا خطرہ جن باتوں سے شروع ہوتا ہے وہ ہماری روزمرہ زندگی میں ہیں۔ ایک دوسرے سے نفرت ہے، حسد ہے، انتقام ہے۔ آج یہاں دلی میں ایک کانفرنس شروع ہوئی ہے اندرا گاندھی میموریل ٹرسٹ کی اور سے تو وہاں مجھے ایک بات بہت خوب صورت لگی، راجیو گاندھی نے کہی کہ میں گاؤں میں جاتا ہوں اور دیکھتا ہوں اور کبھی کبھی حیران ہوتا ہوں کہ یہ جو تہذیب ہے کیا ان لوگوں کے پاس ہم سے زیادہ ہے جنھوں نے بالکل کچھ علم حاصل نہیں کیا اور آج تہذیب کے نام پر ہمارے پاس جو کچھ ہے اس میں کتنی منفی طاقتیں شامل ہوئی ہیں؟ ہاں ایک بات جس کا میں ذکر کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ مذہب کے نام پر ہم پوری دنیا کے انسان سے محبت نہیں کرتے اس کے ایک ٹکڑے کو محبت کرتے ہیں۔ ایک فرقے کو محبت کرتے ہیں ایک حصے کو محبت کرتے ہیں باقی حصہ جو چھوٹ جاتا ہے اس سے رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کے بعد امن کیسے ہوگا۔ جب تک ہم پورے انسان کو الگ الگ نقطۂ نظر رکھتے ہوئے بھی، الگ الگ رسم و رواج رکھتے ہوئے بھی، الگ الگ جو باہر کی formalities ہیں وہ رکھتے ہوئے بھی اعتبار نہیں کریں گے کام کیسے چلے گا، تو ہم جو بٹ گئے ہیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں اس کا مطلب ہے کہ جو انسانیت ہے اس کے ایک ٹکڑے کو انسان سمجھ رہے ہیں، الگ الگ ٹکڑوں میں اگر انسانیت کو بانٹ دیں گے تو اس کی بات کیسے کریں گے؟

سوال: اس ٹکڑوں میں بٹی ہوئی انسانیت کو جسے راج نیتی نے الگ الگ ٹکڑوں میں بانٹ دیا ہے جوڑنے کا کام تو کویتا ہی کر سکتی ہے، کویتا اور ساہتیہ۔

